(جلد دوم)

توضیح مسائل المومنین

بزبان

چہاردہ معصومینؑ

(تقریباً تین ہزار احادیث صحیحہ کا مجموعہ)

(بمطابق ترتیب عناوین توضیح المسائل آیت اللہ سیستانی)

تالیف:

آصف علی رضا (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)

مکتبۃ احیاء الاحادیث الامامیۃ لاہور

(پاکستان)

+92 (0) 301 7691868

نام کتاب : توضیح مسائل المومنین بزبان چہاردہ معصومینؑ
تالیف : آصف علی رضا (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)
پروف ریڈنگ : عابس عباس خان (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)
کمپوزنگ : محمد طارق اسماعیل
تزئین : عرفان اشرف (03214700355)
اشاعت : اگست 2023
ہدیہ :
ناشر: مکتبۃ احیاء الاحادیث الامامیۃ لاہور۔ پاکستان
+92 (0) 301 7691868

مکتبۃ احیاء الاحادیث الامامیۃ لاہور
(پاکستان)
www.shia.im
+92 (0) 301 7691868

اسٹاکسٹ
تراب پبلیکیشنز دُکان نمبر 4 فسٹ فلور الحمد مارکیٹ غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور۔
فون: 0323-8512972
القائم بکڈپو: دُوکان نمبر 4 اندرون کربلا گامے شاہ لاہور۔
فون: 0336 4761012

مستحقینِ زکوٰۃ کی شرائط

{1568} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ سَعْدٍ الْأَشْعَرِيِّ عَنِ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الزَّكَاةِ هَلْ تُوضَعُ فِيمَنْ لاَ يَعْرِفُ قَالَ لاَ وَ لاَ زَكَاةُ الْفِطْرَةِ.

اسماعیل بن سعد الاشعری سے روایت ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام سے زکوٰۃ کے متعلق سوال کیا کہ کیا یہ غیر عارف کو دی جاسکتی ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں اور نہ ہی زکوٰۃ فطرہ دی جاسکتی ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1569} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ هَاشِمٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عِيسَى عَنْ حَرِيزٍ عَنْ زُرَارَةَ وَ ابْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ وَ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ أَنَّهُمَا قَالاَ: اَلزَّكَاةُ لِأَهْلِ الْوَلاَيَةِ قَدْ بَيَّنَ اللَّهُ لَكُمْ مَوْضِعَهَا فِي كِتَابِهِ.

امام محمد باقر علیہ السلام اور امام جعفر صادق علیہ السلام (دونوں) نے فرمایا کہ زکوٰۃ صرف اہل ولایت کے لئے ہے۔ اللہ نے تمہارے لئے اپنی کتاب میں اس کا محل و مقام واضح کر دیا ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن موثق ہے۔ [4]

{1570} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُبْدُوسٍ النَّيْسَابُورِيِّ الْعَطَّارِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ بِنَيْسَابُورَ فِي شَعْبَانَ سَنَةَ اثْنَتَيْنِ وَ خَمْسِينَ وَ ثَلاَثِمِائَةٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ

---

[1] الکافی: ۳/۵۴۷ ح۶؛ تہذیب الاحکام: ۴/۵۲ ح۱۳۷؛ الوافی: ۱۰/۱۸۷؛ عوالی اللئالی: ۳/۱۲۲؛ وسائل الشیعہ: ۹/۲۲۱ ح۱۱۸۸۰؛ الفصول المہمہ: ۲/۱۳۷؛ المقنعہ: ۲۴۲؛ مسند الامام الرضاؑ: ۲/۲۱۰؛ موسوعہ الشہید الاول: ۱/۱۸۳؛ المعتبر: ۲/۵۸۰

[2] مراۃ العقول: ۱۶/۸۳؛ الزکاۃ فی الشریعہ: ۲/۲۰۸؛ مصابیح الظلام: ۱۰/۴۳؛ مدارک الاحکام: ۵/۲۳۸؛ کتاب الزکاۃ منتظری: ۳/۶۷؛ مصباح الفقیہ: ۱۳/۵۹۶؛ مستمسک العروۃ: ۹/۲۷۵؛ الخمس فی الشریعہ: ۳۹۴؛ شرح العروۃ: ۲۴/۱۳۴؛ المرتقی الی الفقہ کتاب الزکاۃ: ۳/۳۳۰؛ فقہ الصادقؑ: ۷/۲۶۱؛ الفتاوی الفقہیہ: ۲/۳۳۳؛ ملاذ الاخیار: ۶/۱۳۱

[3] تہذیب الاحکام: ۴/۵۲ ح۱۳۵؛ عوالی اللئالی: ۳/۱۲۲؛ وسائل الشیعہ: ۹/۲۲۴ ح۱۱۸۸۸؛ الوافی: ۱۰/۱۸۹

[4] جواہر الکلام فی ثوبہ: ۸/۲۹۹؛ شرح العروۃ: ۲۴/۶۳؛ جواہر الکلام: ۱۵/۳۷۸؛ ملاذ الاخیار: ۶/۱۳۰

قُتَيْبَةَ النَّيْسَابُورِيِّ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ شَاذَانَ عَنِ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ فِي كِتَابِهِ إِلَى الْمَأْمُونِ قَالَ: لاَ يَجُوزُ أَنْ يُعْطَى الزَّكَاةَ غَيْرَ أَهْلِ الْوَلاَيَةِ الْمَعْرُوفِينَ.

❁ فضل بن شاذان سے روایت ہے کہ امام علی رضا علیہ السلام مامون کو خط لکھا (جس میں یہ بھی لکھا) کہ سوائے ان لوگوں کے جو معروف اہل ولایت ہیں کسی اور شخص کو زکوٰۃ دینا جائز نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [2] یا حسن کالصحیح ہے [3] یا یہ کہ اگر اسے اصطلاح میں صحیح نہ بھی کہا جائے تب بھی یہ صحیح سے کم نہیں ہے [4] یا یہ کہ یہ حدیث معتبر ہے۔ [5]

قول مؤلف:

یہ ایک طویل خط ہے جس میں سے ہم نے حسب ضرورت نقل کیا ہے اور جن کتب سے ہم نے اس کی توثیق پیش کی ہے وہاں ضروری نہیں ہے کہ یہی فقرے نقل ہوں بلکہ اکثر اس خط کے دیگر جملے نقل ہیں لیکن حدیث کی توثیق موجود ہے نیز یہ کہ اس حدیث کو خود شیخ صدوق نے صحیح کہا ہے مزید یہ کہ یہی حکم بفرق الفاظ حدیث شرائع الدین میں بھی وارد ہوا ہے [6] اور فقہ الرضا علیہ السلام میں بھی درج ہے۔ [7] ہم نے اس خط سے دو حکم قبل ازیں حدیث نمبر **1191** اور حدیث نمبر **1203** کے تحت بھی نقل کئے ہیں (واللہ اعلم)

{1571} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الصَّفَّارِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الْحَمِيدِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي يَعْفُورٍ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ جُعِلْتُ فِدَاكَ مَا تَقُولُ فِي الزَّكَاةِ لِمَنْ هِيَ قَالَ فَقَالَ هِيَ لِأَصْحَابِكَ قَالَ قُلْتُ فَإِنْ فَضَلَ عَنْهُمْ فَقَالَ فَأَعِدْ عَلَيْهِمْ قَالَ قُلْتُ فَإِنْ

---

[1] عیون اخبار الرضاؑ: ۲/۱۲۱ باب ۳۵ ح ۱؛ وسائل الشیعہ: ۹/۲۲۳ ح ۱۱۸۸۹؛ بحار الانوار: ۹۳/۶۳ و ۱۰/۳۵۲ ح ۳؛ الفصول المہمہ: ۲/۷۱۳؛ عوالم العلوم: ۲۰/۵۷۹

[2] سداد العباد: ۵۳ ح ۳؛ عیون اخبار الرضاؑ؛ ایضاح ۲؛ الانوار اللوامع فی شرح مفاتیح الشرائع: ۱۰/۲۹۷ و ۱۳/۳۲۰

[3] کتاب الصلاۃ تراث الشیخ الانصاری: ۲/۸۶

[4] شرح مکاسب: ۲/۳۶۱

[5] جواہر الکلام: ۱۰/۸۵ ح ۲؛ فقہ الصادقؑ: ۶/۱۱۲؛ جواہر الکلام فی ثوبہ الجدید: ۵/۵۳۶؛ الآراء الفقہیہ: ۳/۴۰ و ۱۰/۱۱ و ۸۲/۳ و ۳/۷۰؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۲/۱۴؛ بحار الانوار: ۸۵/۲۷

[6] الخصال: ۲/۶۰۳؛ بحار الانوار: ۹۳/۸ ح ۳ و ۱۰/۲۲۲ ح ۲؛ عوالم العلوم: ۲۰/۵۷۹؛ وسائل الشیعہ: ۹/۳۳ ح ۱۱۴۷۵

[7] فقہ الرضاؑ: ۲۳؛ مستدرک الوسائل: ۷/۱۰۶ ح ۷۷۶۶؛ المقنع: ۵۲

فَضَلَ عَنْهُمْ قَالَ فَأَعِدْ عَلَيْهِمْ قَالَ قُلْتُ فَإِنْ فَضَلَ عَنْهُمْ قَالَ فَأَعِدْ عَلَيْهِمْ قَالَ قُلْتُ فَيُعْطَى السُّؤَّالُ مِنْهَا شَيْئاً قَالَ فَقَالَ لاَ وَ اللَّهِ إِلاَّ التُّرَابَ إِلاَّ أَنْ تَرْحَمَهُ فَإِنْ رَحِمْتَهُ فَأَعْطِهِ كِسْرَةً ثُمَّ أَوْمَى بِيَدِهِ فَوَضَعَ إِبْهَامَهُ عَلَى أُصُولِ أَصَابِعِهِ.

❂ عبداللہ بن ابی یعفور سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا: میں آپ علیہ السلام پر فدا ہوں! زکوۃ کے بارے میں کیا فرماتے ہیں کہ یہ کن کے لئے ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ تمہارے اصحاب کے لئے ہے۔

راوی کہتا ہے کہ میں نے عرض کیا: اگر ان کی ضروریات سے بچ جائے تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: دوبارہ انہی کو دو۔

راوی کہتا ہے کہ میں نے عرض کیا: اگر پھر بھی بچ جائے تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: پھر انہی کو دو۔

راوی کہتا ہے کہ میں نے پھر عرض کیا: اگر پھر بھی بچ جائے تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: پھر انہی کو دو۔

راوی کہتا ہے کہ میں نے عرض کیا: اس میں سے کچھ کسی عام سوال کرنے والے کو دے دیں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہ بخدا سے مٹی کے سوا کچھ نہ دو مگر یہ کہ تمہیں اس پر رحم آجائے تو اسے روٹی کا ایک ٹکڑا دے دو۔

پھر آپ علیہ السلام نے اپنا انگوٹھا اپنی انگلیوں کی جڑ پر رکھا (یعنی اس قدر دے دو)۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق ہے۔ [2]

{1572} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ النَّضْرِ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ عِمْرَانَ عَنِ ابْنِ مُسْكَانَ عَنْ ضُرَيْسٍ قَالَ: سَأَلَ الْمَدَائِنِيُّ أَبَا جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ إِنَّ لَنَا زَكَاةً نُخْرِجُهَا مِنْ أَمْوَالِنَا فَفِي مَنْ نَضَعُهَا فَقَالَ فِي أَهْلِ وَلاَيَتِكَ فَقَالَ إِنِّي فِي بِلاَدٍ لَيْسَ فِيهَا أَحَدٌ مِنْ أَوْلِيَائِكَ فَقَالَ ابْعَثْ بِهَا إِلَى بَلَدِهِمْ تُدْفَعُ إِلَيْهِمْ وَ لاَ تَدْفَعْهَا إِلَى قَوْمٍ إِنْ دَعَوْتَهُمْ غَداً إِلَى أَمْرِكَ لَمْ يُجِيبُوكَ وَ كَانَ وَ اللَّهِ الذَّبْحَ.

---

[1] تہذیب الاحکام: ۴/۵۳ ح ۱۴۳؛ الوافی: ۱۰/۱۹۰؛ وسائل الشیعہ: ۹/۲۲۲ ح ۱۱۸۸۵

[2] مدارک تحریر الوسیلہ (الزکاۃ والخمس): ۳۰۷؛ موسوعہ الامام الخوئی: ۲۴/۱۵۰؛ ملاذ الاخیار: ۶/۱۴۳

❂ ضریس سے روایت ہے کہ مدائنی (ابن مسکان) نے امام محمد باقر علیہ السلام سے پوچھا کہ ہمارے پاس زکوٰۃ ہوتی ہے جو ہم اپنے مالوں سے نکالتے ہیں تو ہم کس کو دیں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اپنے اہل ولایت کو دو۔

اس نے عرض کیا: میں ایسے شہروں میں رہتا ہوں جہاں آپ علیہ السلام کے موالیوں میں سے کوئی نہیں رہتا تو (کیا کروں)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ جہاں رہتے ہیں ان کے شہروں کی طرف ان کے لئے بھیج دو اور ان لوگوں کو ہرگز نہ دو کہ اگر تم کل ان کو بلاؤ تو وہ جواب نہ دیں تو یہ بخدا ذبح ہو گی۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{1573} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الصَّفَّارُ عَنْ عَلِيِّ بْنِ بِلاَلٍ قَالَ: كَتَبْتُ إِلَيْهِ أَسْأَلُهُ هَلْ يَجُوزُ أَنْ أَدْفَعَ زَكَاةَ الْمَالِ وَ الصَّدَقَةَ إِلَى مُحْتَاجٍ غَيْرِ أَصْحَابِي فَكَتَبَ لاَ تُعْطِ الصَّدَقَةَ وَ الزَّكَاةَ إِلاَّ لِأَصْحَابِكَ.

❂ علی بن بلال سے روایت ہے کہ میں نے (امام علی نقی علیہ السلام) کو لکھا جس میں یہ مسئلہ پوچھا تھا کہ کیا میں مال کی زکوٰۃ یا صدقہ اپنے اصحاب کے علاوہ کسی دوسرے ضرورت مند کو دے سکتا ہوں؟

امام علیہ السلام نے جواب لکھا کہ صدقہ اور زکوٰۃ صرف اپنے اصحاب کو دو۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[4]

{1574} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَجَّاجِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: خَمْسَةٌ لاَ يُعْطَوْنَ مِنَ الزَّكَاةِ شَيْئاً الْأَبُ وَ الْأُمُّ وَ الْوَلَدُ وَ الْمَمْلُوكُ وَ

---

[1] الکافی: ۳/۵۵۵ ح ۱۱؛ الوافی: ۱۰/۱۸۷؛ وسائل الشیعہ: ۹/۲۲۲ ح ۱۱۸۸۲

[2] مرآۃ العقول: ۱۶/۱۰۰؛ تنقیح مبانی العروۃ کتاب الزکاۃ: ۵۱۶؛ کتاب الزکاۃ منتظری: ۳/۱۱۳؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۴۵۷؛ مصابیح الظلام: ۱۰/۴۷۱؛ فقہ الصادق: ۷/۵۶؛ شرح العروۃ: ۲۴/۲۲۳

[3] تہذیب الاحکام: ۴/۵۳ ح ۱۴۰؛ الوافی: ۱۰/۸۹؛ وسائل الشیعہ: ۹/۲۲۲ ح ۱۱۸۸۳ و ۲۱۳ ح ۱۲۳۴۱

[4] ملاذ الاخیار: ۶/۱۴۲؛ الزکاۃ فی الشریعہ: ۲/۲۰۸؛ کتاب الزکاۃ منتظری: ۳/۱۶۸؛ المعتمد: ۵/۲۹۹؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۴۵۷؛ الفتاوی الفقہیہ: ۲/۳۳۳؛ مصابیح الظلام: ۱۰/۴۷۱

اَلْمَرْأَةُ وَذٰلِكَ أَنَّهُمْ عِيَالُهُ لَازِمُونَ لَهُ.

❁ عبدالرحمن بن الحجاج سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: پانچ شخص ایسے ہیں کہ جن کو زکوۃ میں سے کچھ بھی نہیں دیا جاسکتا: باپ، ماں، اولاد، مملوک اور بیوی اور اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کے عیال ہیں جو (نان ونفقہ کے اعتبار سے) اس کے لئے لازم ہیں۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

قول مؤلف:

بعض روایت میں ہے کہ واجب النفقہ عیال کو زکوۃ دینے کی اجازت دی گئی ہے تا کہ ان کے نان ونفقہ میں وسعت و کشادگی پیدا ہو (واللہ اعلم)

{1575} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ مُثَنًّى عَنْ أَبِي بَصِيرٍ قَالَ: سَأَلَهُ رَجُلٌ وَ أَنَا أَسْمَعُ فَقَالَ أُعْطِي قَرَابَتِي مِنْ زَكَاةِ مَالِي وَ هُمْ لاَ يَعْرِفُونَكَ قَالَ فَقَالَ لاَ تُعْطِ الزَّكَاةَ إِلاَّ مُسْلِماً وَ أَعْطِهِمْ مِنْ غَيْرِ ذٰلِكَ ثُمَّ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَ تَرَوْنَ إِنَّمَا فِي الْمَالِ الزَّكَاةُ وَحْدَهَا مَا فَرَضَ اللّٰهُ عَزَّ وَ جَلَّ فِي الْمَالِ مِنْ غَيْرِ الزَّكَاةِ أَكْثَرُ مِمَّا تُعْطِي مِنْهُ الْقَرَابَةَ وَ الْمُعْتَرِضَ لَكَ مِمَّنْ يَسْأَلُكَ فَتُعْطِيهِ مَا لَمْ تَعْرِفْهُ بِالنَّصْبِ فَإِذَا عَرَفْتَهُ بِالنَّصْبِ فَلاَ تُعْطِهِ إِلاَّ أَنْ تَخَافَ لِسَانَهُ فَتَشْتَرِيَ دِينَكَ وَ عِرْضَكَ مِنْهُ.

❁ ابوبصیر سے روایت ہے کہ ان (امام علیہ السلام) سے ایک شخص نے سوال کیا جبکہ میں سن رہا تھا کہ کیا میں اپنے مال کی زکوۃ اپنے ان رشتہ داروں کو دے سکتا ہوں جو معرفت نہیں رکھتے ہیں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: زکوۃ مسلمان کے علاوہ کسی کو مت دو اور ان کو کسی اور حساب سے دو۔

---

[1] الکافی: ۵۵۲/۳ ح۵؛ تہذیب الاحکام: ۵۶/۴ ح۱۵۰؛ الاستبصار: ۳۳/۲ ح۱۰۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۴۰/۹ ح۱۹۲۸؛ و۵۲۵/۲۱ ح۲۷۷۵۹؛ الوافی: ۸۳/۱۰؛ الفصول المہمہ: ۳۸/۲

[2] مراۃ العقول: ۹۲/۱۶؛ ملاذ الاخیار: ۴۸/۶؛ الزکاۃ فی الشریعہ: ۲۶۱/۲؛ تنقیح مبانی العروۃ کتاب الزکاۃ: ۲۹۰؛ موسوعہ الفقہ الاسلامی: ۱۹۹/۲؛ شرح العروۃ: ۱۵۷/۲۴؛ کتاب الزکاۃ منتظری: ۵۹/۳؛ موسوعہ احکام الاطفال: ۵۰۷؛ منتھی المطلب: ۲۶/۸؛ الخمس فی الشریعہ: ۳۱۳؛ الانوار اللوامع: ۱۱۰/۱۰؛ مصباح المنہاج کتاب الطہارۃ: ۵۵۹/۳؛ کتاب الخمس شاہرودی: ۴۲۸/۲؛ نظام النکاح فی الشریعہ: ۳۸۶/۲؛ انوار الفقاہۃ کتاب الخمس: ۴۷۲؛ مدارک الاحکام: ۲۴۵/۵؛ مستمسک العروۃ: ۳۰۴/۱۲؛ مصابیح الظلام: ۴۹۸/۱۰

پھر امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: کیا تم خیال کرتے ہو کہ مال میں اکیلی زکوٰۃ واجب ہے بلکہ اللہ نے مال میں جو زکوٰۃ کے علاوہ فرض کیا ہے وہ زیادہ ہے تو اس سے رشتہ داروں کو دو اور جو تم سر راہ سوال کرتا ہے اسے بھی دو جب تک کہ اس کے ناصبی ہونے کا تمہیں علم نہ ہو جائے پس جب اس کے ناصبی ہونے کا علم ہو جائے تو پھر اسے نہ دو مگر یہ کہ تم اس کی زبان سے ڈرو تو پھر اپنے دین اور اپنی عرض و ناموس کو خرید لو (یعنی کچھ دیتے رہو تا کہ اس کی بدزبانی سے محفوظ رہو)۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1576} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ وَ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي نَصْرٍ قَالَ: سَأَلْتُ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ لَهُ قَرَابَةٌ وَ مَوَالٍ وَ أَتْبَاعٌ يُحِبُّونَ أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ. وَلَيْسَ يَعْرِفُونَ صَاحِبَ هَذَا الْأَمْرِ أَيُعْطَوْنَ مِنَ الزَّكَاةِ قَالَ لاَ.

احمد بن محمد بن ابونصر سے روایت ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام سے سوال کیا کہ ایک شخص کے رشتہ دار اور موالی اور پیروکار ایسے ہیں جو امیر المومنین علیہ السلام سے تو محبت رکھتے ہیں لیکن اس امر (امامت) کے صاحب کی معرفت نہیں رکھتے تو کیا ان کو زکوٰۃ دی جاسکتی ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [4]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث ضعیف علی المشہور ہے۔ [5] نیز حدیث میں اس امر کے صاحب کے مراد باقی آئمہ طاہرین علیہ السلام بھی ہو سکتے ہیں اور بالخصوص امام زمانہ علیہ السلام بھی مراد ہو سکتے ہیں (واللہ اعلم)

{1577} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عِيسَى عَنْ حَرِيزٍ عَنْ زُرَارَةَ قَالَ:

---

[1] الکافی: ۳/۵۵۱ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۴/۵۵ ح ۱۴۳؛ وسائل الشیعہ: ۹/۲۲۷ ح ۱۱۹۴۳؛ الوافی: ۱۰/۱۸۶

[2] مرآۃ العقول: ۱۶/۹۲؛ ملاذ الاخیار: ۶/۱۴۳؛ دلیل تحریر الوسیلہ (الاسرۃ): ۲۰۱؛ مدارک العروۃ: ۲۲/۴۵۴

[3] الکافی: ۳/۵۵۱ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۴/۵۵ ح ۱۴۷؛ الوافی: ۱۰/۱۸۶؛ وسائل الشیعہ: ۹/۲۲۸ ح ۱۱۹۴۶

[4] دراسات فی الفقہ الاسلامی المعاصر: ۴/۶۴؛ مجموعۃ المقالات حب اللہ: ۵۳؛ مصابیح الظلام فی شرح مفاتیح الشرائع: ۱۰/۲۷۴

[5] مرآۃ العقول: ۱۶/۹۲؛ ملاذ الاخیار: ۶/۱۴۷

قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ رَجُلٌ حَلَّتْ عَلَيْهِ الزَّكَاةُ وَمَاتَ أَبُوهُ وَعَلَيْهِ دَيْنٌ أَيُؤَدِّي زَكَاتَهُ فِي دَيْنِ أَبِيهِ وَلِلاِبْنِ مَالٌ كَثِيرٌ فَقَالَ إِنْ كَانَ أَبُوهُ أَوْرَثَهُ مَالاً ثُمَّ ظَهَرَ عَلَيْهِ دَيْنٌ لَمْ يَعْلَمْ بِهِ يَوْمَئِذٍ فَيَقْضِيَهُ عَنْهُ قَضَاهُ مِنْ جَمِيعِ الْمِيرَاثِ وَلَمْ يَقْضِهِ مِنْ زَكَاتِهِ وَإِنْ لَمْ يَكُنْ أَوْرَثَهُ مَالاً لَمْ يَكُنْ أَحَدٌ أَحَقَّ بِزَكَاتِهِ مِنْ دَيْنِ أَبِيهِ فَإِذَا أَدَّاهَا فِي دَيْنِ أَبِيهِ عَلَى هَذِهِ الْحَالِ أَجْزَأَتْ عَنْهُ.

❁ زرارہ سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ ایک شخص کی زکوۃ ادا کرنے کا وقت داخل ہو گیا اور اس کا باپ مر گیا جو مقروض تھا تو کیا وہ اپنی زکوۃ اپنے باپ کے قرضہ کو ادا کرنے میں صرف کر سکتا ہے جبکہ بیٹا بہت سا مال رکھتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر تو اس کا باپ اس کے لئے وراثت میں کچھ مال چھوڑ گیا ہے اور اسے اس وقت اس کے قرضہ کا علم نہیں تھا اور بعد میں پتہ چلا تو وہ اسے مال وراثت سے ادا کرے گا اور زکوۃ سے ادا نہیں کرے گا اور اگر اس کا باپ کچھ مال وراثت چھوڑ کے نہیں گیا تو پھر باپ کے قرضہ سے بڑھ کر اس کی زکوۃ کا کوئی مستحق نہیں ہے پس جب اس سے ادا کرے گا تو مجزی ہوگا۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [2]

قول مؤلف:

عموماً تو واجب النفقہ عیال کو زکوۃ نہیں دی جا سکتی البتہ بعض احادیث میں اذن وارد ہے جیسا کہ پہلے گزر چکا ہے لیکن یہ اجازت بہر حال قرض دینے کی صورت میں ہے (واللہ اعلم)

{1578} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ إِدْرِيسَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ وَ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْمَاعِيلَ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ شَاذَانَ جَمِيعاً عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى عَنْ عِيصِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِنَّ أُنَاساً مِنْ بَنِي هَاشِمٍ أَتَوْا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ فَسَأَلُوهُ أَنْ يَسْتَعْمِلَهُمْ عَلَى صَدَقَاتِ الْمَوَاشِي وَقَالُوا يَكُونُ لَنَا هَذَا السَّهْمُ الَّذِي جَعَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ لِلْعَامِلِينَ عَلَيْهَا فَنَحْنُ أَوْلَى بِهِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ

---

[1] الکافی: ۳/۵۵۳ ح ۳؛ الوافی: ۱۰/۱۸۰؛ وسائل الشیعہ: ۹/۲۵۰ ح ۱۱۹۴۹

[2] شرح العروۃ: ۲۴/۸۵؛ کتاب الزکاۃ منتظری: ۲/۷۹ ۳؛ تفصیل الشریعہ: ۹/۲۵۱؛ تعالیق مبسوطہ: ۶/۹۷ ۱؛ ریاض المسائل: ۵/۱۳۶؛ تنقیح مبانی العروۃ کتاب الزکاۃ: ۷۰ ۱؛ جواہر الکلام: ۱۵/۳۶۵؛ جواہر الکلام فی ثوبہ: ۸/۲۸۸؛ غنائم الایام: ۴/۱۵۲؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۴۶۳؛ مصباح الفقیہ: ۱۳/۵۶۸؛ فقہ الصادقؑ: ۷/۲۲۷؛ المرتقی الی الفقہ کتاب الزکاۃ: ۲/۲۹۶؛ مدارک الاحکام: ۵/۲۲۷؛ مصابیح الظلام: ۱۰/۵۰۹؛ شرح مازندرانی: ۳/۲۰۴؛ مرآۃ العقول: ۱۶/۹۵

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ يَا بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ إِنَّ الصَّدَقَةَ لَا تَحِلُّ لِي وَلَا لَكُمْ وَلَكِنِّي قَدْ وُعِدْتُ الشَّفَاعَةَ ثُمَّ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ اِشْهَدُوا لَقَدْ وُعِدَهَا فَمَا ظَنُّكُمْ يَا بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ إِذَا أَخَذْتُ بِحَلْقَةِ بَابِ الْجَنَّةِ أَ تَرَوْنِي مُؤْثِراً عَلَيْكُمْ غَيْرَكُمْ.

❂ عیص بن قاسم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: بنی ہاشم کے کچھ لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے اور عرض کیا کہ حیوانات کی زکوٰۃ وصول کرنے کا کام ان کے سپرد کیا جائے اور کہنے لگے کہ عاملین کا حصہ ہمیں دیا جائے جسے اللہ نے ان کے لئے مقرر کیا ہے کیونکہ ہم اس کے زیادہ حقدار ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے اولادِ عبدالمطلب! صدقہ میرے اور تمہارے لئے حلال نہیں ہے البتہ مجھ سے شفاعت کا وعدہ کیا گیا ہے۔

پھر امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: واللہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ وعدہ کیا گیا ہے تو اے اولادِ عبدالمطلب! تمہارا کیا گمان ہے کہ جب میں باب جنت سے ملحق کھڑا ہوں گا تو تمہارے غیر کو تم پر ترجیح دوں گا؟[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{1579} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْحُسَيْنِ عَنِ النَّضْرِ عَنِ ابْنِ سِنَانٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: لَا تَحِلُّ الصَّدَقَةُ لِوُلْدِ الْعَبَّاسِ وَلَا لِنُظَرَائِهِمْ مِنْ بَنِي هَاشِمٍ.

❂ ابن سنان سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اولادِ عباس اور ان کے ہم رتبہ بنی ہاشم کے لئے صدقہ (زکوٰۃ و فطرہ) حلال نہیں ہے۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[4]

---

[1] الکافی: ۵۸/۴ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۵۸/۴ ح ۱۵۴؛ الوافی: ۱۹۳/۱۰؛ تفسیر نور الثقلین: ۲۳۵/۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۶۸/۹ ح ۱۱۹۹۲؛ تفسیر کنز الدقائق: ۸۶/۵؛ تفسیر البرہان: ۵۷۳/۳؛ تفسیر العیاشی: ۲۱۳/۲؛ بحار الانوار: ۷۴/۸؛ مستدرک الوسائل: ۱۱۹/۷ ح ۷۷۹۹

[2] ملاذ الاخیار: ۱۵۵/۶؛ مدارک الاحکام: ۲۵۱/۵؛ منتھی المطلب: ۳۷۲/۸؛ جواہر الکلام: ۴۰۶/۱۵؛ جواہر الکلام فی ثوبہ: ۲۶۵/۸؛ مصباح الفقیہ: ۵۳۱/۱۳؛ مسالک الافہام: ۱۰/۵؛ تفصیل الشریعہ: ۲۸۱/۹؛ شرح العروۃ: ۲۳/۲۴؛ فقہ الصادقؑ: ۲۷۴/۷؛ ریاض المسائل: ۱۶۸/۵

[3] تہذیب الاحکام: ۵۹/۴ ح ۱۵۸؛ الاستبصار: ۳۵/۲ ح ۱۰۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۶۹/۹ ح ۱۱۹۹۳؛ الوافی: ۹۳/۱۰؛ تفسیر کنز الدقائق: ۸۶/۵؛ الفصول المہمہ: ۳۹/۲؛ تفسیر نور الثقلین: ۲۳۶/۲

[4] ملاذ الاخیار: ۱۵۶/۶؛ منتھی المطلب: ۳۷۲/۸؛ شرح العروۃ: ۹/۲۴؛ فقہ الصادقؑ: ۳۷۹/۷؛ مدارک العروۃ کتاب الخمس: ۵۵۲/۱۲؛ الزکاۃ فی الشریعہ: ۴۹۹/۲؛ موسوعہ الفقہ الاسلامی: ۲۴۸/۱؛ حدود الشریعہ: ۳۰۶؛ کتاب الزکاۃ منتظری: ۲۲/۳؛ تفصیل الشریعہ: ۲۸۲/۹؛ غنائم الایام: ۲۷/۴؛ فقہ الصادقؑ: ۲۷۲/۷

{1580} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُعَلَّى بْنِ مُحَمَّدٍ وَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ جَمِيعاً عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ الْوَشَّاءِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ عَائِذٍ عَنْ أَبِي خَدِيجَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: أَعْطُوا الزَّكَاةَ مَنْ أَرَادَهَا مِنْ بَنِي هَاشِمٍ فَإِنَّهَا تَحِلُّ لَهُمْ وَ إِنَّمَا تَحْرُمُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ وَ الْإِمَامِ الَّذِي مِنْ بَعْدِهِ وَ الْأَئِمَّةِ صَلَوَاتُ اللَّهِ عَلَيْهِمْ أَجْمَعِينَ.

❂ ابو خدیجہ سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: بنی ہاشم میں سے جو شخص زکوٰۃ لینا چاہے اسے دے دو کیونکہ یہ ان کے لئے حلال ہے اور صرف نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کے بعد والے امام علیہ السلام اور دوسرے آئمہ طاہرین علیہم السلام پر حرام ہے۔ ①

تحقیق:

حدیث صحیح یا معتبر ہے۔ ②

قول مؤلف:

علماء نے اسے اس تاویل پر محمول کیا ہے کہ یا تو یہ علت سخت ضرورت کے تحت ہے یا اس سے مراد بنی ہاشم کی اپنی زکوٰۃ ہے یا پھر اس سے مستحبی زکوٰۃ مراد ہے جیسا کہ آگے حدیث 1592 میں وضاحت موجود ہے (واللہ اعلم)

{1581} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ حَرِيزٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ اَلرَّجُلُ يَكُونُ مُحْتَاجاً فَيُبْعَثُ إِلَيْهِ بِالصَّدَقَةِ فَلاَ يَقْبَلُهَا عَلَى وَجْهِ الصَّدَقَةِ يَأْخُذُهُ مِنْ ذَلِكَ ذِمَامٌ وَ اسْتِحْيَاءٌ وَ انْقِبَاضٌ أَ فَيُعْطِيهَا إِيَّاهُ عَلَى غَيْرِ ذَلِكَ الْوَجْهِ وَ هِيَ مِنَّا صَدَقَةٌ فَقَالَ لاَ إِذَا كَانَتْ زَكَاةً فَلَهُ أَنْ يَقْبَلَهَا فَإِنْ لَمْ يَقْبَلْهَا عَلَى وَجْهِ الزَّكَاةِ فَلاَ تُعْطِهَا إِيَّاهُ وَ مَا يَنْبَغِي لَهُ أَنْ يَسْتَحْيِيَ مِمَّا فَرَضَ اللَّهُ عَزَّ وَ جَلَّ إِنَّمَا هِيَ فَرِيضَةُ اللَّهِ لَهُ فَلاَ يَسْتَحْيِي مِنْهَا.

❂ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے عرض کیا کہ ایک شخص ضرورت مند ہے پس اس کی طرف صدقہ بھیجا جاتا ہے تو وہ اسے صدقہ کے نام سے قبول نہیں کرتا کیونکہ اسے شرم و حیا دامن گیر ہوتی ہے اور وہ اسے لینے میں اپنی سبکی محسوس کرتا ہے تو کیا ہم اسے کسی اور عنوان سے دے سکتے ہیں جبکہ وہ ہماری طرف سے صدقہ ہی (کی نیت سے) ہو؟

---

① الکافی: ۳/۵۹ ح۷؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/۷۳ ح۷۶۳؛ تہذیب الاحکام: ۴/۶۰ ح۱۶۱؛ الاستبصار: ۲/۳۶ ح۱۱۰؛ وسائل الشیعہ: ۹/۲۶۹ ح۱۱۹۹۲؛ الوافی: ۱۰/۱۹۹

② الزکاۃ فی الشریعہ: ۲/۲۹۹؛ فقہ الصادق: ۲۰/۲۰۱؛ مصباح المنہاج کتاب الخمس: ۵۸۳؛ تعالیق مبسوطہ: ۶/۲۸۲؛ شرح العروۃ: ۲۴/۱۸۰؛ روضۃ المتقین: ۳/۱۰۲؛ لوامع صاحبقرانی: ۵/۵۴۱

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں جب زکوٰۃ اس کے لئے ہے تو اسے قبول کرے اور اگر وہ اسے بعنوان زکوٰۃ قبول نہیں کرتا تو پھر اسے بالکل نہ دو اور جو اللہ نے فرض کیا ہے اس میں شرم نہیں کرنی چاہیے اور یہ فریضہ الٰہی اسی کے لئے پس وہ اس سے شرم نہ کرے۔ (1)

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن کالصحیح یا حسن ہے۔ (2)

﴿زکوٰۃ کی نیت﴾

{1582} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ عَطِيَّةَ عَنْ أَبِي حَمْزَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ صَلَوَاتُ اللَّهِ عَلَيْهِ قَالَ: لَا عَمَلَ إِلَّا بِنِيَّةٍ.

امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا: نیت کے بغیر کوئی عمل نہیں ہے۔ (3)

تحقیق:

حدیث حسن کالصحیح ہے۔ (4)

قول مؤلف:

شیخ صدوق نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضرت علی علیہ السلام کو جو وصیت روایت کی ہے اس میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام سے فرمایا: "یا علی علیہ السلام: کسی قول میں کوئی خیر نہیں جب تک اس کے ساتھ عمل نہ ہو اور کوئی صدقہ (زکوٰۃ) صدقہ نہیں ہے جب تک اس میں نیت نہ ہو" (5)۔ نیز اس طرح کی کچھ احادیث پہلے گزر چکی ہیں اور کچھ آئندہ گزریں گی جو عموماً یا خصوصاً اس بات پر دلالت کرتی ہیں۔

---

(1) الکافی: ۳/۵۶۴ ح ۴؛ الوافی: ۱۰/۲۱۸؛ وسائل الشیعہ: ۹/۳۱۳ ح ۱۲۱۰۴ و ۳۱۵ ح ۱۲۱۰۸

(2) مستمسک العروۃ: ۹/۲۳۳؛ فقہ الصادقؑ: ۷/۲۲۹؛ مصابیح الظلام: ۱۰/۳۱۱؛ شرح العروۃ: ۲۴/۴۴؛ کتاب الزکاۃ منتظری: ۲/۳۸۰؛ تعالیق مبسوطہ: ۶/۴۶۰؛ الموسوعہ الفقہیہ: ۵/۳۹۷؛ المرتقی الی الفقہ الارقی کتاب الزکاۃ: ۲/۲۵۰؛ جواہر الکلام: ۱۵/۳۲۵؛ جواہر الکلام فی ثوبہ: ۸/۲۵۷؛ الرسائل الفقہیہ خواجوئی: ۲/۲۲۱؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۴۶۳؛ غنائم الایام: ۴/۱۲۸

(3) الکافی: ۲/۸۴ ح ۱؛ الوافی: ۴/۳۶۱؛ بحار الانوار: ۶۷/۱۸۵؛ وسائل الشیعہ: ۱/۴۶ ح ۸۳؛ المحاسن: ۱/۲۲۱؛ بصائر الدرجات: ۱۱؛ دعائم الاسلام: ۱/۱۵۶؛ الخصال: ۱/۱۸؛ الجعفریات: ۱۵۰؛ تحف العقول: ۴۳؛ مستدرک الوسائل: ۱/۸۹؛ تہذیب الاحکام: ۴/۱۸۶ ح ۵۲۰؛ امالی طوسی: ۳۸۵؛ مجموعہ ورام: ۲/۱۷۱

(4) مرآۃ العقول: ۸/۸۸

(5) من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/۳۵۲ ح ۵۷۶۲؛ الوافی: ۲۶/۱۲۸؛ السرائر: ۳/۶۱۵؛ وسائل الشیعہ: ۹/۳۱۲ ح ۱۲۱۰۳

{1583} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِنَّ الْعَبْدَ الْمُؤْمِنَ الْفَقِيرَ لَيَقُولُ يَا رَبِّ ارْزُقْنِي حَتَّى أَفْعَلَ كَذَا وَ كَذَا مِنَ الْبِرِّ وَ وُجُوهِ الْخَيْرِ فَإِذَا عَلِمَ اللَّهُ عَزَّ وَ جَلَّ ذَلِكَ مِنْهُ بِصِدْقِ نِيَّةٍ كَتَبَ اللَّهُ لَهُ مِنَ الْأَجْرِ مِثْلَ مَا يَكْتُبُ لَهُ لَوْ عَمِلَهُ إِنَّ اللَّهَ وَاسِعٌ كَرِيمٌ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ایک فقیر (غریب و نادار) مومن اللہ سے کہتا ہے کہ اے پروردگار! مجھے رزق عطا کرتا کہ میں فلاں فلاں نیکی کروں اور بھلائی کی وجہ بنوں پس جب اللہ تعالیٰ کو اس میں اس کی نیت کی صداقت وسچائی معلوم ہوجائے تو وہ اس کے لئے وہی اجروثواب لکھ دیتا ہے جو اس کے نیکی کے عمل کرنے کے بعد لکھنا تھا۔ بے شک اللہ بڑی وسعت والا اور کریم ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

﴿زکوۃ کے متفرق مسائل﴾

{1584} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُتْبَةَ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي الْحَسَنِ مُوسَى عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: قُلْتُ لَهُ لِي قَرَابَةٌ أُنْفِقُ عَلَى بَعْضِهِمْ وَ أُفَضِّلُ بَعْضَهُمْ عَلَى بَعْضٍ فَيَأْتِينِي إِبَّانُ الزَّكَاةِ أَ فَأُعْطِيهِمْ مِنْهَا قَالَ مُسْتَحِقُّونَ لَهَا قُلْتُ نَعَمْ قَالَ هُمْ أَفْضَلُ مِنْ غَيْرِهِمْ أَعْطِهِمْ الْحَدِيثَ.

اسحاق بن عمار سے روایت ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے عرض کیا کہ میرے کچھ رشتہ دار ہیں جن میں سے کچھ کو خرچہ دیتا ہوں اور بعض کو بعض پر ترجیح دیتا ہوں یہاں تک کہ میرا زکوۃ ادا کرنے کا وقت آجاتا ہے تو کیا میں اس میں سے کچھ ان کو دے سکتا ہوں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کیا وہ مستحق ہیں؟

میں نے عرض کیا: جی ہاں۔

---

[1] الکافی: ۸۵/۲ ح ۳؛ الوافی: ۶۸/۴ ۳؛ المومن: ۴۷؛ وسائل الشیعہ: ۴۹/۱ ح ۹۳؛ بحار الانوار: ۱۹۹/۶۷ و ۵۱/۶۹؛ المحاسن: ۲۶۱/۱؛ موسوعہ الشہید الاول: ۹۸/۱۵ ۳؛ کتاب الاعتقادات: ۲۲۱

[2] مرآۃ العقول: ۱۰۲/۸؛ مجموعہ رسائل در شرح احادیثی از کافی: ۵۸/۲؛ جامع الشتات: ۲۱۶/۱

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ دوسروں سے افضل ہیں انہیں دو۔ ①

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ ②

{1585} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ دَاوُدَ الصَّرْمِيِّ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ شَارِبِ الْخَمْرِ يُعْطَى مِنَ الزَّكَاةِ شَيْئاً قَالَ لَا.

❁ داؤد صرمی سے روایت ہے کہ میں نے ان (امام علیہ السلام) سے سوال کیا کہ کیا شراب پینے والے کو زکوٰۃ میں سے کچھ دیا جاسکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں۔ ③

تحقیق:

حدیث صحیح یا معتبر ہے۔ ④

قول مؤلف:

شیخ صدوق کی روایت کردہ حدیث میں ہے کہ فاسق و فاجر شخص کو مختصر زکوٰۃ دو کیونکہ وہ خدا کی نافرمانی میں خرچ کرے گا۔ ⑤ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ شرابی کو زکوٰۃ دینا کراہت پر محمول ہے اور ممانعت شرائط میں سے نہیں ہے۔ نیز داؤد صرمی والی روایت علامہ مجلسی کے نزدیک مجہول ہے ⑥ (واللہ اعلم)

{1586} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ شُعَيْبٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الْعُشُورِ الَّتِي تُؤْخَذُ مِنَ الرَّجُلِ أَ يَحْتَسِبُ بِهَا مِنْ زَكَاتِهِ قَالَ نَعَمْ إِنْ شَاءَ.

---

① الکافی: ۳/۵۵۱ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۴/۱۰۰ ح ۲۸۳؛ الاستبصار: ۲/۳۳ ح ۱۰۰؛ وسائل الشیعہ: ۹/۲۳۵ ح ۱۱۹۳۹؛ الوافی: ۱۰/۱۸۳

② مرآۃ العقول: ۱۶/۹۱؛ مدارک الاحکام: ۵/۲۴۶؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۴۵۹

③ الکافی: ۳/۵۶۳ ح ۱۵؛ تہذیب الاحکام: ۴/۵۲ ح ۱۳۸؛ عوالی اللئالی: ۱۳/۲۲؛ وسائل الشیعہ: ۹/۲۴۹ ح ۱۱۹۴۷؛ الوافی: ۱۰/۱۹۲؛ المقنعہ مفید: ۲۴۲

④ فقہ الولایہ و الحکومۃ الاسلامیہ مظاہری: ۲/۲۴۵؛ المعلقات علی العروۃ: ۳/۲۶۴؛ کتاب الخمس حائری: ۲۰۳؛ شرح العروۃ الوثقیٰ: ۲۴/۸۴ و ۲۴/۱۵۴؛ موسوعۃ الامام الخوئی: ۲۴/۱۵۴

⑤ علل الشرائع: ۲/۳۷۲ باب ۹۸؛ وسائل الشیعہ: ۹/۲۴۹ ح ۱۱۹۴۸؛ بحار الانوار: ۹۳/۷۷

⑥ مرآۃ العقول: ۱۶/۱۳۱؛ ملاذ الاخیار: ۶/۱۳۱

❁ یعقوب بن شعیب سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ وہ دسواں حصہ جو آدمی سے (حکام جور کی طرف سے) لیا جاتا ہے تو کیا وہ اسے اپنی زکوٰۃ میں سے شمار کرسکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں اگر چاہے تو کرسکتا ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1587} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَبَّادِ بْنِ صُهَيْبٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ : فِي رَجُلٍ فَرَّطَ فِي إِخْرَاجِ زَكَاتِهِ فِي حَيَاتِهِ فَلَمَّا حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ حَسَبَ جَمِيعَ مَا كَانَ فَرَّطَ فِيهِ مِمَّا لَزِمَهُ مِنَ الزَّكَاةِ ثُمَّ أَوْصَى بِهِ أَنْ يُخْرَجَ ذَلِكَ فَيُدْفَعَ إِلَى مَنْ يَجِبُ لَهُ قَالَ جَائِزٌ يُخْرَجُ ذَلِكَ مِنْ جَمِيعِ الْمَالِ إِنَّمَا هُوَ بِمَنْزِلَةِ دَيْنٍ لَوْ كَانَ عَلَيْهِ لَيْسَ لِلْوَرَثَةِ شَيْءٌ حَتَّى يُؤَدُّوا مَا أَوْصَى بِهِ مِنَ الزَّكَاةِ.

❁ عباد بن صہیب سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے اس شخص کے بارے میں فرمایا جس نے اپنی زندگی میں زکوٰۃ ادا کرنے میں کوتاہی کی تھی اور جب اس کی وفات کا وقت قریب آیا تو اس نے تمام زکوٰۃ کا حساب کیا اور وصیت کی کہ یہ ادا کی جائے اور مستحقین تک پہنچائی جائے تو یہ وصیب نافذ ہے اور یہ تمام مال سے ادا کی جائے گی اور یہ بمنزلہ قرضہ کے ہے جو مرنے والے پر ہو پس جب تک وارث اس کی وصیت کے مطابق زکوٰۃ ادا نہیں کریں گے ان کو میراث میں سے کچھ نہیں ملے گا۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق ہے۔ [4]

{1588} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ: قُلْتُ لَهُ رَجُلٌ يَمُوتُ وَ عَلَيْهِ خَمْسُ مِائَةِ دِرْهَمٍ مِنَ الزَّكَاةِ وَ عَلَيْهِ حَجَّةُ الْإِسْلاَمِ وَ تَرَكَ ثَلاَثَمِائَةِ دِرْهَمٍ

---

[1] الکافی: ۳/۵۴۳ ح۲؛ من لایحضرہ الفقیہ: ۲/۲۹ ح۱۶۱۲؛ الوافی: ۱۰/۱۴۴؛ وسائل الشیعہ: ۹/۲۵۱ ح

[2] مرآۃ العقول: ۱۶/۷۷؛ الرسائل الفقہیہ خواجوئی: ۵۰۴؛ منہاج الفقاہہ: ۲/۳۷۳؛ بحوث فقہیہ معاصرہ: ۹۲؛ فقہ الصادقؑ: ۷/۲۷۱؛ روضۃ المتقین: ۳/۲۷؛ لوامع صاحبقرانی: ۵/۵۰۶؛ جواہر الکلام: ۱۵/۲۲۷؛ تعالیق مبسوطہ: ۶/۱۰۵؛ جواہر الکلام فی ثوبہ: ۸/۱۸۲

[3] الکافی: ۳/۵۴۷ ح۱؛ تہذیب الاحکام: ۹/۱۹۳ ح۲۲۲؛ وسائل الشیعہ: ۱/۲۷۰ ح۴۰۷ و ۲۸۳ ح۵۲ ۹۳؛ الوافی: ۹/۳۹۸

[4] براہین الحج للفقہا: ۲۸۳؛ فقہ الصادقؑ: ۹/۵۰۴؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۴۴۴؛ کتاب الزکاۃ منتظری: ۲/۹۳؛ مرآۃ العقول: ۱۶/۸۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۵/۳۰؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۸/۲۷۲؛ جواہر الکلام: ۲۶/۸۵

فَأَوْصَى بِحَجَّةِ اَلْإِسْلاَمِ وَ أَنْ يُقْضَى عَنْهُ دَيْنُ اَلزَّكَاةِ قَالَ يُحَجُّ عَنْهُ مِنْ أَقْرَبِ مَا يَكُونُ وَ يُخْرَجُ اَلْبَقِيَّةُ فِي اَلزَّكَاةِ.

✪ معاویہ بن عمار سے روایت ہے کہ میں نے ان (امام علیہ السلام) سے عرض کیا کہ ایک شخص مر گیا اور اس کے ذمہ زکوٰۃ کے پانچ سو درہم اور حجۃ الاسلام بھی ہے اور اس نے کل تین سو درہم چھوڑے ہیں اور اس نے وصیت کی ہے کہ ان کی طرف سے زکوٰۃ ادا کی جائے اور حج کرایا جائے تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: قریب ترین راستہ سے اس کی حج کرائی جائے اور باقیماندہ رقم سے زکوٰۃ ادا کی جائے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{1589} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ وَ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ عَنِ اَلْفَضْلِ بْنِ شَاذَانَ جَمِيعاً عَنِ اِبْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ شُعَيْبٍ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ إِنَّ عَلَى أَخِي زَكَاةً كَثِيرَةً فَأَقْضِيهَا أَوْ أُؤَدِّيهَا عَنْهُ فَقَالَ لِي وَ كَيْفَ لَكَ بِذَلِكَ قُلْتُ أَحْتَاطُ قَالَ نَعَمْ إِذاً تُفَرِّجَ عَنْهُ.

✪ شعیب سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ میرے بھائی کے ذمے بہت سی زکوٰۃ تھی تو کیا اس کی قضا کروں یا اس کی جانب سے ادا کروں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: تمہیں کیا پتا کہ کتنی تھی؟

میں نے عرض کیا: میں احتیاط پر عمل کرنا چاہتا ہوں

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں اگر ایسا کرو گے تو اس سے مرنے والے کو کشائش ہوگی۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔[4]

{1590} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ اَلْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ أَبِي وَلاَّدٍ

---

[1] الکافی: ۳/۵۴۷ ح ۳؛ وسائل الشیعہ: ۹/۲۵۵ ح ۱۱۹۶۲؛ الوافی: ۱۰/۲۲۲؛ هدایۃ الامہ: ۴/۸۷

[2] تفصیل الشریعہ: ۱۱/۵۰۸؛ الحج فی الشریعہ: ۴/۵۰؛ کتاب الحج شاہرودی: ۲/۹۷؛ فقہ الصادقؑ: ۱۳/۳۰۳؛ شرح العروۃ: ۲۴/۳۴۷؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۲/۷۲؛ مصباح الہدیٰ: ۱۲/۶۹؛ حدود الشریعہ: ۲/۱۹۸؛ معتمد العروۃ: ۲/۳۰۲؛ مدارک الاحکام: ۵/۱۵۷؛ تعالیق مبسوطہ: ۸/۲۱۵؛ مستمسک العروۃ: ۱۰/۲۴۷؛ المعلقات علی العروۃ: ۴/۹۸؛

[3] الکافی: ۳/۵۴۷ ح ۳؛ الوافی: ۱۰/۲۲۲؛ وسائل الشیعہ: ۹/۲۵۶ ح ۱۱۹۶۳

[4] الدر المناظرۃ: ۸۲۱؛ شرح فروع الکافی مازندرانی: ۳/۵۵۳؛ مراۃ العقول: ۱۶/۸۳

اَلْحَنَّاطِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ سَمِعْتُهُ يَقُولُ: لاَ يُعْطَى أَحَدٌ مِنَ اَلزَّكَاةِ أَقَلَّ مِنْ خَمْسَةِ دَرَاهِمَ وَ هُوَ أَقَلُّ مَا فَرَضَ اَللَّهُ عَزَّ وَ جَلَّ مِنَ اَلزَّكَاةِ فِي أَمْوَالِ اَلْمُسْلِمِينَ فَلاَ تُعْطُوا أَحَداً أَقَلَّ مِنْ خَمْسَةِ دَرَاهِمَ فَصَاعِداً.

ابوولاد الحناط سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا کہ کسی کو پانچ درہم سے کم زکوۃ نہ دی جائے اور جو اللہ تعالی نے مسلمانوں کے مال میں زکوۃ فرض کی ہے یہ اس کی کم ترین مقدار ہے پس کسی کو پانچ درہم سے کم نہ دو بلکہ کچھ زیادہ دو۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1591} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ اِبْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ غَزْوَانَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: تُعْطِيهِ مِنَ اَلزَّكَاةِ حَتَّى تُغْنِيَهُ.

سعید بن غزوان سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اس (مستحق) کو اس قدر زکوۃ دو کہ اسے غنی بنا دو۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [4]

{1592} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْمَاعِيلَ عَنِ اَلْفَضْلِ بْنِ شَاذَانَ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ عَبْدِ اَلرَّحْمَنِ بْنِ اَلْحَجَّاجِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ اَلْهَاشِمِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: قُلْتُ أَ تَحِلُّ اَلصَّدَقَةُ لِبَنِي هَاشِمٍ فَقَالَ إِنَّمَا تِلْكَ اَلصَّدَقَةُ اَلْوَاجِبَةُ عَلَى اَلنَّاسِ لاَ تَحِلُّ لَنَا فَأَمَّا غَيْرُ ذَلِكَ فَلَيْسَ بِهِ بَأْسٌ وَ لَوْ كَانَ كَذَلِكَ مَا اِسْتَطَاعُوا أَنْ يَخْرُجُوا إِلَى مَكَّةَ هَذِهِ اَلْمِيَاهُ عَامَّتُهَا صَدَقَةٌ.

جعفر بن ابراہیم ہاشمی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ کیا بنی ہاشم کے لئے صدقہ حلال ہے؟ آپ علیہ السلام نے فرمایا: جو صدقہ لوگوں پر واجب ہے (یعنی زکوۃ و فطرہ) وہ ہمارے لئے حلال نہیں ہے اور جو اس کے علاوہ

---

[1] الکافی: ۳/۴۰۱ ح ا؛ تہذیب الاحکام: ۴/۹۳ ح ۲۲۲؛ وسائل الشیعہ: ۹/۲۵۷ ح ۴۰۷ و ۷/۸۳ ح ۵۲۹۳؛ الوافی: ۱۰/۴۹۸

[2] جواہر الکلام فی ثوبہ: ۸/۴۸۳؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۴۶۷؛ الزکاۃ فی الشریعہ: ۲/۴۰۳؛ جواہر الکلام: ۱۵/۴۴۸؛ مدارک الاحکام: ۵/۲۸۰؛ شرح العروۃ: ۲۴/۲۴۳؛ غنائم الایام: ۴/۲۱۵؛ فقہ الصادقؑ: ۷/۲۸۶؛ مصباح الہدیٰ: ۱۰/۳۳۴؛ مراۃ العقول: ۱۶/۸۵؛ مناہج الاخبار: ۲/۹۳؛ ملاذ الاخیار: ۶/۱۶۳

[3] الکافی: ۳/۵۴۸ ح ۴؛ الوافی: ۱۰/۲۰۶؛ وسائل الشیعہ: ۹/۲۵۸ ح ۱۱۹۷۰

[4] تعالیق مبسوطہ: ۶/۴۸؛ شرح العروۃ: ۲۴/۲۴؛ مراۃ العقول: ۱۶/۸۶؛ الزکاۃ فی الشریعہ: ۲/۳۳؛ مصباح الفقیہ: ۱۳/۵۰۵

(مستحبی صدقہ) ہے اس میں کوئی حرج نہیں ہے اور اگر ایسا ہوتا (کہ مستحبی صدقہ بھی حرام ہوتا) تو پھر وہ مکہ کا سفر ہی نہ کر سکتے کیونکہ یہاں (راستہ میں) جو بھی پانی ہیں وہ بالعموم صدقہ کا ہی ہے۔ ①

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ②

{1593} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عِيسَى عَنْ حَرِيزٍ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ رَجُلٌ بَعَثَ بِزَكَاةِ مَالِهِ لِتُقْسَمَ فَضَاعَتْ هَلْ عَلَيْهِ ضَمَانُهَا حَتَّى تُقْسَمَ فَقَالَ إِذَا وَجَدَ لَهَا مَوْضِعاً فَلَمْ يَدْفَعْهَا فَهُوَ لَهَا ضَامِنٌ حَتَّى يَدْفَعَهَا وَ إِنْ لَمْ يَجِدْ لَهَا مَنْ يَدْفَعُهَا إِلَيْهِ فَبَعَثَ بِهَا إِلَى أَهْلِهَا فَلَيْسَ عَلَيْهِ ضَمَانٌ لِأَنَّهَا قَدْ خَرَجَتْ مِنْ يَدِهِ وَ كَذَلِكَ الْوَصِيُّ الَّذِي يُوصَى إِلَيْهِ يَكُونُ ضَامِناً لِمَا دُفِعَ إِلَيْهِ إِذَا وَجَدَ رَبَّهُ الَّذِي أُمِرَ بِدَفْعِهِ إِلَيْهِ فَإِنْ لَمْ يَجِدْ فَلَيْسَ عَلَيْهِ ضَمَانٌ.

❁ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا کہ اگر کوئی شخص اپنی زکوٰۃ کسی جگہ تقسیم کرنے کے لئے بھیجے اور وہ تلف ہو جائے تو کیا وہ شخص اس کا ضامن ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر تو وہاں مستحق موجود تھا اور اس نے اس کے باوجود منتقل کی پھر وہ ضامن ہے اور اگر یہاں مستحق نہیں تھا اس لئے مستحقین کی طرف بھیجی تو پھر وہ ضامن نہیں ہے کیونکہ اس کے ہاتھ سے تو وہ (صحیح طریقہ پر) نکل چکی تھی اور یہی حکم اس وصی کا ہے جسے (ادائیگی زکوٰۃ کی) وصیت کی جائے کہ وہ باوجود وہاں مستحق ہونے کے اگر وہاں سے منتقل کرے گا تو ضامن ہوگا اور اگر وہاں مستحق نہ ہوا تو پھر ضامن نہیں ہوگا۔ ③

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ ④

---

① الکافی: ۵۹/۴ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۹۲/۴ ح ۲۶؛ وسائل الشیعہ: ۲۷۲/۹ ح ۲۰۰۲؛ الوافی: ۹۵/۱۰؛ المعتبر: ۵۸۴/۲؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۴

② الزکاۃ فی الشریعہ: ۱۴/۲؛ آراء الفقہیہ: ۵۲/۳؛ المرتقی الی الفقہ کتاب الزکاۃ: ۲۹/۲؛ مدارک الاحکام: ۵۵/۵؛ موسوعہ احکام الاطفال: ۲۸؛ شرح العروہ: ۸۷/۲۴؛ ذخیرۃ المعاد: ۶۱/۲؛ مسالک الافہام: ۴۱۱/۵؛ فقہ الصادقؑ: ۸/۷؛ مستمسک العروہ: ۳۰۸/۹؛ مصابیح الظلام: ۴۹۵/۱۰

③ الکافی: ۵۵۳/۳ ح ۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳۰/۲ ح ۱۷؛ تہذیب الاحکام: ۴۷/۴ ح ۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۸۵/۹ ح ۲۰۳۳؛ الوافی: ۲۱۳/۱۰؛ ھدایۃ الامہ: ۸۴/۴

④ تنقیح مبانی العروۃ کتاب الزکاۃ: ۱۵۷؛ جواہر الکلام: ۳۵/۱۵؛ شرح العروۃ: ۲۱۹/۲۴؛ ریاض المسائل: ۱۱۰/۵؛ مستمسک العروۃ: ۱۰۰/۹؛ مدارک العروہ کتاب الخمس: ۹۳/۲؛ کتاب الزکاۃ منتظری: ۵۵؛ مصباح الفقیہ: ۵۶/۱۳؛ المناظر الناضرۃ: ۷۰/۲؛ القواعد الفقہیہ مکارم: ۲۶/۲؛ کتاب الخمس شاہرودی: ۵۳/۲؛ المرتقی الی الفقہ: ۲۶/۲؛ انوار الفقاہہ کتاب الخمس: ۵۴۳؛ تعالیق مبسوطہ: ۲۰۳/۶؛ مدارک الاحکام: ۲۹۱/۵؛ منتھی المطلب: ۲۸۵/۸؛ ذخیرۃ المعاد: ۴۶/۲؛ فقہ الصادقؑ: ۵۲/۷؛ روضۃ المتقین: ۶/۳؛ لوامع صاحبقرانی: ۵۱۱/۵؛ مصباح الفقیہ: ۵۶/۱۳؛ غنائم الایام: ۹۱/۴؛ مرآۃ العقول: ۹۶/۱۶؛ ملاذ الاخیار: ۱۲۰/۶

{1594} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ وَ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ شَاذَانَ جَمِيعاً عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنِ الْأَحْوَلِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ : فِي رَجُلٍ عَجَّلَ زَكَاةَ مَالِهِ ثُمَّ أَيْسَرَ الْمُعْطَى قَبْلَ رَأْسِ السَّنَةِ قَالَ يُعِيدُ الْمُعْطِي الزَّكَاةَ.

احول سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے اس شخص کے بارے میں جس نے وقت سے پہلے زکوۃ ادا کی تھی اور وہ شخص جسے زکوۃ دی تھی وہ سال مکمل ہونے سے پہلے مالدار ہو گیا فرمایا تو زکوۃ دینے والا دوبارہ زکوۃ ادا کرے گا۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن کالصحیح ہے۔ [2]

{1595} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عِيسَى عَنْ حَرِيزٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ يَزِيدَ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ الرَّجُلُ يَكُونُ عِنْدَهُ الْمَالُ أَ يُزَكِّيهِ إِذَا مَضَى نِصْفُ السَّنَةِ قَالَ لاَ وَ لَكِنْ حَتَّى يَحُولَ عَلَيْهِ الْحَوْلُ وَ يَحِلَّ عَلَيْهِ إِنَّهُ لَيْسَ لِأَحَدٍ أَنْ يُصَلِّيَ صَلاَةً إِلاَّ لِوَقْتِهَا وَ كَذَلِكَ الزَّكَاةُ وَ لاَ يَصُومُ أَحَدٌ شَهْرَ رَمَضَانَ إِلاَّ فِي شَهْرِهِ إِلاَّ قَضَاءً وَ كُلُّ فَرِيضَةٍ إِنَّمَا تُؤَدَّى إِذَا حَلَّتْ.

عمر بن یزید کا بیان ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ ایک شخص کے پاس (بقدر نصاب) مال موجود ہے تو کیا جب چھ ماہ گزر جائیں تو وہ زکوۃ ادا کرے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں بلکہ اس وقت ادا کرے جب پورا سال گزر جائے اور جس طرح وقت سے پہلے کسی شخص کے لئے نماز پڑھنا جائز نہیں ہے اسی طرح زکوۃ بھی (وقت سے پہلے ادا نہیں کی جاسکتی) ہے اور جس طرح اگر کوئی شخص ماہ رمضان کا روزہ بھی رکھتا ہے تو اسی مہینے میں رکھتا ہے سوائے قضا کے تو اسی طرح ہر فریضہ اسی وقت ادا کیا جاتا ہے جب اس کا وقت داخل ہو جائے۔ [3]

---

[1] الکافی: ۵۴۵/۳ ح ۲؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳۰/۲ ح ۱۶۱۵؛ تہذیب الاحکام: ۴۵/۴ ح ۱۱۷؛ الاستبصار: ۳۳/۲ ح ۹۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۱۳/۹ ح ۱۱۸۹۷؛ الوافی: ۱۳۶/۱۰؛ المعتبر: ۵۵۵/۲

[2] شرح فروع مازندرانی: ۹۳/۳؛ کتاب الزکاۃ منتظری: ۹۵/۳؛ شرح العروۃ: ۲۰/۲۴؛ الزکاۃ فی الشریعہ: ۳۳۳/۲؛ مدارک الاحکام: ۲۹۳/۵؛ المرتقی الی الفقہ کتاب الزکاۃ: ۳۷/۳؛ مراۃ العقول: ۸۰/۱۶؛ روضۃ المتقین: ۷۵/۳؛ لوامع صاحبقرانی: ۵۰۸/۵؛ ملاذ الاخیار: ۱۱۵/۶

[3] الکافی: ۵۲۳/۳ ح ۸؛ تہذیب الاحکام: ۴۳/۴ ح ۱۱۰؛ الاستبصار: ۳۱/۲ ح ۹۲؛ وسائل الشیعہ: ۳۰۵/۹ ح ۱۲۰۸۴؛ الوافی: ۱۳۵/۱۰؛ ھدایۃ الامۃ: ۹۲/۴؛ المعتبر: ۵۵۵/۲

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔[1]

{1596} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ يُونُسَ بْنِ يَعْقُوبَ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ زَكَاتِي تَحِلُّ عَلَيَّ فِي شَهْرٍ أَ يَصْلُحُ لِي أَنْ أَحْبِسَ مِنْهَا شَيْئاً مَخَافَةَ أَنْ يَجِيئَنِي مَنْ يَسْأَلُنِي فَقَالَ إِذَا حَالَ الْحَوْلُ فَأَخْرِجْهَا مِنْ مَالِكَ لاَ تَخْلِطْهَا بِشَيْءٍ ثُمَّ أَعْطِهَا كَيْفَ شِئْتَ قَالَ قُلْتُ فَإِنْ أَنَا كَتَبْتُهَا وَ أَثْبَتُّهَا يَسْتَقِيمُ لِي قَالَ لاَ يَضُرُّكَ.

❁ یونس بن یعقوب سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ ایک مہینہ میں مجھ پر زکوٰۃ واجب ہو جاتی ہے تو کیا اس ارادہ سے اس کی ادائیگی میں دیر کرنا جائز ہے کہ شاید کوئی سائل آ جائے تو میرے پاس کچھ مال موجود ہو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب سال پورا ہو جائے تو اسے اپنے سے نکال لو اور اسے کسی چیز سے مخلوط نہ کرو پھر جیسے چاہو ادا کرو۔

راوی کہتا ہے کہ میں نے عرض کیا: اگر میں لکھ لوں (کہ میرے ذمے کتنی زکوٰۃ ہے) تو کیا یہ ٹھیک رہے گا۔

آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ تمہارے لئے نقصان دہ نہیں ہے۔[2]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔[3]

{1597} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي نَصْرٍ عَنْ عَاصِمِ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ اَلرَّجُلُ مِنْ أَصْحَابِنَا يَسْتَحْيِي أَنْ يَأْخُذَ مِنَ الزَّكَاةِ فَأُعْطِيهِ مِنَ الزَّكَاةِ وَ لاَ أُسَمِّي لَهُ أَنَّهَا مِنَ الزَّكَاةِ فَقَالَ أَعْطِهِ وَ لاَ تُسَمِّ لَهُ وَ لاَ تُذِلَّ الْمُؤْمِنَ.

---

[1] ریاض المسائل: ۵/۱۱۱؛ تعالیق مبسوطہ: ۶/۲۱۵؛ الزکاۃ فی الشریعہ: ۲/۳۰۳؛ کتاب الزکاۃ منتظری: ۳/۲۱۱؛ شرح العروۃ: ۲۳/۲۵۹؛ جواہر الکلام فی ثوبہ: ۸/۵۷۳؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۴۲۹؛ فقہ الصادقؑ: ۷/۵۳؛ مدارک الاحکام: ۵/۲۹۲؛ منتھی المطلب: ۸/۲۸۲؛ مصباح الہدیٰ: ۱۰/۳۴۵؛ مصابیح الظلام: ۱۰/۴۵۳؛ مراۃ العقول: ۱۶/۴۳؛ ملاذ الاخیار: ۶/۱۱۲؛ مناہج الاخیار: ۲/۵۲

[2] الکافی: ۳/۵۲۲ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۴/۴۵ ح ۱۱۹؛ وسائل الشیعہ: ۹/۳۰۷ ح ۱۲۰۸۸؛ الوافی: ۱۰/۸۳؛ عوالی اللئالی: ۳/۱۱۸ (مختصراً)؛ ھدایۃ الامہ: ۴/۹۳

[3] مراۃ العقول: ۱۶/۴۲؛ غنائم الایام: ۴/۸۷؛ جواہر الکلام: ۱۵/۳۵۸؛ شرح العروۃ: ۲۴/۵۴؛ کتاب الزکاۃ منتظری: ۴/۲۰۱؛ الحدائق الناضرۃ: ۱۲/۱۷۵؛ فقہ الصادقؑ: ۷/۵۰؛ منتھی المطلب: ۸/۲۸۶؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۴۲۸؛ المرتقی الی الفقہ کتاب الزکاۃ: ۲/۱۶۳؛ شرح مازندرانی: ۳/۹۰؛ جواہر الکلام فی ثوبہ: ۸/۵۶۳؛ مصابیح الظلام: ۱۰/۴۴۳؛ تعالیق مبسوطہ: ۶/۲۱۱؛ مدارک الاحکام: ۵/۲۹۰؛ مصباح الہدیٰ: ۱۰/۳۴۵؛ تفصیل الشریعہ: ۹/۲۹۹؛ الموسوعۃ الفقہیۃ المیسرۃ: ۹/۲۸۵

۞ ابوبصیر سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے عرض کیا کہ ہمارے اصحاب میں سے ایک شخص ہے جو زکوۃ قبول کرنے سے حیا کرتا ہے تو کیا میں اسے اس طرح زکوۃ دے سکتا ہوں کہ اس سے زکوۃ کا نام نہ لوں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اسے دو اور اس سے نام نہ لو اور مومن کو ذلیل نہ کرو۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن کالصحیح یا حسن ہے [2]

﴿زکوۃ فطرہ﴾

{1598} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ يَزِيدَ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الرَّجُلِ يَكُونُ عِنْدَهُ الضَّيْفُ مِنْ إِخْوَانِهِ فَيَحْضُرُ يَوْمُ الْفِطْرِ يُؤَدِّي عَنْهُ الْفِطْرَةَ فَقَالَ (نَعَمْ الْفِطْرَةُ وَاجِبَةٌ عَلَى كُلِّ مَنْ يَعُولُ مِنْ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثَى صَغِيرٍ أَوْ كَبِيرٍ حُرٍّ أَوْ مَمْلُوكٍ)

۞ عمر بن یزید سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص کے پاس اس کا کوئی (دینی) بھائی مہمان ہوتا ہے اور فطرہ کا دن آ جاتا ہے تو کیا وہ اس کا فطرہ بھی ادا کرے گا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں۔ فطرہ ہر اس شخص کا واجب ہے جس کی تم عیالت و کفالت کرتے ہو خواہ نر ہوں یا مادہ، چھوٹے ہوں یا بڑے اور آزاد ہوں یا غلام۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{1599} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي

---

[1] الکافی: ۳/ ۵۶۳ ح ۳؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/ ۱۳ ح ۱۵۹۷؛ تہذیب الاحکام: ۴/ ۱۰۳ ح ۲۹۳؛ المقنعہ: ۲۶۰؛ وسائل الشیعہ: ۹/ ۳۱۴ ح ۱۲۱۰۷؛ الوافی: ۱۰/ ۲۱۸؛ المعتبر: ۲/ ۵۹۲؛ ھدایۃ الامہ: ۴/ ۸۳

[2] الزکاۃ فی الشریعہ: ۲/ ۱۷؛ شرح العروۃ: ۲۴/ ۲۳۳؛ کتاب الزکاۃ منتظری: ۲/ ۹۷۳؛ المرتقی الی الفقہ: ۲/ ۹۴۲؛ مصابیح الظلام: ۱۰/ ۳۱۱؛ جواہر الکلام فی ثوبہ: ۸/ ۲۵۸؛ روضۃ المتقین: ۳/ ۲۲۲؛ لوامع صاحبقرانی: ۵/ ۴۳؛ فقہ الصادقؑ: ۷/ ۲۲۸؛ موسوعہ الفقہ الاسلامی: ۲۶/ ۶۸؛ مرآۃ العقول: ۱۶/ ۱۱۵

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/ ۱۸۰ ح ۲۰۶۷؛ الکافی: ۴/ ۱۷۳ ح ۱۲؛ تہذیب الاحکام: ۴/ ۳۳۲ ح ۱۰۴۰؛ الوافی: ۱۰/ ۲۳۳؛ وسائل الشیعہ: ۹/ ۳۲۷ ح ۱۲۱۱۱

[4] منتقی مبانی العروۃ کتاب الزکاۃ: ۲/ ۴۰۲؛ الزکاۃ فی الشریعہ: ۲/ ۴۱۹؛ جواہر الکلام: ۱۵/ ۴۹۴؛ غنائم الایام: ۴/ ۲۳۶؛ فقہ العترۃ: ۹۲؛ فقہ الصادقؑ: ۷/ ۳۱۵؛ مستمسک العروۃ: ۹/ ۳۹۶؛ مصابیح الظلام: ۱۰/ ۵۶۳؛ تفصیل الشریعہ: ۹/ ۳۳۷؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/ ۴۷۲؛ شرح العروۃ: ۲۴/ ۳۹۱؛ حدود الشریعہ: ۲/ ۳۱۰؛ المرتقی الی الفقہ کتاب الزکاۃ: ۳/ ۲۰۸؛ ریاض المسائل: ۵/ ۱۹۶؛ تبصرۃ الفقہاء: ۳/ ۳۱۲؛ روضۃ المتقین: ۳/ ۴۸۳؛ لوامع صاحبقرانی: ۶/ ۲۶۳

عَبْدِ اللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سُئِلَ عَنْ رَجُلٍ يَأْخُذُ مِنَ الزَّكَاةِ عَلَيْهِ صَدَقَةُ الْفِطْرَةِ قَالَ لاَ.

❁ حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ جو شخص خود زکوۃ وصول کرتا ہے تو کیا اس صدقہ فطرہ واجب ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1600} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ سَعْدٍ الْأَشْعَرِيِّ عَنْ أَبِي الْحَسَنِ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الْفِطْرَةِ كَمْ تُدْفَعُ عَنْ كُلِّ رَأْسٍ مِنَ الْحِنْطَةِ وَ الشَّعِيرِ وَ التَّمْرِ وَ الزَّبِيبِ قَالَ صَاعٌ بِصَاعِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ.

❁ سعد بن سعد الاشعری سے روایت ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام سے پوچھا کہ ہر شخص کی جانب سے گندم، جو، خرما اور خشک انگور میں سے کس قدر فطرہ ادا کیا جائے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صاع کے مطابق ایک صاع۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

قول مؤلف:

امام علی نقی علیہ السلام سے صاع کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: ایک صاع چھ رطل مدنی کا اور نو رطل عراقی کا

---

[1] تہذیب الاحکام: ۴/ ۳۷ ح ۱۰۳؛ الاستبصار: ۲/ ۴۰ ح ۱۲۵؛ وسائل الشیعہ: ۹/ ۳۲۱ ح ۱۲۱۲۱؛ الوافی: ۱۰/ ۲۳۷؛ ھدایۃ الامۃ: ۴/ ۹۶

[2] الزکاۃ فی الشریعہ: ۲/ ۵۹۷؛ شرح العروۃ: ۲۴/ ۳۷۵؛ تعالیق مبسوطۃ: ۶/ ۲۸۲؛ المرتقی الی الفقہ کتاب الزکاۃ: ۳/ ۱۸۰؛ جواہر الکلام فی ثوبہ: ۸/ ۳۷۸؛ مستمسک العروۃ: ۹/ ۳۹۰؛ منتھی المطلب: ۹/ ۳۹۰؛ الحدائق: ۳/ ۱۱۶؛ غنائم الایام: ۴/ ۲۳۱؛ جواہر الکلام: ۱۵/ ۴۸۸؛ مدارک الاحکام: ۵/ ۳۱۱؛ حدود الشریعہ: ۲/ ۵۰۳؛ مصابیح الظلام: ۱۰/ ۳۲۳؛ ملاذ الاخیار: ۶/ ۱۹۷

[3] الکافی: ۴/ ۱۷۲ ح ۹؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/ ۱۷۶ ح ۲۰۶۳؛ تہذیب الاحکام: ۴/ ۸۰ ح ۲۲۷؛ الاستبصار: ۲/ ۴۶ ح ۱۴۸؛ الوافی: ۱۰/ ۲۵۱؛ وسائل الشیعہ: ۹/ ۳۳۲ ح ۱۲۱۵۶

[4] مدارک الاحکام: ۵/ ۳۴۰؛ شرح العروۃ: ۲۴/ ۴۵۰؛ فقہ العترۃ: ۲۰۲؛ تفصیل الشریعہ: ۹/ ۳۴۶؛ غنائم الایام: ۴/ ۲۵۸؛ مراۃ العقول: ۱۶/ ۴۱۶؛ روضۃ المتقین: ۳/ ۴۷۵؛ لوامع صاحبقرانی: ۶/ ۲۵۸؛ ملاذ الاخیار: ۶/ ۲۱۹

ہوتا ہے اور وزن کے لحاظ سے یہ گیارہ سوستر درہم کے برابر ہوتا ہے۔ [1]

آج کے زمانے میں اس کی مقدار تقریباً تین کلو سات سو گرام کے لگ بھگ بنے گی۔ (واللہ اعلم)

{1601} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الصَّفَّارِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ يُونُسَ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ وَ عَنْ يُونُسَ عَنِ ابْنِ مُسْكَانَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: الْفِطْرَةُ عَلَى كُلِّ قَوْمٍ مِمَّا يَغْذُونَ عِيَالاَتِهِمْ مِنْ لَبَنٍ أَوْ زَبِيبٍ أَوْ غَيْرِهِ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ہر قوم کو اس چیز سے فطرہ دینا چاہیے جو وہ خود کھاتے ہیں اور اپنے اہل وعیال کو کھلاتے ہیں خواہ وہ دودھ ہو یا خشک انگور وغیرہ۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [3]

{1602} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ سَعْدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ فَضَّالٍ عَنْ ثَعْلَبَةَ بْنِ مَيْمُونٍ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ بَأْسَ بِالْقِيمَةِ فِي الْفِطْرَةِ

اسحاق بن عمار سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: فطرہ میں (اہل جنس کی بجائے) اس کی قیمت ادا کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ [4]

تحقیق:

حدیث موثق یا موثق کالصحیح ہے۔ [5]

{1603} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ سَعْدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ سَيْفِ بْنِ عَمِيرَةَ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ صَدَقَةِ الْفِطْرَةِ قَالَ التَّمْرُ

---

[1] الکافی: ۴/۱۷۲ ح۹؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/۱۷۶ ح۲۰۶۳؛ تہذیب الاحکام: ۴/۸۳ ح۲۴۳؛ الاستبصار: ۲/۴۹ ح۱۶۳؛ معانی الاخبار: ۱/۲۴۹؛ عیون اخبار الرضاؑ: ۱/۳۰۹؛ وسائل الشیعہ: ۹/۳۴۰؛ بحار الانوار: ۹۳/۱۰۶

[2] تہذیب الاحکام: ۴/۷۸ ح۲۲۱؛ الاستبصار: ۲/۴۳ ح۱۳۷؛ وسائل الشیعہ: ۹/۳۴۳ ح۱۸۵۲۱؛ الوافی: ۱۰/۲۴۹؛ الفصول المہمہ: ۲/۱۴۲

[3] الزکاۃ فی الشریعہ: ۲/۲۶۰؛ فقہ الفطرہ: ۲/۱۷؛ شرح العروۃ: ۲۴/۴۲۸؛ المرتقی الی الفقہ کتاب الزکاۃ: ۳/۲۶۲؛ مستمسک العروۃ: ۲۴/۴۲۸؛ المرتقی الی الفقہ کتاب الزکاۃ: ۳/۲۶۲؛ مستمسک العروۃ: ۹/۴۱۳؛ تفصیل الشریعہ: ۹/۳۴۷؛ مصابیح الظلام: ۱۰/۵۹۰؛ ملاذ الاخیار: ۶/۲۱۲

[4] تہذیب الاحکام: ۴/۷۸ ح۲۵۸؛ الاستبصار: ۲/۵۰ ح۱۶۷؛ وسائل الشیعہ: ۹/۳۴۸ ح۱۹۸؛ الوافی: ۱۰/۲۶۵؛

[5] ملاذ الاخیار: ۶/۲۱۳؛ مدارک الاحکام: ۵/۳۳۶؛ مصابیح الظلام: ۱۰/۵۹۶

أَفْضَلُ.

۞ اسحاق بن عمار سے روایت ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے صدقۂ فطرہ کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: خرما افضل ہے۔ (1)

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ (2)

{1604} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَلْحُسَيْنِ عَنِ اِبْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ عَنْ مَوْلُودٍ وُلِدَ لَيْلَةَ اَلْفِطْرِ عَلَيْهِ فِطْرَةٌ قَالَ لاَ قَدْ خَرَجَ اَلشَّهْرُ وَ سَأَلْتُهُ عَنْ يَهُودِيٍّ أَسْلَمَ لَيْلَةَ اَلْفِطْرِ عَلَيْهِ فِطْرَةٌ قَالَ لاَ.

۞ معاویہ بن عمار سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ جو مولود عید الفطر کی رات پیدا ہو کیا اس پر فطرہ ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں کیونکہ ماہ (رمضان) گزر گیا

اور میں نے آپ علیہ السلام سے یہودی کے بارے میں پوچھا جو عید الفطر کی رات اسلام لائے کہ کیا اس پر فطرہ ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں۔ (3)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (4)

{1606} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ يُونُسَ عَنْ عَبْدِ اَللَّهِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: كُلُّ مَنْ ضَمَمْتَ إِلَى عِيَالِكَ مِنْ حُرٍّ أَوْ مَمْلُوكٍ فَعَلَيْكَ أَنْ

---

(1) تہذیب الاحکام: ۴/۸۵ ح ۲۴۷؛ الوافی: ۱۰/۲۶۱؛ وسائل الشیعہ: ۹/۳۵۰ ح ۱۲۲۰۷

(2) ملاذ الاخیار: ۶/۲۳۰؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۴۷۵؛ مدارک تحریر الوسیلہ (الزکاۃ والخمس): ۴۱۷؛ تفصیل الشریعہ: ۹/۳۵۱؛ فقہ الفطرۃ: ۱۸۲؛ موسوعہ الامام الخوئی: ۲۴/۴۳۹؛ تنقیح مبانی العروۃ (الزکاۃ والخمس): ۲۱۴

(3) تہذیب الاحکام: ۴/۷۲ ح ۱۹۷؛ الکافی: ۴/۱۷۲ ح ۱۲؛ الوافی: ۱۰/۲۴۳۵؛ وسائل الشیعہ: ۹/۳۵۲ ح ۱۲۲۱۴

(4) ملاذ الاخیار: ۶/۱۹۶؛ مدارک الاحکام: ۵/۳۴۵؛ منتھی المطلب: ۸/۴۷۶؛ غنائم الایام: ۴/۲۶۶؛ حدود الشریعہ: ۲/۴۰۶؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۴۷۳؛ فقہ الصادقؑ: ۷/۲۹۶؛ مصابیح الظلام: ۱۰/۵۷۷؛ جواہر الکلام: ۱۵/۵۲۸؛ الزکاۃ فی الشریعہ: ۲/۴۰۶؛ المرتقی الی الفقہ کتاب الزکاۃ: ۳/۱۹۹؛ مصباح المنہاج کتاب الصوم: ۳۲۱؛ تعالیق مبسوطہ: ۶/۲۷۴

تُؤَدِّيَ ٱلْفِطْرَةَ عَنْهُ قَالَ فَإِعْطَاءُ ٱلْفِطْرَةِ قَبْلَ ٱلصَّلاَةِ أَفْضَلُ وَبَعْدَ ٱلصَّلاَةِ صَدَقَةٌ.

❁ عبداللہ بن سنان سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: وہ تمام لوگ جن کو تم اپنے اہل وعیال میں شامل کرو خواہ آزاد ہوں یا غلام تو تم پر لازم ہے کہ ان کا فطرہ ادا کرو اور فطرہ نماز (عید) سے پہلے ادا کر دینا افضل ہے اور اس کے بعد صدقہ ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1606} مُحَمَّدُ بْنُ ٱلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ ٱلْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ عَبْدِ ٱللَّهِ بْنِ مَيْمُونٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ ٱللَّهِ عَنْ أَبِيهِ عَلَيْهِمَا ٱلسَّلاَمُ قَالَ: زَكَاةُ ٱلْفِطْرَةِ صَاعٌ مِنْ تَمْرٍ أَوْ صَاعٌ مِنْ زَبِيبٍ أَوْ صَاعٌ مِنْ شَعِيرٍ أَوْ صَاعٌ مِنَ ٱلْأَقِطِ عَنْ كُلِّ إِنْسَانٍ حُرٍّ أَوْ عَبْدٍ صَغِيرٍ أَوْ كَبِيرٍ وَلَيْسَ عَلَى مَنْ لاَ يَجِدُ مَا يَتَصَدَّقُ بِهِ حَرَجٌ.

❁ امام جعفر صادق علیہ السلام نے اپنے والد بزرگوار علیہ السلام سے روایت کیا ہے کہ زکوۃ فطرہ ہر انسان کی طرف سے خواہ وہ آزاد ہو یا غلام؛ چھوٹا ہو یا بڑا ایک صاع ہے خواہ خرما سے ہو یا خشک انگور سے یا جو سے اور یا پنیر (وغیرہ) سے اور جس کے پاس صدقہ (فطرہ) دینے کے لئے کچھ نہیں ہے تو اس کے لیے کوئی حرج نہیں ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق ہے۔ [4]

﴿زکوۃ کا مصرف﴾

{1607} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ ٱلْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَبْدُ ٱلْوَاحِدِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبْدُوسٍ ٱلنَّيْسَابُورِيُّ ٱلْعَطَّارُ رَضِيَ ٱللَّهُ عَنْهُ بِنَيْسَابُورَ فِي شَعْبَانَ سَنَةَ اِثْنَتَيْنِ وَ خَمْسِينَ وَ ثَلاَثِمِائَةٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ قُتَيْبَةَ ٱلنَّيْسَابُورِيُّ عَنِ ٱلْفَضْلِ بْنِ شَاذَانَ عَنِ ٱلرِّضَا عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ فِي كِتَابِهِ إِلَى ٱلْمَأْمُونِ قَالَ: زَكَاةُ

---

[1] الکافی: ۴/۱۷۰ ح ۱؛ وسائل الشیعہ: ۹/۳۵۳ ح ۱۲۲۱۶؛ الوافی: ۱۰/۲۳۳

[2] مرآۃ العقول: ۱۶/۱۳۴۳؛ المرتقی الی الفقہ کتاب الزکاۃ: ۳/۱۷۵؛ تعالیق مبسوطہ: ۶/۲۷۷؛ الزکاۃ فی الشریعہ: ۲/۲۱۹؛ منتھی المطلب: ۸/۴۴۱؛ مستمسک مبانی العروۃ کتاب الزکاۃ: ۲۰۳؛ فقہ الصادق: ۲۲۹

[3] تہذیب الاحکام: ۴/۷۵ ح ۲۱۱؛ الاستبصار: ۲/۴۲ ح ۱۳۵؛ وسائل الشیعہ: ۹/۳۴۱ ح ۱۲۱۲۲؛ الوافی: ۱۰/۲۴۹؛ المعتبر: ۲/۶۰۶؛ تہذیب الاحکام: ۴/۸۱ ح ۲۳۱؛ الاستبصار: ۲/۴۷ ح ۱۵۲

[4] ذخیرۃ المعاد: ۲/۴۷۱؛ تبصرۃ الفقہاء: ۳/۲۹۸؛ فقہ الصادق: ۱۳؛ مدارک الاحکام: ۵/۳۳۳؛ شرح فروع الکافی مازندرانی: ۴/۴۵۳؛ ملاذ الاخیار: ۶/۲۰۲

اَلْفِطْرِ فَرِيضَةٌ عَلَى كُلِّ رَأْسٍ صَغِيرٍ أَوْ كَبِيرٍ حُرٍّ أَوْ عَبْدٍ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثَى مِنَ الْحِنْطَةِ وَ الشَّعِيرِ وَ التَّمْرِ وَ الزَّبِيبِ صَاعٌ وَ هُوَ أَرْبَعَةُ أَمْدَادٍ وَ لَا يَجُوزُ دَفْعُهَا إِلَّا إِلَى أَهْلِ الْوَلَايَةِ.

فضل بن شاذان سے روایت ہے کہ امام علی رضا علیہ السلام نے مامون عباسی کو مکتوب لکھا (جس میں یہ بھی لکھا) کہ زکوۃ فطرہ ہر چھوٹے بڑے، آزاد، غلام، مرد اور عورت کے سر پر گندم، جو، کھجور اور خشک انگور سے ایک صاع فرض ہے اور ایک صاع چار مد کے برابر ہے اور یہ (فطرہ) سوائے اہل ولایت کے کسی اور کو دینا جائز نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [2] یا حسن کالصحیح ہے [3] یا یہ کہ اگر اسے اصطلاح میں صحیح نہ بھی کہا جائے پھر بھی یہ صحیح سے کم نہیں ہے [4] یا یہ کہ یہ حدیث معتبر ہے۔ [5]

قول مؤلف:

یہ طویل خط ہے جس میں سے کچھ اس سے قبل حدیث نمبر 1191، 1203 اور 1570 میں نقل ہوا ہے تفصیل کے لیے وہیں رجوع کیا جائے نیز حدیث شرائع الدین میں بھی یہی حکم وارد ہوا ہے۔ [6]

{1608} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الصَّفَّارِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى قَالَ: كَتَبَ إِلَيْهِ إِبْرَاهِيمُ بْنُ عُقْبَةَ يَسْأَلُهُ عَنِ الْفِطْرَةِ كَمْ هِيَ بِرِطْلِ بَغْدَادَ عَنْ كُلِّ رَأْسٍ وَ هَلْ يَجُوزُ إِعْطَاؤُهَا غَيْرَ مُؤْمِنٍ فَكَتَبَ إِلَيْهِ عَلَيْكَ أَنْ تُخْرِجَ عَنْ نَفْسِكَ صَاعاً بِصَاعِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ وَ عَنْ عِيَالِكَ أَيْضاً لَا يَنْبَغِي لَكَ أَنْ تُعْطِيَ زَكَاتَكَ إِلَّا مُؤْمِناً.

محمد بن عیسٰی سے روایت ہے کہ ابراہیم بن عقبہ نے ان (امام علی نقی علیہ السلام) کو خط لکھا جس میں یہ مسئلہ پوچھا تھا کہ بغدادی رطل کے حساب سے ہر شخص پر کس قدر فطرہ واجب ہے اور کیا اسے غیر مومن کو دینا جائز ہے؟

---

[1] عیون اخبار الرضاؑ: ۲/۱۲۱ باب ۳۵ ح ۱؛ وسائل الشیعہ: ۹/۵۸ ح ۱۲۳۳۳ و ۹/۳۳۹ ح ۱۲۱۷۷؛ بحار الانوار: ۱۰/۳۵۲؛ عوالم العلوم: ۲۰/۵۷۹؛ تحف العقول: ۴۱۸

[2] سداد العباد: ۲۵۴؛ الانوار اللوامع: ۱۰/۲۹۷ و ۱۳/۲۰۳؛ عیون اخبار الرضاؑ: ایضاح ۲

[3] کتاب الصلاۃ تراث الشیخ الانصاری: ۲/۸۶

[4] شرح مکاسب: ۲/۴۶۱

[5] جواہر الکلام: ۱۰/۲۸۵؛ فقہ الصادقؑ: ۹/۱۱۲؛ جواہر الکلام فی ثوبہ: ۵/۵۴۶؛ الآراء الفقہیہ: ۳/۴۰۳ و ۱۰/۱۱ و ۸۲/۳ و ۳/۴۰۷؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۲/۱۴؛ بحار الانوار: ۸۵/۲۷

[6] الخصال: ۲/۶۰۳؛ بحار الانوار: ۱۰/۲۲۲؛ عوالم العلوم: ۲۰/۵۷۹؛ وسائل الشیعہ: ۹/۳۳۹ ح ۱۲۱۷۵

امام علیہ السلام نے اس کی طرف جواب لکھا کہ تم پر اپنی اور اپنے اہل وعیال کی جانب سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صاع کے مطابق ایک صاع ادا کرنا لازم ہے اور تمہیں اپنی زکوۃ مومن کے سوا کسی اور کو نہیں دینی چاہیے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1609} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ فَضَالَةَ بْنِ أَيُّوبَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ بُرَيْدٍ عَنْ مَالِكٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ زَكَاةِ الْفِطْرَةِ قَالَ تُعْطِيهَا الْمُسْلِمِينَ فَإِنْ لَمْ تَجِدْ مُسْلِماً فَمُسْتَضْعَفاً وَأَعْطِ ذَا قَرَابَتِكَ مِنْهَا إِنْ شِئْتَ.

⭘ مالک الجہنی سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے زکوۃ فطرہ کے متعلق پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: اسے مسلمانوں کو دو اور اگر مسلمان نہ ملے تو مستضعف کو دو اور اگر چاہو تو اس سے قرابتداروں کو بھی دو۔ [3]

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔ [4]

{1610} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ هَاشِمٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ حَرِيزٍ عَنِ الْفُضَيْلِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: كَانَ جَدِّي عَلَيْهِ السَّلاَمُ يُعْطِي فِطْرَتَهُ الضُّعَفَاءَ وَمَنْ لاَ يَجِدُ وَمَنْ لاَ يَتَوَلَّى قَالَ وَقَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ هِيَ لِأَهْلِهَا إِلاَّ أَنْ لاَ تَجِدَهُمْ فَإِنْ لَمْ تَجِدْهُمْ فَلِمَنْ لاَ يَنْصِبُ وَلاَ تَنْقُلْ مِنْ أَرْضٍ إِلَى أَرْضٍ وَقَالَ الْإِمَامُ أَعْلَمُ يَضَعُهَا حَيْثُ يَشَاءُ وَيَصْنَعُ فِيهَا مَا يَرَى.

⭘ فضیل سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: میرے جد بزرگوار علیہ السلام اپنا فطرہ ان لوگوں کو دیتے تھے جو ضعیف ہوتے، غریب ہوتے اور جو تولا نہیں رکھتے تھے۔

راوی کہتا ہے کہ پھر امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: یہ (فطرہ) اس کے مستحقین کے لئے ہے مگر یہ کہ وہ نہ مل سکیں پس اگر وہ نہ مل سکیں تو پھر ان کو دو جو ناصبی نہ ہوں اور ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل نہ کرو۔

پھر فرمایا: امام علیہ السلام کو معلوم ہے تو وہ جہاں چاہیں گے صرف کریں گے اور جو ان کی مرضی ہوگی اس کے ساتھ وہ سلوک

---

[1] تہذیب الاحکام: ۴/۸۷ح ۲۵۷؛ وسائل الشیعہ: ۹/۳۵۸ ح ۱۲۲۳۰؛ الوافی: ۱۰/۲۶۸؛ ترتیب الاحکام: ۹/۷۰۱؛ الاستبصار: ۲/۵۱ ح ۱۷۰

[2] ملاذ الاخیار: ۶/۲۳۳؛ فقہ العترۃ: ۲۰۲؛ مصابیح الظلام: ۱۰/۵۹۳؛ المرتقیٰ الی الفقہ: ۳/۲۸۶

[3] الکافی: ۴/۱۷۳ ح ۱۸؛ تہذیب الاحکام: ۴/۸۷ ح ۲۵۵؛ وسائل الشیعہ: ۹/۳۵۹ ح ۱۲۲۳۴؛ الوافی: ۱۰/۲۶۷

[4] مرآۃ العقول: ۱۶/۴۲۳

کریں گے۔ ①

تحقیق:

حدیث حسن موثق یا موثق ہے۔ ②

{1611} مُحَمَّدُ بْنُ ٱلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ ٱلْحَسَنِ ٱلصَّفَّارِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى قَالَ حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ بِلاَلٍ وَ أَرَانِي قَدْ سَمِعْتُهُ مِنْ عَلِيِّ بْنِ بِلاَلٍ قَالَ: كَتَبْتُ إِلَيْهِ هَلْ يَجُوزُ أَنْ يَكُونَ ٱلرَّجُلُ فِي بَلْدَةٍ وَ رَجُلٌ مِنْ إِخْوَانِهِ فِي بَلْدَةٍ أُخْرَى يَحْتَاجُ أَنْ يُوَجِّهَ لَهُ فِطْرَةٌ أَمْ لاَ فَكَتَبَ تَقْسِمُ ٱلْفِطْرَةَ عَلَى مَنْ حَضَرَهَا وَ لاَ تُوَجِّهْ ذَلِكَ إِلَى بَلْدَةٍ أُخْرَى وَإِنْ لَمْ تَجِدْ مُوَافِقاً.

۞ علی بن بلال کا بیان ہے کہ میں نے ان (امام علی نقی علیہ السلام) کو خط لکھا کہ ایک شخص ایک شہر میں رہتا ہے اور اس کا ایک محتاج (دینی) بھائی دوسرے شہر میں رہتا ہے تو کیا فطرہ اس کی طرف بھیجا جا سکتا ہے یا نہیں؟

آپ علیہ السلام نے جواب میں لکھا کہ فطرہ وہاں حاضر لوگوں پر تقسیم کیا جائے اور اسے دوسرے شہر میں رہنے والے کی طرف نہ بھیجا جائے اگرچہ (یہاں) کوئی موافق (مذہب) موجود نہ ہو۔ ③

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ④

{1612} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ ٱلْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَقْطِينٍ أَنَّهُ سَأَلَ أَبَا ٱلْحَسَنِ ٱلْأَوَّلَ ع عَنْ زَكَاةِ ٱلْفِطْرَةِ أَ يَصْلُحُ أَنْ يُعْطَى ٱلْجِيرَانُ وَ ٱلظُّئُورَةُ مِمَّنْ لاَ يَعْرِفُ وَ لاَ يَنْصِبُ فَقَالَ لاَ بَأْسَ بِذَلِكَ إِذَا كَانَ مُحْتَاجاً.

۞ علی بن یقطین سے روایت ہے کہ انہوں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ کیا ایسے پڑوسیوں اور دایوں (بچے کو دودھ پلانے والی) کو فطرہ دیا جا سکتا ہے جو معرفت نہ رکھتے ہوں اور نہ ناصبی ہوں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر وہ محتاج ہوں تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ ⑤

---

① تہذیب الاحکام: ۸۸/۴ ح ۲۶۰؛ وسائل الشیعہ: ۳۶۰/۹ ح ۱۲۳۳۶؛ الوافی: ۲۶۹/۱۰؛ الاستبصار: ۵۱/۲ ح ۱۷۳

② ملاذ الاخیار: ۲۳۸/۶؛ فقہ الصادقؑ: ۲۶۲/۷؛ تفصیل الشریعہ: ۳۶۲/۹؛ المرتقی الی الفقہ الارقی کتاب الزکاۃ: ۳۲۱/۳؛ فقہ الصادقؑ: ۳۰۴/۷ و ۳۲۳؛ ذخیرۃ المعاد: ۴۷۱/۲

③ تہذیب الاحکام: ۸۸/۴ ح ۲۵۸؛ الاستبصار: ۵۱/۲ ح ۱۷۱؛ الوافی: ۲۶۹/۱۰؛ وسائل الشیعہ: ۳۶۰/۹ ح ۱۲۳۳۷

④ ملاذ الاخیار: ۲۳۵/۶؛ مصابیح الظلام: ۹۳/۱۰؛ فقہ العترۃ: ۲۴۹؛ تفصیل الشریعہ: ۳۶۲/۹؛ تعالیق مبسوطہ: ۳۰۰/۶؛ المرتقی الی الفقہ کتاب الزکاۃ: ۳۲۹/۳

⑤ من لا یحضرہ الفقیہ: ۱۸۰/۲ ح ۲۰۷۷؛ وسائل الشیعہ: ۳۶۱/۹ ح ۱۲۳۳۹؛ الوافی: ۲۷۰/۱۰؛ ھدایۃ الامہ: ۱۰۴/۴

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [1]

{1613} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ بَعْضِ أَصْحَابِنَا عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: (لاَ بَأْسَ بِأَنْ يُعْطِيَ الرَّجُلُ الرَّأْسَيْنِ وَ ثَلاَثَةً وَ أَرْبَعَةً) يَعْنِي الْفِطْرَةَ.

❂ اسحاق بن عمار سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اگر کوئی شخص کسی شخص کو دو، تین یا چار افراد کا فطرہ دے تو کوئی حرج نہیں ہے۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق کالصحیح یا موثق ہے۔ [3]

قول مؤلف:

مزید ان احادیث کی طرف رجوع کیا جائے جو مستحقین کے عنوان میں گزر چکی ہیں (واللہ اعلم)

﴿زکوٰۃ فطرہ کے متفرق مسائل﴾

{1614} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مَهْزِيَارَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ سَهْلٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ حَرِيزٍ عَنِ الْفُضَيْلِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: قُلْتُ لَهُ لِمَنْ تَحِلُّ الْفِطْرَةُ قَالَ لِمَنْ لاَ يَجِدُ وَ مَنْ حَلَّتْ لَهُ لَمْ تَحِلَّ عَلَيْهِ وَ مَنْ حَلَّتْ عَلَيْهِ لَمْ تَحِلَّ لَهُ.

❂ فضیل سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ فطرہ لینا کس کے لئے حلال ہے؟ آپ علیہ السلام نے فرمایا: جس کے پاس کچھ (خرچ) نہ ہو اور جس کے لئے (فطرہ لینا) حلال ہو اس پر دینا واجب نہیں ہے

---

[1] روضۃ المتقین: ۳/۸۹؛ لوامع صاحبقرانی: ۲/۱۷؛ الزکاۃ فی الشریعہ: ۲/۳۰۷؛ جواہر الکلام: ۱۵/۸۲؛ مستمسک العروۃ: ۹/۴۳۷؛ مصباح الفقیہ: ۱۳/۵۹۵؛ تفصیل الشریعہ: ۹/۳۶۷؛ فقہ الحج: ۳/۲۶۱؛ فقہ الصادقؑ: ۷/۲۶۱؛ مدارک الاحکام: ۵/۳۲۹؛ مصابیح الظلام: ۱۰/۳۹؛ المرتقی الی الفقہ کتاب الزکاۃ: ۳/۲۹۳؛ حدود الشریعہ: ۲/۴۱۳؛ شرح العروۃ: ۲۴/۴۸۲

[2] الکافی: ۴/۳۷۱ ح ۷؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/۱۸۷ ح ۲۰۶۸؛ تہذیب الاحکام: ۴/۹۰ ح ۲۶۳؛ وسائل الشیعہ: ۹/۳۶۲ ح ۱۲۲۴۳؛ الوافی: ۱۰/۲۷۱

[3] مصابیح الظلام: ۱۰/۴۲۳؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۴۷۷؛ روضۃ المتقین: ۳/۸۴؛ لوامع صاحبقرانی: ۶/۲۲۴؛ ملاذ الاخیار: ۶/۲۳۱؛ مرآۃ العقول: ۱۶/۴۲۲

اور جس پر دینا واجب ہے اس کے لئے لینا حلال نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث ضعیف ہے۔ (واللہ اعلم) [3]

{1615} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْقَاسِمِ بْنِ الْفُضَيْلِ قَالَ: كَتَبْتُ إِلَى أَبِي الْحَسَنِ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَسْأَلُهُ عَنِ الْوَصِيِّ أَيُزَكِّي زَكَاةَ الْفِطْرَةِ عَنِ الْيَتَامَى إِذَا كَانَ لَهُمْ مَالٌ قَالَ فَكَتَبَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ لاَ زَكَاةَ عَلَى يَتِيمٍ.

محمد بن قاسم بن فضیل سے روایت ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام کو خط لکھا جس میں یہ مسئلہ پوچھا کہ جب یتیم بچوں کے پاس مال موجود ہو تو کیا ان کا وصی ان کی طرف سے فطرہ ادا کرے گا؟

آپ علیہ السلام نے جواب لکھا کہ یتیم (بچے) پر زکوٰۃ (فطرہ) نہیں ہے۔ [4]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [5]

{1616} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ يَزِيدَ فِي حَدِيثٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ نُعْطِي الْفِطْرَةَ دَقِيقاً مَكَانَ الْحِنْطَةِ قَالَ لاَ بَأْسَ يَكُونُ أَجْرُ طَحْنِهِ بِقَدْرِ مَا بَيْنَ الْحِنْطَةِ وَ الدَّقِيقِ وَ سَأَلْتُهُ يُعْطِي الرَّجُلُ الْفِطْرَةَ دَرَاهِمَ ثَمَنَ التَّمْرِ وَ الْحِنْطَةِ يَكُونُ أَنْفَعَ لِأَهْلِ بَيْتِ الْمُؤْمِنِ قَالَ لاَ بَأْسَ.

---

[1] تہذیب الاحکام: ۴/ ۳۷ ح ۲۰۳؛ الاستبصار: ۲/ ۴۱ ح ۱۲۷؛ وسائل الشیعہ: ۹/ ۳۲۲ ح ۱۲۱۲۹؛ الوافی: ۱۰/ ۲۶۸؛ الفصول المہمہ: ۲/ ۱۳۱

[2] منتھی المطلب: ۸/ ۴۲۶؛ حدود الشریعہ: ۲/ ۴۰۵؛ دروس تمہیدیہ: ۱/ ۳۷۴

[3] ملاذ الاخیار: ۶/ ۱۹۷

[4] الکافی: ۴/ ۱۷۲ ح ۱۳؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/ ۱۷۷ ح ۲۰۶۵؛ تہذیب الاحکام: ۴/ ۳۳۴ ح ۱۰۴۹؛ وسائل الشیعہ: ۹/ ۳۲۶ ح ۱۲۱۳۷؛ الوافی: ۱۰/ ۲۴۰؛ مسند الامام الرضاؑ: ۲/ ۲۱۰؛ المقنع: ۲۱۳؛ موسوعہ الشہید الاول: ۱/ ۱۶۷

[5] مراۃ العقول: ۱۶/ ۴۵۷؛ منتھی مبانی العروۃ کتاب الزکاۃ: ۱۹۵؛ فقہ العترۃ: ۲۵؛ مصابیح الظلام: ۱۰/ ۴۹۰؛ الزکاۃ فی الشریعہ: ۴؛ موسوعہ احکام الاطفال: ۵/ ۷۳؛ فقہ الصادقؑ: ۷/ ۴۹۱؛ تفصیل الشریعہ: ۹/ ۲۸۳؛ جواہر الکلام فی ثوبہ: ۸/ ۵۷۳؛ شرح العروۃ: ۲۴/ ۳۶۳؛ غنائم الایام: ۴/ ۲۲۷؛ ملاذ الاخیار: ۶/ ۱۷؛ المرتقی الی الفقہ کتاب الزکوۃ: ۳/ ۲۹؛ مستمسک العروۃ: ۹/ ۳۸۷؛ روضۃ المتقین: ۳/ ۳۸۱؛ لوامع صاحبقرانی: ۶/ ۲۹۲

۞ عمر بن یزید سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ کیا ہم فطرہ میں گندم کی جگہ آٹا دے سکتی ہیں؟
آپ علیہ السلام نے فرمایا: کوئی حرج نہیں ہے بلکہ اس کے پسینے کا اتنا اجر ملے گا جتنے گندم اور آٹے میں فرق ہوتا ہے۔
راوی کہتا ہے کہ میں آپ علیہ السلام سے پھر پوچھا کہ کیا خرما اور گندم کی بجائے ان کی قیمت کے طور پر درہم میں دیا جاسکتا ہے جو مومن کے اہل خانہ کے لئے زیادہ سود مند ہو؟
آپ علیہ السلام نے فرمایا: کوئی حرج نہیں ہے؟[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{1617} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ سَعْدِ بْنِ عَبْدِ اَللَّهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ اَلْعَبَّاسِ بْنِ مَعْرُوفٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عِيسَى عَنْ حَرِيزِ بْنِ عَبْدِ اَللَّهِ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَعْيَنَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ : فِي رَجُلٍ أَخْرَجَ فِطْرَتَهُ فَعَزَلَهَا حَتَّى يَجِدَ لَهَا أَهْلاً فَقَالَ (إِذَا أَخْرَجَهَا مِنْ ضَمَانِهِ فَقَدْ بَرِءَ وَإِلاَّ فَهُوَ ضَامِنٌ لَهَا حَتَّى يُؤَدِّيَهَا إِلَى أَرْبَابِهَا).

۞ زرارہ بن اعین سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے اس شخص کے بارے میں فرمایا جس نے مستحق کے ملنے تک فطرہ الگ کر کے رکھ دیا تو وہ اپنی ذمہ داری پر علیحدہ کر دے تو وہ بری الذمہ ہو جائے گا اور اگر ایسا نہیں کرے گا تو مستحقین تک پہنچانے کا ضامن ہوگا۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[4]

﴿حج کے احکام﴾

{1618} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ اَلْحُسَيْنِ عَنْ فَضَالَةَ عَنْ أَبَانٍ عَنِ اَلْفَضْلِ أَبِي

---

[1] تہذیب الاحکام: ۴/۳۳۲ ح ۱۰۴۷؛ الوافی: ۱۰/۲۵۶ و ۱۰/۲۶۵؛ وسائل الشیعہ: ۹/۳۴۷ ح ۱۲۱۹۴

[2] ملاذ الاخیار: ۷/۲۳؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۴۷۵؛ المرتقی الی الفقہ: ۳/۲۰۸؛ مصباح الہدی: ۱۰/۴۷۶؛ فقہ العترۃ: ۱۷۹؛ شرح العروۃ: ۲۴/۴۴۷؛ الزکاۃ فی الشریعۃ: ۲/۲۲۹؛ فقہ الصادقؑ: ۱۰/۴۴۷؛ مصابیح الظلام: ۱۰/۵۹۶

[3] تہذیب الاحکام: ۴/۷۷ ح ۲۱۹؛ وسائل الشیعہ: ۹/۳۵۶ ح ۱۲۲۲۵؛ الوافی: ۱۰/۲۶۶

[4] الزکاۃ فی الشریعۃ: ۲/۴۱۷؛ مدارک الاحکام: ۵/۳۴۹؛ جواہر الکلام فی ثوبہ: ۸/۳۱۴؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۴۷۶؛ غنائم الایام: ۴/۲۷۱؛ المرتقی الی الفقہ کتاب الزکاۃ: ۳/۱۵۳؛ فقہ الصادقؑ: ۷/۴۰۳؛ مصابیح الظلام: ۱۰/۲۴۰؛ حدود الشریعۃ: ۲/۴۰۸؛ ملاذ الاخیار: ۶/۲۰۹؛ غایۃ المراد فی شرح نکت الارشاد: ۱/۲۰۳

اَلْعَبَّاسِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ : فِي قَوْلِ اَللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ وَ أَتِمُّوا اَلْحَجَّ وَ اَلْعُمْرَةَ لِلَّهِ قَالَ هُمَا مَفْرُوضَتَانِ.

❁ فضل ابو العباس سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے خدا کے قول: ''اور اللہ کے لئے حج وعمرہ کو مکمل کرو (البقرۃ:۱۹۶)'' کے بارے میں فرمایا: یہ دونوں فرض ہیں۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق کالصحیح ہے۔[2]

{1619} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ اِبْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنِ اَلْحُسَيْنِ اَلْأَحْمَسِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: لَوْ تَرَكَ اَلنَّاسُ اَلْحَجَّ لَمَا نُوظِرُوا اَلْعَذَابَ أَوْ قَالَ لَنَزَلَ عَلَيْهِمُ اَلْعَذَابُ.

❁ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اگر تمام لوگ حج کرنا ترک کردیں تو انہیں عذاب دیکھ لے یا فرمایا کہ ان پر عذاب نازل ہوجائے۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔[4]

{1620} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبِي عَلِيٍّ اَلْأَشْعَرِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اَلْجَبَّارِ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى عَنْ ذَرِيحٍ اَلْمُحَارِبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: مَنْ مَاتَ وَ لَمْ يَحُجَّ حَجَّةَ اَلْإِسْلاَمِ وَ لَمْ يَمْنَعْهُ مِنْ ذَلِكَ حَاجَةٌ تُجْحِفُ بِهِ أَوْ مَرَضٌ لاَ يُطِيقُ فِيهِ اَلْحَجَّ أَوْ سُلْطَانٌ يَمْنَعُهُ فَلْيَمُتْ يَهُودِيّاً أَوْ نَصْرَانِيّاً.

❁ ذریح المحاربی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو شخص مرجائے اور حجۃ الاسلام نہ بجالائے اور سے کوئی ایسا ضروری کام بھی نہ تھا۔ جس کا ترک کرنا اس کے لئے نقصان کا باعث تھا اور نہ ہی کوئی ایسا مرض تھا جس کی موجودگی میں حج نہ کرسکتا تھا اور کسی جابر حکمران نے اسے روکا بھی نہیں تھا تو پھر وہ یہودی مرے گا اور یا نصرانی مرے گا (یعنی اسلام سے

---

[1] تہذیب الاحکام: ۵/ ۵۹ ح ۵۹۳؛ الکافی: ۴/ ۲۶۵ ح ۲؛ تفسیر العیاشی: ۱/ ۸۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/ ۲۹۵ ح ۱۲۹۹۸؛ الوافی: ۱۲/ ۲۳۹؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/ ۱۸۲؛ تفسیر البرہان: ۱/ ۴۱۷؛ تفسیر کنز الدقائق: ۲/ ۲۷۰

[2] کتاب الحج شاہرودی: ۲؛ تنقیح مبانی الحج: ۳۰۳؛ المہذب فی مناسک العمرۃ والحج: ۲۹۰؛ ملاذ الاخیار: ۸/ ۵۰۹

[3] الکافی: ۴/ ۲۷۱ ح ۱؛ الوافی: ۱۲/ ۲۵۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۱/ ۲۰ ح ۱۴۱۳۸

[4] کتاب الحج قمی: ۱۶؛ مراۃ العقول: ۱۷/ ۱۵۴

خارج ہوگا)۔ ①

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ②

{1621} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيٍّ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى الْخَثْعَمِيِّ قَالَ: سَأَلَ حَفْصٌ الْكُنَاسِيُّ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ وَ أَنَا عِنْدَهُ عَنْ قَوْلِ اللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ: (وَلِلَّهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلاً) مَا يَعْنِي بِذَلِكَ قَالَ مَنْ كَانَ صَحِيحاً فِي بَدَنِهِ مُخَلًّى سَرْبُهُ لَهُ زَادٌ وَ رَاحِلَةٌ فَهُوَ مِمَّنْ يَسْتَطِيعُ الْحَجَّ أَوْ قَالَ مِمَّنْ كَانَ لَهُ مَالٌ فَقَالَ لَهُ حَفْصٌ الْكُنَاسِيُّ فَإِذَا كَانَ صَحِيحاً فِي بَدَنِهِ مُخَلًّى سَرْبُهُ لَهُ زَادٌ وَ رَاحِلَةٌ فَلَمْ يَحُجَّ فَهُوَ مِمَّنْ يَسْتَطِيعُ الْحَجَّ قَالَ نَعَمْ.

✿ محمد بن یحییٰ الخثعمی سے روایت ہے کہ حفص کناسی نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے خدا کے قول: ''اور لوگوں پر اللہ کا حق ہے کہ جو اس گھر تک جانے کی استطاعت رکھتا ہو وہ اس گھر کا حج کرے (آل عمران: ۹۷)'' کے بارے میں سوال کیا کہ اس سے کیا مراد ہے جبکہ میں بھی وہاں موجود تھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: جس شخص کا بدن صحیح ہو، راستہ کھلا ہو، زادِ سفر اور سواری رکھتا ہو وہ مستطیع (یعنی حج کی استطاعت رکھنے والا) ہے یا یہ فرمایا کہ جس کے پاس مال ہو۔

حفص کناسی نے آپ علیہ السلام سے عرض کیا: جب اس کا بدن صحیح ہو، راستہ کھلا ہو، زادِ سفر اور سواری بھی رکھتا ہو مگر پھر بھی حج نہ کرے تو کیا اسے بھی مستطیع ہی سمجھا جائے گا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں ③

تحقیق:

حدیث صحیح ہے ④

---

① الکافی: ۴/۲۶۸ ح۱؛ المحاسن: ۱/۸۸؛ دعائم الاسلام: ۱/۲۸۸؛ عوالی اللئالی: ۳/۱۵۰؛ تفسیر الصافی: ۱/۳۶۲؛ بحار الانوار: ۹۶/۲۲؛ ثواب الاعمال: ۲۳۶؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/۴۴۷ ح۲۹۵۳؛ تہذیب الاحکام: ۵/۴۶۲ ح۲۱۰؛ الوافی: ۱۲/۲۵۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۱/۲۹ ح۱۴۲۱۳؛ المقنعہ: ۳۸۶؛ مستدرک الوسائل: ۸/۱۸ ح۸۹۴۷

② مرآۃ العقول: ۱۷/۱۳۹؛ موسوعہ الفقہ الاسلامی: ۱۱/۵۰۳؛ الحج فی الشریعہ: ۲۳؛ کتاب الحج قمی: ۱۷۵؛ کتاب الحج شاہرودی: ۷۷؛ مستمسک العروۃ: ۱۰/۴؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۱۱۰؛ المعتمد: ۳/۱۲۰؛ تفصیل الشریعہ: ۱۱/۵۳۳؛ جواہر الکلام: ۱۷/۲۸۰؛ فقہ الصادق: ۹/۸۲؛ روضۃ المتقین: ۵/۱۶۷؛ لوامع صاحبقرانی: ۸/۱۵۴؛ ملاذ الاخیار: ۸/۵۱۷

③ الکافی: ۴/۲۶۶ ح۲؛ تہذیب الاحکام: ۵/۳ ح۲؛ الاستبصار: ۲/۱۳۹ ح۴۵۳؛ التوحید: ۳۵۰ (مختصراً)؛ وسائل الشیعہ: ۱۱/۳۳ ح۱۴۲۰۷؛ تفسیر البرہان: ۱/۶۶۲؛ الوافی: ۱۲/۲۶۴؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/۳۷۳

④ الحج فی الشریعہ: ۸۷؛ معتمد العروۃ: ۱۹۷؛ شرح العروۃ: ۲۶/۲۰؛ کتاب الحج شاہرودی: ۹۶؛ فقہ الصادق: ۹/۲۲؛ تفصیل الشریعہ: ۱۱/۸۱؛ کتاب الحج قمی: ۹۳؛ مدارک الاحکام: ۷/۵۳؛ جواہر الکلام فی ثوبہ: ۹/۹۲؛ مصباح الہدیٰ: ۱۱/۸۰۳؛ براہین الحج للفقہاء: ۱/۱۷؛ التہذیب فی مناسک العمرۃ والحج: ۱۶

قول مؤلف:

استطاعت کے حوالے سے امام محمد باقر علیہ السلام ایک حدیث کے ضمن میں ارشاد فرماتے ہیں کہ اگر کسی شخص کے پاس زاد سفر بھی ہو اور سواری بھی مگر وہ ہو صرف اس قدر کہ جو اس کے اہل وعیال کے نان ونفقہ کے لئے ضروری ہے تو اگر وہ ان سے چھین کر حج پر چلا جائے تو اس طرح وہ تو ہلاک ہو جائیں گے لہٰذا وہ اس قدر مالی استطاعت رکھتا ہو کہ اگر کچھ مال سے حج کرے تو کچھ مال اہل وعیال کے نان ونفقہ کے لئے بھی موجود ہو[1] (واللہ اعلم)

{1622} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ ابْنِ عَشْرِ سِنِينَ يَحُجُّ قَالَ عَلَيْهِ حَجَّةُ الْإِسْلاَمِ إِذَا احْتَلَمَ وَ كَذَلِكَ الْجَارِيَةُ عَلَيْهَا الْحَجُّ إِذَا طَمِثَتْ.

❁ اسحاق بن عمار سے روایت ہے کہ میں نے امام ابوالحسن (موسیٰ کاظم علیہ السلام) سے پوچھا کہ کیا دس سال کا لڑکا حج کرے گا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: حجۃ الاسلام لڑکے پر تب واجب ہے جب اسے احتلام ہو (یعنی وہ بالغ ہو جائے) اور اسی طرح لڑکی پر تب حج واجب ہوتا ہے جسے اسے حیض آ جائے۔[2]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق کالصحیح یا موثق ہے۔[3]

{1623} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُوسَى بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ صَفْوَانَ وَ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ أُذَيْنَةَ عَنْ بُرَيْدِ بْنِ مُعَاوِيَةَ الْعِجْلِيِّ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ حَجَّ وَ هُوَ لاَ يَعْرِفُ هَذَا الْأَمْرَ ثُمَّ مَنَّ اللَّهُ عَلَيْهِ بِمَعْرِفَتِهِ وَ الدَّيْنُونَةِ بِهِ عَلَيْهِ حَجَّةُ الْإِسْلاَمِ أَوْ قَدْ قَضَى فَرِيضَتَهُ فَقَالَ قَدْ قَضَى فَرِيضَتَهُ وَ لَوْ حَجَّ لَكَانَ أَحَبَّ إِلَيَّ قَالَ وَ سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ وَ هُوَ فِي بَعْضِ هَذِهِ الْأَصْنَافِ مِنْ أَهْلِ الْقِبْلَةِ

---

[1] الکافی: ۴/۲۶۷ ح ۳؛ من لایحضرہ الفقیہ: ۲/۴۱۸ ح ۲۸۵۸؛ تہذیب الاحکام: ۵/۲ ح ۱؛ الاستبصار: ۲/۱۳۹ ح ۴۵۳؛ الوافی: ۱۲/۲۶۴؛ عوالی اللئالی: ۳/۱۵۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۱/۳۷ ح ۱۴۱۸۰؛ تفسیر الصافی: ۱/۳۶۱؛ دعائم الاسلام: ۱/۲۸۹؛ بحار الانوار: ۹۶/۱۰۷؛ مستدرک الوسائل: ۸/۲۱ ح ۹۰۴۳؛ تفسیر العیاشی: ۱/۱۹۲؛ علل الشرائع: ۲/۴۵۳؛ تفسیر نور البرہان: ۱/۲۶۳

[2] من لایحضرہ الفقیہ: ۲/۴۳۵ ح ۲۸۹۸؛ الکافی: ۴/۲۷۶ ح ۸؛ تہذیب الاحکام: ۵/۶ ح ۱۴؛ الاستبصار: ۲/۱۴۶ ح ۴۷۶؛ وسائل الشیعہ: ۱۱/۴۴ ح ۱۴۱۹۷؛ الوافی: ۱۲/۲۸۷

[3] تفصیل الشریعہ: ۱/۹۴؛ تنقیح مبانی الحج: ۱/۳۱؛ جواہر الکلام: ۱۷/۲۲۹؛ الحج فی الشریعہ: ۱/۴۳؛ شرح العروۃ: ۲۶/۱۵؛ معتمد العروۃ: ۱/۲۴؛ مدارک الاحکام: ۷/۲۱؛ روضۃ المتقین: ۵/۱۴۱؛ البلوغ حقیقتہ: ۵۷؛ فقہ الصادقؑ: ۹/۱۲۹؛ کتاب الحج قمی: ۱/۴۶؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۲۸

نَاصِبٍ مُتَدَيِّنٍ ثُمَّ مَنَّ اللَّهُ عَلَيْهِ فَعَرَفَ هَذَا الْأَمْرَ يَقْضِي حَجَّةَ الْإِسْلَامِ فَقَالَ يَقْضِي أَحَبُّ إِلَيَّ

۞ برید بن معاویہ عجلی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص اس امر (امامت) کی معرفت نہیں رکھتا اور اس نے حج کیا پھر اللہ نے اس پر اس (امامت) کی معرفت کا احسان کیا تو کیا اس پر دوبارہ حجۃ الاسلام لازم ہے یا اس کا فریضہ ادا ہو چکا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ اپنا فریضہ ادا کر چکا ہے اور اگر (دوبارہ) حج کرے تو یہ بات مجھے زیادہ پسند ہے۔

راوی کہتا ہے کہ میں نے پھر عرض کیا کہ ایک شخص جس کا تعلق اہل قبلہ کے ناصبی مگر (حسب ظاہر) متدین قبیلہ سے تھا اس نے حج کیا پھر اللہ نے اس پر احسان کیا اور اسے اس امر (امامت) کی معرفت دی تو کیا وہ حجۃ الاسلام کی قضا کرے گا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: قضا کرتا ہے تو وہ مجھے زیادہ پسند ہے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

قول مؤلف:

اس حدیث کا اس سے آگے والا حصہ ہم نے حدیث نمبر 1554 کے تحت نقل کیا ہے وہیں رجوع کیا جاوے نیز بعض روایات میں ہے کہ وہ معرفت آنے سے قبل کیے ہوئے حج کو معرفت آنے کے بعد مستحبی حج قرار دے اور دوبارہ حج کرے تو اس حکم کو شیخ طوسی نے استحباب پر محمول کیا ہے (واللہ اعلم)

{1624} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُوسَى بْنِ الْقَاسِمِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: إِذَا قَدَرَ الرَّجُلُ عَلَى مَا يَحُجُّ بِهِ ثُمَّ دَفَعَ ذَلِكَ وَلَيْسَ لَهُ شُغُلٌ يَعْذِرُهُ اللَّهُ فِيهِ فَقَدْ تَرَكَ شَرِيعَةً مِنْ شَرَائِعِ الْإِسْلَامِ فَإِنْ كَانَ مُوسِراً وَحَالَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْحَجِّ مَرَضٌ أَوْ حَصْرٌ أَوْ أَمْرٌ يَعْذِرُهُ اللَّهُ فِيهِ فَإِنَّ عَلَيْهِ أَنْ يُحِجَّ عَنْهُ مِنْ مَالِهِ صَرُورَةً لَا مَالَ لَهُ وَقَالَ يُقْضَى عَنِ الرَّجُلِ حَجَّةُ الْإِسْلَامِ مِنْ جَمِيعِ مَالِهِ.

۞ حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب آدمی اس چیز پر قدرت رکھتا ہو جس سے حج کر سکے مگر وہ اسے رد کرتا رہے (اور حج نہ کرے) اور وہ کسی ایسے (ضروری) کام میں بھی مشغول نہ ہو جس کی وجہ سے اسے معذور سمجھا جائے

---

[1] تہذیب الاحکام: ۵/ ۹ ح ۲۳؛ الاستبصار: ۲/ ۱۴۵ ح ۴۷۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۱/ ۶۱ ح ۱۴۲۲۳؛ الکافی: ۴/ ۲۷۵ ح ۴؛ الوافی: ۱۲/ ۲۹۷

[2] ملاذ الاخیار: ۷/ ۱۹۶؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/ ۵۸۳؛ مدارک الاحکام: ۷/ ۲۷؛ فقہ الحج: ۲/ ۳۳۲؛ مصباح الہدیٰ: ۱۲/ ۵۰؛ فقہ الصادقؑ: ۹/ ۲۰۸؛ تفصیل الشریعہ کتاب الحج: ۱/ ۳۱۵؛

تو پھر اس نے اسلامی قوانین میں سے ایک قانون کو ترک کیا ہے اور اگر کوئی شخص مالدار تو ہو مگر بیماری، دشمن یا کسی ایسے عذر کی وجہ سے خدا اسے معذور سمجھے اور وہ حج نہ کر سکے تو اس پر واجب ہے کہ اپنے مال سے (اپنی نیابت میں) کسی ایسے شخص سے حج کرائے جس نے پہلے حج نہ کیا ہو اور نہ ہی اس کے پاس مال ہو۔

پھر فرمایا: (مرنے والے) کسی شخص کا حجۃ الاسلام اس نے تمام ترکہ سے ادا کرایا جائے (اور پھر باقی کو وراثت میں تقسیم کیا جائے)۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1625} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ الرَّجُلُ يَحُجُّ عَنِ الْمَرْأَةِ وَ الْمَرْأَةُ تَحُجُّ عَنِ الرَّجُلِ قَالَ لاَ بَأْسَ.

❁ معاویہ بن عمار سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ کیا مرد عورت کی طرف سے یا عورت مرد کی طرف سے حج کر سکتی ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کوئی حرج نہیں ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [4]

{1626} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ يَقُولُ: اَلْحَجُّ عَلَى ثَلاَثَةِ أَصْنَافٍ حَجٍّ مُفْرَدٍ وَ قِرَانٍ وَ تَمَتُّعٍ بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ وَ بِهَا أَمَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ وَ الْفَضْلُ فِيهَا وَ لاَ نَأْمُرُ النَّاسَ إِلاَّ بِهَا.

---

[1] تہذیب الاحکام: ۵/۴۰۳ ح ۱۴۰۵؛ الوافی: ۱۲/۴۰۵ ۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۱/۲۶ ح ۱۴۱۵۲ و ۱۱/۹۳ ح ۱۴۲۳۸ و ۱۱/۷۲ ح ۱۴۲۷۰

[2] ملاذ الاخیار: ۸/۹۳۴؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۲۱۵/۵؛ منتھی المطلب: ۱۳/۱۲۲؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۵۵۷؛ تعالیق مبسوطہ: ۸/۲۸۴؛ شرح فروع الکافی مازندرانی: ۴/۵۷۷؛ حدود الشریعہ: ۲/۲۰۵

[3] الکافی: ۴/۳۰۷ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۵/۴۱۳ ح ۱۴۳۷؛ الاستبصار: ۲/۳۲۲ ح ۱۱۴۴؛ وسائل الشیعہ: ۱۱/۱۷۶ ح ۱۴۵۱۳؛ الوافی: ۱۲/۳۱۲؛ المعتبر: ۲/۷۶۷؛ ھدایۃ الامہ: ۵/۴۱

[4] کتاب الحج شاہرودی: ۲/۷۲؛ فقہ الحج گلپایگانی: ۲/۹۹؛ الحج فی الشریعہ: ۲/۳۳؛ موسوعہ احکام الاطفال: ۵/۳۷۴؛ فقہ الصادقؑ: ۹/۵۱۳؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۲/۵۱؛ شرح العروۃ: ۲۴/۵۱؛ المعتمد: ۳/۱۲۳؛ تذکرۃ الفقہاء: ۷/۱۹؛ منتھی المطلب: ۱۳/۸۰؛ مدارک الاحکام: ۷/۱۱۶؛ تفصیل الشریعہ کتاب الحج: ۲/۸؛ مراۃ العقول: ۱۷/۲۱۶؛ ملاذ الاخیار: ۸/۳۱۲

✪ معاویہ بن عمار سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا کہ حج کی تین قسمیں ہیں: حج مفرد (یعنی حج افراد)، حج قران اور حج تمتع یعنی عمرہ کے ساتھ حج اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسی کا حکم دیا ہے اور اسی میں فضیلت ہے اور ہم بھی لوگوں کو صرف اسی کا حکم دیتے ہیں۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [2]

{1627} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ سَعْدِ بْنِ عَبْدِ اَللَّهِ عَنِ اَلْعَبَّاسِ وَ اَلْحَسَنِ عَنْ عَلِيٍّ عَنْ فَضَالَةَ عَنْ مُعَاوِيَةَ وَ مُحَمَّدِ بْنِ اَلْحُسَيْنِ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ مُعَاوِيَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ أَنَّهُ قَالَ: فِي اَلْقَارِنِ لاَ يَكُونُ قِرَانٌ إِلاَّ بِسِيَاقِ اَلْهَدْيِ وَ عَلَيْهِ طَوَافٌ بِالْبَيْتِ وَ رَكْعَتَانِ عِنْدَ مَقَامِ إِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ وَ سَعْيٌ بَيْنَ اَلصَّفَا وَ اَلْمَرْوَةِ وَ طَوَافٌ بَعْدَ اَلْحَجِّ وَ هُوَ طَوَافُ اَلنِّسَاءِ وَ أَمَّا اَلْمُتَمَتِّعُ بِالْعُمْرَةِ إِلَى اَلْحَجِّ فَعَلَيْهِ ثَلاَثَةُ أَطْوَافٍ بِالْبَيْتِ وَ سَعْيَانِ بَيْنَ اَلصَّفَا وَ اَلْمَرْوَةِ وَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ اَلتَّمَتُّعُ أَفْضَلُ اَلْحَجِّ وَ بِهِ نَزَلَ اَلْقُرْآنُ وَ جَرَتِ اَلسُّنَّةُ فَعَلَى اَلْمُتَمَتِّعِ إِذَا قَدِمَ مَكَّةَ طَوَافٌ بِالْبَيْتِ وَ رَكْعَتَانِ عِنْدَ مَقَامِ إِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ وَ سَعْيٌ بَيْنَ اَلصَّفَا وَ اَلْمَرْوَةِ ثُمَّ يُقَصِّرُ وَ قَدْ أَحَلَّ هَذَا لِلْعُمْرَةِ وَ عَلَيْهِ لِلْحَجِّ طَوَافَانِ وَ سَعْيٌ بَيْنَ اَلصَّفَا وَ اَلْمَرْوَةِ وَ يُصَلِّي بِالْبَيْتِ رَكْعَتَيْنِ عِنْدَ مَقَامِ إِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ وَ أَمَّا اَلْمُفْرِدُ لِلْحَجِّ فَعَلَيْهِ طَوَافٌ بِالْبَيْتِ وَ رَكْعَتَانِ عِنْدَ مَقَامِ إِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ وَ سَعْيٌ بَيْنَ اَلصَّفَا وَ اَلْمَرْوَةِ وَ طَوَافُ اَلزِّيَارَةِ وَ هُوَ طَوَافُ اَلنِّسَاءِ وَ لَيْسَ عَلَيْهِ هَدْيٌ وَ لاَ أُضْحِيَّةٌ.

✪ معاویہ سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے حج قرآن کے بارے میں فرمایا کہ حج قرآن قربانی کا جانور ہانک کر ہمراہ لے جانے کے بغیر نہیں ہوتا اور اس حاجی پر واجب ہے کہ خانہ کعبہ کا طواف کرے (بعد ازاں وہاں) مقام ابراہیم علیہ السلام پر دو رکعت نماز (طواف) پڑھے، صفا و مروہ کے درمیان سعی کرے اور حج کے بعد طواف النسا کرے اور حج تمتع والے پر تین بار طواف کرنا اور صفا و مروہ کے درمیان دو بار سعی کرنا واجب ہے۔

پھر امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: حج تمتع افضل حج ہے اور قرآن اسی کے ساتھ اترا ہے اور اسی کے بجالانے کی سنت جاری ہے پس حج تمتع کرنے والے پر واجب ہے کہ جب مکہ میں وارد ہو تو پہلے خانہ کعبہ کا طواف کرے اور (پھر) مقام ابراہیم

---

[1] الکافی: ۴/۲۹۱ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۵/۲۴ ح ۷۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۱/۲۱۱ ح ۱۴۶۳۱؛ الوافی: ۱۲/۴۲۵؛ المعتبر: ۲/۷۷۹؛ الاستبصار: ۲/۱۵۳ ح ۵۰۴؛

[2] کتاب الحج قمی: ۲/۸۶؛ الحج فی الشریعۃ: ۲/۲۶۳؛ شرح العروۃ: ۲۸/۶۸؛ المعتمد: ۳/۲۲۱؛ فقہ الصادقؑ: ۱۰/۹؛ براہین الحج: ۲/۲۱۶؛ مستمسک العروۃ: ۱۱/۱۷۴؛ تذکرۃ الفقہاء: ۷/۱۶۷؛ مدارک الاحکام: ۷/۱۵۵؛ منتہی المطلب: ۱۰/۸۱؛ مرآۃ العقول: ۱۷/۸۷؛ ملاذ الاخیار: ۷/۲۲۷

علیہ السلام پر دو رکعت نماز (طواف) پڑھے، (بعد ازاں) صفا و مروہ کے درمیان سعی کرے پھر تقصیر کرے اور ایسا کرنے سے اس کے عمرہ کا احرام ختم ہو جائے گا اور ہنوز اس کے ذمے حج تمتع باقی ہے جس میں دو طواف (یعنی طواف حج اور طواف النسا)، ایک بار صفا و مروہ کے درمیان سعی کرنا اور ہر طواف کے بعد مقام ابراہیم علیہ السلام پر دو رکعت نماز پڑھنا واجب ہے اور حج مفرد (افراد) والے پر خانہ کعبہ کا طواف، دو رکعت نماز طواف بمقام ابراہیم علیہ السلام اور صفا و مروہ کے درمیان سعی اور (آخر میں) طواف الزیارۃ یعنی طواف النسا واجب ہے اور اس پر کوئی قربانی کرنا واجب نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1628} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُوسَى بْنِ الْقَاسِمِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: دَخَلَتِ الْعُمْرَةُ فِي الْحَجِّ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ لِأَنَّ اللَّهَ تَعَالَى يَقُولُ فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ فَلَيْسَ لِأَحَدٍ إِلاَّ أَنْ يَتَمَتَّعَ لِأَنَّ اللَّهَ أَنْزَلَ ذَلِكَ فِي كِتَابِهِ وَ جَرَتْ بِهِ السُّنَّةُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ.

✪ حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: قیامت کے دن تک عمرہ حج میں داخل ہو گیا ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: ''پس جو شخص حج کا زمانہ آنے تک عمرے سے بہرہ مند رہا ہو وہ حسب مقدور قربانی دے۔ (البقرۃ:۱۹۶)'' پس کسی کے لئے حج تمتع کے سوا اور کوئی حج (جائز) نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اسے قرآن میں نازل کیا ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے سنت بھی اسی طرح جاری ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

---

[1] تہذیب الاحکام:۵/۳۱ ح۹۲؛ وسائل الشیعہ:۱۱/۲۱۲ ح۱۴۶۴۳؛ الوافی:۱۲/۴۵۷؛ ھدایۃ الامۃ:۵/۵۲

[2] ملاذ الاخیار:۷/۲۹۵؛ ذخیرۃ المعاد:۲/۵۵۰؛ شرح فروع الکافی مازندرانی:۴/۵۴۲؛ تنقیح مبانی الحج:۳/۸۹؛ المہذب فی مناسک:۳/۲۵۴؛ فقہ الصادق:۱۰/۵۷؛ سند العروۃ؛ کتاب الحج:۲/۱۸۹

[3] تہذیب الاحکام:۵/۲۵ ح۷۵؛ الوافی:۱۲/۲۲۸؛ الاستبصار:۲/۱۵۰ ح۴۹۳؛ تفسیر البرہان:۱/۴۲۱؛ وسائل الشیعہ:۱۱/۲۴۰ ح۱۴۷۸۳؛ علل الشرائع:۲/۴۱۱؛ تفسیر نور الثقلین:۱/۱۸۸؛ بحار الانوار:۹۶/۹۱؛ تفسیر کنز الدقائق:۲/۲۸۰؛ فقہ القرآن:۱/۲۶۸

[4] ملاذ الاخیار:۷/۲۲۹؛ منتھی المطلب:۱۰/۱۲۳؛ مستمسک العروۃ:۱۱/۳۴۹؛ حدود الشریعہ:۲/۵۹۰؛ فقہ الصادقؑ:۱۰/۲۴۹؛ کتاب الحج شاہرودی:۲/۱۲۱؛ سند العروۃ کتاب الحج:۲/۱۵۴ و ۲/۱۱۲؛ کتاب الحج قمی:۲/۸۸؛ تنقیح مبانی الحج:۳/۴۰؛ الحج فی الشریعہ:۲/۸۰؛ تعالیق مبسوطہ:۹/۵۴؛ شرح العروۃ:۲۷/۱۴؛ معتمد العروۃ:۲/۸۸؛ تفصیل الشریعہ کتاب الحج:۲/۲۶۲

{1629} مُحَمَّدُ بْنُ ٱلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ ٱلْعَبَّاسِ بْنِ مَعْرُوفٍ عَنْ عَلِيٍّ عَنْ أَبِي ٱلْعَبَّاسِ عَنِ ٱلْحَسَنِ عَنِ ٱلنَّضْرِ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ قَالَ: قَالَ أَبُو عَبْدِ ٱللَّهِ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ لِي يَا أَبَا مُحَمَّدٍ كَانَ عِنْدِي رَهْطٌ مِنْ أَهْلِ ٱلْبَصْرَةِ فَسَأَلُونِي عَنِ ٱلْحَجِّ فَأَخْبَرْتُهُمْ بِمَا صَنَعَ رَسُولُ ٱللَّهِ صَلَّى ٱللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَبِمَا أَمَرَ بِهِ فَقَالُوا لِي إِنَّ عُمَرَ قَدْ أَفْرَدَ ٱلْحَجَّ فَقُلْتُ لَهُمْ إِنَّ هَذَا رَأْيٌ رَآهُ عُمَرُ وَلَيْسَ رَأْيُ عُمَرَ كَمَا صَنَعَ رَسُولُ ٱللَّهِ صَلَّى ٱللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ.

❂ ابوبصیر سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے مجھ سے فرمایا: اے ابومحمد! میرے پاس اہل بصرہ کا ایک گروہ موجود تھا جنہوں نے مجھ سے حج کے بارے میں سوال کیا پس میں نے انہیں اس کی خبر دی جو کام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا تھا اور جس کا حکم دیا تھا تو وہ مجھ سے کہنے لگے کہ عمر نے حج مفرد کا حکم دیا تھا (اور حج تمتع سے منع کر دیا تھا)؟

میں نے ان سے کہا کہ یہ ایک رائے ہے جو عمر کی ذاتی ہے اور عمر کی رائے ہرگز اس کے مطابق نہیں ہے جیسا فعل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انجام دیا ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [2]

{1630} مُحَمَّدُ بْنُ ٱلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُوسَى بْنِ ٱلْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ ٱلرَّحْمَنِ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عِيسَى عَنْ حَرِيزٍ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ قَالَ: مَنْ أَقَامَ بِمَكَّةَ سَنَتَيْنِ فَهُوَ مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ لاَ مُتْعَةَ لَهُ فَقُلْتُ لِأَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ أَرَأَيْتَ إِنْ كَانَ لَهُ أَهْلٌ بِٱلْعِرَاقِ وَأَهْلٌ بِمَكَّةَ قَالَ فَلْيَنْظُرْ أَيُّهُمَا ٱلْغَالِبُ عَلَيْهِ فَهُوَ مِنْ أَهْلِهِ.

❂ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: جو شخص دو سال تک مکہ میں مقیم رہے وہ بمنزلہ اہل مکہ کے ہے وہ حج تمتع نہیں کر سکتا۔

میں نے عرض کیا: اگر اس کے کچھ اہل و عیال عراق میں رہتے ہوں اور کچھ مکہ میں تو (کیا حکم ہوگا)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: پھر وہ دیکھے گا کہ ان میں سے اس پر غالب کون ہے (یعنی کس کے ہاں زیادہ قیام کرتا ہے) پس وہ اسی قسم سے ہے۔ [3]

---

[1] تہذیب الاحکام: ۵/۲۶ ح ۷۸؛ الاستبصار: ۲/۱۵۱ ح ۴۹۶؛ وسائل الشیعہ: ۱۱/۲۳۱ ح ۱۴۶۸۷؛ الوافی: ۱۲/۴۲۸

[2] ملاذ الاخیار: ۷/۲۳۱

[3] تہذیب الاحکام: ۵/۳۴ ح ۱۰۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۱/۲۶۵ ح ۱۴۷۵۵؛ تفسیر نور الثقلین: ۳/۸۱ ح ۴؛ الوافی: ۱۲/۵۱ ح ۴؛ الاستبصار: ۲/۱۵۹ ح ۵۱۹؛ تفسیر کنز الدقائق: ۹/۶۹

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [1]

{1631} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُوسَى بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: إِنَّ اللَّهَ تَعَالَى يَقُولُ اَلْحَجُّ أَشْهُرٌ مَعْلُومَاتٌ فَمَنْ فَرَضَ فِيهِنَّ الْحَجَّ فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوقَ وَلَا جِدَالَ فِي الْحَجِّ وَهُنَّ شَوَّالٌ وَذُو الْقَعْدَةِ وَذُو الْحِجَّةِ.

معاویہ بن عمار سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ "حج کے مقررہ مہینے ہیں پس جو ان میں حج بجالانے کا فیصلہ کرے تو پھر حج کے دوران ہم بستری نہ ہو اور نہ فسق و فجور اور نہ لڑائی جھگڑا ہو (البقرة: ۱۹۷)" اور وہ (حج کے مہینے) شوال، ذی القعد اور ذی الحجہ ہیں۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [3]

{1632} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنِ ابْنِ أُذَيْنَةَ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ: مَنْ أَحْرَمَ بِالْحَجِّ فِي غَيْرِ أَشْهُرِ الْحَجِّ فَلَا حَجَّ لَهُ وَمَنْ أَحْرَمَ دُونَ الْمِيقَاتِ فَلَا إِحْرَامَ لَهُ.

ابن اذینہ سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو شخص شہر حج کے علاوہ کسی مہینہ میں احرام حج باندھے تو اس کا حج نہیں ہے اور جو میقات سے پہلے احرام باندھے اس کا احرام نہیں ہے۔ [4]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [5]

---

[1] ملاذ الاخیار: ۷/۲۴۸؛ الحج فی الشریعۃ: ۲/۲۸؛ جواہر الکلام: ۱۸/۸۸؛ جواہر الکلام فی ثوبہ: ۹/۶۲؛ تذکرۃ الفقہاء: ۷/۱۸۲؛ فقہ الصادقؑ: ۱۰/۳۰؛ تفصیل الشریعہ: ۱۲/۴۹؛ المہذب فی مناسک: ۲/۱۳؛ تنقیح مبانی الحج: ۲/۱۳؛ شرح فروع الکافی مازندرانی: ۴/۵۶۴؛ تعالیق مبسوطہ: ۹/۶۹؛ العروۃ الوثقیٰ مع تعلیقات الفاضل اللنکرانی: ۲/۱۲؛ مدارک الاحکام: ۷/۲۰۹؛ مصباح الہدیٰ: ۱۲/۲۳؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۲/۶۶؛ التعلیقۃ علی العروۃ مختصری: ۲/۱۱۶؛ شرح العروۃ: ۲۷/۱۵۵؛ العروۃ الوثقیٰ مع تعلیقات خمینی، خوئی، گلپایگانی، مکارم: ۲/۱۵؛ کتاب الحج قمی: ۲/۱۰۵

[2] تہذیب الاحکام: ۵/۴۴۵ ح ۱۵۵۰؛ الوافی: ۱۲/۴۱۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۱/۲۷۱ ح ۱۴۷۹۶

[3] ملاذ الاخیار: ۸/۵۷۴؛ الحج فی الشریعۃ: ۲/۲۷۴؛ فقہ الحج: ۲/۲۹۹؛ شرح العروۃ: ۲۸/۱۵۷؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۸۴۲؛ فقہ الصادقؑ: ۱۰/۱۸؛ مدارک الاحکام: ۷/۱۶۷؛ تفصیل الشریعہ کتاب الحج: ۲/۳۴۷

[4] الکافی: ۴/۳۲۲ ح ۴؛ تہذیب الاحکام: ۵/۵۲ ح ۱۵۷؛ الاستبصار: ۲/۱۶۲ ح ۵۲۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۱/۲۷۲ ح ۱۴۷۹۶؛ الوافی: ۱۲/۴۹۸

[5] فقہ الصادقؑ: ۱۰/۱۸۰؛ براہین الحج: ۲/۲۴۳؛ تفصیل الشریعہ کتاب الحج: ۲/۳۵؛ مرآۃ العقول: ۱۷/۲۳۱

{1633} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبِي عَلِيٍّ ٱلْأَشْعَرِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ ٱلْجَبَّارِ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ عَبْدِ ٱلرَّحْمٰنِ بْنِ ٱلْحَجَّاجِ عَنْ أَبِي عَبْدِ ٱللّٰهِ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ فِي حَدِيثٍ قَالَ: قُلْتُ لَهُ إِنَّ مَعَنَا صَبِيّاً مَوْلُوداً فَكَيْفَ نَصْنَعُ بِهِ فَقَالَ مُرْ أُمَّهُ تَلْقَى حَمِيدَةَ فَتَسْأَلُهَا كَيْفَ تَصْنَعُ بِصِبْيَانِهَا فَأَتَتْهَا فَسَأَلَتْهَا كَيْفَ تَصْنَعُ فَقَالَتْ إِذَا كَانَ يَوْمُ ٱلتَّرْوِيَةِ فَأَحْرِمُوا عَنْهُ وَ جَرِّدُوهُ وَ غَسِّلُوهُ كَمَا يُجَرَّدُ ٱلْمُحْرِمُ وَ قِفُوا بِهِ ٱلْمَوَاقِفَ فَإِذَا كَانَ يَوْمُ ٱلنَّحْرِ فَارْمُوا عَنْهُ وَ احْلِقُوا رَأْسَهُ ثُمَّ زُورُوا بِهِ ٱلْبَيْتَ. وَ مُرِي ٱلْجَارِيَةَ أَنْ تَطُوفَ بِهِ بَيْنَ ٱلصَّفَا وَ ٱلْمَرْوَةِ.

❁ عبدالرحمٰن بن الحجاج سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ (سفر حج میں) ہمارے ساتھ ایک بچہ بھی ہے تو ہم اس کے سلسلے میں کیا کریں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس بچہ کی ماں سے کہو کہ وہ حمیدہ خاتون سے مل کر معلوم کرے کہ وہ اس سلسلے میں اپنے بچوں کے ساتھ کیا کرتی ہیں؟ چنانچہ اس کی ماں حمیدہ خاتون کے پاس گئی اور ان سے پوچھا کہ آپ کس طرح کرتی ہیں؟

انہوں نے کہا کہ جب ترویہ (۸ ذی الحجہ) کا دن ہو تو تم اس کی طرف سے نیت کر کے اسے احرام باندھواؤ اور جس طرح احرام باندھنے والا کپڑے اتارتا ہے (اور غسل کر کے احرام باندھتا ہے) تم اس کے کپڑے اتارو اور اسے غسل کراؤ اور اسے تمام مواقف (عرفات و مزدلفہ) میں وقوف کراؤ اور جب قربانی کا دن ہو تو اس کی طرف سے رمی جمرات کرو اور اس کا سر مونڈواؤ بعد ازاں اسے خانہ کعبہ کا طواف کراؤ اور اپنی کنیز کو حکم دو کہ وہ اسے خانہ کعبہ کا طواف اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کرائے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{1634} مُحَمَّدُ بْنُ ٱلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُوسَى بْنِ ٱلْقَاسِمِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُذَافِرٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ يَزِيدَ عَنْ أَبِي عَبْدِ ٱللّٰهِ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ قَالَ: مَنْ دَخَلَ مَكَّةَ مُعْتَمِراً مُفْرِداً لِلْعُمْرَةِ فَقَضَى عُمْرَتَهُ ثُمَّ خَرَجَ كَانَ ذٰلِكَ لَهُ وَ إِنْ أَقَامَ إِلَى أَنْ يُدْرِكَهُ ٱلْحَجُّ كَانَتْ عُمْرَتُهُ مُتْعَةً وَ قَالَ لَيْسَ يَكُونُ مُتْعَةٌ إِلاَّ فِي أَشْهُرِ ٱلْحَجِّ.

❁ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو شخص تنہا عمرہ ادا کرتے ہوئے مکہ میں داخل ہوا اور جب عمرہ بجا لا چکے تو وہ اگر باہر جانا

---

[1] الکافی: ۳۰۰/۴ ح ۵؛ تہذیب الاحکام: ۴۱۰/۵ ح ۱۴۲۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۸۶/۱۱ ح ۱۴۸۱۷؛ الوافی: ۲۸۹/۱۲

[2] الحج فی الشریعہ: ۳۱۷/۵؛ کتاب الحج شاہرودی: ۳۵/۵؛ کتاب الحج قمی: ۴۴؛ الاجتہاد و التقلید رضا صدر: ۲۰۶؛ فقہ الصادق: ۴۲/۹؛ مصباح الہدیٰ: ۲۵۰/۱۱؛ شرح فروع الکافی مازندرانی: ۵۷/۴؛ مرآۃ العقول: ۲۰۶/۱۷؛ ملاذ الاخیار: ۲۰۵/۸

چاہے تو جاسکتا ہے اور اگر حج کے موسم تک وہیں ٹھہرا رہے تو اس کا عمرہ تمتع بن سکتا ہے بشرطیکہ یہ عمرہ اشہر حج میں ادا کیا جائے۔ (1)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (2)

{1635} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَلِيٍّ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: اَلْإِحْرَامُ مِنْ مَوَاقِيتَ خَمْسَةٍ وَقَّتَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ لاَ يَنْبَغِي لِحَاجٍّ وَ لاَ مُعْتَمِرٍ أَنْ يُحْرِمَ قَبْلَهَا وَ لاَ بَعْدَهَا وَقَّتَ لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ ذَا الْحُلَيْفَةِ وَ هُوَ مَسْجِدُ الشَّجَرَةِ كَانَ يُصَلِّي فِيهِ وَ يَفْرِضُ الْحَجَّ فَإِذَا خَرَجَ مِنَ الْمَسْجِدِ فَسَارَ وَ اِسْتَوَتْ بِهِ الْبَيْدَاءُ حِينَ يُحَاذِي الْمِيلَ الْأَوَّلَ أَحْرَمَ وَ وَقَّتَ لِأَهْلِ الشَّامِ الْجُحْفَةَ وَ وَقَّتَ لِأَهْلِ نَجْدٍ الْعَقِيقَ وَ وَقَّتَ لِأَهْلِ الطَّائِفِ قَرْنَ الْمَنَازِلِ وَ وَقَّتَ لِأَهْلِ الْيَمَنِ يَلَمْلَمَ وَ لاَ يَنْبَغِي لِأَحَدٍ أَنْ يَرْغَبَ عَنْ مَوَاقِيتِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ.

عبیداللہ بن علی حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: احرام پانچ میقاتوں سے باندھا جاتا ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مقرر فرمائے ہیں۔ کسی حج و عمرہ کرنے والے کو ان سے پہلے یا ان کے بعد احرام نہیں باندھنا چاہیے چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اہل مدینہ کے لئے ''ذوالحلیفہ'' مقرر کیا جو کہ مسجد شجرہ ہے جس میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز پڑھ رہے تھے کہ حج فرض ہونے کا حکم ملا پس جب مسجد سے نکلے اور بیدا کی بلندی پر آئے اور میل اول کے مقابل ہوئے تو احرام باندھا اور اہل شام کے لئے ''جحفہ'' مقرر کیا ہے اور اہل نجد کے لئے ''عقیق'' مقرر کیا ہے اور اہل طائف کے لئے ''قرن المنازل'' مقرر کیا ہے اور اہل یمن کے لئے ''یلملم'' مقرر کیا ہے اور کسی بھی شخص کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (کے مقرر کردہ) مواقیت سے روگردانی نہیں کرنی چاہیے۔ (3)

تحقیق:

حدیث صحیح اور حسن ہے۔ (4)

---

(1) تہذیب الاحکام:۵/ ۴۳۵ ح ۱۵۱۳؛ وسائل الشیعہ:۱۱/ ۲۸۴ ح ۱۴۸۱۳؛ الوافی:۱۲/ ۴۶۰؛ ھدایۃ الامہ:۵/ ۳۴۶

(2) ملاذ الاخیار:۸/ ۴۵۸؛ فقہ الصادقؑ:۱۰/ ۴۴؛ تفصیل الشریعہ کتاب الحج:۲/ ۳۳۴؛ سند العروۃ کتاب الحج:۲/ ۴۹؛ تعالیق مبسوطہ:۹/ ۱۰۲؛ فقہ الحج:۲/ ۲۹۹؛ براھین الحج:۲/ ۷۴؛ حقیقۃ الشریعہ:۱/ ۲۹۶؛ الحج فی الشریعہ:۲/ ۲۷۳؛ ملاذ الاخیار:۸/ ۴۵۸

(3) من لا یحضرہ الفقیہ:۲/ ۳۰۲ ح ۲۵۲۲؛ الکافی:۴/ ۳۱۹ ح ۲؛ تہذیب الاحکام:۵/ ۵۵ ح ۱۶۷؛ وسائل الشیعہ:۱۱/ ۳۰۸ ح ۱۴۸۷۵؛ الوافی:۱۲/ ۴۸۰

(4) روضۃ المتقین:۴/ ۲۸۴؛ شرح فروع کافی مازندرانی:۴/ ۲۰۳؛ کتاب الحج شاہرودی:۲/ ۲۵۵؛ ذخیرۃ المعاد:۲/ ۵۷۵؛ تعالیق مبسوطہ:۹/ ۲۷؛ کتاب الحج قمی:۲/ ۸۱؛ شرح العروۃ:۲۸/ ۲۲۷؛ فقہ الصادقؑ:۱۰/ ۱۳؛ تفصیل الشریعہ:۱۳/ ۷؛ الجعہ:۵/ ۱۵؛ جواہر الکلام:۱۸/ ۱۰۲؛ منتھی المطلب:۱۰/ ۱۶۰؛ لوامع صاحبقرانی:۷/ ۴۴۹؛ مراۃ العقول:۱۷/ ۲۳۶؛ ملاذ الاخیار:۷/ ۲۹۳

{1636} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ عَنِ الْعَمْرَكِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ أَخِيهِ مُوسَى بْنِ جَعْفَرٍ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ إِحْرَامِ أَهْلِ الْكُوفَةِ وَ أَهْلِ خُرَاسَانَ وَ مَا يَلِيهِمْ وَ أَهْلِ الشَّامِ وَ مِصْرَ مِنْ أَيْنَ هُوَ قَالَ أَمَّا أَهْلُ الْكُوفَةِ وَ خُرَاسَانَ وَ مَا يَلِيهِمْ فَمِنَ الْعَقِيقِ وَ أَهْلُ الْمَدِينَةِ مِنْ ذِي الْحُلَيْفَةِ وَ الْجُحْفَةِ وَ أَهْلُ الشَّامِ وَ مِصْرَ مِنَ الْجُحْفَةِ وَ أَهْلُ الْيَمَنِ مِنْ يَلَمْلَمَ وَ أَهْلُ السِّنْدِ مِنَ الْبَصْرَةِ يَعْنِي مِنْ مِيقَاتِ أَهْلِ الْبَصْرَةِ.

✪ علی بن جعفر علیہ السلام سے روایت ہے کہ میں نے اپنے بھائی امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ اہل کوفہ، اہل خراسان اور جو ان سے ملتے جلتے ہیں اور اہل شام و مصر کہاں سے احرام باندھیں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جہاں تک اہل کوفہ وخراسان اور ان سے ملتے جلتے لوگوں کو تعلق ہے تو ان کا میقات عقیق ہے اور مدینہ والوں کا ذوالحلیفہ اور جحفہ ہے اور شامیوں اور مصریوں کا جحفہ ہے اور یمن والوں کا یلملم ہے اور سندھ والوں کا بصرہ ہے یعنی ان کا میقات وہ ہے جو اہل بصرہ کا ہے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{1637} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُوسَى بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ أَبَانِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ خِصَالٌ عَابَهَا عَلَيْكَ أَهْلُ مَكَّةَ قَالَ وَ مَا هِيَ قُلْتُ قَالُوا أَحْرَمَ مِنَ الْجُحْفَةِ وَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ أَحْرَمَ مِنَ الشَّجَرَةِ فَقَالَ الْجُحْفَةُ أَحَدُ الْوَقْتَيْنِ فَأَخَذْتُ بِأَدْنَاهُمَا وَ كُنْتُ عَلِيلاً.

✪ ابو بصیر سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ چند باتوں کی وجہ سے اہل مکہ نے آپ علیہ السلام پر نکتہ چینی کی ہے

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ کیا ہیں؟

میں نے عرض کیا: وہ کہتے ہیں کہ آپ علیہ السلام نے جحفہ سے احرام باندھا ہے جبکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (مسجد) شجرہ سے احرام باندھا تھا۔

---

[1] تہذیب الاحکام: ۵/۵۵ ح ۱۶۹؛ مسائل علی بن جعفرؑ: ۲۶۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۱/۳۰۹ ح ۱۴۸۸۰؛ الوافی: ۱۲/۴۸۲؛ ھدایۃ الامہ: ۵/۲۷

[2] ملاذ الاخیار: ۷/۹۵؛ تفصیل الشریعہ: ۱۳/۲۷؛ مدارک الاحکام: ۷/۲۲۰؛ کتاب الحج قمی: ۲/۸۲؛ فقہ الصادقؑ: ۱۰/۵۲؛ شرح فروع کافی مازندرانی: ۴/۲۰۳؛ ذخیرۃ المعاد: ۵/۵۷۰؛ براھین الحج: ۲/۲۹۳؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۲/۲۵۲؛ کتاب الحج شاھرودی: ۲/۲۶۲

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جحفہ بھی دو میقاتوں میں سے ایک ہے اور میں چونکہ بیمار تھا اس لئے وہاں سے میقات باندھا جو (مکہ کے) زیادہ قریب تھا۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق کالصحیح ہے۔[2]

{1638} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ نَسِيَ أَنْ يُحْرِمَ حَتَّى دَخَلَ الْحَرَمَ قَالَ قَالَ أَبِي يَخْرُجُ إِلَى مِيقَاتِ أَهْلِ أَرْضِهِ فَإِنْ خَشِيَ أَنْ يَفُوتَهُ الْحَجُّ أَحْرَمَ مِنْ مَكَانِهِ فَإِنِ اسْتَطَاعَ أَنْ يَخْرُجَ مِنَ الْحَرَمِ فَلْيَخْرُجْ ثُمَّ لْيُحْرِمْ.

❂ حلبی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص جو احرام باندھنا بھول کر حرم میں داخل ہو گیا تو (اب کیا کرے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: میرے والد بزرگوار علیہ السلام فرمایا ہے کہ اپنی سرزمین کے میقات کی طرف جائے (اور وہاں سے احرام باندھ) اور اگر (وقت کی تنگی یا کسی عذر کی وجہ سے) اسے اندیشہ ہو کہ اس طرح اس کا حج فوت ہو جائے گا تو پھر اسی جگہ سے باندھ لے اور اگر حرم سے باہر (ادنی الحل) جا سکتا ہو تو جائے اور وہاں سے احرام باندھے۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔[4]

{1639} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَبِي الْحَسَنِ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: كَتَبْتُ إِلَيْهِ أَنَّ بَعْضَ مَوَالِيكَ بِالْبَصْرَةِ يُحْرِمُونَ بِبَطْنِ الْعَقِيقِ وَ لَيْسَ بِذَلِكَ الْمَوْضِعِ مَاءٌ وَ لاَ مَنْزِلٌ وَ عَلَيْهِمْ فِي ذَلِكَ مَئُونَةٌ شَدِيدَةٌ وَ يُعْجِلُهُمْ أَصْحَابُهُمْ وَ

---

[1] تہذیب الاحکام: ۵/۵۷ ح ۱۷۶؛ وسائل الشیعہ: ۱۱/۳۱۷ ح ۱۴۹۰۲؛ الوافی: ۱۲/۴۸۷؛ المعتبر: ۲/۸۰۳

[2] مستند العروۃ کتاب الحج: ۲/۳۳۲؛ تعالیق مبسوطہ: ۹/۷۶؛ ملاذ الاخیار: ۷/۲۹۸

[3] الکافی: ۴/۳۲۳ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۵/۲۸۳ ح ۹۶۵؛ الوافی: ۱۲/۵۰۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۱/۳۲۸ ح ۱۴۹۳۱

[4] کتاب الحج گلپائیگانی: ۲/۲۶۵؛ تعالیق مبسوطہ: ۹/۷۰؛ تفصیل الشریعہ کتاب الحج: ۳/۱۲۳؛ کتاب الحج شاہرودی: ۲/۲۱۴؛ فقہ الصادقؑ: ۱۰/۱۹۸؛ فقہ الحج: ۳/۱۷؛ موسوعہ الفقہ الاسلامی: ۲۶/۱۵۱؛ الحج فی الشریعہ: ۲/۷۰؛ شرح العروۃ: ۲۷/۲۶۴؛ جواہر الکلام فی ثوبہ: ۹/۹۴؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۵۷۴؛ تذکرۃ الفقہاء: ۷/۲۰۱؛ مدارک الاحکام: ۷/۲۳۲؛ منتہی المطلب: ۱۰/۱۸۶؛ مراۃ العقول: ۱۷/۲۴۳؛ ملاذ الاخیار: ۸/۱۶۲

جِمَالُهُمْ وَمِنْ وَرَاءِ بَطْنِ الْعَقِيقِ بِخَمْسَةَ عَشَرَ مِيلاً مَنْزِلٌ فِيهِ مَاءٌ وَهُوَ مَنْزِلُهُمُ الَّذِي يَنْزِلُونَ فِيهِ فَتَرَى أَنْ يُحْرِمُوا مِنْ مَوْضِعِ الْمَاءِ لِرِفْقِهِ بِهِمْ وَخِفَّتِهِ عَلَيْهِمْ فَكَتَبَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَقَّتَ الْمَوَاقِيتَ لِأَهْلِهَا وَلِمَنْ أَتَى عَلَيْهَا مِنْ غَيْرِ أَهْلِهَا وَفِيهَا رُخْصَةٌ لِمَنْ كَانَتْ بِهِ عِلَّةٌ فَلاَ يُجَاوِزِ الْمِيقَاتَ إِلاَّ مِنْ عِلَّةٍ.

❂ صفوان بن یحییٰ سے روایت ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام کی خدمت میں ارسال کیا جس میں یہ مسئلہ دریافت کیا تھا کہ آپ علیہ السلام کے بصرہ کے بعض موالی "بطن العقیق" سے احرام باندھتے ہیں جبکہ وہاں نہ پانی ہے اور نہ کوئی مکان ہے جس کی وجہ سے ان کو سخت تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور ان کے ساتھی اور شتربان بہت جلدی کرتے ہیں اور بطن عقیق کے اس طرف (اندر) پندرہ میل کے فاصلہ پر ایک منزل ہے جہاں لوگ اترتے ہیں اور وہاں پانی بھی ہے تو آپ علیہ السلام کیا فرماتے ہیں کیا وہ وہاں سے احرام باندھ سکتے ہیں کیونکہ اس میں ان کے لئے سہولت ہے؟

آپ علیہ السلام نے جواب میں لکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مختلف علاقوں کے لئے اور جو وہاں سے گزرے مختلف میقات مقرر کئے ہیں (وہیں سے احرام باندھنا چاہیے) البتہ اس میں کسی عذر والوں کے لئے رخصت ہے ورنہ دوسرے لوگ میقات سے احرام باندھے بغیر نہیں گزر سکتے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1640} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عُمَرَ بْنِ يَزِيدَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: مَنْ أَرَادَ أَنْ يَخْرُجَ مِنْ مَكَّةَ لِيَعْتَمِرَ أَحْرَمَ مِنَ الْجِعْرَانَةِ وَالْحُدَيْبِيَةِ وَمَا أَشْبَهَهُمَا الْحَدِيثَ.

❂ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو شخص عمرہ کے لئے مکہ سے نکلنا چاہے تو وہ جعرانہ یا حدیبیہ یا ان جیسے کسی مقام سے احرام باندھے۔ [3]

---

[1] الکافی: ۳۲۳/۴ ح ۲؛ وسائل الشیعہ: ۳۳۱/۱۱ ح ۱۴۹۳۱؛ الوافی: ۵۰۳/۱۲؛ مسند الامام الرضاؑ: ۲۱۹/۲

[2] مرآۃ العقول: ۲۳۳/۱۷؛ مستمسک العروۃ: ۲۶۶/۱۱؛ شرح العروۃ: ۲۱۹/۲۸؛ کتاب الحج قمی: ۲۰۵/۲؛ ذخیرۃ المعاد: ۵۷۵/۲؛ الحج فی الشریعہ: ۴۷۰/۲؛ براھین الحج: ۱۶/۳؛ تفصیل الشریعہ کتاب الحج: ۲۶/۳؛

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۴۵۴/۲ ح ۲۹۵۲؛ تہذیب الاحکام: ۹۵/۵ ح ۳۱۵؛ الاستبصار: ۱۷۷/۲ ح ۵۸۸؛ وسائل الشیعہ: ۳۴۱/۱۱ ح ۱۴۹۶۷؛ الوافی: ۸۰۹/۱۳

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [1]

{1641} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ قَالَ: أَرْسَلْنَا إِلَى أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ وَ نَحْنُ جَمَاعَةٌ وَ نَحْنُ بِالْمَدِينَةِ أَنَّا نُرِيدُ أَنْ نُوَدِّعَكَ فَأَرْسَلَ إِلَيْنَا اغْتَسِلُوا بِالْمَدِينَةِ فَإِنِّي أَخَافُ أَنْ يَعِزَّ عَلَيْكُمُ الْمَاءُ بِذِي الْحُلَيْفَةِ فَاغْتَسِلُوا بِالْمَدِينَةِ وَ الْبَسُوا ثِيَابَكُمُ الَّتِي تُحْرِمُونَ فِيهَا ثُمَّ تَعَالَوْا فُرَادَى أَوْ مَثَانِيَ.

ہشام بن سالم سے روایت ہے کہ ہم نے امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں پیغام بھیجا جبکہ ہم چند نفر تھے اور مدینہ میں موجود تھے کہ ہم آپ علیہ السلام سے الوداع کرنا چاہتے ہیں (اور حج پر مکہ جانا چاہتے ہیں) آپ علیہ السلام نے ہماری طرف پیغام بھیجا کہ تم مدینہ میں غسل کرلو کیونکہ مجھے اندیشہ ہے کہ شاید تمہیں ذوالحلیفہ میں پانی نہ مل سکے لہٰذا مدینہ میں غسل کرلو اور پھر احرام والے کپڑے پہن لو اس کے بعد آؤ خواہ اکیلے اکیلے آؤ یا دو دو ہو کر آؤ۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [3]

{1642} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلاَءِ بْنِ رَزِينٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِذَا اغْتَسَلَ الرَّجُلُ وَ هُوَ يُرِيدُ أَنْ يُحْرِمَ فَلَبِسَ قَمِيصاً قَبْلَ أَنْ يُلَبِّيَ فَعَلَيْهِ الْغُسْلُ.

امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: جو کوئی احرام باندھنے کے ارادے سے غسل کرے مگر تلبیہ کہنے سے پہلے قمیض پہن لے تو

---

[1] روضۃ المتقین: ۵/۸۴؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۵۸۳؛ تفصیل الشریعہ کتاب الحج: ۲/۴۳۰؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۲/۳۰۸؛ شرح العروۃ: ۲۷/۲۲۷؛ الحج فی الشریعہ: ۲/۵۶۱؛ معتمد العروۃ: ۲/۲۲۱؛ فقہ الحج: ۲/۲۸۰؛ منتھی المطلب: ۱۰/۲۷۴؛ مدارک الاحکام: ۷/۲۷۸؛ موسوعۃ الفقہ الاسلامی: ۹/۳۸۶؛ کتاب الحج قمی: ۲/۲۲۳؛ تنقیح مبانی الحج: ۲/۲۷۲؛ شرح فروع مازندرانی: ۳/۲۹۱؛ مستمسک العروۃ: ۱۱/۱۸؛ لوامع صاحبقرانی: ۸/۱۷۵؛ جواہر الکلام: ۱۸/۸۳؛ المعتمد: ۳/۲۱۵؛ جواہر الکلام فی ثوب: ۹/۳۶۱؛ فقہ الصادقؑ: ۱۰/۵۳؛ ملاذ الاخیار: ۷/۳۶۷

[2] الکافی: ۴/۳۲۸ ح ۷؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/۳۰۸ ح ۲۵۳۷؛ تہذیب الاحکام: ۵/۶۳ ح ۲۰۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۲/۳۲۶ ح ۱۶۳۱۸؛ الوافی: ۱۲/۵۱۷

[3] مرآۃ العقول: ۱۷/۱۵۲؛ فقہ الحج: ۲/۸۱؛ منتھی المطلب: ۱۰/۲۰۲؛ فقہ الصادقؑ: ۱۰/۲۶۹؛ الحج فی الشریعہ: ۲/۱۵۶؛ کتاب الحج گلپایگانی: ۸/۲۲؛ جواہر الکلام: ۱۸/۱۸۰؛ جواہر الکلام فی ثوب: ۹/۳۲۶؛ مدارک الاحکام: ۷/۲۵۱؛ تنقیح مبانی الحج: ۲/۳۹؛ براہین الحج۔ ۲/۲۵۸؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۵۸۰؛ تفصیل الشریعہ: ۱۳/۲۶۹؛ ماوراء الفقہ: ۲/۲۳؛ مستمسک العروۃ: ۱۱/۳۳۵؛ المہذب فی مناسک: ۲/۱۳۷؛ روضۃ المتقین: ۴/۳۰۰؛ لوامع صاحبقرانی: ۷/۴۶۵؛ ملاذ الاخیار: ۷/۳۱۱

اسے (دوبارہ) غسل کرنا چاہیے۔ [1]

تحقیق:

حدیث کا صحیح ہے۔ [2]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث ضعیف علی المشہور ہے۔ [3]

{1643} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُوسَى بْنِ اَلْقَاسِمِ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ وَ حَمَّادِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ عُبَيْدِ اَللَّهِ اَلْحَلَبِيِّ كِلاَهُمَا عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: لاَ يَضُرُّكَ بِلَيْلٍ أَحْرَمْتَ أَوْ نَهَارٍ إِلاَّ أَنَّ أَفْضَلَ ذَلِكَ عِنْدَ زَوَالِ اَلشَّمْسِ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: رات کے وقت احرام باندھو یا دن کے وقت باندھو اس سے تمہیں کوئی ضرر نہیں ہے مگر افضل یہ ہے کہ زوال آفتاب کے وقت ہو۔ [4]

تحقیق:

حدیث صحیح اور حسن ہے۔ [5]

{1644} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَلْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ اِبْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عُثْمَانَ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ إِنِّي أُرِيدُ أَنْ أَتَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ إِلَى اَلْحَجِّ فَكَيْفَ أَقُولُ فَقَالَ "تَقُولُ اَللَّهُمَّ إِنِّي أُرِيدُ اَلتَّمَتُّعَ بِالْعُمْرَةِ إِلَى اَلْحَجِّ عَلَى كِتَابِكَ وَ سُنَّةِ نَبِيِّكَ وَ إِنْ شِئْتَ أَضْمَرْتَ اَلَّذِي تُرِيدُ".

حماد بن عثمان سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ میں حج تمتع کرنا چاہتا ہوں تو کیا کہوں؟ آپ علیہ السلام نے فرمایا: کہو "اے اللہ میں تیری کتاب اور تیرے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت کے مطابق حج کے ساتھ عمرہ تمتع کرنے کا ارادہ کرتا ہوں" اور اگر تم چاہو تو یہ نیت دل میں کر لو۔ [6]

---

[1] الکافی: ۳۲۹/۴ ح ۸؛ تہذیب الاحکام: ۶۵/۵ ح ۲۱۰؛ وسائل الشیعہ: ۳۳۱/۱۲ ح ۱۶۳۳۴؛ الوافی: ۵۱۶/۱۲

[2] سند العروۃ کتاب الحج: ۱۲۰/۳؛ الحج فی الشریعہ: ۱۶۶/۲؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۳۳۹/۳

[3] مراۃ العقول: ۲۵۲/۱۷؛ ملاذ الاخیار: ۳۱۵/۷

[4] تہذیب الاحکام: ۷۸/۵ ح ۲۵۶؛ الکافی: ۳۳۱/۴ ح ۱۱؛ الوافی: ۵۳۰/۱۲؛ وسائل الشیعہ: ۳۳۸/۱۲ ح ۱۶۳۵۵

[5] ملاذ الاخیار: ۳۳۸/۷؛ ذخیرۃ المعاد: ۵۸۶/۲؛ منتھی المطلب: ۲۰۷/۱۰؛ فقہ الصادقؑ: ۳۱۷/۱۰؛ کلمۃ التقوی: ۲۶۸/۳؛ مراۃ العقول: ۲۵۶/۱۷

[6] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳۱۹/۲ ح ۲۵۱۰؛ الکافی: ۳۳۲/۴ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۷۹/۵ ح ۲۶۱؛ الاستبصار: ۱۶۷/۲ ح ۵۵۱؛ الوافی: ۵۳۴/۱۲؛ وسائل الشیعہ: ۳۴۲/۱۲ ح ۱۶۳۶۴؛ ھدایۃ الامۃ: ۲۱۷/۵

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ①

{1645} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَنَّهُ قَالَ: لاَ يَكُونُ إِحْرَامٌ إِلاَّ فِي دُبُرِ صَلاَةٍ مَكْتُوبَةٍ أَوْ نَافِلَةٍ فَإِنْ كَانَتْ مَكْتُوبَةً أَحْرَمْتَ فِي دُبُرِهَا بَعْدَ التَّسْلِيمِ وَ إِنْ كَانَتْ نَافِلَةً صَلَّيْتَ رَكْعَتَيْنِ وَ أَحْرَمْتَ فِي دُبُرِهَا فَإِذَا انْفَتَلْتَ مِنَ الصَّلاَةِ فَاحْمَدِ اللَّهَ عَزَّ وَ جَلَّ وَ أَثْنِ عَلَيْهِ وَ صَلِّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ وَ تَقُولُ: "اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ أَنْ تَجْعَلَنِي مِمَّنِ اسْتَجَابَ لَكَ وَ آمَنَ بِوَعْدِكَ وَ اتَّبَعَ أَمْرَكَ فَإِنِّي عَبْدُكَ وَ فِي قَبْضَتِكَ لاَ أُوقَى إِلاَّ مَا وَقَيْتَ وَ لاَ آخُذُ إِلاَّ مَا أَعْطَيْتَ وَ قَدْ ذَكَرْتَ الْحَجَّ فَأَسْأَلُكَ أَنْ تَعْزِمَ لِي عَلَيْهِ عَلَى كِتَابِكَ وَ سُنَّةِ نَبِيِّكَ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ وَ تُقَوِّيَنِي عَلَى مَا ضَعُفْتُ عَنْهُ وَ تَتَسَلَّمَ مِنِّي مَنَاسِكِي فِي يُسْرٍ مِنْكَ وَ عَافِيَةٍ وَ اجْعَلْنِي مِنْ وَفْدِكَ الَّذِينَ رَضِيتَ وَ ارْتَضَيْتَ وَ سَمَّيْتَ وَ كَتَبْتَ اللَّهُمَّ إِنِّي خَرَجْتُ مِنْ شُقَّةٍ بَعِيدَةٍ وَ أَنْفَقْتُ مَالِي ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِكَ اللَّهُمَّ فَتَمِّمْ لِي حَجِّي اللَّهُمَّ إِنِّي أُرِيدُ التَّمَتُّعَ بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ عَلَى كِتَابِكَ وَ سُنَّةِ نَبِيِّكَ صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَ آلِهِ فَإِنْ عَرَضَ لِي عَارِضٌ يَحْبِسُنِي فَحُلَّنِي حَيْثُ حَبَسْتَنِي لِقَدَرِكَ الَّذِي قَدَّرْتَ عَلَيَّ اللَّهُمَّ إِنْ لَمْ تَكُنْ حَجَّةً فَعُمْرَةً أَحْرَمَ لَكَ شَعْرِي وَ بَشَرِي وَ لَحْمِي وَ دَمِي وَ عِظَامِي وَ مُخِّي وَ عَصَبِي مِنَ النِّسَاءِ وَ الثِّيَابِ وَ الطِّيبِ أَبْتَغِي بِذَلِكَ وَجْهَكَ وَ الدَّارَ الْآخِرَةَ"

يُجْزِيكَ أَنْ تَقُولَ هَذَا مَرَّةً وَاحِدَةً حِينَ تُحْرِمُ ثُمَّ قُمْ فَامْشِ هُنَيْئَةً فَإِذَا اسْتَوَتْ بِكَ الْأَرْضُ مَاشِياً كُنْتَ أَوْ رَاكِباً فَلَبِّ.

❂ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: احرام کسی فریضہ یا نافلہ نماز پڑھنے کے بعد ہی باندھا جائے گا اس کے بغیر نہیں باندھا جائے گا پس اگر نماز فریضہ کے بعد باندھا جائے تو سلام پڑھنے کے بعد باندھا جائے گا اور اگر نافلہ کے بعد ہو تو دو رکعت کے بعد ہوگا پس جب نماز پڑھ چکو تو اللہ کی حمد و ثناء کرو اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجو اور اس کے بعد یہ دعا پڑھو: "اے اللہ! میں تجھ سے التجا کرتا ہوں کہ مجھے ان لوگوں میں شمار کرے جنہوں نے تیری دعوت قبول کی اور تیرے وعدے پر ایمان لائے اور تیرے حکم کی تعمیل کی اور میں تجھ سے التجا کرتا ہوں کہ تو مجھے اس پر اپنی کتاب اور اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت کے مطابق

---

① روضۃ المتقین: ۴/ ۳۴۹؛ لوامع صاحبقرانی: ۷/ ۵۰؛ کتاب الخلل فی الصلاۃ: ۳۶؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/ ۵۷۸؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۲/ ۳۵۲؛ مدارک الاحکام: ۷/ ۲۹۹؛ مستمسک العروۃ: ۱۱/ ۳۶۶؛ فقہ الصادق: ۱۰/ ۲۱۸؛ کتاب الحج قمی: ۲/ ۲۸۷؛ ریاض المسائل: ۶/ ۲۰۹؛ مصباح الہدیٰ: ۱۲/ ۳۶۵؛ جواہر الکلام فی ثوبہ: ۹/ ۴۴۱؛ الحج والعمرۃ فی معرفۃ الحرمین: ۴۶؛ ملاذ الاخیار: ۷/ ۳۳۹

قائم و مستحکم رکھ اور جس موقع پر میں کمزور پڑوں تو مجھے قوت عطا کر اور میرے مناسک کو بآسانی و باعافیت ادا کرا اور اسے قبول فرما اور مجھے ان حاجیوں کے گروہ میں قرار دے جن سے تو راضی ہے اور جنہیں تو نے منتخب کیا ہے اور ان کا نام حاجی رکھا ہے اور حاجیوں کی فہرست میں لکھا ہے۔ اے اللہ! میں ایک دور دراز خطہ سے آیا ہوں اور تیری خوشنودی حاصل کرنے کے لئے میں نے اپنا مال خرچ کیا ہے۔ اے اللہ! تو میرے حج کو پورا اور مکمل فرما۔ اے اللہ! میں تیری کتاب اور تیرے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت کے مطابق حج کے ساتھ عمرے سے متمتع ہونا چاہتا ہوں پس اگر کوئی مرض پیش آ جائے جو مجھے روک دے تو جس طرح وہ مرض پیش آیا ہے اسی طرح اپنی اس قدرت کے ساتھ جو تجھے مجھ پر ہے مجھے چھڑا دے۔ اے اللہ! اگر حج ممکن نہ ہو تو پھر عمرہ ہی صحیح۔ میں تیرے لئے حرام کرتا ہوں اپنے بال، اپنی کھال، اپنے گوشت، اپنے خون، اپنی ہڈی، اپنی ہڈیوں کے گودے پر اور اپنی رگوں پر عورت کو، کپڑے کو، خوشبو کو اور اس سے صرف تیری خوشنودی اور دار آخرت میں تیری طرف سے جزا چاہتا ہوں۔"

چنانچہ احرام باندھتے وقت اس کو ایک بار کہنا تمہارے لئے کافی ہے۔ پھر کھڑے ہو جاؤ اور چلو بس جب پیدل یا سواری پر پوری طرح چلنے لگو تو تلبیہ کہو۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح او رکالصحیح ہے۔ [2]

{1646} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ أَخِيهِ الْحَسَنِ قَالَ: كَتَبْتُ إِلَى الْعَبْدِ الصَّالِحِ أَبِي الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ رَجُلٌ أَحْرَمَ بِغَيْرِ صَلاَةٍ أَوْ بِغَيْرِ غُسْلٍ جَاهِلاً أَوْ عَالِماً مَا عَلَيْهِ فِي ذَلِكَ وَ كَيْفَ يَنْبَغِي لَهُ أَنْ يَصْنَعَ فَكَتَبَ يُعِيدُهُ.

حسین بن سعید نے اپنے بھائی حسن سے روایت کیا ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کو خط لکھا جس میں یہ مسئلہ پوچھا تا کہ ایک شخص نے لاعلمی کی وجہ سے یا جان بوجھ کر نماز پڑھے یا غسل کئے بغیر احرام باندھا تو اس سلسلے میں اس پر کیا ہے اور اسے کیا کرنا چاہیے؟

آپ علیہ السلام نے جواب میں لکھا کہ وہ اعادہ کرے گا۔ [3]

---

[1] من لایحضرہ الفقیہ: ۲/۳۱۸ ح ۲۵۵۸؛ الکافی: ۴/۳۳۱ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۵/۷۷ ح ۲۵۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۲/۳۴۰ ح ۱۶۳۴۲؛ الوافی: ۱۲/۵۳۰؛ الاستبصار: ۲/۱۶۶ ح ۵۴۸

[2] روضۃ المتقین: ۴/۳۴۶؛ لوامع صاحبقرانی: ۷/۵۰۲؛ جواہر الکلام: ۱۸/۲۰۱؛ مدارک الاحکام: ۷/۲۵۸؛ مرآۃ العقول: ۱۷/۲۵۹؛ ملاذ الاخیار: ۷/۳۳

[3] تہذیب الاحکام: ۵/۷۸ ح ۲۶۰؛ الکافی: ۴/۳۲۷ ح ۵؛ الوافی: ۱۲/۵۱۴؛ وسائل الشیعہ: ۱۲/۳۴۷ ح ۱۶۳۷۹

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [1]

{1647} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبِي عَلِيٍّ ٱلْأَشْعَرِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ ٱلْجَبَّارِ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي إِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ إِنَّ أَصْحَابَنَا يَخْتَلِفُونَ فِي وَجْهَيْنِ مِنَ ٱلْحَجِّ يَقُولُ بَعْضُهُمْ أَحْرِمْ بِالْحَجِّ مُفْرِداً فَإِذَا طُفْتَ بِالْبَيْتِ وَ سَعَيْتَ بَيْنَ ٱلصَّفَا وَ ٱلْمَرْوَةِ فَأَحِلَّ وَ اِجْعَلْهَا عُمْرَةً وَ بَعْضُهُمْ يَقُولُ أَحْرِمْ وَ اِنْوِ ٱلْمُتْعَةَ بِالْعُمْرَةِ إِلَى ٱلْحَجِّ أَيُّ هَذَيْنِ أَحَبُّ إِلَيْكَ قَالَ اِنْوِ ٱلْمُتْعَةَ.

❂ اسحاق بن عمار سے روایت ہے کہ میں نے امام ابوابراہیم (موسیٰ کاظم علیہ السلام) سے عرض کیا کہ حج کے سلسلے میں دو چیزوں میں ہمارے اصحاب میں باہمی اختلاف ہے بعض کہتے ہیں کہ تنہا حج کی نیت کر کے احرام باندھے پس جب طواف کعبہ کر چکے اور صفا و مروہ کے درمیاں سعی بھی کر چکے تو محل ہو جائے اور اسے عمرہ قرار دے اور بعض یہ کہتے ہیں کہ عمرہ تمتع کی نیت کر کے احرام باندھے لہٰذا دو میں سے آپ علیہ السلام کو کون سا طریقہ زیادہ پسند ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: (عمرہ) تمتع کی نیت کر کے باندھے۔ [2]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [3]

{1648} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ٱلْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ عَائِذٍ عَنِ ٱلْحُسَيْنِ بْنِ ٱلْمُخْتَارِ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ ٱللَّهِ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ أَ يُحْرِمُ ٱلرَّجُلُ فِي ٱلثَّوْبِ ٱلْأَسْوَدِ قَالَ لاَ يُحْرِمُ فِي ٱلثَّوْبِ ٱلْأَسْوَدِ وَ لاَ يُكَفَّنُ بِهِ ٱلْمَيِّتُ.

❂ حسین بن مختار سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ ایک شخص سیاہ رنگ کے کپڑے میں احرام باندھتا ہے تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: سیاہ رنگ کے کپڑے میں نہ احرام باندھا جائے اور نہ ہی میت کو کفن دیا جائے گا۔ [4]

---

[1] الحج فی الشریعہ: ۲/۲۶۵؛ فقہ الصادقؑ: ۱۰/۳۰۹؛ منتہی المطلب: ۱۰/۲۰۶؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۵۸۶؛ مصباح الہدیٰ: ۱۲/۳۴۷؛ شرح العروۃ: ۲۷/۳۴۷؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۲/۳۰۸؛ براہیم الفقہا: ۲/۹۳؛ ملاذ الاخیار: ۷/۳۳۹؛ مستمسک العروۃ: ۱۱/۳۱۳؛ معتمد الشیعہ: ۱/۴۰۳

[2] الکافی: ۴/۳۳۳ ح۵؛ تہذیب الاحکام: ۵/۸۰ ح۲۶۵؛ الاستبصار: ۲/۱۶۸ ح۵۵۵؛ وسائل الشیعہ: ۱۱/۲۴۸ ح۱۴۷۰۹ و ۱۲/۳۴۸ ح۱۶۳۸۰؛ الوافی: ۱۲/۵۳۵

[3] مراۃ العقول: ۷/۲۹۱؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۵۵۴؛ الحج فی الشریعہ: ۵/۵۷۱؛ ملاذ الاخیار: ۷/۳۳۱

[4] الکافی: ۴/۳۴۱ ح۳؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/۳۶۶ ح۲۰۲؛ تہذیب الاحکام: ۵/۱۳۳ ح۴۵۳؛ الوافی: ۱۲/۵۶۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۲/۳۵۸ ح۱۶۵۰۴؛ بحار الانوار: ۷۸/۳۳۰؛ مستدرک الوسائل: ۲/۲۲۵ ح۱۸۵۵؛ مکارم الاخلاق: ۱۰۴؛ ہدایۃ الامہ: ۵/۲۱۹؛ تہذیب الاحکام: ۵/۶۶ ح۲۱۴

تحقیق:

حدیث موثق اور موثق کالصحیح ہے۔[1]

{1649} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ حَرِيزٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: كُلُّ ثَوْبٍ تُصَلِّي فِيهِ فَلاَ بَأْسَ أَنْ تُحْرِمَ فِيهِ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ہر وہ کپڑا جس میں نماز پڑھی جا سکتی ہے اس میں احرام باندھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔[2]

تحقیق:

حدیث صحیح اور حسن ہے۔[3]

{1650} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ بَأْسَ بِأَنْ يُغَيِّرَ اَلْمُحْرِمُ ثِيَابَهُ وَ لَكِنْ إِذَا دَخَلَ مَكَّةَ لَبِسَ ثَوْبَيْ إِحْرَامِهِ اَللَّذَيْنِ أَحْرَمَ فِيهِمَا وَ كُرِهَ أَنْ يَبِيعَهُمَا.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اگر محرم اپنے کپڑے تبدیل کرے تو کوئی حرج نہیں ہے لیکن جب مکہ میں داخل ہو جائے تو وہی کپڑے پہنے رکھے جن میں احرام باندھا اور ان کا فروخت کرنا مکروہ ہے۔[4]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[5]

{1651} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي

---

[1] فقہ الصادقؑ: ۱۰/۲۹۳؛ کلمۃ التقویٰ: ۳/۲۹۵؛ الدلیل الفقہی: ۳۰؛ جواہر الکلام: ۱۸/۲۳۳؛ مرآۃ العقول: ۱۷/۲۸۲؛ ملاذ الاخیار: ۷/۳۱۷؛ روضۃ المتقین: ۴/۳۹۵؛ لوامع صاحبقرانی: ۷/۵۵۵

[2] من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/۳۳۶ ح۲۵۹۵؛ الکافی: ۴/۳۳۹ ح۳؛ تہذیب الاحکام: ۵/۶۶ ح۲۱۲؛ الوافی: ۱۲/۵۶۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۲/۳۵۹ ح۱۶۵۰۵

[3] روضۃ المتقین: ۴/۳۹۱؛ لوامع صاحبقرانی: ۷/۵۵۳؛ فقہ الصادقؑ: ۱۰/۲۸۰؛ فقہ الحج: ۳/۲۱۱؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۲/۲۴۷؛ تعالیق مبسوطہ: ۹/۳۱۰؛ شرح العروۃ: ۲۸/۲۷۴؛ کتاب الحج قمی: ۲/۳۹۴؛ مرآۃ العقول: ۱۷/۲۷۸؛ ملاذ الاخیار: ۷/۳۱۶؛ منتہی المطلب: ۱۰/۲۹۰؛ کتاب الحج شیخ حرودی: ۳/۱۹۷

[4] من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/۳۴۱ ح۲۶۱۹؛ الکافی: ۴/۳۴۱ ح۱۱؛ تہذیب الاحکام: ۵/۷۱ ح۲۳۳؛ الوافی: ۱۲/۵۶۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۲/۳۶۳ ح۱۶۵۱۶؛ ھدایۃ الامہ: ۵/۲۲۰

[5] روضۃ المتقین: ۴/۴۰۳؛ لوامع صاحبقرانی: ۷/۵۶۸؛ فقہ الصادقؑ: ۱۰/۲۷۸؛ تفصیل الشریعہ: ۳/۲۹۵؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۲/۳۲۶؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۵۸۲؛ مستند الشیعہ: ۱۱/۲۹۹

عَبۡدِ اَللّٰهِ عَلَيۡهِ اَلسَّلاَمُ فِي حَدِيثٍ قَالَ: سَأَلۡتُهُ عَنِ اَلۡمُحۡرِمِ يُقَارِنُ بَيۡنَ ثِيَابِهِ وَ غَيۡرِهَا اَلَّتِي أَحۡرَمَ فِيهَا قَالَ لاَ بَأۡسَ بِذٰلِكَ إِذَا كَانَتۡ طَاهِرَةً.

معاویہ بن عمار سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ محرم ان کپڑوں کے ساتھ جن میں احرام باندھتا ہے اور کپڑوں کو بھی شامل کر لیتا ہے تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب پاک ہوں تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [2]

{1652} مُحَمَّدُ بۡنُ اَلۡحَسَنِ بِإِسۡنَادِهِ عَنۡ سَعۡدِ بۡنِ عَبۡدِ اَللّٰهِ عَنۡ أَحۡمَدَ بۡنِ مُحَمَّدٍ عَنِ اَلۡحُسَيۡنِ بۡنِ سَعِيدٍ عَنِ اَلنَّضۡرِ بۡنِ سُوَيۡدٍ عَنۡ مُحَمَّدِ بۡنِ أَبِي حَمۡزَةَ وَ صَفۡوَانَ بۡنِ يَحۡيَى وَ عَلِيِّ بۡنِ اَلنُّعۡمَانِ عَنۡ يَعۡقُوبَ بۡنِ شُعَيۡبٍ قَالَ: قُلۡتُ لِأَبِي عَبۡدِ اَللّٰهِ عَلَيۡهِ اَلسَّلاَمُ اَلۡمَرۡأَةُ تَلۡبَسُ اَلۡقَمِيصَ تَزُرُّهُ عَلَيۡهَا وَ تَلۡبَسُ اَلۡحَرِيرَ وَ اَلۡخَزَّ وَ اَلدِّيبَاجَ فَقَالَ نَعَمۡ لاَ بَأۡسَ بِهِ وَ تَلۡبَسُ اَلۡخَلۡخَالَيۡنِ وَ اَلۡمَسَكَ.

یعقوب بن شعیب سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ کیا عورت بٹن والی قمیص، ریشم کا بنا ہوا کپڑا، خز اور دیباج (جا کا تانا بانا ریشم کا ہو) پہن سکتی ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں اس میں کوئی حرج نہیں ہے نیز وہ خلخال (پازیب) اور کنگن بھی پہن سکتی ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{1653} مُحَمَّدُ بۡنُ يَعۡقُوبَ عَنۡ عَلِيِّ بۡنِ إِبۡرَاهِيمَ عَنۡ أَبِيهِ عَنِ اِبۡنِ أَبِي عُمَيۡرٍ عَنۡ أَبِي أَيُّوبَ اَلۡخَزَّازِ عَنۡ أَبِي بَصِيرٍ عَنۡ أَبِي عَبۡدِ اَللّٰهِ عَلَيۡهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: لَيۡسَ عَلَى اَلنِّسَاءِ جَهۡرٌ بِالتَّلۡبِيَةِ اَلۡحَدِيثَ.

---

[1] روضۃ المتقین: ۴/۴۰۳؛ لوامع صاحبقرانی: ۷/۵۶۸؛ فقہ الصادقؑ: ۱۰/۸۷؛ تفصیل الشریعہ: ۱۳/۲۹۵؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۲/۳۲۶؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۵۸۲؛ مستند الشیعہ: ۱۱/۲۹۹

[2] الکافی: ۴/۳۴۰ ح۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۲/۴۳ ح۱۶۵۱۲؛ الوافی: ۱۲/۵۶۷

[3] تہذیب الاحکام: ۵/۷۴ ح۲۴۶؛ الوافی: ۱۲/۵۹۰؛ وسائل الشیعہ: ۱۲/۳۶۶ ح۱۶۵۲۵؛ الاستبصار: ۲/۳۰۹ ح۱۱۰۰؛ عوالی اللئالی: ۳/۱۵۹

[4] ملاذ الاخیار: ۷/۳۳۱؛ موسوعۃ الفقہ الاسلامی: ۹۰/۴۷؛ فقہ الصادقؑ: ۱۰/۸۵؛ مدارک الاحکام: ۷/۳۳۲؛ شرح فروع مازندرانی: ۵/۱۴؛ جواہر الکلام: ۱۸/۳۳۲؛ غایۃ المرام: ۱/۳۲۵؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۲/۳۰۳؛ فقہ الحج: ۳/۱۸؛ تفصیل الشریعہ کتاب الحج: ۳/۵۲؛ تذکرۃ الفقہاء: ۷/۲۴۳؛ عوالی اللئالی: ۳/۱۵۹

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: عورتوں پر بالجہر (بلند آواز سے) تلبیہ کہنا نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [2]

{1654} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ يَاسِينَ اَلضَّرِيرِ عَنْ حَرِيزٍ عَنْ زُرَارَةَ : أَنَّ رَجُلاً مِنْ أَهْلِ خُرَاسَانَ قَدِمَ حَاجّاً وَ كَانَ أَقْرَعَ اَلرَّأْسِ لاَ يُحْسِنُ أَنْ يُلَبِّيَ فَاسْتُفْتِيَ لَهُ أَبُو عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ فَأَمَرَ أَنْ يُلَبَّى عَنْهُ وَ يُمَرَّ اَلْمُوسَى عَلَى رَأْسِهِ فَإِنَّ ذَلِكَ يُجْزِي عَنْهُ.

زرارہ سے روایت ہے کہ اہل خراسان میں سے ایک شخص حج پر گیا جس کے سر پر بال نہ تھے اور وہ اچھی طرح سے تلبیہ نہیں کہہ سکتا تھا تو اس کے متعلق امام جعفر صادق علیہ السلام سے فتویٰ طلب کیا گیا تو آپ علیہ السلام نے حکم دیا کہ اس کی طرف سے تلبیہ کہہ دیا جائے اور اس کے سر پر استرا پھیر دیا جائے تو یہ اس کے لیے کافی ہوگا۔ [3]

تحقیق:

حدیث موثق یا معتبر ہے۔ [4]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث مجہول ہے۔ [5]

{1655} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ اَلْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ فَضَالَةَ وَ صَفْوَانَ وَ اِبْنِ أَبِي عُمَيْرٍ جَمِيعاً عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: إِذَا فَرَغْتَ مِنْ صَلاَتِكَ وَ عَقَدْتَ مَا تُرِيدُ فَقُمْ وَ اِمْشِ هُنَيْئَةً فَإِذَا اِسْتَوَتْ بِكَ اَلْأَرْضُ مَاشِياً كُنْتَ أَوْ رَاكِباً فَلَبِّ وَ اَلتَّلْبِيَةُ أَنْ تَقُولَ "لَبَّيْكَ اَللَّهُمَّ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ لاَ شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ إِنَّ اَلْحَمْدَ وَ اَلنِّعْمَةَ لَكَ وَ اَلْمُلْكَ لاَ شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ ذَا اَلْمَعَارِجِ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ دَاعِياً إِلَى دَارِ اَلسَّلاَمِ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ غَفَّارَ اَلذُّنُوبِ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ أَهْلَ اَلتَّلْبِيَةِ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ ذَا اَلْجَلاَلِ وَ اَلْإِكْرَامِ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ تُبْدِئُ وَ اَلْمَعَادُ إِلَيْكَ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ تَسْتَغْنِي وَ يُفْتَقَرُ إِلَيْكَ

---

[1] الکافی: ۴/۴۰۵ ح ۸؛ تہذیب الاحکام: ۵/۹۳ ح ۳۰۴؛ الوافی: ۱۲/۵۱۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۲/۳۸۰ ح ۱۶۵۹۳

[2] فقہ الحج: ۳/۸۷؛ المہذب فی مناسک: ۲/۱۸۰؛ مرآۃ العقول: ۱۸/۱۹

[3] الکافی: ۴/۵۰۴ ح ۱۳؛ تہذیب الاحکام: ۵/۲۴۴ ح ۸۲۸؛ الوافی: ۱۴/۱۲۰۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۲۳۰ ح ۱۹۰۶۱

[4] براہین الحج: ۴/۵۱؛ الحج فی الشریعہ: ۵/۲۴۷، ۲۲۹

[5] مرآۃ العقول: ۱۸/۸۹؛ ملاذ الاخیار: ۸/۹۲

لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ مَرْهُوباً وَ مَرْغُوباً إِلَيْكَ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ إِلَهَ الْحَقِّ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ ذَا النَّعْمَاءِ وَ الْفَضْلِ الْحَسَنِ الْجَمِيلِ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ كَشَّافَ الْكُرَبِ الْعِظَامِ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ عَبْدُكَ وَ ابْنُ عَبْدَيْكَ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ يَا كَرِيمُ لَبَّيْكَ)" تَقُولُ هَذَا فِي دُبُرِ كُلِّ صَلَاةٍ مَكْتُوبَةٍ أَوْ نَافِلَةٍ وَ حِينَ يَنْهَضُ بِكَ بَعِيرُكَ وَ إِذَا عَلَوْتَ شَرَفاً أَوْ هَبَطْتَ وَادِياً أَوْ لَقِيتَ رَاكِباً أَوِ اسْتَيْقَظْتَ مِنْ مَنَامِكَ وَ بِالْأَسْحَارِ وَ أَكْثِرْ مَا اسْتَطَعْتَ وَ اجْهَرْ بِهَا وَ إِنْ تَرَكْتَ بَعْضَ التَّلْبِيَةِ فَلَا يَضُرُّكَ غَيْرَ أَنَّ تَمَامَهَا أَفْضَلُ وَ اعْلَمْ أَنَّهُ لَا بُدَّ لَكَ مِنَ التَّلْبِيَاتِ الْأَرْبَعَةِ الَّتِي كُنَّ فِي أَوَّلِ الْكَلَامِ وَ هِيَ الْفَرِيضَةُ وَ هِيَ التَّوْحِيدُ وَ بِهَا لَبَّى الْمُرْسَلُونَ وَ أَكْثِرْ مِنْ ذِي الْمَعَارِجِ فَإِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ كَانَ يُكْثِرُ مِنْهَا وَ أَوَّلُ مَنْ لَبَّى إِبْرَاهِيمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ إِنَّ اللَّهَ يَدْعُوكُمْ إِلَى أَنْ تَحُجُّوا بَيْتَهُ فَأَجَابُوهُ بِالتَّلْبِيَةِ فَلَمْ يَبْقَ أَحَدٌ أُخِذَ مِيثَاقُهُ بِالْمُوَافَاةِ فِي ظَهْرِ رَجُلٍ وَ لَا بَطْنِ امْرَأَةٍ إِلَّا أَجَابَ بِالتَّلْبِيَةِ.

❁ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب تم (احرام کی) نماز سے فارغ ہو اور جو کچھ احرام باندھنا ہے وہ بھی باندھ چکو تو کھڑے ہو جاؤ اور پیدل ہو یا سوار تھوڑا سا چلو اور راہ پر پڑ جاؤ تو پھر لبیک کہو اور تلبیہ اس طرح کہو:

لَبَّيْكَ اللَّهُمَّ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ إِنَّ الْحَمْدَ وَ النِّعْمَةَ لَكَ وَ الْمُلْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ ذَا الْمَعَارِجِ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ دَاعِياً إِلَى دَارِ السَّلَامِ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ غَفَّارَ الذُّنُوبِ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ أَهْلَ التَّلْبِيَةِ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ ذَا الْجَلَالِ وَ الْإِكْرَامِ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ تُبْدِئُ وَ الْمَعَادُ إِلَيْكَ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ تَسْتَغْنِي وَ يُفْتَقَرُ إِلَيْكَ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ مَرْهُوباً وَ مَرْغُوباً إِلَيْكَ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ إِلَهَ الْحَقِّ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ ذَا النَّعْمَاءِ وَ الْفَضْلِ الْحَسَنِ الْجَمِيلِ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ كَشَّافَ الْكُرَبِ الْعِظَامِ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ عَبْدُكَ وَ ابْنُ عَبْدَيْكَ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ يَا كَرِيمُ لَبَّيْكَ

اور یہ ہر نماز فریضہ اور نافلہ کے بعد، یا جب تمہارا اونٹ اٹھے یا کسی فرازی جگہ پر چڑھو یا نشیبی جگہ پر اترو یا کسی سوار سے ملاقات کرو اور راگران میں سے بعض اجزاء کو ترک کر دو تو بھی کوئی حرج نہیں ہے مگر مکمل کہنا افضل ہے اور تمہیں معلوم ہونا چاہیے کہ جو اس تلبیہ کی ابتداء میں چار تلبیے ہیں [1] وہ فرض ہیں اور یہ توحید ہیں اور انہی کے ساتھ رسولوں نے تلبیہ کہا اور لفظ "ذی المعارج" کو بکثرت کہو کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بکثرت کہا کرتے تھے اور سب سے پہلے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے تلبیہ کہا ہے اور کہا: اے لوگو! خدا تمہیں اپنے گھر کے حج کی طرف بلاتا ہے اس پر لوگوں نے لبیک کہہ کر جواب دیا۔ کوئی ایسا شخص باقی نہ رہ گیا جس

---

[1] یعنی لَبَّيْكَ اللَّهُمَّ سے لے کر ذَا الْمَعَارِجِ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ تک

سے وفا کا عہدو پیمان لیا گیا تھا خواہ وہ ہنوز باپ کی پشت میں تھا یا ماں کے پیٹ میں تھا مگر یہ کہ اس نے لبیک کہی۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{1656} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي نَصْرٍ عَنْ أَبِي ٱلْحَسَنِ ٱلرِّضَا عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ : أَنَّهُ سُئِلَ عَنِ ٱلْمُتَمَتِّعِ مَتَى يَقْطَعُ ٱلتَّلْبِيَةَ قَالَ إِذَا نَظَرَ إِلَى أَعْرَاشِ مَكَّةَ عَقَبَةَ ذِي طُوًى قُلْتُ بُيُوتُ مَكَّةَ قَالَ نَعَمْ .

احمد بن محمد بن ابونصر سے روایت ہے کہ امام ابوالحسن (علی رضا علیہ السلام) سے پوچھا گیا کہ حج تمتع کرنے والا محرم کب تلبیہ ختم کرے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب عقبہ ذی طویٰ کے مقام پر عراش مکہ پر اس کی نگاہ پڑے۔

میں نے عرض کیا: یعنی مکہ کے گھروں پر؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[4]

{1657} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ٱبْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ جَمِيلٍ عَنْ أَبَانِ بْنِ تَغْلِبَ قَالَ: كُنْتُ مَعَ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ فِي نَاحِيَةٍ مِنَ ٱلْمَسْجِدِ ٱلْحَرَامِ وَ قَوْمٌ يُلَبُّونَ حَوْلَ ٱلْكَعْبَةِ فَقَالَ أَ تَرَى هَؤُلاَءِ ٱلَّذِينَ يُلَبُّونَ وَ ٱللَّهِ لَأَصْوَاتُهُمْ أَبْغَضُ إِلَى ٱللَّهِ مِنْ أَصْوَاتِ ٱلْحَمِيرِ .

ابان بن تغلب سے روایت ہے کہ میں امام محمد باقر علیہ السلام کے ہمراہ مسجد (الحرام) کے ایک گوشہ میں بیٹھا ہوا تھا کہ کچھ لوگ کعبہ کے اردگرد تلبیہ کہہ رہے تھے پس امام علیہ السلام نے فرمایا: کیا ان لوگوں کو دیکھ رہے ہو؟ بخدا ان کی آوازیں اللہ کو گدھوں کی

---

[1] تہذیب الاحکام: ۵/۹۱ ح ۳۰۰؛ الکافی: ۴/۳۳۵ ح ۳؛ الوافی: ۱۲/۵۵۰؛ وسائل الشیعہ: ۱۲/۳۸۲ ح ۱۶۵۵۶

[2] ملاذ الاخیار: ۷/۳۹۱؛ فقہ الصادقؑ: ۱۰/۲۵۸؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۵۸۷؛ مراۃ العقول: ۱۷/۲۶۷

[3] الکافی: ۴/۳۹۹ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۵/۹۴ ح ۳۱۰؛ الاستبصار: ۲/۱۷۶ ح ۵۸۳؛ الوافی: ۱۳/۸۰۶؛ وسائل الشیعہ: ۱۲/۳۸۹ ح ۱۶۵۸۳

[4] مراۃ العقول: ۱۸/۸؛ ملاذ الاخیار: ۷/۳۶۵؛ الحج فی الشریعہ: ۲/۸۷؛ منتھی المطلب: ۱۰/۹؛ ۲۳؛ موسوعہ الفقہ الاسلامی: ۶/۳۲۶؛ جواہر الکلام: ۱۸/۲۷۵؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۲/۳۱۰؛ شرح العروۃ: ۲۸/۲۶۶؛ معتمد العروۃ: ۲/۵۵۰؛ فقہ الصادقؑ: ۱۰/۲۲۳؛ تفصیل الشریعہ: ۱۳/۲۴۹؛ براھین الحج: ۳/۵؛ مستمسک العروۃ: ۱۱/۴۱۸؛ المعتمد فی شرح المناسک: ۳/۳۴۶؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۵۸۳

آوازوں سے بھی زیادہ ناپسند ہیں۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [2]

{1658} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ فَضَّالٍ عَنْ يُونُسَ بْنِ يَعْقُوبَ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الْحَائِضِ تُرِيدُ الْإِحْرَامَ قَالَ تَغْتَسِلُ وَ تَسْتَثْفِرُ وَ تَحْتَشِي بِالْكُرْسُفِ وَ تَلْبَسُ ثَوْباً دُونَ ثِيَابِ إِحْرَامِهَا وَ تَسْتَقْبِلُ الْقِبْلَةَ وَ لاَ تَدْخُلُ الْمَسْجِدَ وَ تُهِلُّ بِالْحَجِّ بِغَيْرِ صَلاَةٍ.

✿ یونس بن یعقوب سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے حیض والی عورت کے بارے میں سوال کیا کہ وہ احرام باندھنا چاہتی ہے تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ غسل کرے گی اور اندام نہانی میں کپاس رکھے گی اور احرام کے دو کپڑوں کے اندر کوئی اور (سلا ہوا) کپڑا پہن لے گی اور قبلہ کی طرف منہ (کر کے ایسا) کرے گی اور مسجد میں داخل نہیں ہوگی اور وہ نماز (احرام) کے بغیر حج کا احرام باندھے گی۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق ہے۔ [4]

{1659} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِنَّ أَسْمَاءَ بِنْتَ عُمَيْسٍ نَفِسَتْ بِمُحَمَّدِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ بِالْبَيْدَاءِ لِأَرْبَعٍ بَقِينَ مِنْ ذِي الْقَعْدَةِ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ فَأَمَرَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ فَاغْتَسَلَتْ وَ احْتَشَتْ وَ أَحْرَمَتْ وَ لَبَّتْ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ وَ أَصْحَابِهِ الْحَدِيثَ.

---

[1] الکافی: ۴/۵۴۰ ح ۲؛ الوافی: ۱۴/۱۰۱۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۲/۸۹ ح ۱۲۵۸۳

[2] شرح العروۃ: ۲۸/۲۶۹؛ المعتمد فی شرح المناسک: ۳/۴۹؛ فقہ الحج: ۳/۸۸؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۲/۳۱۵؛ جواہر الکلام فی ثوبہ: ۹/۴۹۳؛ جواہر الکلام: ۱۸/۲۷۵؛ مرآۃ العقول: ۱۸/۲۴۴

[3] الکافی: ۴/۴۴۴ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۵/۳۸۸ ح ۱۳۴۴؛ الوافی: ۱۲/۵۴۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۲/۳۹۹ ح ۱۶۶۱۷؛ ھدایۃ الامہ: ۵/۲۲۹

[4] شرح العروۃ: ۲۷/۱۷؛ معتمد العروۃ: ۲/۳۴۳؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۲/۵۶؛ موسوعہ الفقہ الاسلامی: ۲۶/۲؛ تفصیل الشریعہ کتاب الحج: ۳/۲۵۷؛ الحج فی الشریعہ: ۲/۳۸۸؛ ملاذ الاخیار: ۸/۳۶۷؛ مرآۃ العقول: ۱۸/۹۰

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اسماء بنت عمیس حجۃ الوداع کے موقع پر جب بیداء کے مقام پر (مسجد شجرہ کے قریب) پہنچیں تو محمد بن ابی بکرؓ کی ولادت کی وجہ سے نفساء ہو گئیں اور یہ چھبیس ذی القعدہ کا واقعہ ہے تو انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم کے مطابق (احرام کے لئے) غسل کیا اور (اندام نہانی میں) کپاس رکھی اور احرام باندھا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کے اصحاب کے ساتھ تلبیہ کہا۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{1660} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الصَّلْتِ عَنْ زُرْعَةَ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِذَا أَرَدْتَ أَنْ تُحْرِمَ يَوْمَ التَّرْوِيَةِ فَاصْنَعْ كَمَا صَنَعْتَ حِينَ أَرَدْتَ أَنْ تُحْرِمَ وَ خُذْ مِنْ شَارِبِكَ وَ مِنْ أَظْفَارِكَ وَ عَانَتِكَ إِنْ كَانَ لَكَ شَعْرٌ وَ انْتِفْ إِبْطَكَ وَ اغْتَسِلْ وَ الْبَسْ ثَوْبَيْكَ ثُمَّ ائْتِ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ فَصَلِّ فِيهِ سِتَّ رَكَعَاتٍ قَبْلَ أَنْ تُحْرِمَ وَ تَدْعُو اللَّهَ وَ تَسْأَلُهُ الْعَوْنَ وَ تَقُولُ- "(اللَّهُمَّ إِنِّي أُرِيدُ الْحَجَّ فَيَسِّرْهُ لِي وَ حُلَّنِي حَيْثُ حَبَسْتَنِي لِقَدَرِكَ الَّذِي قَدَّرْتَ عَلَيَّ)"
وَ تَقُولُ: "أَحْرَمَ لَكَ شَعْرِي وَ بَشَرِي وَ لَحْمِي وَ دَمِي مِنَ النِّسَاءِ وَ الثِّيَابِ وَ الطِّيبِ أُرِيدُ بِذَلِكَ وَجْهَكَ وَ الدَّارَ الْآخِرَةَ وَ حُلَّنِي حَيْثُ حَبَسْتَنِي لِقَدَرِكَ الَّذِي قَدَّرْتَ عَلَيَّ". ثُمَّ تُلَبِّي مِنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ كَمَا لَبَّيْتَ حِينَ أَحْرَمْتَ وَ تَقُولُ لَبَّيْكَ بِحَجَّةٍ تَمَامُهَا وَ بَلاَغُهَا عَلَيْكَ فَإِنْ قَدَرْتَ أَنْ يَكُونَ رَوَاحُكَ إِلَى مِنًى حِينَ زَوَالِ الشَّمْسِ وَ إِلاَّ فَمَتَى تَيَسَّرَ لَكَ مِنْ يَوْمِ التَّرْوِيَةِ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب ترویہ کے دن (حج تمتع کا) احرام باندھنا چاہو تو وہی کام کرو جو پہلے (عمرۂ تمتع کا) احرام باندھتے وقت کئے تھے یعنی مونچھیں اور ناخن کٹواؤ، اگر بال ہوں تو زیر ناف نورہ لگاؤ، بغلیں صاف کرو اور غسل کر کے احرام کے دو کپڑے پہنو پھر مسجد (الحرام) میں آجاؤ اور وہاں احرام باندھنے سے پہلے چھ رکعت نماز پڑھو پھر خدا سے اعانت کرنے اور دوبارہ حج کرنے کی توفیق دینے کی دعا کرو اور کہو:

"اَللّٰهُمَّ إِنِّي أُرِيدُ الْحَجَّ فَيَسِّرْهُ لِي وَ حُلَّنِي حَيْثُ حَبَسْتَنِي لِقَدَرِكَ الَّذِي قَدَّرْتَ عَلَيَّ"

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/۳۸۰ ح ۲۷۵۵؛ الوافی: ۱۲/۵۴۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۲/۴۰۱ ح ۱۶۹۲۱؛ مستدرک الوسائل: ۹/۱۹۰ ح ۱۰۶۴۳؛ بحار الانوار: ۹۶/۳۴۹

[2] لوامع صاحبقرانی: ۷/۷۶؛ مستند العروۃ کتاب الحج: ۲/۲۳؛ تفصیل الشریعہ: ۱۲/۳۸۸؛ تعالیق مبسوطہ: ۹/۶۱؛ شرح العروۃ: ۲۷/۲۳۶؛ الحج فی الشریعہ: ۲/۴۴۵؛ معتمد العروۃ: ۲/۳۱۳؛ ذخیرۃ المعاد: ۱/۸۷ و ۲/۵۸۸

اور یہ بھی کہے کہ:

"أَحْرَمَ لَكَ شَعْرِي وَ بَشَرِي وَ لَحْمِي وَ دَمِي مِنَ اَلنِّسَاءِ وَ اَلثِّيَابِ وَ اَلطِّيبِ أُرِيدُ بِذَلِكَ وَجْهَكَ وَ اَلدَّارَ اَلْآخِرَةَ وَ حُلَّنِي حَيْثُ حَبَسْتَنِي لِقَدَرِكَ اَلَّذِي قَدَّرْتَ عَلَيَّ"

پھر مسجد الحرام سے ہی اسی طرح تلبیہ کہو جس طرح پہلے احرام (عمرۂ تمتع) باندھتے وقت کہا تھا اور پھر کہو: لَبَّيْكَ بِحَجَّةٍ تَمَامُهَا وَ بَلاَغُهَا عَلَيْكَ پس اگر ہو سکے تو زوال آفتاب کے وقت منیٰ جاؤ تو بہتر ورنہ ترویہ کے دن کسی بھی وقت منیٰ جا سکتے ہو۔[1]

تحقیق:

حدیث موثق او رقوی ہے۔[2]

{1661} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُوسَى بْنِ اَلْقَاسِمِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَخِي مُوسَى بْنَ جَعْفَرٍ عَلَيْهِمَا اَلسَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ دَخَلَ قَبْلَ اَلتَّرْوِيَةِ بِيَوْمٍ فَأَرَادَ اَلْإِحْرَامَ بِالْحَجِّ فَأَخْطَأَ فَقَالَ اَلْعُمْرَةَ قَالَ لَيْسَ عَلَيْهِ شَيْءٌ فَلْيُعِدِ اَلْإِحْرَامَ بِالْحَجِّ.

❁ علی بن جعفر علیہ السلام سے روایت ہے کہ میں نے اپنے بھائی امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص ترویہ سے ایک دن پہلے (مکہ) پہنچا اور حج کا احرام باندھنا چاہا مگر غلطی سے عمرہ کہہ دیا تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس پر کچھ نہیں ہے پس وہ حج کے احرام کا اعادہ کرے۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[4]

{1662} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ وَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ جَمِيعاً عَنِ اِبْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ اَلْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: لاَ تَسْتَحِلَّنَّ شَيْئاً مِنَ اَلصَّيْدِ وَ أَنْتَ حَرَامٌ وَ لاَ وَ أَنْتَ حَلاَلٌ فِي اَلْحَرَمِ وَ لاَ تَدُلَّنَّ عَلَيْهِ مُحِلاًّ وَ لاَ مُحْرِماً فَيَصْطَادُوهُ وَ لاَ تُشِرْ إِلَيْهِ

---

[1] تہذیب الاحکام: ۵/۱۶۸ ح ۵۵۹؛ الکافی: ۴/۴۵۳ ح ۲؛ الوافی: ۱۳/۸۰۰؛ وسائل الشیعہ: ۱۲/۴۰۹ ح ۱۶۶۳۱ و ۱۳/۵۲۱ ح ۵۰۸۳؛ الاستبصار: ۲/۲۵۱ ح ۸۸۱

[2] ملاذ الاخیار: ۷/۵۰۴؛ منتهی المطلب: ۱۰/۷۰؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۶۵۱

[3] تہذیب الاحکام: ۵/۱۶۹ ح ۵۶۲؛ مسائل علی بن جعفرؑ: ۲۶۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۲/۴۱۰ ح ۱۶۶۳۴؛ الوافی: ۱۳/۱۰۱۰؛ قرب الاسناد: ۵۲۳؛ بحار الانوار: ۹۶/۹۵؛ ھدایۃ الامہ: ۵/۲۳۲

[4] ملاذ الاخیار: ۷/۵۰۶؛ تذکرۃ الفقہا: ۸/۲۲۱؛ تفصیل الشریعہ کتاب الحج: ۳/۱۷۲

فَيُسْتَحَلَّ مِنْ أَجْلِكَ فَإِنَّ فِيهِ فِدَاءً لِمَنْ تَعَمَّدَهُ.

۞ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ جب تم نے احرام باندھا ہوا ہو تو کسی شکار کو حلال نہ سمجھو اور اگر محل بھی ہو تب بھی حرم میں شکار نہ کرو اور کسی محرم یا حل کو اس کی طرف اس طرح راہنمائی بھی نہ کرو کہ وہ شکار کر سکے اور اس کی طرف اشارہ بھی نہ کرو تا کہ تمہاری وجہ سے وہ اسے حلال نہ سمجھے کیونکہ جو عمداً ایسا کرے اسے فدیہ دینا پڑے گا۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1663} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُوسَى بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ أَبِي سَمَّاكٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: (لاَ تَأْكُلْ شَيْئاً مِنَ الصَّيْدِ وَإِنْ صَادَهُ حَلاَلٌ الْحَدِيثَ).

۞ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: احرام کی حالت میں شکار کا گوشت نہ کھاؤ اگرچہ وہ شکار کسی محل ہی نے کیا ہو۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق ہے۔ [4]

{1664} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُوسَى بْنِ الْقَاسِمِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ قَالَ: سُئِلَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ صَيْدٍ رُمِيَ فِي الْحِلِّ ثُمَّ أُدْخِلَ الْحَرَمَ وَهُوَ حَيٌّ فَقَالَ (إِذَا أَدْخَلَهُ الْحَرَمَ وَهُوَ حَيٌّ فَقَدْ حَرُمَ لَحْمُهُ وَإِمْسَاكُهُ وَقَالَ لاَ تَشْتَرِهِ فِي الْحَرَمِ إِلاَّ مَذْبُوحاً قَدْ ذُبِحَ فِي الْحِلِّ ثُمَّ أُدْخِلَ الْحَرَمَ فَلاَ بَأْسَ بِهِ.

۞ حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ ایک شکار (حرم سے) حل میں پھینکا گیا پھر اسے حرم میں لایا گیا جبکہ وہ ہنوز زندہ تھا تو (اس کے کھانے کا کیا حکم ہے)؟

---

[1] الکافی: ۴/۳۸۱ ح ۱؛ الوافی: ۱۳/۷۱۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۲/۴۱۵ ح ۱۶۶۵۱ و ۱۳/۴۳ ح ۱۷۱۹۴؛ الفصول المہمہ: ۲/۱۹۴؛ ھدایۃ الامہ: ۵/۲۳۵

[2] کتاب الحج شاہرودی: ۳/۹؛ تعالیق مبسوطہ: ۱/۱۲۸؛ فقہ الصادق: ۱۰/۲۳۹؛ تنقیح مبانی الحج: ۲/۲۲۱؛ فقہ الحج ۳/۱۵۶؛ تفصیل الشریعہ: ۱۳/۲۷۲؛ مدارک الاحکام: ۷/۳۰۴؛ المعتمد فی شرح المناسک: ۳/۳۲۲؛ براہین الحج: ۳/۵۸؛ الموسوعہ الفقہیہ: ۳/۱۹۴؛ حدود الشریعہ: ۱/۳۰۶؛ ۱/۳۰۶؛ جواہر الکلام: ۱۸/۲۸۶؛ جواہر الکلام فی ثوبہ: ۹/۵۰۲؛ ریاض المسائل: ۷/۲۶۴؛ مرآۃ العقول: ۱۷/۳۶۲

[3] تہذیب الاحکام: ۵/۳۷۰ ح ۱۲۸۸؛ الوافی: ۱۳/۷۴۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۲/۴۱۹ ح ۱۶۶۶۲

[4] تعالیق مبسوطہ: ۱/۱۲۹؛ کتاب الحج شاہرودی: ۳/۱۰؛ فقہ الصادق: ۱۰/۳۵۱؛ الحج فی الشریعہ: ۳/۲۲؛ فقہ الحج: ۳/۱۳۹؛ فقہ الصادق: ۱۰/۳۳۰؛ ملاذ الاخیار: ۸/۳۳۱

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب اسے زندہ حرم میں لایا گیا تو اس کا گوشت بھی حرام ہے اور اس کا روک رکھنا بھی حرام ہے (کیونکہ وہ حرم کا شکار ہے) پھر فرمایا: حرم میں نہ خرید و مگر اس (جنگلی) جانور کا گوشت جو حل میں ذبح کیا گیا ہو اور پھر ذبح کر کے حرم میں لایا گیا ہو تو اس کے کھانے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1665} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مَهْزِيَارَ عَنْ فَضَالَةَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ : اَلْجَرَادُ مِنَ الْبَحْرِ وَ كُلُّ شَيْءٍ أَصْلُهُ مِنَ الْبَحْرِ وَ يَكُونُ فِي الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ فَلاَ يَنْبَغِي لِلْمُحْرِمِ أَنْ يَقْتُلَهُ فَإِنْ قَتَلَهُ فَعَلَيْهِ الْفِدَاءُ كَمَا قَالَ اللَّهُ تَعَالَى.

❁ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ٹڈی سمندر (کے جانوروں) میں سے ہے اور ہر وہ چیز جس کی اصل سمندر سے ہو اور رہتی خشکی اور تری میں ہو تو محرم کو اسے قتل نہیں کرنا چاہیے پس اگر اسے قتل کرے اس پر فدیہ (کفارہ) واجب ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{1666} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ حَرِيزٍ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَحَدِهِمَا عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ قَالَ: اَلْمُحْرِمُ يَتَنَكَّبُ الْجَرَادَ إِذَا كَانَ عَلَى الطَّرِيقِ فَإِنْ لَمْ يَجِدْ بُدّاً فَقَتَلَ فَلاَ شَيْءَ عَلَيْهِ.

❁ زرارہ سے روایت ہے کہ امامین علیہما السلام میں سے ایک امام علیہ السلام نے فرمایا: محرم کو چاہیے کہ اگر اس کے راستہ میں ٹڈی پڑی ہو تو اس سے بچنے کی کوشش کرے اور اگر (لتاڑے بغیر) کوئی چارہ کار نہ ہو اور اس طرح (مجبوراً) قتل کرے تو اس پر کچھ

---

[1] تہذیب الاحکام: ۵/ ۳۷۶ ح ۱۳۱۳؛ الوافی: ۱۲/ ۱۱۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۲/ ۲۲۳ ح ۲۴۷۲۲؛ الاستبصار: ۲/ ۲۱۳ ح ۷۳۱؛ الکافی: ۴/ ۲۳۳ ح ۴

[2] ملاذ الاخیار: ۸/ ۳۴۵؛ منتہی المطلب: ۱۲/ ۷۲؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/ ۶۰۰؛ فقہ الصادقؑ: ۱۰/ ۵۰۳؛ مدارک الاحکام: ۸/ ۳۸۸؛ براہین الحج: ۳/ ۶۴؛ کتاب الحج شاہرودی: ۳/ ۹۳؛ جواہر الکلام: ۲۰/ ۳۰۷؛ شرح فروع الکافی مازندرانی: ۴/ ۴۴۳؛ مرآۃ العقول: ۱۷/ ۸۵

[3] تہذیب الاحکام: ۵/ ۳۶۸ ح ۱۲۸۳؛ الکافی: ۴/ ۳۹۳ ح ۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۲/ ۴۲۶ ح ۲۲۸۱؛ الوافی: ۱۳/ ۷۲۶؛ الفصول المہمہ: ۲/ ۱۹۳

[4] ملاذ الاخیار: ۸/ ۵۲۸؛ فقہ الحج: ۳/ ۶۴؛ کتاب الحج شاہرودی: ۳/ ۴۰۴؛ تفصیل الشریعہ: ۱۳/ ۵۰۴؛ جواہر الکلام: ۱۸/ ۲۹۴؛ جواہر الکلام فی ثوبہ: ۹/ ۵۰۷؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۳/ ۲۳

نہیں ہے۔ ①

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ ②

{1667} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ خَلاَّدٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي رَجُلٍ ذَبَحَ حَمَامَةً مِنْ حَمَامِ الْحَرَمِ قَالَ (عَلَيْهِ الْفِدَاءُ) قَالَ قُلْتُ فَيَأْكُلُهُ قَالَ لاَ قُلْتُ فَيَطْرَحُهُ قَالَ إِذاً يَكُونُ عَلَيْهِ فِدَاءٌ آخَرُ قَالَ قُلْتُ فَمَا يَصْنَعُ بِهِ قَالَ يَدْفِنُهُ.

❁ امام جعفر صادق علیہ السلام نے اس شخص کے بارے میں فرمایا جس نے حرم کے کبوتروں میں سے ایک کبوتر کو ذبح کیا تھا کہ اس پر فدیہ واجب ہے۔

راوی کہتا ہے کہ میں نے عرض کیا کہ کیا وہ اس کا گوشت کھا سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں۔

میں نے عرض کیا کہ کیا وہ اسے پھینک سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر وہ اسے پھینکے گا تو اس پر ایک اور فدیہ واجب ہوگا۔

میں نے عرض کیا: پھر وہ کیا کرے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اسے دفن کردے۔ ③

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ④

{1668} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الصَّفَّارِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُوسَى الْخَشَّابِ عَنْ إِسْحَاقَ عَنْ جَعْفَرٍ أَنَّ عَلِيّاً عَلَيْهِ السَّلاَمُ كَانَ يَقُولُ: إِذَا ذَبَحَ الْمُحْرِمُ الصَّيْدَ فِي غَيْرِ الْحَرَمِ فَهُوَ مَيْتَةٌ لاَ يَأْكُلُهُ مُحِلٌّ وَلاَ مُحْرِمٌ فَإِذَا ذَبَحَ الْمُحِلُّ الصَّيْدَ فِي جَوْفِ الْحَرَمِ فَهُوَ مَيْتَةٌ لاَ يَأْكُلُهُ مُحِلٌّ وَلاَ مُحْرِمٌ.

---

① الکافی: ۴/ ۳۹۳ ح ۷؛ الوافی: ۱۳/ ۷۹۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۲/ ۴۲۸ ح ۱۶۷۸۶ و ۱۳/ ۹ ح ۱۷۲۴۷

② تفصیل الشریعہ: ۱۳/ ۳۹۰؛ الحج فی الشریعہ: ۳/ ۳۰۴؛ مرآۃ العقول: ۱۷/ ۳۸۷

③ من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/ ۲۵۹ ح ۲۳۵۶؛ الکافی: ۴/ ۲۳۳ ح ۸؛ تہذیب الاحکام: ۵/ ۳۷۸ ح ۱۳۱۹؛ الاستبصار: ۲/ ۲۱۵ ح ۷۳۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۲/ ۴۳۱ ح ۱۶۷۹۴؛ الوافی: ۱۲/ ۱۰۵

④ روضۃ المتقین: ۴/ ۲۷۴؛ لوامع صاحبقرانی: ۷/ ۱۷۲؛ فقہ الصادقؑ: ۱۰/ ۳۴۴؛ ملاذ الاخیار: ۸/ ۳۴۷

امیر المومنین علیہ السلام فرمایا کرتے تھے کہ جب کوئی محرم شکار کو ذبح کرے تو نہ محل کھا سکے گا اور نہ محرم بلکہ وہ بمنزلہ مردار کے ہے اور جب کوئی شکار حرم کے اندر ذبح کیا تو وہ مردار ہے جسے نہ محل کھا سکتا ہے اور نہ ہی محرم۔ [1]

تحقیق:

حدیث حسن یا موثق ہے۔ [2]

{1669} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ وَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ جَمِيعاً عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنِ ابْنِ رِئَابٍ عَنْ مِسْمَعٍ أَبِي سَيَّارٍ قَالَ قَالَ لِي أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: يَا أَبَا سَيَّارٍ إِنَّ حَالَ الْمُحْرِمِ ضَيِّقَةٌ فَمَنْ قَبَّلَ امْرَأَتَهُ عَلَى غَيْرِ شَهْوَةٍ وَ هُوَ مُحْرِمٌ فَعَلَيْهِ دَمُ شَاةٍ وَ مَنْ قَبَّلَ امْرَأَتَهُ عَلَى شَهْوَةٍ فَأَمْنَى فَعَلَيْهِ جَزُورٌ وَ يَسْتَغْفِرُ رَبَّهُ وَ مَنْ مَسَّ امْرَأَتَهُ بِيَدِهِ وَ هُوَ مُحْرِمٌ عَلَى شَهْوَةٍ فَعَلَيْهِ دَمُ شَاةٍ وَ مَنْ نَظَرَ إِلَى امْرَأَتِهِ نَظَرَ شَهْوَةٍ فَأَمْنَى فَعَلَيْهِ جَزُورٌ وَ مَنْ مَسَّ امْرَأَتَهُ أَوْ لاَزَمَهَا مِنْ غَيْرِ شَهْوَةٍ فَلاَ شَيْءَ عَلَيْهِ.

مسمع ابو سیار سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے مجھ سے فرمایا: اے ابو سیار! محرم کی حالت بڑی تنگ ہے پس اگر وہ بغیر شہوت کے اپنی زوجہ کو بوسہ دے تو اس پر ایک بکری کا خون بہانا لازم ہے اور اگر شہوت سے بوسہ دے اور پھر اسے منی بھی آجائے تو اس پر اونٹنی کا بچہ ذبح کرنا واجب ہے اور اللہ سے طلب مغفرت کرے اور جو شخص احرام کی حالت میں اپنی بیوی کو شہوت کے ساتھ چھوئے تو اس پر ایک بکری کا خون بہانا واجب ہے اور اگر شہوت کے بغیر اسے چھوئے یا گلے لگائے تو اس پر کچھ نہیں ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [4]

{1670} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ صَفْوَانَ وَ النَّضْرِ عَنِ ابْنِ سِنَانٍ وَ حَمَّادٍ عَنِ ابْنِ الْمُغِيرَةِ عَنِ ابْنِ سِنَانٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: (لَيْسَ لِلْمُحْرِمِ أَنْ يَتَزَوَّجَ وَ لاَ يُزَوِّجَ فَإِنْ تَزَوَّجَ أَوْ زَوَّجَ مُحِلاًّ فَتَزْوِيجُهُ بَاطِلٌ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: محرم کے لئے اپنی تزویج کرنا یا کسی کی تزویج کرنا جائز نہیں ہے اور اگر وہ اپنی تزویج

---

[1] تہذیب الاحکام: ۵/۳۷۷ ح ۱۳۱۶؛ الاستبصار: ۲/۲۱۴ ح ۷۳۴؛ وسائل الشیعہ: ۱۲/۴۳۲ ح ۱۶۹۹۷؛ الوافی: ۱۳/۷۱۶؛ ہدایۃ الامہ: ۵/۲۳۸

[2] ملاذ الاخیار: ۸/۳۴۵؛ الحج فی الشریعہ: ۳/۵۳؛ تنقیح مبانی الحج: ۲/۲۲۵؛ حدود الشریعہ: ۲۵۵؛ سند العروۃ کتاب الطہارۃ: ۴۹۲

[3] الکافی: ۴/۳۷۶ ح ۴؛ تہذیب الاحکام: ۵/۳۲۶ ح ۱۱۲۱؛ الاستبصار: ۲/۱۹۱ ح ۶۴۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۲/۴۳۴ ح ۱۷۴۰۳؛ الوافی: ۱۳/۶۹۴

[4] مرآۃ العقول: ۱۷/۳۵۳؛ ملاذ الاخیار: ۸/۴۳۲؛ تعالیق مبسوطہ: ۸/۷۰؛ تفصیل الشریعہ: ۱۳/۱۵۷؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۵۹۰؛ فقہ الصادقؑ: ۱۱/۱۸۰

کرے یا کسی کی تزویج کرے تو اس کی تزویج باطل ہے۔ ①

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ②

{1671} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ فَضَالَةَ وَ صَفْوَانَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ تَمَسَّ شَيْئاً مِنَ الطِّيبِ وَ أَنْتَ مُحْرِمٌ وَ لاَ مِنَ الدُّهْنِ وَ اتَّقِ الطِّيبَ وَ أَمْسِكْ عَلَى أَنْفِكَ مِنَ الرِّيحِ الطَّيِّبَةِ وَ لاَ تُمْسِكْ عَلَيْهَا مِنَ الرِّيحِ الْمُنْتِنَةِ فَإِنَّهُ لاَ يَنْبَغِي لِلْمُحْرِمِ أَنْ يَتَلَذَّذَ بِرِيحٍ طَيِّبَةٍ وَ اتَّقِ الطِّيبَ فِي زَادِكَ فَمَنِ ابْتُلِيَ بِشَيْءٍ مِنْ ذَلِكَ فَلْيُعِدْ غُسْلَهُ وَ لْيَتَصَدَّقْ بِصَدَقَةٍ بِقَدْرِ مَا صَنَعَ وَ إِنَّمَا يَحْرُمُ عَلَيْكَ مِنَ الطِّيبِ أَرْبَعَةُ أَشْيَاءَ الْمِسْكُ وَ الْعَنْبَرُ وَ الْوَرْسُ وَ الزَّعْفَرَانُ غَيْرَ أَنَّهُ يُكْرَهُ لِلْمُحْرِمِ الْأَدْهَانُ الطَّيِّبَةُ إِلاَّ الْمُضْطَرَّ إِلَى الزَّيْتِ أَوْ شِبْهِهِ يَتَدَاوَى بِهِ).

✪ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: احرام کی حالت میں کسی خوشبو کو نہ چھوؤ اور نہ ہی گھی کو چھوؤ اور (اپنے طعام میں) خوشبو نہ ملاؤ اور اگر کہیں سے خوشبو آ رہی ہو تو ناک پر کوئی چیز رکھ لو مگر بدبو سے ناک پر کچھ رکھنے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ محرم کو خوشبو سے لطف اندوز نہیں ہونا چاہیے اور اپنے زادِ سفر میں بھی خوشبو سے اجتناب کرو اور اگر کوئی شخص اس قسم کی کسی چیز میں مبتلا ہو جائے تو اسے دھو ڈالے اور اپنے کئے پر اپنی طاقت کے مطابق صدقہ دے اور چار قسم کی خوشبو تم پر حرام ہے: کستوری، عنبر، ورس اور زعفران البتہ خوشبودار تیل محرم کے لئے مکروہ ہیں سوائے مجبور کے لئے جو زیتون یا اس جیسی کسی چیز کو دوائی کے طور پر استعمال کرے۔ ③

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ④

---

① تہذیب الاحکام: ۵/ ۳۳۰ ح ۱۱۲۸؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/ ۳۶۱ ح ۲۷۰۹ و ۲۷۱۰؛ الاستبصار: ۲/ ۱۹۳ ح ۶۴۷؛ مستدرک الوسائل: ۹/ ۲۰۸ ح ۱۰۶۸۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۲/ ۴۳۶ ح ۱۶۷۰۲؛ الوافی: ۱۳/ ۶۷۵

② ملاذ الاخیار: ۸/ ۲۴۵؛ موسوعہ احکام الاطفال: ۵/ ۳۱۵؛ منتہی المطلب: ۱۲/ ۱۹۹؛ فقہ الحج: ۳/ ۲۰۹؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/ ۵۸۹؛ موسوعہ الفقہ الاسلامی: ۶/ ۵۴۳؛ نظام النکاح فی الشریعہ: ۲۲۳؛ تفصیل الشریعہ کتاب الحج: ۳/ ۴۶۱؛ لوامع صاحبقرانی: ۷/ ۶۲؛ سداد العباد: ۲۹۳؛ مستمسک العروۃ: ۱۴/ ۴۸۳

③ تہذیب الاحکام: ۵/ ۳۰۴ ح ۱۰۳۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۲/ ۴۴۴ ح ۱۶۷۳۱؛ الوافی: ۱۲/ ۶۱۵

④ ملاذ الاخیار: ۸/ ۱۹۹؛ براہین الحج: ۳/ ۹۲؛ حدود الشریعہ: ۳۸۶؛ فقہ الحج: ۳/ ۲۳۵؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/ ۵۹۱؛ کتاب الحج شاہرودی: ۳/ ۱۱۶؛ موسوعہ الفقہ الاسلامی: ۶/ ۲۰۳؛ جواہر الکلام: ۱۸/ ۳۱۸؛ جواہر الکلام فی ثوبہ: ۹/ ۵۲۵؛ تفصیل الشریعہ کتاب الحج: ۴/ ۲۴؛ تنقیح مبانی الحج: ۲/ ۲۹۰؛ مصباح الہدیٰ: ۱۲/ ۵۳۹؛ الجدید فی مناسک الحج: ۲/ ۲۷۴

{1672} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ تَدَّهِنْ حِينَ تُرِيدُ أَنْ تُحْرِمَ بِدُهْنٍ فِيهِ مِسْكٌ وَ لاَ عَنْبَرٌ مِنْ أَجْلِ رَائِحَةٍ تَبْقَى فِي رَأْسِكَ بَعْدَ مَا تُحْرِمُ وَ ادَّهِنْ بِمَا شِئْتَ مِنَ الدُّهْنِ حِينَ تُرِيدُ أَنْ تُحْرِمَ فَإِذَا أَحْرَمْتَ فَقَدْ حَرُمَ عَلَيْكَ الدُّهْنُ حَتَّى تُحِلَّ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب احرام باندھنے کا ارادہ ہو تو کوئی ایسا تیل نہ لگاؤ جس میں مشک یا عنبر ہو کیونکہ احرام باندھنے کے بعد اس کی خوشبو تمہارے سر میں باقی رہ جائے گی اور اس کے علاوہ احرام باندھتے وقت جو چاہو تیل لگاؤ پس جب احرام باندھو تو محل ہونے تک ہر قسم کا تیل لگانا حرام ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [2]

{1673} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ فَضَالَةَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ وَ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى وَ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عُمَيْرٍ وَ حَمَّادِ بْنِ عِيسَى جَمِيعاً عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: إِذَا أَحْرَمْتَ فَعَلَيْكَ بِتَقْوَى اللَّهِ وَ ذِكْرِ اللَّهِ وَ قِلَّةِ الْكَلاَمِ إِلاَّ بِخَيْرٍ فَإِنَّ تَمَامَ الْحَجِّ وَ الْعُمْرَةِ أَنْ يَحْفَظَ الْمَرْءُ لِسَانَهُ إِلاَّ مِنْ خَيْرٍ كَمَا قَالَ اللَّهُ تَعَالَى فَإِنَّ اللَّهَ يَقُولُ فَمَنْ فَرَضَ فِيهِنَّ الْحَجَّ فَلاَ رَفَثَ وَ لاَ فُسُوقَ وَ لاَ جِدَالَ فِي الْحَجِّ فَالرَّفَثُ الْجِمَاعُ وَ الْفُسُوقُ الْكَذِبُ وَ السِّبَابُ وَ الْجِدَالُ قَوْلُ الرَّجُلِ لاَ وَ اللَّهِ وَ بَلَى وَ اللَّهِ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب تم احرام باندھو تو تم پر تقوائے خداوندی اور اس کا ذکر اور سوائے خیر وخوبی کے عام حالات میں قلت کلام لازم ہے کیونکہ حج وعمرہ کی تمامیت میں سے ایک یہ بھی ہے کہ آدمی اپنی زبان کی حفاظت کرے سوائے خیر وخوبی کے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ''پس جو ان میں حج بجالانے کا فیصلہ کرے تو پھر حج کے دوران ہمبستری نہ ہو اور نہ فسق وفجور اور نہ لڑائی جھگڑا۔ (البقرۃ: ۱۹۷)'' پس رفث سے جماع، فسوق سے جھوٹ اور گالی اور جدال سے آدمی کا قول واللہ

---

[1] الکافی: ۴/ ۳۲۹ ح ۲؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/ ۳۱۰ ح ۲۵۳۰؛ تہذیب الاحکام: ۵/ ۳۰۳ ح ۱۰۳۲؛ الاستبصار: ۲/ ۱۸۱ ح ۶۰۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۲/ ۴۵۸ ح ۱۶۷۷۳؛ الوافی: ۱۲/ ۵۱۹؛ علل الشرائع: ۲/ ۴۵۱؛ بحار الانوار: ۹۶/ ۱۶۷

[2] الحج فی الشریعہ: ۳/ ۴۱۵؛ سداد العباد: ۲۹۷؛ کتاب الحج گلپائیگانی: ۲/ ۱۰۷؛ براھین الحج: ۳/ ۹۳؛ موسوعہ الفقہ الاسلامی: ۶/ ۵۹۰؛ تنقیح مبانی الحج: ۲/ ۳۲۷؛ تعالیق مبسوطہ: ۲۳۰؛ تفصیل الشریعہ: ۴/ ۱۸۵؛ ریاض المسائل: ۶/ ۲۹۲؛ جواہر الکلام: ۱۸/ ۳۷۵؛ جواہر الکلام فی ثوبہ: ۹/ ۵۶۷؛ مدارک الاحکام: ۷/ ۳۴۸؛ مراۃ العقول: ۱۷/ ۲۵۴؛ ملاذ الاخیار: ۸/ ۱۹۵

و بلی واللہ (یعنی خدا کے نام کی قسم کھانا) مراد ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1674} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيٍّ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: اَلْمُحْرِمُ لاَ يَكْتَحِلُ إِلاَّ مِنْ وَجَعٍ وَ قَالَ لاَ بَأْسَ بِأَنْ تَكْتَحِلَ وَ أَنْتَ مُحْرِمٌ بِمَا لَمْ يَكُنْ فِيهِ طِيبٌ يُوجَدُ رِيحُهُ فَأَمَّا لِلزِّينَةِ فَلاَ.

❁ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: محرم سرمہ نہ لگائے مگر یہ کہ آنکھ میں درد ہو۔

پھر فرمایا: کوئی حرج نہیں کہ تم حالت احرام میں ایسا سرمہ لگاؤ جس میں خوشبو نہ ہو البتہ زینت کے لئے نہ لگاؤ۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [4]

{1675} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ تَلْبَسْ ثَوْباً لَهُ أَزْرَارٌ وَ أَنْتَ مُحْرِمٌ إِلاَّ أَنْ تَنْكُسَهُ وَ لاَ ثَوْباً تَدَرَّعُهُ وَ لاَ سَرَاوِيلَ إِلاَّ أَنْ لاَ يَكُونَ لَكَ إِزَارٌ وَ لاَ خُفَّيْنِ إِلاَّ أَنْ لاَ يَكُونَ لَكَ نَعْلاَنِ.

❁ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: احرام کی حالت میں بٹن والا کپڑا نہ پہنو اور اگر ایسا کرو تو پھر اسے اوندھا کر دو اور نہ ہی قمیض پہنو اور نہ ہی شلوار مگر یہ کہ تمہارے پاس تہمند نہ ہو اور نہ ہی موزہ پہنو مگر یہ کہ تمہارے پاس جوتا نہ ہو۔ [5]

---

[1] تہذیب الاحکام: ۵/ ۲۹۶ ح ۱۰۰۳؛ الکافی: ۴/ ۳۳۷ ح ۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۲/ ۴۳۳ ح ۱۶۷۸۸؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/ ۱۹۴؛ تفسیر کنز الدقائق: ۲/ ۲۸۹؛ الوافی: ۱۳/ ۶۶۵؛ تفسیر البرہان: ۱/ ۴۲۷

[2] ملاذ الاخیار: ۸/ ۱۸۲؛ کتاب الحج قمی: ۲/ ۸۲؛ براہین الحج: ۳/ ۱۲۷؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/ ۵۸۹؛ فقہ الصادقؑ: ۱۰/ ۲۶۰؛ شرح فروع الکافی مازندرانی: ۵/ ۱۱۶؛ تعالیق مبسوطہ: ۷/ ۲۱۲؛ مفاتیح الشرائع: ۱/ ۳۳۱؛ جواہر الکلام: ۱۸/ ۵۹؛ مدارک الاحکام: ۷/ ۳۴۰

[3] الکافی: ۴/ ۳۵۷ ح ۵؛ الوافی: ۱۲/ ۶۳۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۲/ ۴۶۸ ح ۱۶۷۹۷؛ تہذیب الاحکام: ۵/ ۳۰۲ ح ۱۰۲۸ (مختصر)

[4] براہین الحج: ۳/ ۱۱۳؛ فقہ الحج: ۳/ ۲۸۷؛ موسوعۃ الفقہ الاسلامی: ۲۹/ ۲۱۵؛ فقہ الصادقؑ: ۱۰/ ۳۴۰؛ مدارک الاحکام: ۷/ ۳۳۵؛ تنقیح مبانی الحج: ۷/ ۳۰۴؛ الحج فی الشریعۃ: ۳/ ۳۰۰؛ تذکرۃ الفقہاء: ۷/ ۳۲۴؛ ملاذ الاخیار: ۸/ ۱۹۳؛ مرآۃ العقول: ۳/ ۳۵۷

[5] من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/ ۳۴۰ ح ۲۶۱۷؛ تہذیب الاحکام: ۵/ ۶۹ ح ۲۲۷؛ الکافی: ۴/ ۳۴۰ ح ۹؛ الوافی: ۱۲/ ۵۶۷ و ۵۶۷۵؛ وسائل الشیعہ: ۱۲/ ۴۷۳ ح ۱۶۸۱۵؛ الفصول المہمہ: ۲/ ۱۹۵؛ ہدایۃ الامہ: ۵/ ۲۴۷

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [1]

{1676} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الْمُحْرِمِ تُصِيبُ ثَوْبَهُ الْجَنَابَةُ قَالَ لاَ يَلْبَسُهُ حَتَّى يَغْسِلَهُ وَ إِحْرَامُهُ تَامٌّ.

❂ معاویہ بن عمار سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ اگر محرم کے کپڑے کو جنابت (منی) لگ جائے تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب تک اسے دھونہ لے اسے نہ پہنے اور (اگر پہن لے تو پھر) اس کا احرام تام اور مکمل ہے۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [3]

{1677} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ وَ غَيْرِ وَاحِدٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي رَجُلٍ أَحْرَمَ وَ عَلَيْهِ قَمِيصُهُ فَقَالَ يَنْزِعُهُ وَ لاَ يَشُقُّهُ وَ إِنْ كَانَ لَبِسَهُ بَعْدَ مَا أَحْرَمَ شَقَّهُ وَ أَخْرَجَهُ مِمَّا يَلِي رِجْلَيْهِ.

❂ معاویہ بن عمار سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے اس شخص کے بارے میں فرمایا جس نے قمیص پہنے ہوئے احرام باندھا تھا تو وہ اسے اتار دے اور اسے نہ پھاڑے اور اس نے احرام باندھنے کے بعد پہنی ہے تو پھر اسے پھاڑ کر پاؤں سے باہر نکالے۔ [4]

---

[1] روضۃ المتقین: ۴/۴۰۲؛ لوامع صاحبقرانی: ۷/۵۶۷؛ فقہ الحج: ۳/۲۵۷؛ جواہر الکلام: ۱۸/۲۳۶؛ الحج فی الشریعۃ: ۲/۸۱۴؛ حدود الشریعۃ: ۶۲۳؛ مدارک الاحکام: ۷/۳۲۸؛ شرح العروۃ: ۲۸/۲۰۷؛ المعتمد فی شرح المناسک: ۳/۳۵۲؛ براہین الحج: ۳/۱۱۱؛ کتاب الحج شاہرودی: ۳/۱۴۱؛ جواہر الکلام فی ثوبہ: ۹/۵۳۷؛ منتھی المطلب: ۱۰/۲۵۹؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۵۸۲؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۳/۳۵۱؛ فقہ الصادقؑ: ۱۰/۳۴۷؛ المہذب فی مناسک: ۲/۲۹۰؛ تفصیل الشریعۃ: ۱۳/۷۴؛ ملاذ الاخیار: ۷/۳۲۲

[2] من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/۳۴۱ ح ۲۶۲۳؛ الوافی: ۱۲/۵۷۸؛ وسائل الشیعۃ: ۱۲/۴۷۶ ح ۱۶۸۲۲؛ ھدایۃ الامۃ: ۵/۲۴۸

[3] روضۃ المتقین: ۴/۵۰۴؛ لوامع صاحبقرانی: ۷/۵۷۱؛ تفصیل الشریعۃ: ۱۳/۲۹۹؛ فقہ الحج: ۳/۱۲۱؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۲/۳۲۸؛ سداد العباد: ۲۹۰؛ فقہ الصادقؑ: ۱۵/۱۵۷؛ جواہر الکلام فی ثوبہ: ۹/۲۶۸

[4] تہذیب الاحکام: ۵/۷۲ ح ۲۳۸؛ الکافی: ۴/۳۴۸ ح ۱؛ الوافی: ۱۲/۵۹۳؛ وسائل الشیعۃ: ۱۲/۴۸۸ ح ۱۶۸۶۰

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [1]

{1678} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: مَرَّ أَبُو جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ بِامْرَأَةٍ مُتَنَقِّبَةٍ وَ هِيَ مُحْرِمَةٌ فَقَالَ أَحْرِمِي وَ أَسْفِرِي وَ أَرْخِي ثَوْبَكِ مِنْ فَوْقِ رَأْسِكِ فَإِنَّكِ إِنْ تَنَقَّبْتِ لَمْ يَتَغَيَّرْ لَوْنُكِ فَقَالَ رَجُلٌ إِلَى أَيْنَ تُرْخِيهِ فَقَالَ تُغَطِّي عَيْنَيْهَا قَالَ قُلْتُ يَبْلُغُ فَمَهَا قَالَ نَعَمْ وَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ الْمُحْرِمَةُ لاَ تَلْبَسُ الْحُلِيَّ وَ لاَ الثِّيَابَ الْمُصَبَّغَاتِ إِلاَّ صِبْغٌ لاَ يَرْدَعُ.

حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ایک بار امام محمد باقر علیہ السلام ایک ایسی عورت کے پاس سے گزرے جو محرمہ تھی مگر اس نے نقاب اوڑھا ہوا تھا تو آپ علیہ السلام نے اس سے فرمایا: احرام باندھ اور چہرہ کھلا رکھ البتہ سر کے اوپر سے کپڑا لٹکا لے کیونکہ اگر تو نقاب اوڑھے گی تو تیرا رنگ متغیر نہیں ہوگا۔

ایک شخص نے عرض کیا: کہاں تک کپڑا لٹکائے گی؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اپنی آنکھوں کو چھپا لے

راوی کہتا ہے کہ میں نے عرض کیا: چاہے اس کے منہ تک پہنچ جائے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں۔

پھر امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: محرمہ عورت (زینت کے لئے) زیور اور رنگدار کپڑے نہ پہنے سوائے اس (ہلکے) رنگ کے جس میں خوشبو باقی نہ ہو۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [3]

---

[1] ملاذ الاخیار: ۷/۲۶۹؛ الحج فی الشریعہ: ۲/۸۰۳؛ تعالیق مبسوطہ: ۹/۴۰۳؛ جواہر الکلام فی ثوبہ: ۹/۴۹۳؛ منتھی المطلب: ۱۰/۲۷۸؛ فقہ الصادقؑ: ۱۰/۲۷۷؛ معتمد العروۃ: ۲/۵۶۱؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۲/۳۲۰؛ مستمسک العروۃ: ۱۱/۳۲۶؛ کتاب الحج گلپایگانی: ۲۹۴؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۵۸۷؛ شرح العروۃ: ۲۴/۴۳۳؛ سداد العباد: ۲۹۰؛ ماوراء الفقہ: ۲/۳۲۶

[2] الکافی: ۴/۳۴۴ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۵/۷۴ ح ۲۴۵؛ الوافی: ۱۲/۵۸۴؛ وسائل الشیعہ: ۱۲/۴۹۴ ح ۱۶۸۷۸ و ۴۹۶ ح ۱۶۸۸۷

[3] فقہ الصادقؑ: ۱۱/۶۷؛ تعالیق مبسوطہ: ۸/۲۴۸؛ نہایۃ التقریر: ۲۹۴؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۳/۲۰۰؛ فقہ الحج: ۳/۸۶؛ التہذیب فی مناسک: ۲/۳۴۳؛ براہین الحج: ۳/۵۴؛ تفصیل الشریعہ: ۱۴/۲۵۲؛ مدارک الاحکام: ۷/۳۸۷؛ جواہر الکلام فی ثوبہ: ۹/۵۸۷؛ شرح فروع مازندرانی: ۵/۸؛ مراۃ العقول: ۱۷/۲۹۱؛ ملاذ الاخیار: ۷/۳۳۱

{1679} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبِي عَلِيٍّ ٱلْأَشْعَرِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ ٱلْجَبَّارِ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ عَبْدِ ٱلرَّحْمَنِ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا ٱلْحَسَنِ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ عَنِ ٱلْمُحْرِمِ يَجِدُ ٱلْبَرْدَ فِي أُذُنَيْهِ يُغَطِّيهِمَا قَالَ لاَ.

عبدالرحمن سے روایت ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک محرم جسے کانوں میں ٹھنڈک محسوس ہوتی ہے تو کیا وہ ان کو ڈھانپ سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں۔ ①

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ②

{1680} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عِيسَى عَنْ عَبْدِ ٱللَّهِ بْنِ مَيْمُونٍ عَنْ جَعْفَرٍ عَنْ أَبِيهِ عَلَيْهِمَا ٱلسَّلاَمُ قَالَ: ٱلْمُحْرِمَةُ لاَ تَتَنَقَّبُ لِأَنَّ إِحْرَامَ ٱلْمَرْأَةِ فِي وَجْهِهَا وَإِحْرَامَ ٱلرَّجُلِ فِي رَأْسِهِ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے اپنے والد بزرگوار علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ علیہ السلام نے فرمایا: عورت نقاب نہ اوڑھے کیونکہ عورت کا احرام اس کے چہرے میں ہوتا ہے اور مرد کا احرام اس کے سر میں ہوتا ہے (لہٰذا مرد سر نہ ڈھانپے)۔ ③

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن کالصحیح یا حسن یا موثق ہے۔ ④

{1681} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ ٱلْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ حَرِيزٍ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ ٱللَّهِ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ: لاَ بَأْسَ بِٱلْقُبَّةِ عَلَى ٱلنِّسَاءِ وَٱلصِّبْيَانِ وَهُمْ مُحْرِمُونَ وَلاَ يَرْتَمِسُ ٱلْمُحْرِمُ فِي ٱلْمَاءِ وَلاَ ٱلصَّائِمُ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: عورتوں اور بچوں کے لئے احرام کی حالت میں قبہ (بنانے میں) کوئی حرج نہیں ہے اور

---

① الکافی: ۳۴۹/۴ ح ۴؛ الوافی: ۶۰۰/۱۲؛ وسائل الشیعہ: ۵۰۵/۱۲ ح ۱۶۹۱۵؛ ھدایۃ الامہ: ۲۵۴/۵

② مراۃ العقول: ۳۰۰/۱۷؛ الحج فی الشریعہ: ۳۶۰/۳؛ موسوعہ الفقہ الاسلامی: ۵۷۰/۶؛ فقہ الحج: ۳۸/۳؛ تعالیق مبسوطہ: ۲۴۴؛ جواہر الکلام: ۳۸۲/۱۸؛ فقہ الصادقؑ: ۱۴/۱۱؛

③ الکافی: ۳۴۵/۴ ح ۷؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳۴۲/۲ ح ۲۶۲۷؛ الوافی: ۵۸۵/۱۲؛ وسائل الشیعہ: ۵۰۵/۱۲ ح ۱۶۹۱۴؛ مستدرک الوسائل: ۲۲۳/۹ ح ۱۰۳۷۷؛ المقنع: ۲۳۵؛ ھدایۃ الامہ: ۲۵۲/۵

④ فقہ الصادقؑ: ۱۴/۱۱؛ موسوعہ الفقہ الاسلامی: ۵۸۲/۶؛ تفصیل الشریعہ: ۲۱۸/۱۴؛ تعالیق مبسوطہ: ۲۴۷؛ روضۃ المتقین: ۳۰۶/۴؛ لوامع صاحبقرانی: ۵۲۷/۷؛ مدارک الاحکام: ۳۶۰/۷؛ ذخیرۃ المعاد: ۶۰۲/۲؛ جواہر الکلام: ۳۸۲/۱۸؛ الحج فی الشریعہ: ۴۵۳/۳؛ حدود الشریعہ: ۲۸۷؛ شرح فروع الکافی مازندرانی: ۴۹/۵؛ مراۃ العقول: ۲۹۲/۱۷

محرم پانی میں غوطہ نہ لگائے اور نہ ہی روزہ دار لگائے۔ (1)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (2)

{1682} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الْمُحْرِمِ يَحْتَجِمُ قَالَ لاَ إِلاَّ أَنْ لاَ يَجِدَ بُدّاً فَلْيَحْتَجِمْ وَ لاَ يَحْلِقُ مَكَانَ الْمَحَاجِمِ.

❁ حلبی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے سوال کیا کہ کیا محرم پچھنے لگوا سکتا ہے؟
آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں مگر یہ کہ کوئی خاص مجبوری ہو اور (اس صورت میں بھی) اس جگہ کے بال نہ منڈوائے۔ (3)

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ (4)

{1683} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ فَضَالَةَ عَنْ مُعَاوِيَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ: لاَ يَأْخُذِ الْمُحْرِمُ مِنْ شَعْرِ الْحَلاَلِ.

❁ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: محرم کسی محل کے بال نہ لے (یعنی نہ کاٹے نہ مونڈھے)۔ (5)

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ (6)

---

(1) من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/۵۴ ح ۳۴ ۲۰۴؛ تہذیب الاحکام: ۵/۳۱۲ ح ۱۰۷۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۲/۵۰۹ ح ۱۹۲۸ و ۱۲/۵۱۹ ح ۱۹۶۷؛؛ الاستبصار: ۲/۸۴ ح ۲۵۹

امام علیہ السلام نے جواب میں لکھا کہ جہاں تک عمرہ مفردہ کا تعلق ہے تو اس کے کرنے والے پر طواف النساء واجب ہے مگر عمرہ تمتع کرنے والے پر طواف النساء نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1727} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَفْصِ بْنِ اَلْبَخْتَرِيِّ عَنِ اَلْعَلاَءِ بْنِ صَبِيحٍ وَ عَبْدِ اَلرَّحْمَنِ بْنِ اَلْحَجَّاجِ وَ عَلِيِّ بْنِ رِئَابٍ وَ عَبْدِ اَللَّهِ بْنِ صَالِحٍ كُلُّهُمْ يَرْوُونَهُ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: اَلْمَرْأَةُ اَلْمُتَمَتِّعَةُ إِذَا قَدِمَتْ مَكَّةَ ثُمَّ حَاضَتْ تُقِيمُ مَا بَيْنَهَا وَ بَيْنَ اَلتَّرْوِيَةِ فَإِنْ طَهُرَتْ طَافَتْ بِالْبَيْتِ وَ سَعَتْ بَيْنَ اَلصَّفَا وَ اَلْمَرْوَةِ وَإِنْ لَمْ تَطْهُرْ إِلَى يَوْمِ اَلتَّرْوِيَةِ اِغْتَسَلَتْ وَ اِحْتَشَتْ ثُمَّ سَعَتْ بَيْنَ اَلصَّفَا وَ اَلْمَرْوَةِ ثُمَّ خَرَجَتْ إِلَى مِنًى فَإِذَا قَضَتِ اَلْمَنَاسِكَ وَ زَارَتِ اَلْبَيْتَ طَافَتْ بِالْبَيْتِ طَوَافاً لِعُمْرَتِهَا ثُمَّ طَافَتْ طَوَافاً لِلْحَجِّ ثُمَّ خَرَجَتْ فَسَعَتْ فَإِذَا فَعَلَتْ ذَلِكَ فَقَدْ أَحَلَّتْ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ يُحِلُّ مِنْهُ اَلْمُحْرِمُ إِلاَّ فِرَاشَ زَوْجِهَا فَإِذَا طَافَتْ أُسْبُوعاً آخَرَ حَلَّ لَهَا فِرَاشُ زَوْجِهَا .

⟐ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب کوئی حج تمتع کرنے والی عورت مکہ میں وارد ہو اور پھر اسے حیض آجائے تو وہ اس دن سے لے کر ترویہ (آٹھویں ذالحجہ) تک انتظار کرے گی پس اگر اس دوران پاک ہوگئی تو (اعمال عمرہ بجالاتے ہوئے) پہلے طواف کرے گی (پھر دو رکعت نماز طواف پڑھے گی) بعد ازاں صفا و مروہ کے درمیان سعی کرے گی (بعد ازاں تقصیر) اور اگر اس تاریخ تک پاک نہ ہوئی تو غسل کرے گی اور اندام نہانی میں کپاس رکھ کر اور صفا و مروہ میں سعی کر کے (اور باقی اعمال عمرہ تمتع چھوڑ کر اور قیام گاہ سے احرام حج باندھ کر) منیٰ چلی جائے گی اور جب (وہاں کے) تمام مناسک حج ادا کرے گی (اور اس وقت تک پاک بھی ہو جائے گی تو) خانہ کعبہ کی زیارت کرے گی اور دو طواف کرے گی ایک عمرہ کے لئے اور دوسرا اپنے حج

[1] الکافی: ۵۳۸/۴ ح۹؛ تہذیب الاحکام: ۱۶۳/۵ ح۵۴۵؛ الاستبصار: ۲۳۲/۲ ح۸۰۳؛ وسائل الشیعہ: ۴۴۴/۱۳ ح۱۸۱۷۰؛ الوافی: ۴۶۳/۱۲؛ مکاتیب الائمۃ: ۱۲۵/۶؛ السرائر: ۶۳۱/۳؛ ھدایۃ الامۃ: ۳۴۲/۵

[2] مرآۃ العقول: ۲۳/۱۸؛ کتاب الحج شاہرودی: ۲۶۰/۴؛ جواہر الکلام: ۴۰۶/۱۹؛ فقہ الصادقؑ: ۱۶۳/۱۲؛ تفصیل الشریعہ: ۴۷۹/۱۲؛ شرح فروع الکافی مازندرانی: ۴۷۶/۵؛ براہین الحج: ۱۳۰/۴؛ ذخیرۃ المعاد: ۶۳۱/۲

کے لئے اور بعد ازاں (حج کے لئے) سعی کرے گی پس جب یہ کرے گی تو پھر اس پر ہر وہ چیز حلال ہو جائے گی جو احرام کی وجہ سے حرام ہوئی تھی سوائے شوہر سے ہمبستری کرنے کے پس جب وہ طواف (النساء) کرے گی تو پھر شوہر سے مباشرت بھی حلال ہو جائے گی۔ ①

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ②

{1728} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ حَرِيزٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ امْرَأَةٍ طَافَتْ ثَلاَثَةَ أَطْوَافٍ أَوْ أَقَلَّ مِنْ ذَلِكَ ثُمَّ رَأَتْ دَماً فَقَالَ تَحْفَظُ مَكَانَهَا فَإِذَا طَهُرَتْ طَافَتْ مِنْهُ وَاعْتَدَّتْ بِمَا مَضَى.

۞ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے سوال کیا کہ عورت نے ہنوز طواف کے تین یا اس سے بھی کم چکر لگائے تھے کہ اس نے خون دیکھ لیا (یعنی اسے حیض آ گیا) تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس جگہ کو یاد رکھے پس جب پاک ہو تو وہیں سے طواف کو مکمل کرے اور سابقہ چکروں کو شمار کرے۔ ③

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ④

{1729} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِذَا فَرَغَ الرَّجُلُ مِنْ طَوَافِهِ وَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ فَلْيَأْتِ زَمْزَمَ وَلْيَسْتَقِ مِنْهُ

---

① الکافی: ۴/۴۴۵ ح ا؛ الوافی: ۱۳/۹۸۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۳/۴۴۸ ح ۱۸۱۸۶؛ ھدایۃ الامۃ: ۵/۳۴۶

② مرآۃ العقول: ۱۸/۹۲؛ براہین الحج: ۲/۸۲؛ کتاب الحج قمی: ۲/۲۷؛ مستمسک العروۃ: ۱۱/۳۴۳؛ فقہ الصادق: ۱۲/۱۵۵؛ الحج فی الشریعۃ: ۵/۳۱۴؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۲/۳۴۸؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۵۵۳؛ شرح العروۃ: ۲۷/۳۴۸؛ المعتمد فی شرح المناسک: ۵/۸۰؛ تعالیق مبسوطہ: ۳۰۰؛ التہذیب فی مناسک: ۲/۷۶؛ کتاب الحج گلپائیگانی: ۳۰۴؛ تفصیل الشریعۃ: ۱۲/۹۱؛ تنقیح مبانی الحج: ۳/۸۶؛ ریاض المسائل: ۶/۱۷؛ کتاب الحج شاہرودی: ۲/۳۴۷

③ من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/۳۸۳ ح ۲۷۶۶؛ تہذیب الاحکام: ۵/۳۹۷ ح ۱۳۸۰؛ الوافی: ۱۳/۹۹۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۳/۴۵۴ ح ۱۸۲۰۱؛ الاستبصار: ۲/۳۱۷ ح ۱۱۲۱؛ مستدرک الوسائل: ۹/۴۲۳ ح ۱۱۲۵۱

④ روضۃ المتقین: ۴/۵۱۱؛ لوامع صاحبقرانی: ۷/۶۸۵؛ منتھی المطلب: ۱۰/۳۶۹؛ الحج فی الشریعۃ: ۴/۵۸؛ تعالیق مبسوطہ: ۹/۲۶؛ شرح العروۃ: ۲۹/۲۲؛ فقہ الحج: ۲/۳۷۴؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۲/۴۲۲؛ فقہ الصادق: ۱۰/۱۱۶؛ ملاذ الاخیار: ۸/۳۸۳؛ المعتمد فی شرح: ۴/۳۱۴؛ تفصیل الشریعۃ: ۱۲/۵۰۴؛ کتاب الحج شاہرودی: ۲/۲۵۱؛ ریاض المسائل: ۶/۱۲۰

ذَنُوباً أَوْ ذَنُوبَيْنِ وَ لْيَشْرَبْ مِنْهُ وَ لْيَصُبَّ عَلَى رَأْسِهِ وَ ظَهْرِهِ وَ بَطْنِهِ وَ يَقُولُ اَللَّهُمَّ اِجْعَلْهُ عِلْماً نَافِعاً وَ رِزْقاً وَاسِعاً وَ شِفَاءً مِنْ كُلِّ دَاءٍ وَ سُقْمٍ ثُمَّ يَعُودُ إِلَى اَلْحَجَرِ اَلْأَسْوَدِ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب آدمی طواف اور اس کی دو رکعت نماز پڑھنے سے فارغ ہو تو آب زمزم کے پاس جائے اور اس کے کئی ڈول یا دو ڈول کھینچے جس سے کچھ پئے اور کچھ اپنے سر اور پیٹھ اور پیٹ پر ڈالے اور اس وقت یہ دعا بھی پڑھے:

اَللَّهُمَّ اِجْعَلْهُ عِلْماً نَافِعاً وَ رِزْقاً وَاسِعاً وَ شِفَاءً مِنْ كُلِّ دَاءٍ وَ سُقْمٍ

پھر حجر اسود کی طرف لوٹ کر جائے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [2]

{1731} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ اِبْنِ أَبِي عُمَيْرٍ وَ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ عَنِ اَلْفَضْلِ بْنِ شَاذَانَ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى عَنِ اِبْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ: أَنَّ رَسُولَ اَللَّهِ صَلَّى اَللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ حِينَ فَرَغَ مِنْ طَوَافِهِ وَ رَكْعَتَيْهِ قَالَ أَبْدَأُ بِمَا بَدَأَ اَللَّهُ عَزَّ وَ جَلَّ بِهِ مِنْ إِتْيَانِ اَلصَّفَا إِنَّ اَللَّهَ عَزَّ وَ جَلَّ يَقُولُ: إِنَّ اَلصَّفٰا وَ اَلْمَرْوَةَ مِنْ شَعٰائِرِ اَللّٰهِ قَالَ أَبُو عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ ثُمَّ اُخْرُجْ إِلَى اَلصَّفَا مِنَ اَلْبَابِ اَلَّذِي خَرَجَ مِنْهُ رَسُولُ اَللَّهِ صَلَّى اَللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ وَ هُوَ اَلْبَابُ اَلَّذِي يُقَابِلُ اَلْحَجَرَ اَلْأَسْوَدَ حَتَّى تَقْطَعَ اَلْوَادِيَ وَ عَلَيْكَ اَلسَّكِينَةَ وَ اَلْوَقَارَ فَاصْعَدْ عَلَى اَلصَّفَا حَتَّى تَنْظُرَ إِلَى اَلْبَيْتِ وَ تَسْتَقْبِلَ اَلرُّكْنَ اَلَّذِي فِيهِ اَلْحَجَرُ اَلْأَسْوَدُ وَ اِحْمَدِ اَللَّهَ وَ أَثْنِ عَلَيْهِ ثُمَّ اُذْكُرْ مِنْ آلاَئِهِ وَ بَلاَئِهِ وَ حُسْنِ مَا صَنَعَ إِلَيْكَ مَا قَدَرْتَ عَلَى ذِكْرِهِ ثُمَّ كَبِّرِ اَللَّهَ سَبْعاً وَ اِحْمَدْهُ سَبْعاً وَ هَلِّلْهُ سَبْعاً وَ قُلْ: لاَ إِلَهَ إِلاَّ اَللَّهُ وَحْدَهُ لاَ شَرِيكَ لَهُ لَهُ اَلْمُلْكُ وَ لَهُ اَلْحَمْدُ يُحْيِي وَ يُمِيتُ وَ هُوَ حَيٌّ لاَ يَمُوتُ وَ هُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ثَلاَثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ صَلِّ عَلَى اَلنَّبِيِّ صَلَّى اَللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ وَ قُلِ: اَللَّهُ أَكْبَرُ عَلَى مَا هَدَانَا وَ اَلْحَمْدُ لِلَّهِ عَلَى مَا أَوْلاَنَا وَ اَلْحَمْدُ لِلَّهِ اَلْحَيِّ اَلْقَيُّومِ وَ اَلْحَمْدُ لِلَّهِ اَلْحَيِّ اَلدَّائِمِ ثَلاَثَ مَرَّاتٍ وَ قُلْ: أَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلاَّ اَللَّهُ وَ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُهُ وَ رَسُولُهُ لاَ نَعْبُدُ إِلاَّ إِيَّاهُ مُخْلِصِينَ لَهُ اَلدِّينَ وَ لَوْ كَرِهَ اَلْمُشْرِكُونَ

---

[1] الکافی: ۴/ ۴۳۰ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۵/ ۱۴۴ ح ۴۷۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۳/ ۴۷۳ ح ۱۸۲۳۹؛ الوافی: ۱۳/ ۹۴۲؛ ھدایۃ الامہ: ۵/ ۳۴۵

[2] تذکرۃ الفقہاء: ۸/ ۱۰۳؛ مدارک الاحکام: ۸/ ۲۰۲؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/ ۶۴۵؛ مرآۃ العقول: ۱۸/ ۶۴؛ ملاذ الاخیار: ۷/ ۴۵۶

ثَلَاثَ مَرَّاتٍ: اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الْعَفْوَ وَ الْعَافِيَةَ وَ الْيَقِينَ فِي الدُّنْيَا وَ الْآخِرَةِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ: اَللّٰهُمَّ آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَ فِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَ قِنَا عَذَابَ النَّارِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ كَبِّرِ اللّٰهَ مِائَةَ مَرَّةٍ وَ هَلِّلْ مِائَةَ مَرَّةٍ وَ احْمَدْ مِائَةَ مَرَّةٍ وَ سَبِّحْ مِائَةَ مَرَّةٍ وَ تَقُولُ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ أَنْجَزَ وَعْدَهُ وَ نَصَرَ عَبْدَهُ وَ غَلَبَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهُ فَـ (لَهُ الْمُلْكُ وَ لَهُ الْحَمْدُ) وَحْدَهُ وَحْدَهُ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِي فِي الْمَوْتِ وَ فِي مَا بَعْدَ الْمَوْتِ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ ظُلْمَةِ الْقَبْرِ وَ وَحْشَتِهِ اَللّٰهُمَّ أَظِلَّنِي فِي ظِلِّ عَرْشِكَ يَوْمَ لَا ظِلَّ إِلَّا ظِلُّكَ وَ أَكْثِرْ مِنْ أَنْ تَسْتَوْدِعَ رَبَّكَ دِينَكَ وَ نَفْسَكَ وَ أَهْلَكَ ثُمَّ تَقُولُ: أَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ الرَّحْمٰنَ الرَّحِيمَ الَّذِي لَا يَضِيعُ وَدَائِعُهُ نَفْسِي وَ دِينِي وَ أَهْلِي اَللّٰهُمَّ اسْتَعْمِلْنِي عَلَى كِتَابِكَ وَ سُنَّةِ نَبِيِّكَ وَ تَوَفَّنِي عَلَى مِلَّتِهِ وَ أَعِذْنِي مِنَ الْفِتْنَةِ ثُمَّ تُكَبِّرُ ثَلَاثاً ثُمَّ تُعِيدُهَا مَرَّتَيْنِ ثُمَّ تُكَبِّرُ وَاحِدَةً ثُمَّ تُعِيدُهَا فَإِنْ لَمْ تَسْتَطِعْ هٰذَا فَبَعْضَهُ وَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ كَانَ يَقِفُ عَلَى الصَّفَا بِقَدْرِ مَا يُقْرَأُ سُورَةُ الْبَقَرَةِ مُتَرَتِّلاً .

❂ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب طواف اور اس کی دو رکعت نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا: میں اس سے ابتداء کرتا ہوں جس سے خدا نے ابتداء کی ہے چنانچہ فرماتا ہے: ''یقینا صفاومروہ شعائر اللہ میں سے ہیں (البقرۃ:۱۵۸)'' امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: پس تم صفا کی طرف جاتے وقت اسی دروازہ سے نکلو جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نکلے تھے اور وہ دروازہ حجر اسود کے بالمقابل ہے یہاں تک کہ تو وادی کو طے کرے اور سکینہ و وقار سے صفا پر چڑھو یہاں تک کہ خانہ کعبہ نظر آئے اور اس رکن کی طرف منہ کرکے جس میں حجر اسود نصب ہے اللہ کی حمد و ثنا کرو اور اپنے اوپر اس کے انعامات و احسانات کا تذکرہ جس قدر ہو سکے کرو پھر سات بار اللہ کی تکبیر، سات بار اللہ کی حمد اور سات بار اس کی تحلیل کرو پھر تین بار یہ پڑھو۔

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَ لَهُ الْحَمْدُ يُحْيِي وَ يُمِيتُ وَ هُوَ حَيٌّ لَا يَمُوتُ وَ هُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پڑھو پھر تین بار یہ پڑھو۔

اَللّٰهُ أَكْبَرُ عَلَى مَا هَدَانَا وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلَى مَا أَوْلَانَا وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الْحَيِّ الْقَيُّومِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الْحَيِّ الدَّائِمِ

بعد ازاں تین بار یہ پڑھو:

أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُهُ وَ رَسُولُهُ لَا نَعْبُدُ إِلَّا إِيَّاهُ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ وَ لَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُونَ

پھر تین بار کہو:

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ وَالْيَقِينَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ

پھر تین بار پڑھو:

اَللّٰهُمَّ آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ

پھر سو بار اللہ اکبر، سو بار لا الہٰ الا اللہ، سو بار الحمد للہ اور سو بار سبحان اللہ کہو بعد ازاں یہ دعا پڑھو:

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ أَنْجَزَ وَعْدَهُ وَنَصَرَ عَبْدَهُ وَغَلَبَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهُ فَلَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَحْدَهُ وَحْدَهُ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِي فِي الْمَوْتِ وَفِي مَا بَعْدَ الْمَوْتِ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ ظُلْمَةِ الْقَبْرِ وَوَحْشَتِهِ اَللّٰهُمَّ أَظِلَّنِي فِي ظِلِّ عَرْشِكَ يَوْمَ لَا ظِلَّ إِلَّا ظِلُّكَ

اور جس قدر ہو سکے اپنا دین و مذہب، اپنی جان و مال اور اپنے اہل و عیال خدا کے سپرد کرو پھر یہ پڑھو:

أَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ الرَّحْمٰنَ الرَّحِيمَ الَّذِي لَا يَضِيعُ وَدَائِعُهُ نَفْسِي وَدِينِي وَأَهْلِي اَللّٰهُمَّ اسْتَعْمِلْنِي عَلَى كِتَابِكَ وَسُنَّةِ نَبِيِّكَ وَتَوَفَّنِي عَلَى مِلَّتِهِ وَأَعِذْنِي مِنَ الْفِتْنَةِ

پھر تین بار اللہ اکبر کہو، پھر دو بار اس کا اعادہ کرو پھر ایک بار اللہ اکبر کہو اور اس کا اعادہ کرو اور اگر ایسا نہ کر سکو تو بعض پر اکتفا کر لو۔

اور امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اتنی دیر صفا پر ٹھہرتے تھے جتنی دیر ترتیل کے ساتھ سورۂ بقرہ پڑھنے میں لگتی ہے۔[1]

تحقیق:

حدیث حسن کالصحیح ہے۔[2]

{1731} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُوسَى بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ أَبِي سَمَّالٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: ثُمَّ انْحَدِرْ مَاشِياً وَعَلَيْكَ السَّكِينَةَ وَالْوَقَارَ حَتَّى تَأْتِيَ الْمَنَارَةَ وَهِيَ طَرَفُ الْمَسْعَى فَاسْعَ مِلْأَ فُرُوجِكَ وَقُلْ: بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِهِ وَقُلِ: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاعْفُ عَمَّا تَعْلَمُ إِنَّكَ أَنْتَ الْأَعَزُّ الْأَكْرَمُ حَتَّى تَبْلُغَ الْمَنَارَةَ الْأُخْرَى قَالَ وَكَانَ الْمَسْعَى أَوْسَعَ مِمَّا هُوَ الْيَوْمَ وَلٰكِنَّ النَّاسَ ضَيَّقُوهُ ثُمَّ امْشِ وَعَلَيْكَ السَّكِينَةَ وَالْوَقَارَ حَتَّى تَأْتِيَ الْمَرْوَةَ فَاصْعَدْ عَلَيْهَا

---

[1] الکافی: ۴/۴۳۱ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۵/۱۴۵ ح ۱۸۱؛ الوافی: ۱۳/۹۲۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۳/۴۷۶ ح ۱۸۲۴۵؛ ھدایۃ الامہ: ۵/۳۲۶

[2] مرآۃ العقول: ۱۸/۱۶۷؛ ملاذ الاخیار: ۷/۳۶۰

حَتّٰى يَبْدُوَ لَكَ الْبَيْتُ فَاصْنَعْ عَلَيْهَا كَمَا صَنَعْتَ عَلَى الصَّفَا ثُمَّ طُفْ بَيْنَهُمَا سَبْعَةَ أَشْوَاطٍ تَبْدَأُ بِالصَّفَا وَ تَخْتِمُ بِالْمَرْوَةِ ثُمَّ قَصِّرْ مِنْ رَأْسِكَ مِنْ جَوَانِبِهِ وَ لِحْيَتِكَ وَ خُذْ مِنْ شَارِبِكَ وَ قَلِّمْ أَظْفَارَكَ وَ أَبْقِ مِنْهَا لِحَجِّكَ فَإِذَا فَعَلْتَ ذٰلِكَ فَقَدْ أَحْلَلْتَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ يُحِلُّ مِنْهُ الْمُحْرِمُ وَ أَحْرَمْتَ مِنْهُ.

❁ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: پھر (صفا سے) نیچے اترو اور سکینہ و وقار کے ساتھ چلتے ہوئے جب منارہ تک پہنچو تو سعی کرو اور اس وقت یہ پڑھو:

بِسْمِ اللّٰهِ وَ اللّٰهُ أَكْبَرُ وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ آلِهِ

پھر پڑھو:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ وَ ارْحَمْ وَ اعْفُ عَمَّا تَعْلَمُ إِنَّكَ أَنْتَ الْأَعَزُّ الْأَكْرَمُ

یہاں تک کہ دوسرے منارے تک پہنچو

پھر فرمایا: پہلے دوڑنے کی جگہ موجود جگہ سے زیادہ کشادہ تھی پھر لوگوں نے اسے تنگ کر دیا۔ اس کے بعد پھر سکینہ و وقار سے چلو یہاں تک کہ مروہ پر اس طرح چڑھو کہ وہاں سے بیت اللہ نظر آئے پھر وہاں پر وہی سب کچھ کرو جو صفا پر کیا تھا اور اسی طرح ان دونوں پہاڑوں کے درمیان سات چکر لگاؤ جن کی ابتداء صفا سے کرو اور اختتام مروہ پر کرو پھر اپنے سر کے کسی حصہ اور اپنی داڑھی اور اپنی مونچھ سے تقصیر کرو اور اپنے کچھ ناخن کاٹو اور کچھ کو اپنی حج کے اختتام پر باقی رکھو پس جب تم ایسا کر لو تو تمہارے لئے وہ سب کچھ حلال ہو جائے گا جس کا تم نے احرام باندھا تھا۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن یا موثق ہے۔ [2]

{1732} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُوسَى بْنِ الْقَاسِمِ عَنِ النَّخَعِيِّ أَبِي الْحُسَيْنِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: قُلْتُ لَهُ رَجُلٌ نَسِيَ السَّعْيَ بَيْنَ الصَّفَا وَ الْمَرْوَةِ قَالَ يُعِيدُ السَّعْيَ قُلْتُ فَإِنَّهُ خَرَجَ قَالَ يَرْجِعُ فَيُعِيدُ السَّعْيَ إِنَّ هٰذَا لَيْسَ كَرَمْيِ الْجِمَارِ إِنَّ الرَّمْيَ سُنَّةٌ وَ السَّعْيَ بَيْنَ الصَّفَا وَ الْمَرْوَةِ فَرِيضَةٌ وَ قَالَ فِي رَجُلٍ تَرَكَ السَّعْيَ مُتَعَمِّداً قَالَ لَا حَجَّ لَهُ.

❁ معاویہ بن عمار سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص صفا و مروہ کے درمیان سعی کرنا بھول گیا تو (کیا حکم ہے)؟

---

[1] تہذیب الاحکام: ۵/۱۴۸ ح ۴۸۷؛ الوافی: ۱۳/۹۳۰؛ وسائل الشیعہ: ۱۳/۴۸۱ ح ۱۸۲۵۵؛ الکافی: ۴/۴۳۴ ح ۶؛ بحار الانوار: ۹۶/۲۴۳

[2] ملاذ الاخیار: ۷/۴۶۴؛ جواہر الکلام: ۱۹/۴۲۴؛ مدارک الاحکام: ۸/۲۰۸؛ مرآۃ العقول: ۱۸/۴۷۲؛ سداد العباد: ۲۹۴

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ سعی کا اعادہ کرے گا۔

میں نے عرض کیا: وہ شخص وہاں سے چلا گیا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: لوٹ کر واپس آئے اور سعی کا اعادہ کرے کیونکہ یہ رمی جمرات کی مانند نہیں ہے اس لیے کہ رمی سنت ہے اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کرنا فرض ہے۔

پھر فرمایا: جس شخص نے عمداً سعی ترک کر دی اس کا کوئی حج نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح اور حسن ہے۔ [2]

{1733} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ اَلْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ عَطِيَّةَ عَنْ سَعِيدٍ اَلْأَعْرَجِ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ تَرَكَ شَيْئاً مِنَ اَلرَّمَلِ فِي سَعْيِهِ بَيْنَ اَلصَّفَا وَ اَلْمَرْوَةِ قَالَ لاَ شَيْءَ عَلَيْهِ.

سعید الاعرج سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص اپنی سعی میں کچھ دوڑنا چھوڑ گیا (بلکہ عام روش کے مطابق چلتا رہا) تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس پر کچھ نہیں ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{1734} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ سَعْدِ بْنِ عَبْدِ اَللَّهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ اَلْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ قَالَ: سَعَيْتُ بَيْنَ اَلصَّفَا وَ اَلْمَرْوَةِ أَنَا وَ عُبَيْدُ اَللَّهِ بْنُ رَاشِدٍ فَقُلْتُ لَهُ تَحَفَّظْ عَلَيَّ فَجَعَلَ يَعُدُّ ذَاهِباً وَ جَائِياً شَوْطاً وَاحِداً فَبَلَغَ بِنَا مِثْلَ ذَلِكَ فَقُلْتُ لَهُ كَيْفَ تَعُدُّ قَالَ ذَاهِباً وَ جَائِياً شَوْطاً وَاحِداً فَأَتْمَمْنَا أَرْبَعَةَ عَشَرَ شَوْطاً فَذَكَرْنَا ذَلِكَ لِأَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ فَقَالَ قَدْ

---

[1] تہذیب الاحکام: ۵/۱۵۰ ح ۴۹۲؛ الوافی: ۱۳/۹۴۴؛ وسائل الشیعہ: ۱۳/۴۸۵ ح ۱۸۲۶۴؛ الاستبصار: ۲/۲۳۸ ح ۸۲۹؛ الکافی: ۴/۴۸۴ ح ۱ (مختصر)

[2] ملاذ الاخیار: ۷/۴۶۶؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۴/۱۱؛ فقہ الصادقؑ: ۱۱/۳۳۴؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۶۴۴؛ الحج فی الشریعہ: ۵/۳۲۵؛ منتھی المطلب: ۱۱/۳۹۳؛ براھین الحج: ۴/۱۱۲؛ مراۃ العقول: ۱۸/۱۵۳

[3] الکافی: ۴/۴۳۶ ح ۹؛ تہذیب الاحکام: ۵/۱۵۰ ح ۴۹۳؛ الوافی: ۱۳/۹۳۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۳/۴۸۶ ح ۱۸۲۶۸؛ ھدایۃ الامہ: ۵/۳۴۷

[4] مراۃ العقول: ۱۸/۷۴؛ ملاذ الاخیار: ۷/۴۶۷؛ سداد العباد: ۳۲۹؛ فقہ الصادقؑ: ۱۱/۳۳۲

زَادُوا عَلَى مَا عَلَيْهِمْ لَيْسَ عَلَيْهِمْ شَيْءٌ.

۞ ہشام بن سالم سے روایت ہے کہ میں نے صفا و مروہ کے درمیان سعی کی جبکہ عبیداللہ بن راشد بھی میرے ہمراہ تھے پس میں نے اس سے کہا کہ تم چکر شمار کرتے رہنا چنانچہ اس نے آنے جانے کو ایک چکر شمار کرنا شروع کر دیا پس اسی پر ہم نے بنا رکھی میں نے اس سے کہا: تم نے کس طرح شمار کیا ہے؟

اس نے کہا: آنے اور جانے کو ایک چکر شمار کیا ہے۔

چنانچہ اس طرح ہم نے (سات کی بجائے) چودہ چکر لگائے پس ہم نے اس کا ذکر امام جعفر صادق علیہ السلام سے کیا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: جو کچھ ان پر واجب تھا (انہوں نے وہ ادا کر کے) اس پر اضافہ کیا ہے لہٰذا ان پر کچھ واجب نہیں ہے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{1735} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى وَ عَلِيِّ بْنِ النُّعْمَانِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ رَجُلٌ مُتَمَتِّعٌ سَعَى بَيْنَ الصَّفَا وَ الْمَرْوَةِ سِتَّةَ أَشْوَاطٍ ثُمَّ رَجَعَ إِلَى مَنْزِلِهِ وَ هُوَ يَرَى أَنَّهُ قَدْ فَرَغَ مِنْهُ وَ قَلَّمَ أَظْفَارَهُ وَ أَحَلَّ ثُمَّ ذَكَرَ أَنَّهُ سَعَى سِتَّةَ أَشْوَاطٍ فَقَالَ لِي يَحْفَظُ أَنَّهُ قَدْ سَعَى سِتَّةَ أَشْوَاطٍ فَإِنْ كَانَ يَحْفَظُ أَنَّهُ قَدْ سَعَى سِتَّةَ أَشْوَاطٍ فَلْيُعِدْ وَلْيُتِمَّ شَوْطاً وَ لْيُرِقْ دَماً فَقُلْتُ دَمَ مَا ذَا قَالَ بَقَرَةٍ قَالَ وَ إِنْ لَمْ يَكُنْ حَفِظَ أَنَّهُ سَعَى سِتَّةً فَلْيُعِدْ فَلْيَبْتَدِئِ السَّعْيَ حَتَّى يُكْمِلَ سَبْعَةَ أَشْوَاطٍ ثُمَّ لْيُرِقْ دَمَ بَقَرَةٍ.

۞ سعید بن یسار سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ ایک شخص نے حج تمتع کیا اور صفا و مروہ کے درمیان صرف چھ چکر لگائے جبکہ وہ یہ گمان کرتا تھا کہ اس نے پورے (سات) چکر لگائے ہیں اس لئے اپنے ناخن کٹوا کر اور محل ہو کر اپنی قیام گاہ پر چلا گیا پھر یاد آیا کہ اس نے تو کل چھ چکر لگائے ہیں تو (کیا کرے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر اسے پوری طرح یاد ہے کہ صرف چھ چکر لگائے ہیں تو جائے اور مزید ایک چکر لگا کر سات مکمل کرے اور خون بھی بہائے

میں نے عرض کیا: کس کا خون بہائے؟

---

[1] تہذیب الاحکام: ۱۵۲/۵ ح ۵۰۱؛ الاستبصار: ۲۳۹/۲ ح ۸۳۴؛ وسائل الشیعہ: ۳۸۸/۱۳ ح ۱۸۲۷۵؛ الوافی: ۹۴۷/۱۳؛ ھدایۃ الامہ: ۳۴۸/۵

[2] ملاذ الاخیار: ۴۰۷/۷؛ براھین الحج: ۱۱۵/۴؛ منتھی المطلب: ۴۰۸/۱۰؛ شرح العروۃ: ۴۱/۲۹؛ فقہ الصادقؑ: ۳۴۸/۱۱؛ شرح فروع مازندرانی: ۲۸۵/۵؛ فقہ الحج: ۱۰۴/۴؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۴/۷؛ مدارک الاحکام: ۲۰۷/۸؛ مستند الشیعہ: ۱۹۹/۱۲؛ المہذب فی مناسک: ۸۸/۳؛ سداد العباد: ۳۲۲

آپ علیہ السلام نے فرمایا: گائے کا

پھر فرمایا: اور اگر چھ چکروں کا یقین نہ ہو تو از سر نو سات چکر لگائے اور پھر گائے کا خون بہائے۔ ①

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ②

{1736} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الرَّجُلِ يَسْعَى بَيْنَ الصَّفَا وَ الْمَرْوَةِ رَاكِباً قَالَ لَا بَأْسَ وَ الْمَشْيُ أَفْضَلُ.

❂ معاویہ بن عمار سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ کیا کوئی شخص صفا و مروہ کے درمیان سوار ہو کر سعی کر سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کوئی حرج نہیں اور پیدل چل کر کرنا افضل ہے۔ ③

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ④

{1737} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَنِ ابْنِ فَضَّالٍ قَالَ: سَأَلَ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ أَبَا الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَقَالَ لَهُ سَعَيْتُ شَوْطاً ثُمَّ طَلَعَ الْفَجْرُ فَقَالَ صَلِّ ثُمَّ عُدْ فَأَتِمَّ سَعْيَكَ.

❂ محمد بن علی نے امام علی رضا علیہ السلام سے پوچھا کہ میں سعی کر رہا تھا اور ہنوز ایک چکر لگایا تھا کہ فجر طلوع ہو گئی (یعنی نماز کا وقت ہو گیا) تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: (پہلے) نماز پڑھ پھر پلٹ کر اپنی سعی کو مکمل کر۔ ⑤

---

① تہذیب الاحکام: ۵/۱۵۳ ح ۵۰۴؛ الوافی: ۱۳/۹۴۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۳/۴۹۲ ح ۱۸۲۸۳؛ عوالی اللئالی: ۳/۱۶۷؛ ھدایۃ الامہ: ۵/۳۴۹

② ملاذ الاخیار: ۷/۳۷۴؛ فقہ الصادقؑ: ۱۱/۳۴۲؛ شرح العروۃ: ۲۹/۱۷۴؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۴/۲۰۰؛ براہین الحج: ۴/۱۷؛ مستمسک مبانی الحج: ۳/۱۱۵؛ فقہ الحج: ۴/۱۰۶؛ المہذب فی مناسک: ۳/۱۰۳؛ سداد العباد: ۳۲۲؛

③ تہذیب الاحکام: ۵/۱۵۵ ح ۵۱۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۳/۴۹۶ ح ۱۸۲۹۴؛ الوافی: ۱۳/۹۴۵؛ الکافی: ۴/۴۳۷ ح ۲

④ ملاذ الاخیار: ۷/۳۷۷؛ الحج فی الشریعہ: ۴/۲۶۲؛ فقہ الحج: ۴/۹۴؛ فقہ الصادقؑ: ۱۱/۳۳۴؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۶۴۳؛ المعتمد: ۵/۱۹؛ سداد العباد: ۳۲۶؛ شرح العروۃ: ۲۹/۱۲۹

⑤ من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/۴۱۸ ح ۲۸۵۷؛ تہذیب الاحکام: ۵/۱۵۶ ح ۵۱۸؛ الوافی: ۱۳/۹۴۰؛ وسائل الشیعہ: ۱۳/۴۹۹ ح ۱۸۳۰۲؛ عوالم العلوم: ۳۴۳/۲۳؛ الاستبصار: ۲/۲۴۷ ح ۸۵۷؛ ھدایۃ الامہ: ۵/۳۵۱

تحقیق:

حدیث موثق کالصحیح یا موثق ہے۔ ①

{1738} مُحَمَّدُ بْنُ ٱلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ ٱلْحَلَبِيِّ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ ٱللَّهِ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ عَنِ ٱلرَّجُلِ يَطُوفُ بَيْنَ ٱلصَّفَا وَ ٱلْمَرْوَةِ أَ يَسْتَرِيحُ قَالَ نَعَمْ إِنْ شَاءَ جَلَسَ عَلَى ٱلصَّفَا وَ ٱلْمَرْوَةِ وَ بَيْنَهُمَا فَيَجْلِسُ.

❂ حلبی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص صفا و مروہ کے درمیان سعی کرتا ہے تو کیا وہ آرام کرسکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں اگر وہ چاہے تو صفا و مروہ پر اور ان دونوں کے درمیان بیٹھ سکتا ہے۔ ②

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ③

{1739} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ ٱلْخَزَّازِ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ ٱللَّهِ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ قَالَ: لَيْسَ عَلَى ٱلنِّسَاءِ جَهْرٌ بِالتَّلْبِيَةِ وَ لاَ اسْتِلاَمُ ٱلْحَجَرِ وَ لاَ دُخُولُ ٱلْبَيْتِ وَ لاَ سَعْيٌ بَيْنَ ٱلصَّفَا وَ ٱلْمَرْوَةِ يَعْنِي ٱلْهَرْوَلَةَ.

❂ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: عورتوں پر نہ بلند آواز سے تلبیہ کہنا ہے، نہ حجر اسود کا چھونا ہے، نہ خانہ کعبہ میں داخل ہونا ہے اور نہ صفا و مروہ کے درمیان سعی کرتے ہوئے دوڑنا ہے۔ ④

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ ⑤

{1740} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ:

---

① روضۃ المتقین: ۴/۵۸۶؛ لوامع صاحبقرانی: ۸/۲۶؛ فقہ الصادقؑ: ۱۱/۳۳۳؛ الحج فی الشریعۃ: ۴/۳۰۵؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۱۳/۳۸۴؛ شرح فروع مازندرانی: ۵/۸۹۲؛ مدارک الاحکام: ۸/۲۱۹؛ جواہر الکلام: ۱۹/۴۳۳؛ ملاذ الاخیار: ۷/۴۹۷؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۶۴۸

② تہذیب الاحکام: ۵/۱۵۶ ح ۵۱۶؛ الکافی: ۴/۴۳۷ ح ۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۳/۵۰۱ ح ۱۸۳۰۶؛ الوافی: ۱۳/۹۴۷؛ ھدایۃ الامۃ: ۵/۳۵۳

③ ملاذ الاخیار: ۷/۴۸۷؛ مدارک الاحکام: ۸/۲۱۰؛ جواہر الکلام: ۱۹/۴۲۸؛ سداد العباد: ۲۶۳؛ تعالیق مبسوطہ: ۸/۳۱۱؛ منتھی المطلب: ۱۰/۳۴۲؛ موسوعۃ الفقہ الاسلامی: ۱۱/۳۱۴؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۶۴۸؛ تذکرۃ الفقہاء: ۸/۱۴۰؛ المعتمد: ۵/۱۷؛ تفصیل الشریعہ: ۵/۲۴

④ الکافی: ۴/۴۰۵ ح ۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۳/۳۹۶ ح ۱۸۰۷۴؛ الوافی: ۱۳/۸۱۹؛ ھدایۃ الامۃ: ۵/۱۹۷ و ۳۱۵

⑤ التھذیب فی مناسک: ۲/۱۸۰؛ فقہ الحج: ۴/۹۷؛ مرآۃ العقول: ۱۸/۹

سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ مُتَمَتِّعٍ وَقَعَ عَلَى امْرَأَتِهِ وَ لَمْ يُقَصِّرْ فَقَالَ يَنْحَرُ جَزُوراً وَ قَدْ خِفْتُ أَنْ يَكُونَ قَدْ ثَلِمَ حَجُّهُ إِنْ كَانَ عَالِماً وَ إِنْ كَانَ جَاهِلاً فَلاَ شَيْءَ عَلَيْهِ.

معاویہ بن عمار سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ عمرہ تمتع کرنے والے شخص نے اپنی عورت سے مجامعت کر لی جبکہ اس نے تقصیر نہیں کی تھی تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ ایک اونٹ نحر کرے گا اور مجھے اندیشہ ہے کہ اگر وہ عالم تھا تو اس کے حج میں رخنہ پڑ جائے گا اور اگر جاہل تھا تو پھر اس پر کچھ نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [2]

{1741} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ وَ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْمَاعِيلَ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ شَاذَانَ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ وَ صَفْوَانَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِذَا كَانَ يَوْمُ التَّرْوِيَةِ إِنْ شَاءَ اللَّهُ فَاغْتَسِلْ ثُمَّ الْبَسْ ثَوْبَيْكَ وَ ادْخُلِ الْمَسْجِدَ حَافِياً وَ عَلَيْكَ السَّكِينَةَ وَ الْوَقَارَ ثُمَّ صَلِّ رَكْعَتَيْنِ عِنْدَ مَقَامِ إِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَوْ فِي الْحِجْرِ ثُمَّ اقْعُدْ حَتَّى تَزُولَ الشَّمْسُ فَصَلِّ الْمَكْتُوبَةَ ثُمَّ قُلْ فِي دُبُرِ صَلاَتِكَ كَمَا قُلْتَ حِينَ أَحْرَمْتَ مِنَ الشَّجَرَةِ فَأَحْرِمْ بِالْحَجِّ ثُمَّ امْضِ وَ عَلَيْكَ السَّكِينَةَ وَ الْوَقَارَ وَ إِذَا انْتَهَيْتَ إِلَى الرَّقْطَاءِ دُونَ الرَّدْمِ فَلَبِّ فَإِذَا انْتَهَيْتَ إِلَى الرَّدْمِ وَ أَشْرَفْتَ عَلَى الْأَبْطَحِ فَارْفَعْ صَوْتَكَ بِالتَّلْبِيَةِ حَتَّى تَأْتِيَ مِنًى.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب یوم ترویہ (آٹھویں ذی الحجہ کا دن) ہو انشاء اللہ تو غسل کرو اور احرام کے دو کپڑے زیب تن کرو اور ننگے پاؤں وقار اور سکینہ کے ساتھ مسجد الحرام میں داخل ہو اور مقام ابراہیم علیہ السلام یا حجر کے پاس دو رکعت نماز پڑھو اور پھر زوال آفتاب تک وہیں بیٹھو بعد ازاں نماز ظہر پڑھو اور اس کے بعد وہی کہو جو مسجد شجرہ سے احرام باندھتے وقت کہے تھے اور سکینہ و وقار کے ستھ احرام حج باندھو اور جب مقام روم کے اس رقطاء (رفضاء) کے مقام پر پہنچو تو تلبیہ کہو اور اگر تلبیہ کہے

---

[1] الکافی: ۴/۳۷۰ ح۵؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/۴۷۷ ح۳۳۴۵؛ تہذیب الاحکام: ۵/۱۶۱ ح۵۳۹؛ الوافی: ۱۳/۹۶۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۳/۱۳۰ ح۱۷۴۰۲

[2] سند العروۃ کتاب الحج: ۴/۸۳؛ الحج فی الشریعۃ: ۳/۹۳؛ تعالیق مبسوطۃ: ۲۷۶؛ شرح مازندرانی: ۵/۳۰۱؛ المعتمد: ۵/۱۱۱؛ تنقیح مبانی الحج: ۳/۱۲؛ شرح العروۃ: ۲۹/۱۲۲؛ مدارک الاحکام: ۸/۴۲۳؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۶۴۸؛ تفصیل الشریعۃ: ۱۳/۲۶۹؛ حدود الشریعۃ: ۲/۶۸۵؛ روضۃ المتقین: ۴/۴۹۵؛ لوامع صاحبقرانی: ۷/۶۶۶؛ مرآۃ العقول: ۱۸/۸۳؛ منتہی المطلب: ۱۰/۴۳۹؛ تذکرۃ الفقہاء: ۸/۱۴۸؛ جواہر الکلام: ۱۹/۸۵؛ کتاب الحج شاہرودی: ۴/۴۲۶؛ فقہ الصادقؑ: ۱۱/۲۹۰

بغیر مقام روم تک پہنچ جاؤ اور نشیبی جگہ پر جھانکنے لگو تو بلند آواز کے ساتھ تلبیہ کہتے جاؤ یہاں تک کہ منیٰ تک پہنچ جاؤ۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن کالصحیح یا حسن ہے۔ [2]

{1742} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ اَلْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ يَقْطِينٍ عَنِ اَلْحُسَيْنِ أَخِيهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَقْطِينٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ عَنِ اَلرَّجُلِ اَلَّذِي يُرِيدُ أَنْ يَتَقَدَّمَ فِيهِ اَلَّذِي لَيْسَ لَهُ وَقْتٌ أَوَّلُ مِنْهُ قَالَ إِذَا زَالَتِ اَلشَّمْسُ وَ عَنِ اَلَّذِي يُرِيدُ أَنْ يَتَخَلَّفَ بِمَكَّةَ عَشِيَّةَ اَلتَّرْوِيَةِ إِلَى أَيَّةِ سَاعَةٍ تَسَعُهُ أَنْ يَتَخَلَّفَ قَالَ (ذَلِكَ مُوَسَّعٌ لَهُ حَتَّى يُصْبِحَ بِمِنًى.

❁ علی بن یقطین سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے سوال کیا کہ جو شخص (احرام حج باندھ کر) منیٰ جانا چاہے اس کا وقت کون سا ہے جس سے پہلے کوئی وقت نہیں ہے اور اس کا آخری وقت کونسا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: پہلا وقت (ترویہ کے دن) زوال آفتاب ہے۔

اور امام علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں پوچھا گیا جو مکہ میں رہنا چاہتا ہے اور ترویہ سے لے کر نویں کے دن کی گھڑی آنے تک پیچھے رہتا ہے تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ اس کے لئے وسعت ہے یہاں تک کہ (نویں کی) صبح منیٰ میں کرے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{1743} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ اَلْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى وَ فَضَالَةَ عَنِ اَلْعَلاَءِ بْنِ رَزِينٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَحَدِهِمَا عَلَيْهِمَا اَلسَّلاَمُ قَالَ: لاَ يَنْبَغِي لِلْإِمَامِ أَنْ يُصَلِّيَ اَلظُّهْرَ يَوْمَ اَلتَّرْوِيَةِ إِلاَّ بِمِنًى وَ يَبِيتُ بِهَا إِلَى طُلُوعِ اَلشَّمْسِ.

❁ امامین علیہما السلام میں سے ایک امام علیہ السلام نے فرمایا: ترویہ کے دن امام (پیش نماز) کو منیٰ کے سوا ظہر کی نماز کسی اور جگہ نہیں

---

[1] الکافی: ۴/۴۵۴ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۵/۱۶۷ ح ۵۵۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۳/۵۱۹ ح ۱۸۳۴۸؛ الوافی: ۱۳/۱۰۰۸؛ ھدایۃ الامہ: ۵/۳۵۷

[2] مراۃ العباد: ۳۳۳؛ کتاب الحج قمی: ۳/۵؛ منتھی المطلب: ۱۰/۷۰؛ مدارک الاحکام: ۷/۴۰۲؛ براھین الحج: ۳/۲۲۷؛ کتاب الحج شاہرودی: ۳/۶۲؛ الموسوعہ الفقہیہ: ۷۷؛ کلمۃ التقویٰ: ۳/۳۹۵؛ فقہ الصادقؑ: ۱۱/۶۸؛ تعالیق مبسوطہ: ۹/۱۹؛ التھذیب فی مناسک: ۳/۲۴؛ مراۃ العقول: ۱۸/۱۰۶؛ ملاذ الاخیار: ۷/۵۰۲؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۸۵۷؛ جواہر الکلام: ۹/۴۹۹؛ ۱۸/۲۸۲

[3] تہذیب الاحکام: ۵/۱۷۵ ح ۵۸۷؛ الاستبصار: ۲/۲۵۲ ح ۸۸۷؛ الوافی: ۱۳/۱۰۱۴؛ وسائل الشیعہ: ۱۳/۵۲۰ ح ۱۸۳۴۹؛ ھدایۃ الامہ: ۵/۳۵۷

[4] ملاذ الاخیار: ۷/۵۱۸؛ مناہج الاخیار: ۳/۵۴۴؛ منتھی المطلب: ۱۱/۲۳؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۶۵۰؛ شرح فروع مازندرانی: ۵/۳۲۵؛ جواہر الکلام: ۱۹/۳

پڑھنا چاہیے اور پھر طلوع آفتاب تک وہیں شب باشی کرے (اور پھر عرفات کی طرف جائے)۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1744} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ وَ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْمَاعِيلَ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ شَاذَانَ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ وَ صَفْوَانَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: (إِذَا غَدَوْتَ إِلَى عَرَفَةَ فَقُلْ وَ أَنْتَ مُتَوَجِّهٌ إِلَيْهَا: اللَّهُمَّ إِلَيْكَ صَمَدْتُ وَ إِيَّاكَ اعْتَمَدْتُ وَ وَجْهَكَ أَرَدْتُ أَسْأَلُكَ أَنْ تُبَارِكَ لِي فِي رِحْلَتِي وَ أَنْ تَقْضِيَ لِي حَاجَتِي وَ أَنْ تَجْعَلَنِي مِمَّنْ تُبَاهِي بِهِ الْيَوْمَ مَنْ هُوَ أَفْضَلُ مِنِّي ثُمَّ تُلَبِّي وَ أَنْتَ غَادٍ إِلَى عَرَفَاتٍ فَإِذَا انْتَهَيْتَ إِلَى عَرَفَاتٍ فَاضْرِبْ خِبَاءَكَ بِنَمِرَةَ وَ هِيَ بَطْنُ عُرَنَةَ دُونَ الْمَوْقِفِ وَ دُونَ عَرَفَةَ فَإِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ يَوْمَ عَرَفَةَ فَاغْتَسِلْ وَ صَلِّ الظُّهْرَ وَ الْعَصْرَ بِأَذَانٍ وَاحِدٍ وَ إِقَامَتَيْنِ فَإِنَّمَا تُعَجِّلُ الْعَصْرَ وَ تَجْمَعُ بَيْنَهُمَا لِتُفَرِّغَ نَفْسَكَ لِلدُّعَاءِ فَإِنَّهُ يَوْمُ دُعَاءٍ وَ مَسْأَلَةٍ قَالَ وَ حَدُّ عَرَفَةَ مِنْ بَطْنِ عُرَنَةَ وَ ثَوِيَّةَ وَ نَمِرَةَ إِلَى ذِي الْمَجَازِ وَ خَلْفَ الْجَبَلِ مَوْقِفٌ.

❁ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب صبح (منیٰ سے) عرفات جانے لگو تو اس کی طرف متوجہ ہو کر کہو: "اللَّهُمَّ إِلَيْكَ صَمَدْتُ وَ إِيَّاكَ اعْتَمَدْتُ وَ وَجْهَكَ أَرَدْتُ أَسْأَلُكَ أَنْ تُبَارِكَ لِي فِي رِحْلَتِي وَ أَنْ تَقْضِيَ لِي حَاجَتِي وَ أَنْ تَجْعَلَنِي مِمَّنْ تُبَاهِي بِهِ الْيَوْمَ مَنْ هُوَ أَفْضَلُ مِنِّي"

پھر تلبیہ کہو جبکہ تم عرفات کی طرف جا رہے ہو پس جب عرفات میں پہنچو تو نمرہ کے مقام پر خیمہ نصب کرو اور نمرہ بطن عرفہ میں ہے جو موقف اور عرف سے کچھ ادھر ہے اور جب عرفہ کے دن زوال شمس ہو جائے تو غسل کرو اور ظہر و عصر کی نماز ایک اذان اور دو اقامتوں کے ساتھ پڑھو یعنی عصر کو جلدی اور دونوں نمازوں کو جمع کر کے پڑھو تا کہ تمہارا وقت دعا و پکار کے لئے بالکل فارغ ہو جائے کیونکہ یہ دن (خصوصاً) دعا اور سال کرنے کا ہے۔

پھر امام علیہ السلام نے فرمایا: عرفہ کی حد بطن عرفہ و ثوبہ سے لے کر ذوالمجاز تک ہے اور پہاڑ (عرفہ) کے پس پشت وقوف کی جگہ ہے۔ [3]

---

[1] تہذیب الاحکام: ۵/ ۱۷۹ ح ۵۹۱؛ الاستبصار: ۲/ ۲۵۳ ح ۸۹۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۳/ ۵۲۳ ح ۱۸۳۵۲

[2] ملاذ الاخیار: ۷/ ۵۲۱؛ موسوعہ الفقہ الاسلامی: ۶۰/ ۳۴۷؛ منتہی المطلب: ۱۱/ ۲۴؛ مدارک الاحکام: ۷/ ۳۸۸؛ کتاب الحج شاہرودی: ۳/ ۶۹؛ شرح فروع مازندرانی: ۵/ ۲۶۳؛ التہذیب فی مناسک: ۳/ ۳۱؛ تنقیح مبانی الحج: ۳/ ۷؛ براھین الحج: ۳/ ۲۲؛ فقہ الصادقؑ: ۱۰/ ۲۰۳؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/ ۶۵۰؛ دراسات فی ولایۃ الفقیہ: ۱۱۰

[3] الکافی: ۴/ ۴۶۱ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۵/ ۱۷۹ ح ۶۰۰؛ وسائل الشیعہ: ۱۳/ ۵۲۸ ح ۱۸۳۷۲؛ ھدایۃ الامہ: ۵/ ۳۶۰؛ الوافی: ۱۳/ ۱۰۲۰

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن کالصحیح یا حسن ہے۔ (1)

{1745} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُوسَى بْنِ الْقَاسِمِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الرَّجُلِ يَأْتِي بَعْدَ مَا يُفِيضُ النَّاسُ مِنْ عَرَفَاتٍ فَقَالَ (إِنْ كَانَ فِي مَهَلٍ حَتَّى يَأْتِيَ عَرَفَاتٍ مِنْ لَيْلَتِهِ فَيَقِفَ بِهَا ثُمَّ يُفِيضَ فَيُدْرِكَ النَّاسَ فِي الْمَشْعَرِ قَبْلَ أَنْ يُفِيضُوا فَلاَ يَتِمُّ حَجُّهُ حَتَّى يَأْتِيَ عَرَفَاتٍ وَإِنْ قَدِمَ وَ قَدْ فَاتَتْهُ عَرَفَاتُ فَلْيَقِفْ بِالْمَشْعَرِ الْحَرَامِ فَإِنَّ اللَّهَ تَعَالَى أَعْذَرُ لِعَبْدِهِ وَ قَدْ تَمَّ حَجُّهُ إِذَا أَدْرَكَ الْمَشْعَرَ الْحَرَامَ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ وَ قَبْلَ أَنْ يُفِيضَ النَّاسُ فَإِنْ لَمْ يُدْرِكِ الْمَشْعَرَ الْحَرَامَ فَقَدْ فَاتَهُ الْحَجُّ فَلْيَجْعَلْهَا عُمْرَةً مُفْرَدَةً وَ عَلَيْهِ الْحَجُّ مِنْ قَابِلٍ.

⭘ حلبی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص اس وقت عرفات پہنچا جب لوگ وہاں سے لوٹ چکے تھے تو (کیا حکم ہوگا)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر اس کے پاس اتنا وقت ہو کہ وہ عرفات جا کر رات میں سے کچھ وہاں وقوف کر کے پھر مشعر میں جا کر لوگوں کو درک کرے جبکہ وہ ابھی لوٹے نہ ہوں تو پھر تو اس کا حج مکمل نہ ہوگا جب تک کہ پہلے عرفات نہ آئے اور اگر کوئی شخص اس وقت پہنچے جبکہ اس کا (وقوف) عرفات فوت ہو چکا ہو تو پھر وقوف مشعر الحرام کرے (اور اسی پر اکتفا کرے) کیونکہ اللہ تعالیٰ اپنے بندے کا عذر قبول کرتا ہے پس جب اس نے طلوع شمس سے قبل اور لوگوں کے لوٹنے سے پہلے (وقوف) مشعر الحرام کو درک کر لیا تو اس کا حج مکمل ہے اور اگر وہ مشعر الحرام کو درک نہ کر سکے تو اس کا حج فوت ہو گیا پس وہ اسے عمرہ مفردہ قرار دے دے اور اس پر اگلے سال کا حج واجب ہے۔ (2)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (3)

{1746} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ سَعْدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ الْحَسَنِ بْنِ

---

(1) تذکرۃ الفقہاء: ۸/۱۶۷؛ منتہی المطلب: ۱۱/۲۹؛ مرآۃ العقول: ۱۸/۸۱؛ ملاذ الاخیار: ۷/۵۲۶؛ شرح فروع الکافی مازندرانی: ۵/۳۳۱

(2) تہذیب الاحکام: ۵/۲۸۹ ح ۹۸۱؛ الاستبصار: ۲/۳۰۱ ح ۱۰۷۶؛ وسائل الشیعہ: ۱۳/۳۶ ح ۱۸۵۲۵؛ الوافی: ۱۳/۱۰۲۶؛ ھدایۃ الامہ: ۵/۳۷۶

(3) ملاذ الاخیار: ۸/۱۰۷؛ جواہر الکلام: ۱۹/۳۵؛ سداد العباد: ۳۴۰؛ تعالیق مبسوطہ: ۴۷۰؛ براھین الحج: ۳/۲۲۳؛ تذکرۃ الفقہاء: ۸/۱۸۸؛ فقہ الصادق: ۱۱/۶۹؛ الحج فی الشریعۃ: ۴/۳۷۳؛ منتہی المطلب: ۱۱/۵۱؛ ریاض المسائل: ۶/۳۵۷؛ تفصیل الشریعۃ: ۵/۱۰۹؛ مدارک الاحکام: ۷/۴۰۱؛ کتاب الحج شاھرودی: ۴/۴۳؛ شرح فروع الکافی مازندرانی: ۵/۳۴۱؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۴/۷۵؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۶۵۹؛ تنقیح مبانی الحج: ۳/۱۶۲

مَحْبُوبٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رِئَابٍ عَنْ مِسْمَعِ بْنِ عَبْدِ ٱلْمَلِكِ عَنْ أَبِي عَبْدِ ٱللَّٰهِ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ: فِي رَجُلٍ أَفَاضَ مِنْ عَرَفَاتٍ قَبْلَ غُرُوبِ ٱلشَّمْسِ قَالَ إِنْ كَانَ جَاهِلاً فَلاَ شَيْءَ عَلَيْهِ وَإِنْ كَانَ مُتَعَمِّداً فَعَلَيْهِ بَدَنَةٌ.

❁ مسمع بن عبدالمالک سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے اس شخص کے بارے میں جو غروب آفتاب سے پہلے عرفات سے لوٹ گیا تھا فرمایا: اگر وہ جاہل تھا تو اس پر کچھ نہیں ہے اور اگر اس نے جان بوجھ کر ایسا کیا ہے تو اس پر ایک اونٹ واجب ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1747} مُحَمَّدُ بْنُ ٱلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ ٱلْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ فَضَالَةَ وَ حَمَّادٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ ٱللَّٰهِ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ: إِذَا غَرَبَتِ ٱلشَّمْسُ فَأَفِضْ مَعَ ٱلنَّاسِ وَ عَلَيْكَ ٱلسَّكِينَةَ وَ ٱلْوَقَارَ وَ أَفِضْ (مِنْ حَيْثُ أَفَاضَ ٱلنَّاسُ وَٱسْتَغْفِرِ ٱللهَ إِنَّ ٱللهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ فَإِذَا ٱنْتَهَيْتَ إِلَى ٱلْكَثِيبِ ٱلْأَحْمَرِ عَنْ يَمِينِ ٱلطَّرِيقِ فَقُلِ ٱللَّهُمَّ ٱرْحَمْ مَوْقِفِي وَ زِدْ فِي عَمَلِي وَ سَلِّمْ لِي دِينِي وَ تَقَبَّلْ مَنَاسِكِي وَ إِيَّاكَ وَ ٱلْوَضِيفَ ٱلَّذِي يَصْنَعُهُ كَثِيرٌ مِنَ ٱلنَّاسِ فَإِنَّهُ بَلَغَنَا أَنَّ ٱلْحَجَّ لَيْسَ بِوَضْفِ ٱلْخَيْلِ وَ لاَ إِيضَاعِ ٱلْإِبِلِ وَ لَكِنِ ٱتَّقُوا ٱللَّٰهَ وَ سِيرُوا سَيْراً جَمِيلاً وَ لاَ تُوَطِّئُوا ضَعِيفاً وَ لاَ تُوَطِّئُوا مُسْلِماً وَ ٱقْتَصِدُوا فِي ٱلسَّيْرِ فَإِنَّ رَسُولَ ٱللَّٰهِ صَلَّى ٱللَّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ كَانَ يَكُفُّ بِنَاقَتِهِ حَتَّى كَانَ يُصِيبُ رَأْسُهَا مُقَدَّمَ ٱلرَّحْلِ وَ يَقُولُ يَا أَيُّهَا ٱلنَّاسُ عَلَيْكُمْ بِٱلدَّعَةِ فَسُنَّةُ رَسُولِ ٱللَّٰهِ صَلَّى ٱللَّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ تُتَّبَعُ قَالَ مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمَّارٍ وَ سَمِعْتُ أَبَا عَبْدِ ٱللَّٰهِ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ يَقُولُ: ٱللَّهُمَّ أَعْتِقْنِي مِنَ ٱلنَّارِ يُكَرِّرُهَا حَتَّى أَفَاضَ ٱلنَّاسُ قُلْتُ أَلاَ تُفِيضُ فَقَدْ أَفَاضَ ٱلنَّاسُ قَالَ إِنِّي أَخَافُ ٱلزِّحَامَ وَ أَخَافُ أَنْ أَشْرَكَ فِي عَنَتِ إِنْسَانٍ.

❁ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب (بمقام عرفات) سورج ڈوب جائے تو سکینہ و وقار کے ساتھ لوگوں کے ہمراہ لوٹو اور اللہ سے مغفرت طلب کرو کیونکہ وہ غفور و رحیم ہے اور چلتے ہوئے جب ٹیلے کے قریب پہنچو جو راستے کے دائیں جانب ہے تو یہ پڑھو: اَللَّهُمَّ ارْحَمْ مَوْقِفِي وَزِدْ فِي عَمَلِي وَسَلِّمْ لِي دِينِي وَتَقَبَّلْ مَنَاسِكِي

خبردار! تیز تیز دوڑنے سے بچنا جس طرح کہ عام لوگ کرتے ہیں کیونکہ ہم تک یہ بات پہنچی ہے کہ حج گھڑ دوڑ یا اونٹ

---

[1] تہذیب الاحکام: ۵/ ۱۸۷ ح ۶۲۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۳/ ۵۵۸ ح ۱۸۳۳۷؛ الوافی: ۱۳/ ۱۰۳۹

[2] ملاذ الاخیار: ۷/ ۵۳۹؛ مستند العروۃ کتاب الحج: ۴/ ۲۷۰؛ منتھی المطلب: ۱۱/ ۵۹؛ تنقیح مبانی الحج: ۳/ ۲۵؛ مدارک الاحکام: ۷/ ۴۰۹؛ شرح فروع الکافی مازندرانی: ۵/ ۳۳۸؛ فقہ الحج: ۴/ ۱۴۵؛ فقہ الصادقؑ: ۱۱/ ۳۶۲

دوڑانے کے مانند نہیں ہے۔خدا سے ڈرو اور احسن طریقے سے چلو اور کسی کمزور یا کسی مسلمان کو پاؤں کے نیچے نہ روندو اور چلنے میں میانہ روی سے کام لو کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے اپنی اونٹنی کو (مہار کھینچ کر) اس طرح روک رہے تھے کہ اس کا سر پالان سے جا ٹکراتا تھا اور فرماتے تھے: اے لوگو! تم پر آرام وسکون لازم ہے پس آنحضرت ﷺ کی سنت اور ان کی روش کی پیروی کی جائے گی۔

معاویہ بن عمار بیان کرتے ہیں کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے سنا کہ وہ عرفات میں برابر یہ دعا پڑھتے تھے: ''اے اللہ! مجھے آگ سے پناہ دے''۔ یہاں تک کہ لوگ لوٹ جاتے۔

میں نے عرض کیا: (مولا علیہ السلام!) کیا آپ علیہ السلام نہیں لوٹیں گے لوگ تو لوٹ گئے ہیں؟

آپ علیہ السلام فرماتے ہیں کہ بھیڑ سے ڈرتا ہوں اور اس سے ڈرتا ہوں کہ کسی انسان پر سختی کرنے میں شریک نہ ہوں۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1748} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُوسَى بْنِ الْقَاسِمِ عَنِ النَّخَعِيِّ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: مَنْ أَفَاضَ مِنْ عَرَفَاتٍ إِلَى مِنًى فَلْيَرْجِعْ وَلْيَأْتِ جَمْعاً وَلْيَقِفْ بِهَا وَإِنْ كَانَ قَدْ وَجَدَ النَّاسَ قَدْ أَفَاضُوا مِنْ جَمْعٍ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو شخص عرفات سے لوٹے اور منیٰ جانا چاہے تو اسے چاہیے کہ وہ مزدلفہ جائے اور وہاں وقوف کرے اگرچہ لوگ وہاں سے جا چکے ہوں۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{1749} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ وَحَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ: (لاَ تُصَلِّ الْمَغْرِبَ حَتَّى تَأْتِيَ جَمْعاً فَصَلِّ بِهَا الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ

---

[1] تہذیب الاحکام: ۵/ ۱۸۷ ح ۶۲۳؛ الکافی: ۴/ ۴۶۷ ح ۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/ ۵ ح ۱۸۴۴۸

[2] ملاذ الاخیار: ۷/ ۵۴۰؛ فقہ الصادقؑ: ۱۲/ ۹؛ مدارک الاحکام: ۷/ ۴۱۷؛ مستند الشیعہ: ۱۲/ ۲۳۰؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/ ۶۵۵

[3] تہذیب الاحکام: ۵/ ۲۸۸ ح ۹۷۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/ ۱۰ ح ۱۸۴۵۶؛ الوافی: ۱۳/ ۱۰۶۳؛ الکافی: ۴/ ۴۶۷ ح ۳

[4] ملاذ الاخیار: ۸/ ۱۶۷؛ منتہی المطلب: ۱۱/ ۸۸؛ الحج فی الشریعۃ: ۴/ ۳۴۳؛ تعالیق مبسوطہ: ۸/ ۳۶۸؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۴/ ۹۶؛ کتاب الحج شاہرودی: ۴/ ۲۷۳؛ سداد العباد: ۳۴۰؛ شرح عروۃ مازندرانی: ۵/ ۳۴۱؛ مدارک الاحکام: ۷/ ۴۰۵

اَلْآخِرَةَ بِأَذَانٍ وَاحِدٍ وَ إِقَامَتَيْنِ وَ انْزِلْ بَطْنَ الْوَادِي عَنْ يَمِينِ الطَّرِيقِ قَرِيباً مِنَ الْمَشْعَرِ وَ يُسْتَحَبُّ لِلصَّرُورَةِ أَنْ يَقِفَ عَلَى الْمَشْعَرِ وَ يَطَأَهُ بِرِجْلِهِ وَلاَ يُجَاوِزَ الْحِيَاضَ لَيْلَةَ الْمُزْدَلِفَةِ وَيَقُولَ اللَّهُمَّ هَذِهِ جَمْعٌ اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ أَنْ تَجْمَعَ لِي فِيهَا جَوَامِعَ الْخَيْرِ اللَّهُمَّ لاَ تُؤْيِسْنِي مِنَ الْخَيْرِ الَّذِي سَأَلْتُكَ أَنْ تَجْمَعَهُ لِي فِي قَلْبِي ثُمَّ أَطْلُبُ إِلَيْكَ أَنْ تُعَرِّفَنِي مَا عَرَّفْتَ أَوْلِيَاءَكَ فِي مَنْزِلِي هَذَا وَ أَنْ تَقِيَنِي جَوَامِعَ الشَّرِّ وَ إِنِ اسْتَطَعْتَ أَنْ تُحْيِيَ تِلْكَ اللَّيْلَةَ فَافْعَلْ فَإِنَّهُ بَلَغَنَا أَنَّ أَبْوَابَ السَّمَاءِ لاَ تُغْلَقُ تِلْكَ اللَّيْلَةَ لِأَصْوَاتِ الْمُؤْمِنِينَ لَهُمْ دَوِيٌّ كَدَوِيِّ النَّحْلِ يَقُولُ اللَّهُ جَلَّ ثَنَاؤُهُ أَنَا رَبُّكُمْ وَ أَنْتُمْ عِبَادِي أَدَّيْتُمْ حَقِّي وَحَقٌّ عَلَيَّ أَنْ أَسْتَجِيبَ لَكُمْ فَيَحُطُّ تِلْكَ اللَّيْلَةَ عَمَّنْ أَرَادَ أَنْ يَحُطَّ عَنْهُ ذُنُوبَهُ وَيَغْفِرُ لِمَنْ أَرَادَ أَنْ يَغْفِرَ لَهُ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: نماز مغرب نہ پڑھ یہاں تک کہ جمعا (مشعر الحرام) کے مقام پر پہنچ کر مغرب اور عشاء کو ایک اذان اور دو اقامتوں کے ساتھ ملا کر پڑھ اور راستہ کے دائیں جانب وسط وادی مشعر الحرام کے قریب اتر اور صرورہ کے لئے مستحب ہے کہ وہ مشعر الحرام کے اوپر وقوف کرے اور اسے اپنے پاؤں سے روندے اور مزدلفہ کی رات بمقام حیاض سے تجاوز نہ کر اور یہ دعا پڑھ: اَللَّهُمَّ هَذِهِ جَمْعٌ اَللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ أَنْ تَجْمَعَ لِي فِيهَا جَوَامِعَ الْخَيْرِ اَللَّهُمَّ لاَ تُؤْيِسْنِي مِنَ الْخَيْرِ الَّذِي سَأَلْتُكَ أَنْ تَجْمَعَهُ لِي فِي قَلْبِي ثُمَّ أَطْلُبُ إِلَيْكَ

اور اگر اس رات جاگنے کی استطاعت ہو تو جاگ کیونکہ ہم تک یہ بات پہنچی ہے کہ اس رات مومنین کی آوازوں کے لئے آسمان کے دروازے بند نہیں ہوتے (اور) ان کی یوں آوازیں بلند ہوتی ہیں جس طرح شہد کی مکھیوں کی بھنبھناہٹ ہوتی ہے (اس رات) اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں تمہارا پروردگار ہوں اور تم میرے بندے ہو، تم نے میرا حق ادا کر دیا ہے اور مجھ پر لازم ہے کہ تمہاری دعاؤں کو قبول کروں پس وہ اس رات جس کے چاہتا ہے گناہ گرا دیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے بخش دیتا ہے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔[2]

{1750} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رِئَابٍ عَنْ مِسْمَعٍ عَنْ أَبِي إِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي رَجُلٍ وَقَفَ مَعَ النَّاسِ بِجَمْعٍ ثُمَّ أَفَاضَ قَبْلَ أَنْ يُفِيضَ النَّاسُ قَالَ إِنْ كَانَ جَاهِلاً فَلاَ شَيْءَ عَلَيْهِ وَ إِنْ كَانَ أَفَاضَ قَبْلَ طُلُوعِ الْفَجْرِ فَعَلَيْهِ دَمُ شَاةٍ.

[1] الکافی: ۴/۴۶۸ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۵/۱۸۸ ح ۶۲۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۱۳ ح ۱۸۴۶۸ و ۱۹؛ ح ۱۸۴۷۵ و ۱۹؛ ح ۱۸۴۸۸؛ الوافی: ۱۳/۱۰۴۳

[2] کتاب الحج شاہرودی: ۴/۴۲؛ مراۃ العقول: ۱۸/۱۲۸؛ ملاذ الاخیار: ۷/۵۴۳؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۶۵۵

❁ مسمع سے روایت ہے کہ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے اس شخص کے بارے میں جس نے مشعر الحرام میں لوگوں کے ساتھ وقوف کیا مگر لوگوں کے لوٹنے سے پہلے لوٹ گیا فرمایا: اگر وہ جاہل تھا تو اس پر کچھ نہیں ہے اور اگر (عمداً) طلوع فجر سے پہلے لوٹا ہے تو اس پر ایک بکری کا خون بہانا لازم ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1751} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ فَضَّالٍ عَنْ يُونُسَ بْنِ يَعْقُوبَ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ رَجُلٌ أَفَاضَ مِنْ عَرَفَاتٍ فَمَرَّ بِالْمَشْعَرِ فَلَمْ يَقِفْ حَتَّى انْتَهَى إِلَى مِنًى فَرَمَى الْجَمْرَةَ وَلَمْ يَعْلَمْ حَتَّى ارْتَفَعَ النَّهَارُ قَالَ يَرْجِعُ إِلَى الْمَشْعَرِ فَيَقِفُ ثُمَّ يَرْجِعُ فَيَرْمِي الْجَمْرَةَ.

❁ یونس بن یعقوب سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ ایک شخص جو عرفات سے لوٹا اور مشعر الحرام سے گزرا مگر وہاں وقوف نہ کیا اور سیدھا منیٰ پہنچ کر جمرہ (عقبہ) کو کنکر مارے اور جب اسے (عدم وقوف کا) علم ہوا تو سورج بلند ہو چکا تھا تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اسی وقت مشعر الحرام جائے اور وہاں وقوف اور پھر واپس آ کر جمرہ کو کنکر مارے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق کالصحیح یا موثق ہے۔ [4]

{1752} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُوسَى بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: مَنْ أَدْرَكَ جَمْعاً فَقَدْ أَدْرَكَ الْحَجَّ قَالَ وَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَيُّمَا حَاجٍّ سَائِقٍ لِلْهَدْيِ أَوْ مُفْرِدٍ لِلْحَجِّ أَوْ مُتَمَتِّعٍ بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ قَدِمَ وَ قَدْ فَاتَهُ الْحَجُّ فَلْيَجْعَلْهَا عُمْرَةً وَ عَلَيْهِ الْحَجُّ مِنْ قَابِلٍ.

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/۲۷۱ ح ۲۹۹۳؛ الکافی: ۴/۴۷۳ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۵/۱۹۳ ح ۶۴۲؛ الاستبصار: ۲/۲۵۹ ح ۹۰۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۴۷ ح ۱۸۵۰۳؛ الوافی: ۱۳/۱۰۵۷

[2] روضۃ المتقین: ۵/۴۷۱؛ لوامع صاحبقرانی: ۸/۴۷۱؛ تفصیل الشریعہ: ۱۵/۲۲۱؛ براہین الفقہ: ۳/۲۴۸؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۴/۹۸؛ تعالیق مبسوطہ: ۳۶۰؛ فقہ الصادقؑ: ۱۲/۱۷؛ جواہر الکلام: ۱۹/۷۱

[3] الکافی: ۴/۴۷۲ ح ۴؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/۴۶۹ ح ۲۹۹۱؛ تہذیب الاحکام: ۵/۲۸۸ ح ۹۷۴؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۳۵ ح ۱۸۵۲۳؛ الوافی: ۱۳/۱۰۴۳؛ ھدایۃ الامہ: ۵/۳۷۶

[4] شرح العروۃ: ۲۹/۲۱۷؛ روضۃ المتقین: ۵/۱۱۳؛ لوامع صاحبقرانی: ۸/۴۱۳؛ براہین الفقہ: ۳/۲۴۳؛ الحج فی الشریعہ: ۴/۸۱؛ جواہر الکلام: ۱۹/۸۳؛ مدارک الاحکام: ۷/۴۰۵؛ فقہ الصادقؑ: ۱۲/۱۵؛ ملاذ الاخیار: ۸/۲۶۷؛ مرآۃ العقول: ۱۸/۱۳۴

۞ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو شخص (وقوف) جمعاً (مشعر الحرام) کو درک کرے تو اس نے حج کو درک کر لیا۔ راوی کہتا ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اگر کوئی شخص حج قران یا حج افراد یا حج تمتع کر رہا ہو مگر وہ اس وقت مکہ پہنچے جب اس کا حج فوت ہو گیا ہو تو وہ اسے عمرہ (مفردہ) قرار دے اور اس پر اگلے سال حج واجب ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1753} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ :)خُذْ حَصَى اَلْجِمَارِ ثُمَّ اِئْتِ اَلْجَمْرَةَ اَلْقُصْوَى اَلَّتِي عِنْدَ اَلْعَقَبَةِ فَارْمِهَا مِنْ قِبَلِ وَجْهِهَا لاَ تَرْمِهَا مِنْ أَعْلاَهَا وَ تَقُولُ وَ اَلْحَصَى فِي يَدَيْكَ اَللَّهُمَّ هَؤُلاَءِ حَصَيَاتِي فَأَحْصِهِنَّ لِي وَ اِرْفَعْهُنَّ فِي عَمَلِي ثُمَّ تَرْمِي فَتَقُولُ مَعَ كُلِّ حَصَاةٍ اَللَّهُ أَكْبَرُ اَللَّهُمَّ اِدْحَرْ عَنِّي اَلشَّيْطَانَ وَ جُنُودَهُ اَللَّهُمَّ تَصْدِيقاً بِكِتَابِكَ وَ عَلَى سُنَّةِ نَبِيِّكَ صَلَّى اَللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ اَللَّهُمَّ اِجْعَلْهُ حَجّاً مَبْرُوراً وَ عَمَلاً مَقْبُولاً وَ سَعْياً مَشْكُوراً وَ ذَنْباً مَغْفُوراً وَ لْيَكُنْ فِيمَا بَيْنَكَ وَ بَيْنَ اَلْجَمْرَةِ قَدْرُ عَشَرَةِ أَذْرُعٍ أَوْ خَمْسَةَ عَشَرَ ذِرَاعاً فَإِذَا أَتَيْتَ رَحْلَكَ وَ رَجَعْتَ مِنَ اَلرَّمْيِ فَقُلِ اَللَّهُمَّ بِكَ وَثِقْتُ وَ عَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ فَنِعْمَ اَلرَّبُّ وَ نِعْمَ اَلْمَوْلَى وَ نِعْمَ اَلنَّصِيرُ قَالَ وَ يُسْتَحَبُّ أَنْ يُرْمَى اَلْجِمَارُ عَلَى طُهْرٍ .

۞ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: رمی جمرات کے لئے کنکر لے کر جمرہ قصویٰ (عقبہ) کے پاس جاؤ اور اس کے سامنے کی جانب سے اسے کنکر مارو اور اس کے اوپر سے نہ مارو اور جب کنکر تمہارے ہاتھ میں ہوں تو یہ پڑھو: اَللَّهُمَّ هَؤُلاَءِ حَصَيَاتِي فَأَحْصِهِنَّ لِي وَارْفَعْهُنَّ فِي عَمَلِي

پھر کنکر مارو اور ہر کنکر مارتے وقت یہ پڑھو: اَللَّهُ أَكْبَرُ اَللَّهُمَّ اِدْحَرْ عَنِّي اَلشَّيْطَانَ وَ جُنُودَهُ اَللَّهُمَّ تَصْدِيقاً بِكِتَابِكَ وَ عَلَى سُنَّةِ نَبِيِّكَ صَلَّى اَللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ اَللَّهُمَّ اِجْعَلْهُ حَجّاً مَبْرُوراً وَ عَمَلاً مَقْبُولاً وَ سَعْياً مَشْكُوراً وَ ذَنْباً مَغْفُوراً

اور تمہارے اور عقبہ کے درمیان دس یا پندرہ ہاتھ کا فاصلہ ہونا چاہیے پس جب تم رمی سے فارغ ہو کر اپنی اقامت گاہ پر واپس آؤ تو یہ پڑھو: وَ لْيَكُنْ فِيمَا بَيْنَكَ وَ بَيْنَ اَلْجَمْرَةِ قَدْرُ عَشَرَةِ أَذْرُعٍ أَوْ خَمْسَةَ عَشَرَ ذِرَاعاً فَإِذَا أَتَيْتَ

[1] تہذیب الاحکام: ۵/ ۲۹۴ ح ۹۹۸؛ الاستبصار: ۲/ ۳۰۷ ح ۱۰۹۵؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/ ۴۸ ح ۱۸۵۵۸؛ الکافی: ۴/ ۴۷۶ ح ۲؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/ ۴۷۱ ح ۲۹۹۵؛ الوافی: ۱۳/ ۱۰۶۵

[2] ملاذ الاخیار: ۸/ ۷۸؛ تعالیق مبسوط: ۴۲۶؛ منتھی المطلب: ۱۳/ ۵۶؛ براھین الحج: ۳/ ۹۴؛ سداد العباد: ۴۷۴؛ مدارک الاحکام: ۷/ ۴۵؛ فقہ الحج: ۴/ ۷۵؛ الموسوعہ الفقہیہ: ۸/ ۲۲؛ تنقیح مبانی العروۃ: ۲/ ۷۰۴؛ التھذیب فی مناسک: ۳/ ۹۱؛ کتاب الحج شاھرودی: ۴/ ۴۷؛ فقہ الصادق: ۱۲/ ۳۴

رَحْلَكَ وَ رَجَعْتَ مِنَ ٱلرَّمْيِ فَقُلِ ٱللَّهُمَّ بِكَ وَثِقْتُ وَ عَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ فَنِعْمَ ٱلرَّبُّ وَ نِعْمَ ٱلْمَوْلَىٰ وَ نِعْمَ ٱلنَّصِيرُ

پھر فرمایا: اور مستحب ہے کہ رمی جمرات باطہارت ہو کر کی جائے۔ ①

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ ②

{1754} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ جَمِيلٍ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ ٱللَّهِ عَلَيْهِ ٱلسَّلَامُ قَالَ: حَصَى ٱلْجِمَارِ إِنْ أَخَذْتَهُ مِنَ ٱلْحَرَمِ أَجْزَأَكَ وَ إِنْ أَخَذْتَهُ مِنْ غَيْرِ ٱلْحَرَمِ لَمْ يُجْزِئْكَ قَالَ وَ قَالَ لَا تَرْمِ ٱلْجِمَارَ إِلَّا بِٱلْحَصَى.

❂ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: رمی جمرات کے کنکر اگر تم حرم کے اندر سے حاصل کرو تو تمہارے لئے کافی ہوں گے اور اگر حرم کے باہر سے حاصل کرو گے تو کافی نہیں ہوں گے۔

پھر فرمایا: رمی جمرات نہ کرو مگر یہ کہ (صرف) کنکر کے ساتھ۔ ③

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ ④

{1755} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ وَ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ عَنِ ٱلْفَضْلِ بْنِ شَاذَانَ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ ٱللَّهِ عَلَيْهِ ٱلسَّلَامُ أَنَّهُ قَالَ: فِي رَجُلٍ أَخَذَ إِحْدَى وَ عِشْرِينَ حَصَاةً فَرَمَى بِهَا فَزَادَ وَاحِدَةً فَلَمْ يَدْرِ مِنْ أَيِّهِنَّ نَقَصَتْ قَالَ فَلْيَرْجِعْ فَلْيَرْمِ كُلَّ وَاحِدَةٍ بِحَصَاةٍ فَإِنْ سَقَطَتْ مِنْ رَجُلٍ حَصَاةٌ فَلَمْ يَدْرِ أَيَّتُهُنَّ هِيَ قَالَ يَأْخُذُ مِنْ تَحْتِ قَدَمَيْهِ حَصَاةً فَيَرْمِي بِهَا قَالَ وَ إِنْ رَمَيْتَ بِحَصَاةٍ فَوَقَعَتْ فِي مَحْمِلٍ فَأَعِدْ مَكَانَهَا فَإِنْ هِيَ أَصَابَتْ إِنْسَاناً أَوْ جَمَلاً ثُمَّ وَقَعَتْ عَلَى ٱلْجِمَارِ أَجْزَأَكَ وَ قَالَ فِي رَجُلٍ رَمَى ٱلْجِمَارَ فَرَمَى ٱلْأُولَى بِأَرْبَعٍ وَ ٱلْأَخِيرَتَيْنِ بِسَبْعٍ سَبْعٍ قَالَ يَعُودُ فَيَرْمِي ٱلْأُولَى

---

① الکافی: ۴/ ۴۸۷ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۵/ ۱۹۸ ح ۴۴۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/ ۵۸ ح ۱۸۵۷۹؛ الوافی: ۱۳/ ۱۰۷۸

② مدارک الاحکام: ۸/ ۱۱؛ کتاب الحج شاہرودی: ۴/ ۱۰۵؛ براہین الحج: ۳/ ۲۸۱؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/ ۶۶۹؛ مرآۃ العقول: ۱۸/ ۴۳؛ ملاذ الاخیار: ۷/ ۵۶۵

③ الکافی: ۴/ ۴۷۷ ح ۵؛ تہذیب الاحکام: ۵/ ۱۹۶ ح ۶۵۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/ ۳۲ ح ۱۸۵۱۴؛ الوافی: ۱۳/ ۱۰۷۵

④ الحج فی الشریعہ: ۵/ ۷؛ تعالیق مبسوطہ: ۴۹۰؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۴/ ۱۳۹؛ سداد العباد: ۳۴۸؛ تنقیح مبانی الحج: ۳/ ۹۲؛ المہذب فی مناسک: ۳/ ۱۶۹؛ تفصیل الشریعہ: ۵/ ۸۸؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/ ۶۶۱؛ مرآۃ العقول: ۱۸/ ۳۱؛ ملاذ الاخیار: ۷/ ۵۶۰

بِثَلاَثٍ وَ قَدْ فَرَغَ وَ إِنْ كَانَ رَمَى اَلْأُولَى بِثَلاَثٍ وَ رَمَى اَلْأَخِيرَتَيْنِ بِسَبْعٍ سَبْعٍ فَلْيَعُدْ وَ لْيَرْمِهِنَّ جَمِيعاً بِسَبْعٍ سَبْعٍ وَإِنْ كَانَ رَمَى اَلْوُسْطَى بِثَلاَثٍ ثُمَّ رَمَى اَلْأُخْرَى فَلْيَرْمِ اَلْوُسْطَى بِسَبْعٍ وَإِنْ كَانَ رَمَى اَلْوُسْطَى بِأَرْبَعٍ رَجَعَ فَرَمَى بِثَلاَثٍ قَالَ قُلْتُ اَلرَّجُلُ يَنْكُسُ فِي رَمْيِ اَلْجِمَارِ فَيَبْدَأُ بِجَمْرَةِ اَلْعَقَبَةِ ثُمَّ اَلْوُسْطَى ثُمَّ اَلْعُظْمَى قَالَ يَعُودُ فَيَرْمِي اَلْوُسْطَى ثُمَّ يَرْمِي جَمْرَةَ اَلْعَقَبَةِ وَإِنْ كَانَ مِنَ اَلْغَدِ.

❂ معاویہ بن عمار سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے اس شخص کے بارے میں فرمایا جس کے پاس کل اکیس کنکر تھے پس جب رمی جمرات کر چکا تو اس کے پاس ایک کنکر بچ گیا اور اب اسے معلوم نہیں کہ کس جمرہ میں کمی واقع ہوئی ہے تو وہ پلٹ کر ایک ایک کنکر مارے اور اگر کسی شخص کے ہاتھ سے ایک کنکر گر جائے اور معلوم نہ ہو سکے کہ وہ کون سا ہے تو اپنے پاؤں کے نیچے سے ایک کنکر اُٹھائے اور مارے اور اگر تم کوئی کنکر مارو اور وہ کسی محمل کو لگے تو اس کا اعادہ کرو لیکن اگر وہ پہلے کسی انسان یا اونٹ کو لگے اور پھر وہاں سے اُک کر جمرہ کو لگ جائے تو تمہارے لئے کافی ہے اور آپ علیہ السلام نے اس شخص کے بارے میں فرمایا جس نے پہلے جمرہ کو چار اور دوسرے دونوں کو سات سات کنکر مارے تھے تو وہ پلٹ کر پہلے کو تین کنکر اور مارے پس اس طرح وہ رمی سے فارغ ہو جائے گا اور اگر اس نے پہلے کو تین اور دوسرے دونوں کو سات سات کنکر مارے تھے تو پھر پلٹ کر سب کو سات سات کنکر مارے اور اگر وسطی کو تین اور آخری کو سات مارے تھے تو پھر وسطی کو سات مارے (اور پھر آخری کو) اور اگر اس نے وسطی کو چار کنکر مارے (اور پھر آخری کو) اور اگر اس نے وطی کو چار کنکر مارے (اور آخری کو سات) تو لوٹ کر وسطی کو تین اور مارے (اس طرح سات مکمل ہو جائیں گے) راوی کہتا ہے کہ میں نے عرض کیا: ایک شخص (ترتیب کے) الٹ رمی جمرات کرتا ہے پس وہ ابتداء جمرہ عقبہ سے کرتا ہے پھر وسطی کو اور پھر بڑے کو مارتا ہے تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ اعادہ کرے گا کہ پہلے وسطی کو مارے پھر جمرہ عقبہ کو مارے اگرچہ دوسرے دن ہو۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن کالصحیح ہے۔ [2]

{1756} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَلْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ جَمِيلِ بْنِ دَرَّاجٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ فِي حَدِيثٍ: قُلْتُ لَهُ إِلَى مَتَى يَكُونُ رَمْيُ اَلْجِمَارِ فَقَالَ مِنِ اِرْتِفَاعِ اَلنَّهَارِ إِلَى غُرُوبِ اَلشَّمْسِ.

❂ جمیل بن دراج سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق سے عرض کیا کہ کب تک جمروں کو کنکر مارے جا سکتے ہیں؟

---

[1] الکافی: ۴/۴۸۳ ح ۵؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/۴۷۴ ح ۳۰۰۰ (بفرق الفاظ)؛ تہذیب الاحکام: ۵/۲۶۶ ح ۹۰۷ (مختصر)؛ الوافی: ۱۳/۱۰۹۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۶۰ ح ۱۸۵۸۴ و ۱۴/۲۶۶ ح ۱۹۱۲۱ و ۲۶۷ ح ۱۹۱۲۲

[2] کتاب الحج شاہرودی: ۴/۹۶؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۶۸۹؛ روضۃ المتقین: ۵/۱۲۳؛ لوامع صاحبقرانی: ۸/۲۲۳؛ ملاذ الاخیار: ۸/۱۳۲؛ مرآۃ العقول: ۱۸/۱۵۲

آپ علیہ السلام نے فرمایا: سورج کے بلند ہونے سے لے کر غروب آفتاب تک مارے جا سکتے ہیں۔ ①

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ②

قول مؤلف:

صحیح معاویہ بن عمار میں ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: زوال آفتاب کے وقت کنکر مارو اور وہی پڑھو جو جمرہ عقبہ کو کنکر مارتے وقت پڑھا تھا۔ ③ چنانچہ ممکن ہے کہ اس کو استحباب اور فضیلت پر محمول کیا جائے۔ (واللہ اعلم)

{1757} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَلْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ وُهَيْبِ بْنِ حَفْصٍ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ عَنِ اَلَّذِي يَنْبَغِي لَهُ أَنْ يَرْمِيَ بِاللَّيْلِ مَنْ هُوَ قَالَ اَلْحَاطِبَةُ وَ اَلْمَمْلُوكُ اَلَّذِي لاَ يَمْلِكُ مِنْ أَمْرِهِ شَيْئاً وَ اَلْخَائِفُ وَ اَلْمَدِينُ وَ اَلْمَرِيضُ اَلَّذِي لاَ يَسْتَطِيعُ أَنْ يَرْمِيَ يُحْمَلُ إِلَى اَلْجِمَارِ فَإِنْ قَدَرَ عَلَى أَنْ يَرْمِيَ وَإِلاَّ فَارْمِ عَنْهُ وَهُوَ حَاضِرٌ.

❁ ابوبصیر سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ جو شخص رات کے وقت رمی جمرات کر سکتے ہیں وہ کون کون سے لوگ ہیں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: لکڑہارا، وہ غلام جو اپنے کسی کام کا مالک نہیں ہے، خوف زدہ آدمی، مقروض آدمی اور وہ بیمار جو خود رمی جمرات نہیں کر سکتا بلکہ اسے اٹھا کر پہنچایا جاتا ہے پس اگر وہ مار سکے تو ٹھیک ورنہ اس کی موجودگی میں تم اس کی طرف سے مارو۔ ④

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق ہے۔ ⑤

{1758} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُوسَى بْنِ اَلْقَاسِمِ عَنْ عَبْدِ اَلرَّحْمَنِ عَنْ عَبْدِ اَللَّهِ بْنِ سِنَانٍ قَالَ:

---

① من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/۸۱۴ ح ۳۰۲۵؛ الوافی: ۱۳/۱۲۷۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۶۸ ح ۱۸۶۰۷

② روضۃ المتقین: ۵/۱۴۲؛ لوامع صاحبقرانی: ۸/۲۴۳؛ سداد العباد: ۳۵۷؛ تعالیق مبسوطہ: ۸/۱۳؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۴/۵۱۳؛ الحج فی الشریعہ: ۵/۴۰۳؛ تفصیل الشریعہ: ۵/۱۹۲؛ تنقیح مبانی الحج: ۳/۱۹۲؛ فقہ الصادقؑ: ۱۲/۱۹۵

③ الکافی: ۴/۴۸۰ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۵/۲۶۱ ح ۸۸۸؛ الاستبصار: ۲/۲۹۶ ح ۱۰۵۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۶۸ ح ۱۸۶۰۵؛ الوافی: ۱۳/۱۰۸۳؛ فقہ الصادقؑ: ۱۲/۱۸۷؛ مدارک الاحکام: ۸/۲۳۱

④ من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/۴۷۶ ح ۳۰۰۴؛ الوافی: ۱۳/۱۰۸۶؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۷۲ ح

⑤ سند العروۃ کتاب الحج: ۴/۳۱۲؛ شرح مازندرانی: ۵/۳۹۱؛ روضۃ المتقین: ۵/۱۲۷

سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ أَفَاضَ مِنْ جَمْعٍ حَتَّى انْتَهَى إِلَى مِنًى فَعَرَضَ لَهُ عَارِضٌ فَلَمْ يَرْمِ حَتَّى غَابَتِ الشَّمْسُ قَالَ يَرْمِي إِذَا أَصْبَحَ مَرَّتَيْنِ مَرَّةً لِمَا فَاتَهُ وَ الْأُخْرَى لِيَوْمِهِ الَّذِي يُصْبِحُ فِيهِ وَ لْيُفَرِّقْ بَيْنَهُمَا يَكُونُ إِحْدَاهُمَا بُكْرَةً وَ هِيَ لِلْأَمْسِ وَ الْأُخْرَى عِنْدَ زَوَالِ الشَّمْسِ.

عبداللہ بن سنان سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص جمعاً (مزدلفہ) سے لوٹا یہاں تک کہ منیٰ پہنچا اور اسے کوئی ضروری کام پڑ گیا پس وہ رمی نہ کر سکا یہاں تک کہ سورج ڈوب گیا تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب دوسرے دن صبح ہو تو دوبارہ رمی کرے۔ ایک بار کل (کی قضا) کے لئے اور دوسری بار آج کے لئے اور ان کے درمیان اس طرح فاصلہ رکھے کہ کل کے لئے صبح کے وقت اور آج کے لئے زوال کے وقت مارے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1759} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى عَنِ الْعَلاَءِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَحَدِهِمَا عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ قَالَ: سُئِلَ عَنِ الْمُتَمَتِّعِ كَمْ يُجْزِيهِ قَالَ شَاةٌ وَ سَأَلْتُهُ عَنِ الْمُتَمَتِّعِ الْمَمْلُوكِ فَقَالَ عَلَيْهِ مِثْلُ مَا عَلَى الْحُرِّ إِمَّا أُضْحِيَّةٌ وَ إِمَّا صَوْمٌ.

محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ امامین علیہما السلام میں سے ایک امام علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ حج تمتع کرنے والے کے لئے کس قدر قربانی کافی ہے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: ایک بکری کافی ہے۔

اور میں نے امام علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک مملوک حج تمتع کرتا ہے تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس پر وہی کچھ واجب ہے جو آزاد پر ہے کہ قربانی دے یا روزہ رکھے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{1760} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَعْيَنَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ:

---

[1] تہذیب الاحکام: ۵/۲۶۲ ح ۸۹۳؛ الکافی: ۴/۴۸۴ ح ۲؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/۴۷۶ ح ۳۰۰۳؛ الوافی: ۱۳/۱۰۸۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۷۲ ح ۱۸۶۲۱

[2] ملاذ الاخیار: ۸/۲۴۲؛ مراۃ العقول: ۱۸/۵۳؛ روضۃ المتقین: ۵/۱۲۶؛ لوامع صاحبقرانی: ۸/۲۲۶؛ الحج فی الشریعہ: ۵/۴۱۷؛ منتھی المطلب: ۱۱/۳۹۷؛ تنقیح مبانی الحج: ۳/۳۲۲؛ فقہ الصادق: ۱۲/۲۰۹؛ تذکرۃ الفقہاء: ۸/۳۶۶؛ براھین الحج: ۳/۲۷۷؛ تفصیل الشریعہ: ۱۵/۱۹۳؛ المھذب فی مناسک: ۳/۲۷۷؛ تعالیق مبسوطہ: ۴۹۲؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۴/۱۴۳؛ المعتمد: ۵/۱۹۷؛ شرح مازندرانی: ۵/۳۸۷؛ فقہ الحج: ۴/۱۹۵؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۶۹۰؛ شرح العروۃ: ۲۹/۴۰۹

[3] تہذیب الاحکام: ۵/۲۰۱ ح ۶۶۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۷۹ ح ۱۸۶۳۹؛ الاستبصار: ۲/۲۶۲ ح ۹۲۴؛ الوافی: ۱۳/۱۱۰۷

[4] ملاذ الاخیار: ۸/۹؛ منتھی المطلب: ۱۱/۲۰؛ مدارک الاحکام: ۸/۱۷

اَلصَّبِيُّ يَصُومُ عَنْهُ وَلِيُّهُ إِذَا لَمْ يَجِدْ هَدْياً.

امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: جب قربانی کا جانور نہ مل سکے تو بچے کا ولی اس کی طرف سے روزہ رکھے گا۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح اور موثق کالصحیح ہے۔ [2]

{1761} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ سَعْدِ بْنِ عَبْدِ اَللَّهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ مُوسَى بْنِ اَلْقَاسِمِ اَلْبَجَلِيِّ وَ أَبِي قَتَادَةَ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ حَفْصٍ اَلْقُمِّيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ أَخِيهِ مُوسَى بْنِ جَعْفَرٍ عَلَيْهِمَا اَلسَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ اَلْأَضْحَى كَمْ هُوَ بِمِنًى فَقَالَ أَرْبَعَةُ أَيَّامٍ وَ سَأَلْتُهُ عَنِ اَلْأَضْحَى فِي غَيْرِ مِنًى فَقَالَ ثَلاَثَةُ أَيَّامٍ قُلْتُ فَمَا تَقُولُ فِي رَجُلٍ مُسَافِرٍ قَدِمَ بَعْدَ اَلْأَضْحَى بِيَوْمَيْنِ أَ لَهُ أَنْ يُضَحِّيَ فِي اَلْيَوْمِ اَلثَّالِثِ قَالَ نَعَمْ.

علی بن جعفر علیہ السلام سے روایت ہے کہ میں نے اپنے بھائی امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ منیٰ میں کتنے دنوں تک قربانی ہوسکتی ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: چار دنوں تک

اور میں نے پوچھا کہ منیٰ کے علاوہ کتنے دنوں تک ہوسکتی ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: تین دنوں تک۔

میں نے عرض کیا: آپ علیہ السلام اس شخص کے بارے میں کیا فرماتے ہیں جو کہ عیدالاضحیٰ کے دو دن بعد واپس گھر پہنچا تو کیا اس کے لئے جائز ہے کہ وہ تیسرے دن قربانی کرے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{1762} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اَلْحَمِيدِ عَنْ سَيْفِ بْنِ

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/۵۱۲ ح ۳۱۰۲؛ تہذیب الاحکام: ۵/۲۱۰ ح ۳۴۲؛ الوافی: ۱۴/۱۱۷۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۸۷ ح ۱۸۶۶۵؛

[2] لوامع صاحبقرانی: ۸/۳۲۴؛ موسوعہ احکام الاطفال: ۵/۲۴۶؛ روضۃ المتقین: ۵/۲۰۲؛ ملاذ الاخیار: ۸/۲۰۶

[3] تہذیب الاحکام: ۵/۲۰۲ ح ۶۷۳؛ الاستبصار: ۲/۲۶۳ ح ۹۳۰؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۹۱ ح ۱۸۶۷۵؛ الوافی: ۱۴/۱۱۴۰؛ اقبال الاعمال: ۱/۳۵۰

[4] ملاذ الاخیار: ۸/۱۱۱؛ شرح فروع مازندرانی: ۵/۳۹۳؛ سداد العباد: ۳۲۰؛ فقہ الصادقؑ: ۱۲/۱۱۸؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۶۷۸؛ مناہج الاخیار: ۳/۵۶۶؛ جواہر الکلام: ۱۹/۲۲۳

عَمِيرَةَ عَنْ مَنْصُورِ بْنِ حَازِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ سَمِعْتُهُ يَقُولُ: اَلنَّحْرُ بِمِنًى ثَلاَثَةُ أَيَّامٍ فَمَنْ أَرَادَ اَلصَّوْمَ لَمْ يَصُمْ حَتَّى تَمْضِيَ اَلثَّلاَثَةُ اَلْأَيَّامِ وَ اَلنَّحْرُ بِالْأَمْصَارِ يَوْمٌ فَمَنْ أَرَادَ أَنْ يَصُومَ صَامَ مِنَ اَلْغَدِ.

۞ منصور بن حازم سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا کہ منیٰ میں قربانی (یوم النحر کے بعد) تین دنوں تک (جائز) ہے اور جو (اس کے عوض) روزہ رکھنا چاہے تو وہ اس وقت تک نہ رکھے جب تک تین دن نہ گزر جائیں اور عام شہروں میں قربانی ایک دن ہے اور جو (اس کے عوض) روزہ رکھنا چاہے تو وہ دوسرے دن رکھ سکتا ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1763} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ غِيَاثِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ جَعْفَرٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَلِيٍّ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: اَلْأَضْحَى ثَلاَثَةُ أَيَّامٍ وَ أَفْضَلُهَا أَوَّلُهَا.

۞ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: قربانی تین دن تک ہوسکتی ہے مگر افضل پہلا دن ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [4]

{1764} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ اَلْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنِ اَلْعَلاَءِ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ اَلْأَضَاحِيِّ فَقَالَ أَفْضَلُ اَلْأَضَاحِيِّ فِي اَلْحَجِّ اَلْإِبِلُ وَ اَلْبَقَرُ وَ قَالَ ذَوُو اَلْأَرْحَامِ وَ لاَ يُضَحَّى بِثَوْرٍ وَ لاَ جَمَلٍ.

۞ ابوبصیر سے روایت ہے کہ میں نے ان (امام علیہ السلام) سے قربانی کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: حج میں افضل قربانی اونٹ اور گائے ہے۔

---

[1] تہذیب الاحکام: ۵/۲۰۳ ح ۶۷۸؛ الاستبصار: ۲/۲۶۵ ح ۹۳۵؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۹۳ ح ۱۸۶۷۹؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/۴۸۷ ح ۳۰۲۹؛ الوافی: ۱۴/۱۱۳۲؛ ھدایۃ الامہ: ۱۴/۲۸۸

[2] ملاذ الاخیار: ۸/۱۳؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۴/۲۰۷؛ سداد العباد: ۳۶۰؛ شرح فروع الکافی مازندرانی: ۵/۳۹۴؛ تنقیح مبانی الحج: ۳/۲۳۵؛ جواہر الکلام: ۱۹/۱۳۴؛ روضۃ المتقین: ۵/۱۳۸؛ فقہ الصادقؑ: ۱۲/۱۱۹

[3] تہذیب الاحکام: ۵/۲۰۳ ح ۶۷۵؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/۴۸۷ ح ۳۰۴۰؛ الاستبصار: ۲/۲۶۴ ح ۹۳۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۹۲ ح ۱۸۶۷۸؛ الوافی: ۱۴/۱۱۳۱

[4] ملاذ الاخیار: ۸/۱۲؛ روضۃ المتقین: ۵/۱۳۹

پھر فرمایا: مادہ ہو اور نر بیل اور نر اونٹ کی قربانی نہ کرو۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1765} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ فَضَالَةَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: أَفْضَلُ الْبُدْنِ ذَوَاتُ الْأَرْحَامِ مِنَ الْإِبِلِ وَ الْبَقَرِ وَ قَدْ يُجْزِي الذُّكُورَةُ مِنَ الْبُدْنِ وَ الضَّحَايَا مِنَ الْغَنَمِ الْفُحُولَةُ.

❂ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: گائے اور اونٹ میں سے مادہ کی قربانی افضل ہے اور اگر نر بھی قربان کئے جائیں تو کافی ہوں گے اور بھیڑ بکری میں سے نر کی قربانی (افضل) ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{1766} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُوسَى بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ عِيصِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ: اَلثَّنِيَّةُ مِنَ الْإِبِلِ وَ الثَّنِيَّةُ مِنَ الْبَقَرِ وَ الثَّنِيَّةُ مِنَ الْمَعْزِ وَ الْجَذَعَةُ مِنَ الضَّأْنِ.

❂ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اونٹ میں سے ثنیہ [5] اور گائے سے بھی ثنیہ اور بھیڑ سے بھی ثنیہ ہو اور دنبہ سے جذعہ [6] ہو۔ [7]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [8]

---

[1] تہذیب الاحکام: ۵/۲۰۴ ح ۶۸۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۹۵ ح ۱۸۶۸۶؛ الوافی: ۱۳/۱۱۱۳

[2] ملاذ الاخیار: ۸/۱۵؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۴/۲۳۴؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۶۶۹

[3] تہذیب الاحکام: ۵/۲۰۴ ح ۶۸۰؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۹۸ ح ۱۸۶۹۰؛ الوافی: ۱۳/۱۱۱۳؛ مستدرک الوسائل: ۱۰/۸۶ ح ۱۱۵۲۷؛ المقنعہ: ۴۵۱

[4] ملاذ الاخیار: ۸/۱۴؛ منتھی المطلب: ۱۱/۲۹۶؛ کتاب الحج شاہرودی: ۴/۱۲۵؛ براھین الحج: ۳/۲۴۷؛ فقہ الصادقؑ: ۱۲/۶۷

[5] ثنیہ اگر گائے یا بکری ہو تو اسے کہتے ہیں جس کی عمر ایک سال مکمل ہو اور دوسرے سال میں داخل ہو اور اگر اونٹ ہے تو پانچ سال کا ہو اور چھٹے میں داخل ہو (شرح لمعہ)

[6] جذعہ اسے کہتے ہیں جس کے چھ ماہ مکمل اور ساتویں میں داخل ہو۔

[7] تہذیب الاحکام: ۵/۲۰۶ ح ۶۸۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۱۰۳ ح ۱۸۷۰۲؛ الوافی: ۱۳/۱۱۱۲

[8] ملاذ الاخیار: ۸/۱۹؛ الحج فی الشریعہ: ۵/۲۹؛ موسوعہ الفقہ الاسلامی: ۱۳/۹۷؛ مدارک الاحکام: ۸/۲۹؛ منتھی المطلب: ۱۱/۸۶؛ فقہ الصادقؑ: ۱۲/۹۳؛ تفصیل الشریعہ: ۱۵/۲۳۷؛ العروۃ الوثقی: ۲۹/۲۳۶

{1767} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُوسَى بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ مُعَاوِيَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: ثُمَّ اشْتَرِ هَدْيَكَ إِنْ كَانَ مِنَ الْبُدْنِ أَوْ مِنَ الْبَقَرِ وَ إِلاَّ فَاجْعَلْهُ كَبْشاً سَمِيناً فَحْلاً فَإِنْ لَمْ تَجِدْ كَبْشاً سَمِيناً فَحْلاً فَمُوجَأً مِنَ الضَّأْنِ فَإِنْ لَمْ تَجِدْ فَتَيْساً فَإِنْ لَمْ تَجِدْ فَمَا تَيَسَّرَ عَلَيْكَ وَ عَظِّمْ شَعَائِرَ اللَّهِ.

❂ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: پھر اپنی قربانی خرید۔ اگر چہ اونٹ یا گائے کی قسم سے ہو ورنہ موٹے زمینڈھے کی قربانی کر پس اگر وہ بھی نہ مل سکے اور اگر موٹا زمینڈھا بھی نہ مل سکے تو دبلی بھیڑ کر اور اگر وہ بھی نہ مل سکے تو پھر تیس نر [1] کی قربانی کر اور اگر وہ بھی نہ مل سکے تو پھر جو تجھے میسر آئے وہی قربان کر اور شعائر اللہ کی تعظیم کر۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق ہے۔ [3]

{1768} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ وَ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ شَاذَانَ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى وَ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: يُجْزِئُ فِي الْمُتْعَةِ شَاةٌ.

❂ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: حج تمتع میں ایک بکری کافی ہے۔ [4]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن کالصحیح ہے۔ [5]

{1769} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى وَ فَضَالَةَ عَنِ الْعَلاَءِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَحَدِهِمَا عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ : أَنَّهُ سُئِلَ عَنِ الْأُضْحِيَّةِ فَقَالَ أَقْرَنُ فَحْلٌ سَمِينٌ عَظِيمُ الْعَيْنِ وَ الْأُذُنِ وَ الْجَذَعُ مِنَ الضَّأْنِ يُجْزِي وَ الثَّنِيُّ مِنَ الْمَعْزِ وَ الْفَحْلُ مِنَ الضَّأْنِ خَيْرٌ مِنَ الْمَوْجُوءِ وَ الْمَوْجُوءُ خَيْرٌ مِنَ النَّعْجَةِ وَ النَّعْجَةُ خَيْرٌ مِنَ الْمَعْزِ وَ قَالَ إِنِ اشْتَرَى أُضْحِيَّةً وَ هُوَ يَنْوِي أَنَّهَا سَمِينَةٌ

---

[1] تیس نر وہ ہوتا ہے جو ہرن اور بکری کے ملنے سے پیدا ہوتا ہے یا کراس سے مراد بکرا بھی ہوسکتا ہے (واللہ اعلم)

[2] تہذیب الاحکام: ۵/۲۰۴ ح ۶۷۴؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۹۵ ح ۱۸۶۸۴؛ الوافی: ۱۳/۱۱۱۴؛ الکافی: ۴/۴۹۱ ح ۱۴؛ مستدرک الوسائل: ۱۰/۸۴ ح

[3] سند العروۃ کتاب الحج: ۴/۱۸۶؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۶۶۸؛ ملاذ الاخیار: ۸/۱۴

[4] الکافی: ۴/۴۸۷ ح ۲؛ الوافی: ۱۳/۱۱۱۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۱۰۰ ح

[5] الحج فی الشریعہ: ۵/۴۹؛ تفصیل الشریعہ کتاب الحج: ۵/۲۲۰؛ مرآۃ العقول: ۱۸/۱۵۸

فَخَرَجَتْ مَهْزُولَةً أَجْزَأَتْ عَنْهُ وَإِنْ نَوَاهَا مَهْزُولَةً فَخَرَجَتْ سَمِينَةً أَجْزَأَتْ عَنْهُ وَإِنْ نَوَاهَا مَهْزُولَةً فَخَرَجَتْ مَهْزُولَةً لَمْ تُجْزِ عَنْهُ وَقَالَ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ كَانَ يُضَحِّي بِكَبْشٍ أَقْرَنَ عَظِيمٍ سَمِينٍ فَحْلٍ يَأْكُلُ فِي سَوَادٍ وَيَنْظُرُ فِي سَوَادٍ فَإِذَا لَمْ تَجِدُوا مِنْ ذَلِكَ شَيْئاً فَاللَّهُ أَوْلَى بِالْعُذْرِ وَقَالَ الْإِنَاثُ وَالذُّكُورُ مِنَ الْإِبِلِ وَالْبَقَرِ يُجْزِي وَسَأَلْتُهُ أَيُضَحَّى بِالْخَصِيِّ قَالَ لَا.

محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ میں نے امامین علیہ السلام میں سے ایک امام علیہ السلام سے قربانی کے جانور کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: سینگ والا ہو، نر ہو، موٹا ہو، بڑی آنکھوں والا اور بڑے کانوں والا ہو اور بھیڑ ہو تو جذعہ کافی ہے اور بکری ثنیہ ہو اور نر دنبہ خصیے کوٹے سے افضل ہے اور خصیہ کوٹا ہوا مادہ بھیڑ سے افضل ہے اور بھیڑ بکری سے افضل ہے۔

پھر فرمایا: اگر کوئی شخص قربانی کا جانور اس نیت سے خریدے کہ وہ موٹا ہے مگر وہ کمزور نکل آئے تو مجزی ہے اور اگر کمزور سمجھ کر خریدے مگر وہ موٹا نکل آئے تو بھی مجزی ہے اور اگر کمزور سمجھ کر خریدے اور نکلے بھی کمزور تو پھر مجزی نہیں ہے۔

پھر فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایسے مینڈھے کی قربانی کرتے تھے جو سینگ والا، بڑا اور نر ہوتا تھا جو سیاہی میں کھاتا اور سیاہی میں دیکھتا تھا اور اگر ایسا نہ مل سکے تو اللہ سب سے بڑا عذر قبول کرنے والا ہے۔

پھر فرمایا: اونٹ اور گائے میں نر اور مادہ (دونوں) کافی ہیں اور میں نے آپ علیہ السلام سے پوچھا کہ کیا خصی کی قربانی کی جاسکتی ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1770} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ سَعْدٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ جَعْفَرٍ الْحِمْيَرِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الرَّيَّانِ بْنِ الصَّلْتِ عَنْ أَبِي الْحَسَنِ الثَّالِثِ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: كَتَبْتُ إِلَيْهِ أَسْأَلُهُ عَنِ الْجَامُوسِ عَنْ كَمْ يُجْزِي فِي الضَّحِيَّةِ فَجَاءَ فِي الْجَوَابِ إِنْ كَانَ ذَكَراً فَعَنْ وَاحِدٍ وَإِنْ كَانَ أُنْثَى فَعَنْ سَبْعَةٍ.

علی بن ریان بن صلت سے روایت ہے کہ میں نے امام ابوالحسن الثالث (علی نقی علیہ السلام) کی خدمت میں خط لکھا جس میں بھینس کی قربانی کے بارے میں پوچھا کہ یہ کتنے آدمیوں کی طرف سے کافی ہے؟

---

[1] تہذیب الاحکام: ۵/۲۰۵؛ الوافی: ۱۳/۱۱۱۸

[2] ملاذ الاخیار: ۸/۸۱؛ منتھی المطلب: ۱۱/۲۰۰؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۶۶۷؛ الحج فی الشریعۃ: ۵/۱۰۲؛ تفصیل الشریعۃ: ۱۵/۲۶۴؛ شرح فروع الکافی مازندرانی: ۵/۲۰۲

امام علیہ السلام کی طرف سے جواب موصول ہوا کہ اگر نر (بھینسا) ہے تو پھر صرف ایک آدمی کی طرف سے اور اگر مادہ (بھینس) ہے تو پھر سات آدمیوں کی طرف سے کافی ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1771} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدٍ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَنَّهُ سَأَلَ عَنِ النَّفَرِ تُجْزِيهِمُ الْبَقَرَةُ فَقَالَ أَمَّا فِي الْهَدْيِ فَلاَ وَ أَمَّا فِي الْأَضْحَى فَنَعَمْ وَ يُجْزِي الْهَدْيُ عَنِ الْأُضْحِيَّةِ

محمد حلبی سے روایت ہے کہ انہوں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ کیا ایک گائے چند آدمیوں کے لئے کافی ہے؟ آپ علیہ السلام نے فرمایا: (منیٰ میں) ہدی کے لئے تو (کافی) نہیں ہے لیکن (مستحبی) قربانی کے لئے کافی ہے اور (مستحبی) قربانی کو ہدی قرار دے دینا کافی ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{1772} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُوسَى بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ أَبِي الْحُسَيْنِ النَّخَعِيِّ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: تُجْزِي الْبَقَرَةُ عَنْ خَمْسَةٍ بِمِنًى إِذَا كَانُوا أَهْلَ خِوَانٍ وَاحِدٍ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: بمقام منیٰ ایک گائے پانچ آدمیوں کی جانب سے کافی ہے بشرطیکہ وہ ایک ہی دستر خوان پر کھانا کھاتے ہوں۔ [5]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [6]

{1773} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ أُذَيْنَةَ عَنْ حُمْرَانَ

---

[1] تہذیب الاحکام: ۵/۲۰۹ ح ۷۰۱؛ الوافی: ۱۴/۱۳۳۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۱۱۲ ح ۱۸۷۳۱؛ الاستبصار: ۲/۲۶۷ ح ۹۴۶

[2] ملاذ الاخیار: ۸/۲۶؛ منتھی المطلب: ۱۱/۲۳۹؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۴/۱۷۲

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/۴۹۸ ح ۳۰۶۴؛ الوافی: ۱۴/۱۳۳۴؛ تہذیب الاحکام: ۵/۲۱۰ ح ۷۰۵؛ الاستبصار: ۲/۲۶۸ ح ۹۵۰؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۱۱۷ ح ۱۸۷۵۶؛

[4] روضۃ المتقین: ۵/۲۱۷؛ لوامع صاحبقرانی: ۸/۲۸۶؛ جواہر الکلام: ۱۹/۱۲۲؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۴/۱۷۰؛ براھین الحج: ۳/۲۹۷

[5] تہذیب الاحکام: ۵/۲۰۸ ح ۶۹۷؛ الاستبصار: ۲/۲۶۶ ح ۹۴۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۱۱۸ ح ۱۸۷۵۸؛ الوافی: ۱۴/۱۳۳۲

[6] ملاذ الاخیار: ۸/۲۴؛ تفصیل الشریعہ کتاب الحج: ۵/۲۱۵؛ تعالیق مبسوطہ: ۱۴/۵۱؛ الحج فی الشریعہ: ۵/۲۰

قَالَ: عَزَّتِ الْبُدْنُ سَنَةً بِمِنًى حَتَّى بَلَغَتِ الْبَدَنَةُ مِائَةَ دِينَارٍ فَسُئِلَ أَبُو جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ ذَلِكَ فَقَالَ اِشْتَرِكُوا فِيهَا قَالَ قُلْتُ كَمْ قَالَ مَا خَفَّ هُوَ أَفْضَلُ قُلْتُ عَنْ كَمْ تُجْزِئُ قَالَ عَنْ سَبْعِينَ.

❂ حمران سے روایت ہے کہ ایک سال منیٰ میں جانوروں کی قیمتیں اس قدر چڑھ گئیں کہ ایک ایک اونٹ سو دینار تک پہنچ گیا پس امام محمد باقر علیہ السلام سے اس بارے پوچھا گیا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: قربانی میں باہم دیگر شریک ہو جاؤ۔ میں نے عرض کیا کہ کس قدر؟ آپ علیہ السلام نے فرمایا: جس قدر کم ہو بہتر ہے۔ میں نے عرض کیا کہ کتنے آدمیوں سے ایک قربانی کافی ہے؟ فرمایا! ستر سے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔[2]

{1774} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ أَبِي الْخَطَّابِ عَنْ وُهَيْبِ بْنِ حَفْصٍ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: اَلْبَدَنَةُ وَ الْبَقَرَةُ تُجْزِي عَنْ سَبْعَةٍ إِذَا اِجْتَمَعُوا مِنْ أَهْلِ بَيْتٍ وَاحِدٍ وَ مِنْ غَيْرِهِمْ.

❂ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اونٹ اور گائے (مستحبی قربانی میں) سات آدمیوں کی طرف سے کافی ہے خواہ وہ ایک ہی خاندان سے ہوں یا مختلف خاندانوں سے۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق کالصحیح ہے۔[4]

{1775} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ فَضَّالٍ عَنْ سَوَادَةَ الْقَطَّانِ وَ عَلِيِّ بْنِ أَسْبَاطٍ عَنْ أَبِي الْحَسَنِ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالاَ: قُلْنَا لَهُ جُعِلْنَا فِدَاكَ عَزَّتِ الْأَضَاحِيُّ عَلَيْنَا بِمَكَّةَ أَفَيُجْزِي اِثْنَيْنِ أَنْ يَشْتَرِكَا فِي شَاةٍ فَقَالَ نَعَمْ وَ عَنْ سَبْعِينَ.

❂ سوادہ القطان اور علی بن رباط سے روایت ہے کہ ہم نے امام علی رضا علیہ السلام سے عرض کیا: ہم آپ علیہ السلام پر فدا ہو جائیں! مکہ

---

[1] الکافی: ۴/۴۹۶ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۵/۲۰۹ ح ۷۰۴؛ الاستبصار: ۲/۲۶۷ ح ۹۴۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۱۱۹ ح ۱۸۷۴۲؛ الوافی: ۱۴/۱۱۳۰

[2] مستند العروۃ کتاب الحج: ۴/۱۷۱؛ الحج فی الشریعۃ: ۵/۹۰؛ تعالیق مبسوطہ: ۱۴/۵۱۵؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۶۶۵؛ مدارک الاحکام: ۸/۲۱؛ تنقیح مبانی الحج: ۳/۲۱۷؛ منتہی المطلب: ۱۱/۲۲۳؛ مراۃ العقول: ۱۸/۶۷؛ ملاذ الاخیار: ۸/۲۷

[3] تہذیب الاحکام: ۵/۲۰۸ ح ۶۹۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۱۱۸ ح ۱۸۷۵۸؛ الخصال: ۲/۵۶۳؛ علل الشرائع: ۲/۴۴۱؛ بحار الانوار: ۹۶/۲۹۵؛ الوافی: ۱۴/۱۱۳۳؛ الاستبصار: ۲/۲۶۶ ح ۹۴۴

[4] شرح مازندرانی: ۵/۳۲۶؛ ملاذ الاخیار: ۸/۲۵؛ روضۃ المتقین: ۵/۵۴؛ لوامع صاحبقرانی: ۸/۲۷۰

میں قربانی کے جانور کمیاب ہو گئے ہیں لہٰذا اگر دو آدمی ایک بکری میں شریک ہو جائیں تو کیا ان کی طرف سے مجری ہو گی؟
آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں بلکہ ستر سے مجری ہے؟ (۱)

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ (۲)

{1776} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَبَانٍ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: اَلْكَبْشُ يُجْزِي عَنِ الرَّجُلِ وَعَنْ أَهْلِ بَيْتِهِ يُضَحِّي بِهِ.

امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: ایک مینڈھا ایک آدمی اور اس کے افراد خانہ کی طرف سے مجری ہے۔ (۳)

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق کالصحیح ہے۔ (۴)

{1777} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ جَعْفَرٍ أَنَّهُ سَأَلَ أَخَاهُ مُوسَى بْنَ جَعْفَرٍ عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ: عَنِ الرَّجُلِ يَشْتَرِي الضَّحِيَّةَ عَوْرَاءَ فَلاَ يَعْلَمُ إِلاَّ بَعْدَ شِرَائِهَا هَلْ تُجْزِي عَنْهُ قَالَ نَعَمْ إِلاَّ أَنْ يَكُونَ هَدْياً فَإِنَّهُ لاَ يَجُوزُ أَنْ يَكُونَ نَاقِصاً.

علی بن جعفر علیہ السلام سے روایت ہے کہ انہوں نے اپنے بھائی امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص (مستحبی) قربانی کے لئے ناقص جانور خریدتا ہے جس کے نقص کا اسے خریدنے کے بعد پتا چلتا ہے تو کیا وہ مجری ہوگا؟
آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں مگر یہ کہ قربانی واجب ہو تو اس میں ناقص جائز نہیں ہے۔ (۵)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (۶)

---

(۱) تہذیب الاحکام: ۵/۲۰۹ ح ۷۰۴؛ الاستبصار: ۲/۲۶۷ ح ۹۴۶؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۱۱۹ ح ۱۸۷۶۲؛ الوافی: ۱۴/۱۱۳۳؛ مسند الامام الرضاؑ: ۲/۲۲۶

(۲) ملاذ الاخیار: ۸/۲۷؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۶۶۵

(۳) من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/۴۹۱ ح ۳۰۵۰؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۱۲۱ ح ۱۸۷۶۸؛ الوافی: ۱۴/۱۱۳۴

(۴) ذخیرۃ المعاد: ۲/۶۸۰؛ روضۃ المتقین: ۵/۱۵۴؛ لوامع صاحبقرانی: ۸/۲۷۰

(۵) من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/۴۹۷ ح ۳۰۵۹؛ تہذیب الاحکام: ۵/۲۱۳ ح ۷۱۹؛ الاستبصار: ۲/۲۶۸ ح ۹۵۲؛ قرب الاسناد: ۲۳۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۱۳۰ ح ۱۸۷۹۲؛ الوافی: ۱۳/۱۱۲۵؛ مسائل علی بن جعفرؑ: ۱۶۲؛ بحار الانوار: ۹۶/۲۹۳ و ۱۰/۲۴۹؛ ہدایۃ الامۃ: ۵/۳۹۷

(۶) روضۃ المتقین: ۵/۱۶۸؛ لوامع صاحبقرانی: ۸/۲۸۰؛ مناہج الاخیار: ۳/۵۶۹؛ ملاذ الاخیار: ۸/۳۴؛ الحج فی الشریعۃ: ۵/۶۶؛ براھین الحج: ۳/۳۱۵؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۳/۷۷؛ منتھی المطلب: ۱۱/۱۹۶؛ کتاب الحج شاہرودی: ۴/۱۴۰؛ شرح مازندرانی: ۵/۳۰۸؛ تذکرۃ الفقہاء: ۸/۲۶۶؛ جواہر الکلام: ۱۹/۱۳۹؛ تعالیق مبسوطہ: ۵۲۰؛ فقہ الصادقؑ: ۱۲/۲۶؛ تفصیل الشریعہ: ۱۵/۲۵۹؛ المعتمد: ۵/۲۲۹؛ شرح العروۃ: ۲۹/۲۵۰

{1778} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَنْ أَيُّوبَ بْنِ نُوحٍ عَنِ اِبْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ جَمِيلِ بْنِ دَرَّاجٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ أَنَّهُ قَالَ: فِي اَلْمَقْطُوعِ اَلْقَرْنِ أَوِ اَلْمَكْسُورِ اَلْقَرْنِ إِذَا كَانَ اَلْقَرْنُ اَلدَّاخِلُ صَحِيحاً فَلاَ بَأْسَ وَإِنْ كَانَ اَلْقَرْنُ اَلظَّاهِرُ اَلْخَارِجُ مَقْطُوعاً.

❂ امام جعفر صادق علیہ السلام نے سینگ کٹے ہوئے یا سینگ ٹوٹے ہوئے جانور کے بارے میں فرمایا کہ جب اس کے کان کا اندروجہ حصہ صحیح وسالم ہوتو کوئی حرج نہیں ہے چاہے اس کا ظاہری حصہ کٹا ہوا بھی ہو۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{1779} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ اِبْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ اَلْحَلَبِيِّ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ عَنِ اَلضَّحِيَّةِ تَكُونُ اَلْأُذُنُ مَشْقُوقَةً فَقَالَ إِنْ كَانَ شَقُّهَا وَسْماً فَلاَ بَأْسَ وَإِنْ كَانَ شَقّاً فَلاَ يَصْلُحُ.

❂ حلبی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ وہ جانور جس کا کان پھٹا ہوا ہو اس کی قربانی کیسی ہے؟ آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر علامت کے طور پر کٹا ہوا ہوتو کوئی حرج نہیں ہے اور اگر ویسے پھٹا ہوا ہوتو پھر درست نہیں ہے۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔[4]

قول مؤلف:

صحیح احمد بن محمد بن ابی نصر میں ہے کہ امام علیہ السلام نے فرمایا: جب تک کان بالکل کٹا ہوا نہ ہو تب تک کوئی حرج نہیں ہے۔

---

[1] تہذیب الاحکام:۵/ ۲۱۳ح ۷۱۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۴ /۱۲۸ح ۱۸۷۸۷؛ الوافی:۱۳ /۱۱۲۵؛ الکافی: ۴ /۴۹۱ح ۱۳(بفرق الفاظ)؛ من لا یحضرہ الفقیہ:۲/۴۹۶ح ۳۰۲۲(ایضاً)

[2] منتھی المطلب:۱۱/۱۹۰؛ مدارک الاحکام:۸/۳۲؛ کتاب الحج شاہرودی:۴/۵۴؛ تنقیح مبانی الحج:۳/۲۲۳؛ فقہ الحج:۴/۲۳۰؛ جواہر الکلام:۱۹/۱۴۱؛ تعالیق مبسوطہ:۸/۵۱۸؛ سند العروۃ کتاب الحج:۴/۸۱۷؛ فقہ الصادقؑ:۱۲/۹۸؛ روضۃ المتقین:۵/۱۹۹؛ لوامع صاحبقرانی:۸/۲۸۲؛ سداد العباد:۳۵۵

[3] الکافی:۴/۴۹۱ح ۱۱؛ وسائل الشیعہ:۱۴/۱۲۹ح ۱۸۷۸۹؛ الوافی:۱۳/۱۱۲۲

[4] الحج فی الشریعہ:۵/۸۳؛ فقہ الحج:۴/۱۳؛ تفصیل الشریعہ:۱۵/۲۵۲؛ فقہ الصادقؑ:۱۲/۹۹؛ مرآۃ العقول:۱۸/۱۹۵؛ مدارک الاحکام:۸/۳۳؛ جواہر الکلام: ۱۹/۱۴۳؛ ذخیرۃ المعاد:۲/۶۶۷

① لہٰذا ممکن ہے کہ حکم اولیٰ فضیلت یا کراہت پر محمول ہو (واللہ اعلم)

{1780} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ اَلْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى وَ فَضَالَةَ عَنِ اَلْعَلاَءِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَحَدِهِمَا عَلَيْهِمَا اَلسَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ اَلْهَدْيِ اَلَّذِي يُقَلَّدُ أَوْ يُشْعَرُ ثُمَّ يَعْطَبُ قَالَ إِنْ كَانَ تَطَوُّعاً فَلَيْسَ عَلَيْهِ غَيْرُهُ وَإِنْ كَانَ جَزَاءً أَوْ نَذْراً فَعَلَيْهِ بَدَلُهُ.

◎ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ میں نے امامین علیہما السلام میں سے ایک امام علیہ السلام سے پوچھا کہ قربانی کا وہ جانور جسے اشعار و تقلید کی جائے پھر (مذبح تک پہنچنے سے پہلے) ہلاک ہو جائے تو (کیا حکم ہوگا)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر مستحبی قربانی ہے تو پھر اس پر دوسرا جانور لازم نہیں ہے اور اگر کفارہ یا منت کی قربانی ہے تو اس پر اس کا بدلہ لازم ہے۔ ②

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ③

{1781} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ اَلْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى وَ فَضَالَةَ عَنِ اَلْعَلاَءِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَحَدِهِمَا عَلَيْهِمَا اَلسَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ اَلْهَدْيِ اَلْوَاجِبِ إِذَا أَصَابَهُ كَسْرٌ أَوْ عَطَبٌ أَ يَبِيعُهُ صَاحِبُهُ وَ يَسْتَعِينُ بِثَمَنِهِ فِي هَدْيٍ آخَرَ قَالَ لاَ يَبِيعُهُ فَإِنْ بَاعَهُ فَلْيَتَصَدَّقْ بِثَمَنِهِ وَ لْيُهْدِ هَدْياً آخَرَ وَ قَالَ إِذَا وَجَدَ اَلرَّجُلُ هَدْياً ضَالاًّ فَلْيُعَرِّفْهُ يَوْمَ اَلنَّحْرِ وَ اَلْيَوْمَ اَلثَّانِيَ وَ اَلثَّالِثَ ثُمَّ لْيَذْبَحْهَا عَنْ صَاحِبِهَا عَشِيَّةَ اَلثَّالِثِ.

◎ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ میں نے امامین علیہما السلام میں سے ایک امام علیہ السلام سے پوچھا کہ اگر واجبی قربانی کے جانور کا کوئی عضو ٹوٹ جائے یا ہلاکت کے قریب ہو جائے تو کیا اس کا مالک اسے فروخت کر کے اس کی قیمت سے کوئی دوسرا جانور خرید سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اسے فروخت نہ کرے اور اگر فروخت کر دے تو اس کی قیمت صدقہ میں دے دے اور اس کی جگہ

---

① تہذیب الاحکام: ۵/ ۲۱۳ ح ۷۱۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/ ۱۲۹ ح ۱۸۷۸۸؛ الوافی: ۱۳/ ۱۲۵۱؛ فقہ الصادقؑ: ۱۲/ ۶۸؛ مدارک الاحکام: ۸/ ۳۲؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/ ۶۶۷

② تہذیب الاحکام: ۵/ ۲۱۵ ح ۷۲۴؛ الاستبصار: ۲/ ۲۶۹ ح ۹۵۵؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/ ۱۳۱ ح ۱۸۷۹۴؛ الوافی: ۱۴/ ۱۱۴۴

③ ملاذ الاخیار: ۸/ ۷۳؛ منتہی المطلب: ۱۱/ ۲۴۳؛ تذکرۃ الفقہا: ۸/ ۲۸۶؛ مدارک الاحکام: ۸/ ۳۶؛ سداد العباد: ۳۵۸؛ فقہ الصادقؑ: ۱۲/ ۱۱۰؛ شرح فروع الکافی مازندرانی: ۵/ ۴۱۷؛ کتاب الحج شاہرودی: ۴/ ۲۲۴؛ جواہر الکلام: ۱۹/ ۱۹۷

دوسرے کی قربانی کرے۔

پھر فرمایا: جب کسی شخص کو قربانی کا گمشدہ جانور ملے تو وہ نحر والے دن اور دوسرے دن اور تیسرے دن تک اس کا اعلان کرے (پس اگر مالک مل جائے تو ٹھیک ورنہ) پھر تیسرے دن کی شام کو اسے اس کے مالک کی طرف سے ذبح کر دے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1782} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبُو عَلِيٍّ الْأَشْعَرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ: فِي قَوْلِ اللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ: فَاذْكُرُوا اسْمَ اللهِ عَلَيْهَا صَوَافَّ قَالَ ذَلِكَ حِينَ تَصُفُّ لِلنَّحْرِ تَرْبِطُ يَدَيْهَا مَا بَيْنَ الْخُفِّ إِلَى الرُّكْبَةِ وَ وُجُوبُ جُنُوبِهَا إِذَا وَقَعَتْ عَلَى الْأَرْضِ.

✪ عبداللہ بن سنان سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے خدا کے قول: ''ان پر اللہ کا نام ذکر کرو جبکہ وہ صف بستہ کھڑے ہوں۔ (الحج:٣٦)'' کے بارے میں فرمایا کہ جب اونٹ نحر کے لئے کھڑے ہوں تو ان کے اگلے پاؤں تلووں سے گھٹنوں تک باندھ دیئے جائیں اور واجب ہے کہ وہ پہلو کے بل زمین پر گریں۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

قول مؤلف:

ایک حدیث میں ہے کہ چاہے تو کھڑا کر کے نحر کرے اور چاہے تو بٹھا کر کرے [5] (واللہ اعلم)

{1783} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: النَّحْرُ فِي اللَّبَّةِ وَ الذَّبْحُ فِي الْحَلْقِ.

---

[1] تہذیب الاحکام: ۵/ ۲۱۷ ح ۷۳۱؛ الوافی: ۱۴/ ۱۱۴۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/ ۱۳۶ ح ۱۸۸۰۷ و ۱۳۷ ح ۱۸۸۰۹؛

[2] ملاذ الاخیار: ۸/ ۳۰۴؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/ ۶۷۲؛ شرح فروع مازندرانی: ۵/ ۴۲۵؛ مدارک الاحکام: ۸/ ۷۰؛ سداد العباد: ۳۵۶؛ کتاب الحج شاھرودی: ۴/ ۲۲۹؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۴/ ۱۹۳

[3] الکافی: ۴/ ۴۹۷ ح ۳؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/ ۵۰۳ ح ۳۰۸۲؛ تہذیب الاحکام: ۵/ ۲۲۰ ح ۷۴۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/ ۱۴۸ ح ۱۸۸۳۸؛ الوافی: ۱۴/ ۱۱۵۵؛ بحار الانوار: ۹۲/ ۳۰۱؛ تفسیر نور الثقلین: ۳/ ۴۹۷؛ تفسیر البرہان: ۳/ ۸۸۴؛ تفسیر کنز الدقائق: ۹/ ۹۶؛ ہدایۃ الامہ: ۵/ ۴۰۴

[4] مراۃ العقول: ۱۸/ ۱۷۷؛ مدارک الاحکام: ۸/ ۴۱؛ براھین الحج: ۳/ ۳۲۸؛ منتھی المطلب: ۱۱/ ۱۷۰؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/ ۶۶۹؛ روضۃ المتقین: ۵/ ۱۸۰؛ لوامع صاحبقرانی: ۸/ ۲۹۹؛ ملاذ الاخیار: ۸/ ۴۷

[5] مسائل علی بن جعفرؑ: ۱۷۲؛ قرب الاسناد: ۲۳۵؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/ ۱۵۰ ح ۱۸۸۴۲؛ بحار الانوار: ۹۲/ ۲۷۳ و ۲۸۵/۹۶

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: نحر سینہ سے ہوتا ہے اور ذبح حلق سے کیا جاتا ہے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{1784} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحَلَبِيِّ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَنَّهُ قَالَ: لاَ يَذْبَحْ لَكَ الْيَهُودِيُّ وَ لاَ النَّصْرَانِيُّ أُضْحِيَّتَكَ وَ إِنْ كَانَتِ امْرَأَةً فَلْتَذْبَحْ لِنَفْسِهَا وَ تَسْتَقْبِلُ الْقِبْلَةَ وَ تَقُولُ: وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمَاوَاتِ وَ الْأَرْضَ حَنِيفاً مُسْلِماً اَللَّهُمَّ مِنْكَ وَ لَكَ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: تمہاری قربانی کا جانور یہودی اور نصرانی ذبح نہ کرے پس اگر (مالکہ) عورت ہے تو اپنے ہاتھ سے ذبح کرے اور روبہ قبلہ ہو کر یہ پڑھے: وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمَاوَاتِ وَ الْأَرْضَ حَنِيفاً مُسْلِماً اَللَّهُمَّ مِنْكَ وَ لَكَ[3]

تحقیق:

حدیث صحیح اور حسن کالصحیح یا حسن ہے۔[4]

{1785} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ فِي حَدِيثٍ قَالَ: وَ كَانَ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ يَضَعُ السِّكِّينَ فِي يَدِ الصَّبِيِّ ثُمَّ يَقْبِضُ عَلَى يَدَيْهِ الرَّجُلُ فَيَذْبَحُ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ امام زین العابدین علیہ السلام بچے کے ہاتھ میں چھری پکڑواتے تھے اور پھر ذبح کرنے والا اس کے ہاتھوں پر ہاتھ رکھ کر جانور کو ذبح کرتا تھا۔[5]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[1]

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/۵۰۲ ح ۳۰۷۹؛ الکافی: ۴/۴۹۷ ح ۳؛ الوافی: ۱۴/۱۱۵۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۱۵۰ ح ۱۸۸۴۳

[2] روضۃ المتقین: ۵/۷۹؛ لوامع صاحبقرانی: ۸/۲۹۷؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/۳؛ منتھی المطلب: ۱۱/۲۷۳؛ مہذب الاحکام: ۳/۲۸؛ مدارک الاحکام: ۷/۳۶۱؛ شرح مازندرانی: ۵/۲۹؛ الحج فی الشریعہ: ۵/۳۵۱؛ الجدید فی مناسک: ۳۲۵؛ تنقیح مبانی الحج: ۸/۳۳؛ شرح العروۃ: ۲۹/۱۵۹؛ تعالیق مبسوط: ۲/۵۷؛ تفصیل الشریعہ: ۲۰/۳۹۰

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/۵۰۳ ح ۳۰۸۱؛ الکافی: ۴/۴۹۷ ح ۴؛ الوافی: ۱۴/۱۱۵۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۱۵۰

[4] روضۃ المتقین: ۵/۷۹؛ لوامع صاحبقرانی: ۸/۲۹۸؛ سداد العباد: ۳۱۱؛ مرآۃ العقول: ۱۸/۱۷۸

[5] من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/۴۳۳ ح ۲۸۹۶؛ الکافی: ۴/۴۹۷ ح ۵؛ الوافی: ۱۴/۱۱۵۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۱۵۱

[1] روضۃ المتقین: ۵/۴۰؛ لوامع صاحبقرانی: ۸/۱۱۵؛ شرح العروۃ: ۲۸/۳۱؛ مدارک الاحکام: ۷/۲۸۵؛ فقہ الحج: ۲/۳۲۳؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۵۵۸؛ جواہر الکلام: ۹/۴۷؛ کتاب الحج شاہرودی: ۵/۳؛ موسوعہ احکام الاطفال: ۵/۲۳۱؛ کتاب الحج قمی: ۵/۴؛ تفصیل الشریعہ: ۱۱/۹۳؛ موسوعہ الفقہ الاسلامی: ۶/۲۵۸؛ الحج فی الشریعہ: ۲/۵۲۳؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۲/۲۸۰؛ فقہ الصادقؑ: ۹/۱۴۲

{1786} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَنَّهُ قَالَ: إِذَا اشْتَرَيْتَ هَدْيَكَ فَاسْتَقْبِلْ بِهِ الْقِبْلَةَ وَ انْحَرْهُ أَوِ اذْبَحْهُ وَ قُلْ: (وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمَاوَاتِ وَ الْأَرْضَ حَنِيفاً مُسْلِماً وَ مَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ إِنَّ صَلاَتِي وَ نُسُكِي وَ مَحْيَايَ وَ مَمَاتِي لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ لاَ شَرِيكَ لَهُ وَ بِذَلِكَ أُمِرْتُ وَ أَنَا مِنَ الْمُسْلِمِينَ اللَّهُمَّ مِنْكَ وَ لَكَ بِسْمِ اللَّهِ وَ اللَّهُ أَكْبَرُ اللَّهُمَّ تَقَبَّلْ مِنِّي) ثُمَّ أَمِرَّ السِّكِّينَ وَ لاَ تَنْخَعْهَا حَتَّى تَمُوتَ).

❂ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب اپنی قربانی کا جانور خرید و تو رو بقبلہ ہو کر اسے نحر کرو یا ذبح کرو اور کہو:

پھر (اس کے گلہ پر) چھری پھیرو اور جب تک مر نہ جائے اس کی گردن جدا نہ کرو۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{1787} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ صَفْوَانَ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ ذَبْحِ الْبَقَرِ مِنَ الْمَنْحَرِ فَقَالَ لِلْبَقَرِ الذَّبْحُ وَ مَا نُحِرَ فَلَيْسَ بِذَكِيٍّ.

❂ صفوان سے روایت ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ اگر گائے کو سینہ کے بالائی حصہ سے (اونٹ کی طرح) نحر کیا جائے تو (کیا یہ صحیح ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: گائے کے لئے ذبح (مقرر) ہے اور اگر اسے نحر کیا جائے تو وہ حلال نہیں ہے۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔[4]

قول مؤلف:

اس کی وضاحت اس حدیث میں ہے جسے شیخ صدوق نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کیا ہے کہ آپ علیہ السلام نے

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/۵۰۳ ح۳۰۸۳؛ الکافی: ۴/۴۹۸ ح۶؛ تہذیب الاحکام: ۵/۲۲۱ ح۷۴۶؛ الوافی: ۱۴/۱۱۵۶؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۱۵۲ ح۱۸۸۴۹

[2] روضۃ المتقین: ۵/۱۸۰؛ لوامع صاحبقرانی: ۸/۳۰۱؛ ریاض المسائل: ۷/۴۲۲؛ سداد العباد: ۳۱۱؛ کلمۃ التقوی: ۳/۴۳۹؛ فقہ الصادقؑ: ۱۲/۷۷؛ کتاب الحج شاہرودی: ۴/۹۸؛ مدارک الاحکام: ۸/۳۱؛ منتہی المطلب: ۱۱/۱۷۱؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۶۶۹؛ مستند الشیعہ: ۱۲/۳۲۵؛ ملاذ الاخیار: ۸/۳۸

[3] الکافی: ۶/۲۲۸ ح۲؛ تہذیب الاحکام: ۹/۵۳ ح۲۱۸؛ الوافی: ۱۹/۲۱۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۱۳ ح۲۹۸۹۴؛ مستدرک الوسائل: ۱۶/۱۳۳ ح۱۹۳۷۷؛ ھدایۃ الامۃ: ۸/۳۲

[4] تفصیل الشریعہ: ۲۰/۸۹؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/۵۲؛ روضۃ المتقین: ۷/۴۲۸؛ مرآۃ العقول: ۲۲/۸؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/۲۲۲

فرمایا: ہر وہ جانور (جیسے اونٹ) جسے نحر کرنا ہے اگر اسے ذبح کیا جائے تو وہ حرام ہے اور ہر وہ جانور جسے ذبح کرنا ہے اگر اسے نحر کیا جائے تو وہ حرام ہے۔ [1] اور شیخ صدوق نے اسے مرسل روایت کیا ہے لیکن معلوم ہونا چاہیے کہ من لا یحضرہ کی مراسیل کو صحاح مانا جاتا ہے اس حوالے سے تفصیل کے لیے "الوافی مترجم" جلد اول میں درج میری مقدمات کی طرف رجوع کیجئے۔ (واللہ اعلم)

{1788} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْمَاعِيلَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْفُضَيْلِ عَنْ أَبِي الصَّبَّاحِ الْكِنَانِيِّ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ لُحُومِ الْأَضَاحِيِّ فَقَالَ كَانَ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ وَ أَبُو جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ يَتَصَدَّقَانِ بِثُلُثٍ عَلَى جِيرَانِهِمْ وَ ثُلُثٍ عَلَى السُّؤَّالِ وَ ثُلُثٌ يُمْسِكُونَهُ لِأَهْلِ الْبَيْتِ.

ابوصباح کنانی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے قربانی کے جانوروں کے گوشت (کی تقسیم) کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: امام زین العابدین علیہ السلام اور امام محمد باقر علیہ السلام اس کا ایک تہائی پڑوسیوں کو دیتے تھے اور ایک تہائی سائلوں پر صدقہ کرتے تھے اور ایک تہائی اپنے گھر والوں کے لئے رکھتے تھے۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [3]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث مجہول ہے۔ [4]

{1789} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ الْوَلِيدِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الصَّفَّارِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي نَجْرَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ حُمْرَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/۵۰۳ ح ۳۰۸۰ و ۳/۳۲۹ ح ۴۱۷۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۱۵۴ ح ۱۸۸۵۳ و ۲۴/۱۴ ح ۲۹۸۶۳؛ الوافی: ۱۴/۱۵۷ و ۱۹/۲۱۶؛ الفصول المہمہ: ۲/۳۲۲

[2] الکافی: ۴/۴۹۹ ح ۳؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/۴۹۳ ح ۳۰۵۴؛ الوافی: ۱۴/۱۶۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۱۴۳ ح ۱۸۸۲۷؛ بحار الانوار: ۴۶/۳۰۰؛ عوالم العلوم: ۱۸/۱۳۴؛ دعائم الاسلام: ۲/۱۸۶؛ مستدرک الوسائل: ۱۰/۱۱۳ ح ۱۱۶۱۳؛ قبال الاعمال: ۱/۳۵۱؛ علل الشرائع: ۲/۴۳۸

[3] مستند العبادۃ: ۳۶۱؛ جواہر الکلام: ۱۹/۱۵۸؛ ریاض المسائل: ۶/۳۲۸؛ تفصیل الشریعہ کتاب الحج: ۵/۲۷۱؛ لوامع صاحبقرانی: ۸/۲۷۳؛ روضۃ المتقین: ۵/۱۹۰؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۳/۳۸۲؛ سند العروۃ (الحج): ۳/۲۵۷؛ جامع المدارک: ۲/۴۶۱؛ آیات الاحکام نجفی: ۵/۱۵۷؛ مدارک العروۃ: ۲۵/۳۲۶؛ کتاب الحج شیرازی: ۹/۲۹؛ التعلیقۃ الاستدلالیۃ: ۳/۲۹۸

[4] مرآۃ العقول: ۱۸/۱۸۱

عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ قَالَ: كَانَ ٱلنَّبِيُّ صَلَّى ٱللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ نَهَى أَنْ تُحْبَسَ لُحُومُ ٱلْأَضَاحِيِّ فَوْقَ ثَلاَثَةِ أَيَّامٍ مِنْ أَجْلِ ٱلْحَاجَةِ فَأَمَّا ٱلْيَوْمَ فَلاَ بَأْسَ بِهِ.

✿ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حاجت مندوں کی (کثرت کی) وجہ سے ممانعت فرمائی تھی کہ تین دن سے زیادہ عرصہ تک قربانی کا گوشت نہ رکھیں لیکن آج (جبکہ حاجب مند کم ہوں تو) تو ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{1790} مُحَمَّدُ بْنُ ٱلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ ٱلْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ حَمَّادٍ وَفَضَالَةَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ ٱللَّهِ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ عَنِ ٱلْإِهَابِ فَقَالَ تَصَدَّقْ بِهِ أَوْ تَجْعَلُهُ مُصَلًّى يُنْتَفَعُ بِهِ فِي ٱلْبَيْتِ وَلاَ تُعْطِي ٱلْجَزَّارِينَ وَقَالَ نَهَى رَسُولُ ٱللَّهِ صَلَّى ٱللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ أَنْ يُعْطِيَ جِلاَلَهَا وَجُلُودَهَا وَقَلاَئِدَهَا ٱلْجَزَّارِينَ وَأَمَرَهُ أَنْ يَتَصَدَّقَ بِهَا.

✿ معاویہ بن عمار سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے (قربانی کے) چمڑے کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: اسے صدقہ کردے یا اس کی مصلی بنادے جس سے گھر میں فائدہ اٹھا سکے اور یہ قصابوں کو نہ دے۔

پھر فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جانوروں کے چمڑے، جلال، چمڑا اور ہار قصابوں کو دینے سے منع فرمایا اور حکم دیا کہ ان چیزوں کو صدقہ کردیا جائے۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[4]

---

[1] علل الشرائع: ۲/۸ ۴۳۳ باب ۱۸۱؛ المحاسن: ۲/۰ ۳۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/ ۱۶۹ ح ۱۸۸۹۵؛ بحار الانوار: ۹۶/ ۲۸۵؛ دعائم الاسلام: ۲/ ۱۸۶؛ مستدرک الوسائل: ۱۰/ ۱۱۵ ح ۱۱۶۱۹

[2] جواہر الکلام: ۱۹/ ۲۲۶؛ نظریۃ السنۃ فی الفکر الامامی: ۲۱۷؛ بدایع البحوث: ۵/ ۲۱۰؛ شرح حلقات الاصول حیدری: ۱۹/ ۲۸۷؛ کتاب الحج شاہرودی: ۴/ ۲۴۵؛ حجیۃ السنۃ فی الفکر الاسلامی حب اللہ: ۲۷۸

[3] تہذیب الاحکام: ۵/ ۲۲۸ ح ۷۷۱؛ الاستبصار: ۲/ ۲۷۶ ح ۹۸۰؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/ ۱۷۴ ح ۱۸۹۰۹؛ الوافی: ۱۴/ ۱۱۷۰

[4] ملاذ الاخیار: ۸/ ۴۲۲؛ ریاض المسائل: ۶/ ۴۲۲؛ جواہر الکلام: ۱۹/ ۱۳۲؛ منتہی المطلب: ۱۱/ ۲۷۴؛ مدارک الاحکام: ۸/ ۷۶؛ مفاتیح الشرائع: ۱/ ۳۵۶؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/ ۶۶۲؛ کتاب الحج شاہرودی: ۴/ ۱۳۴

{1791} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ وَ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ جَمِيعاً عَنْ رِفَاعَةَ بْنِ مُوسَى قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الْمُتَمَتِّعِ لاَ يَجِدُ الْهَدْيَ قَالَ فَلْيَصُمْ قَبْلَ التَّرْوِيَةِ وَ يَوْمَ التَّرْوِيَةِ وَ يَوْمَ عَرَفَةَ قُلْتُ فَإِنَّهُ قَدِمَ يَوْمَ التَّرْوِيَةِ قَالَ يَصُومُ ثَلاَثَةَ أَيَّامٍ بَعْدَ التَّشْرِيقِ قُلْتُ لَمْ يُقِمْ عَلَيْهِ جَمَّالُهُ قَالَ يَصُومُ يَوْمَ الْحَصْبَةِ وَ بَعْدَهُ بِيَوْمَيْنِ قَالَ قُلْتُ وَ مَا الْحَصْبَةُ قَالَ يَوْمُ نَفْرِهِ قُلْتُ يَصُومُ وَ هُوَ مُسَافِرٌ قَالَ نَعَمْ أَ فَلَيْسَ هُوَ يَوْمَ عَرَفَةَ مُسَافِراً إِنَّا أَهْلُ بَيْتٍ نَقُولُ ذَلِكَ لِقَوْلِ اللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ فَصِيَامُ ثَلاثَةِ أَيَّامٍ فِي الْحَجِّ نَقُولُ فِي ذِي الْحِجَّةِ.

✿ رفاعہ بن موسیٰ سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا: حج تمتع کرنے والا ایک شخص ہے جسے (کسی بھی وجہ سے) قربانی دستیاب نہ ہو سکی تو (وہ کیا کرے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ تین دن اس طرح روزے رکھے کہ ایک روز ترویہ سے پہلے، دوسرا ترویہ کے دن اور تیسرا عرفہ کے دن ہو۔

میں نے عرض کیا: وہ آیا ہی ترویہ کے دن ہو تو (کیا کرے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ایام تشریق کے بعد تین روزے رکھے۔

میں نے عرض کیا: اتنی مدت شتربان نہ ٹھہرے تو (کیا کرے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: پہلا روزہ حصبہ کے دن رکھے اور اس کے بعد دو دن مزید۔

میں نے عرض کیا: حصبہ (کا دن) کیا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس کے (منیٰ سے) واپس لوٹنے کا دن (یعنی بارہ ذی الحجہ)

میں نے عرض کیا: تو کیا وہ سفر کی حالت میں روزہ رکھے گا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں کیا وہ عرفہ کے دن (اگر روزہ رکھتا تو) مسافر نہیں تھا؟ یقیناً ہم اہلبیت علیہم السلام اللہ کے اس قول کے مطابق کہتے ہیں کہ: "تین روزے ایام حج میں (البقرۃ:۱۹۶)"۔ اور ہم ذی الحجہ میں کہتے ہیں۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

---

[1] الکافی: ۴/۵۰۶ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۵/۳۸ ح ۱۴؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۱۷۸ ح ۱۸۹۱۹؛ الوافی: ۱۴/۱۱۸۳؛ تفسیر کنز الدقائق: ۲/۲۸۱؛ تفسیر البرہان: ۱/۴۲۱؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/۱۹۰

[2] مرآۃ العقول: ۱۸/۱۹۶؛ ملاذ الاخیار: ۷/۲۵۸؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۴/۲۱۲؛ فقہ الصادق: ۱۲/۸۷؛ مصباح الہدیٰ: ۹/۲۳؛ مسالک الافہام: ۲/۱۷۴؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۶۷۲؛ غنائم الایام: ۵/۲۵۰

{1792} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ سَعْدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنِ الْحُسَيْنِ عَنِ النَّضْرِ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ خَالِدٍ وَ عَلِيِّ بْنِ النُّعْمَانِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُسْكَانَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ خَالِدٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ تَمَتَّعَ وَ لَمْ يَجِدْ هَدْياً قَالَ يَصُومُ ثَلاَثَةَ أَيَّامٍ بِمَكَّةَ وَ سَبْعَةً إِذَا رَجَعَ إِلَى أَهْلِهِ فَإِنْ لَمْ يُقِمْ عَلَيْهِ أَصْحَابُهُ وَ لَمْ يَسْتَطِعِ الْمُقَامَ بِمَكَّةَ فَلْيَصُمْ عَشَرَةَ أَيَّامٍ إِذَا رَجَعَ إِلَى أَهْلِهِ.

سلیمان بن خالد سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے حج تمتع کیا مگر اسے قربانی نہ مل سکی تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: تین دن مکہ میں اور سات دن واپس گھر پہنچ کر روزے رکھے اور اگر اس کے ساتھی نہ رکیں اور وہ مکہ میں قیام نہ کر سکے تو پھر دس روزے ہی واپس گھر پہنچ کر رکھے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

قول مؤلف:

قربانی کے عوض دس روزے اسی طرح رکھنے کا حکم قرآن کی سورۃ البقرۃ آیت ۱۹۶ میں دیا گیا ہے (واللہ اعلم)

{1793} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ سُوَيْدٍ الْقَلاَّءِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: اَلْأُضْحِيَّةُ وَاجِبَةٌ عَلَى مَنْ وَجَدَ مِنْ صَغِيرٍ أَوْ كَبِيرٍ وَ هِيَ سُنَّةٌ.

امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: (عام شہروں میں) قربانی ہر اس بڑے اور چھوٹے پر واجب ہے جسے دستیاب ہو اور یہی سنت ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

قول مؤلف:

نیز ایک اور روایت ہے جسے شیخ صدوق نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے روایت کیا ہے کہ ایک بار جناب ام سلمہؓ رسول

---

[1] تہذیب الاحکام: ۵/ ۲۳۳ ح ۷۸۹؛ الاستبصار: ۲/ ۲۸۲ ح ۱۰۰۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/ ۱۸۰ ح ۱۸۹۲۵؛ الوافی: ۱۴/ ۱۱۸۷

[2] ملاذ الاخیار: ۸/ ۷۱؛ مدارک الاحکام: ۸/ ۵۸؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۴/ ۲۱۱؛ براہین الحج: ۳/ ۳۴۲؛ المعتمد: ۵/ ۷۶؛ تعالیق مبسوطہ: ۸/ ۵۴۸؛ کتاب الحج شاہرودی: ۴/ ۲۱۰؛ شرح العروۃ: ۲۹/ ۲۹۳؛ جواہر الکلام: ۱۹/ ۸۶؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/ ۶۷۲؛ تفصیل الشریعہ کتاب الحج: ۵/ ۳۴۰

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/ ۴۸۸ ح ۳۰۴۳؛ اقبال الاعمال: ۱/ ۳۴۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/ ۲۰۵ ح ۱۸۹۸۸؛ الوافی: ۱۳/ ۱۱۰۸

[4] روضۃ المتقین: ۵/ ۱۵۰؛ لوامع صاحبقرانی: ۸/ ۲۶۲؛ موسوعہ الفقہ الاسلامی: ۱۳/ ۳۹۳؛ کتاب الحج شاہرودی: ۴/ ۲۴۳؛ الموسوعہ الفقہیہ: ۳/ ۴۲۱؛ مدارک الاحکام: ۸/ ۸۱

اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ! عید قربان آجاتی ہے مگر میرے پاس قربانی کے لئے رقم نہیں ہے تو کیا میں قرض لے کر قربانی کر سکتی ہوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں قرض لے (کر بھی کرو) کیونکہ یہ وہ قرضہ ہے (منجانب اللہ) ادا کیا جائے گا۔[1] اور علماء میں وجوب سے مراد سنت مؤکدہ مشہور ہے۔ نیز امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے کسی جانور کو پال پوس کر ذبح کرنے کو ناپسندیدہ قرار دیا ہے۔[2] (واللہ اعلم)

{1794} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُوسَى بْنِ اَلْقَاسِمِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُذَافِرٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ يَزِيدَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: إِذَا ذَبَحْتَ أُضْحِيَّتَكَ فَاحْلِقْ رَأْسَكَ وَ اِغْتَسِلْ وَ قَلِّمْ أَظْفَارَكَ وَ خُذْ مِنْ شَارِبِكَ.

۞ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: (جب جانور ذبح کر چکو تو) پھر اپنا سر منڈواؤ اور غسل کرو اور اپنے ناخن کاٹو اور اپنی مونچھیں ترشواؤ۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[4]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث مجہول ہے۔[5]

{1795} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ وَ حُمَيْدِ بْنِ زِيَادٍ جَمِيعاً عَنِ اِبْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ: فِي رَجُلٍ زَارَ اَلْبَيْتَ قَبْلَ أَنْ يَحْلِقَ فَقَالَ إِنْ كَانَ زَارَ اَلْبَيْتَ قَبْلَ أَنْ يَحْلِقَ وَ هُوَ عَالِمٌ أَنَّ ذَلِكَ لاَ يَنْبَغِي لَهُ فَإِنَّ عَلَيْهِ دَمَ شَاةٍ.

۞ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے اس شخص کے بارے میں فرمایا جس نے (منیٰ میں) سر منڈوانے سے پہلے بیت اللہ کی زیارت کی (طواف الزیارۃ کیا) تو اگر اس نے جانتے ہوئے کہ اسے ایسا نہیں کرنا چاہیے، ایسا کیا ہے تو

---

[1] علل الشرائع: ۲/۴۴۰ باب ۱۸۳؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/۲۱۳ ح ۲۱۹۱ و ۲۱۹۲؛ الوافی: ۱۳/۱۱۰۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۲۱۰؛ بحار الانوار: ۹۶/۲۹۷؛ اقبال الاعمال: ۱/۴۵۰

[2] الکافی: ۴/۵۴۴ ح ۲۰؛ تہذیب الاحکام: ۹/۸۳ ح ۸۵۷؛ الوافی: ۱۳/۱۱۲۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۲۰۸ ح ۱۸۹۹۸؛ و ۲۴/۹۱ ح

[3] تہذیب الاحکام: ۵/۲۴۰ ح ۸۰۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۲۱۱ ح ۱۹۰۰۵؛ الوافی: ۱۴/۱۲۰۹

[4] سداد العباد: ۲۹۶؛ براھین الحج: ۴/۴؛ سند العروہ (الحج): ۴/۲۳۵؛ مہذب الاحکام: ۱۴/۳۵۴؛ مدارک الاحکام: ۸/۱۱۲؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۴/۳۶۷؛ موسوعہ الفقہ الاسلامی: ۱۴/۲۳۸

[5] ملاذ الاخیار: ۸/۸۲

پھر اس پر ایک بکری کا خون بہانا واجب ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1796} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ يَقْطِينٍ عَنْ أَخِيهِ الْحُسَيْنِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَقْطِينٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الْمَرْأَةِ رَمَتْ وَ ذَبَحَتْ وَ لَمْ تُقَصِّرْ حَتَّى زَارَتِ الْبَيْتَ فَطَافَتْ وَ سَعَتْ مِنَ اللَّيْلِ مَا حَالُهَا وَ مَا حَالُ الرَّجُلِ إِذَا فَعَلَ ذَلِكَ قَالَ لاَ بَأْسَ بِهِ يُقَصِّرُ وَ يَطُوفُ لِلْحَجِّ ثُمَّ يَطُوفُ لِلزِّيَارَةِ ثُمَّ قَدْ أَحَلَّ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ.

علی بن یقطین سے روایت ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک عورت نے رمی (جمرہ) کیا اور جانور ذبح کیا مگر تقصیر نہیں کی یہاں تک کہ اس نے بیت اللہ کی زیارت کی اور رات کے وقت سعی بھی کی تو اس کا کیا حال ہوگا اور جب کوئی مرد ایسا کرے تو اس کا کیا حال ہوگا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے (یعنی حج درست ہے) وہ (پہلے) تقصیر کرے اور (پھر) خانہ کعبہ کا طواف حج کرے پھر طواف زیارت کرے بعد ازاں وہ ہر چیز سے محل ہو جائے گا۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{1797} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُوسَى بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: كَانَ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ يَدْفِنُ شَعْرَهُ فِي فُسْطَاطِهِ بِمِنًى وَ يَقُولُ كَانُوا يَسْتَحِبُّونَ ذَلِكَ قَالَ وَ كَانَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ يَكْرَهُ أَنْ يُخْرِجَ الشَّعْرُ مِنْ مِنًى يَقُولُ مَنْ أَخْرَجَهُ فَعَلَيْهِ أَنْ يَرُدَّهُ.

---

[1] الکافی: ۵۰۵/۴ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۲۴۰/۵ ح ۸۰۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۳۸/۱۴ ح ۱۹۰۸۲؛ الوافی: ۱۲۴۰/۱۴؛ نزہۃ الناظر: ۶۹

[2] مرآۃ العقول: ۹۱/۱۸؛ ملاذ الاخیار: ۸۳/۸؛ فقہ الصادق: ۱۳۳/۱۲؛ الحج فی الشریعہ: ۲۱/۵؛ فقہ الحج: ۲۸۷/۴؛ سند العروہ کتاب الحج: ۲۵۵/۴؛ المہذب فی مناسک: ۸۰/۳؛ تفصیل الشریعہ: ۷/۱۵؛ ۳ تنقیح مبانی الحج: ۲۷/۳؛ مدارک الاحکام: ۹۳/۸

[3] تہذیب الاحکام: ۲۴۱/۵ ح ۸۱۱؛ الوافی: ۱۲۳۹/۱۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۱۷/۱۴ ح ۱۹۰۲۲؛

[4] ملاذ الاخیار: ۸۵/۸؛ ذخیرۃ المعاد: ۶۸۳/۲؛ فقہ الحج: ۲۸۷/۴؛ فقہ الصادق: ۱۴۱/۱۲؛ تنقیح مبانی الحج: ۲۱۳/۳؛ تذکرۃ الفقہاء: ۳۳۸/۸؛ سند العروہ کتاب الحج: ۱۵۴/۴؛ منتھی المطلب: ۳۳۹/۱۱؛ تعالیق مبسوطہ: ۵۰۰؛ شرح حاز مدرانی: ۴۵۵/۵؛ براہین الحج: ۱۲/۴؛ مدارک الاحکام: ۹۳/۸؛ جواہر الکلام: ۲۴۰/۱۹

⚙ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: امام زین العابدین علیہ السلام (حلق یا تقصیر کرا کے) اپنے بالوں کو بمقام منیٰ اپنے خیمہ کے اندر دفن کر دیتے تھے اور فرماتے تھے کہ (سابقہ لوگ) اسے مستحب جانتے تھے۔ راوی کا بیان ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام بالوں کو منیٰ سے باہر لے جانا مکروہ جانتے تھے اور فرماتے تھے کہ جو باہر لے جائے اس پر لازم ہے کہ وہ واپس پلٹائے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1798} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: يَنْبَغِي لِلصَّرُورَةِ أَنْ يَحْلِقَ وَإِنْ كَانَ قَدْ حَجَّ فَإِنْ شَاءَ قَصَّرَ وَإِنْ شَاءَ حَلَقَ قَالَ وَإِذَا لَبَّدَ شَعْرَهُ أَوْ عَقَصَهُ فَإِنَّ عَلَيْهِ الْحَلْقَ وَلَيْسَ لَهُ التَّقْصِيرُ.

⚙ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: صرورہ (پہلی بار حج کرنے والے) کو چاہیے کہ وہ سر منڈوائے اور اگر اس نے (پہلے بھی) حج کیا ہوا ہے تو پھر چاہے تو تقصیر کرے اور چاہے تو حلق کرے اور اگر اس کے بال جڑے ہوئے ہوں یا اس نے جوڑا بنا رکھا ہو تو اس پر حلق لازم ہے اور اس کے لیے تقصیر (جائز) نہیں ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{1799} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُوسَى بْنِ الْقَاسِمِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لَيْسَ عَلَى النِّسَاءِ حَلْقٌ وَعَلَيْهِنَّ التَّقْصِيرُ الْحَدِيثَ.

⚙ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: عورتوں پر سر منڈوانا لازم نہیں بلکہ ان پر تقصیر کرنا لازم ہے۔ [5]

---

[1] تہذیب الاحکام: ۵/ ۲۴۲ ح ۸۱۵؛ الاستبصار: ۲/ ۲۸۶ ح ۱۰۱۴؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/ ۲۲۰ ح ۱۹۰۳۳؛ الوافی: ۱۴/ ۱۲۰۸؛ مستدرک الوسائل: ۱۰/ ۱۳۴ ح ۱۱۶۸

[2] ملاذ الاخیار: ۸/ ۸۷؛ موسوعہ شہید اول: ۱۹/۱۱ ۳؛ جواہر الکلام: ۱۹/ ۲۴۳؛ براہین الحج: ۴/ ۱۳؛ ریاض المسائل: ۶/ ۴۷۸؛ شرح فروع مازندرانی: ۵/ ۴۵۶؛ تعالیق مبسوطہ: ۵۸۶؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/ ۶۸۲؛ مدارک الاحکام: ۸/ ۹۷؛ تذکرۃ الفقہا: ۸/ ۳۳۹

[3] تہذیب الاحکام: ۵/ ۲۴۳ ح ۸۲۶؛ الکافی: ۴/ ۵۰۲ ح ۶؛ الوافی: ۱۴/ ۱۲۰۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/ ۲۲۱ ح ۱۹۰۳۷؛ ہدایۃ الامہ: ۵/ ۳۲۰

[4] ملاذ الاخیار: ۸/ ۸۹؛ منتھی المطلب: ۱۱/ ۳۳۱؛ تعالیق مبسوطہ: ۶/ ۵۷؛ فقہ الصادق: ۱۲/ ۱۳۰؛ مدارک الاحکام: ۸/ ۹۰؛ فقہ الحج: ۴/ ۲۷۳؛ شرح مازندرانی: ۵/ ۴۴۷؛ براہین الحج: ۴/ ۶؛ تفصیل الشریعہ: ۱۵/ ۳۵۷؛ شرح العروۃ: ۲۹/ ۱۹۰؛ سند العروہ کتاب الحج: ۴/ ۲۳۹؛ موسوعہ الفقہ الاسلامی: ۶/ ۴۲۹؛ جواہر الکلام: ۱۹/ ۲۳۵

[5] تہذیب الاحکام: ۵/ ۳۹۰ ح ۱۳۶۳؛ الوافی: ۱۳/ ۹۸۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۱/ ۲۹۷ ح ۱۴۸۳۷

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [1]

{1801} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ غِيَاثِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ جَعْفَرٍ عَنْ آبَائِهِ عَنْ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: اَلسُّنَّةُ فِي اَلْحَلْقِ أَنْ يَبْلُغَ اَلْعَظْمَيْنِ.

امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: سر منڈوانے میں سنت یہ ہے کہ سر کی دونوں بڑی ہڈیوں تک پہنچ جائے۔ [2]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [3]

{1801} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَلْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَبُو بَصِيرٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ مُتَمَتِّعٍ أَرَادَ أَنْ يُقَصِّرَ فَحَلَقَ رَأْسَهُ قَالَ عَلَيْهِ دَمٌ يُهَرِيقُهُ فَإِذَا كَانَ يَوْمُ اَلنَّحْرِ أَمَرَّ اَلْمُوسَى عَلَى رَأْسِهِ حِينَ يُرِيدُ أَنْ يَحْلِقَ.

ابوبصیر سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص عمرہ تمتع کر رہا ہے اور اس کا ارادہ ہوا کہ تقصیر کرے مگر اس نے سارا سر منڈوا لیا تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب تم اسے پانچ کاموں سے الگ تھلگ کرلو تو پھر جس کام میں چاہو لگاؤ (وہ پانچ کام یہ ہیں): اسے کسی زرگر کے حوالے نہ کرنا کیونکہ زرگر سود سے بچ نہیں سکتا؛ اسے کبھی کفن فروش نہ کرنا کیونکہ کفن فروش وبا سے خوش ہوتا ہے، اسے کسی خوراک فروش کے حوالے نہ کرنا کیونکہ خوراک فروش احتکار (گراں فروشی کے لئے روک رکھنے) سے محفوظ نہیں رہتا، اسے کسی قصاب کے حوالے نہ کرنا کیونکہ قصاب کے دل سے رؤفت و محبت سلب کرلی جاتی ہے اور اسے کسی نخاس (غلام بیچنے والے) کے حوالے نہ کرنا کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ بدترین انسان وہ ہے جو انسان فروخت کرے۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [2]

---

[1] الکافی: ۵/۱۱۴ ح ۴؛ تہذیب الاحکام: ۶/۳۶۱ ح ۱۰۳۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۱۳۵ ح ۲۲۱۸۶؛ الاستبصار: ۳/۶۲ ح ۲۰۸؛ علل الشرائع: ۲/۵۳۰ باب ۳۱۴؛ بحار الانوار: ۲۲/۵۹ و ۵۹/۷۵ و ۸۳/۱۰۳ و ۷۷
[2] مرآۃ العقول: ۱۹/۶۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/۳۴۵

{1833} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَسْبَاطٍ رَفَعَهُ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ عَنِ السَّوْمِ مَا بَيْنَ طُلُوعِ الْفَجْرِ إِلَى طُلُوعِ الشَّمْسِ.

۞ علی بن اسباط نے مرفوع روایت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے طلوع فجر اور طلوع آفتاب کے درمیان بھاؤ مقرر کرنے کی مناہی فرمائی ہے۔[1]

تحقیق:

حدیث مرفوع ہے[2] اور اسی کے مطابق فتویٰ بھی موجود ہے۔[3]

{1834} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبُو عَلِيٍّ الْأَشْعَرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شِمْرٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ: لاَ يَتَلَقَّى أَحَدُكُمْ تِجَارَةً خَارِجاً مِنَ الْمِصْرِ وَ لاَ يَبِيعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ وَ الْمُسْلِمُونَ يَرْزُقُ اللَّهُ بَعْضَهُمْ مِنْ بَعْضٍ.

۞ عروہ بن عبداللہ سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے کہ تم میں سے کوئی شخص شہر سے باہر جا کر تجارت (کے قافلے) کا استقبال نہ کرے اور کوئی شہری کسی دیہاتی کا نمائندہ بن کر اس کا مال فروخت نہ کرے اور اللہ بعض مسلمانوں کو دوسرے بعض سے روزی دیتا ہے۔[4]

تحقیق:

حدیث قوی ہے۔[5]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث ضعیف ہے[6] اور فتویٰ اسی کے مطابق موجود ہے کہ جو شخص اسی شہر کا باشندہ ہے اور باہر سے آنے والے مسافر تاجروں کا وکیل بنے تا کہ ان کے لئے خرید و فروخت کرے (تو یہ مکروہ ہے) بلکہ احتیاط مستحب یہ ہے

---

[1] الکافی: ۵ /۱۵۲ح ۱۲؛ تہذیب الاحکام: ۷ /۸ح ۲۸؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳ /۱۹۶ح ۳۷۲۱؛ الوافی: ۱۷ /۴۳۵؛ وسائل الشیعہ: ۱۷ /۳۹۹ح ۲۲۸۴۰؛ ھدایۃ الامۃ: ۶ /۱۲۴

[2] مرآۃ العقول: ۱۹ /۳۱۸؛ ملاذ الاخیار: ۱۰ /۳۶۷

[3] توضیح المسائل آقا سیستانی: ۳۰۳ف ۲۰۱۱

[4] الکافی: ۵ /۱۶۸ح ۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳ /۲۷۳ح ۳۹۸۸؛ تہذیب الاحکام: ۷ /۱۵۸ح ۶۹۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۷ /۴۴۴ح ۲۲۹۵۳؛ الوافی: ۱۷ /۳۹۹

[5] روضۃ المتقین: ۷ /۲۶۹

[6] مرآۃ العقول: ۱۹ /۲۶۰؛ ملاذ الاخیار: ۱۱ /۲۶۳

کہ اسے ترک کرے۔ [1]

﴿حرام معاملات﴾

{1835} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عُلْوَانَ عَنْ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ آبَائِهِ عَلَيْهِمُ السَّلاَمُ قَالَ: لَعَنَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ الْخَمْرَ وَ عَاصِرَهَا وَ مُعْتَصِرَهَا وَ بَائِعَهَا وَ مُشْتَرِيَهَا وَ سَاقِيَهَا وَ آكِلَ ثَمَنِهَا وَ شَارِبَهَا وَ حَامِلَهَا وَ الْمَحْمُولَةَ إِلَيْهِ.

۞ زید بن علی علیہ السلام نے اپنے آبائے طاہرین علیہم السلام سے روایت کی ہے کہ انہوں نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شراب پر؛ اس کے نچوڑنے والے پر، اس کے بیچنے والے پر، اس کے خریدار پر، اس کے پلانے والے پر، اس کی قیمت کھانے والے پر، اس کے پینے والے پر، اس کے اٹھانے والے پر، اور جس کے لئے اٹھا کر لے جایا جائے اس پر لعنت کی ہے۔ [2]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [3]

{1836} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى وَ غَيْرُهُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْمَاعِيلَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي الْحَسَنِ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ مَا تَقُولُ فِي شُرْبِ الْفُقَّاعِ فَقَالَ خَمْرٌ مَجْهُولٌ يَا سُلَيْمَانُ فَلاَ تَشْرَبْهُ أَمَا إِنَّهُ يَا سُلَيْمَانُ لَوْ كَانَ الْحُكْمُ لِي وَ الدَّارُ لِي لَجَلَدْتُ شَارِبَهُ وَ لَقَتَلْتُ بَائِعَهُ.

۞ سلیمان بن جعفر سے روایت ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام سے عرض کیا کہ آپ علیہ السلام فقاع کے پینے کے بارے میں کیا فرماتے ہیں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اے سلیمان! یہ مجہول قسم کی شراب ہے اسے مت پئیں اور اے سلیمان! اگر میرا حکم چلتا اور گھر بھی میرا ہوتا تو میں اس کے پینے والے پر حد جاری کرتا اور اس کے فروخت کرنے والے کو قتل کر دیتا۔ [4]

---

[1] توضیح المسائل آغا سیستانی: ۳۰۳ ف ۲۰۱۱

[2] الکافی: ۶/۳۹۸ ح ۱۰؛ تہذیب الاحکام ۹/۱۰۴ ح ۱۵۱؛ الوافی: ۲۰/۶۱۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۵/۳۷۵ ح ۳۲۱۹۳؛ بحار الانوار: ۷۹/۴۹۳؛ مستدرک الوسائل: ۱۳/۱۸۲ ح ۱۵۰۴۲؛ دعائم الاسلام: ۲/۱۳۱

[3] مرآۃ العقول: ۲۲/۲۵۴؛ آراء الفقہیہ: ۹۸؛ ارشاد الطالب: ۳۳

[4] الکافی: ۶/۴۲۳ ح ۱۰؛ تہذیب الاحکام: ۹/۱۲۴ ح ۵۳۹؛ الوافی: ۲۰/۶۶۳؛ مستدرک الوسائل: ۱۳/۱۸۴ ح ۱۵۰۴۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۲۲۵ ح ۲۲۳۹۰؛ الاستبصار: ۴/۹۵ ح ۲۴؛ الکافی: ۶/۴۲۲ ح ۱؛ الوافی: ۲۰/۶۵۹

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (1)

{1837} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ فَضَالَةَ عَنْ أَبَانٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ وَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: ثَمَنُ الْكَلْبِ الَّذِي لاَ يَصِيدُ سُحْتٌ قَالَ وَ لاَ بَأْسَ بِثَمَنِ الْهِرِّ.

عبدالرحمن بن ابی عبداللہ سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو کتا شکاری نہیں ہے اس کے قیمت حرام ہے۔
پھر فرمایا: اور بلی کی قیمت میں کوئی حرج نہیں ہے۔ (2)

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق ہے۔ (3)

{1838} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي نَجْرَانَ عَنْ بَعْضِ أَصْحَابِنَا عَنِ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ نَصْرَانِيٍّ أَسْلَمَ وَ عِنْدَهُ خَمْرٌ وَ خَنَازِيرُ وَ عَلَيْهِ دَيْنٌ هَلْ يَبِيعُ خَمْرَهُ وَ خَنَازِيرَهُ وَ يَقْضِي دَيْنَهُ قَالَ لاَ.

ابن ابی نجران اپنے بعض اصحاب سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا: میں نے امام علی رضا علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک نصرانی شخص مسلمان ہوا جس کے پاس کچھ شراب تھی اور کچھ خنزیر تھے اور وہ مقروض بھی تھا تو کیا انہیں فروخت کر کے اس کا قرضہ ادا کیا جاسکتا ہے؟
آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں۔ (4)

تحقیق:

حدیث مرسل ابن ابی نجران امام علی رضا علیہ السلام کی طرف صحیح ہے (5) اور فتوی بھی اس کے مطابق ہے۔ (6)

---

(1) الآراء الفقہیہ: ۱/۱۰۵
(2) تہذیب الاحکام: ۶/۳۵۶ ح ۱۰۱۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۱۱۹ ح ۲۲۱۳۷؛ الوافی: ۱۷/۲۷۹
(3) الآراء الفقہیہ: ۲۹۰،۳۲۹؛ ارشاد الطالب: ۱۰۹؛ انوار الفقاہۃ کتاب التجارۃ: ۹۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/۳۳۲
(4) الکافی: ۵/۲۳۲ ح ۱۴ و ۲۳۱ ح ۵؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۲۲۶ ح ۲۲۳۹۶؛ الوافی: ۱۷/۲۵۱
(5) جواہر الکلام: ۲۵/۵۲
(6) توضیح المسائل آقا سیستانی: ۲۰۳۰ ف ۲۰۱۲

{1839} عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ أَخِيهِ مُوسَى بْنِ جَعْفَرٍ عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ حُبِّ دُهْنٍ مَاتَتْ فِيهِ فَأْرَةٌ قَالَ لاَ تَدَّهِنْ بِهِ وَلاَ تَبِعْهُ مِنْ مُسْلِمٍ.

۞ علی بن جعفر علیہ السلام سے روایت ہے کہ میں نے اپنے بھائی امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ تیل کے مٹکے میں چوہا مر گیا (اور وہ نجس ہو گیا) تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہ یہ تیل لگاؤ اور نہ ہی کسی مسلمان کے ہاتھ اسے فروخت کرو۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1840} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى قَالَ: كَتَبَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ إِلَى أَبِي مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ رَجُلٌ اشْتَرَى مِنْ رَجُلٍ ضَيْعَةً أَوْ خَادِماً بِمَالٍ أَخَذَهُ مِنْ قَطْعِ الطَّرِيقِ أَوْ مِنْ سَرِقَةٍ هَلْ يَحِلُّ لَهُ مَا يَدْخُلُ عَلَيْهِ مِنْ ثَمَرَةِ هَذِهِ الضَّيْعَةِ أَوْ يَحِلُّ لَهُ أَنْ يَطَأَ هَذَا الْفَرْجَ الَّذِي اشْتَرَاهُ مِنْ سَرِقَةٍ أَوْ مِنْ قَطْعِ طَرِيقٍ فَوَقَّعَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ. لاَ خَيْرَ فِي شَيْءٍ أَصْلُهُ حَرَامٌ وَلاَ يَحِلُّ اسْتِعْمَالُهُ.

۞ محمد بن یحییٰ سے روایت ہے کہ محمد بن حسن نے امام حسن عسکری علیہ السلام کی خدمت میں خط لکھا جس میں یہ مسئلہ پوچھا کہ ایک شخص نے کچھ جائیداد یا خادم کچھ مال سے خریدا ہے جو اس نے ڈاکہ زنی یا چوری سے حاصل کیا تھا تو وہ اس جائیداد کا پھل کھا سکتا ہے اور اس کنیز سے مباشرت کر سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے جواب میں لکھا کہ اس چیز میں کوئی خیر و خوبی نہیں ہے جس کی اصل حرام ہے اور اس کا استعمال حلال نہیں ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{1841} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سِنَانٍ قَالَ قَالَ أَبُو

---

[1] قرب الاسناد: ۲۶۱؛ مسائل علی بن جعفرؑ ۲۱۴؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۱۰۰ ح ۲۲۰۸۴؛ بحار الانوار: ۷۷/۴۷

[2] الانوار اللوامع: ۱۱/۲۸۰

[3] الکافی: ۵/۱۲۵ ح ۸؛ تہذیب الاحکام: ۶/۳۹۶ ح ۱۰۶۷ و ۷/۱۳۸ ح ۶۱۴؛ الاستبصار: ۳/۶۷ ح ۲۲۴؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۸۶ ح ۲۲۰۴۸؛ الوافی: ۱۷/۶۴

[4] مرآۃ العقول: ۱۹/۹۰؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/۲۶۹ و ۱۱/۲۰۸

عَبْدِ اللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ : كُلُّ شَيْءٍ يَكُونُ فِيهِ حَلاَلٌ وَ حَرَامٌ فَهُوَ لَكَ حَلاَلٌ أَبَداً حَتَّى تَعْرِفَ الْحَرَامَ مِنْهُ بِعَيْنِهِ فَتَدَعَهُ .

❁ عبداللہ بن سنان سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ہر وہ چیز جس میں حلال وحرام (دونوں) موجود ہوں تو اس وقت تک تمہارے لئے حلال ہے جب تک تمہارے لئے حرام کی پہچان نہ ہوجائے اور جب (پہچان) ہوجائے تو اسے ترک کردو۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1842} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ وَ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنِ ابْنِ رِئَابٍ عَنْ عَمَّارِ بْنِ مَرْوَانَ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الْغُلُولِ قَالَ كُلُّ شَيْءٍ غُلَّ مِنَ الْإِمَامِ فَهُوَ سُحْتٌ وَ أَكْلُ مَالِ الْيَتِيمِ وَ شِبْهُهُ سُحْتٌ وَ السُّحْتُ أَنْوَاعٌ كَثِيرَةٌ مِنْهَا أُجُورُ الْفَوَاجِرِ وَ ثَمَنُ الْخَمْرِ وَ النَّبِيذِ الْمُسْكِرِ وَ الرِّبَا بَعْدَ الْبَيِّنَةِ فَأَمَّا الرِّشَا فِي الْحُكْمِ فَإِنَّ ذَلِكَ الْكُفْرُ بِاللّٰهِ الْعَظِيمِ وَ بِرَسُولِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ .

❁ عمار بن مروان سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے غلول (مال غنیمت میں سے خیانت کے ساتھ حاصل کردہ مال) کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہر وہ چیز جو امام سے چرائی جائے وہ حرام ہے اور یتیم کا مال کھانا یا اس جیسا مال بھی حرام ہے اور حرام کی بہت سی قسمیں ہیں اور فاجر عورت کی اجرت، شراب ونبیذ اور مسکر (ہر نشہ آور چیز) کی قیمت اور بینہ کے بعد سود بھی انہی قسموں میں سے ہیں اور جہاں تک حکم (فیصلہ) میں رشوت لینے کا تعلق ہے تو وہ خدائے عظیم اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ کفر ہے۔ [3]

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۴۱ ح ۴۲۰۸؛ الکافی: ۵/۳۱۳ ح ۳۹؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۲۶ ح ۹۸۸ و ۹/۷۹ ح ۳۳۷؛ الوافی: ۱۷/۶۱؛ السرائر: ۳/۵۹۴؛ عوالی اللئالی: ۳/۴۶۵؛ مستدرک الوسائل: ۱۳/۶۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۸۷ ح ۲۲۰۵۰؛ الفصول المہمہ: ۲/۳۴۹

[2] روضۃ المتقین: ۷/۲۶۷؛ رسالہ فی اللباس المشکوک: ۵۱؛ الوافیہ: ۲۰۷؛ الآراء الفقہیہ: ۳/۲۵۳؛ منہاج الاصول: ۲/۳۱؛ عمدۃ الاصول: ۵/۸۳؛ حدود الشریعہ: ۴۷۷؛ المرتقی الی الفقہ: ۲۶۱؛ کفایۃ الاصول: ۵/۱۰۳؛ سند العروۃ کتاب الطہارۃ: ۲۴۳؛ جواہر الکلام فی ثوبہ: ۴/۸۷۳؛ منتہی المطلب: ۱۵/۲۶۴؛ قواعد الفقیہ: ۱۳۳؛ الاصول الاصیلہ: ۴۷؛ منتہی الدرایہ: ۵/۲۳۱؛ تتمیم کتاب اصول الفقہ: ۹۳؛ رسائل المیرزا القمی: ۸۷۲؛ بحر الفوائد: ۴/۲۹۰؛ تفصیل الشریعہ: ۷/۲۴۵

[3] الکافی: ۵/۱۲۶ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۶/۳۶۸ ح ۱۰۶۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۹۲ ح ۲۲۰۵۷؛ تفسیر البرہان: ۲/۳۰۲؛ تفسیر کنز الدقائق: ۴/۱۲۰؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/۶۳۳؛ الوافی: ۱۷/۲۸۰؛ تفسیر الصافی: ۲/۳۷؛ فقہ القرآن: ۲/۲۶؛ تفسیر العیاشی: ۱/۳۲۱؛ ہدایۃ الامہ: ۱/۵۴

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[1]

{1843} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عِيسَى عَنْ سَمَاعَةَ قَالَ قَالَ: اَلسُّحْتُ أَنْوَاعٌ كَثِيرَةٌ مِنْهَا كَسْبُ الْحَجَّامِ وَأَجْرُ الزَّانِيَةِ وَثَمَنُ الْخَمْرِ.

❁ سماعہ سے روایت ہے کہ امام (جعفر صادق علیہ السلام) نے فرمایا: حرام کی کئی قسمیں ہیں اور حجام کی کمائی؛ زانیہ عورت کی اجرت اور شراب کی قیمت انہی قسموں میں سے ہیں۔[2]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔[3]

قول مؤلف:

کافی اور تہذیب کی ایک روایت میں حجام کی کمائی کے بارے میں ان الفاظ کا اضافہ ہے کہ جب وہ طے کرے تب منع ہے۔[4] (واللہ اعلم)

{1844} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَمَاعَةَ عَنْ أَحْمَدَ الْمِيثَمِيِّ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ وَهْبٍ وَ غَيْرِهِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ: فِي جُرَذٍ مَاتَ فِي زَيْتٍ مَا تَقُولُ فِي بَيْعِ ذَلِكَ قَالَ بِعْهُ وَ بَيِّنْهُ لِمَنِ اشْتَرَاهُ لِيَسْتَصْبِحَ بِهِ.

❁ معاویہ بن وہب وغیرہ نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک بڑا چوہا تیل میں مر گیا تو آپ علیہ السلام اس کی فروخت کے بارے میں کیا فرماتے ہیں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اسے فروخت کر اور خریدار کو صورت حال واضح کر دے تاکہ وہ اس سے چراغ جلائے۔[5]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق ہے۔[6]

---

[1] مرآۃ العقول: ۱۹/۹۲؛ الآراء الفقہیہ: ۹۹؛ مسالک الافہام: ۳/۱۰؛ کتاب القضاء گلپائیگانی: ۱/۱۰۱؛ القضاء والشہادات: ۹۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/۳۶۵

[2] تہذیب الاحکام: ۶/۳۵۵ ح ۱۰۱۳؛ الاستبصار: ۳/۵۹ ح ۳۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۹۳ ح ۲۲۰۶۲؛ الکافی: ۵/۱۲۷ ح ۳؛ الوافی: ۱۶/۹۰۷

[3] ملاذ الاخیار: ۱۰/۳۳۰؛ الآراء الفقہیہ: ۲/۱۴۸

[4] الکافی: ۵/۱۲۷ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۶/۳۵۵ ح ۲۲۰۸۷؛ الوافی: ۱۶/۹۰۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۹۲ ح ۲۲۰۵۸

[5] تہذیب الاحکام: ۷/۱۲۹ ح ۵۶۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۹۸ ح ۲۲۰۸۷؛ الوافی: ۱۷/۲۸۵؛ تہذیب الاحکام: ۹/۸۵ ح

[6] فقہ الصادقؑ: ۱۴/۹۵؛ منہاج الفقاہۃ: ۱۰۹؛ حدود والشریعہ: ۹/۳۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/۲۹۹؛ عوالی اللئالی: ۲/۲۹۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۷۸؛ الآراء الفقہیہ: ۱۳۳؛ سند العروۃ کتاب الطہارۃ: ۲۶۸

{1845} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي حَمْزَةَ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ كَسْبِ الْمُغَنِّيَاتِ فَقَالَ الَّتِي يَدْخُلُ عَلَيْهَا الرِّجَالُ حَرَامٌ وَ الَّتِي تُدْعَى إِلَى الْأَعْرَاسِ لَيْسَ بِهِ بَأْسٌ وَ هُوَ قَوْلُ اللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ وَ مِنَ النَّاسِ مَنْ يَشْتَرِي لَهْوَ الْحَدِيثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ.

ابوبصیر سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے گانے والی عورتوں کی کمائی کے بارے میں سوال کیا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ جن پر مرد داخل ہوتے ہیں (اور سنتے ہیں) وہ حرام ہے اور وہ (گانے والیاں) جن کو شادی بیاہ میں بلایا جاتا ہے (تاکہ دلہن کو رخصت کریں) تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اور اسی بارے میں اللہ کا یہ ارشاد گرامی ہے کہ "اور لوگوں میں سے کچھ ایسے ہیں جو لہو الحدیث کو خرید تے ہیں تا کہ اللہ کی سبیل سے گمراہ کریں (لقمان:٦)"[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث ضعیف علی المشہور ہے[3] یا پھر موثق یا ضعیف ہے[4]

{1846} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ النَّضْرِ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ يَحْيَى الْحَلَبِيِّ عَنْ أَيُّوبَ بْنِ الْحُرِّ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: أَجْرُ الْمُغَنِّيَةِ الَّتِي تَزُفُّ الْعَرَائِسَ لَيْسَ بِهِ بَأْسٌ لَيْسَتْ بِالَّتِي يَدْخُلُ عَلَيْهَا الرِّجَالُ.

ابوبصیر سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اس مغنیہ کی اجرت میں کوئی حرج نہیں ہے جو دلہنوں کو رخصت کرتی ہے کیونکہ یہ وہ ہے جس پر مردوں کا داخلہ نہیں ہوتا ہے۔[5]

---

[1] الکافی: ۱۱۹/۵ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۵۸/۶ ح ۱۰۲۴ ح ۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۲۰/۱۷ ح ۲۲۱۴۴؛ الاستبصار: ۶۲/۳ ح ۲۰۷؛ الوافی: ۲۰۵/۱۷؛ تفسیر نورالثقلین: ۱۹۳/۴؛ تفسیر کنز الدقائق: ۲۲۹/۱۰؛ تفسیر الصافی: ۱۳۰/۴

[2] غنا و موسیقی محتاری: ۴۰/۱۱۷؛ المواھب فی تحریر احکام المکاسب: ۵۵۳، بحوث فقہیہ مکارم ۷۳

[3] مرآۃ العقول: ۸۰/۱۹

[4] ملاذ الاخیار: ۳۳۶/۱۰

[5] الکافی: ۱۲۰/۵ ح ۳؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۱۶۱/۳ ح ۳۵۸۹؛ تہذیب الاحکام: ۵۷/۶ ح ۱۰۲۲ ح ۳؛ الاستبصار: ۶۲/۳ ح ۲۰۵؛ الوافی: ۲۰۶/۱۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۲۱/۱۷ ح ۲۲۱۴۶؛ تفسیر الصافی: ۷۲/۱

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ①

{1847} عَبْدُ اللَّهِ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ أَخِيهِ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الْغِنَاءِ هَلْ يَصْلُحُ فِي الْفِطْرِ وَ الْأَضْحَى وَ الْفَرَحِ قَالَ لاَ بَأْسَ بِهِ مَا لَمْ يُعْصَ بِهِ.

❁ علی بن جعفر علیہ السلام سے روایت ہے کہ میں نے اپنے بھائی امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ کیا عید الفطر اور عید الاضحیٰ اور فرح وسرور (خوشی) کے موقع پر غناء (موسیقی) جائز ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے جب تک کہ اس میں گناہ نہ کیا جائے۔ ②

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ③

{1848} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي نَصْرٍ عَنْ هَارُونَ بْنِ الْجَهْمِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لَمَّا هَاجَرَتِ النِّسَاءُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ هَاجَرَتْ فِيهِنَّ امْرَأَةٌ يُقَالُ لَهَا أُمُّ حَبِيبٍ وَ كَانَتْ خَافِضَةً تَخْفِضُ الْجَوَارِيَ فَلَمَّا رَآهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ قَالَ لَهَا يَا أُمَّ حَبِيبٍ الْعَمَلُ الَّذِي كَانَ فِي يَدِكِ هُوَ فِي يَدِكِ الْيَوْمَ قَالَتْ نَعَمْ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِلاَّ أَنْ يَكُونَ حَرَاماً فَتَنْهَانِي عَنْهُ فَقَالَ لاَ بَلْ حَلاَلٌ فَادْنِي مِنِّي حَتَّى أُعَلِّمَكِ قَالَتْ فَدَنَوْتُ مِنْهُ فَقَالَ يَا أُمَّ حَبِيبٍ إِذَا أَنْتِ فَعَلْتِ فَلاَ تَنْهَكِي أَيْ لاَ تَسْتَأْصِلِي وَ أَشِمِّي فَإِنَّهُ أَشْرَقُ لِلْوَجْهِ وَ أَحْظَى عِنْدَ الزَّوْجِ قَالَ وَ كَانَ لِأُمِّ حَبِيبٍ أُخْتٌ يُقَالُ لَهَا أُمُّ عَطِيَّةَ وَ كَانَتْ مُقَيِّنَةً يَعْنِي مَاشِطَةً فَلَمَّا انْصَرَفَتْ أُمُّ حَبِيبٍ إِلَى أُخْتِهَا أَخْبَرَتْهَا بِمَا قَالَ لَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ فَأَقْبَلَتْ أُمُّ عَطِيَّةَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ فَأَخْبَرَتْهُ بِمَا قَالَتْ لَهَا أُخْتُهَا فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ ادْنِي مِنِّي يَا أُمَّ عَطِيَّةَ إِذَا أَنْتِ قَيَّنْتِ الْجَارِيَةَ فَلاَ تَغْسِلِي وَجْهَهَا بِالْخِرْقَةِ فَإِنَّ الْخِرْقَةَ تَشْرَبُ مَاءَ الْوَجْهِ.

---

① مرآۃ العقول: ۱۹/۸۰؛ روضۃ المتقین: ۶/۳۲۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/۳۳۵؛ فقہ الصادقؑ: ۱۴/۳۲۹

② قرب الاسناد: ۲۹۴؛ مسائل علی بن جعفرؑ: ۱۵۶؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۱۲۲ ح ۲۲۱۴۸؛ بحار الانوار: ۷۶/۲۵۵

③ الآراء الفقہیہ: ۲/۳۰۵؛ سداد العباد: ۴۲۸؛ مصباح الفقاہۃ: ۳۰۹

❁ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب عورتیں ہجرت کر کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں تو ان میں ایک ام حبیب نامی عورت بھی تھی جو ختنہ گر تھی اور لڑکیوں کا ختنہ کیا کرتی تھی پس جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نظر اس پر پڑی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے ام حبیب! جو کام تو کل کرتی تھی وہ آج بھی کرتی ہے؟

اس نے عرض کیا: ہاں یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! البتہ اگر یہ کام حرام ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے اس سے روک دیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نہیں بلکہ حلال ہے اور میرے قریب آؤ تا کہ میں تمہیں سمجھاؤں۔

ام حبیب کا بیان ہے کہ میں جب نزدیک گئی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تو یہ کام (یعنی ختنہ) کرے تو اس ٹکڑے کا جو کاٹا جاتا ہے بالکل نہ کاٹ (یعنی کاٹنے میں مبالغہ نہ کر) اور کچھ چھوڑ کر کچھ کاٹ کیونکہ ایسا کرنا چہرہ کی رونق اور شوہر سے زیادہ لذت اندوہ ہونے کا باعث ہوتا ہے۔

پھر امام علیہ السلام نے فرمایا: اور اس ام حبیب کی ام عطیہ نامی ایک بہن تھی جو کنگھی پٹی کرنے کا پیشہ کرتی تھی۔ تو جب ام حبیب اس کے پاس لوٹ کر آئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے (ختنہ کے بارے میں) جو کچھ فرمایا تھا اس نے اپنی بہن کو بتایا تو وہ سیدھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں پہنچی اور جو کچھ اس کی بہن نے اسے بتایا تھا وہ گوش گزار کیا چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے فرمایا: اے ام عطیہ! میرے نزدیک آ (پھر اس سے فرمایا) جب تو کسی لڑکی کی کنگھی کرے تو اس کے منہ کو کپڑے کے چیتھڑے سے نہ دھو کیونکہ چیتھڑا چہرہ کے پانی کو پی جاتا ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1849} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَلْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ اَلسَّكُونِيِّ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اَللَّهِ صَلَّى اَللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ: سَاحِرُ اَلْمُسْلِمِينَ يُقْتَلُ وَسَاحِرُ اَلْكُفَّارِ لاَ يُقْتَلُ قِيلَ يَا رَسُولَ اَللَّهِ لِمَ لاَ يُقْتَلُ سَاحِرُ اَلْكُفَّارِ قَالَ لِأَنَّ اَلشِّرْكَ أَعْظَمُ مِنَ اَلسِّحْرِ وَلِأَنَّ اَلسِّحْرَ وَاَلشِّرْكَ مَقْرُونَانِ.

❁ امام جعفر صادق علیہ السلام نے اپنے والد بزرگوار علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مسلمانوں کا جادوگر قتل کیا جائے گا اور کافروں کا جادوگر قتل نہیں کیا جائے گا۔

عرض کیا گیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کافروں کا جادوگر کیوں قتل نہیں کیا جائے گا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس لئے کہ شرک جادو سے بڑا (گناہ) ہے جبکہ جادو اور شرک دونوں آپس میں جڑے ہوئے

---

[1] الکافی: ۵/۱۱۸ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۶/۳۶۰ ح ۱۰۳۵؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۱۳۱ ح ۲۲۱۷۳؛ مکارم الاخلاق: ۲۳۰؛ الوافی: ۱۷/۲۰۱؛ بحار الانوار: ۲۲/۱۳۲ و ۱۰۱/۱۲۳

[2] مرآۃ العقول: ۱۹/۷۸؛ مسالک الافہام: ۵/۸۴؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/۳۴۳

ہیں۔[1]

تحقیق:

حدیث قوی کالصحیح یا قوی یا موثق یا معتبر ہے۔[2]

{1850} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِنَّ أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ رَأَى قَاصّاً فِي الْمَسْجِدِ فَضَرَبَهُ بِالدِّرَّةِ وَ طَرَدَهُ.

ہشام بن سالم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: امیر المومنین علیہ السلام نے ایک قصہ گو کو مسجد میں قصہ گوئی کرتے ہوئے دیکھا تو آپ علیہ السلام نے اسے دُرہ سے مارا اور بھگا دیا۔[3]

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔[4]

{1851} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ سَيْفِ بْنِ عَمِيرَةَ عَنْ زِيَادِ بْنِ عِيسَى وَ هُوَ أَبُو عُبَيْدَةَ الْحَذَّاءُ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ قَوْلِ اللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ وَ لاَ تَأْكُلُوا أَمْوالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْباطِلِ فَقَالَ كَانَتْ قُرَيْشٌ تُقَامِرُ الرَّجُلَ بِأَهْلِهِ وَ مَالِهِ فَنَهَاهُمُ اللَّهُ عَزَّ وَ جَلَّ عَنْ ذَلِكَ.

زیاد بن عیسیٰ یعنی ابوعبیدہ الحذاء سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے خدا کے قول: ''اپنے مالوں کو باطل طریقہ سے نہ کھاؤ (البقرۃ:۱۸۸)'' کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: قریش اپنی بیویوں اور مالوں سے قمار بازی کرتے تھے (یعنی جوا سے کماتے تھے) تو اللہ نے انہیں اس کی ممانعت فرما دی۔[5]

تحقیق:

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۵۶۷ ح ۴۹۵۲؛ الکافی: ۷/۲۶۰ ح ا؛ تہذیب الاحکام: ۱۰/۱۴۷ ح ۵۸۳؛ علل الشرائع: ۲/۵۳۶؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۱۳۶ ح ۲۲۲۰۸؛ الوافی: ۱۵/۴۷۷

[2] روضۃ المتقین: ۹/۴۷۵؛ المواحب فی تحریر: ۳۹۱؛ الآراء الفقہیہ: ۲/۲۱۹؛ مبانی تکملۃ المنہاج: ۳۲۳

[3] الکافی: ۷/۲۶۳ ح ۲۰؛ تہذیب الاحکام: ۱۰/۱۴۹ ح ۵۹۵؛ الوافی: ۱۵/۵۱۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۱۵۳ ح ۲۲۲۲۱؛ بحار الانوار: ۱۷/۸۱ و ۶۹/۲۶۵

[4] مرآۃ العقول: ۲۳/۳۱۰؛ ملاذ الاخیار: ۱۶/۲۹۶؛ بحار الانوار: ۱۷/۸۱

[5] الکافی: ۵/۱۲۲ ح ا؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۱۶۶ ح ۲۲۲۶۲؛ الوافی: ۱۷/۲۲۵؛ تفسیر البرہان: ۱/۴۰۱؛ تفسیر کنز الدقائق: ۲/۴۵۷؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/۴۷۵؛ بحار الانوار: ۷۶/۲۳۴؛ تفسیر العیاشی: ۱/۸۴

حدیث صحیح ہے۔ [1]

{1852} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ صَفْوَانَ عَنْ مِسْمَعِ بْنِ أَبِي مِسْمَعٍ عَنْ سَمَاعَةَ بْنِ مِهْرَانَ قَالَ: سَأَلَ رَجُلٌ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ وَ أَنَا حَاضِرٌ فَقَالَ إِنِّي رَجُلٌ أَبِيعُ الْعَذِرَةَ فَمَا تَقُولُ فَقَالَ حَرَامٌ بَيْعُهَا وَ ثَمَنُهَا وَ قَالَ لاَ بَأْسَ بِبَيْعِ الْعَذِرَةِ.

سماعہ بن مہران سے روایت ہے کہ ایک شخص نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے سوال کیا جبکہ میں وہاں موجود تھا کہ میں ایک ایسا شخص ہوں جو پاخانہ فروخت کرتا ہوں تو آپ علیہ السلام اس بارے کیا فرماتے ہیں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس کی فروخت اور اس کی قیمت حرام ہے۔

پھر فرمایا: گوبر بیچنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ [2]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [3]

{1853} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ أَبَانٍ عَنْ عِيسَى الْقُمِّيِّ عَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ التُّوتِ أَبِيعُهُ يُصْنَعُ بِهِ الصَّلِيبُ وَ الصَّنَمُ قَالَ لاَ.

عمرو بن حریث سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ میں توت (کی لکڑی) سے صلیب اور بت بنا کر بیچتا ہوں تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہ (جائز نہیں ہے)۔ [4]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [5]

---

[1] مرآۃ العقول: ۱۹/ ۸۴؛ آراء الفقہیہ: ۳/ ۱۱

[2] تہذیب الاحکام: ۶/ ۳۷۲ ح ۱۰۸۱؛ الاستبصار: ۳/ ۵۶ ح ۱۸۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/ ۱۷۵ ح ۲۲۲۸۵؛ الوافی: ۱۷/ ۲۸۳

[3] ملاذ الاخیار: ۱۰/ ۳۷۸؛ ارشاد الطالب: ۱/ ۱۹؛ فقہ الصادقؑ: ۲۰/ ۲۸؛ تفصیل الشریعہ: ۱/ ۱۶؛ المکاسب المحرمہ خمینی: ۱/ ۲۸؛ منہاج الفقاہۃ: ۱/ ۳۹؛ فقہ الشیعہ (کتاب الطہارۃ): ۲/ ۳۲۱؛ مختلف الشیعہ: ۵/ ۷؛ بدائع البحوث: ۵/ ۲۹۵؛ مصباح الفقاہۃ (التجارۃ): ۱/ ۳۱؛ الحدائق الناضرۃ: ۵/ ۸؛ التعلیقۃ الاستدلالیۃ: ۱/ ۵۳۲

[4] الکافی: ۵/ ۲۲۶ ح ۵؛ تہذیب الاحکام: ۶/ ۳۷۳ ح ۱۰۸۳ و ۷/ ۱۳۴ ح ۵۹۱؛ الوافی: ۱۷/ ۲۷۶؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/ ۱۷۶ ح ۲۲۲۸۸

[5] المکاسب المحرمہ لنکرانی: ۱/ ۱۹؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۴/ ۲۸۷؛ فقہ الصادقؑ: ۱۴/ ۱۷؛ المواہب فی تحریر احکام المکاسب سبحانی: ۲۴۶؛ تفصیل الشریعہ: ۱۷/ ۱۲۰؛ منہاج الفقاہۃ: ۱/ ۲۰۱؛ موسوعہ الفقہ الاسلامی: ۱۷/ ۲۲۰؛ مرآۃ العقول: ۱۹/ ۲۶۶؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/ ۸۱ و ۱۱/ ۱۹۷

{1854} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ بَشِيرٍ عَنِ ابْنِ أَبِي يَعْفُورٍ قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ إِذْ دَخَلَ عَلَيْهِ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِنَا فَقَالَ لَهُ أَصْلَحَكَ اللَّهُ إِنَّهُ رُبَّمَا أَصَابَ الرَّجُلَ مِنَّا الضِّيقُ أَوِ الشِّدَّةُ فَيُدْعَى إِلَى الْبِنَاءِ يَبْنِيهِ أَوِ النَّهَرِ يَكْرِيهِ أَوِ الْمُسَنَّاةِ يُصْلِحُهَا فَمَا تَقُولُ فِي ذَلِكَ فَقَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ مَا أُحِبُّ أَنِّي عَقَدْتُ لَهُمْ عُقْدَةً أَوْ وَكَيْتُ لَهُمْ وِكَاءً وَأَنَّ لِي مَا بَيْنَ لاَبَتَيْهَا لاَ وَلاَ مَدَّةً بِقَلَمٍ إِنَّ أَعْوَانَ الظَّلَمَةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِي سُرَادِقٍ مِنْ نَارٍ حَتَّى يَحْكُمَ اللَّهُ بَيْنَ الْعِبَادِ.

ابن ابی یعفور سے روایت ہے کہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر تھا کہ ہمارے اصحاب میں سے ایک شخص حاضر ہوا اور عرض کیا: میں آپ علیہ السلام پر قربان ہوں! بسا اوقات ہم میں سے کوئی شخص تنگی (معیشت) میں مبتلا ہوتا ہے اور اسے بلایا جاتا ہے کہ ان (ظالموں) کا مکان بنائے یا نہر کی کھدائی کرے یا اونٹنی کو سدھائے (اور اجرت وصول کرے) تو آپ علیہ السلام اس بارے میں کیا فرماتے ہیں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا! میں یہ پسند نہیں کرتا کہ ان کے لئے ایک گرہ بھی دوں یا مشکیزے کو بندھن سے باندھوں اگرچہ اس کے عوض مجھے وہ کچھ دے دیا جائے جو شرق و مغرب کے درمیان ہے۔ بالکل نہیں اور میں تو ان کی خاطر ایک بار قلم کو بھی دوات میں نہیں ڈبوؤں گا کیونکہ ظالموں کے مددگار قیامت کے دن آگ کے دھوئیں میں رہیں گے یہاں تک کہ اللہ بندوں کے درمیان فیصلہ فرمائے گا۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن کالصحیح یا حسن ہے۔ [2]

قول مؤلف:

اغیار کے ہاں نوکری کرنے کے بارے میں مزید تین احادیث ذکر کی جارہی ہیں تا کہ وضاحت ہوجائے:

(1) صحیح ولید بن صبیح میں ہے کہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا جبکہ زرارہ وہاں سے نکل رہا تھا۔ امام علیہ السلام نے مجھ سے فرمایا: اے ولید! تم زرارہ سے تعجب نہیں کرتے جو مجھ سے ان لوگوں (یعنی حکام جور) کے اعمال (کاروبار اور ملازمت کرنے) کے بارے میں پوچھ رہے تھے (کہ کیا یہ جائز ہے؟) وہ کیا چاہتا تھا؟ کیا اس کا مقصد یہ تھا کہ میں اسے ناجائز (حرام) کہہ دوں اور وہ اسے روایت کریں؟ پھر فرمایا: اے ولید! شیعہ ان لوگوں کا کاروبار (نوکری وغیرہ)

[1] تہذیب الاحکام: ۶/ ۳۳۱ ح ۹۱۹؛ الکافی: ۵/ ۱۰۷ ح ۷؛ الوافی: ۱۷/ ۱۵۵؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/ ۱۷۹ ح ۲۲۲۹۴؛ تفسیر کنز الدقائق: ۸/ ۱۰۷

[2] الانوار اللوامع: ۱۱/ ۵۳؛ المکاسب المحرمہ خمینی: ۲/ ۱۰۷؛ الحدائق الناضرۃ: ۸/ ۱۲۲؛ الرسائل الاعتقادیہ خواجوئی: ۴۷؛ الآراء الفقہیہ: ۳/ ۶۷؛ فقہ المشارکہ یعقوبی: ۹۴؛ مصباح المنہاج (التجارۃ): ۱/ ۲۶؛ المواھب فی تحریر احکام المکاسب: ۲۵۷؛ سداد العباد: ۴۴۳؛ ریاض المسائل: ۸/ ۶۷؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/ ۲۷۳؛ منتھی المطلب: ۱۵/ ۸۰؛ الانوار النعمانیہ: ۳/ ۳۰؛ التحفۃ السنیہ: ۵۶؛ مجمع الفائدہ: ۸/ ۶۳

کرنے کے بارے میں کب پوچھا کرتے تھے بلکہ وہ تو یہ پوچھتے تھے کہ کیا ان کا کھانا کھایا جا سکتا ہے اور ان کا پانی پیا جا سکتا ہے اور کیا ان کے سایہ کے نیچے بیٹھا جا سکتا ہے؟ وہ یہ کب پوچھتے تھے (جو زرارہ پوچھ رہا تھا)؟[1]

(۲) صحیح یا حسن ابن مسلم میں ہے کہ ہم مدینہ میں امام محمد باقر علیہ السلام کے در اقدس پر ان کی خدمت میں حاضر تھے کہ آپ علیہ السلام نے لوگوں کی طرف دیکھا کہ وہ قطار اندر قطار گزر رہے ہیں تو امام علیہ السلام نے بعض حاضرین سے فرمایا: کیا آج مدینہ میں کوئی خاص واقعہ رونما ہوا ہے؟ عرض کیا: اصلحک اللہ! مدینہ کا نیا حاکم مقرر ہوا ہے تو لوگ اسے مبارکباد دینے کے لیے جا رہے ہیں۔

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کسی شخص کو ایسے امر کی وجہ سے مبارکباد پیش کی جاتی ہے جو کہ جہنم کے دروازوں میں سے ایک دروازہ ہو؟[2]

(۳) صحیح یا موثق حمید میں ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا: میں (حکام جور کا) ایک عہدہ لے بیٹھا ہوں تو کیا اس سے نکلنے کا راستہ ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کس قدر زیادہ ایسے لوگ ہیں جو نکلنے کا راستہ تو معلوم کرتے ہیں مگر ان کے لیے نکلنا مشکل ہو جاتا ہے۔

میں نے عرض کیا: آپ علیہ السلام اس بارے کیا فرماتے ہیں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: میری رائے تو یہ ہے کہ خدا سے ڈرو اور (اس کی طرف) عود نہ کرو۔[3]

{1855} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ صَفْوَانَ عَنِ ابْنِ مُسْكَانَ عَنْ مُحَمَّدٍ اَلْحَلَبِيِّ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ عَنْ بَيْعِ عَصِيرِ اَلْعِنَبِ مِمَّنْ يَجْعَلُهُ حَرَاماً فَقَالَ لاَ بَأْسَ بِهِ تَبِيعُهُ حَلاَلاً فَيَجْعَلُهُ [ذَاكَ] حَرَاماً فَأَبْعَدَهُ اَللَّهُ وَ أَسْحَقَهُ.

محمد حلبی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ انگور کا رس اس شخص کے ہاتھ فروخت کرنا کیسا ہے جو اس کا حرام (شراب) بناتا ہے؟

---

[1] الکافی: ۵/ ۱۰۵ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۶/ ۳۳۰ ح ۹۱۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/ ۱۸۷ ح ۲۲۳۱۴؛ الوافی: ۱۷/ ۱۵۱ ح ۱۷۰۹۲؛ حدائق الناضرۃ: ۱۸/ ۱۲۲؛ الرسائل الاعتقادیہ خواجوئی: ۲/ ۷؛ المکاسب المحرمہ خمینی: ۲/ ۱۷؛ مصباح المنہاج (التجارۃ): ۱/ ۱۶۶؛ الآراء الفقہیہ: ۳/ ۱۷۹

[2] الکافی: ۵/ ۱۰۷ ح ۶؛ الوافی: ۱۷/ ۱۵۴ ح ۱۷۰۳۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/ ۱۸۸ ح ۲۲۳۱۵؛ حدود الشریعہ: ۱/ ۵۵۷؛ فقہ المشارکہ یعقوبی: ۴۹؛ تفصیل الشریعہ: ۱۷/ ۲۶۴؛ الآراء الفقہیہ: ۳/ ۱۷۹؛ مرآۃ العقول: ۱۹/ ۶۳؛ فقہ الصادقؑ: ۱۴/ ۳۷۴؛ منہاج الفقاہۃ: ۲/ ۱۸۳

[3] الکافی: ۵/ ۱۰۹ ح ۱۵؛ تہذیب الاحکام: ۶/ ۳۳۲ ح ۹۲۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/ ۱۸۹ ح ۲۲۳۱۸؛ الوافی: ۱۷/ ۱۵۹ ح ۱۷۰۴۳؛ فقہ المشارکہ یعقوبی: ۴۲؛ الآراء الفقہیہ: ۳/ ۱۷۹؛ مصباح المنہاج (التجارۃ): ۱/ ۱۶۸

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے کیونکہ تم نے حلال مال فروخت کیا ہے پس اگر وہ اس سے حرام بناتا ہے تو اللہ اسے ہلاک و برباد کرے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1856} عَبْدُ اَللَّهِ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عَبْدِ اَللَّهِ بْنِ اَلْحَسَنِ عَنْ جَدِّهِ عَلِيِّ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ أَخِيهِ مُوسَى بْنِ جَعْفَرٍ عَلَيْهِمَا اَلسَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلَيْنِ نَصْرَانِيَّيْنِ بَاعَ أَحَدُهُمَا خَمْراً أَوْ خِنْزِيراً إِلَى أَجَلٍ فَأَسْلَمَا قَبْلَ أَنْ يَقْبِضَا اَلثَّمَنَ هَلْ يَحِلُّ لَهُمَا ثَمَنُهُ بَعْدَ اَلْإِسْلاَمِ قَالَ إِنَّمَا لَهُ اَلثَّمَنُ فَلاَ بَأْسَ أَنْ يَأْخُذَهُ.

✪ علی بن جعفر علیہ السلام سے روایت ہے کہ میں نے اپنے بھائی امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ دو نصرانی شخص تھے جن میں سے ایک نے خمر و خنزیر ادھار پر فروخت کیا اور پھر قیمت وصول کرنے سے پہلے اسلام لے آیا تو کیا اسلام لانے کے بعد اس کے لئے وہ قیمت وصول کرنا جائز ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ قیمت کا مالک ہے (نہ کہ مال حرام کا) پس وہ اسے وصول کر سکتا ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح موثق ہے [4]

{1857} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ اِبْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ عَجْلاَنَ أَبِي صَالِحٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ عَنْ أَكْلِ مَالِ اَلْيَتِيمِ فَقَالَ هُوَ كَمَا قَالَ اَللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ: إِنَّ اَلَّذِينَ يَأْكُلُونَ أَمْوَالَ اَلْيَتَامىٰ ظُلْماً إِنَّمَا يَأْكُلُونَ فِي بُطُونِهِمْ نَاراً وَ سَيَصْلَوْنَ سَعِيراً ثُمَّ قَالَ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ مِنْ غَيْرِ أَنْ أَسْأَلَهُ مَنْ عَالَ يَتِيماً حَتَّى يَنْقَطِعَ يُتْمُهُ أَوْ يَسْتَغْنِيَ بِنَفْسِهِ أَوْجَبَ اَللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهُ اَلْجَنَّةَ كَمَا أَوْجَبَ اَلنَّارَ لِمَنْ أَكَلَ مَالَ اَلْيَتِيمِ.

✪ عجلان ابی صالح سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے یتیم کا مال کھانے کے بارے میں سوال کیا تو

---

[1] الکافی: ۲۳۱/۵ ح۶؛ تہذیب الاحکام: ۱۳۶/۷ ح۶۰۳؛ الاستبصار: ۱۰۵/۳ ح۱۷۳؛ الوافی: ۲۵۱/۱۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۳۰/۱۷ ح۲۲۴۰۱

[2] مرآۃ العقول: ۲۷۴/۱۹؛ ملاذ الاخیار: ۲۰۳/۱۱؛ حدود الشریعہ: ۳۳۴؛ الآراء الفقہیہ: ۲۰۳؛ تفصیل الشریعہ: ۱۲۰/۱۷؛ المسائل المستحدثہ: ۲۵۲

[3] قرب الاسناد: ۲۶۷؛ مسائل علی بن جعفر: ۱۳۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۳۴/۱۷ ح۲۲۴۱۳؛ بحار الانوار: ۴۹/۱۰ و ۲/۱۰۰؛ الوافی: ۲۵۵/۱۷

[4] منتقی مبانی الاحکام: ۳۱/۱۱؛ الآراء الفقہیہ: ۸۵؛ سداد العباد: ۴۸۲؛ ملاذ الاخیار: ۳۶۴/۱۴؛ فقہ الصادق: ۱۲۰/۱۷؛ منہاج الفقاہۃ: ۷۷؛ مصباح المنہاج (التجارۃ): ۲۳/۱؛ مبانی منہاج الصالحین طباطبائی قمی: ۹۸/۹

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ ایسا ہے جیسا اللہ فرماتا ہے کہ: "جو لوگ ظلم و جور سے یتیموں کا مال کھاتے ہیں وہ اپنے پیٹوں میں آگ جھونکتے ہیں اور وہ عنقریب جہنم کا مزہ چکھیں گے (النساء:۱۰)"

پھر آپ علیہ السلام نے میرے سوال کئے بغیر فرمایا: جو شخص کسی یتیم کی کفالت کرے یہاں تک کہ اس کی یتیمی ختم ہو جائے یا وہ خود کفیل ہو جائے تو اللہ اس شخص کے لئے جنت واجب قرار دیتا ہے جس طرح اس شخص کے لئے جہنم واجب قرار دیتا ہے جو یتیم کا مال کھائے۔ [1]

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔ [2]

{1858} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَلْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ هِشَامِ بْنِ اَلْحَكَمِ أَنَّهُ قَالَ: كُنْتُ أَبِيعُ اَلسَّابِرِيَّ فِي اَلظِّلاَلِ فَمَرَّ بِي أَبُو اَلْحَسَنِ اَلْأَوَّلُ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ رَاكِباً فَقَالَ لِي يَا هِشَامُ إِنَّ اَلْبَيْعَ فِي اَلظِّلاَلِ غِشٌّ وَ اَلْغِشُّ لاَ يَحِلُّ.

❂ ہشام بن الحکم سے روایت ہے کہ میں سائے میں سابری (بڑھیا کھجور یا عمدہ زرہ) بیچ رہا تھا کہ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام وہاں سے سوار ہو کر گزرے تو مجھ سے فرمایا: اے ہشام! زیر سایہ چیز فروخت کرنا دھوکہ ہے اور دھوکہ دہی جائز نہیں ہے [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{1859} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ بَعْضِ أَصْحَابِنَا عَنْ سَجَّادَةَ عَنْ مُوسَى بْنِ بَكْرٍ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ أَبِي اَلْحَسَنِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ فَإِذَا دَنَانِيرُ مَصْبُوبَةٌ بَيْنَ يَدَيْهِ فَنَظَرَ إِلَى دِينَارٍ فَأَخَذَهُ بِيَدِهِ ثُمَّ قَطَعَهُ بِنِصْفَيْنِ ثُمَّ قَالَ لِي أَلْقِهِ فِي اَلْبَالُوعَةِ حَتَّى لاَ يُبَاعَ شَيْءٌ فِيهِ غِشٌّ.

❂ موسیٰ بن بکر سے روایت ہے کہ ہم امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی خدمت میں بیٹھے تھے اور بہت سے دینار آپ علیہ السلام کے سامنے پڑے تھے کہ اچانک آپ علیہ السلام نے ایک دینار پر نگاہ ڈالی اور اسے اپنے ہاتھ سے اٹھا کر دو ٹکڑے کر دیا۔ پھر مجھ سے فرمایا:

---

[1] الکافی: ۱۲۸/۵ ح ۲؛ تفسیر العیاشی: ۲۲۳/۱؛ مستدرک الوسائل: ۱۹۲/۱۳ ح ۱۵۰۷۰؛ الوافی: ۳۰۵/۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۴۴/۱۷ ح ۲۲۳۳۸؛ تفسیر کنز الدقائق: ۳۴۳/۳؛ تفسیر نور الثقلین: ۴۴۹/۱؛ بحار الانوار: ۲/۷۲؛ تفسیر البرہان: ۲۹/۲

[2] مرآۃ العقول: ۹۵/۱۹

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۲۷۱/۳ ح ۳۹۸۰؛ الکافی: ۱۶۰/۵ ح ۶؛ تہذیب الاحکام: ۱۳/۷ ح ۵۴؛ الوافی: ۴۶۷/۱۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۸۰/۱۷ ح ۲۲۵۲۱

[4] روضۃ المتقین: ۲۶۵/۷؛ سداد العباد: ۵۰۰؛ الآراء الفقہیہ: ۲۵۷/۲؛ حدود الشریعہ: ۵۰۳؛ الفقہ و مسائل طبیہ: ۱۸۹/۱؛ تفصیل الشریعہ: ۲۲۲/۷

اسے گندی نالی میں ڈال دو تا کہ وہ چیز فروخت نہ کی جا سکے جس میں کھوٹ (دھوکہ) ہو۔ [1]

تحقیق:

حدیث حسن یا معتبر ہے۔ [2]

{1860} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو جَعْفَرٍ أَحْمَدُ بْنُ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَنْ أَبِي الْجَوْزَاءِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عُلْوَانَ عَنْ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ آبَائِهِ عَنْ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ: أَنَّهُ رَأَى رَجُلاً بِهِ تَأْنِيثٌ فِي مَسْجِدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ فَقَالَ لَهُ اخْرُجْ مِنْ مَسْجِدِ رَسُولِ اللَّهِ يَا مَنْ لَعَنَهُ رَسُولُ اللَّهِ ثُمَّ قَالَ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ يَقُولُ لَعَنَ اللَّهُ الْمُتَشَبِّهِينَ مِنَ الرِّجَالِ بِالنِّسَاءِ وَ الْمُتَشَبِّهَاتِ مِنَ النِّسَاءِ بِالرِّجَالِ.

✪ زید بن علی علیہ السلام نے اپنے آباء طاہرین علیہم السلام سے روایت کیا ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام نے مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں ایک ایسے مرد کو دیکھا جس میں زنانہ پن تھا تو آپ علیہ السلام نے اس سے فرمایا: اے وہ جس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لعنت کی ہے! مسجد رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نکل جا۔ پھر امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ ان مردوں پر لعنت کرے جو اپنے آپ کو عورتوں کے مشابہ بنائیں اور ان عورتوں پر لعنت کرے جو اپنے آپ کو مردوں کے مشابہ بنائیں۔ [3]

تحقیق:

حدیث معتبر بلکہ موثق ہے۔ [4]

{1861} أَحْمَدُ بْنُ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ الْبَرْقِيُّ عَنْ عَنْ أَبِيهِ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عِيسَى عَنْ حَرِيزِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَنْ تَمَاثِيلِ الشَّجَرِ وَ الشَّمْسِ وَ الْقَمَرِ فَقَالَ لَا بَأْسَ مَا لَمْ يَكُنْ شَيْئاً مِنَ الْحَيَوَانِ.

---

[1] الکافی: ۵/۱۶۰ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۲ ح ۵۰؛ الوافی: ۱۷/۴۶۶؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۲۸۰ ح ۲۲۵۲۳؛ عوالم العلوم: ۲۱/۶/۷

[2] الآراء الفقہیہ: ۲/۲۵۹ و ۲۵۳

[3] علل الشرائع: ۲/۶۰۲ باب ۳۸۵؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۲۸۴ ح ۲۲۵۳۲ و ۲۰/۳۳۷ ح ۲۵۷۶۵؛ بحار الانوار: ۷۶/۶۳ و ۱۰۰/۲۵۸؛ الکافی: ۸/۶۹ ح ۲۷ (بفرق الفاظ)؛ ثواب الاعمال وعقاب الاعمال: ۲۶۷؛ المحاسن: ۱/۱۱۳

[4] الآراء الفقہیہ: ۲۸۱؛ تنقیح مبانی العروۃ کتاب الصلاۃ: ۲/۱۶۶

۞ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے درخت، سورج اور چاند کی تماثیل (تصویریں) بنانے کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: کوئی حرج نہیں ہے جب تک کہ حیوان (جاندار) کی نہ ہو۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1862} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ وَ عَبْدِ اللَّهِ ابْنَيْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ أَبَانِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ أَبِي الْعَبَّاسِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي قَوْلِ اللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ: يَعْمَلُونَ لَهُ مَا يَشٰاءُ مِنْ مَحٰارِيبَ وَ تَمٰاثِيلَ فَقَالَ وَ اللَّهِ مَا هِيَ تَمَاثِيلَ الرِّجَالِ وَ النِّسَاءِ وَ لَكِنَّهَا الشَّجَرُ وَ شِبْهُهُ.

۞ ابی العباس سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے خدا کے قول: ”سلیمان جو چاہتے تھے یہ جنات ان کے لئے بنادیتے تھے بڑی مقدس عمارات اور تماثیل (سبا: ۱۳)“ کے بارے میں فرمایا: واللہ! وہ مردوں اور عورتوں کی تصویریں نہیں تھیں بلکہ درختوں اور ان جیسی چیزوں کی تھیں۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق کالصحیح ہے۔ [4]

{1863} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ بَعْضِ أَصْحَابِهِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي قَوْلِ اللَّهِ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى: فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْأَوْثٰانِ وَ اجْتَنِبُوا قَوْلَ الزُّورِ قَالَ الرِّجْسُ مِنَ الْأَوْثَانِ هُوَ الشِّطْرَنْجُ وَ قَوْلُ الزُّورِ الْغِنَاءُ.

۞ ابن ابی عمیر نے اپنے بعض اصحاب سے روایت کیا ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے خدا کے قول: ”پس تم لوگ بتوں کی پلیدی سے اجتناب کرو اور جھوٹی باتوں سے پرہیز کرو (الحج: ۳۰)“ کی تفسیر میں فرمایا کہ بتوں کی پلیدی سے مراد شطرنج اور جھوٹی بات سے مراد غناء (گانا) ہے۔ [5]

---

[1] المحاسن: ۲/۵۸۳ ح ۲۵۸۱؛ وسائل الشیعہ: ۵/۳۰۷ ح ۶۲۵۳۲ و ۱۷/۲۹۶ ح ۲۲۵۷۵؛ بحار الانوار: ۸۰/۲۴۶ و ۷۶/۲۸۸؛ الفصول المہمہ: ۲/۲۳۱؛ مکارم الاخلاق: ۱۳۲؛

[2] المواهب فی تحریر: ۵۰۴؛ منہاج الفقاہۃ: ۱/۲۷۵؛ فقہ الصادقؑ: ۱۴/۲۲۱؛ الآراء الفقہیہ: ۳/۲۹۱؛ جواہر الکلام: ۲۲/۴۱؛ المسائل المستحدثہ: ۲۸۶؛ حدود الشریعہ: ۴۱۹؛ محاضرات فی الفقہ: ۲۳۲؛ ارشاد الطالب: ۲۱۸؛ تفصیل الشریعہ: ۱۷/۱۵۰؛ الموسوعۃ الفقہیہ: ۹/۲۲۲

[3] الکافی: ۶/۵۲۷ ح ۷؛ المحاسن: ۲/۵۸۳ ح ۲۵۸۰؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۲۹۵ ح ۲۲۵۷۶؛ الوافی: ۲۰/۸۰۰؛ تفسیر نور الثقلین: ۴/۳۲۲؛ بحار الانوار: ۸۰/۲۴۴؛ تفسیر کنز الدقائق: ۱۰/۴۷۶

[4] سداد العباد: ۴۲۳؛ فقہ الصادقؑ: ۱۴/۲۲۲؛ مصباح الفقاہۃ: ۱/۳۵۰؛ المسائل المستحدثہ: ۲۸۵؛ مرآۃ العقول: ۲۲/۳۴۹

[5] الکافی: ۶/۴۳۵ ح ۷؛ من لایحضرہ الفقیہ: ۴/۵۸ ح ۵۰۹۳؛ الوافی: ۱۷/۲۲۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۳۱۸ ح ۲۲۶۳۶؛ تفسیر البرہان: ۳/۸۸۱؛ مستدرک الوسائل: ۱۳/۲۲۲ ح ۱۵۱۸۶؛ بحار الانوار: ۷۶/۲۴۴؛ الامالی طوسی: ۲۹۴ مجلس ۱۱؛ تفسیر کنز الدقائق: ۹/۹۱؛ دعائم الاسلام: ۲/۲۱۰؛ تفسیر نور الثقلین: ۳/۴۹۶

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔[1]

{1864} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عِيسَى قَالَ: دَخَلَ رَجُلٌ مِنَ الْبَصْرِيِّينَ عَلَى أَبِي الْحَسَنِ الْأَوَّلِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ فَقَالَ لَهُ جُعِلْتُ فِدَاكَ إِنِّي أَقْعُدُ مَعَ قَوْمٍ يَلْعَبُونَ بِالشِّطْرَنْجِ وَلَسْتُ أَلْعَبُ بِهَا وَلَكِنْ أَنْظُرُ فَقَالَ مَا لَكَ وَلِمَجْلِسٍ لاَ يَنْظُرُ اللَّهُ إِلَى أَهْلِهِ.

حماد بن عیسیٰ سے روایت ہے کہ بصرہ کا رہنے والا ایک شخص امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: میں آپ علیہ السلام پر فدا ہوں! میں ان لوگوں کے پاس بیٹھتا ہوں جو شطرنج کھیلتے ہیں مگر میں خود نہیں کھیلتا البتہ دیکھتا ضرور ہوں تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: تمہیں اس بزم سے کیا سروکار جس کے اہل کی طرف اللہ نگاہ رحمت نہیں کرتا۔[2]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔[3]

{1865} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُعَمَّرِ بْنِ خَلاَّدٍ عَنْ أَبِي الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: اَلنَّرْدُ وَ الشِّطْرَنْجُ وَ الْأَرْبَعَةَ عَشَرَ بِمَنْزِلَةٍ وَاحِدَةٍ وَ كُلُّ مَا قُومِرَ عَلَيْهِ فَهُوَ مَيْسِرٌ.

معمر بن خلاد سے روایت ہے کہ امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا: نرد، شطرنج اور چودہ (گوٹیاں) سب برابر ہیں اور ہر وہ (کھیل) جس پر بازی لگائی جائے وہ جوا ہے۔[4]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[5]

{1866} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ

---

[1] الآراء الفقہیہ: ۲/۲۸۶؛ تفصیل الشریعۃ المکاسب المحرمۃ: ۱۶۸؛ مراۃ العقول: ۲۲/۳۰۸

[2] الکافی: ۶/۴۳۷ ح ۱۲؛ الوافی: ۱۷/۲۳۰؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/322 ح ۲۲۲۶۱

[3] تنقیح مبانی الاحکام: ۴۵۷؛ الآراء الفقہیہ: ۳/۶؛ حدود الشریعہ: ۳۹۹؛ مراۃ العقول: ۲۲/۳۰۹

[4] الکافی: ۶/۴۳۵ ح ۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۳۲۳ ح ۲۲۲۶۵؛ الوافی: ۱۷/۲۲۷؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/۲۱۰؛ الفصول المہمہ: ۲/۲۴۳؛ تفسیر کنز الدقائق: ۲/۳۲۲

[5] مراۃ العقول: ۲۲/۳۰۷؛ منہاج الفقاہۃ: ۲/۸۶؛ المسائل المستحدثہ: ۱۱۱؛ الانوار اللوامع: ۱۱/۲۹؛ مسالک الافہام: ۱۴/۱۷۷؛ المواھب: ۲۵۵؛ الآراء الفقہیہ: ۱۶۹؛ سداد العباد: ۴۲۶؛ ارشاد الطالب: ۳۴۴؛ فقہ الصادق: ۲۱/۲۴۷

هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: دِرْهَمٌ رِبًا أَشَدُّ مِنْ سَبْعِينَ زَنْيَةً كُلُّهَا بِذَاتِ مَحْرَمٍ.

ہشام بن سالم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: سود کا ایک درہم ان ستر زناؤں سے زیادہ سخت ہے جو محارم سے کئے جائیں۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1867} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ اِبْنِ فَضَّالٍ عَنِ اِبْنِ بُكَيْرٍ قَالَ: بَلَغَ أَبَا عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ أَنَّهُ كَانَ يَأْكُلُ اَلرِّبَا وَ يُسَمِّيهِ اَللِّبَأَ فَقَالَ لَئِنْ أَمْكَنَنِي اَللَّهُ مِنْهُ لَأَضْرِبَنَّ عُنُقَهُ.

ابن بکیر سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام تک یہ بات پہنچی کہ ایک شخص سود کھاتا ہے اور اس کا نام "لبا" رکھتا ہے تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر اللہ مجھے اس پر قدرت دے تو میں اس کی گردن اڑا دوں۔ [3]

تحقیق:

حدیث موثق کالصحیح یا موثق ہے۔ [4]

{1868} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ اِبْنِ أَبِي نَجْرَانَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: قَالَ أَمِيرُ اَلْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ: آكِلُ اَلرِّبَا وَ مُؤْكِلُهُ وَ كَاتِبُهُ وَ شَاهِدَاهُ فِيهِ سَوَاءٌ.

امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: سود کھانے والا، کھلانے والا، لکھنے والا اور اس کا گواہ اس میں سب برابر ہیں۔ [5]

---

[1] الکافی: ۵/۱۴۴ ح۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۷۴ ح۳۹۹۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۴ ح۶۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۱۱۷ ح۲۳۲۰۷؛ تفسیر الصافی: ۱/۳۰۴؛ تفسیر البرہان: ۱/۵۵۷؛ روضۃ الواعظین: ۲/۴۶۵؛ عوالی اللئالی: ۲/۹۷ ح۳؛ تفسیر القمی: ۱/۹۳؛ تفسیر کنز الدقائق: ۲/۴۵۴

[2] مرآۃ العقول: ۱۹/۱۲۲؛ روضۃ المتقین: ۷/۲۷۱؛ مسالک الافہام: ۳/۴۲؛ الآراء الفقہیہ: ۲/۶۲؛ الانوار اللوامع: ۱۱/۳۰؛ حدود الشریعہ: ۲۶۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/۴۸۱

[3] الکافی: ۵/۱۴۷ ح۱۱؛ الوافی: ۱۷/۸۱۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۱۲۵ ح۲۳۲۹۳

[4] مرآۃ العقول: ۱۹/۱۲۶؛ الآراء الفقہیہ: ۲/۴۳

[5] الکافی: ۵/۱۴۴ ح۲؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۷۴ ح۳۹۹۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۱۲۶ ح۲۳۲۹۷؛ الوافی: ۱۷/۳۷۶

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن کالصحیح یا حسن ہے۔ [1]

{1869} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحَسَنُ بْنُ مَحْبُوبٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رِئَابٍ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ يَكُونُ الرِّبَا إِلاَّ فِيمَا يُكَالُ أَوْ يُوزَنُ.

❁ زرارہ سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: سود نہیں ہوتا مگر اس چیز میں جو ناپی یا تولی جاتی ہے۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [3]

{1870} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَنْ عُمَرَ بْنِ يَزِيدَ بَيَّاعِ السَّابِرِيِّ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ جُعِلْتُ فِدَاكَ إِنَّ النَّاسَ يَزْعُمُونَ أَنَّ الرِّبْحَ عَلَى الْمُضْطَرِّ حَرَامٌ وَ هُوَ مِنَ الرِّبَا فَقَالَ وَ هَلْ رَأَيْتَ أَحَداً اشْتَرَى غَنِيّاً أَوْ فَقِيراً إِلاَّ مِنْ ضَرُورَةٍ يَا عُمَرُ قَدْ أَحَلَّ اللَّهُ الْبَيْعَ وَ حَرَّمَ الرِّبَا فَارْبَحْ وَ لاَ تُرْبِهِ قُلْتُ وَ مَا الرِّبَا قَالَ دَرَاهِمُ بِدَرَاهِمَ مِثْلاَنِ بِمِثْلٍ (وَ حِنْطَةٌ بِحِنْطَةٍ مِثْلَيْنِ بِمِثْلٍ).

❁ عمر بن یزید کھجور فروش سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا: میں آپ علیہ السلام پر فدا ہوں! لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ مضطر (ضرورت مند/مجبور) سے نفع لینا حرام ہے اور یہ سود میں سے ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کیا تم نے کبھی کسی کو دیکھا ہے وہ امیر ہو یا غریب کہ اس نے کبھی کچھ بغیر ضرورت کے خریدا ہو؟

اے عمر! اللہ نے فروخت کو حلال قرار دیا ہے اور سود کو حرام کیا ہے پس تم نفع لو اور سود نہ لو۔

میں نے عرض کیا: اور سود کیا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: چند درہموں کے عوض اسی کے مثل دو برابر درہم لینا اور گندم کی ایک مقدار اس کی دو برابر مقدار کے عوض لینا۔ [4]

---

[1] فقہ المعارف والنقود: ۱۳؛ الانوار اللوامع: ۱۱/۳۳؛ سداد العباد: ۵۲۰؛ روضۃ المتقین: ۷/۲۷۳؛ مرآۃ العقول: ۱۹/۱۲۲

[2] تہذیب الاحکام: ۷/۱۹ ح ۸۱؛ الکافی: ۵/۱۴۶ ح ۱۰؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۷۵ ح ۳۹۹۴؛ الوافی: ۱۸/۵۸۹؛ تفسیر البرہان: ۱/۵۵۴؛ النوادر للاشعری: ۱۶۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۱۳۱ ح ۲۳۳۱۱

[3] ملاذ الاخیار: ۱۰/۴۹۴؛ الانوار اللوامع: ۱۱/۳۴۷؛ الآراء الفقہیہ: ۲/۹۱؛ حدود الشریعہ: ۲۶۸؛ المسائل المستحدثہ: ۳۸؛ سداد العباد: ۵۵۴؛ جواہر الکلام: ۲۳/۳۵۹

[4] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۷۸ ح ۴۰۰۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۸ ح ۷۸؛ الاستبصار: ۳/۷۲ ح ۲۳۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۴۴۷ ح ۲۲۹۹۳؛ تفسیر البرہان: ۱/۵۵۳؛ الوافی: ۱۷/۴۵۹؛ تفسیر المیزان: ۲/۴۲۳؛ ھدایۃ الامۃ: ۶/۱۱۹

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [1]

{1871} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى وَ غَيْرُهُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ عَنْ أَيُّوبَ بْنِ نُوحٍ عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَامِرٍ عَنْ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ عَنْ مَنْصُورٍ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الشَّاةِ بِالشَّاتَيْنِ وَ الْبَيْضَةِ بِالْبَيْضَتَيْنِ قَالَ لَا بَأْسَ مَا لَمْ يَكُنْ كَيْلاً أَوْ وَزْناً.

منصور سے روایت ہے کہ میں نے ان (امام علیہ السلام) سے پوچھا کہ ایک بکری کے عوض دو بکریاں اور ایک انڈے کے بدلے دو انڈے لینا کیسا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کوئی حرج نہیں ہے جب تک کہ ناپی یا تولی جانے والی چیز نہ ہو۔ [2]

تحقیق:

حدیث موثق یا موثق کالصحیح اور حسن ہے۔ [3]

{1872} عَبْدُ اللَّهِ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ جَدِّهِ عَلِيِّ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ أَخِيهِ مُوسَى بْنِ جَعْفَرٍ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ قَالَ: وَ سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ أَعْطَى رَجُلاً مِائَةَ دِرْهَمٍ (يَعْمَلُ بِهَا) عَلَى أَنْ يُعْطِيَهُ خَمْسَةَ دَرَاهِمَ أَوْ أَقَلَّ أَوْ أَكْثَرَ قَالَ هَذَا الرِّبَا الْمَحْضُ.

علی بن جعفر علیہ السلام سے روایت ہے کہ میں نے اپنے بھائی امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے ایک آدمی کو (کاروبار کے لئے) سو درہم اس شرط پر دیئے کہ وہ ان پر اسے پانچ درہم یا کم و بیش (ہر ماہ) دے گا تو (کیا یہ درست ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ خالص سود ہے۔ [4]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [5]

---

[1] روضۃ المتقین: ۷/۸۷۲؛ الانوار اللوامع: ۱۱/۷۰۱؛ الآراء الفقہیہ: ۱۲

[2] الکافی: ۵/۱۹۱ ح ۸؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۸۱ ح ۴۰۱۷؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۱۸ ح ۵۱۳؛ الاستبصار: ۳/۱۰۰ ح ۳۴۹؛ الوافی: ۱۸/۵۹۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۱۳۴ ح ۲۳۳۱۷؛ عوالی اللئالی: ۳/۲۲۱؛ بحار الانوار: ۱۰۰/۱۲۱

[3] مرآۃ العقول: ۱۹/۲۰۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۱۵۰؛ الانوار اللوامع: ۱۱/۵۴۳؛ روضۃ المتقین: ۷/۲۹۱؛ الآراء الفقہیہ: ۹۲

[4] قرب الاسناد: ۲۶۵؛ مسائل علی بن جعفرؑ: ۱۲۵؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۵۹ ح ۲۳۸۴۷؛ بحار الانوار: ۱۰۰/۱۵۷ و ۱۰/۲۶۹

[5] فقہ المعارف: ۱۶۵؛ الآراء الفقہیہ: ۲/۶۶؛ سداد العباد: ۵۶۲؛ الانوار اللوامع: ۱۲/۲۵۷

{1873} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ وَ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سُئِلَ عَنِ الرَّجُلِ يَبِيعُ الرَّجُلَ الطَّعَامَ الْأَكْرَارَ فَلاَ يَكُونُ عِنْدَهُ مَا يُتِمُّ لَهُ مَا بَاعَهُ فَيَقُولُ لَهُ خُذْ مِنِّي مَكَانَ كُلِّ قَفِيزِ حِنْطَةٍ قَفِيزَيْنِ مِنْ شَعِيرٍ حَتَّى تَسْتَوْفِيَ مَا نَقَصَ مِنَ الْكَيْلِ قَالَ لاَ يَصْلُحُ لِأَنَّ أَصْلَ الشَّعِيرِ مِنَ الْحِنْطَةِ وَ لَكِنْ يَرُدُّ عَلَيْهِ الدَّرَاهِمَ بِحِسَابِ مَا نَقَصَ مِنَ الْكَيْلِ.

ہشام بن سالم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے سوال کیا گیا کہ ایک شخص نے کسی کے ہاتھ خوارک کے کئی گر (ایک خاص پیمانہ) فروخت کیے مگر اس کے پاس وہ خوراک اتنی نہ نکل سکی جتنی اس نے فروخت کی تھی اور اس نے کہا کہ مجھ سے گندم کی ایک بوری کے عوض جو کی دو بوریاں لیتا جاے ہاں تک کہ اپنی مطلوبہ مقدار پوری کرے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ایسا کرنا درست نہیں ہے کیونکہ جَو کی اصل بھی تو گندم ہی ہے البتہ جس قدر جنس کم ہوگئی ہے اس کے حساب سے اسے درہم واپس کردے۔ (1)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (2)

{1874} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عِيسَى عَنْ سَمَاعَةَ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الْحِنْطَةِ وَ الشَّعِيرِ فَقَالَ إِذَا كَانَا سَوَاءً فَلاَ بَأْسَ قَالَ وَ سَأَلْتُهُ عَنِ الْحِنْطَةِ وَ الدَّقِيقِ فَقَالَ إِذَا كَانَا سَوَاءً فَلاَ بَأْسَ.

سماعہ سے روایت ہے کہ میں نے ان (امام علیہ السلام) سے گندم اور جو کے متعلق سوال کیا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب برابر برابر ہوں تو کوئی حرج نہیں ہے۔

پھر میں نے گندم اور آٹے کے بارے میں سوال کیا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب برابر برابر ہوں تو کوئی حرج نہیں ہے۔ (3)

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ (4)

(1) الکافی: ۵/۱۸۷ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۷/۹۶ ح ۴۰۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۱۳۷ ح ۲۳۳۲۶؛ الوافی: ۱۸/۵۷۷

(2) مرآۃ العقول: ۱۹/۹۴؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۱۰۰؛ جواہر الکلام: ۲۳/۳۳۵؛ حدود الشریعہ: ۲۷۷؛ الجعہ: ۷/۲۶۹؛ الآراء الفقہیہ: ۲/۸۳

(3) الکافی: ۵/۱۸۸ ح ۴؛ تہذیب الاحکام: ۷/۹۵ ح ۴۰۵؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۱۳۹ ح ۲۳۳۳۱؛ الوافی: ۱۸/۵۷۸

(4) مرآۃ العقول: ۱۹/۹۵؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۹۹؛ فقہ المعارف: ۱۸۵

{1875} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ غِيَاثِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: أَنَّ أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ كَرِهَ اللَّحْمَ بِالْحَيَوَانِ.

❂ غیاث بن ابراہیم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: امیر المومنین علیہ السلام گوشت کی فروخت کو حیوان کے عوض ناپسندیدہ جانتے تھے۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق کالصحیح یا موثق ہے۔ [2]

{1876} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنُ سَعِيدٍ عَنْ صَفْوَانَ عَنِ ابْنِ مُسْكَانَ عَنِ الْحَلَبِيِّ وَ فَضَالَةَ عَنْ أَبَانٍ عَنْ مُحَمَّدٍ الْحَلَبِيِّ وَ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ جَمِيعاً عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: مَا كَانَ مِنْ طَعَامٍ مُخْتَلِفٍ أَوْ مَتَاعٍ أَوْ شَيْءٍ مِنَ الْأَشْيَاءِ يَتَفَاضَلُ فَلاَ بَأْسَ بِبَيْعِهِ مِثْلَيْنِ بِمِثْلٍ يَداً بِيَدٍ فَأَمَّا نَظِرَةً فَلاَ يَصْلُحُ.

❂ حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اگر کسی کے پاس مختلف قسم کا طعام یا کوئی مال و متاع یا دیگر کوئی چیز جو ایک دوسرے سے بہتر ہوں تو ایک مثل کو دو مثل سے نقد فروخت کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے اور اگر ادھار ہو تو پھر درست نہیں ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{1877} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ جَمِيلُ بْنُ دَرَّاجٍ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: الْبَعِيرُ بِالْبَعِيرَيْنِ وَ الدَّابَّةُ بِالدَّابَّتَيْنِ يَداً بِيَدٍ لَيْسَ بِهِ بَأْسٌ وَ قَالَ لاَ بَأْسَ بِالثَّوْبِ بِالثَّوْبَيْنِ يَداً

---

[1] الکافی: ۵/ ۱۹۱ ح ۷؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۲۷۸ ح ۴۰۰۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۴۵ ح ۱۹۳ و ۱۲۰ ح ۵۲۵؛ الوافی: ۱۸/ ۵۹۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/ ۱۴۳ ح ۲۳۳۴۱

[2] روضۃ المتقین: ۷/ ۲۸۰؛ الانوار اللوامع: ۱۴/ ۲۶۱؛ مرآۃ العقول: ۱۹/ ۲۰۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/ ۱۵۴

[3] تہذیب الاحکام: ۷/ ۹۳ ح ۳۹۶؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۲۷۹ ح ۴۰۰۶؛ الکافی: ۵/ ۱۹۱ ح ۶؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/ ۱۵۷ ح ۲۳۳۸۰؛ الوافی: ۱۸/ ۵۹۲؛ عوالی اللئالی: ۳/ ۲۲۰

[4] ملاذ الاخیار: ۱۱/ ۹۶؛ فقہ المعارف: ۱۳۱؛ حدود الشریعہ: ۲۸۷؛ التفسیر الموضوعی: ۲۸/ ۳۱۴؛ فقہ الصادقؑ: ۱۸/ ۱۲۹؛ غایۃ المراد: ۲/ ۱۱۸؛ روضۃ المتقین: ۷/ ۲۸۱

بِيَدٍ وَنَسِيئَةً إِذَا وَصَفْتَهُمَا.

⚙ زرارہ سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: ایک اونٹ دو اونٹ کے عوض اور ایک حیوان دو حیوانوں کے عوض نقد فروخت کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

پھر فرمایا: ایک کپڑا دو کپڑوں کے عوض نقد فروخت کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے اور (اسی طرح) جب (کپڑوں کی) کیفیت بیان کردو تو ادھار میں بھی کوئی حرج نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

قول مؤلف:

سود کے متعلق معصوم علیہ السلام کی یہ تفسیر کافی مفید ہے جو ہم یہاں درج کرتے ہیں چنانچہ حفص بن غیاث نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ علیہ السلام نے فرمایا: سود کی دو قسمیں ہیں۔ ایک قسم حلال ہے اور دوسری قسم حرام ہے اور حلال قسم یہ ہے کہ کوئی شخص کسی کو اس لالچ پر قرض دے کہ وہ ادائیگی کے وقت کچھ زیادہ واپس کرے مگر شرط مقرر نہ کرے اور مقروض بوقت ادائیگی کچھ زیادہ دے تو اس کا لینا مباح ہے مگر قرضہ دینے والے کے لئے اللہ کے ہاں اجر وثواب نہیں ہوگا اور یہی قول خداوندی ہے کہ "پس وہ اللہ کے نزدیک افزائش نہیں پاتا (الروم: ۳۹)"

اور حرام سود یہ ہے کہ آدمی کسی کو کچھ قرضہ دیتے وقت مقروض سے یہ شرط مقرر کرے کہ وہ اس سے زیادہ واپس کرے گا تو یہ سود حرام ہے۔ [3]

﴿ملاوٹ کے مختلف موارد ہوتے ہیں﴾

قول مؤلف:

یہ موارد ہم نے پہلے ذکر کردیے ہیں اور ان میں اکثر وہی ہیں جو حرام معاملات میں ذکر کئے گئے ہیں اور بعض دیگر آئندہ

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۷۹ ح ۴۰۰۷؛ الکافی: ۵/۱۹۰ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۱۸ ح ۵۱۱؛ الوافی: ۱۸/۵۹۰؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۱۵۵ ح ۲۳۳۴۷؛ الاستبصار: ۳/۱۰۰ ح ۷؛ ھدایۃ الامۃ: ۶/۱۷۳

[2] روضۃ المتقین: ۷/۲۸۲؛ جواہر الکلام: ۲۳/۳۵۹؛ تکملۃ العروۃ: ۱/۳؛ فقہ الصادق: ۱۸/۱۱۱؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۵۰؛ فقہ المعارف: ۲۳؛ الانوار اللوامع: ۱۱/۳۵۵؛ سداد العباد: ۵۵۶؛ القواعد الفقہیہ بجنوردی: ۵/۱۰۲

[3] تفسیر القمی: ۲/۱۵۹؛ تفسیر کنز الدقائق: ۱۰/۲۱۰؛ بحار الانوار: ۱۰۰/۱۵۷؛ تفسیر الصافی: ۴/۱۳۴؛ تفسیر نور الثقلین: ۴/۱۸۹؛ تفسیر البرہان: ۴/۳۴۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۱۶۰ ح ۲۳۳۸۹؛ الفصول المہمہ: ۲/۲۵۴

ذکر کئے جائیں گے انشاءاللہ (واللہ اعلم)

﴿بیچنے والے اور خریدار کی شرائط﴾

{1878} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَمَاعَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رِئَابٍ وَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ جَبَلَةَ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ عَبْدٍ صَالِحٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ فِي يَدِهِ دَارٌ لَيْسَتْ لَهُ وَلَمْ تَزَلْ فِي يَدِهِ وَ يَدِ آبَائِهِ مِنْ قَبْلِهِ قَدْ أَعْلَمَهُ مَنْ مَضَى مِنْ آبَائِهِ أَنَّهَا لَيْسَتْ لَهُمْ وَ لاَ يَدْرُونَ لِمَنْ هِيَ فَيَبِيعُهَا وَ يَأْخُذُ ثَمَنَهَا قَالَ مَا أُحِبُّ أَنْ يَبِيعَ مَا لَيْسَ لَهُ قُلْتُ فَإِنَّهُ لَيْسَ يَعْرِفُ صَاحِبَهَا وَ لاَ يَدْرِي لِمَنْ هِيَ وَ لاَ أَظُنُّهُ يَجِيءُ لَهَا رَبٌّ أَبَداً قَالَ مَا أُحِبُّ أَنْ يَبِيعَ مَا لَيْسَ لَهُ قُلْتُ فَيَبِيعُ سُكْنَاهَا أَوْ مَكَانَهَا فِي يَدِهِ فَيَقُولُ لِصَاحِبِهِ أَبِيعُكَ سُكْنَايَ وَ تَكُونُ فِي يَدِكَ كَمَا هِيَ فِي يَدِي قَالَ نَعَمْ يَبِيعُهَا عَلَى هَذَا.

❁ اسحاق بن عمار سے روایت ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص کے قبضہ میں ایک مکان ہے مگر وہ اس کی ملکیت نہیں ہے اور اس سے پہلے مکان اس کے آباؤ اجداد کے قبضہ میں تھا مگر وہ برابر کہتے چلے آرہے ہیں کہ یہ ان کی ملکیت نہیں ہے اور اس کے اصلی مالک کا پتہ بھی نہیں ہے تو کیا وہ اس مکان کو فروخت کر کے اس کی قیمت لے سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: میں اس بات کو پسند نہیں کرتا کہ وہ ایسی چیز کو فروخت کرے جو اس کی ملکیت نہیں ہے۔ میں نے عرض کیا کہ وہ نہ اس کے اصل مالک کو پہچانتا ہے اور نہ یہ معلوم ہے کہ وہ کس کا ہے اور نہ ہی اس کے ملنے کی کوئی امید ہے تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: میں اس بات کو پسند نہیں کرتا کہ وہ ایسی چیز کو فروخت کرے جو اس کی ملکیت نہیں ہے۔ میں نے پھر عرض کیا کہ کیا وہ اس مکان کی سکونت یا اس کا قبضہ فروخت کر سکتا ہے یعنی وہ یوں کہے کہ میں اس کی سکونت فروخت کرتا ہوں کہ اب وہ اسی طرح تیرے قبضے میں رہے گا جس طرح پہلے میری قبضے میں تھا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں اس طرح فروخت کر سکتا ہے [1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [2]

{1879} عَبْدُ اللَّهِ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ أَخِيهِ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/۱۳۰ ح ۵۷۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۳۳۵ ح ۲۲۶۹۲؛ الوافی: ۱۸/۶۳۷

[2] ملاذ الاخیار: ۱۱/۸۴؛ جواہر الکلام: ۳/۸؛ ۳۴۲؛ سداد العباد: ۴۶۵؛ الانوار اللوامع: ۱۱/۵۲؛ المسائل المستحدثہ: ۳۰۳؛ فقہ الصادقؑ: ۲۱/۱۹

سَرَقَ جَارِيَةً ثُمَّ بَاعَهَا، يَحِلُّ فَرْجُهَا لِمَنِ اشْتَرَاهَا؛ قَالَ: إِذَا أَنْبَأَهُمْ أَنَّهَا سَرِقَةٌ فَلَا يَحِلُّ، وَإِنْ لَمْ يُعْلِمْ فَلَا بَأْسَ.

❁ علی بن جعفر علیہ السلام سے روایت ہے کہ میں نے اپنے بھائی (امام موسیٰ کاظم علیہ السلام) سے پوچھا کہ ایک شخص نے ایک کنیز چرا کر فروخت کر دی تو کیا وہ خریدار کے لئے حلال ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر تو اس (فروخت کنندہ) نے اسے بتا دیا تھا کہ یہ چوری کی ہے تو پھر حلال نہیں ہے۔ اور اگر خریدار کو معلوم نہ تھا تو پھر کوئی حرج نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1880} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ: أَنَّهُ كَتَبَ إِلَى أَبِي مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ فِي رَجُلٍ بَاعَ قِطَاعُ أَرَضِينَ فَحَضَرَهُ الْخُرُوجُ إِلَى مَكَّةَ وَ الْقَرْيَةُ عَلَى مَرَاحِلَ مِنْ مَنْزِلِهِ وَ لَمْ يُؤْتِ بِحُدُودِ أَرْضِهِ وَ عَرَّفَ حُدُودَ الْقَرْيَةِ الْأَرْبَعَةَ فَقَالَ لِلشُّهُودِ اِشْهَدُوا أَنِّي قَدْ بِعْتُ مِنْ فُلاَنٍ جَمِيعَ الْقَرْيَةِ الَّتِي حَدٌّ مِنْهَا كَذَا وَ الثَّانِي وَ الثَّالِثُ وَ الرَّابِعُ وَ إِنَّمَا لَهُ فِي هَذِهِ الْقَرْيَةِ قِطَاعُ أَرَضِينَ فَهَلْ يَصْلُحُ لِلْمُشْتَرِي ذَلِكَ وَ إِنَّمَا لَهُ بَعْضُ هَذِهِ الْقَرْيَةِ وَ قَدْ أَقَرَّ لَهُ بِكُلِّهَا فَوَقَّعَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ لاَ يَجُوزُ بَيْعُ مَا لَيْسَ يَمْلِكُ وَ قَدْ وَجَبَ الشِّرَاءُ عَلَى الْبَائِعِ عَلَى مَا يَمْلِكُ.

❁ محمد بن یحییٰ سے روایت ہے کہ محمد بن حسن (الصفار) نے امام حسن عسکری علیہ السلام کی خدمت میں خط لکھا جس میں یہ مسئلہ پوچھا تھا کہ ایک شخص کے ایک دیہات میں زمین کے کچھ ٹکڑے ہیں اور اس کے مکہ جانے کا وقت قریب آ گیا ہے مگر اس کا دیہات اس کے گھر سے کچھ فاصلہ پر ہے اور اس کے پاس اتنا وقت نہیں ہے کہ وہ دیہات جا کر اپنی زمین کے ٹکڑوں کی حدود معلوم کر سکے لہٰذا وہ یوں کرتا ہے کہ کچھ گواہ مقرر کر کے ان سے کہتا ہے کہ تم گواہ رہنا کہ میں نے فلاں شخص کو فلاں فلاں دیہات اتنی قیمت میں فروخت کر دیا ہے جس کے حدود اربعہ یہ ہیں تو کیا مشتری کے لئے اس طرح کرنا جائز ہے جبکہ وہ فروخت کرنے والا پورے دیہات کا مالک نہیں ہے بلکہ اس میں کچھ حصہ کا مالک ہے؟

امام علیہ السلام نے جواب میں لکھا کہ جو چیز مملوکہ نہ ہو اس کا بیچنا جائز نہیں ہے اور فروخت کرنے والے کے لئے واجب ہے

---

[1] قرب الاسناد: ۲۶۷؛ مسائل علی بن جعفرؑ: ۱۳۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۲۷۷ ح ۲۳۶۶۳؛ بحار الانوار: ۱۰۰/۲۸؛ ھدایۃ الامہ: ۶/۹۶

[2] الانوار اللوامع: ۱۱/۲۵۳؛ سداد العباد: ۳۶۶

کہ وہ اپنی ملکیت کے مطابق بیچے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1881} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ ابْنِ مُسْكَانَ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَنَّهُ قَالَ: فِي رَجُلٍ اشْتَرَى مِنْ رَجُلٍ طَعَاماً عِدْلاً بِكَيْلٍ مَعْلُومٍ وَإِنَّ صَاحِبَهُ قَالَ لِلْمُشْتَرِي ابْتَعْ مِنِّي هَذَا الْعِدْلَ الْآخَرَ بِغَيْرِ كَيْلٍ فَإِنَّ فِيهِ مَا فِي الْآخَرِ الَّذِي ابْتَعْتَهُ قَالَ لاَ يَصْلُحُ إِلاَّ بِكَيْلٍ قَالَ وَمَا كَانَ مِنْ طَعَامٍ سَمَّيْتَ فِيهِ كَيْلاً فَإِنَّهُ لاَ يَصْلُحُ مُجَازَفَةً هَذَا مِمَّا يُكْرَهُ مِنْ بَيْعِ الطَّعَامِ.

✪ حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے اس شخص کے بارے میں فرمایا جس نے ایک آدمی سے ایک کیل (پیمانہ) کے برابر اناج (طعام) خرید کیا اور پھر اناج والے نے خریدار سے کہا کہ یہ دوسرا ڈھیر بغیر ناپے (تولے) خرید لو یہ بھی اسی کے برابر ہے جو تم نے (پہلے) خریدا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ناپے تولے بغیر (خرید و فروخت) درست نہیں ہے۔

اور آپ علیہ السلام نے فرمایا: جس خوراک کا تعلق پیمانے سے ناپنے سے ہے اس کی تخمینہ سے خرید و فروخت درست نہیں ہے۔ یہ چیز اناج کی فروخت میں مکروہ ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{1882} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ الْبَرْقِيِّ عَنْ سَعْدِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِي الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ قَوْمٍ يُصَغِّرُونَ الْقُفْزَانَ يَبِيعُونَ بِهَا قَالَ أُولَئِكَ الَّذِينَ يَبْخَسُونَ النَّاسَ أَشْيَاءَهُمْ.

---

[1] الکافی: ۷/۴۰۲ ح ۴؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۴۲ ح ۳۸۸۶؛ تہذیب الاحکام: ۶/۲۷۷ ح ۷۵۸؛ الوافی: ۱۷/۵۲۵؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۳۳۹ ح ۲۲۷۰۴؛ مستدرک الوسائل: ۱۳/۲۳۰ ح ۱۵۲۱۱

[2] مراۃ العقول: ۲۴/۲۶۱؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/۲۶۰؛ الانوار اللوامع: ۱۱/۲۵۱؛ سداد العباد: ۴۶۲؛ رسائل المیرزا قمی: ۲۹۰؛ جامع الشتات: ۲/۲۷۰؛ عمدۃ الطالب: ۳۵۱/۲

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۰۹ ح ۳۷۸۱؛ الکافی: ۵/۱۷۹ ح ۴؛ تہذیب الاحکام: ۷/۳۶ ح ۱۴۸؛ الوافی: ۱۸/۶۶۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۳۴۲ ح ۲۲۷۰۷

[4] روضۃ المتقین: ۷/۱۰۷؛ المکاسب المحرمہ اراکی: ۳۳؛ الانوار اللوامع: ۱۱/۲۰۴؛ کتاب البیع اراکی: ۲/۲۱؛ فقہ الصادقؑ: ۱۶/۵۷۵؛ منہاج الفقاہۃ: ۵/۲۴؛ سداد العباد: ۲۷۴؛ محاضرات فی الفقہ الجعفری: ۳/۲۹۶؛ التنقیح فی شرح المکاسب: ۲/۹۴؛ ارشاد الطالب: ۳/۹۴؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/۵۲۸

سعد بن سعد سے روایت ہے کہ میں نے امام ابوالحسن (علی رضا علیہ السلام) سے پوچھا کہ کچھ لوگ پیمانوں کو چھوٹا بنا کر مال فروخت کرتے ہیں تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ وہ لوگ ہیں جو لوگوں کو ان کی چیزیں کم دیتے ہیں۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

قول مؤلف:

حدیث میں امام علیہ السلام نے قرآن مجید سورہ اعراف کی آیت ۸۵ کی طرف اشارہ فرمایا ہے جس میں ناپ تول میں کمی کرنے والوں کی مذمت کی گئی ہے (واللہ اعلم)

{1883} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْعَبْدِيِّ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ حُمْرَانَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ فِي حَدِيثٍ أَنَّهُ قَالَ: الْجَارِيَةُ إِذَا تَزَوَّجَتْ وَدُخِلَ بِهَا وَلَهَا تِسْعُ سِنِينَ ذَهَبَ عَنْهَا الْيُتْمُ وَدُفِعَ إِلَيْهَا مَالُهَا وَجَازَ أَمْرُهَا فِي الشِّرَاءِ وَالْبَيْعِ قَالَ وَالْغُلاَمُ لاَ يَجُوزُ أَمْرُهُ فِي الشِّرَاءِ وَالْبَيْعِ وَلاَ يَخْرُجُ مِنَ الْيُتْمِ حَتَّى يَبْلُغَ خَمْسَ عَشْرَةَ سَنَةً أَوْ يَحْتَلِمَ أَوْ يُشْعِرَ أَوْ يُنْبِتَ قَبْلَ ذَلِكَ.

حمران سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: لڑکی لڑکے کی طرح نہیں ہے لہٰذا جب لڑکی نو سال کی ہو جائے اور اس کی شادی ہو جائے اور مدخولہ بھی ہو جائے تو اس کی یتیمی ختم ہو جاتی ہے اور اس کا مال اس کے حوالے کیا جائے گا اور اس کی خرید و فروخت نافذ ہوگی اور اس پر حد جاری کی جائے گی اور اس کا مواخذہ کیا جائے اور وہ مواخذہ کر سکے گی مگر لڑکے کا معاملہ خرید و فروخت میں نافذ نہ ہوگا اور نہ ہی اس کی یتیمی ختم ہوگی جب تک پندرہ سال کا نہ ہو جائے یا اسے احتلام نہ آئے یا اس سے پہلے اس کے زیر ناف بال نہ اُگ آئیں۔ [3]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [4]

---

[1] الکافی: ۱۸۴/۵ ح ۳؛ الوافی: ۸۲/۱۷ ۴؛ وسائل الشیعہ: ۳۴/۱۷ ح ۲۲۷۱۹؛ تفسیر نور الثقلین: ۹۰/۲ ۳؛ تفسیر کنز الدقائق: ۲۲۳/۹

[2] مرآۃ العقول: ۱۸۹/۱۹

[3] الکافی: ۱۹۷/۷ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۳۸/۱۰ ح ۱۳۲؛ الوافی: ۳۰۰/۱۵؛ وسائل الشیعہ: ۴۳/۱ ح ۷۲ و ۳۶۰/۱۷ ح ۲۲۷۵۱ و ۳۱۰/۱۸ ح ۲۳۹۳۶؛ السرائر: ۵۹۶/۳

[4] براهین الحج: ۲۴

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث ضعیف ہے [1] البتہ اس حدیث کو محمد بن ادریس نے کتاب المشیخہ حسن بن محبوب سے نقل کیا ہے جو اصول میں شامل ہے نیز یہ کہ اسی کے مطابق فتویٰ بھی دیا گیا ہے کہ عاقل اور بالغ ہونا فروخت کرنے والے اور خریدار کی شرائط میں سے ہے۔ [2] (واللہ اعلم)

{1884} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى [عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى] عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: اِنْقِطَاعُ يُتْمِ اَلْيَتِيمِ بِالاِحْتِلاَمِ وَ هُوَ أَشُدُّهُ وَإِنِ احْتَلَمَ وَ لَمْ يُؤْنَسْ مِنْهُ رُشْدٌ وَ كَانَ سَفِيهاً أَوْ ضَعِيفاً فَلْيُمْسِكْ عَنْهُ وَلِيُّهُ مَالَهُ.

ہشام سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: کسی یتیم کی یتیمی احتلام آنے سے ختم ہو جاتی ہے اور اسے ہی رشد (عقل پختگی) کہا جاتا ہے اور اگر اسے احتلام تو آئے مگر اس کی عقلمندی مکمل نہ ہو بلکہ سفیہ (بیوقوف) یا ضعیف العقل ہو تو اس کا ولی اس کا مال اس کے حوالے نہ کرے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{1885} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ أَبِي عَلِيِّ بْنِ رَاشِدٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا اَلْحَسَنِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ فَقُلْتُ جُعِلْتُ فِدَاكَ اِشْتَرَيْتُ أَرْضاً إِلَى جَنْبِي بِأَلْفِ دِرْهَمٍ فَلَمَّا وَفَّرْتُ اَلْمَالَ خُبِّرْتُ أَنَّ اَلْأَرْضَ وَقْفٌ فَقَالَ لاَ يَجُوزُ شِرَاءُ اَلْوَقْفِ وَ لاَ تُدْخِلِ اَلْغَلَّةَ فِي مَالِكَ اِدْفَعْهَا إِلَى مَنْ وُقِفَتْ عَلَيْهِ قُلْتُ لاَ أَعْرِفُ لَهَا رَبّاً قَالَ تَصَدَّقْ بِغَلَّتِهَا.

ابو علی بن راشد سے روایت ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ میں آپ علیہ السلام پر فدا ہوں! میں نے دو ہزار درہم میں کچھ زمین خریدی ہے جو میری جائیداد کے پہلو میں تھی پس جب میں قیمت ادا کر چکا تو مجھے خبر ہوئی کہ یہ زمین وقف

---

[1] مرآۃ العقول: ۳۰۱/۲۳

[2] توضیح المسائل آقا سیستانی: ۳۰۸ ف ۲۰۴۰

[3] الکافی: ۶۸/۷ ح ۲؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۲۲۲/۴ ح ۵۵۷؛ تہذیب الاحکام: ۱۸۳/۹ ح ۷۳۷؛ الوافی: ۳۹۲/۲۳؛ وسائل الشیعہ: ۳۶۳/۱۹ ح ۲۴۷۹۴؛ تفسیر الصافی: ۱۷۰/۲؛ الفصول المہمہ: ۲۷۱/۲

[4] الانوار اللوامع: ۳۵/۱۳؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۱۱/۳؛ کتاب نکاح شبیری: ۳۳۸۳/۱۰؛ حدود الشریعہ: ۱۳/۲؛ مرآۃ العقول: ۱۰۸/۲۳؛ روضۃ المتقین: ۱۲/۱۱؛ ملاذ الاخیار: ۶۳/۱۵

ہے تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وقف کی خریداری جائز نہیں ہے اور اس کا غلہ اپنے مال میں داخل نہ کرو بلکہ اسے ان لوگوں کو لوٹا دو جن پر وقف ہے

میں نے عرض کیا: مجھے اس کے مالک (جس پر وقف ہے) کا کوئی علم نہیں ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: پھر اس کے غلہ کو صدقہ کردے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1886} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٌ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ وَ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ جَمِيعاً عَنِ اَلْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ رِفَاعَةَ اَلنَّخَّاسِ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ فَقُلْتُ سَاوَمْتُ رَجُلاً بِجَارِيَةٍ لَهُ فَبَاعَنِيهَا بِحُكْمِي فَقَبَضْتُهَا مِنْهُ عَلَى ذَلِكَ ثُمَّ بَعَثْتُ إِلَيْهِ بِأَلْفِ دِرْهَمٍ وَ قُلْتُ لَهُ هَذِهِ اَلْأَلْفُ حُكْمِي عَلَيْكَ فَأَبَى أَنْ يَقْبَلَهَا مِنِّي وَ قَدْ كُنْتُ مَسِسْتُهَا قَبْلَ أَنْ أَبْعَثَ إِلَيْهِ بِأَلْفِ دِرْهَمٍ قَالَ فَقَالَ أَرَى أَنْ تُقَوَّمَ اَلْجَارِيَةُ بِقِيمَةٍ عَادِلَةٍ فَإِنْ كَانَ ثَمَنُهَا أَكْثَرَ مِمَّا بَعَثْتَ إِلَيْهِ كَانَ عَلَيْكَ أَنْ تَرُدَّ إِلَيْهِ مَا نَقَصَ مِنَ اَلْقِيمَةِ وَ إِنْ كَانَتْ قِيمَتُهَا أَقَلَّ مِمَّا بَعَثْتَ بِهِ إِلَيْهِ فَهُوَ لَهُ قَالَ فَقُلْتُ أَ رَأَيْتَ إِنْ أَصَبْتُ بِهَا عَيْباً بَعْدَ مَا مَسِسْتُهَا قَالَ لَيْسَ لَكَ أَنْ تَرُدَّهَا وَ لَكَ أَنْ تَأْخُذَ قِيمَةَ مَا بَيْنَ اَلصِّحَّةِ وَ اَلْعَيْبِ.

❁ رفاعہ النخاس سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ میں نے ایک شخص سے اس کی کنیز کا سودا کرنا چاہا اور اس سے قیمت پوچھی تو اس نے میری صوابدید پر میرے ہاتھ فروخت کردی چنانچہ میں نے کنیز لے لی اور پھر اس کے پاس ایک ہزار درہم بھجوا دیا اور کہلا بھیجا کہ تو نے میری صوابدید پر فروخت کی تھی تو میرا فیصلہ ایک ہزار درہم ہے لہٰذا اسے قبول کریں مگر اس نے یہ قیمت وصول کرنے سے انکار کردیا جبکہ میں یہ رقم بھیجنے سے پہلے اس کنیز سے ہمبستری کر چکا تھا تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: میری نظر میں اس کنیز کی از سر نو عادلانہ قیمت لگوائی جائے پس اگر اس کی قیمت سے زیادہ لگتی ہے جتنی تم نے اسے بھیجی ہے تو قیمت سے جس قدر کم ہے تم پر اس کا دینا فرض ہے اور اگر اس سے کم لگتی ہے جتنی تم پر اس کا دینا فرض

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/ ۲۴۲ ح ۵۵۷۶؛ الکافی: ۷/ ۳۷ ح ۳۵؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۱۳۰ ح ۵۵۶؛ الاستبصار: ۴/ ۹۷ ح ۳۷۷؛ الوافی: ۱۰/ ۵۵۴
وسائل الشیعہ: ۱۹/ ۱۸۵ ح ۲۴۴۰۵؛ عوالی اللئالی: ۳/ ۲۶۲؛ ھدایۃ الامہ: ۶/ ۱۰۴

[2] روضۃ المتقین: ۱۱/ ۱۵۷؛ الانوار اللوامع: ۱۱/ ۲۹۵؛ ملاذ الاخیار: ۱۷/ ۹۸؛ مرآۃ العقول: ۲۳/ ۳۳

ہے اور اگر اس سے کم لگتی ہے جتنی تم نے اس کو بیچی ہے تو وہ اس کے لئے ہے۔

میں نے عرض کیا: اگر اس سے مباشرت کرنے کے بعد میں نے اس میں کوئی عیب پایا تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اب تمہیں اس کے واپس کرنے کا حق نہیں ہے البتہ تم صرف یہ کر سکتے ہو کہ صحیح اور عیب دار کے درمیان کی قیمت میں جو فرق ہو وہ اسے سے لے لو۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1887} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عِيسَى عَنْ حَرِيزٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ وَ عَنِ السَّابَاطِيِّ وَ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: أَنَّهُمْ سَأَلُوهُمَا عَنْ شِرَاءِ أَرْضِ الدَّهَاقِينِ مِنْ أَرْضِ الْجِزْيَةِ فَقَالَ إِنَّهُ إِذَا كَانَ ذَلِكَ انْتُزِعَتْ مِنْكَ أَوْ تُؤَدِّيَ عَنْهَا مَا عَلَيْهَا مِنَ الْخَرَاجِ قَالَ عَمَّارٌ ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَيَّ فَقَالَ اشْتَرِهَا فَإِنَّ لَكَ مِنَ الْحَقِّ مَا هُوَ أَكْثَرُ مِنْ ذَلِكَ.

محمد بن مسلم نے امام محمد باقر علیہ السلام سے اور عمار ساباطی اور زرارہ نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کیا ہے، ان سب کا بیان ہے کہ ہم نے ان دونوں آئمہ علیہم السلام سے پوچھا کہ جزیہ والی زمین زمینداروں سے خرید کرنا کیسا ہے؟

انہوں نے فرمایا: جب ایسا کرو گے تو وہ زمین تم سے زبردستی لے لی جائے گی یا تمہیں اس کا خراج ادا کرنا پڑے گا۔

عمار ساباطی کا بیان ہے کہ پھر امام علیہ السلام میری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: تم خرید لو کیونکہ تمہارا حق اس سے زیادہ ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [4]

{1888} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ وَ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنِ الْعَلاَءِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ شِرَاءِ أَرْضِ الذِّمَّةِ فَقَالَ لاَ بَأْسَ بِهَا فَتَكُونُ إِذَا كَانَ ذَلِكَ بِمَنْزِلَتِهِمْ تُؤَدِّي عَنْهَا كَمَا يُؤَدُّونَ قَالَ وَ سَأَلَهُ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ النِّيلِ عَنْ

---

[1] الکافی: ۵/۲۰۹ ح ۳؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۳۰ ح ۳۸۵۱؛ تہذیب الاحکام: ۷/۶۹ ح ۲۹۷؛ الوافی: ۱۸/۷۴۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۲۴ ح ۲۲۷۵۸

[2] مرآۃ العقول: ۱۹/۲۳۳؛ سداد العباد: ۴۷۰؛ فقہ الصادق: ۱۷/۳۳۸؛ منہاج الفقاہۃ: ۵/۹۳؛ مصباح الفقاہۃ: ۵/۱۹۳؛ ھدی الطالب: ۳/۵۴۷؛ نہج الفقاہۃ: ۴۰۹؛ کتاب البیع اراکی: ۲/۲۵۳

[3] الکافی: ۵/۲۸۲ ح ۳؛ الوافی: ۱۸/۹۹۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۳۶۸ ح ۲۲۷۶۴

[4] المواھب فی تحریر احکام المکاسب: ۸۹۳؛ ارشاد الطالب: ۳/۹۳؛ مرآۃ العقول: ۱۹/۳۷۷

أَرْضٍ اِشْتَرَاهَا بِفَمِ النِّيلِ فَأَهْلُ الْأَرْضِ يَقُولُونَ هِيَ أَرْضُهُمْ وَ أَهْلُ الْأُسْتَانِ يَقُولُونَ هِيَ مِنْ أَرْضِنَا قَالَ لَا تَشْتَرِهَا إِلَّا بِرِضَا أَهْلِهَا.

محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے اہل ذمہ کی زمین خریدنے کے متعلق سوال کیا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: کوئی حرج نہیں۔ اب تم بمنزلہ ان کے ہو جاؤ گے اور جو کچھ وہ ادا کرتے تھے اب تم ادا کرو گے۔

راوی کہتا ہے کہ امام علیہ السلام سے نیل کے رہنے والے ایک شخص نے سوال کیا کہ اس نے (دریائے) نیل کے دہانے پر کچھ زمین خریدی ہے اور بیچنے والے کہتے ہیں کہ ان کی ملکیت ہے اور اسان والے کہتے ہیں کہ وہ زمین ہماری زمین میں سے ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس کے (اصلی) مالکوں کی رضامندی کے بغیر خرید نہ کرو۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1889} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبِي عَلِيٍّ الْأَشْعَرِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ سَعِيدٍ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الرَّجُلِ يَكُونُ لَهُ الشِّرْبُ مَعَ قَوْمٍ فِي قَنَاةٍ فِيهَا شُرَكَاءُ فَيَسْتَغْنِي بَعْضُهُمْ عَنْ شِرْبِهِ أَيَبِيعُ شِرْبَهُ قَالَ نَعَمْ إِنْ شَاءَ بَاعَهُ بِوَرِقٍ وَإِنْ شَاءَ بِكَيْلِ حِنْطَةٍ.

سعید الاعرج سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک آدمی دوسرے چند آدمیوں کے ساتھ ایک چشمہ سے پانی پینے میں شریک ہے پس اگر وہ اس پانی سے بے نیاز ہو جائے تو کیا وہ اپنا حصہ کسی دوسرے شخص کے ہاتھ فروخت کر سکتا ہے؟

آپ نے فرمایا: ہاں اگر چاہے تو چاندی کے عوض فروخت کرے اور اگر چاہے تو گندم کے عوض فروخت کرے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

---

[1] الکافی: ۵/۲۸۳ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۴۹ ح ۶۶۲؛ الوافی: ۱۹/۹۹۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۳۷۰ ح ۲۲۷۷۱؛ الاستبصار: ۳/۱۱۰ ح ۳۹۵ (مختصراً)

[2] مرآۃ العقول: ۱۹/۳۸۷؛ ارشاد الطالب: ۳/۳۳۱؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۲۶۳

[3] الکافی: ۵/۲۷۷ ح ۲؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۳۶ ح ۳۸۶۷؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۳۹ ح ۶۱۲؛ الاستبصار: ۳/۱۰۶ ح ۳۷۶؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۳۷۳ ح ۲۲۷۷۸ و ۲۵/۴۱۸ ح ۳۲۲۵۳؛ الوافی: ۱۸/۱۰۰۹

[4] مرآۃ العقول: ۱۹/۳۶۵؛ سداد العباد: ۴۸۳؛ جواہر الکلام: ۳۸/۱۱۹؛ فقہ الصادقؑ: ۱۹/۲۷۴؛ مصباح المنہاج کتاب الطہارۃ: ۲/۴۹۸؛ مفاتیح الشرائع: ۳/۲۶؛ ریاض المسائل: ۱۴/۳۰۱؛ روضۃ المتقین: ۷/۵۹؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۲۱۰

قول مؤلف:

موثق یا موثق کالصحیح ابوبصیر میں اور موثق عبدالرحمن البصری میں معصوم علیہ السلام نے پانی کو بیچنے سے منع فرمایا ہے اور فرمایا ہے کہ اسے اپنے (دینی) بھائی یا پڑوسی کو عاریتاً دے دو۔[1]

لہٰذا جس حدیث پر چاہے عمل کرے یا یہ بھی ممکن ہے کہ ممانعت کسی دوسری صورت پر محمول ہو جیسے یہ کہ پانی اس کی ملکیت نہ ہو بلکہ مسلمانوں کا مشترکہ ہو (واللہ اعلم)

{1890} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ يَصْلُحُ لِلرَّجُلِ أَنْ يَبِيعَ بِصَاعٍ غَيْرِ صَاعِ الْمِصْرِ.

❁ حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: کسی شخص کے لئے درست نہیں ہے کہ وہ اپنے شہر کے صاع (پیمانے) کے علاوہ کسی دوسرے صاع (پیمانے) سے فروخت کرے۔[2]

تحقیق:

حدیث صحیح اور حسن ہے۔[3]

{1891} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَمَاعَةَ عَنِ ابْنِ رِبَاطٍ عَنِ ابْنِ مُسْكَانَ عَنْ أَبِي الْعَبَّاسِ الْبَقْبَاقِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: قُلْتُ لَهُ الطَّرِيقُ الْوَاسِعُ هَلْ يُؤْخَذُ مِنْهُ شَيْءٌ إِذَا لَمْ يَضُرَّ بِالطَّرِيقِ قَالَ لاَ.

❁ ابوالعباس البقباق سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ اگر راستہ کشادہ ہو تو کیا اس میں سے کچھ لیا جا سکتا ہے جبکہ رستہ کو کوئی نقصان بھی نہ پہنچے؟

---

[1] الکافی: ۵/۲۷۷ح۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۴۰ح۶۱۸؛ الاستبصار: ۳/۱۰۷ح۳۷۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۳۷۴ح۲۲۷۷۹؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۴۳ح۶۳۸؛ الوافی: ۱۸/۱۰۱۰؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۳۷۵ح۲۲۷۸۱؛ موسوعۃ الامام کاشف الغطاءؒ: ۲/۱۷۲؛ دروس تمہیدیہ: ۳/۲۰۵؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۱/۲۳۷؛ الانوار اللوامع: ۱۱/۵۴؛ فقہ الصادقؑ: ۱۹/۱۷۴؛ جواہر الکلام: ۳۸/۱۱۹؛ سداد العباد: ۳۸۴؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۲۲۵؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۴/۴۹۵؛ جامع المدارک: ۳/۲۸۱؛ الحدائق الناضرۃ: ۱۹/۳۵۲

[2] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۰۷ح۳۷۷۶؛ الکافی: ۵/۱۸۴ح۱؛ تہذیب الاحکام: ۷/۴۰ح۱۶۹؛ الوافی: ۱۷/۴۸۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۳۷۷ح۲۲۷۸۶؛ ھدایۃ الامہ: ۶/۹۸

[3] روضۃ المتقین: ۷/۱۶؛ منہاج الفقاہۃ: ۵/۵۵؛ فقہ الصادقؑ: ۱۶/۲۸۲؛ سداد العباد: ۴۷۷؛ الانوار اللوامع: ۱۱/۳۰۷؛ مرآۃ العقول: ۱۹/۱۸۸؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/۵۳۹؛ جواہر الکلام: ۲۲/۳۱۷

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [2]

{1892} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَمَاعَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ عَنِ الْكَاهِلِيِّ عَنْ مَنْصُورِ بْنِ حَازِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: قُلْتُ لَهُ دَارٌ بَيْنَ قَوْمٍ اقْتَسَمُوهَا وَ تَرَكُوا بَيْنَهُمْ سَاحَةً فِيهَا مَمَرُّهُمْ فَجَاءَ رَجُلٌ فَاشْتَرَى نَصِيبَ بَعْضِهِمْ أَلَهُ ذَلِكَ قَالَ نَعَمْ وَ لَكِنْ يَسُدُّ بَابَهُ وَ يَفْتَحُ بَاباً إِلَى الطَّرِيقِ أَوْ يَنْزِلُ مِنْ فَوْقِ الْبَيْتِ فَإِنْ أَرَادَ شَرِيكُهُمْ أَنْ يَبِيعَ مَنْقَلَ قَدَمَيْهِ فَإِنَّهُمْ أَحَقُّ بِهِ وَإِنْ أَرَادَ يَجِيءُ حَتَّى يَقْعُدَ عَلَى الْبَابِ الْمَسْدُودِ الَّذِي بَاعَهُ لَمْ يَكُنْ لَهُمْ أَنْ يَمْنَعُوهُ.

منصور بن حازم سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ ایک مکان کچھ لوگوں کا مشترکہ تھا جسے انہوں نے باہم تقسیم کیا اور وہاں کچھ خالی جگہ اپنے گزرنے کے لئے مشترکہ طور پر چھوڑ دی اور ایک آدمی آیا جس نے ان میں سے بعض کا حصہ جو اس گزرگاہ سے متصل تھا وہ خرید لیا تو کیا وہ ایسا کرسکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں (وہ بیچ سکتا ہے) مگر وہ (گزرگاہ سے اپنا حصہ فروخت کرنے کے بعد) اپنا دروازہ بند کردے (جو اس گزرگاہ کی طرف کھلتا تھا) اور دوسرے (عام) راستہ کی طرف کھولے یا پھر مکان کی چھت سے اترے اور اگر ان کا (نیا) شریک اپنا حصہ فروخت کرنا چاہے تو دوسرے شرکا اس کے زیادہ حقدار ہیں اور اگر وہ شخص جس نے اپنا حصہ فروخت کردیا تھا اگر وہ شخص جس نے اپنا حصہ فروخت کردیا تھا آکر اپنے دروازہ پر بیٹھنا چاہے تو ان لوگوں کو اسے روکنے کا حق نہیں ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث حسن موثق یا موثق ہے۔ [4]

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/۱۴۹ ح ۶۶۲؛ الوافی: ۱۸/۱۰۴۰؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۳۷۸ ح ۲۲۸۸۷

[2] ملاذ الاخیار: ۱۱/۱۸۱؛ سداد العباد: ۳۸۵

[3] تہذیب الاحکام: ۷/۱۶۷ ح ۷۴۳؛ الکافی: ۵/۲۸۱ ح ۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۳۷۹ ح ۲۲۷۹۲ و ۲۵/۳۹۹ ح ۳۲۲۱۶؛ الوافی: ۱۸/۷۹۹؛ الاستبصار: ۳/۱۱۷ ح ۴۱۸؛ ھدایۃ الامہ: ۶/۱۰۸

[4] ملاذ الاخیار: ۱۱/۲۸۸؛ سداد العباد: ۳۸۵

﴿جنس اور اس کے عوض کی شرائط﴾

قول مؤلف:

یہ سارے احکام وہی ہیں جو ہم قبل ازیں ذکر کر آئے ہیں اور کچھ آئندہ ذکر کئے جائیں گے لہٰذا یہاں الگ سے مکرر ذکر کرنا طوالت کا باعث ہوں گے (واللہ اعلم)

﴿خرید و فروخت کا صیغہ﴾

قول مؤلف:

خرید و فروخت کے لئے کوئی مخصوص صیغہ ہمیں نہیں مل سکا ہے اور فتوے میں جس صیغے کا ذکر کیا گیا ہے اس کا کہنا بھی ہرگز ضروری نہیں ہے بلکہ اس کے بغیر بھی سودا صحیح ہے۔ (واللہ اعلم)

﴿پھلوں کی خرید و فروخت﴾

{1893} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ (يَعْنِي الصَّفَّارَ) قَالَ: كَتَبْتُ إِلَيْهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ (يَعْنِي الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ الْعَسْكَرِيَّ عَلَيْهِ السَّلاَمُ) فِي رَجُلٍ بَاعَ بُسْتَاناً لَهُ فِيهِ شَجَرٌ وَ كَرْمٌ فَاسْتَثْنَى شَجَرَةً مِنْهَا هَلْ لَهُ مَمَرٌّ إِلَى الْبُسْتَانِ إِلَى مَوْضِعِ شَجَرَتِهِ الَّتِي اسْتَثْنَاهَا وَ كَمْ لِهَذِهِ الشَّجَرَةِ الَّتِي اسْتَثْنَاهَا مِنَ الْأَرْضِ الَّتِي حَوْلَهَا بِقَدْرِ أَغْصَانِهَا أَوْ بِقَدْرِ مَوْضِعِهَا الَّتِي هِيَ نَابِتَةٌ فِيهِ فَوَقَّعَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ لَهُ مِنْ ذَلِكَ عَلَى حَسَبِ مَا بَاعَ وَ أَمْسَكَ فَلاَ يَتَعَدَّى الْحَقَّ فِي ذَلِكَ إِنْ شَاءَ اللَّهُ.

۞ محمد بن حسن (الصفار) سے روایت ہے کہ میں نے ان کی طرف (یعنی امام حسن عسکری علیہ السلام کی طرف) خط لکھا کہ ایک شخص نے اپنا باغ فروخت کیا جس میں درخت اور انگور کی بیلیں ہیں اور اس میں سے ایک درخت کا استثنیٰ کیا تو کیا وہ اس درخت کی طرف آ جا سکتا ہے اور اس مستثنیٰ درخت کے لئے کس قدر زمین ہوگی بقدر تنا ہوگی یا اس کی شاخوں کے پھیلاؤ تک ہوگی؟

امام علیہ السلام نے جواب میں لکھا کہ اس کو اپنے درخت اور استثنیٰ کے مطابق حق حاصل ہے اور اپنے اس حق سے آگے نہ بڑھے انشاء اللہ۔ [1]

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/۹۰ ح ۳۸۱؛ الوافی: ۱۷/۵۲۶؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۹۰ ح ۲۳۲۱۸

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [1]

{1894} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ غِيَاثِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ صَلَوَاتُ اللَّهِ عَلَيْهِ: مَنْ بَاعَ نَخْلاً قَدْ أَبَّرَهُ فَثَمَرَتُهُ لِلْبَائِعِ إِلاَّ أَنْ يَشْتَرِطَ الْمُبْتَاعُ ثُمَّ قَالَ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَضَى بِهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ.

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: جو شخص ایسی کھجور فروخت کرے جس نے بُور دیا ہو تو اس کا پھل اسی کا ہوگا مگر یہ کہ خریدار شرط مقرر کرے۔

پھر امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسی طرح فیصلہ فرمایا تھا۔ [2]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [3]

{1895} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ ابْنِ فَضَّالٍ عَنِ ابْنِ رِبَاطٍ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ فِي حَدِيثٍ قَالَ: الْعُهْدَةُ فِيمَا يَفْسُدُ مِنْ يَوْمِهِ مِثْلِ الْبُقُولِ وَالْبِطِّيخِ وَالْفَوَاكِهِ يَوْمٌ إِلَى اللَّيْلِ.

زرارہ سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو چیزیں ایک دن میں خراب ہو جاتی ہیں جیسے سبزیاں، خربوزہ، اور پھل وغیرہ تو ان کی (بیع کی) مدت (دن سے) رات تک ہے۔ [4]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [5]

{1896} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عُثْمَانَ عَنِ الْحَلَبِيِّ قَالَ: سُئِلَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ شِرَاءِ النَّخْلِ وَالْكَرْمِ وَالثِّمَارِ ثَلاَثَ سِنِينَ أَوْ أَرْبَعَ سِنِينَ

---

[1] ملاذ الاخیار: ۱۱/۸۵

[2] الکافی: ۵/۱۷۷ ح ۱۴؛ تہذیب الاحکام: ۷/۸۷ ح ۳۶۹؛ الوافی: ۱۷/۵۲۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۹۳ ح ۲۳۲۲۴

[3] مراۃ العقول: ۱۹/۱۷۷؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۷۷

[4] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۰۳ ح ۳۷۶۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۲۵ ح ۲۳۰۵۸؛ الوافی: ۱۷/۵۱۵

[5] سداد العباد: ۵۱۴

قَالَ لاَ بَأْسَ بِهِ يَقُولُ إِنْ لَمْ يُخْرِجْ فِي هَذِهِ اَلسَّنَةِ أَخْرَجَ فِي قَابِلٍ وَإِنِ اِشْتَرَيْتَهُ فِي سَنَةٍ وَاحِدَةٍ فَلاَ تَشْتَرِهِ حَتَّى يَبْلُغَ فَإِنِ اِشْتَرَيْتَهُ ثَلاَثَ سِنِينَ قَبْلَ أَنْ يَبْلُغَ فَلاَ بَأْسَ وَسُئِلَ عَنِ اَلرَّجُلِ يَشْتَرِي اَلثَّمَرَةَ اَلْمُسَمَّاةَ مِنْ أَرْضٍ فَهَلَكَ ثَمَرَةُ تِلْكَ اَلْأَرْضِ كُلُّهَا فَقَالَ قَدِ اِخْتَصَمُوا فِي ذَلِكَ إِلَى رَسُولِ اَللَّهِ صَلَّى اَللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ فَكَانُوا يَذْكُرُونَ ذَلِكَ فَلَمَّا رَآهُمْ لاَ يَدَعُونَ اَلْخُصُومَةَ نَهَاهُمْ عَنْ ذَلِكَ اَلْبَيْعِ حَتَّى تَبْلُغَ اَلثَّمَرَةُ وَلَمْ يُحَرِّمْهُ وَلَكِنْ فَعَلَ ذَلِكَ مِنْ أَجْلِ خُصُومَتِهِمْ.

✪ حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ کھجور، انگور اور دیگر پھلوں کا تین یا چار سال کے لئے خریدنا کیسا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے تم کہہ سکتے ہو کہ اگر اس سال پھل نہیں لگا تو اگلے سال لگ جائے گا اور اگر صرف ایک سال کے لئے خریدو تو پھر تب تک نہ خریدو جب تک پھل اپنی انتہا کو نہ پہنچ جائے اور اگر تین سال کے لئے خریدو تو پھر کوئی حرج نہیں ہے۔

آپ علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ ایک شخص نے ایک مخصوص زمین کا مخصوص پھل خریدا اور وہ پھل خراب ہو گیا تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اسی قسم کے ایک معاملہ میں لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں مقدمہ پیش کیا اور وہ برابر جھگڑ رہے تھے۔ پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے جھگڑے کو دیکھا تو فرمایا: جب تک پھل برآمد نہ ہو تب تک نہ خریدا کریں مگر اسے حرام قرار نہ دیا لیکن اس لین دین سے منع اس لئے فرمایا کیونکہ وہ جھگڑا ختم کرنے پر آمادہ نہیں تھے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [2]

{1897} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَلْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ اَلْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ بِنْتِ إِلْيَاسَ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي اَلْحَسَنِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ هَلْ يَجُوزُ بَيْعُ اَلنَّخْلِ إِذَا حَمَلَ قَالَ لاَ يَجُوزُ بَيْعُهُ حَتَّى يَزْهُوَ قُلْتُ وَمَا اَلزَّهْوُ جُعِلْتُ فِدَاكَ قَالَ يَحْمَرُّ وَيَصْفَرُّ وَشِبْهُ ذَلِكَ.

✪ حسن بن علی بنت الیاس سے روایت ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام سے عرض کیا کہ جب کھجور پھلدار ہو جائے تو کیا اس کا فروخت کرنا جائز ہے؟

---

[1] الکافی: ۵/۵۷۱ح۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/۸۵ح۳۶۴؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۱۱ح۳۷۸۷؛ الوافی: ۱۷/۸۳۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۲۱۰ح ۲۳۵۱۲؛ الاستبصار: ۳/۸۷ح۲۹۹؛

[2] فقہ الصادقؑ: ۱۸/۱۹۶؛ جواہر الکلام: ۲۴/۶۲؛ روضۃ المتقین: ۷/۵۷؛ مرآۃ العقول: ۱۹/۲۷۰؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۳۷

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جائز نہیں جب تک کہ وہ زھو نہ ہو جائے۔

میں نے عرض کیا: میں آپ علیہ السلام پر فدا ہوں! زھو کا کیا مطلب ہے؟

فرمایا: سرخ اور زرد ہونا یا اس جیسا ہونا۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1898} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ عَنْ مُصَدِّقِ بْنِ صَدَقَةَ عَنْ عَمَّارِ بْنِ مُوسَى عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الْكَرْمِ مَتَى يَحِلُّ بَيْعُهُ قَالَ إِذَا عَقَدَ وَ صَارَ عُرُوقاً.

❁ عمار بن موسیٰ سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ انگور کی خرید کب جائز ہوتی ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب اس کا گچھا بن جائے۔ [3]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [4]

{1899} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ شُعَيْبٍ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: إِذَا كَانَ الْحَائِطُ فِيهِ ثِمَارٌ مُخْتَلِفَةٌ فَأَدْرَكَ بَعْضُهَا فَلاَ بَأْسَ بِبَيْعِهَا جَمِيعاً.

❁ یعقوب بن شعیب سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب کسی باغ میں مختلف قسم کے پھل ہوں اور ان میں سے بعض پک جائیں تو پھر سب کے فروخت کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ [5]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [6]

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۱۲ ح ۳۷۹۱؛ الکافی: ۵/۱۷۵ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/۸۵ ح ۳۶۳؛ الاستبصار: ۳/۸۷ ح ۲۹۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۲۱۱ ح ۲۳۵۱۳؛ الوافی: ۱۷/۳۵۴

[2] روضۃ المتقین: ۷/۸۰

[3] الکافی: ۵/۱۷۸ ح ۱۸؛ تہذیب الاحکام: ۷/۸۴ ح ۳۵۸؛ الوافی: ۱۷/۳۵۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۲۱۲ ح ۲۳۵۱۶

[4] مرآۃ العقول: ۱۹/۱۷۹؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۶۹

[5] الکافی: ۵/۱۷۵ ح ۵؛ تہذیب الاحکام: ۷/۸۵ ح ۳۶۲؛ الاستبصار: ۳/۸۷ ح ۲۹۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۲۱۷ ح ۲۳۵۳۳؛ الوافی: ۱۷/۳۵۵

[6] مرآۃ العقول: ۱۹/۱۷۴؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۷۳

{1900} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عِيسَى عَنْ سَمَاعَةَ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ بَيْعِ اَلثَّمَرَةِ هَلْ يَصْلُحُ شِرَاؤُهَا قَبْلَ أَنْ يَخْرُجَ طَلْعُهَا فَقَالَ لاَ إِلاَّ أَنْ يَشْتَرِيَ مَعَهَا شَيْئاً غَيْرَهَا رَطْبَةً أَوْ بَقْلاً فَيَقُولَ أَشْتَرِي مِنْكَ هَذِهِ اَلرُّطْبَةَ وَ هَذَا اَلنَّخْلَ وَ هَذَا اَلشَّجَرَ بِكَذَا وَ كَذَا فَإِنْ لَمْ تَخْرُجِ اَلثَّمَرَةُ كَانَ رَأْسُ مَالِ اَلْمُشْتَرِي فِي اَلرُّطْبَةِ وَ اَلْبَقْلِ وَ سَأَلْتُهُ عَنِ وَرَقِ اَلشَّجَرِ هَلْ يَصْلُحُ شِرَاؤُهُ ثَلاَثَ خَرَطَاتٍ أَوْ أَرْبَعَ خَرَطَاتٍ فَقَالَ إِذَا رَأَيْتَ اَلْوَرَقَ فِي شَجَرَةٍ فَاشْتَرِ فِيهِ مَا شِئْتَ مِنْ خَرْطَةٍ.

سماعہ سے روایت ہے کہ میں نے ان (امام علیہ السلام) سے پوچھا کہ کیا پھل کا شگوفہ نکلنے سے پہلے اس کا فروخت کرنا جائز ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں مگر یہ کہ اس کے ہمراہ اس کے علاوہ کوئی کھجور یا سبزی وغیرہ خریدے پس یوں کہے کہ میں تم سے اس قدر و قیمت کے عوض یہ تازہ کھجور اور کھجور کا یہ درخت خریدتا ہوں لہٰذا اگر اس پھل پر درخت نہ لگا تو خریدار کی رقم اس تازہ کھجور اور سبزی کی قیمت قرار پائے گی۔

اور میں نے ان (امام علیہ السلام) سے درخت (جیسے مہندی اور توت وغیرہ) کے پتوں کے بارے میں پوچھا کہ کیا اسے تین یا چار بار کاٹنے پر خریدنا جائز ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب تم درخت میں پتے دیکھو تو جتنی بار چاہو کاٹنے پر خرید سکتے ہو۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [2]

{1901} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ اَلْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ يَقُولُ: لاَ تَشْتَرِ اَلزَّرْعَ مَا لَمْ يُسَنْبِلْ فَإِذَا كُنْتَ تَشْتَرِي أَصْلَهُ فَلاَ بَأْسَ بِذَلِكَ أَوِ اِبْتَعْتَ نَخْلاً فَابْتَعْتَ أَصْلَهُ وَلَمْ يَكُنْ فِيهِ حَمْلٌ لَمْ يَكُنْ بِهِ بَأْسٌ.

معاویہ بن عمار سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا کہ جب تک زراعت (گندم یا جو) کی بالی نہ نکلے تب تک اسے نہ خریدو البتہ اگر اصل زراعت کو بھی اس کے ساتھ خریدو تو پھر کوئی حرج نہیں ہے یا پھل کے ساتھ اصل درخت خرما بھی خریدو تو پھر چاہے اس میں پھل نہ آیا ہو تب بھی کوئی حرج نہیں ہے۔ [3]

---

[1] الکافی: ۵/۷۱۷ ح ۱۷؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۱۲ ح ۳۷۹۷؛ تہذیب الاحکام: ۷/۸۴ ح ۳۶۰؛ الاستبصار: ۳/۸۶ ح ۲۹۵؛ الوافی: ۱۷/۵۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۲۱۹ ح ۲۳۵۳۸

[2] مرآۃ العقول: ۱۹/۲۷۴؛ روضۃ المتقین: ۷/۷؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۲۷؛ جواہر الکلام: ۲۴/۵۹؛ فقہ الصادقؑ: ۱۸/۱۹۹؛ ریاض المسائل: ۹/۹ (موثق کالصحیح)

[3] تہذیب الاحکام: ۷/۱۴۴ ح ۹۳؛ الاستبصار: ۳/۱۱۳ ح ۴۰۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۲۲۰ ح ۲۳۵۴۰؛ الوافی: ۱۸/۵۵۱؛ ھدایۃ الامہ: ۶/۱۸۸

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [1]

{1902} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ شُعَيْبٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ وَ قُلْتُ لَهُ أُعْطِي الرَّجُلَ لَهُ الثَّمَرَةُ عِشْرِينَ دِينَاراً عَلَى أَنِّي أَقُولُ لَهُ إِذَا قَامَتْ ثَمَرَتُكَ بِشَيْءٍ فَهِيَ لِي بِذَلِكَ الثَّمَنِ إِنْ رَضِيتَ أَخَذْتُ وَإِنْ كَرِهْتَ تَرَكْتُ فَقَالَ مَا تَسْتَطِيعُ أَنْ تُعْطِيَهُ وَلاَ تَشْتَرِطَ شَيْئاً قُلْتُ جُعِلْتُ فِدَاكَ لاَ يُسَمِّي شَيْئاً وَ اللَّهُ يَعْلَمُ مِنْ نِيَّتِهِ ذَلِكَ قَالَ لاَ يَصْلُحُ إِذَا كَانَ مِنْ نِيَّتِهِ [ذَلِكَ].

❂ یعقوب بن شعیب سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص کے پاس کچھ پھل ہے پس میں اسے بیس دینار دیتا ہوں اور اس سے کہتا ہوں کہ جب تمہارا پھل کسی قابل ہوگا تو وہ اس رقم کے عوض میرا ہے اگر تم راضی ہو گئے تو میں لے لوں گا اور اگر تم راضی نہ ہوئے تو میں چھوڑ دوں گا۔

آپ علیہ السلام نے فرمایا: تم شرط کے بغیر اسے یہ رقم دے نہیں سکتے ہو؟

میں نے عرض کیا: میں آپ علیہ السلام پر فدا ہوں! وہ کچھ مقرر نہیں کرتا اب اس کی نیت کیا ہے اللہ ہی بہتر جانتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب اس کی نیت یہ ہے تو پھر ایسا کرنا درست نہیں ہے۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [3]

{1904} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي رَجُلٍ قَالَ لِآخَرَ بِعْنِي ثَمَرَةَ نَخْلِكَ هَذَا الَّذِي فِيهَا بِقَفِيزَيْنِ مِنْ تَمْرٍ أَوْ أَقَلَّ أَوْ أَكْثَرَ يُسَمِّي مَا شَاءَ فَبَاعَهُ قَالَ لاَ بَأْسَ بِهِ وَ قَالَ التَّمْرُ وَ الْبُسْرُ مِنْ نَخْلَةٍ وَاحِدَةٍ لاَ بَأْسَ فَأَمَّا أَنْ يَخْتَلِطَ التَّمْرُ الْعَتِيقُ وَ الْبُسْرُ فَلاَ يَصْلُحُ وَ الزَّبِيبُ وَ الْعِنَبُ مِثْلُ ذَلِكَ.

❂ حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے اس شخص کے بارے میں فرمایا جس نے دوسرے سے کہا تھا کہ تو اس

---

[1] ملاذ الاخیار: ۱۱/۲۲۵

[2] الکافی: ۵/۲۱۷ ح۹؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۱۲ ح۳۷۹۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/۸۹ ح۳۷۸؛ الوافی: ۱۷/۳۷۵؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۲۲۱ ح۲۳۵۳۳

[3] مرآۃ العقول: ۱۹/۲۷۵؛ رسائل المیرزا القمی: ۱۳۰؛ روضۃ المتقین: ۷/۸۲؛ ملاذ الاخیار: ۸۲

درخت خرما کا پھل دو قفیز (مخصوص پیمانہ) کھجور پر یا اس سے کم و بیش پر جو بھی تم چاہو مجھے بیچ دو تو آپ علیہ السلام نے فرمایا کہ اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

پھر فرمایا: ایک ہی (درخت) خرما کی کچی اور پکی کھجوروں (کی فروخت) میں بھی کوئی حرج نہیں ہے لیکن اگر (پرانی) کھجور اور رنگ پکڑنے والی (نئی کھجور) کو مخلوط کر دیا جائے تو پھر درست نہیں ہے اور یہی حکم خشک اور تازہ انگور کا ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [2]

{1904} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى عَنِ ابْنِ مُسْكَانَ عَنْ مُحَمَّدٍ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الرَّجُلِ يَشْتَرِي الثَّمَرَةَ ثُمَّ يَبِيعُهَا قَبْلَ أَنْ يَأْخُذَهَا قَالَ لاَ بَأْسَ بِهِ إِنْ وَجَدَ رِبْحاً فَلْيَبِعْ.

۞ حلبی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص کوئی پھل خریدتا ہے اور قبضہ سے پہلے اسے آگے نفع پر فروخت کر دیتا ہے تو (کیا یہ درست ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے اگر اسے نفع ملتا ہے تو فروخت کر دے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{1905} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ بَعْضِ أَصْحَابِنَا عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الرَّجُلِ يَمُرُّ بِالنَّخْلِ وَ السُّنْبُلِ وَ الثَّمَرِ فَيَجُوزُ لَهُ أَنْ يَأْكُلَ مِنْهَا مِنْ غَيْرِ إِذْنِ صَاحِبِهَا مِنْ ضَرُورَةٍ أَوْ غَيْرِ ضَرُورَةٍ قَالَ لاَ بَأْسَ.

۞ ابن ابی عمیر نے ہمارے بعض اصحاب سے روایت کیا ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص کھجور، سنبل اور کسی دیگر پھل کے پاس سے گزرتا ہے تو کیا اس کے لئے مالک کی اجازت کے بغیر ضرورت کے تحت یا بلا ضرورت اس

---

[1] الکافی: ۵/۱۸۸ ح ۶ و ۵/۱۷۶ ح ۱۰؛ تہذیب الاحکام: ۷/۸۹ ح ۳۷۹؛ الاستبصار: ۳/۹۱ ح ۸۰؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۲۲۳ ح ۲۳۵۴۳؛ الوافی: ۱۸/۵۴۴

[2] جواہر الکلام: ۲۴/۹۶؛ فقہ الصادقؑ: ۱۸/۲۲۰؛ مرآۃ العقول: ۱۹/۱۹۶ و ۱۹/۱۹۷؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۸۳

[3] تہذیب الاحکام: ۷/۸۸ ح ۳۷۶؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۱۱ ح ۳۷۸۰؛ الوافی: ۱۷/۴۹۴؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۶۵ ح ۲۳۱۵۶ و ۲۲۵ ح ۲۳۵۵۰

[4] ملاذ الاخیار: ۱۱/۸۱؛ ارشاد الطالب: ۴/۴۰۰ و ۷/۳۶۸؛ تذکرۃ الفقہاء: ۱۰/۸۰؛ روضۃ المتقین: ۷/۵۵؛ جواہر الکلام: ۲۴/۹۲؛ فقہ الصادقؑ: ۱۸/۱۹۶

سے کھانا جائز ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کوئی حرج نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

قول مؤلف:

اسی سلسلے میں امام زمانہ علیہ السلام کا فرمان بھی وارد ہوا ہے چنانچہ محمد بن جعفر اسدی کا بیان ہے کہ انہوں نے جناب محمد بن عثمان عمری کی خدمت میں چند مسائل بھیجے اور ناحیہ مقدسہ کی طرف سے ان کے جوابات موصول ہوئے پس منجملہ ان مسائل کے ایک سوال و جواب یہ تھا کہ تم نے جو ہمارے مال میں سے پھلوں کے بارے میں سوال کیا ہے کہ کیا گزرنے والے کے لئے ان سے کھانا حلال ہے تو اس کے لئے کھانا تو حلال ہے مگر ہمراہ اٹھا کر لے جانا حرام ہے۔ [3]

اور اسی طرح عبداللہ بن سنان سے روایت کیا ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب کوئی شخص پھل کے پاس سے گزرے تو اس کے لئے اس میں سے کھانے میں کوئی حرج نہیں ہے البتہ اسے خراب نہ کرے۔

پھر فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مدینہ کے باغات کے اردگرد دیواریں بنانے کی اسی لئے ممانعت فرمائی تھی تاکہ گزرنے والے پھل کھا سکیں اور جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کھجوریں پک جاتی تھیں تو گزرنے والوں کی خاطر اب دیواریں گرا دیتے تھے۔ [4] (واللہ اعلم)

{1906} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَلْحُسَيْنِ عَنْ يَزِيدَ بْنِ إِسْحَاقَ عَنْ هَارُونَ بْنِ حَمْزَةَ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ عَنِ اَلرَّجُلِ يَشْتَرِي اَلنَّخْلَ لِيَقْطَعَهُ لِلْجُذُوعِ فَيَغِيبُ اَلرَّجُلُ وَيَدَعُ اَلنَّخْلَ كَهَيْئَتِهِ لَمْ يُقْطَعْ فَيَقْدَمُ اَلرَّجُلُ وَقَدْ حَمَلَ اَلنَّخْلُ فَقَالَ لَهُ اَلْحَمْلُ يَصْنَعُ بِهِ مَا شَاءَ إِلاَّ أَنْ يَكُونَ صَاحِبُ اَلنَّخْلِ كَانَ يَسْقِيهِ وَيَقُومُ عَلَيْهِ.

❁ ہارون بن حمزہ سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے درخت خرما خریدا تاکہ اسے کاٹ کر اس کے تنے سے فائدہ اٹھائے مگر وہ درخت کو اپنی حالت پر چھوڑ کر کہیں غائب ہو گیا اور اس وقت آیا جب

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/۹۳ ح ۳ ۹۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۲۲۶ ح ۲۳۵۵۴؛ الوافی: ۱۸/۷۰۱؛ الفصول المہمہ: ۲/۲۵۶

[2] ملاذ الاخیار: ۱۱/۹۳؛ تذکرۃ الفقہاء: ۱۰/۴۰۹؛ مسالک الافہام: ۳/۱۷۳؛ ریاض المسائل: ۹/۴۵

[3] کمال الدین وتمام النعمۃ: ۲/۵۲۰؛ الاحتجاج: ۲/۴۷۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۲۲۸ ح ۲۳۵۶۰؛ بحار الانوار: ۵۳/۱۸۲ و ۱۰۰/۱۸۳

[4] المحاسن: ۲/۵۲۸ باب ۱۰۹؛ الکافی: ۳/۵۶۹ ح؛ وسائل الشیعہ: ۹/۲۰۳ ح ۱۸۴۴؛ الوافی: ۱۸/۷۷۰؛ بحار الانوار: ۱۹/۲۷۴ و ۱۰۰/۷۵

درخت ثمر آور ہو چکا تھا تو (اب کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ پھل اسی (خریدار) کا ہے جس طرح چاہے اس میں تصرف کرے مگر یہ کہ اصلی مالک نے اسے پانی سے سیراب کیا ہو اور اس کی نگرانی کی ہو۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح علی الظاہر ہے۔ [2]

{1907} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ شُعَيْبٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَنِ الرَّجُلِ يَكُونُ لَهُ عَلَى الْآخَرِ مِائَةُ كُرِّ تَمْرٍ وَ لَهُ نَخْلٌ فَيَأْتِيهِ فَيَقُولُ أَعْطِنِي نَخْلَكَ هَذَا بِمَا عَلَيْكَ فَكَأَنَّهُ كَرِهَهُ قَالَ وَ سَأَلْتُهُ عَنِ الرَّجُلَيْنِ يَكُونُ بَيْنَهُمَا النَّخْلُ فَيَقُولُ أَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ إِمَّا أَنْ تَأْخُذَ هَذَا النَّخْلَ بِكَذَا وَ كَذَا كَيْلاً مُسَمًّى أَوْ تُعْطِيَنِي نِصْفَ هَذَا الْكَيْلِ إِمَّا زَادَ أَوْ نَقَصَ وَ إِمَّا أَنْ آخُذَهُ أَنَا بِذَلِكَ قَالَ نَعَمْ لَا بَأْسَ بِهِ.

❂ یعقوب بن شعیب سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے دوسرے سے سو کُر (ایک خاص پیمانہ) کھجوریں لینی تھیں اور اس کے پاس کچھ درخت خرما ہیں تو یہ اس سے جا کر کہتا ہے کہ میں نے تم سے جو کھجوریں لینی ہیں ان کے عوض مجھے یہ کھجوریں دے دیں تو (کیا یہ درست ہے)؟

پس امام علیہ السلام نے اسے ناپسند فرمایا:

راوی کہتا ہے کہ میں نے امام علیہ السلام سے پوچھا کہ دو شخص ہیں اور ان کی ملکیت میں ایک درخت خرما ہے اور ان میں سے ایک شخص دوسرے سے کہتا ہے کہ دو باتوں میں سے ایک اختیار کر لو یا تو اتنے اتنے وزن (خرما) پر یہ درخت لے لو اور اس وزن کا نصف مجھے دے دو چاہے کم ہو یا زیادہ یا اتنے وزن پر میں درخت لے لیتا ہوں (اور اس کا نصف مجھ سے لے لو) تو (کیا یہ درست ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ [3]

---

[1] الکافی: ۵/۲۹۷ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۰۶ ح ۹۰۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۲۳۰ ح ۲۳۵۹۳؛ الوافی: ۱۸/۷۰۲ ح ۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۳۷ ح ۳۸۶۹

[2] مرآۃ العقول: ۱۹/۴۰۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۳۸۷

[3] الکافی: ۵/۱۹۳ ح ۲؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۲۵ ح ۳۸۳۴؛ تہذیب الاحکام: ۷/۹۱ ح ۳۸۹ و ۱۲۵ ح ۵۴۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۲۲۳ ح ۲۳۵۷۶ و ۲۳۱ ح ۲۳۵۷۴؛ الوافی: ۱۸/۵۴۴

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (1)

{1908} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيٍّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ حَرِيزٍ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ أَعْيَنَ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَيَحِلُّ شِرَاءُ الزَّرْعِ أَخْضَرَ قَالَ نَعَمْ لاَ بَأْسَ بِهِ.

بکر بن اعین سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ کیا سبز فصل کا خریدنا ناجائز ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ (2)

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ (3)

{1909} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: لاَ بَأْسَ بِأَنْ تَشْتَرِيَ زَرْعاً أَخْضَرَ ثُمَّ تَتْرُكَهُ حَتَّى تَحْصُدَهُ إِنْ شِئْتَ أَوْ تَعْلِفَهُ مِنْ قَبْلِ أَنْ يُسَنْبِلَ وَهُوَ حَشِيشٌ وَقَالَ لاَ بَأْسَ أَيْضاً أَنْ تَشْتَرِيَ زَرْعاً قَدْ سَنْبَلَ وَبَلَغَ بِحِنْطَةٍ.

حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں کہ تم سبز فصل خرید لو اور پھر اسے چھوڑ دو یہاں تک کہ اپنی خواہش کے مطابق کاٹو یا بالی نکلنے سے پہلے اسے حیوانات کو کھلا دو کیونکہ وہ گھاس (کی مانند) ہے۔

پھر امام علیہ السلام نے فرمایا: اس میں بھی کوئی حرج نہیں ہے کہ تم ایسی فصل کو خرید لو جس کی بالیوں میں گندم نظر آنے لگے۔ (4)

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔ (5)

{1910} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُعَلَّى بْنِ مُحَمَّدٍ وَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ جَمِيعاً عَنِ الْوَشَّاءِ قَالَ: سَأَلْتُ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ يَشْتَرِي مِنْ رَجُلٍ أَرْضاً جُرْبَاناً مَعْلُومَةً

---

(1) مرآۃ العقول: ۱۹/۲۰۶؛ المجعہ: ۷/۲۱۱؛ تفصیل الشریعہ: ۱۹/۲۶۳؛ روضۃ المتقین: ۷/۲۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۱۲۸

(2) الکافی: ۵/۲۷۴ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۴۲ ح ۶۳۰؛ الاستبصار: ۳/۱۱۳ ح ۳۹۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۲۳۴ ح ۲۳۵۷۳

(3) فقہ الصادقؑ: ۱۸/۲۰۸؛ مرآۃ العقول: ۱۹/۲۶۰؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۲۲۲

(4) الکافی: ۵/۲۷۴ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۴۲ ح ۶۲۹؛ الاستبصار: ۳/۱۱۲ ح ۳۹۵؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۲۳۴ ح ۲۳۵۷۲، ۲۳۵۸۲؛ الوافی: ۱۸/۵۴۷

(5) مرآۃ العقول: ۱۹/۲۵۹؛ المجعہ: ۷/۲۱۵؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۲۲۱

بِمِائَةِ كُرٍّ عَلَى أَنْ يُعْطِيَهُ مِنَ الْأَرْضِ فَقَالَ حَرَامٌ قَالَ قُلْتُ لَهُ فَمَا تَقُولُ جَعَلَنِيَ اللَّهُ فِدَاكَ إِنِ اشْتَرَى مِنْهُ الْأَرْضَ بِكَيْلٍ مَعْلُومٍ وَ حِنْطَةٍ مِنْ غَيْرِهَا قَالَ لَا بَأْسَ.

❁ حسن بن علی الوشا سے روایت ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے دوسرے شخص سے زمین کی چند جریبیں اسی زمین سے حاصل شدہ سو کر گندم کے عوض خریدی ہیں (تو کیا یہ درست ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: حرام ہے۔

میں نے عرض کیا: میں آپ علیہ السلام پر فدا ہوں! میں اس سے زمین خریدتا ہوں اور اس کے عوض اس زمین کے علاوہ حاصل شدہ گندم اور کچھ مخصوص ناپ دیتا ہوں تو (کیا یہ درست ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1911} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ أَبَانٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ عَنِ الْمُحَاقَلَةِ وَ الْمُزَابَنَةِ قُلْتُ وَ مَا هُوَ قَالَ أَنْ تَشْتَرِيَ حَمْلَ النَّخْلِ بِالتَّمْرِ وَ الزَّرْعَ بِالْحِنْطَةِ.

❁ عبدالرحمن بن ابی عبداللہ سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے محاقلہ اور مزابنہ کی ممانعت فرمائی ہے۔

میں نے عرض کیا: ان سے کیا مراد ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: محاقلہ کھجور کا پھال (اسی سے حاصل شدہ) خرما کے عوض اور مزابنہ گندم کی بالیوں کا (اسی سے حاصل شدہ) گندم کے عوض فروخت کرنا ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق کالصحیح ہے۔ [4]

---

[1] الکافی: ۵/۲۶۵ ح۸؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۴۰ ح ۳۸۷۸؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۹۵ ح ۶۶۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۲۳۷ ح ۲۳۵۸۳؛ الوافی: ۱۸/۵۹۸

[2] مراۃ العقول: ۱۹/۳۴۲؛ روضۃ المتقین: ۷/۱۰۷؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۳۶۰

[3] الکافی: ۵/۲۷۵ ح۵؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۴۳ ح ۶۳۳؛ الاستبصار: ۳/۹۱ ح ۳۰۸؛ الوافی: ۱۸/۵۴۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۲۳۹ ح ۲۳۵۸۶

[4] بحوث فی الفقہ الزراعی: ۲۲۲؛ الانوار اللوامع: ۱۱/۶۳؛ الموسوعۃ الفقہیہ: ۷/۵۱؛ جواہر الکلام: ۲۴/۹۳؛ فقہ الصادقؑ: ۱۸/۲۱۸؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۴/۱۴۲؛ مسالک الافہام: ۳/۹۳؛ مراۃ العقول: ۱۹/۴۰؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۲۲۳

﴿نقد اور ادھار کے احکام﴾

{1912} عَبْدُ اَللَّهِ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي نَصْرٍ : أَنَّهُ قَالَ لِأَبِي اَلْحَسَنِ اَلرِّضَا عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ إِنَّ هَذَا اَلْجَبَلَ قَدْ فُتِحَ عَلَى اَلنَّاسِ مِنْهُ بَابُ رِزْقٍ فَقَالَ إِنْ أَرَدْتَ اَلْخُرُوجَ فَاخْرُجْ فَإِنَّهَا سَنَةٌ مُضْطَرِبٌ وَلَيْسَ لِلنَّاسِ بُدٌّ مِنْ مَعَاشِهِمْ فَلاَ تَدَعِ اَلطَّلَبَ فَقُلْتُ إِنَّهُمْ قَوْمٌ مِلاَءٌ وَنَحْنُ نَحْتَمِلُ اَلتَّأْخِيرَ فَنُبَايِعُهُمْ بِتَأْخِيرِ سَنَةٍ قَالَ بِعْهُمْ قُلْتُ سَنَتَيْنِ قَالَ بِعْهُمْ قُلْتُ ثَلاَثِ سِنِينَ قَالَ لاَ يَكُونُ لَكَ شَيْءٌ أَكْثَرُ مِنْ ثَلاَثِ سِنِينَ.

❁ احمد بن محمد بن ابونصر سے روایت ہے کہ انہوں نے امام علی رضا علیہ السلام سے عرض کیا کہ اس پہاڑ سے لوگوں کے لئے روزی کا دروازہ کھل گیا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر تم جانا چاہو تو ضرور جاؤ کیونکہ یہ قحط سالی کا سال ہے اور لوگوں کے لئے حصول معاش کے لئے ہاتھ پاؤں مارنا ضروری ہے پس تم جستجو ترک نہ کرو۔

میں نے عرض کیا: وہ لوگ مالدار نہیں ہیں اور ہم ایک سال کے ادھار پر مال فروخت کرتے ہیں تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ان کو فروخت کرو (یہ درست ہے)

میں نے عرض کیا: دو سال تک (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ان کو فروخت کرو (درست ہے)

میں نے عرض کیا: تین سال تک (کا کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: تمہارے لئے تین سال سے زیادہ کا حق نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1913} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ اِبْنِ أَبِي نَجْرَانَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ قَالَ أَمِيرُ اَلْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ : مَنْ بَاعَ سِلْعَةً وَ قَالَ إِنَّ ثَمَنَهَا كَذَا وَ كَذَا يَداً بِيَدٍ وَ ثَمَنَهَا كَذَا وَ كَذَا نَظِرَةً فَخُذْهَا بِأَيِّ ثَمَنٍ شِئْتَ وَاجْعَلْ صَفْقَتَهَا وَاحِدَةً فَلَيْسَ

---

[1] قرب الاسناد: ۳۰۷؛ بحار الانوار: ۱۰۰/۳؛ وسائل الشیعہ: ۳۲/۱۷ ح ۲۱۹۰۷ و ۳۶/۱۸ ح ۲۳۰۸۱

[2] ارشاد الطالب: ۵۴۴/۴ و ۳۵۹/۷

لَهُ إِلاَّ أَقَلُّهُمَا وَ إِنْ كَانَتْ نَظِرَةً قَالَ وَ قَالَ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ مَنْ سَاوَمَ بِثَمَنَيْنِ أَحَدِهِمَا عَاجِلاً وَ اَلْآخَرِ نَظِرَةً فَلْيُسَمِّ أَحَدَهُمَا قَبْلَ اَلصَّفْقَةِ.

امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: جو شخص اپنا مال اس طرح فروخت کرے کہ نقد بہ نقد اس کی قیمت یہ ہے (یعنی کم ہے) اور ادھار پر یہ ہے (یعنی زیادہ ہے) تو تم جس قیمت پر چاہو وہ مال خرید لو اور دونوں میں سودا کرنے کا طریقہ ایک ہی ہے پس ان دونوں میں جو قیمت کم ہوا سے وہی لینی چاہئے خواہ ادھار ہی کیوں نہ ہو

راوی کا بیان ہے کہ امام علیہ السلام نے فرمایا: جو شخص کسی چیز کے نقد اور ادھار الگ الگ بھاؤ مقرر کرے تو ہاتھ پر ہاتھ مارنے سے پہلے (یعنی فوراً) ان میں سے ایک کو نامزد کرو۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [2]

{1914} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَلْحُسَيْنِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَسْبَاطٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اَللَّهِ صَلَّى اَللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ عَنْ سَلَفٍ وَ بَيْعٍ وَ عَنْ بَيْعَيْنِ فِي بَيْعٍ وَ عَنْ بَيْعِ مَا لَيْسَ عِنْدَكَ وَ عَنْ رِبْحِ مَا لَمْ يُضْمَنْ.

سلیمان بن صالح سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (ایک ہی معاملہ میں) نقد و ادھار (کی شرط لگانے) سے، ایک بیع میں دو بیعوں سے، اس چیز کے فروخت کرنے سے جو تمہارے قبضے میں نہ ہو اور اس چیز سے نفع حاصل کرنے جس کی ضمانت نہ ہو منع فرمایا ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق ہے۔ [4]

قول مؤلف:

ممکن ہے کہ ایک ہی چیز کی نقد اور ادھار الگ الگ قیمت مقرر کرنا فروخت کنندہ کے لئے ممانعت ہو جبکہ اگر خریدار خرید کرے تو اس کے لئے یہ جائز ہو جیسا کہ اس سے پہلی حدیث میں ذکر ہے اور فروخت کنندہ کے لئے ادھار پر زیادہ رقم لینے کی

[1] الکافی: ۵/۲۰۶ ح ۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۸۳ ح ۴۰۲۲؛ الوافی: ۱۸/۷۳۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۳۶ ح ۲۳۰۸۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/۴۷ ح ۲۰۱

[2] ارشاد الطالب: ۳/۵۴۶؛ المجعہ فی شرح اللمعہ: ۷/۳۱۳؛ مراۃ العقول: ۱۹/۲۲۹؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/۵۵۵

[3] تہذیب الاحکام: ۷/۲۳۰ ح ۱۰۰۵؛ الوافی: ۱۸/۷۰۶؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۳۷ ح ۲۳۰۸۵؛ بحار الانوار: ۱۰۰/۸۰؛ امالی صدوق: ۴۲۲ مجلس ۶۶

[4] وسائل المیرزا قمی: ۲۹؛ ہدی الطالب: ۷/۴۱۰؛ جامع الشتات: ۲/۲۷۰؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۳۳۳

ممانعت ہو (واللہ اعلم)

{1915} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي نَجْرَانَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: قَضَى أَمِيرُ اَلْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ فِي رَجُلٍ أَمَرَهُ نَفَرٌ لِيَبْتَاعَ لَهُمْ بَعِيراً بِنَقْدٍ وَ يَزِيدُونَهُ فَوْقَ ذَلِكَ نَظِرَةً فَابْتَاعَ لَهُمْ بَعِيراً وَ مَعَهُ بَعْضُهُمْ فَمَنَعَهُ أَنْ يَأْخُذَ مِنْهُمْ فَوْقَ وَرِقِهِ نَظِرَةً.

✪ محمد بن قیس سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: امیر المومنین علیہ السلام نے اس شخص کے لئے فیصلہ کیا تھا جسے کچھ لوگوں نے حکم دیا تھا کہ وہ ان کے لئے نقد رقم پر اونٹ خریدے اور وہ اس سے ادھار پر زیادہ رقم پر خریدیں گے پس اس شخص نے ان لوگوں میں سے بعض کی موجودگی میں ایک اونٹ خریدا تو آپ علیہ السلام نے اسے ادھار پر زیادہ رقم لینے سے روک دیا تھا۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔[2]

{1916} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ اَلْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ عَبْدِ اَلرَّحْمَنِ بْنِ اَلْحَجَّاجِ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ عَنِ اَلْعِينَةِ فَقُلْتُ يَأْتِينِي اَلرَّجُلُ فَيَقُولُ اِشْتَرِ اَلْمَتَاعَ وَ اِرْبَحْ فِيهِ كَذَا وَ كَذَا أُرَاضِيهِ عَلَى اَلشَّيْءِ مِنَ اَلرِّبْحِ فَنَتَرَاضَى بِهِ ثُمَّ أَنْطَلِقُ فَأَشْتَرِي اَلْمَتَاعَ مِنْ أَجْلِهِ لَوْ لاَ مَكَانُهُ لَمْ أُرِدْهُ ثُمَّ آتِيهِ بِهِ فَأَبِيعُهُ قَالَ مَا أَرَى بِهَذَا بَأْساً لَوْ هَلَكَ مِنْهُ اَلْمَتَاعُ قَبْلَ أَنْ تَبِيعَهُ إِيَّاهُ كَانَ مِنْ مَالِكَ وَ هَذَا عَلَيْكَ بِالْخِيَارِ إِنْ شَاءَ اِشْتَرَاهُ مِنْكَ بَعْدَ مَا تَأْتِيهِ وَ إِنْ شَاءَ رَدَّهُ فَلَسْتُ أَرَى بِهِ بَأْساً.

✪ عبدالرحمن بن حجاج سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے ادھار کے بارے میں سوال کیا کہ میرے پاس ایک شخص آتا ہے اور کہتا ہے کہ میرے لئے فلاں مال و متاع خریدو اور میں تمہیں اس قدر نفع دوں گا چنانچہ ہم نفع کی مقدار پر متفق ہوجاتے ہیں۔ پھر میں جا کر اس کی خاطر وہ مال و متاع خریدتا اور پھر آ کر اس کے ہاتھوں فروخت کرتا ہوں تو (کیا یہ درست ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: میرے نزدیک اس میں کوئی حرج نہیں ہے کیونکہ اگر تمہارے فروخت کرنے سے پہلے وہ مال تلف

---

[1] الکافی: ۵/ ۲۰۷ ح ۲؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۲۸۳ ح ۴۰۲۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۴۷ ح ۲۰۲؛ الوافی: ۱۸/ ۷۳۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/ ۳ ح ۲۳۰۸۷؛ ھدایۃ الامہ: ۶/ ۱۳۴

[2] مرآۃ العقول: ۱۹/ ۲۳۱؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/ ۵۵۹؛ روضۃ المتقین: ۷/ ۲۹۵ (حسن کالصحیح)؛ جامع الشتات: ۲/ ۱۱؛ سداد العباد: ۲۵۳

ہوجاتا تو وہ تمہارا ہوتا اور اس شخص کو بھی اختیار رہے چاہے تو خریدے اور چاہے تو نہ خریدے لہٰذا میرے نزدیک اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1917} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْفُضَيْلِ عَنْ أَبِي الصَّبَّاحِ الْكِنَانِيِّ وَ عُمَرَ بْنِ عِيسَى عَنْ سَمَاعَةَ جَمِيعاً عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: أَنَّهُ سُئِلَ عَنِ الرَّجُلِ يَحْمِلُ الْمَتَاعَ لِأَهْلِ السُّوقِ وَ قَدْ قَوَّمُوا عَلَيْهِ قِيمَةً وَ يَقُولُونَ بِعْ فَمَا ازْدَدْتَ فَلَكَ قَالَ لاَ بَأْسَ بِذَلِكَ وَ لَكِنْ لاَ يَبِيعُهُمْ مُرَابَحَةً

ابوالصباح کنانی اور سماعہ دونوں سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ ایک شخص کچھ ساز و سامان لے کر بازار گیا اور لوگوں نے اس کی کچھ قیمت مقرر کی اور اس سے کہا کہ اگر اس سے زیادہ پر بکا تو وہ زیادتی بھی تمہاری ہوگی (تو کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے مگر وہ ان کے ہاتھ مرابحہ [3] نہ کرے۔ [4]

تحقیق:

حدیث موثق کالصحیح یا موثق ہے۔ [5]

{1918} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ حَنَانِ بْنِ سَدِيرٍ قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ فَقَالَ لَهُ جَعْفَرُ بْنُ حَنَانٍ مَا تَقُولُ فِي الْعِينَةِ فِي رَجُلٍ يُبَايِعُ رَجُلاً فَيَقُولُ لَهُ أُبَايِعُكَ بِدَهْ دَوَازْدَهْ وَ بِدَهْ يَازْدَهْ فَقَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ هَذَا فَاسِدٌ وَ لَكِنْ يَقُولُ أَرْبَحُ عَلَيْكَ فِي جَمِيعِ الدَّرَاهِمِ كَذَا وَ كَذَا وَ يُسَاوِمُهُ عَلَى هَذَا فَلَيْسَ بِهِ بَأْسٌ وَ قَالَ أُسَاوِمُهُ وَ لَيْسَ عِنْدِي مَتَاعٌ قَالَ

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/۵۱ ح ۲۲۱؛ الوافی: ۱۸/۸۱۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۵۱ ح ۲۳۱۱۹

[2] ملاذ الاخیار: ۱۰/۵۲۶؛ فقہ المعارف: ۱۱/۳۱۱؛ کتاب الاجارہ: ۱۷؛ قرأت فقہیہ: ۲/۲۳۸

[3] جب فروخت کرنے والا خریدار کو مال کی اصل قیمت خرید بتادے اور پھر نفع پر فروخت کرے تو اسے بیع مرابحہ کہا جاتا ہے۔

[4] تہذیب الاحکام: ۷/۵۴ ح ۲۳۳؛ الکافی: ۵/۱۹۵ ح ۳؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۱۵ ح ۳۷۹۹؛ الوافی: ۱۸/۷۲۴؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۵۷ ح ۲۳۱۳۴؛ ھدایۃ الامہ: ۶/۱۳۹

[5] ملاذ الاخیار: ۱۰/۵۴۲؛ روضۃ المتقین: ۷/۸۹؛ الانوار اللوامع: ۱۱/۳۹۲

لَا بَأْسَ.

❁ حنان بن سدیر سے روایت ہے کہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر تھا کہ جعفر بن حنان نے عرض کیا: (مولا علیہ السلام!) آپ علیہ السلام اس ادھار بیع وسرا کے بارے میں کیا فرماتے ہیں کہ ایک شخص دوسرے کے ہاتھ مال فروخت کرتا ہے اور کہتا ہے کہ میں دوازدہ (دس ہزار کے ساتھ دو ہزار) اور وہ یازدہ کے طور پر فروخت کرتا ہوں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ فاسد ہے بلکہ ارجح یہ ہے کہ یوں کہے کہ میں اس تمام مال ومتاع پر اس قدر نفع لوں گا اور بطور بیع مساومت [1] فروخت کرے۔

راوی نے عرض کیا: اگر میں اس متاع کو بطور بیع مساومت فروخت کروں جو میرے پاس موجود ہی نہ ہو تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کوئی حرج نہیں ہے۔ [2]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [3]

{1919} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ مَنْصُورِ بْنِ حَازِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِذَا اشْتَرَيْتَ مَتَاعاً فِيهِ كَيْلٌ أَوْ وَزْنٌ فَلاَ تَبِعْهُ حَتَّى تَقْبِضَهُ إِلاَّ أَنْ تُوَلِّيَهُ فَإِنْ لَمْ يَكُنْ فِيهِ كَيْلٌ أَوْ وَزْنٌ فَبِعْهُ.

❁ منصور بن حازم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب کوئی ناپی یا تولی جانے والی چیز خریدو تو اسے اس وقت تک آگے فروخت نہ کرو جب تک پہلے اس کا قبضہ نہ لے لو مگر یہ کہ تم بیع تولیہ [4] کرو اور اگر وہ چیز ناپی یا تولی نہ جاتی ہو تو پھر اسے فروخت کر سکتے ہو۔ [5]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [6]

---

[1] جب بائع خریدار کو اپنے مال کی قیمت خرید نہ بتائے اور مناسب داموں پر فروخت کرے تو اسے بیع مساومت کہتے ہیں۔

[2] الکافی: ۵/۲۰۴ ح ۲؛ الوافی: ۱۸/۱۷ ۱۶؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۹۳ ح ۲۳۱۴۸

[3] مرآۃ العقول: ۱۹/۲۲۶

[4] جب بیع مال کو اصلی قیمت خرید پر فروخت کرے تو اسے بیع تولیہ کہا جاتا ہے

[5] تہذیب الاحکام: ۷/۳۵ ح ۴۷؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۰۶ ح ۳۷۷۲؛ الوافی: ۱۷/۳۹۶؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۶۵ ح ۲۳۱۵۳ و ۶۸ ح ۲۳۱۶۴ و ۳۰۲ ح ۲۳۷۱۹؛ الفصول المہمہ: ۲/۲۵۰؛ ھدایۃ الامہ: ۶/۲۱۰

[6] ملاذ الاخیار: ۱۰/۵۲۷؛ الموسوعہ الفقہیہ: ۷/۳۳۶؛ الانوار اللوامع: ۱/۳۳۰؛ ارشاد الطالب: ۷/۳۴۳؛ جواہر الکلام: ۲۳/۱۶۷؛ العجمہ: ۷/۲۱۳؛ منہاج الفقاہۃ: ۶/۵۳۶؛ کتاب المکاسب: ۶/۲۸۶؛ فقہ الصادقؑ: ۷/۴۳

{1920} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَلْحُسَيْنِ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ أَيُّوبَ بْنِ رَاشِدٍ عَنْ مُيَسِّرٍ بَيَّاعِ اَلزُّطِّيِّ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ إِنَّا نَشْتَرِي اَلْمَتَاعَ بِنَظِرَةٍ فَيَجِيءُ اَلرَّجُلُ فَيَقُولُ بِكَمْ تَقَوَّمَ عَلَيْكَ فَأَقُولُ بِكَذَا وَ كَذَا فَأَبِيعُهُ بِرِبْحٍ فَقَالَ إِذَا بِعْتَهُ مُرَابَحَةً كَانَ لَهُ مِنَ اَلنَّظِرَةِ مِثْلُ مَا لَكَ قَالَ فَاسْتَرْجَعْتُ وَ قُلْتُ هَلَكْنَا فَقَالَ مِمَّ فَقُلْتُ لِأَنَّ مَا فِي اَلْأَرْضِ ثَوْبٌ إِلاَّ أَبِيعُهُ مُرَابَحَةً يُشْتَرَى مِنِّي وَ لَوْ وُضِعْتُ مِنْ رَأْسِ اَلْمَالِ حَتَّى أَقُولَ بِكَذَا وَ كَذَا قَالَ فَلَمَّا رَأَى مَا شَقَّ عَلَيَّ قَالَ أَ فَلاَ أَفْتَحُ لَكَ بَاباً يَكُونُ لَكَ فِيهِ فَرَجٌ قُلْ قَامَ عَلَيَّ بِكَذَا وَ كَذَا وَ أَبِيعُكَ بِزِيَادَةِ كَذَا وَ كَذَا وَ لاَ تَقُلْ بِرِبْحٍ.

◈ میسر بیاع الزطی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ ہم کچھ سامان کچھ مہلت پر خریدتے ہیں پس ایک شخص (خریدار) آکر پوچھتا ہے کہ تمہیں یہ مال کتنے کا پڑا ہے تو میں جواب میں کہتا ہوں کہ اتنے اتنے میں (پڑا ہے) چنانچہ میں اسے نفع پر فروخت کر دیتا ہوں تو (کیا یہ درست ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب اس مال کو نفع پر فروخت کرتے ہو تو پھر اس کو بھی (قیمت کی ادائیگی میں) اتنی مہلت ہوگی جتنی تمہیں تھی۔

راوی کہتا ہے کہ میں نے إنا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا اور کہا کہ ہم ہلاک ہو گئے ہیں

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ کیوں؟

میں نے عرض کیا: زمین خدا میں کوئی ایسا کپڑا نہیں جسے میں نے (ادھار لے کر) نفع پر (نقد) فروخت نہ کیا ہو اور اگر میں قیمت خرید سے کچھ کم کرتا تو کہتا کہ اتنے اتنے میں فروخت کروں گا (تو بہتر ہوتا)۔

پس امام علیہ السلام نے میری پریشانی دیکھی تو فرمایا: کیا میں تمہارے لئے ایسا دروازہ نہ کھولوں جس میں تمہارے لئے کشائش ہو؟ تو (خریدار سے) کہہ کہ مجھے یہ چیز اتنے میں پڑی ہے اور اتنی اتنی زیادہ قیمت پر فروخت کرتا ہوں اور تو نفع کا نام ہی نہ لے (تا کہ بیع مرابحہ نہ بنے)۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

[1] الکافی: ۱۹۸/۵ ح ۷؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۲۱۳/۳ ح ۳۹۴۷؛ تہذیب الاحکام: ۵۶/۷ ح ۲۴۵؛ الوافی: ۶۹۸/۱۸؛ وسائل الشیعہ: ۸۲/۱۸ ح ۲۳۲۰۱؛ عوالی اللئالی: ۲۸۲/۲؛

[2] روضۃ المتقین: ۸۵/۷

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث مجہول ہے۔ (1)

{1921} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُسْكَانَ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَنَّهُ قَالَ: فِي رَجُلٍ اِبْتَاعَ مِنْ رَجُلٍ طَعَاماً بِدَرَاهِمَ فَأَخَذَ نِصْفَهُ ثُمَّ جَاءَهُ بَعْدَ ذَلِكَ وَ قَدِ ارْتَفَعَ الطَّعَامُ أَوْ نَقَصَ فَقَالَ إِنْ كَانَ يَوْمَ اِبْتَاعَهُ سَاعَرَهُ بِكَذَا وَ كَذَا فَهُوَ ذَاكَ وَ إِنْ لَمْ يَكُنْ سَاعَرَهُ فَإِنَّمَا لَهُ سِعْرُ يَوْمِهِ.

حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے اس شخص کے بارے میں فرمایا جس نے کسی سے چند درہموں کے عوض کچھ غلہ خریدا اور آدھا اپنے قبضہ میں لے لیا (جبکہ آدھے کا قبضہ ہنوز باقی تھا) پس جب وہ (باقی کا قبضہ لینے آیا) تو اس کا نرخ بڑھ گیا تھا یا گھٹ گیا تھا تو اگر اس نے خریداری والے دن بھاؤ مقرر کر لیا تھا تو پھر وہی بھاؤ ہوگا اور اگر کوئی بھاؤ مقرر نہیں کیا تھا تو پھر بھاؤ طے کیا جائے گا۔ (2)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (3)

﴿معاملہ سلف کی شرائط﴾

قول مؤلف:

معاملہ سلف سے مراد یہ ہے کہ کوئی شخص نقد رقم لے کر پورا مال مقررہ مدت کے بعد تحویل میں دینے کی شرط کے ساتھ بیچ دے لہٰذا اگر خریدار کہے کہ میں یہ رقم دے رہا ہوں تا کہ مثلاً چھ ماہ بعد فلاں چیز لے لو اور بیچنے والا کہے کہ میں نے قبول کیا یا بیچنے والا رقم لے لے اور کہے کہ میں نے فلاں چیز بیچی اور اس کا قبضہ چھ ماہ بعد دوں گا تو سودا صحیح ہے۔ (4)

{1922} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ عَبْدِ

---

(1) مراۃ العقول: ۱۹/ ۲۱۷؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/ ۵۸۰

(2) من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۲۰۷ ح ۳۷۷۴؛ الکافی: ۵/ ۱۸۱ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۳۴ ح ۱۴۲؛ الوافی: ۱۷/ ۳۹۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/ ۸۳ ح ۲۳۲۰۴؛ مستدرک الوسائل: ۱۳/ ۳۲۰ ح ۱۸۴۷۴

(3) روضۃ المتقین: ۷/ ۱۳؛ فقہ الطالب: ۲۸۷؛ ارشاد الطالب: ۳/ ۳۲۰

(4) توضیح المسائل آغا سیستانی: ۴۱۳ ف ۲۰۶۹

اَلرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَجَّاجِ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الرَّجُلِ يَشْتَرِي الطَّعَامَ مِنَ الرَّجُلِ لَيْسَ عِنْدَهُ فَيَشْتَرِي مِنْهُ حَالاً قَالَ لَيْسَ بِهِ بَأْسٌ قُلْتُ إِنَّهُمْ يُفْسِدُونَهُ عِنْدَنَا قَالَ وَ أَيَّ شَيْءٍ يَقُولُونَ فِي السَّلَمِ قُلْتُ لاَ يَرَوْنَ بِهِ بَأْساً يَقُولُونَ هَذَا إِلَى أَجَلٍ فَإِذَا كَانَ إِلَى غَيْرِ أَجَلٍ وَ لَيْسَ عِنْدَ صَاحِبِهِ فَلاَ يَصْلُحُ فَقَالَ إِذَا لَمْ يَكُنْ أَجَلٌ كَانَ أَحَقَّ بِهِ ثُمَّ قَالَ لاَ بَأْسَ بِأَنْ يَشْتَرِيَ الطَّعَامَ وَ لَيْسَ هُوَ عِنْدَ صَاحِبِهِ إِلَى أَجَلٍ فَقَالَ لاَ يُسَمِّي لَهُ أَجَلاً إِلاَّ أَنْ يَكُونَ بَيْعاً لاَ يُوجَدُ مِثْلَ الْعِنَبِ وَ الْبِطِّيخِ وَ شِبْهِهِ فِي غَيْرِ زَمَانِهِ فَلاَ يَنْبَغِي شِرَاءُ ذَلِكَ حَالاً.

عبدالرحمن بن الحجاج سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے سوال کیا کہ ایک شخص ایک آدمی سے خوراک خریدتا ہے جو مال حاضر میں اس کے پاس موجود نہیں ہے تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

راوی کہتا ہے کہ میں نے عرض کیا: ہمارے ہاں لوگ تو اسے باطل کہتے ہیں۔

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ بیع سلف کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟

میں نے عرض کیا: وہ کہتے ہیں کہ جائز ہے کیونکہ اس کی فروخت تو ایک مدت کے بعد ہوتی ہے مگر جب فروخت فی الحال کی جائے اور وہ چیز بائع کے پاس موجود نہ ہو تو پھر جائز نہیں ہے۔

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب اس کی فروختگی مدت تک نہ ہو تو پھر وہ جواز کی زیادہ مستحق ہے۔

پھر فرمایا: جب کوئی شخص کسی سے ابھی یا کچھ وقت کے بعد ایسا طعام خریدے جو فی الحال بائع کے پاس نہ ہو تو اس کی خریداری میں کوئی حرج نہیں ہے مگر یہ کہ وہ چیز ایسی ہو جو اس وقت موجود ہی نہ ہو جیسے بے موسمے انگور، خربوزہ وغیرہ تو ان کی حال حاضر میں فروخت جائز نہیں ہے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق ہے۔[2]

{1923} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ يَحْيَى بْنِ الْحَجَّاجِ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ قَالَ لِيَ اشْتَرِ لِي هَذَا الثَّوْبَ وَ هَذِهِ الدَّابَّةَ وَ يُعَيِّنُهَا وَ أُرْبِحَكَ فِيهَا كَذَا وَ كَذَا قَالَ لاَ بَأْسَ بِذَلِكَ قَالَ لِيَشْتَرِيهَا وَ لاَ تُوَاجِبْهُ الْبَيْعَ قَبْلَ أَنْ يَسْتَوْجِبَهَا أَوْ

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/۴۹ ح ۲۱۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۸۲ ح ۴۰۲۱؛ الوافی: ۱۸/۷۰۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۴۶ ح ۲۳۱۰۲؛ الکافی: ۵/۲۰۰ ح ۴

[2] جواہر الکلام: ۲۴/۳۰۱ و ۲۲/۸۹ ۳؛ فقہ الصادقؑ: ۱۸/۷۹ ۲؛ ارشاد الطالب: ۲/۵۰ ۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/۵۹۱

تَشْتَرِيَهَا.

۞ یحییٰ بن حجاج سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے مجھ سے کہا کہ میرے لئے کپڑا اور یہ گھوڑا خریدو پھر اسے میرے ہاتھ فروخت کرو تو میں تمہیں اتنا اتنا نفع دوں گا (تو کیا یہ درست ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

پھر فرمایا: ان چیزوں کو خریدو مگر جب تک پہلے اپنے لئے یہ بیع واجب نہ کرو اس وقت تک اس کے لئے بھی واجب نہ کرو یا اس کے لئے بھی نہ خریدو (بعد ازاں اسے فروخت کرو)۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{1924} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ النَّضْرِ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ بَأْسَ بِأَنْ تَبِيعَ الرَّجُلَ الْمَتَاعَ لَيْسَ عِنْدَكَ تُسَاوِمُهُ ثُمَّ تَشْتَرِي لَهُ نَحْوَ الَّذِي طَلَبَ ثُمَّ تُوجِبُهُ عَلَى نَفْسِكَ ثُمَّ تَبِيعُهُ مِنْهُ بَعْدُ.

۞ عبداللہ بن سنان سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: کوئی مضائقہ نہیں ہے کہ اگر تم کسی شخص کو وہ مال و متاع اس کا بھاؤ طے کر کے فروخت کرو جو ہنوز تمہارے پاس نہ ہو پھر اس کے لئے ویسا ہی خریدلو جیسا مطالبہ کیا گیا ہو پھر تم اپنے اوپر واجب قرار دو کہ مال لانے کے بعد مذکورہ شخص کو فروخت کردو گے۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[4]

{1925} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ بَأْسَ بِالسَّلَمِ فِي الْمَتَاعِ إِذَا وَصَفْتَ الطُّولَ وَ الْعَرْضَ وَ فِي الْحَيَوَانِ إِذَا وَصَفْتَ أَسْنَانَهُ.

---

[1] الکافی: ۵/۱۹۸ ح۶؛ تہذیب الاحکام: ۷/۵۸ ح ۲۵۰؛ الوافی: ۱۸/۶۸۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۵۲ ح ۲۳۱۴۳

[2] مراۃ العقول: ۱۹/۲۱۷؛ فقہ الصادقؑ: ۱۲/۱۷؛ کتاب المکاسب: ۳/۲۴۷؛ منہاج الفقاہہ: ۴/۲۴۶؛ رسائل المیرزا القمی: ۱۰۷؛ جامع الشتات: ۲/۳۳۰؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/۵۸۴

[3] الکافی: ۵/۲۰۱ ح ۷؛ تہذیب الاحکام: ۷/۴۹ ح ۲۱۲؛ الوافی: ۱۸/۷۰۰؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۴۸ ح ۲۳۱۱۱؛ ھدایۃ الامہ: ۶/۱۴۷

[4] مراۃ العقول: ۱۹/۲۲۱؛ فقہ المصارف: ۳۰۷؛ ھدی الطالب: ۵/۳۰۸؛ سداد العباد: ۵۲۹؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/۵۹۲؛ تذکرۃ الفقہاء: ۱۱/۲۵۵؛ کتاب المکاسب: ۳/۶۵؛ بلغۃ الطالب: ۱/۱۴۳

❁ زرارہ سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: اس مال ومتاع میں بیع سلف کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے جس کا طول وعرض (یعنی اس کا وصف) بیان کر دیا جائے اور حیوان میں بھی کوئی حرج نہیں ہے جبکہ اس کے سن و سال (وغیرہ) بیان کر دو۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1926} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَلْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى عَنْ عَبْدِ اَللَّهِ بْنِ سِنَانٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ فِي اَلرَّجُلِ يُسْلِمُ فِي غَيْرِ زَرْعٍ وَ لاَ نَخْلٍ قَالَ يُسَمِّي كَيْلاً مَعْلُوماً إِلَى أَجَلٍ مَعْلُومٍ اَلْحَدِيثَ

❁ عبداللہ بن سنان سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص فصل اور خرما کے علاوہ کسی اور چیز میں بیع سلم (وسلف) کرتا ہے (تو کیا یہ درست ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وزن معلوم اور مدت معلوم کا نام لے (تو پھر درست ہے) [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن کالصحیح ہے۔ [4]

{1927} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَلْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ اَلنَّضْرِ عَنْ عَبْدِ اَللَّهِ بْنِ سِنَانٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ أَ يَصْلُحُ أَنْ يُسْلِمَ فِي اَلطَّعَامِ عِنْدَ رَجُلٍ لَيْسَ عِنْدَهُ طَعَامٌ وَ لاَ حَيَوَانٌ إِلاَّ أَنَّهُ إِذَا جَاءَ اَلْأَجَلُ اِشْتَرَاهُ وَ أَوْفَاهُ قَالَ إِذَا ضَمِنَهُ إِلَى أَجَلٍ مُسَمًّى فَلاَ بَأْسَ قَالَ قُلْتُ أَ رَأَيْتَ إِنْ أَوْفَانِي بَعْضاً وَ أَخَّرَ بَعْضاً أَ يَجُوزُ ذَلِكَ قَالَ نَعَمْ.

❁ عبداللہ بن سنان سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص اس طعام میں بیع سلم کرتا ہے جو اس کے پاس موجود نہیں ہے اور نہ ہی کوئی حیوان موجود ہے مگر یہ کہ جب وقت آئے گا تو وہ اس کو خرید کر اس کی ادائیگی کر دے گا تو کیا یہ درست ہے؟

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۲۶۵/۳ ح ۳۹۵۳؛ تہذیب الاحکام: ۴۱/۷ ح ۱۷۵؛ الوافی: ۵۹۸/۱۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۸۶/۱۸ ح ۲۳۶۸۱؛ فقہ القرآن: ۵۲/۲

[2] روضۃ المتقین: ۲۴۱/۷؛ تذکرۃ الفقہاء: ۲۸۶/۱۱؛ سداد العباد: ۵۳۵؛ الانوار اللوامع: ۳۱۱/۱۱؛ ملاذ الاخیار: ۵۴۲/۱۰

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۲۵۹/۳ ح ۳۹۳۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۸۸/۱۸ ح ۲۳۶۸۶؛ الوافی: ۵۵۵/۱۸

[4] سداد العباد: ۵۳۸؛ فقہ الصادقؑ: ۲۷۵/۱۸؛ روضۃ المتقین: ۲۲۸/۷

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب وہ مقررہ مدت پر ادائیگی کا ضامن ہے تو پھر کوئی حرج نہیں ہے۔
راوی کہتا ہے کہ میں نے عرض کیا: آپ علیہ السلام کی نظر میں کیا اس کے لئے یہ جائز ہے کہ وہ کچھ وعدہ پورا کر دے اور کچھ مؤخر کر دے؟
آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں (جائز ہے) [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1928} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبُو عَلِيٍّ اَلْأَشْعَرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اَلْجَبَّارِ عَنْ صَفْوَانَ عَنِ اِبْنِ مُسْكَانَ عَنْ مُحَمَّدٍ اَلْحَلَبِيِّ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ عَنِ اَلسَّلَمِ فِي اَلطَّعَامِ بِكَيْلٍ مَعْلُومٍ إِلَى أَجَلٍ مَعْلُومٍ قَالَ لاَ بَأْسَ بِهِ.

۞ حلبی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ کیا طعام کا خاص پیمانہ سے وزن کر کے مقررہ وقت تک فروخت کرنا صحیح ہے؟
آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{1929} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَلْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ غِيَاثِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ قَالَ عَلِيٌّ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ: لاَ بَأْسَ بِالسَّلَمِ بِكَيْلٍ مَعْلُومٍ إِلَى أَجَلٍ مَعْلُومٍ وَ لاَ يُسْلَمُ إِلَى دِيَاسٍ وَلاَ حَصَادٍ.

۞ امام جعفر صادق علیہ السلام نے اپنے والد بزرگوار علیہ السلام سے روایت کیا ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: خاص پیمانہ سے وزن کر کے مقررہ وقت تک بیع سلم کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے لیکن اناج کو گاہنے تک اور کھیتی کی کٹائی تک بیع سلم نہ کرو (کیونکہ اس میں کمی وبیشی کا احتمال ہوتا ہے)۔ [5]

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۶۴ ح ۳۹۵۱؛ تہذیب الاحکام: ۷/۳۱ ح ۱۲۷؛ الکافی: ۵/۱۸۵ ح ۳؛ الوافی: ۱۸/۵۵۴؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۲۹۳ ح ۲۳۶۹۷

[2] روضۃ المتقین: ۷/۲۴۰؛ الانوار اللوامع: ۱۱/۲۸۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/۵۴۱

[3] الکافی: ۵/۱۸۵ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۸ ح ۱۲۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۲۹۵ ح ۲۳۷۰۲؛ الوافی: ۱۸/۵۵۴

[4] مرآۃ العقول: ۱۹/۱۸۹؛ سداد العباد: ۵۵۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/۵۱۳

[5] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۶۴ ح ۳۹۵۰؛ الکافی: ۵/۱۸۴ ح؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۷ ح ۱۱۶؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۲۸۹ ح ۲۳۶۹۰؛ الوافی: ۱۹/۵۵۳؛ ھدایۃ الامہ: ۶/۱۴۸

تحقیق:

حدیث موثق کالصحیح یا موثق ہے۔ ①

﴿معاملہ سلف کے احکام﴾

{1930} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ أَبِي وَلاَّدٍ اَلْحَنَّاطِ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ عَنِ اَلرَّجُلِ يَكُونُ لَهُ غَنَمٌ يَحْلُبُهَا لَهَا أَلْبَانٌ كَثِيرَةٌ فِي كُلِّ يَوْمٍ مَا تَقُولُ فِيمَنْ يَشْتَرِي مِنْهُ اَلْخَمْسَمِائَةِ رِطْلٍ أَوْ أَكْثَرَ مِنْ ذَلِكَ اَلْمِائَةَ رِطْلٍ بِكَذَا وَ كَذَا دِرْهَماً فَيَأْخُذُ مِنْهُ فِي كُلِّ يَوْمٍ أَرْطَالاً حَتَّى يَسْتَوْفِيَ مَا يَشْتَرِي مِنْهُ قَالَ لاَ بَأْسَ بِهَذَا وَ نَحْوِهِ.

❁ ابوولاد الحناط سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص کے پاس بکریاں ہیں اور وہ روزانہ ان سے بہت سا دودھ دوہتا ہے تو اس شخص کے متعلق آپ علیہ السلام کیا فرماتے ہیں جو اس سے پانچ سو رطل یا اس سے زیادہ کا دودھ اتنے اتنے (یعنی مخصوص) درہموں پر خریدتا ہے اور روزانہ کچھ مخصوص درہم دیتا رہتا ہے یہاں تک کہ اس نے جو کچھ خریدا اس کا حساب برابر ہو جاتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں اور نہ اس جیسے کسی دیگر معاملے میں کوئی حرج ہے۔ ②

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ③

{1931} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ اَلْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَبْدِ اَللَّهِ بْنِ سِنَانٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ أَسْلَفَ رَجُلاً زَيْتاً عَلَى أَنْ يَأْخُذَ مِنْهُ سَمْناً قَالَ لاَ يَصْلُحُ.

❁ عبداللہ بن سنان سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے دوسرے کو زیتون کا تیل بطور سلف دیا اور اس کے عوض اس سے گھی لیا تو (کیا یہ درست ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ درست نہیں ہے۔ ④

---

① روضۃ المتقین: ۷/ ۴۲۳؛ سداد العباد: ۵۳۰؛ مراۃ العقول: ۱۹/ ۱۸۹؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/ ۵۱۱

② الکافی: ۵/ ۲۲۲ ح ۱۳؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۲۳۰ ح ۳۸۵۰؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۱۲۶ ح ۵۵۲؛ الوافی: ۱۸/ ۵۶۴؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/ ۲۹۱ ح ۲۳۶۹۴؛ ھدایۃ الامہ: ۶/ ۱۰۰

③ مراۃ العقول: ۱۹/ ۲۵۸؛ روضۃ المتقین: ۷/ ۱۴۱

④ تہذیب الاحکام: ۷/ ۴۳ ح ۱۸۲ و ۷/ ۹۷ ح ۴۱۴؛ الکافی: ۵/ ۱۸۹ ح ۱۴؛ الاستبصار: ۳/ ۷۹ ح ۳۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/ ۱۴۷ ح ۲۳۳۴۸؛ الوافی: ۱۸/ ۵۶۵

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [1]

{1932} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ وَ عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ جَمِيعاً عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ أَبِي الْمَغْرَاءِ عَنِ الْحَلَبِيِّ قَالَ: سُئِلَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الرَّجُلِ يُسْلِمُ فِي وُصَفَاءِ أَسْنَانٍ مَعْلُومَةٍ وَ لَوْنٍ مَعْلُومٍ ثُمَّ يُعْطِي دُونَ شَرْطِهِ أَوْ فَوْقَهُ فَقَالَ إِذَا كَانَ عَنْ طِيبَةِ نَفْسٍ مِنْكَ وَ مِنْهُ فَلاَ بَأْسَ.

❁ حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ ایک شخص کسی (جانور) کی بیع سلف کرتا ہے اور اس کے سن و سال اور رنگ وغیرہ متعین کر دیتا ہے اور پھر (سپردگی کے وقت) اس وصف سے کم یا اس سے زیادہ پیش کرتا ہے تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر معاملہ دونوں کی رضامندی سے ہو تو کوئی حرج نہیں ہے۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [3]

{1933} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سُئِلَ عَنِ الرَّجُلِ يُسْلِمُ فِي الْغَنَمِ ثُنْيَانٍ وَ جُذْعَانٍ وَ غَيْرِ ذَلِكَ إِلَى أَجَلٍ مُسَمًّى قَالَ لاَ بَأْسَ إِنْ لَمْ يَقْدِرِ الَّذِي عَلَيْهِ الْغَنَمُ عَلَى جَمِيعِ مَا عَلَيْهِ أَنْ يَأْخُذَ صَاحِبُ الْغَنَمِ نِصْفَهَا أَوْ ثُلُثَهَا أَوْ ثُلُثَيْهَا وَ يَأْخُذُوا رَأْسَ مَالِ مَا بَقِيَ مِنَ الْغَنَمِ دَرَاهِمَ وَ يَأْخُذُوا دُونَ شَرْطِهِمْ وَ لاَ يَأْخُذُونَ فَوْقَ شَرْطِهِمْ وَ الْأَكْسِيَةُ أَيْضاً مِثْلُ الْحِنْطَةِ وَ الشَّعِيرِ وَ الزَّعْفَرَانِ وَ الْغَنَمِ.

❁ حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ ایک شخص نے دو سال یا ایک سال وغیرہ کی بکریوں میں ایک مدت تک بیع سلم کی تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کوئی حرج نہیں ہے اور اگر بیچنے والا تعین کردہ سن و سال والا حیوان دینے پر قادر نہ ہو تو خریدار بیچنے والے سے ان حیوانوں کے نصف یا ایک تہائی حصہ یا دو تہائی حصہ لے لے اور جو درہم حیوانات واپس لینے کے بعد باقی رہ گئے ہیں وہ بھی وصول کرے البتہ طے شدہ شرط سے ادنیٰ قیمت والا لے اور اعلیٰ قیمت والا نہ لے اور کمبلوں کا حکم بھی گندم، جو،

---

[1] ملاذ الاخیار: ۱۰/۵۴۵ و ۱۱/۱۰۳؛ جواہر الکلام: ۲۴/۲۷۳؛ الانوار اللوامع: ۱۱/۴۲۳؛ الموسوعۃ الفقہیہ: ۷/۲۴۸؛ سداد العباد: ۵۴۳؛ مراۃ العقول: ۱۹/۱۹۸

[2] الکافی: ۵/۲۲۱ ح ۷؛ تہذیب الاحکام: ۷/۴۶ ح ۲۰۰؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۲۹۹ ح ۲۳۷۱۱؛ الوافی: ۱۸/۵۷۱

[3] مراۃ العقول: ۱۹/۲۵۶؛ منہاج الفقاھۃ: ۶/۲۳۱؛ فقہ الصادقؑ: ۱۸/۱۲؛ سداد العباد: ۵۴۵؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/۵۵۴

زعفران اور بکریوں جیسا ہی ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [2]

{1934} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ وَ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْمَاعِيلَ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ شَاذَانَ عَنْ صَفْوَانَ عَنِ الْعِيصِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ أَسْلَفَ رَجُلاً دَرَاهِمَ بِحِنْطَةٍ حَتَّى إِذَا حَضَرَ الْأَجَلُ لَمْ يَكُنْ عِنْدَهُ طَعَامٌ وَ وَجَدَ عِنْدَهُ دَوَابّاً وَ رَقِيقاً وَ مَتَاعاً أَ يَحِلُّ لَهُ أَنْ يَأْخُذَ مِنْ عُرُوضِهِ تِلْكَ بِطَعَامِهِ قَالَ نَعَمْ يُسَمِّي كَذَا وَ كَذَا بِكَذَا وَ كَذَا صَاعاً.

❂ عیص بن قاسم سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے چند مخصوص درہم کے عوض گندم کی بیع سلف کی مگر جب ادائیگی کا وقت آیا تو اس کے پاس گندم نہ تھی مگر اس کے پاس کچھ جانور، کچھ سامان اور کچھ غلام پائے گئے تو کیا خریدار کے لئے جائز ہے کہ اپنی گندم کے عوض ان چیزوں میں سے کچھ لے لے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں۔ وہ نام لیتا جائے کہ یہ اتنے صاع (گندم) کے عوض ہے اور یہ اس کے عوض ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{1935} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ النُّعْمَانِ عَنِ ابْنِ مُسْكَانَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ خَالِدٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الرَّجُلِ يُسْلِمُ فِي الزَّرْعِ فَيَأْخُذُ بَعْضَ طَعَامِهِ وَ يَبْقَى بَعْضٌ لاَ يَجِدُ وَفَاءً فَيَعْرِضُ عَلَيْهِ صَاحِبُهُ رَأْسَ مَالِهِ قَالَ يَأْخُذُهُ فَإِنَّهُ حَلاَلٌ قُلْتُ فَإِنَّهُ يَبِيعُ مَا قَبَضَ مِنَ الطَّعَامِ فَيُضْعِفُ قَالَ وَ إِنْ فَعَلَ فَإِنَّهُ حَلاَلٌ قَالَ وَ سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ يُسْلِمُ فِي غَيْرِ زَرْعٍ وَ لاَ نَخْلٍ قَالَ يُسَمِّي شَيْئاً إِلَى أَجَلٍ مُسَمًّى.

❂ سلیمان بن خالد سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص فصل کی بیع سلف کرتا ہے پس

---

[1] الکافی: ۵/ ۲۲۱ ح ۸؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۲۶۲ ح ۳۹۴۶؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۳۲ ح ۱۳۲؛ الاستبصار: ۳/ ۷۴ ح ۱۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/ ۳۰۳ ح ۲۳۷۲۱؛ الوافی: ۱۸/ ۵۷۰؛ ھدایۃ الامہ: ۶/ ۲۱۰

[2] سداد العباد: ۵۴۲؛ جواہر الکلام: ۲۴/ ۳۲۹؛ الجعیہ: ۷/ ۳۴۰؛ مرآۃ العقول: ۱۹/ ۲۵۶؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/ ۵۲۰

[3] الکافی: ۵/ ۱۸۶ ح ۷؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۲۶۰ ح ۳۹۳۹؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۳۱ ح ۱۳۰؛ الاستبصار: ۳/ ۷۶ ح ۲۰۴؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/ ۳۰۵ ح ۲۳۷۲۶؛ الوافی: ۱۸/ ۵۵۷

[4] مرآۃ العقول: ۱۹/ ۱۹۲؛ الجعیہ: ۷/ ۳۴۹؛ سداد العباد: ۵۴۲؛ تذکرۃ الفقہاء: ۱۱/ ۵۰؛ جواہر الکلام: ۲۳/ ۴۷۹؛ روضۃ المتقین: ۷/ ۲۳۱؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/ ۵۱۸

مقررہ وقت پر وہ خوراک کا کچھ حصہ تو لے لیتا ہے مگر باقی حصہ اسے نہیں ملتا اور خریدار اس پر اس کی اصل قیمت پیش کرتا ہے تو (کیا یہ صحیح ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ اسے حاصل کرے کیونکہ یہ اس کے لئے حلال ہے۔ میں نے عرض کیا: خریدار نے جو طعام وصول کیا اس کو قیمت خرید سے اضافی قیمت پر بیچتا ہے تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر وہ ایسا کرے تو یہ اس کے لئے حلال ہے۔

راوی کہتا ہے کہ میں نے آپ علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص زراعت اور کھجور کے علاوہ چیزوں میں بیع سلف کرتا ہے تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: چیز کا نام لے اور مدت مقررہ کا بھی نام لے (اور معین کرے تو درست ہے)۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1936} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَبَانٍ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ شُعَيْبٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ بَاعَ طَعَاماً بِدَرَاهِمَ فَلَمَّا بَلَغَ ذَلِكَ الْأَجَلُ تَقَاضَاهُ فَقَالَ لَيْسَ عِنْدِي دَرَاهِمُ خُذْ مِنِّي طَعَاماً قَالَ لاَ بَأْسَ بِهِ إِنَّمَا لَهُ دَرَاهِمُ يَأْخُذُ بِهَا مَا شَاءَ.

❁ یعقوب بن شعیب سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے کچھ طعام (وغیرہ بطور بیع سلف) چند درہم کے عوض فروخت کیا اور جب ادائیگی کا وقت آیا تو خریدار نے تقاضا کیا مگر اس نے کہا کہ میرے پاس طعام نہیں ہے لہٰذا تو اپنے درہم (واپس) لے لے تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے کیونکہ اس کے لئے اس کے درہم ہیں ان سے جو چاہے حاصل کرے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق کالصحیح یا موثق ہے۔ [4]

---

[1] الکافی: ۵/۱۸۵ ح ۴؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۹ ح ۱۲۳؛ الوافی: ۱۸/۵۵۴؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۳۰۴ ح ۲۳۷۲۳، ۲۸۵ ح ۲۳۶۷۶

[2] مرآۃ العقول: ۱۹/۱۹۰؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/۵۱۴؛ سداد العباد: ۴۴۲؛ الحبیہ: ۷/۲۴۸

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۶۲ ح ۳۹۴۴؛ الکافی: ۵/۱۸۶ ح ۸؛ تہذیب الاحکام: ۷/۳۳ ح ۱۳۶؛ الاستبصار: ۳/۷۷ ح ۲۵۶؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۳۰۷ ح ۲۳۷۳۰؛ الوافی: ۱۸/۵۷۳؛ عوالی اللئالی: ۳/۲۱۳

[4] الانوار اللوامع: ۱۱/۴۴۰؛ ارشاد الطالب: ۴/۲۰۳؛ روضۃ المتقین: ۷/۲۳۵؛ جواہر الکلام: ۲۳/۱۱۲

﴿سونے چاندی کو سونے چاندی کے عوض بیچنا﴾

{1937} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ حَمَّادٌ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: اَلْفِضَّةُ بِالْفِضَّةِ مِثْلٌ بِمِثْلٍ وَ اَلذَّهَبُ بِالذَّهَبِ مِثْلٌ بِمِثْلٍ لَيْسَ فِيهِ زِيَادَةٌ وَ لاَ نَظِرَةٌ اَلزَّائِدُ وَ الْمُسْتَزِيدُ فِي اَلنَّارِ.

❁ حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: چاندی چاندی کے ساتھ مثل بمثل ہو اور سونا سونے کے ساتھ مثل بمثل ہو (یعنی دونوں برابر ہوں) اس میں زیادتی نہ ہو اور نہ ہی کمی ہو اور جو زیادتی کرے گا یا جس کے لئے زیادتی کی جائے گی وہ آگ میں ہے (یعنی جہنمی ہے)۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{1938} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ اَلنَّضْرِ عَنْ عَاصِمِ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ قَالَ أَمِيرُ اَلْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ: لاَ يَبْتَاعُ رَجُلٌ فِضَّةً بِذَهَبٍ إِلاَّ يَداً بِيَدٍ وَ لاَ يَبْتَاعُ ذَهَباً بِفِضَّةٍ إِلاَّ يَداً بِيَدٍ.

❁ امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: کوئی شخص سونے کے عوض چاندی نہ خریدے مگر دست بدست اور کوئی شخص چاندی کے عوض سونا نہ خریدے مگر دست بدست۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[4]

{1939} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبُو عَلِيٍّ اَلْأَشْعَرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اَلْجَبَّارِ وَ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ عَنِ اَلْفَضْلِ بْنِ شَاذَانَ جَمِيعاً عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى عَنْ عَبْدِ اَلرَّحْمَنِ بْنِ اَلْحَجَّاجِ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ اَلرَّجُلِ

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۸۸ ح ۴۰۳۷؛ الوافی: ۱۸/۲۱۱؛ مستدرک الوسائل: ۱۳/۳۴۷ ح ۱۵۵۹۳؛ دعائم الاسلام: ۲/۴۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۱۶۵ ح ۲۳۳۹۵؛ ھدایۃ الامہ: ۶/۱۷۷

[2] روضۃ المتقین: ۷/۳۱۵؛ کتاب الاجارہ محمود الہاشمی: ۲/۱۹۳؛ حدود الشریعہ: ۲۸۵؛ فقہ الصادقؑ: ۱۸/۱۷۴

[3] تہذیب الاحکام: ۷/۹۹ ح ۴۲۲؛ الکافی: ۵/۲۵۱ ح ۱۳؛ الاستبصار: ۳/۹۳ ح ۳۱۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۱۶۸ ح ۲۳۴۰۳؛ الوافی: ۱۸/۲۱۴

[4] ملاذ الاخیار: ۱۱/۱۶۰؛ الانوار اللوامع: ۱۱/۴۰۷؛ سداد العباد: ۵۲۶؛ فقہ الصادقؑ: ۱۸/۱۶۴

يَشْتَرِي مِنَ ٱلرَّجُلِ ٱلدَّرَاهِمَ بِالدَّنَانِيرِ فَيَزِنُهَا وَ يَنْقُدُهَا وَ يَحْسُبُ ثَمَنَهَا كَمْ هُوَ دِينَاراً ثُمَّ يَقُولُ أَرْسِلْ غُلاَمَكَ مَعِي حَتَّى أُعْطِيَهُ ٱلدَّنَانِيرَ فَقَالَ مَا أُحِبُّ أَنْ يُفَارِقَهُ حَتَّى يَأْخُذَ ٱلدَّنَانِيرَ فَقُلْتُ إِنَّمَا هُوَ فِي دَارٍ وَحْدَهُ وَ أَمْكِنَتُهُمْ قَرِيبَةٌ بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ وَ هَذَا يَشُقُّ عَلَيْهِمْ فَقَالَ إِذَا فَرَغَ مِنْ وَزْنِهَا وَ إِنْقَادِهَا فَلْيَأْمُرِ ٱلْغُلاَمَ ٱلَّذِي يُرْسِلُهُ أَنْ يَكُونَ هُوَ ٱلَّذِي يُبَايِعُهُ وَ يَدْفَعُ إِلَيْهِ ٱلْوَرِقَ وَ يَقْبِضُ مِنْهُ ٱلدَّنَانِيرَ حَيْثُ يَدْفَعُ إِلَيْهِ ٱلْوَرِقَ.

❂ عبدالرحمن بن الحجاج سے روایت ہے کہ میں نے ان (امام جعفر صادق علیہ السلام) سے پوچھا کہ ایک شخص دینار دے کر دوسرے سے درہم خریدتا ہے اور وہ ان (دراہم) کو تولتا ہے، پرکھتا ہے اور قیمت کا حساب کرتا ہے کہ وہ کتنے دینار کے برابر بنتے ہیں پھر بائع سے کہتا ہے کہ اپنے غلام کو میرے ہمراہ بھیجو تا کہ میں اسے دینار دے دوں تو (کیا یہ درست ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: دینار کا قبضہ لینے تک میں اس کی جدائی پسند نہیں کرتا۔

میں نے عرض کیا: وہ دونوں ایک ہی (بڑے) گھر میں رہتے ہیں اور ان کے مکان قریب قریب ہیں اور یہ (قبض واقباض) پر شاق ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب وہ (خریدار) ان درہموں کے تولنے اور پرکھنے سے فارغ ہو تو جس غلام کو دینار لینے کے لئے بھیجنا تھا اسے ہی وکیل بنا دے تا کہ وہی معاملہ کرے اور جا کر چاندی (درہم) دے کر سونا (دینار) وصول کرے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{1940} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ صَفْوَانَ عَنِ ابْنِ مُسْكَانَ عَنِ الْحَلَبِيِّ وَ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ وَ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الرَّجُلِ يَكُونُ عَلَيْهِ دَنَانِيرُ فَقَالَ لاَ بَأْسَ بِأَنْ يَأْخُذَ بِثَمَنِهَا دَرَاهِمَ.

❂ حلبی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ میرے ایک شخص کے ذمے کچھ دینار ہیں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر ان کے عوض تم درہم لے لو تو کوئی حرج نہیں ہے۔[3]

---

[1] الکافی: ۵/۲۵۲ ح ۳۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/۹۹ ح ۴۲۹؛ الاستبصار: ۳/۹۴ ح ۳۲۰؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۱۶۷ ح ۲۳۴۰۱؛ الوافی: ۱۸/۶۱۳

[2] مرآۃ العقول: ۱۹/۱۶۳؛ فقہ الصادقؑ: ۱۸/۲۴۳؛ سداد العباد: ۵۲۵؛ الانوار اللوامع: ۱۱/۳۰۷؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۱۰۷

[3] تہذیب الاحکام: ۷/۱۰۲ ح ۴۳۷؛ الکافی: ۵/۲۴۵ ح ۳؛ الوافی: ۱۸/۶۳۰؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۱۷۲ ح ۲۳۴۱۶؛ الاستبصار: ۳/۹۷ ح ۳۲۷

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [1]

{1941} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ يَكُونُ لِلرَّجُلِ عِنْدِيَ الدَّرَاهِمُ فَيَلْقَانِي فَيَقُولُ كَيْفَ سِعْرُ الْوَضَحِ الْيَوْمَ فَأَقُولُ كَذَا وَ كَذَا فَيَقُولُ أَلَيْسَ لِي عِنْدَكَ كَذَا وَ كَذَا أَلْفَ دِرْهَماً وَضَحاً فَأَقُولُ نَعَمْ فَيَقُولُ حَوِّلْهَا لِي دَنَانِيرَ بِهَذَا السِّعْرِ وَ أَثْبِتْهَا لِي عِنْدَكَ فَمَا تَرَى فِي هَذَا فَقَالَ لِي إِذَا كُنْتَ قَدِ اسْتَقْصَيْتَ لَهُ السِّعْرَ يَوْمَئِذٍ فَلاَ بَأْسَ بِذَلِكَ فَقُلْتُ إِنِّي لَمْ أُوَازِنْهُ وَ لَمْ أُنَاقِدْهُ وَ إِنَّمَا كَانَ كَلاَمٌ مِنِّي وَ مِنْهُ فَقَالَ أَلَيْسَ الدَّرَاهِمُ مِنْ عِنْدِكَ وَ الدَّنَانِيرُ مِنْ عِنْدِكَ قُلْتُ بَلَى قَالَ فَلاَ بَأْسَ.

❂ اسحاق بن عمار سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ ایک شخص نے مجھ سے کچھ کھرے درہم لینے ہیں پس وہ مجھ سے پوچھتا ہے کہ آج کل کھرے درہموں کا ریٹ کیا ہے؟ تو میں اسے بتاتا ہوں کہ اتنا اتنا ہے۔ پھر وہ مجھ سے کہتا ہے کہ کیا تمہارے پاس میرے چند ہزار کھرے درہم نہیں ہیں؟

میں کہتا ہوں کہ ہاں ہیں۔ اس پر وہ مجھ سے کہتا ہے کہ تم انہیں دیناروں سے تبدیل کر دو اور میرے لئے اپنے پاس محفوظ رکھ تو اس معاملے میں کیا حکم ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر تم نے اس کے لئے اس دن کے نرخ کے بارے میں پوری تحقیق و جستجو کی ہے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

میں نے عرض کیا: میں نے اس دن نہ درہموں کو تولا اور نہ ہی پرکھا بس یونہی میرے اور اس کے درمیان بات چیت ہو گئی تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کیا درہم اور دینار تمہارے ہی پاس نہیں تھے؟

میں نے عرض کیا: جی ہاں

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق ہے۔ [3]

---

[1] ملاذ الاخیار: ۱۱/۱۱۰

[2] تہذیب الاحکام: ۷/۱۰۲ ح ۴۴۱؛ الکافی: ۵/۲۴۵ ح ۲؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۹۱ ح ۴۰۴۲؛ الوافی: ۱۸/۶۲۹؛ عوالی اللئالی: ۲/۲۵۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۱۷۴ ح ۲۳۴۲۳

[3] فقہ الصادقؑ: ۱۸/۱۷۰؛ عوالی اللئالی: ۲/۲۵۱؛ جواہر الکلام: ۲۴/۱۲؛ روضۃ المتقین: ۷/۳۲۷؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۱۱۲؛ مرآۃ العقول: ۱۹/۳۰۳؛ فقہ الطب: ۲۹۲

{1942} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ بَأْسَ بِأَلْفِ دِرْهَمٍ وَ دِرْهَمٍ بِأَلْفِ دِرْهَمٍ وَ دِينَارَيْنِ إِذَا دَخَلَ فِيهَا دِينَارَانِ أَوْ أَقَلُّ أَوْ أَكْثَرُ فَلاَ بَأْسَ بِهِ.

✿ حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اگر ایک ہزار ایک درہم کو ایک ہزار درہم اور دو دیناروں کے عوض فروخت کیا جائے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے کیونکہ جب درمیان میں دو دینار یا کم و بیش آ جائیں تو پھر اس معاملہ میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{1943} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبِي عَلِيٍّ الْأَشْعَرِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ عَنْ صَفْوَانَ عَنِ ابْنِ مُسْكَانَ عَنْ مُحَمَّدٍ الْحَلَبِيِّ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الرَّجُلِ يَسْتَبْدِلُ الشَّامِيَّةَ بِالْكُوفِيَّةِ وَزْناً بِوَزْنٍ فَيَقُولُ الصَّيْرَفِيُّ لاَ أُبَدِّلُ لَكَ حَتَّى تُبَدِّلَنِي يُوسُفِيَّةً بِغِلَّةٍ وَزْناً بِوَزْنٍ فَقَالَ لاَ بَأْسَ بِهِ فَقُلْنَا إِنَّ الصَّيْرَفِيَّ إِنَّمَا طَلَبَ فَضْلَ الْيُوسُفِيَّةِ عَلَى الْغِلَّةِ فَقَالَ لاَ بَأْسَ بِهِ.

✿ حلبی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص کوفی درہم شامی درہم کے ساتھ برابر برابر تبدیل کرنا چاہتا ہے مگر صراف کہتا ہے کہ میں اس وقت تک اس طرح تبادلہ نہیں کروں گا جب تک تم کوفی درہم کا غلہ سے برابر برابر تبادلہ نہ کرو۔

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کوئی حرج نہیں ہے۔

ہم نے عرض کیا کہ صراف نے اس طرح مطالبہ کر کے غلہ پر کوفی درہم کی برتری چاہی ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[4]

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/۱۰۶ ح ۴۵۶؛ الوافی: ۱۸/۶۱۰؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۱۸۰ ح ۲۳۳۴۳، ۲۳۲۰۸ ح ۲۳۵۰۹؛ هدایۃ الامہ: ۶/۱۸۰

[2] ملاذ الاخیار: ۱۱/۲۲۲؛ الآراء الفقہیہ: ۲/۱۹؛ سداد العباد: ۵۶۴؛ جواہر الکلام: ۲۳/۳۹۲؛ حدود الشریعہ: ۲۸۴؛ فقہ الصادقؑ: ۱۸/۱۴۸

[3] الکافی: ۵/۲۴۷ ح ۱۱؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۰۴ ح ۴۴۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۱۸۱ ح ۲۳۳۴۸؛ الوافی: ۱۸/۴۰۵؛ دعائم الاسلام: ۲/۸۳؛ مستدرک الوسائل: ۱۳/۳۵۰ ح ۱۵۵۷۴

[4] مرآۃ العقول: ۱۹/۳۰۷؛ سداد العباد: ۵۷۵؛ الجعبہ: ۷/۲۲۹؛ ریاض المسائل: ۸/۳۵۱؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۱۱۸

{1944} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ صَفْوَانَ عَنِ ابْنِ سِنَانٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الرَّجُلِ يَشْتَرِي الْوَرِقَ مِنَ الرَّجُلِ وَ يَزِنُهَا وَ يَعْلَمُ وَزْنَهَا ثُمَّ يَقُولُ أَمْسِكْهَا عِنْدَكَ كَهَيْئَتِهَا حَتَّى أَرْجِعَ إِلَيْكَ وَ أَنَا بِالْخِيَارِ عَلَيْكَ فَقَالَ إِنْ كَانَ بِالْخِيَارِ فَلاَ بَأْسَ بِهِ أَنْ يَشْتَرِيَهَا مِنْهُ وَإِلاَّ فَلاَ.

ابن سنان سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص کسی سے چاندی خرید کرتا ہے، اس کو تولتا ہے اور اس کا وزن معلوم کرتا ہے پھر اس (مالک) سے کہتا ہے کہ اسے جوں کا توں اپنے پاس رکھ یہاں تک کہ میں پلٹ کر واپس آجاؤں اور مجھے تم پر (سودا توڑنے کا) اختیار رہوگا (تو کیا حکم ہوگا)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر خیار کی شرط مقرر کر لی تھی تو وہ اس سے خرید سکتا ہے ورنہ نہیں۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{1945} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبُو عَلِيٍّ الْأَشْعَرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا إِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الرَّجُلِ يَكُونُ لِي عَلَيْهِ الْمَالُ فَيَقْضِينِي بَعْضاً دَنَانِيرَ وَ بَعْضاً دَرَاهِمَ فَإِذَا جَاءَ يُحَاسِبُنِي لِيُوَفِّيَنِي يَكُونُ قَدْ تَغَيَّرَ سِعْرُ الدَّنَانِيرِ أَيَّ السِّعْرَيْنِ أَحْسُبُ لَهُ سِعْرَ الَّذِي كَانَ يَوْمَ أَعْطَانِي الدَّنَانِيرَ أَوْ سِعْرَ يَوْمِيَ الَّذِي أُحَاسِبُهُ فَقَالَ سِعْرَ يَوْمَ أَعْطَاكَ الدَّنَانِيرَ لِأَنَّكَ حَبَسْتَ مَنْفَعَتَهَا عَنْهُ.

اسحاق بن عمار سے روایت ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ میں نے ایک شخص سے کچھ مال لینا تھا جس کے عوض وہ مجھے کبھی کچھ دینار دے دیتا ہے اور کبھی کچھ درہم اور جس دن وہ میرے پاس حساب بے باق کرنے آتا ہے تو دینار کا بھاؤ بدل جاتا ہے تو کس دن کا بھاؤ معتبر سمجھا جائے گا جس دن اس نے دینار دیئے تھے اس دن کا یا جس دن حساب بے باق کیا جا رہا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر خیار کی شرط مقرر کر لی تھی تو وہ اس سے خرید سکتا ہے ورنہ نہیں۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[4]

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/۱۰۶ ح ۴۵۳؛ الوافی: ۱۸/۷۰۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۱۸۲ ح ۲۳۳۴۲؛ ھدایۃ الامہ: ۶/۱۸۱

[2] ملاذ الاخیار: ۱۱/۱۲۱

[3] الکافی: ۵/۲۴۸ ح ۱۶؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۹۰ ح ۴۰۳۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۰۷ ح ۴۵۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۱۸۳ ح ۲۳۳۴۴؛ الوافی: ۱۸/۶۳۵

[4] فقہ المعارف والعقود: ۲/۵۷؛ فقہ الطلب: ۲۹۹؛ مرآۃ العقول: ۱۹/۳۰۹؛ ریاض المسائل: ۹/۱۳۲؛ ملاذ الاخیار: ۱/۱۲۳

{1946} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْبَرْقِيِّ عَنِ الْفَضْلِ أَبِي الْعَبَّاسِ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الدَّرَاهِمِ الْمَحْمُولِ عَلَيْهَا فَقَالَ إِذَا أَنْفَقْتَ مَا يَجُوزُ بَيْنَ أَهْلِ الْبَلَدِ فَلاَ بَأْسَ وَإِنْ أَنْفَقْتَ مَا لاَ يَجُوزُ بَيْنَ أَهْلِ الْبَلَدِ فَلاَ.

❂ فضل بن العباس سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے ملمع شدہ (کھوٹے) درہموں کے چلانے کے بارے میں سوال کیا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر شہر والوں کے درمیان جائز سمجھے جاتے ہوں (یعنی رائج ہوں) تو کوئی حرج نہیں ہے اور اگر شہر والوں کے درمیان رائج نہ ہوں تو پھر (درست) نہیں۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1947} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ صَفْوَانَ وَ النَّضْرِ عَنِ ابْنِ سِنَانٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ شِرَاءِ الْفِضَّةِ فِيهَا الرَّصَاصُ بِالْوَرِقِ وَإِذَا خَلَصَتْ نَقَصَتْ مِنْ كُلِّ عَشَرَةٍ دِرْهَمَيْنِ أَوْ ثَلاَثَةً قَالَ لاَ يَصْلُحُ إِلاَّ بِالذَّهَبِ قَالَ وَ سَأَلْتُهُ عَنْ شِرَاءِ الذَّهَبِ فِيهِ الْفِضَّةُ وَ الزِّيْبَقُ وَ التُّرَابُ بِالدَّنَانِيرِ وَ الْوَرِقِ فَقَالَ لاَ تُصَارِفْهُ إِلاَّ بِالْوَرِقِ.

❂ ابن سنان سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے ایسی چاندی خریدنے کے بارے میں پوچھا جس میں سیسہ اور تانبہ کی ملاوٹ ہو اور اگر اسے خالص کیا جائے تو ہر دس درہم میں دو یا تین درہم کا نقصان ہوتا ہو تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: سوائے سونے کے عوض درست نہیں ہے

راوی کہتا ہے کہ میں نے امام علیہ السلام سے پوچھا کہ اس سونے کی خریداری جس میں چاندی، پارہ اور مٹی کی ملاوٹ ہے کیا دیناروں اور درہموں کے عوض جائز ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس کی خریداری مت کرو مگر صرف چاندی کے عوض۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{1948} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ ابْنِ مُسْكَانَ عَنِ الْحَلَبِيِّ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الرَّجُلِ يَسْتَقْرِضُ الدَّرَاهِمَ الْبِيضَ عَدَداً وَ يَقْضِي سُوداً وَزْناً وَ قَدْ عَرَفَ أَنَّهَا أَثْقَلُ مِمَّا

---

[1] الکافی: ۵/۲۵۳ ح ۳؛ الوافی: ۱۸/۶۳۶؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۱۸۸ ح ۲۳۳۵۶

[2] مرآۃ العقول: ۱۹/۳۱۹؛ الآراء الفقہیہ: ۷/۱۷۷؛ القراءات فقہیہ: ۲۸؛ سداد العباد: ۵۷۲

[3] تہذیب الاحکام: ۷/۱۰۹ ح ۶۸؛ الکافی: ۵/۲۴۹ ح ۲۱؛ الوافی: ۱۸/۲۲۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۱۸۸ ح ۲۳۳۵۸؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۹۱ ح ۴۰۴۵

[4] ملاذ الاخیار: ۱۱/۱۲۷؛ تذکرۃ الفقہاء: ۱۰/۳۲۱؛ سداد العباد: ۵۶۷؛ روضۃ المتقین: ۷/۳۲۳

أَخَذَ وَ تَطِيبُ بِهَا نَفْسُهُ أَنْ يَجْعَلَ لَهُ فَضْلَهَا قَالَ لاَ بَأْسَ بِهِ إِذَا لَمْ يَكُنْ فِيهِ شَرْطٌ وَ لَوْ وَهَبَهَا لَهُ كُلَّهَا صَلَحَ.

❁ حلبی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص شمار کئے ہوئے سفید درہم قرض لیتا ہے اور سیاہ درہم تول کر واپس کرتا ہے جبکہ اسے معلوم ہے کہ جو کچھ اس نے لیا تھا اس نے یہ زیادہ وزنی ہیں اور وہ اپنے دل میں خوش ہے کہ اس نے (قرض دینے والے کو) زیادہ واپس کیا ہے تو (کیا یہ درست ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب تک پیشگی شرط نہ ہو تو کوئی حرج نہیں ہے اور اگر وہ ساری (زائد مقدار) اسے ہبہ کر دے تو صحیح ہے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{1949} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبُو عَلِيٍّ اَلْأَشْعَرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اَلْجَبَّارِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَلنُّعْمَانِ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: قُلْتُ لَهُ يُسْلِفُ اَلرَّجُلُ اَلرَّجُلَ اَلْوَرِقَ عَلَى أَنْ يَنْقُدَهَا إِيَّاهُ بِأَرْضٍ أُخْرَى وَ يَشْتَرِطُ عَلَيْهِ ذَلِكَ قَالَ لاَ بَأْسَ.

❁ یعقوب بن شعیب سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ ایک شخص بیع سلف کے طور پر کسی سے چاندی کا تبادلہ کرتا ہے اور یہ شرط لگاتا ہے کہ وہ کسی اور سرزمین پر اس کا قبضہ دے گا (تو کیا یہ درست ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کوئی حرج نہیں ہے۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[4]

{1950} عَبْدُ اَللَّهِ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عَبْدِ اَللَّهِ بْنِ اَلْحَسَنِ اَلْعَلَوِيِّ عَنْ جَدِّهِ عَلِيِّ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ أَخِيهِ مُوسَى بْنِ جَعْفَرٍ عَلَيْهِمَا اَلسَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ اَلْفِضَّةِ فِي اَلْخِوَانِ وَ اَلْقَصْعَةِ وَ اَلسَّيْفِ وَ اَلْمِنْطَقَةِ وَ اَلسَّرْجِ وَ اَللِّجَامِ يُبَاعُ بِدَرَاهِمَ أَقَلَّ مِنَ اَلْفِضَّةِ أَوْ أَكْثَرَ قَالَ يُبَاعُ اَلْفِضَّةُ بِدَنَانِيرَ وَ مَا سِوَى ذَلِكَ بِدَرَاهِمَ.

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۸۴ ح ۴۰۲۵؛ الکافی: ۵/۲۵۳ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۶/۲۰۰ ح ۴۴۸ و ۷/۱۰۹ ح ۴۷۰؛ الوافی: ۸/۶۵۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۱۹۱ ح ۲۳۳۶۳

[2] روضۃ المتقین: ۷/۲۹۷؛ سداد العباد: ۵۷۳؛ الآراء الفقہیہ: ۷/۹۷؛ رسائل المیرزا قمی: ۲۲۵؛ المرتقی الی الفقہ: ۲/۱۳۳؛ حدود الشریعہ: ۲/۷۶؛ الانوار النعمانیہ: ۳/۳۵؛ الانوار اللوامع: ۱۲/۲۵۹؛ فقہ المصارف: ۱۶۱

[3] الکافی: ۵/۲۵۵ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۶/۲۰۳ ح ۴۵۹؛ الوافی: ۱۸/۲۶۱؛ وسائل الشیعہ: ۸/۱۹۷ ح ۲۳۳۸۰

[4] مراۃ العقول: ۱۹/۲۳۳؛ فقہ المصارف: ۱۷۱؛ سداد العباد: ۴۵۷؛ القواعد الفقہیہ بجنوردی: ۷/۲۳۳؛ ملاذ الاخیار: ۹/۳۸۵

✪ علی بن جعفر علیہ السلام سے روایت ہے کہ میں نے اپنے بھائی امام موسیٰ کاظم سے پوچھا کہ بعض اوقات دسترخوان، کاسا، تلوار، کمر بند، زین اور لگام میں چاندی لگی ہوئی ہوتی ہے تو کیا ان چیزوں کو درہموں کے عوض خریدا جاسکتا ہے خواہ وہ چاندی سے زیادہ ہوں یا کم؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جو چاندی ہے اسے دیناروں (یعنی سونے) کے عوض خریدا جائے اور جو اس کے علاوہ ہے اسے درہموں کے عوض خریدا جائے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1951} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عِيسَى عَنْ شُعَيْبٍ الْعَقَرْقُوفِيِّ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ بَيْعِ السَّيْفِ الْمُحَلَّى بِالنَّقْدِ فَقَالَ لاَ بَأْسَ بِهِ قَالَ وَ سَأَلْتُهُ عَنْ بَيْعِهِ بِالنَّسِيئَةِ فَقَالَ إِذَا نَقَدَ مِثْلَ مَا فِي فِضَّتِهِ فَلاَ بَأْسَ بِهِ أَوْ لَيُعْطِ الطَّعَامَ.

✪ ابوبصیر سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ کیا سونے اور چاندی سے مزین تلوار نقد پر فروخت کی جاسکتی ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

میں نے امام علیہ السلام سے پوچھا کہ ادھار پر فروخت کرنا کیسا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر اس کی چاندی کی مقدار کے برابر نقد دے دے تو کوئی حرج نہیں ہے یا اس کے ہمراہ کوئی طعام (وغیرہ) دے دے؟ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{1952} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ وَ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ شَاذَانَ جَمِيعاً عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَجَّاجِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي الْأُسْرُبِّ يُشْتَرَى بِالْفِضَّةِ قَالَ إِنْ كَانَ الْغَالِبُ عَلَيْهِ الْأُسْرُبَّ فَلاَ بَأْسَ بِهِ.

✪ عبدالرحمن بن الحجاج سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے سیسہ کو چاندی کے عوض فروخت کرنے کے بارے

---

[1] قرب الاسناد: ۲۶۲ح ۲؛ مسائل علی بن جعفرؑ: ۱۵۳؛ بحار الانوار: ۱۰/۲۴۹ و ۱۲۴/۱۰۰؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۲۰۱ ح ۲۳۳۹۲

[2] سداد العباد: ۵۶۸؛ الانوار اللوامع: ۱۱/۳۸۱

[3] الکافی: ۵/۲۴۹ ح ۲۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۱۲ ح ۳۸۵؛ الاستبصار: ۳/۹۷ ح ۳۳۵؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۱۹۹ ح ۲۳۳۸۷؛ الوافی: ۱۸/۶۲۲

[4] مرآۃ العقول: ۱۹/۱۲؛ ۳؛ الآراء الفقہیہ: ۲/۱۱۸؛ المجعہ فی شرح اللمعہ: ۷/۲۳۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۱۳۷

میں فرمایا کہ اس پر سیسہ غالب ہو تو پھر کوئی حرج نہیں ہے۔ ①

تحقیق:

حدیث حسن کالصحیح یا حسن ہے۔ ②

{1953} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عِيسَى عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ: قُلْتُ لَهُ تَجِيئُنِي الدَّرَاهِمُ بَيْنَهَا الْفَضْلُ فَنَشْتَرِيهِ بِالْفُلُوسِ فَقَالَ لاَ يَجُوزُ وَ لَكِنِ أَنْظُرْ فَضْلَ مَا بَيْنَهُمَا فَزِنْ نُحَاساً وَزِنِ الْفَضْلَ فَاجْعَلْهُ مَعَ الدَّرَاهِمِ الْجِيَادِ وَ خُذْ وَزْناً بِوَزْنٍ.

❂ اسحق بن عمار سے روایت ہے کہ میں نے ان (امام جعفر صادق علیہ السلام) سے عرض کیا کہ میرے پاس کچھ درہم آتے ہیں جن میں کچھ زیادتی (ملاوٹ) ہوتی ہے پس ہم انہیں پیسے کے عوض خریدتے ہیں (تو کیا یہ درست ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جائز نہیں ہے بلکہ پہلے یہ دیکھو کہ زیادتی کس قدر ہے لہٰذا تانبہ کا اور پھر چاندی کا وزن کرو اور پھر اصل چاندی کو درہم کے عوض برابر قرار دو۔ ③

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ ④

{1954} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ يُونُسَ قَالَ: كَتَبْتُ إِلَى أَبِي الْحَسَنِ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَنَّ لِي عَلَى رَجُلٍ ثَلاَثَةَ آلاَفِ دِرْهَمٍ وَ كَانَتْ تِلْكَ الدَّرَاهِمُ تَنْفُقُ بَيْنَ النَّاسِ تِلْكَ الْأَيَّامَ وَ لَيْسَتْ تَنْفُقُ الْيَوْمَ فَلِي عَلَيْهِ تِلْكَ الدَّرَاهِمُ بِأَعْيَانِهَا أَوْ مَا يَنْفُقُ الْيَوْمَ بَيْنَ النَّاسِ قَالَ فَكَتَبَ إِلَيَّ لَكَ أَنْ تَأْخُذَ مِنْهُ مَا يَنْفُقُ بَيْنَ النَّاسِ كَمَا أَعْطَيْتَهُ مَا يَنْفُقُ بَيْنَ النَّاسِ.

❂ یونس سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کو خط لکھا کہ میرے ایک شخص کے پاس تین ہزار درہم تھے جو اس وقت لوگوں میں رائج تھے مگر اب وہ رائج نہیں ہیں تو کیا میں اس سے اپنے وہی اصل درہم لینے کا روادار رہوں یا ان کا جو اس وقت لوگوں میں رائج ہیں۔

آپ علیہ السلام نے جواب میں لکھا کہ تم اس سے وہ درہم لے سکتے ہو جو لوگوں کے درمیان رائج ہیں جس طرح تو نے وہ درہم

---

① الکافی: ۲۴۸/۵ ح ۱۵؛ تہذیب الاحکام: ۱۱۱/۷ ح ۴۸۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۰۳/۱۸ ح ۲۳۴۹۶؛ الوافی: ۶۲۲/۱۸

② مرآۃ العقول: ۳۰۸/۱۹؛ ملاذ الاخیار: ۱۳۵/۱۱

③ الکافی: ۲۵۰/۵ ح ۲۷؛ تہذیب الاحکام: ۱۱۴/۷ ح ۴۹۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۰۴/۱۸ ح ۲۳۴۹۸؛ الوافی: ۶۰۵/۱۸

④ مرآۃ العقول: ۳۱۴/۱۹؛ ملاذ الاخیار: ۱۴۱/۱۱

دیئے تھے جو اس وقت لوگوں میں رائج تھے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1955} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الصَّفَّارِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ يُونُسَ قَالَ: كَتَبْتُ إِلَى أَبِي الْحَسَنِ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَنَّهُ كَانَ لِي عَلَى رَجُلٍ دَرَاهِمُ وَ أَنَّ السُّلْطَانَ أَسْقَطَ تِلْكَ الدَّرَاهِمَ وَ جَاءَ بِدَرَاهِمَ أَعْلَى مِنْ تِلْكَ الدَّرَاهِمِ الْأُولَى وَلَهُمُ الْيَوْمَ وَضِيعَةٌ فَأَيُّ شَيْءٍ لِي عَلَيْهِ الْأُولَى الَّتِي أَسْقَطَهَا السُّلْطَانُ أَوِ الدَّرَاهِمُ الَّتِي أَجَازَهَا السُّلْطَانُ فَكَتَبَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ) الدَّرَاهِمُ الْأُولَى(.

یونس سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کو خط لکھا کہ میں نے ایک شخص سے دس ہزار درہم لینے تھے مگر بادشاہ نے ان کو ساقط کر دیا اور ان کی جگہ ان سے اعلیٰ کوالٹی کے درہم جاری کر دیئے لہٰذا آج وہ کم قیمت پر چلتے ہیں تو اب میں اس سے کن درہموں کے لینے کا حقدار ہوں وہ پہلے والے جو ساقط ہو گئے ہیں یا دوسرے جو رائج ہیں؟

آپ علیہ السلام نے جواب میں لکھا کہ تم پہلے والے درہموں کے حقدار ہو۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

قول مؤلف:

ان دونوں حدیثوں میں کوئی تعارض نہیں ہے بلکہ دونوں میں مختلف حکم بیان ہوا ہے۔ پہلی حدیث میں یہ مذکور ہے کہ وہ پہلے والے درہم بالکل متروک ہو چکے ہیں لہٰذا رائج الوقت لئے جائیں گے جبکہ دوسری حدیث میں مذکور ہے کہ پہلے والے درہم رائج تو ہیں مگر قیمت کم ہو گئی ہے تو ایسی صورت میں اصلی درہم ہی لئے جائیں گے (واللہ اعلم)

﴿معاملہ فسق کئے جانے کی صورتیں﴾

{1956} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبُو عَلِيٍّ الْأَشْعَرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ عَنْ صَفْوَانَ عَنِ الْعَلاَءِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ: اَلْبَيِّعَانِ بِالْخِيَارِ

---

[1] الکافی: ۵/۲۵۲ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۱۶ ح ۵۰۲؛ الوافی: ۱۸/۹ ۱۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۲۰۶ ح ۲۳۵۰۳؛ الاستبصار: ۳/۱۰۰ ح ۳۴۵

[2] مرآۃ العقول: ۱۹/۱۷۱؛ فقہ المعارف: ۲/۵۷۵؛ فقہ الطب: ۵/۲۷۵؛ الانوار اللوامع: ۱۲/۲۷۳

[3] تہذیب الاحکام: ۷/۱۱۷ ح ۵۰۷؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۱۹۱ ح ۳۷۱۶؛ الاستبصار: ۳/۹۹ ح ۳۴۳؛ الوافی: ۱۸/۹۳۰؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۲۰۶ ح ۲۳۵۰۴

[4] ملاذ الاخیار: ۱۱/۲۸۴؛ تذکرۃ الفقہاء: ۱۳/۵۰؛ فقہ المعارف: ۲/۵۷۵؛ الانوار اللوامع: ۱۲/۲۷۳؛ سداد العباد: ۴۷۵؛ عمدۃ الاصول: ۲/۳۶۵

حَتَّىٰ يَفْتَرِقَا وَصَاحِبُ الْحَيَوَانِ بِالْخِيَارِ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ.

۞ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ خرید وفروخت کرنے والے فریقین جب تک ایک دوسرے سے علیحدہ نہ ہوجائیں تب تک ان کو (معاملہ توڑنے کا) اختیار ہے اور حیوان والے کے لئے یہ اختیار تین دن تک ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1957} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَبُو أَيُّوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَقُولُ: إِبْتَعْتُ أَرْضاً فَلَمَّا اِسْتَوْجَبْتُهَا قُمْتُ فَمَشَيْتُ خُطًا ثُمَّ رَجَعْتُ أَرَدْتُ أَنْ يَجِبَ الْبَيْعُ حِينَ الْافْتِرَاقِ.

۞ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ میں نے (ایک شخص سے) زمین خریدی پس جب ایجاب قبول ہو چکا تو میں اپنی جگہ سے اٹھا اور ایک قدم چل کر واپس اپنی جگہ پر آگیا اور میں چاہتا تھا کہ اس افتراق (علیحدہ ہونے) سے بیع واجب ہوجائے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{1958} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: فِي الْحَيَوَانِ كُلِّهِ شَرْطُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ لِلْمُشْتَرِي فَهُوَ بِالْخِيَارِ فِيهَا إِنِ اشْتَرَطَ أَوْ لَمْ يَشْتَرِطْ.

۞ حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ہر قسم کے حیوان میں خریدار کو تین دن تک معاملہ توڑنے کا اختیار ہے خواہ پہلے شرط کی ہو یا نہ کی ہو۔ [5]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [6]

---

[1] الکافی: ۵/۱۷۰ ح۵؛ الوافی: ۱۷/۵۰۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۵ ح

[2] مرآۃ العقول: ۱۹/۲۴؛ الخیارات اراکی: ۸۳؛ فقہ الامامیہ قسم الخیارات: ۲۳۳؛ الانوار اللوامع: ۱۱/۴۰۵؛ فقہ الصادقؑ: ۱۷/۹۸

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۰۴ ح۴۲۷۳؛ الکافی: ۵/۱۷۱ ح۸؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۰ ح۸۴؛ الاستبصار: ۳/۷۲ ح۲۳۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۸ ح ۲۳۰۱۹؛ الوافی: ۱۷/۵۰۸

[4] روضۃ المتقین: ۷/۵۲؛ سداد العباد: ۵۰۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/۴۹۲

[5] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۰۱ ح۴۱۷۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۴ ح۱۰۲؛ الوافی: ۱۷/۵۱۵؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۱۱ ح۲۳۰۲۳

[6] روضۃ المتقین: ۷/۴۴؛ فقہ الصادقؑ: ۱۷/۸۹؛ جواہر الکلام: ۲۳/۲۵؛ الجعہ: ۷/۲۸۷؛ ارشاد العقول: ۲/۷۰۴؛ المحصول فی علم الاصول جعفر سبحانی: ۲/۴۴۴؛ ارشاد الطالب: ۵/۷۰۴؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/۵۰۱

{1959} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رِئَابٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: اَلشَّرْطُ فِي الْحَيَوَانِ ثَلاَثَةُ أَيَّامٍ لِلْمُشْتَرِي اشْتَرَطَ أَمْ لَمْ يَشْتَرِطْ فَإِنْ أَحْدَثَ الْمُشْتَرِي فِيمَا اشْتَرَى حَدَثاً قَبْلَ الثَّلاَثَةِ الْأَيَّامِ فَذَلِكَ رِضًا مِنْهُ فَلاَ شَرْطَ قِيلَ لَهُ وَ مَا الْحَدَثُ قَالَ إِنْ لاَمَسَ أَوْ قَبَّلَ أَوْ نَظَرَ مِنْهَا إِلَى مَا كَانَ يَحْرُمُ عَلَيْهِ قَبْلَ الشِّرَاءِ.

❁ علی بن رئاب سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: حیوان میں خریدار کو تین دن تک اختیار ہے خواہ پہلے شرط کرے یا نہ کرے البتہ جب خریدار اس خریدے ہوئے جاندار میں تین دن کے اندر کوئی نئی چیز ایجاد کرے تو یہ اس کی طرف سے اس معاملہ کے باقی رکھنے پر رضامندی ہوگی لہٰذا اختیار ختم ہو جائے گا۔

آپ علیہ السلام سے عرض کیا گیا کہ یہ نئی چیز (ایجاد کرنا) کیا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جیسے اسے مس کرے، بوسہ دے یا اس کے اس حصہ پر نگاہ کرے جس پر نگاہ کرنا خریداری سے پہلے اس پر حرام تھا۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1960} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبُو عَلِيٍّ الْأَشْعَرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ النُّعْمَانِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ إِنَّا نُخَالِطُ أُنَاساً مِنْ أَهْلِ السَّوَادِ وَ غَيْرِهِمْ فَنَبِيعُهُمْ وَ نَرْبَحُ عَلَيْهِمُ الْعَشَرَةَ اثْنَيْ عَشَرَ وَ الْعَشَرَةَ ثَلاَثَةَ عَشَرَ وَ نُؤَخِّرُ ذَلِكَ فِيمَا بَيْنَنَا وَ بَيْنَهُمُ السَّنَةَ وَ نَحْوَهَا وَ يَكْتُبُ لَنَا الرَّجُلُ عَلَى دَارِهِ أَوْ أَرْضِهِ بِذَلِكَ الْمَالِ الَّذِي فِيهِ الْفَضْلُ الَّذِي أَخَذَ مِنَّا شِرَاءً وَ قَدْ بَاعَ وَ قَبَضَ الثَّمَنَ مِنْهُ فَنَعِدُهُ إِنْ هُوَ جَاءَ بِالْمَالِ إِلَى وَقْتٍ بَيْنَنَا وَ بَيْنَهُ أَنْ نَرُدَّ عَلَيْهِ الشِّرَاءَ فَإِنْ جَاءَ الْوَقْتُ وَ لَمْ يَأْتِنَا بِالدَّرَاهِمِ فَهُوَ لَنَا فَمَا تَرَى فِي ذَلِكَ الشِّرَاءِ قَالَ أَرَى أَنَّهُ لَكَ إِنْ لَمْ يَفْعَلْ وَ إِنْ جَاءَ بِالْمَالِ لِلْوَقْتِ فَرُدَّ عَلَيْهِ.

❁ سعید بن یسار سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ ہم اہل سواد (دیہاتیوں) وغیرہ سے میل جول رکھتے ہیں اور ان کے ساتھ معاملہ کرتے ہیں اور سال تک وصولی موخر کرتے ہیں اور وہ شخص (بطور گروی) اپنا مکان یا زمین لکھ دیتا ہے کہ اگر وہ مدت مقررہ تک مال لے کر آ جائے تو ہم اس کا گھر یا زمین واپس کر دیتے ہیں اور اگر وہ رقم نہ لائے تو

---

[1] الکافی: ۱۶۹/۵ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۲۴/۷ ح ۱۰۲؛ الوافی: ۵۰۴/۱۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۳/۱۸ ح ۲۳۰۳۲

[2] مرآۃ العقول: ۹۲/۱۹؛ جواہر الکلام: ۵/۲۳؛ موسوعہ الفقہ الاسلامی: ۸۶/۱۲؛ المختار فی احکام الخیار: ۵۸؛ ارشاد الطالب: ۱۰۰/۴؛ فقہ الصادقؑ: ۱۰۹/۱۷؛ مستند الشیعہ: ۲۷۰/۱۴؛ مفاتیح الشرائع: ۶۹/۳؛ سداد العباد: ۵۰۵؛ کتاب المکاسب: ۹۷/۵؛ محاضرات: ۳۳/۴؛ ملاذ الاخیار: ۵۰۲/۱۰

پھر وہ گھر یا زمین ہماری ہوجاتی ہے تو کیا ایسا معاملہ جائز ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: میری نظر میں اگر وہ رقم نہ لائے تو وہ تمہارا مال سمجھا جائے گا اور اگر بروقت مال لے آئے تو اس کا (گروی شدہ) مال واپس کر دیا جائے گا۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1961} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنِ ابْنِ سِنَانٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الرَّجُلِ يَشْتَرِي الدَّابَّةَ أَوِ الْعَبْدَ وَ يَشْتَرِطُ إِلَى يَوْمٍ أَوْ يَوْمَيْنِ فَيَمُوتُ الْعَبْدُ أَوِ الدَّابَّةُ وَ يُحْدِثُ فِيهِ الْحَدَثَ عَلَى مَنْ ضَمَانُ ذٰلِكَ فَقَالَ عَلَى الْبَائِعِ حَتَّى يَنْقَضِيَ الشَّرْطُ ثَلاَثَةَ أَيَّامٍ وَ يَصِيرَ الْمَبِيعُ لِلْمُشْتَرِي شَرَطَ لَهُ الْبَائِعُ أَوْ لَمْ يَشْتَرِطْ قَالَ وَإِنْ كَانَ بَيْنَهُمَا شَرْطٌ أَيَّاماً مَعْدُودَةً فَهَلَكَ فِي يَدِ الْمُشْتَرِي قَبْلَ أَنْ يَمْضِيَ الشَّرْطُ فَهُوَ مِنْ مَالِ الْبَائِعِ.

ابن سنان سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص کوئی جانور یا غلام خریدتا ہے اور ایک یا دو دن کی شرط رکھتا ہے (کہ اسے معاملہ ختم کرنے کا اختیار رہوگا) پس غلام یا جانور مر جاتا ہے یا اس میں کچھ نیا پیدا ہوجاتا ہے (یعنی کوئی عیب وغیرہ ظاہر ہوجاتا ہے) تو یہ کس کے ذمے ہوگا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب تک تین دن کی شرط نہ گزر جائے تب تک بائع پر ہوگا اور مشتری (خریدار) کو اس کی قیمت ملے گی چاہے بائع نے کوئی شرط رکھی ہو یا نہ رکھی ہو۔ پھر فرمایا: اگر ان دونوں (بائع ومشتری) کے درمیان چند دنوں کی شرط ہو اور ان دنوں کے گزرنے سے پہلے وہ مشتری کے ہاتھ میں ہلاک ہوجائے تو وہ (نقصان) بائع کے مال میں سے ہوگا۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

---

[1] الکافی: ۱۷۲/۵ ح ۱۴؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۲۰۴/۳ ح ۳۷۷۰؛ تہذیب الاحکام: ۲۲/۷ ح ۹۵؛ الوافی: ۵۱۰/۱۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۱۸ ح ۲۳۰۴۵

[2] مرآۃ العقول: ۲۷۶/۱۹؛ دراسات موجزۃ: ۲۸؛ فقہ الصادقؑ: ۳۸/۱۷؛ منہاج الفقاہہ: ۳۵۶/۵؛ سداد العباد: ۵۰۷؛ ارشاد الطالب: ۲۲/۴؛ الانوار اللوامع: ۴۱۱/۱۱؛ روضۃ المتقین: ۵۳/۷؛ ملاذ الاخیار: ۴۹۸/۱۰

[3] تہذیب الاحکام: ۲۴/۷ ح ۱۰۳؛ الوافی: ۵۰۴/۱۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۱۸ ح ۲۳۰۳۶، ۲۳۰۲۰ ح ۲۳۰۳۸؛ الکافی: ۱۶۹/۵ ح ۳ (مختصراً)؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۲۰۲/۳ ح ۳۷۶۳

[4] ملاذ الاخیار: ۵۰۲/۱۰؛ جواہر الکلام: ۸۱/۲۳؛ القواعد الفقہیہ: ۳۱/۲؛ سداد العباد: ۵۰۹؛ منہاج الفقاہہ: ۴۲۳/۶؛ المکاسب: ۹۴/۳؛ ارشاد الطالب: ۵۲۵/۴؛ الخیار: ۲۰۶؛ موسوعہ الفقہ الاسلامی: ۵۱/۱۰؛ فقہ الصادقؑ: ۱۵/۱۷؛ المتجر: ۲۸۷/۷

{1962} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ جَمِيلٍ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: قُلْتُ لَهُ الرَّجُلُ يَشْتَرِي مِنَ الرَّجُلِ الْمَتَاعَ ثُمَّ يَدَعُهُ عِنْدَهُ يَقُولُ حَتَّى آتِيَكَ بِثَمَنِهِ فَقَالَ إِنْ جَاءَ فِيمَا بَيْنَهُ وَ بَيْنَ ثَلاَثَةِ أَيَّامٍ وَ إِلاَّ فَلاَ بَيْعَ لَهُ.

✪ زرارہ سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے عرض کیا کہ ایک شخص کسی سے کچھ مال خریدتا ہے اور اسے اسی کے پاس چھوڑ دیتا ہے اور اس سے کہتا ہے کہ جب تک میں قیمت نہ لاؤں یہ مال یہیں رہے گا (تو کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر تین دنوں تک واپس آ گیا تو ٹھیک ورنہ بیع ختم ہو جائے گی۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1963} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ هِلاَلٍ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ خَالِدٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي رَجُلٍ اشْتَرَى مَتَاعاً مِنْ رَجُلٍ وَ أَوْجَبَهُ غَيْرَ أَنَّهُ تَرَكَ الْمَتَاعَ عِنْدَهُ وَ لَمْ يَقْبِضْهُ قَالَ آتِيكَ غَداً إِنْ شَاءَ اللَّهُ فَسُرِقَ الْمَتَاعُ مِنْ مَالِ مَنْ يَكُونُ قَالَ مِنْ مَالِ صَاحِبِ الْمَتَاعِ الَّذِي هُوَ فِي بَيْتِهِ حَتَّى يُقَبِّضَ الْمَتَاعَ وَ يُخْرِجَهُ مِنْ بَيْتِهِ فَإِذَا أَخْرَجَهُ مِنْ بَيْتِهِ فَالْمُبْتَاعُ ضَامِنٌ لِحَقِّهِ حَتَّى يَرُدَّ مَالَهُ إِلَيْهِ.

✪ عقبہ بن خالد سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے اس شخص کے بارے میں جس نے ایک آدمی سے کچھ مال و متاع خریدا اور اسے واجب بھی کر دیا (یعنی قیمت ادا کر دی) مگر وہ مال اٹھایا نہیں بلکہ کہا کہ کل اٹھا کر لے جاؤں گا انشاء اللہ۔ اسی اثنا میں وہ مال چوری ہو گیا تو وہ اصلی مالک کا ہے جس کے گھر سے چوری ہوا ہے جب تک اس کا قبضہ دے کر اسے اپنے گھر سے باہر نہ کر دے ہاں جب ایسا کر دے تو پھر خریدار اپنے حق کا ضامن ہو گا۔ [3]

تحقیق:

حدیث معتبر ہے۔ [4]

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۲۰۲/۳ ح ۷۲ ۳۷؛ الکافی: ۱۷۰/۵ ح ۴؛ تہذیب الاحکام: ۲۱/۷ ح ۸۸؛ الوافی: ۵۰۵/۱۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۱۸ ح ۲۳۰۵۰؛ عوالی اللئالی: ۲۱۱/۳؛ الاستبصار: ۷۷/۳ ح ۲۷

[2] روضۃ المتقین: ۵۰/۷؛ منہاج الفقاہہ: ۶/۶؛ کتاب المکاسب: ۲۱۸/۵؛ ارشاد الطالب: ۲۱۳/۴؛ جواہر الکلام: ۵۱/۲۳؛ فقہ الصادقؑ: ۳۴۲/۱۷؛ الانوار اللوامع: ۴۴/۱۱؛ فقہ الامامیہ قسم الخیارات: ۵۴۴

[3] الکافی: ۱۷۱/۵ ح ۱۲؛ تہذیب الاحکام: ۲۱/۷ ح ۸۹؛ الوافی: ۵۱۰/۱۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/۱۸ ح ۲۳۰۵۶؛ عوالی اللئالی: ۲۱۶/۳

[4] المختار فی احکام الخیار: ۲۹۰؛ ارشاد الطالب: ۲۴۵/۴؛ الانوار اللوامع: ۳۹۸/۱۱

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث مجہول ہے۔ [1]

{1964} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عُمَرَ بْنِ حَنْظَلَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي رَجُلٍ بَاعَ أَرْضاً عَلَى أَنَّ فِيهَا عَشَرَةَ أَجْرِبَةٍ فَاشْتَرَى الْمُشْتَرِي ذَلِكَ مِنْهُ بِحُدُودِهِ وَ نَقَدَ الثَّمَنَ وَ أَوْقَعَ صَفْقَةَ الْبَيْعِ وَافْتَرَقَا فَلَمَّا مَسَحَ الْأَرْضَ إِذَا هِيَ خَمْسَةُ أَجْرِبَةٍ قَالَ إِنْ شَاءَ اسْتَرْجَعَ فَضْلَ مَالِهِ وَ أَخَذَ الْأَرْضَ وَ إِنْ شَاءَ رَدَّ الْبَيْعَ وَ أَخَذَ مَالَهُ كُلَّهُ إِلاَّ أَنْ تَكُونَ إِلَى جَنْبِ تِلْكَ الْأَرْضِ لَهُ أَيْضاً أَرَضُونَ فَيُوَفِّيهِ وَ يَكُونُ الْبَيْعُ لاَزِماً لَهُ وَ الْوَفَاءُ لَهُ بِتَمَامِ الْمَبِيعِ فَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ فِي ذَلِكَ الْمَكَانِ غَيْرُ الَّذِي بَاعَ فَإِنْ شَاءَ الْمُشْتَرِي أَخَذَ الْأَرْضَ وَ اسْتَرْجَعَ فَضْلَ مَالِهِ وَ إِنْ شَاءَ رَدَّ وَ أَخَذَ الْمَالَ كُلَّهُ.

⚙ عمر بن حنظلہ نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ ایک شخص نے کچھ زمین اس شرط پر فروخت کی تھی کہ وہ دس جریب ہے پس خریدار نے نقد قیمت ادا کر کے اس رقبہ کو اس کے حدود و قیود کے ساتھ خرید لیا اور دونوں ایک دوسرے سے علیحدہ بھی ہو گئے مگر جب خریدار نے زمین کی پیمائش کی تو وہ صرف پانچ جریب نکلی تو امام علیہ السلام نے فرمایا: خریدار کو حق حاصل ہے کہ اگر چاہے تو زمین اپنے پاس رکھ کر زائد قیمت واپس لے لے یا چاہے تو پورا سودا توڑ دے مگر یہ کہ اس زمین کے پہلو میں بائع کی کچھ زمین ہو تو پھر اس سے اپنی زمین کی پیمائش پوری کرے پھر بیع لازم ہو جائے گی اور اس کو زمین پوری کرنا لازم ہو گی اور اگر اس کی کوئی زمین اس کے سوا نہیں ہے تو خریدار کو اختیار ہے کہ اس زمین کو لے لے اور فاضل قیمت کے لئے اس سے رجوع کرے اور چاہے تو زمین دے کر اپنی پوری قیمت واپس حاصل کرے۔ [2]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [3]

{1965} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ جَمِيلِ بْنِ دَرَّاجٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ اشْتَرَى ضَيْعَةً وَ قَدْ كَانَ يَدْخُلُهَا وَ يَخْرُجُ مِنْهَا فَلَمَّا أَنْ نَقَدَ الْمَالَ صَارَ إِلَى الضَّيْعَةِ فَفَتَّشَهَا ثُمَّ رَجَعَ فَاسْتَقَالَ صَاحِبَهُ فَلَمْ يُقِلْهُ فَقَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ لَوْ قَلَّبَهَا وَ نَظَرَ مِنْهَا إِلَى تِسْعٍ وَ تِسْعِينَ قِطْعَةً ثُمَّ بَقِيَ مِنْهَا قِطْعَةٌ لَمْ يَرَهَا لَكَانَ لَهُ فِي ذَلِكَ خِيَارُ الرُّؤْيَةِ.

---

[1] مرآۃ العقول: ۱۹/۲۲۶؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۲۴۲

[2] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۳۹ ح ۳۸۷۵؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۵۳ ح ۶۷۵؛ الوافی: ۱۷/۵۲۰؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۲۷ ح ۲۳۰۴۳؛ عوالی اللئالی: ۳/۲۱۹

[3] روضۃ المتقین: ۷/۱۹۳

✪ جمیل بن درج سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے زمین کے کچھ ٹکڑے خریدے جہاں وہ مسلسل آتا جاتا رہتا تھا اور جب اس نے اس کی قیمت ادا کی تو ان قطعات اراضی میں گیا اور تفصیلی یا تفتیشی چکر لگایا (مگر اراضی پسند نہ آئی) پھر جب واپس آیا تو مالک سے کہا کہ معاملہ فسخ کر دو مگر وہ کچھ نہ بولا (تو اب کیا حکم ہے)؟

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اگر اس نے ننانوے فیصد زمین کے قطعات دیکھ لئے تھے اور ایک فیصد نہیں دیکھا تب بھی اسے خیار رؤیت حاصل ہے (کہ دیکھنے کے بعد لے یا نہ لے)۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1966} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٌ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَطِيَّةَ عَنْ عُمَرَ بْنِ يَزِيدَ قَالَ: كُنْتُ أَنَا وَ عُمَرُ بِالْمَدِينَةِ فَبَاعَ عُمَرُ جِرَاباً هَرَوِيّاً كُلَّ ثَوْبٍ بِكَذَا وَ كَذَا فَأَخَذُوهُ فَاقْتَسَمُوهُ فَوَجَدُوا ثَوْباً فِيهِ عَيْبٌ فَرَدُّوهُ فَقَالَ لَهُمْ عُمَرُ أُعْطِيكُمْ ثَمَنَهُ الَّذِي بِعْتُكُمْ بِهِ قَالَ لَا وَ لَكِنْ نَأْخُذُ مِنْكَ قِيمَةَ الثَّوْبِ فَذَكَرَ عُمَرُ ذَلِكَ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَقَالَ يَلْزَمُهُ ذَلِكَ

✪ حسن بن عطیہ سے روایت ہے کہ میں اور عمر (بن یزید) مدینہ میں موجود تھے اور عمر نے کچھ ہروی کپڑے فروخت کئے جو ہر کپڑا ایک مخصوص قیمت پر بیچا پس انہوں نے ان کو باہم تقسیم کر لیا پھر انہوں نے دیکھا کہ ایک کپڑے میں عیب ہے تو اسے واپس کیا گیا۔ عمر نے ان سے کہا کہ میں تمہیں اس کی وہ قیمت دے دیتا ہوں جس کے عوض فروخت کیا ہے تو کہ ہم تو تمام کپڑوں کی قیمت واپس لیں گے۔ چنانچہ عمر نے اس کا تذکرہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے کیا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: لازم ہے کہ ایسا ہی کیا جائے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [4]

{1967} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٌ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ فَضَالَةَ عَنْ مُوسَى بْنِ بَكْرٍ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: أَيُّمَا رَجُلٍ اشْتَرَى شَيْئاً وَ بِهِ عَيْبٌ أَوْ عَوَارٌ وَ

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۷۰ ح ۳۹۷۶؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۶ ح ۱۱۲؛ الوافی: ۷/۵۱۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۲۸ ح ۲۳۰۶۵

[2] روضۃ المتقین: ۷/۲۹۲؛ حاشیہ مجمع الفائدہ وحید بہبہانی: ۵۲۵؛ منہاج الفقاہۃ: ۶/۳۴۶؛ کتاب المکاسب: ۵/۲۳۵؛ فقہ الصادقؑ: ۱۷/۲۹۶؛ التنقیح فی شرح المکاسب: ۴/۳۷۳؛ المختار: ۳۰۱؛ الخیارات اراکی: ۲۸۲؛ جواہر الکلام: ۲۳/۹۵؛ ریاض المسائل: ۸/۳۱۳؛ فقہ الصادقؑ: ۲۵/۸۸؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/۵۰۹

[3] الکافی: ۵/۲۰۶ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۷/۹۰ ح ۳۵۹؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۱۶ ح ۳۸۰۲؛ الوافی: ۱۸/۳۷۵؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۲۹ ح ۲۳۰۶۷

[4] مرآۃ العقول: ۱۹/۲۲۹؛ سداد العباد: ۵۲۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۷؛ روضۃ المتقین: ۷/۹۳

لَمْ يَتَبَرَّأْ إِلَيْهِ وَلَمْ يَتَبَيَّنْ لَهُ فَأَحْدَثَ فِيهِ بَعْدَ مَا قَبَضَهُ شَيْئاً ثُمَّ عَلِمَ بِذَلِكَ الْعَوَارِ أَوْ بِذَلِكَ الدَّاءِ إِنَّهُ يُمْضَى عَلَيْهِ الْبَيْعُ وَيُرَدُّ عَلَيْهِ بِقَدْرِ مَا يَنْقُصُ مِنْ ذَلِكَ الدَّاءِ وَالْعَيْبِ مِنْ ثَمَنِ ذَلِكَ لَوْ لَمْ يَكُنْ بِهِ.

زرارہ سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: جوشخص کوئی چیز خریدے اور اس میں عیب پائے یا (حیوان) کانا ہو اور بیچنے والا اس کے عیب سے خود کو بری الذمہ نہ ٹھہرائے یا اسے کھول کر بیان نہ کرے اور اس عیب کو خریدار چیز کو قبضہ میں لینے کے بعد پائے اور اس کے کانا ہونے وجانے یا اسی طرح کا نقص (یا بیماری) ہوتو فروخت صحیح ہوگی لیکن بیچنے والے کو اتنی رقم واپس کرنا ہوگی جو ایک تندرست اور بیمار یا عیب دار جانور کی قیمتوں کا فرق ہے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا معتبر ہے۔[2]

﴿متفرق مسائل﴾

{1968} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ رَوْحٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ:)تِسْعَةُ أَعْشَارِ الرِّزْقِ فِي التِّجَارَةِ(.

روح سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: رزق کے دسویں حصوں میں سے نو حصے تجارت میں ہیں۔[3]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔[4]

{1969} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ أَبِي إِسْمَاعِيلَ عَنْ فُضَيْلِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: أَيَّ شَيْءٍ تُعَالِجُ قُلْتُ مَا أُعَالِجُ الْيَوْمَ شَيْئاً فَقَالَ كَذَلِكَ تَذْهَبُ أَمْوَالُكُمْ وَاشْتَدَّ عَلَيْهِ.

فضیل بن یسار سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے مجھ سے فرمایا: آج کل کیا کام کرتے ہو؟

---

[1] الکافی: ۵/۲۰۷ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/۶۰ ح ۲۵۷؛ الوافی: ۱۸/۷۳۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۳۰ ح ۲۳۰۶۸

......

[2] فقہ الصادقؑ: ۱۷/۳۳۳؛ منہاج الفقاہہ: ۶/۲۶۱؛ المرتقی الی الفقہ کتاب الخیارات: ۲/۶۱؛ دراسات من الفقہ: ۴/۱۰۳؛ جواہر الکلام: ۲۳/۲۴۷ (حسن اور صحیح)؛ ریاض المسائل: ۸/۳۸۱؛ ارشاد الطالب: ۴/۲۷۹

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۳۹ ح ۳۸۷۵؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۵۳ ح ۶۷۵؛ الوافی: ۱۷/۵۲۰؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۲۷ ح ۲۳۰۶۳؛ عوالی اللئالی: ۳/۲۱۹

[4] روضۃ المتقین: ۷/۱۳۸

میں نے عرض کیا: آج کل کچھ نہیں کرتا ہوں

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس طرح تمہارے اموال ضائع ہو جاتے ہیں۔ پھر آپ علیہ السلام نے اس بات پر خوب سختی کی۔ ①

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔ ②

{1970} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ عُقْبَةَ قَالَ: كَانَ أَبُو الْخَطَّابِ قَبْلَ أَنْ يَفْسُدَ وَهُوَ يَحْمِلُ الْمَسَائِلَ لِأَصْحَابِنَا وَيَجِيءُ بِجَوَابَاتِهَا رَوَى عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ اشْتَرِ وَإِنْ كَانَ غَالِياً فَإِنَّ الرِّزْقَ يَنْزِلُ مَعَ الشِّرَاءِ.

۞ علی بن عقبہ سے روایت ہے کہ ابو خطاب بدعقیدہ ہونے سے پہلے ہمارے اصحاب کے سوالات لے جاتا تھا اور (امام علیہ السلام سے) جوابات لے آتا تھا چنانچہ اس نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ علیہ السلام نے فرمایا: خریداری کیا کرو اگرچہ مہنگی ہو کیونکہ خریداری کے ساتھ رزق نازل ہوتا ہے۔ ③

تحقیق:

حدیث صحیح علی الظاہر ہے۔ ④

{1971} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: كَانَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ يَحْتَطِبُ وَ يَسْتَقِي وَ يَكْنُسُ وَ كَانَتْ فَاطِمَةُ عَلَيْهَا السَّلاَمُ تَطْحَنُ وَ تَعْجِنُ وَ تَخْبِزُ.

۞ ہشام بن سالم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: امیر المومنین علیہ السلام لکڑیاں اکٹھی کرتے، پانی کھینچ کر لاتے اور گھر میں جھاڑو دیتے تھے جبکہ سیدہ فاطمہ علیہا السلام آٹا پیستی تھیں اور روٹی پکاتی تھیں۔ ⑤

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ⑥

---

① الکافی: ۱۴۸/۵ ح ۵؛ الوافی: ۲۲/۱۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۳/۱۷ ح ۲۱۸۵۷

② مرآۃ العقول: ۱۲۹/۱۹

③ الکافی: ۱۵۰/۵ ح ۱۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/۴ ح ۹؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۲۶۸/۳ ح ۳۹۶۷؛ الوافی: ۲۵/۱۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۱۷ ح ۲۱۸۷۰

④ مرآۃ العقول: ۱۳۲/۱۹

⑤ من لا یحضرہ الفقیہ: ۱۶۹/۳ ح ۳۶۴۰؛ الکافی: ۸۶/۵ ح ۱؛ الوافی: ۷۷/۱۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۱۷ ح ۲۱۹۸۵؛ عوالی اللئالی: ۲۰۰/۳؛ بحار الانوار: ۵۱/۴۳؛ عوالم العلوم: ۵۰۱/۱۱

⑥ روضۃ المتقین: ۳۶۸/۶؛ الانوار اللوامع: ۹۴/۱۰ و ۷/۱۱؛ کتاب الزکاۃ منتظری: ۳۴۸/۲

{1972} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ يَزِيدَ بْنِ إِسْحَاقَ عَنْ هَارُونَ بْنِ حَمْزَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ:)أَيُّمَا عَبْدٍ مُسْلِمٍ أَقَالَ مُسْلِماً فِي بَيْعٍ أَقَالَهُ اللَّهُ عَزَّ وَ جَلَّ عَثْرَتَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ(.

❁ ہارون بن حمزہ سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو کوئی مسلمان بندہ کسی مسلمان کے کہنے پر (پشیمان ہونے پر) فروخت کا معاملہ فسخ کر دے تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی لغزشوں کو فسخ کر دے گا۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح الظاہر ہے۔ [2]

{1973} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُوسَى بْنِ الْمُتَوَكِّلِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ جَعْفَرٍ الْحِمْيَرِيِّ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ عَطِيَّةَ عَنْ أَبِي حَمْزَةَ الثُّمَالِيِّ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ الْبَاقِرِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِنَّ اللَّهَ تَعَالَى عَرَضَ عَلَى آدَمَ أَسْمَاءَ الْأَنْبِيَاءِ وَ أَعْمَارَهُمْ قَالَ فَمَرَّ آدَمُ بِاسْمِ دَاوُدَ النَّبِيِّ فَإِذَا عُمُرُهُ فِي الْعَالَمِ أَرْبَعُونَ سَنَةً فَقَالَ آدَمُ عَلَيْهِ السَّلاَمُ يَا رَبِّ مَا أَقَلَّ عُمُرَ دَاوُدَ وَ مَا أَكْثَرَ عُمُرِي يَا رَبِّ إِنْ أَنَا زِدْتُ دَاوُدَ مِنْ عُمُرِي ثَلاَثِينَ سَنَةً أَثْبَتَّ ذَلِكَ لَهُ قَالَ يَا آدَمُ نَعَمْ قَالَ فَإِنِّي قَدْ زِدْتُهُ مِنْ عُمُرِي ثَلاَثِينَ سَنَةً فَأَنْفِذْ ذَلِكَ لَهُ وَ أَثْبِتْهَا لَهُ عِنْدَكَ وَ اطْرَحْهَا مِنْ عُمُرِي قَالَ أَبُو جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ فَأَثْبَتَ اللَّهُ تَعَالَى لِدَاوُدَ فِي عُمُرِهِ ثَلاَثِينَ سَنَةً وَ كَانَتْ لَهُ عِنْدَ اللَّهِ مُثْبَتَةً فَلِذَلِكَ قَوْلُ اللَّهِ تَعَالَى يَمْحُوا اللَّهُ مَا يَشَاءُ وَ يُثْبِتُ وَ عِنْدَهُ أُمُّ الْكِتَابِ قَالَ فَمَحَا اللَّهُ مَا كَانَ عِنْدَهُ مُثْبَتاً لِآدَمَ وَ أَثْبَتَ لِدَاوُدَ مَا لَمْ يَكُنْ عِنْدَهُ مُثْبَتاً قَالَ فَمَضَى عُمُرُ آدَمَ فَهَبَطَ عَلَيْهِ مَلَكُ الْمَوْتِ لِقَبْضِ رُوحِهِ فَقَالَ لَهُ آدَمُ يَا مَلَكَ الْمَوْتِ إِنَّهُ قَدْ بَقِيَ مِنْ عُمُرِي ثَلاَثِينَ سَنَةً فَقَالَ لَهُ مَلَكُ الْمَوْتِ يَا آدَمُ أَلَمْ تَجْعَلْهَا لِابْنِكَ دَاوُدَ النَّبِيِّ وَ طَرَحْتَهَا مِنْ عُمُرِكَ حِينَ عُرِضَ عَلَيْكَ أَسْمَاءُ الْأَنْبِيَاءِ مِنْ ذُرِّيَّتِكَ وَ عُرِضَتْ عَلَيْكَ أَعْمَارُهُمْ وَ أَنْتَ يَوْمَئِذٍ بِوَادِي الدَّخْيَاءِ قَالَ فَقَالَ آدَمُ مَا أَذْكُرُ هَذَا قَالَ فَقَالَ لَهُ مَلَكُ الْمَوْتِ يَا آدَمُ لاَ تَجْحَدْ أَلَمْ تَسْأَلِ اللَّهَ تَعَالَى أَنْ يُثْبِتَهَا لِدَاوُدَ وَ يَمْحُوَهَا مِنْ عُمُرِكَ فَأَثْبَتَهَا لِدَاوُدَ فِي الزَّبُورِ وَ مَحَاهَا مِنْ عُمُرِكَ فِي

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/ ۸ ح ۲۶؛ الکافی: ۵/ ۱۵۳ ح ۱۶؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۱۹۶ ح ۳۷۸۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/ ۳۸۶ ح ۲۲۸۰۶؛ الوافی: ۱۷/ ۴۴۰؛ الفصول المہمہ: ۲/ ۴۴۶؛ مصادقۃ الاخوان: ۴۷؛ کتاب المومن اہوازی: ۵۱؛ بحار الانوار: ۷۲/ ۵۶؛ شرح فارسی شہاب الاخبار: ۸۶؛ صحیفۃ الامام الرضاؑ: ۸۵

[2] ملاذ الاخیار: ۱۰/ ۳۶۶

اَلذِّكْرِ قَالَ آدَمُ حَتَّى أَعْلَمَ ذَلِكَ قَالَ أَبُو جَعْفَرٍ وَ كَانَ آدَمُ صَادِقاً لَمْ يَذْكُرْ وَلَمْ يَجْحَدْ فَمِنْ ذَلِكَ الْيَوْمِ أَمَرَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى الْعِبَادَ أَنْ يَكْتُبُوا بَيْنَهُمْ إِذَا تَدَايَنُوا وَ تَعَامَلُوا إِلَى أَجَلٍ مُسَمًّى لِنِسْيَانِ آدَمَ وَ جُحُودِهِ مَا جَعَلَ عَلَى نَفْسِهِ.

❂ ابوحمزہ ثمالی سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے جناب آدم علیہ السلام کے سامنے تمام انبیاء کے نام اوران کی مدت عمر پیش کی پس جب حضرت آدم علیہ السلام جناب داوٗد علیہ السلام کے نام پر پہنچے تو ان کی عمر صرف چالیس سال تھی۔
حضرت آدم علیہ السلام نے عرض کیا: اے پروردگار! داوٗد علیہ السلام کی عمر اتنی کم اور میری عمر اتنی زیادہ کیوں ہے؟ تو اے پروردگار! اگر میں اپنی عمر میں سے تیس سال نکال کر داوٗد علیہ السلام کی عمر بڑھا دوں تو کیا تو اس کو ثبت کرے گا؟

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے آدم! ایسا ممکن ہے۔

آدم علیہ السلام نے عرض کیا: میں نے تیس سال داوٗد علیہ السلام کو دیئے لہٰذا تو میری عمر میں سے تیس سال گھٹا دے اور اس کی عمر میں تیس سال بڑھا دے اور اپنے پاس اس کو ثبت کرے۔

امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: ان کے کہنے پر اللہ تعالیٰ نے ان کی عمر میں سے تیس سال گھٹا کر حضرت داوٗد علیہ السلام کی عمر میں تیس سال بڑھا دیئے اور اسے ثبت کر دیا اور ایک محو داثبات کی کتاب اللہ کے پاس ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ: ”اللہ جسے چاہتا ہے محو کر دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے ثبت رکھتا ہے اور اس کے پاس ام الکتاب ہے (الرعد:۳۹)“

امام علیہ السلام نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اسے مٹا دیا جو اس کے پاس حضرت آدم علیہ السلام کے لئے ثبت تھا اور حضرت داوٗد کے لئے وہ ثبت کر دیا جو اس کے لئے ثبت نہ تھا۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: پھر جب حضرت آدم علیہ السلام کی مدت عمر تمام ہوئی اور ملک الموت ان کی روح قبض کرنے پہنچے تو حضرت آدم علیہ السلام نے کہا: ابھی تو میری عمر کے تیس سال باقی ہیں؟

ملک الموت نے کہا: اے آدم علیہ السلام: کیا آپ علیہ السلام نے اپنی عمر میں سے تیس گھٹا کر اپنے فرزند داوٗد علیہ السلام کو نہیں دیئے ہیں جبکہ آپ علیہ السلام وادی دحیا میں تھے اور آپ علیہ السلام کے سامنے آپ علیہ السلام کی ذریت کے نام اور ان کی مدت عمر پیش ہوئی تھی؟

حضرت آدم علیہ السلام نے کہا: مگر مجھے تو یہ یاد نہیں ہے۔

ملک الموت نے کہا: اے آدم علیہ السلام! آپ علیہ السلام اس سے انکار نہ کریں۔ کیا آپ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے درخواست نہیں کی تھی کہ آپ علیہ السلام کی عمر میں سے تیس سال گھٹا کر داوٗد علیہ السلام کی عمر میں لکھ دیئے جائیں؟

حضرت آدم علیہ السلام نے کہا: میں اسے یاد کرتا ہوں۔

امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: آدم سچے تھے ان کو یاد ہی نہیں تھا اور نہ ہی وہ انکار کر رہے تھے پس اس دن سے اللہ تعالیٰ نے آدم کے نسیاں پر اور جو کام خود انجام دیا اس کے انکار کی وجہ سے اپنے بندوں کو حکم دیا کہ جب وہ آپس میں لین دین یا کوئی

معاملہ کریں تو مدت معینہ کو لکھ لیا کریں۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1974} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ فَضَّالٍ عَنْ ظَرِيفِ بْنِ نَاصِحٍ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: لاَ تُخَالِطُوا وَ لاَ تُعَامِلُوا إِلاَّ مَنْ نَشَأَ فِي الْخَيْرِ.

ظریف بن ناصح سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: نہ میل جول رکھو اور نہ ہی معاملہ کرو مگر صرف اس شخص سے جس کی تربیت اچھی ہوئی ہو۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق کالصحیح یا موثق ہے۔ [4]

{1975} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ فَضَّالٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ الْجَهْمِ قَالَ سَمِعْتُ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ يَقُولُ: إِنَّ الْإِنْسَانَ إِذَا أَدْخَلَ طَعَامَ سَنَتِهِ خَفَّ ظَهْرُهُ وَ اسْتَرَاحَ وَ كَانَ أَبُو جَعْفَرٍ وَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ لاَ يَشْتَرِيَانِ عُقْدَةً حَتَّى يُحْرِزَا طَعَامَ سَنَتِهِمَا.

حسن بن جہم سے روایت ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا کہ جب آدمی سال بھر کا غلہ گھر میں رکھ لیتا ہے تو اس کی پشت ہلکی ہو جاتی ہے اور وہ سکون کا سانس لیتا ہے اور امام محمد باقر علیہ السلام و امام جعفر صادق علیہ السلام دونوں اس وقت تک جائیداد یا زمین نہیں خریدتے تھے جب تک سال بھر کی خوارک جمع نہیں کر لیتے تھے۔ [5]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [6]

{1976} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مِهْرَانَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عُثْمَانَ قَالَ: أَصَابَ أَهْلَ الْمَدِينَةِ غَلاَءٌ وَ قَحْطٌ حَتَّى أَقْبَلَ الرَّجُلُ الْمُوسِرُ يَخْلِطُ الْحِنْطَةَ بِالشَّعِيرِ وَ

---

[1] علل الشرائع: ۲/۵۵۳ باب ۳۴۱ ح۱؛ تفسیر کنز الدقائق: ۲/۴۶۳؛ بحار الانوار: ۳/۱۰۲ و ۱۰۲/۲۵۸؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/۲۹۸؛ تفسیر البرہان: ۱/۲۶۵ و ۲۷۰؛ تفسیر الصافی: ۱/۳۰۵

[2] الانوار اللوامع: ۱۱/۱۲۸

[3] تہذیب الاحکام: ۷/۱۰ ح۳۷؛ الکافی: ۵/۱۵۸ ح۵؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۱۶۴ ح۳۶۰۱؛ الوافی: ۱۷/۳۱۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۴۱۳ ح۲۲۸۷۲

[4] ملاذ العباد: ۲۹۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/۴۷؛ روضۃ المتقین: ۶/۳۹۳؛ مرآۃ العقول: ۱۹/۱۳۶

[5] الکافی: ۵/۸۹ ح۱؛ الوافی: ۱۷/۹۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۴۳۳ ح۲۲۹۲۷؛ قرب الاسناد: ۳۹۲ (مختصراً)

[6] مرآۃ العقول: ۱۹/۳۸

يَأْكُلُهُ وَ يَشْتَرِي بِبَعْضِ الطَّعَامِ وَ كَانَ عِنْدَ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ طَعَامٌ جَيِّدٌ قَدِ اشْتَرَاهُ أَوَّلَ السَّنَةِ فَقَالَ لِبَعْضِ مَوَالِيهِ اِشْتَرِ لَنَا شَعِيراً فَاخْلِطْ بِهَذَا الطَّعَامِ أَوْ بِعْهُ فَإِنَّا نَكْرَهُ أَنْ نَأْكُلَ جَيِّداً وَ يَأْكُلُ النَّاسُ رَدِيّاً.

❂ حماد بن عثمان سے روایت ہے کہ ایک بار مدینہ میں قحط پڑ گیا یہاں تک کہ بڑے بڑے مالدار بھی گندم میں جو ملا کر کھانے لگے جبکہ امام جعفر صادق علیہ السلام کے پاس عمدہ قسم کی گندم موجود تھی جسے آپ علیہ السلام نے سال کی ابتدا میں خرید کر رکھ لیا تھا پس امام علیہ السلام نے اپنے غلام کو حکم دیا کہ کچھ جو خرید کر لاؤ اور انہیں اس گندم کے ساتھ ملا دو یا پھر اس (گندم) کو فروخت کر دو کیونکہ ہم اس بات کو پسند نہیں کرتے کہ ہم اعلیٰ قسم کی گندم کھائیں جبکہ لوگ ردی کھا رہے ہیں۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1977} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ جَبَلَةَ عَا الْكِنَانِيِّ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: يَا أَبَا الصَّبَّاحِ شِرَاءُ الدَّقِيقِ ذُلٌّ وَ شِرَاءُ الْحِنْطَةِ عِزٌّ وَ شِرَاءُ الْخُبْزِ فَقْرٌ وَ أَعُوذُ بِاللَّهِ مِنَ الْفَقْرِ.

❂ ابوالصباح کنانی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے مجھ سے فرمایا: اے ابوالصباح! آٹا کا خریدنا ذلت ہے اور گندم کا خریدنا عزت ہے اور روٹی کا خریدنا فقر ہے پس تم لوگ فقر و فاقہ سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔ [3]

تحقیق:

حدیث موثق یا قوی کالصحیح ہے۔ [4]

{1978} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ الْمُثَنَّى عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: مَنْ ضَاقَ عَلَيْهِ الْمَعَاشُ أَوْ قَالَ الرِّزْقُ فَلْيَشْتَرِ صِغَاراً وَ لْيَبِعْ كِبَاراً

❂ ہشام بن مثنی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جس شخص کی روزی تنگ ہو جائے اسے چاہیے کہ چھوٹے جانور خریدے اور انہیں بڑا کر کے فروخت کرے۔ [5]

---

[1] الکافی: ۵/۱۶۶ ح ا؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۶۰ ح ۷۰۹؛ الوافی: ۱۷/۸۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۴۳۶ ح ۲۲۹۳۱؛ عوالم العلوم: ۲۰/۲۰۱

[2] مرآۃ العقول: ۱۹/۵۶؛ سدادالعباد: ۴۹۷؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۲۶۹

[3] تہذیب الاحکام: ۷/۱۶۳ ح ۷۲۰؛ الکافی: ۵/۱۶۷ ح ۳؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۶۸ ح ۳۹۷۱؛ الوافی: ۱۷/۹۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۴۳۸ ح ۲۲۹۳۵

[4] ملاذ الاخیار: ۱۱/۲۷۴؛ سدادالعباد: ۴۹۸؛ روضۃ المتقین: ۷/۲۵۸

[5] الکافی: ۵/۳۰۵ ح ۲؛ الوافی: ۱۷/۱۸۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۴۵۷ ح ۲۲۹۸۷

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن علی الظاہر ہے۔ (1)

{1979} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ هِشَامِ بْنِ الْحَكَمِ أَنَّهُ قَالَ: كُنْتُ أَبِيعُ السَّابِرِيَّ فِي الظِّلَالِ فَمَرَّ بِي أَبُو الْحَسَنِ الْأَوَّلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ رَاكِباً فَقَالَ لِي)يَا هِشَامُ إِنَّ الْبَيْعَ فِي الظِّلَالِ غِشٌّ وَ الْغِشُّ لَا يَحِلُّ(.

ہشام بن حکم سے روایت ہے کہ میں سابری (عمدہ کھجور) کے زیر سایہ مال فروخت کر رہا تھا کہ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام میرے پاس سے سواری پر سوار ہو کر گزرے اور فرمایا: اے ہشام! زیر سایہ مال فروخت کرنا دھوکہ ہے اور دھوکہ حلال نہیں ہے۔ (2)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (3)

{1980} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الصَّفَّارِ أَنَّهُ كَتَبَ إِلَى أَبِي مُحَمَّدٍ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ: فِي رَجُلٍ اشْتَرَى مِنْ رَجُلٍ بَيْتاً فِي دَارٍ لَهُ بِجَمِيعِ حُقُوقِهِ وَ فَوْقَهُ بَيْتٌ آخَرُ هَلْ يَدْخُلُ الْبَيْتُ الْأَعْلَى فِي حُقُوقِ الْبَيْتِ الْأَسْفَلِ أَمْ لَا فَوَقَّعَ عَلَيْهِ السَّلَامُ لَيْسَ لَهُ إِلَّا مَا اشْتَرَاهُ بِاسْمِهِ وَ مَوْضِعِهِ إِنْ شَاءَ اللَّهُ.

محمد بن حسن الصفار سے روایت ہے کہ انہوں نے امام حسن عسکری علیہ السلام کو خط لکھا کہ ایک شخص نے ایک آدمی سے اس کے گھر کا نچلا حصہ تمام حقوق کے ساتھ خریدا جس کے اوپر ایک اور منزل ہے تو کیا اوپر کی منزل والا نیچے کی منزل والے کے حقوق میں داخل ہو سکتا ہے یا نہیں؟

امام علیہ السلام نے جواب لکھا کہ اس کے لئے صرف وہی ہے جو اس نے جگہ اور حصہ معین کر کے خریدا ہے ان شاء اللہ۔ (4)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (5)

{1981} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ

---

(1) الانوار اللوامع: ۱۱/۲۶۲؛ مراۃ العقول: ۱۹/۳۱۸

(2) من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۷۱ ح ۳۹۸۰؛ الکافی: ۵/۱۶۰ ح ۶؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۳ ح ۵۴؛ الوافی: ۱۷/۴۶۲؛ وسائل الشیعہ ۱۷/۴۶۶ ح ۲۳۰۰۷

(3) روضۃ المتقین: ۷/۲۶۵؛ سداد العباد: ۵۰۰؛ الآراء الفقیہ: ۲/۲۵۶؛ حدود الشریعہ: ۵۰۳؛ الفقہ وسائل طبیہ: ۱/۱۸۹

(4) من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۴۲ ح ۳۸۸۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۵۰ ح ۶۶۳؛ الوافی: ۱۷/۵۲۶؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۹۱ ح ۲۳۲۲۰؛ موسوعہ الامام العسکریؑ: ۲/۴۰۵

(5) روضۃ المتقین: ۷/۶۷؛ فقہ الصادقؑ: ۱۷/۳۳۲؛ ریاض المسائل: ۸/۵۰۳؛ جواہر الکلام: ۲۳/۳۰۱؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۲۴۴

عَنِ اَلرَّجُلِ يَشْتَرِي طَعَاماً فَيَكُونُ أَحْسَنَ لَهُ وَ أَنْفَقَ أَنْ يَبُلَّهُ مِنْ غَيْرِ أَنْ يَلْتَمِسَ زِيَادَةً فَقَالَ إِنْ كَانَ لاَ يُصْلِحُهُ إِلاَّ ذَلِكَ وَ لاَ يُنْفِقُهُ غَيْرُهُ مِنْ غَيْرِ أَنْ يَلْتَمِسَ فِيهِ اَلزِّيَادَةَ فَلاَ بَأْسَ وَ إِنْ كَانَ إِنَّمَا يَغُشُّ بِهِ اَلْمُسْلِمِينَ فَلاَ يَصْلُحُ.

✿ حلبی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص کچھ طعام خریدتا ہے پس اگر وہ اس کو پانی سے تر کرے تو اس طرح اس کا مال بآسانی فروخت ہو جائے گا اور اس سے اس کا مقصد مال کو زیادہ وزنی کرنا نہیں ہے (تو کیا یہ جائز ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر اس کے مال کی اس میں اصلاح ہے اور وہ اس طرح مال کو زیادہ نہیں کرنا چاہتا تو پھر کوئی حرج نہیں ہے اور اگر وہ اس طرح کر کے مسلمانوں کو دھوکہ دینا چاہتا ہے تو پھر (ایسا کرنا) جائز نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1982} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ اَلصَّفَّارُ عَنْ عَبْدِ اَللَّهِ بْنِ اَلْمُنَبِّهِ عَنِ اَلْحُسَيْنِ بْنِ عُلْوَانَ عَنْ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ آبَائِهِ عَنْ عَلِيٍّ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ: أَنَّهُ أَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ يَا أَمِيرَ اَلْمُؤْمِنِينَ وَ اَللَّهِ إِنِّي لَأُحِبُّكَ لِلَّهِ فَقَالَ لَهُ وَ لَكِنِّي أُبْغِضُكَ لِلَّهِ قَالَ وَ لِمَ قَالَ لِأَنَّكَ تَبْغِي فِي اَلْأَذَانِ وَ تَأْخُذُ عَلَى تَعْلِيمِ اَلْقُرْآنِ أَجْراً وَ سَمِعْتُ رَسُولَ اَللَّهِ صَلَّى اَللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ يَقُولُ مَنْ أَخَذَ عَلَى تَعْلِيمِ اَلْقُرْآنِ أَجْراً كَانَ حَظَّهُ يَوْمَ اَلْقِيَامَةِ.

✿ زید بن علی نے اپنے والد علیہ السلام سے اور انہوں نے اپنا آبائے طاہرین علیہم السلام سے اور انہوں نے امیر المومنین علیہ السلام سے روایت کیا ہے کہ ایک شخص آپ علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: اے امیر المومنین علیہ السلام! بخدا میں آپ علیہ السلام سے اللہ کی خاطر محبت کرتا ہوں۔

امیر المومنین علیہ السلام نے اس سے فرمایا: لیکن میں اللہ کی خاطر تجھ سے عداوت رکھتا ہوں۔

اس نے عرض کیا: وہ کیوں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس لئے کہ تو اذان دینے اور قرآن پڑھانے پر اجرت لیتا ہے اور میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص پر قرآن پڑھانے پر اجرت لے گا تو قیامت کے دن وہی اس کا حصہ ہوگا۔ [3]

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۲۰۸/۳ ح ۳۷۷۸؛ الکافی: ۱۸۳/۵ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۳۴/۷ ح ۱۴۱؛ الوافی: ۴۲۸/۱۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۱۳/۱۸ ح ۲۳۲۹۵

[2] روضۃ المتقین: ۲۶/۷؛ حدود الشریعہ: ۵۰۴؛ الآراء الفقہیہ: ۵۵/۲؛ ریاض المسائل: ۸/ ۱۱۷؛ ارشاد الطالب: ۳۲۱/۱

[3] تہذیب الاحکام: ۳۷۶/۶ ح ۱۰۹۹؛ الوافی: ۲۳۸/۱۷؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۱۷۸/۳ ح ۳۶۷۴؛ وسائل الشیعہ: ۱۵۷/۱۷ ح ۲۲۲۳۴؛ الاستبصار: ۶۵/۳ ح ۲۱۵

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [1]

{1983} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ الرَّازِيِّ عَنْ أَبِي الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي حَمْزَةَ عَنْ زُرْعَةَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ سَمَاعَةَ بْنِ مِهْرَانَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ يَقُولُ: لاَ تَبِيعُوا الْمَصَاحِفَ فَإِنَّ بَيْعَهَا حَرَامٌ قُلْتُ فَمَا تَقُولُ فِي شِرَائِهَا قَالَ اشْتَرِ مِنْهُ الدَّفَّتَيْنِ وَ الْحَدِيدَ وَ الْغِلاَفَ وَإِيَّاكَ أَنْ تَشْتَرِيَ الْوَرَقَ وَفِيهِ الْقُرْآنُ مَكْتُوبٌ فَيَكُونَ عَلَيْكَ حَرَاماً وَعَلَى مَنْ بَاعَهُ حَرَاماً.

✪ سماعہ بن مھران سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا کہ مصاحف (قرآن مجید) کو فروخت نہ کرو کیونکہ اس کا فروخت کرنا حرام ہے۔

میں نے عرض کیا: آپ علیہ السلام اس کی خریدار کے متعلق کیا فرماتے ہیں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس (بائع) سے صرف دو دفتیاں (جلدی گتے) لوہا اور غلاف خرید کرو اور خبردار! وہ ورق مت خریدو جن پر قرآن لکھا ہوا ہو کیونکہ وہ تم پر حرام ہوگا اور جو فروخت کرے گا اس پر بھی حرام ہوگا۔ [2]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [3]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث ضعیف ہے۔ [4]

﴿شراکت کے احکام﴾

{1984} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الرَّجُلِ يُشَارِكُهُ الرَّجُلُ فِي السِّلْعَةِ قَالَ إِنْ رَبِحَ فَلَهُ وَإِنْ وُضِعَ فَعَلَيْهِ.

✪ ہشام بن سالم سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص کسی دوسرے شخص کے ساتھ مال تجارت میں شرکت کرتا ہے (تو کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر نفع ہوا تو بھی اس کے لئے اور اگر نقصان ہوا تو بھی اس کے لئے ہوگا (یعنی نفع و نقصان میں

---

[1] ملاذ الاخیار: ۱۰/۸۹ ح ۳؛ آراء الفقہیہ: ۳/۵۲ ح ۲؛ ارشاد الطالب: ۲/۱۵۲؛ روضۃ المتقین: ۶/۵۱۱

[2] تہذیب الاحکام: ۷/۲۳۱ ح ۱۰۰۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۱۹۰ ح ۲۲۲۳۵؛ الوافی: ۱۷/۲۴۷

[3] المکاسب شیخ انصاری: ۲/۱۵۵

[4] ملاذ الاخیار: ۱۱/۳۴۵

شریک ہوگا)۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق ہے۔ [2]

{1985} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي رَجُلٍ اِشْتَرَى دَابَّةً فَلَمْ يَكُنْ عِنْدَهُ ثَمَنُهَا فَأَتَى رَجُلاً مِنْ أَصْحَابِهِ فَقَالَ يَا فُلاَنُ أَنْقُدْ عَنِّي وَ الرِّبْحُ بَيْنِي وَ بَيْنَكَ فَيَنْقُدُ عَنْهُ فَنَفَقَتِ الدَّابَّةُ قَالَ الثَّمَنُ عَلَيْهِمَا لِأَنَّهُ لَوْ كَانَ رِبْحٌ كَانَ بَيْنَهُمَا.

حلبی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص کوئی جانور خریدتا ہے مگر اس کے پاس رقم نہیں ہوتی تو اس کے احباب میں سے ایک شخص آجاتا ہے اور یہ اس سے کہتا ہے کہ تو اس جانور کی قیمت ادا کردے (اور فروخت کے بعد) جو نفع حاصل ہوگا وہ تیرے اور میرے درمیان مشترکہ ہوگا چنانچہ اس نے رقم ادا کردی مگر اس میں نقصان ہوگیا تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس کی قیمت دونوں پر ہوگی جس طرح کہ اگر (وہ زندہ رہتا اور) اس سے نفع حاصل ہوتا تو دونوں کا ہوتا۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح اور موثق ہے۔ [4]

{1986} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنِ ابْنِ رِئَابٍ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: لاَ يَنْبَغِي لِلرَّجُلِ الْمُسْلِمِ أَنْ يُشَارِكَ الذِّمِّيَّ وَ لاَ يُبْضِعَهُ بِضَاعَةً وَ لاَ يُودِعَهُ وَدِيعَةً وَ لاَ يُصَافِيَهُ الْمَوَدَّةَ.

ابن رئاب سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: مسلمان شخص کو چاہیے کہ کسی ذمی سے مشارکت نہ کرے اور نہ ہی اس کے پاس پونجی رکھے، نہ ہی اس کے پاس امانت رکھے اور نہ ہی اس سے مودت رکھے۔ [5]

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/۱۸۵ ح ۸۱۷ و ۱۸۷ ح ۸۲۵/۶، ۲۰۰ ح ۴۴۶؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۵ ح ۲۴۰۳۱ و ح ۲۴۰۳۵؛ الوافی: ۱۸/۹۰۱؛ الفصول المہمہ: ۲/۲۸۳

[2] شرح العروۃ الوثقی: ۱۳/۸۴؛ تفصیل الشریعہ: ۱۹/۹۴؛ سداد العباد: ۵۵۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۳۳۳

[3] تہذیب الاحکام: ۷/۲۸ ح ۲۹۲ و ۴۳ ح ۱۸۴؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۱۹ ح ۳۸۱۳؛ الوافی: ۱۸/۹۰۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۵ ح ۲۴۰۳۲

[4] ملاذ الاخیار: ۲/۷۱۱؛ سداد العباد: ۵۵۲؛ مستمسک العروۃ: ۱۳/۱۰؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/۵۴۶؛ الانوار اللوامع: ۱۲/۱۳؛ جواہر الکلام: ۲۶/۲۹۶

[5] الکافی: ۵/۲۸۶ ح ۲؛ قرب الاسناد: ۲۶۷؛ دعائم الاسلام: ۲/۸۶؛ مستدرک الوسائل: ۱۳/۴۴۹ ح ۱۵۸۶۶؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۲۹ ح ۳۸۴۹؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۸۵ ح ۸۱۵؛ الوافی: ۱۷/۳۱۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۸ ح ۲۴۰۳۹؛ الفصول المہمہ: ۲/۲۸۳؛ بحار الانوار: ۲۷/۸۹ و ۱۰۰/۸۷؛ فقہ القرآن: ۲/۴۸

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [1]

{1987} مُحَمَّدُ بْنُ ٱلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ ٱلْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عِيسَى عَنِ ٱلْحُسَيْنِ بْنِ ٱلْمُخْتَارِ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ ٱللَّهِ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ ٱلرَّجُلُ يَكُونُ لَهُ ٱلشَّرِيكُ فَيَظْهَرُ عَلَيْهِ قَدِ ٱخْتَانَ شَيْئاً أَ لَهُ أَنْ يَأْخُذَ مِنْهُ مِثْلَ ٱلَّذِي أَخَذَ مِنْ غَيْرِ أَنْ يُبَيِّنَ لَهُ فَقَالَ شَوْهٌ إِنَّمَا اِشْتَرَكَا بِأَمَانَةِ ٱللَّهِ تَعَالَى وَإِنِّي لَأُحِبُّ لَهُ إِنْ رَأَى شَيْئاً مِنْ ذَلِكَ أَنْ يَسْتُرَ عَلَيْهِ وَمَا أُحِبُّ أَنْ يَأْخُذَ مِنْهُ شَيْئاً بِغَيْرِ عِلْمِهِ.

۞ حسین بن مختار سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ ایک شریک پر ظاہر ہوتا ہے کہ اس کے شریک کار نے خیانت کی ہے تو کیا وہ بھی دوسرے کی اطلاع کے بغیر اس میں سے اپنا حق وصول کر سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: بگاڑ ہے۔ یہ دونوں اللہ تعالیٰ کی امانت میں باہم شریک ہوئے تھے اور میں اس بات کو پسند کرتا ہوں کہ وہ اس قسم کی بات (یعنی خیانت) دیکھے تو اس پر پردہ ڈالے اور میں یہ پسند نہیں کرتا کہ وہ خود دوسرے کے علم کے بغیر اس سے کوئی چیز لے۔ [2]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [3]

{1988} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ ٱلْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ غِيَاثِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ آبَائِهِ عَنْ عَلِيٍّ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ: فِي رَجُلَيْنِ بَيْنَهُمَا مَالٌ مِنْهُ بِأَيْدِيهِمَا وَ مِنْهُ غَائِبٌ عَنْهُمَا فَاقْتَسَمَا ٱلَّذِي بِأَيْدِيهِمَا وَ أَحَالَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا بِنَصِيبِهِ فَقَبَضَ أَحَدُهُمَا وَلَمْ يَقْبِضِ ٱلْآخَرُ فَقَالَ مَا قَبَضَ أَحَدُهُمَا فَهُوَ بَيْنَهُمَا وَمَا ذَهَبَ فَهُوَ بَيْنَهُمَا.

۞ غیاث بن ابراہیم نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے، انہوں نے اپنے والد گرامی علیہ السلام سے، انہوں نے اپنے آبائے کرام علیہم السلام سے اور انہوں نے امیر المومنین علیہ السلام سے دو شخصوں کے متعلق روایت کیا ہے کہ جن کا کچھ مشترکہ مال تھا جس میں سے کچھ تو ان دونوں کے قبضہ میں تھا اور کچھ ان کے قبضہ میں نہ تھا پس جو ان کے قبضہ میں تھا اس کو ان دونوں نے آپس میں تقسیم کر لیا اور جو ابھی قبضہ میں نہیں آیا تھا اس کا بھی انہوں نے ایک دوسرے کو حوالہ دے دیا (کہ فلاں تمہارا ہے اور فلاں میرا ہے) مگر ایک نے تو وصول کر لیا اور دوسرا وصول نہیں کر سکا؟

---

[1] مرآۃ العقول: ۱۹/ ۸۲؛ روضۃ المتقین: ۷/ ۳۸۳؛ الانوار اللوامع: ۱۱/ ۸۶؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/ ۳۳۲

[2] تہذیب الاحکام: ۶/ ۳۵۰ ح ۹۹۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/ ۱۱ ح ۲۴۰۳۳؛ الوافی: ۱۸/ ۸۲۷؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۱۹۲ ح ۸۴۹؛ ھدایۃ الامہ: ۶/ ۲۶۵

[3] ملاذ الاخیار: ۱۰/ ۱۳۷ و ۱۱/ ۳۴۸

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جو وصول ہوا ہے اس میں بھی دونوں شریک ہیں اور جو چلا گیا اس میں بھی دونوں شریک ہیں۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق کالصحیح یا موثق ہے۔ [2]

{1989} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُسْكَانَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ خَالِدٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ رَجُلَيْنِ كَانَ لَهُمَا مَالٌ مِنْهُ بِأَيْدِيهِمَا وَ مِنْهُ مُتَفَرِّقٌ عَنْهُمَا فَاقْتَسَمَا بِالسَّوِيَّةِ مَا كَانَ فِي أَيْدِيهِمَا وَ مَا كَانَ غَائِباً فَهَلَكَ نَصِيبُ أَحَدِهِمَا مِمَّا كَانَ عَنْهُ غَائِباً وَ اسْتَوْفَى الْآخَرُ أَ يَرُدُّ عَلَى صَاحِبِهِ قَالَ نَعَمْ مَا يَذْهَبُ بِمَالِهِ.

❁ سلیمان بن خالد سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ دو آدمی ہیں جن کا کچھ مشترکہ مال ہے مگر اس میں سے کچھ تو ان دونوں کے قبضہ میں موجود تھا اس کو ان دونوں نے آپس میں برابر برابر تقسیم کر لیا مگر جو غائب تھا اس میں سے ایک آدمی کا حصہ ضائع ہو گیا اور دوسرے نے اپنا پورا حصہ لے لیا تو اب کیا وہ اپنے ساتھی کا حصہ واپس کرے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں جو اس کے مال سے لیا ہے (اسے واپس کرے)۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{1990} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي إِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ رَجُلٌ يَدُلُّ الرَّجُلَ عَلَى السِّلْعَةِ وَ يَقُولُ اشْتَرِهَا وَ لِي نِصْفُهَا فَيَشْتَرِيهَا الرَّجُلُ وَ يَنْقُدُ مِنْ مَالِهِ قَالَ لَهُ نِصْفُ الرِّبْحِ قُلْتُ فَإِنْ وُضِعَ لَحِقَهُ مِنَ الْوَضِيعَةِ شَيْءٌ فَقَالَ نَعَمْ عَلَيْهِ الْوَضِيعَةُ كَمَا يَأْخُذُ الرِّبْحَ.

❁ اسحاق بن عمار سے روایت ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے عرض کیا کہ ایک شخص دوسرے کو مال تجارت کی طرف راہنمائی کرتا ہے اور اس سے کہتا ہے کہ تو اسے خرید ے اور اس میں آدھا مال میرا ہوگا چنانچہ وہ شخص اپنے پاس سے وہ مال خرید

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۱۳/۷۹ح ۳۴۰۲؛ تہذیب الاحکام: ۱۹۵/۶ ح ۴۳۰ و ۲۱۲ ح ۵۰۰؛ الوافی: ۸۹۹/۱۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۲/۱۹ ح ۲۴۰۳۵؛ الفصول المہمہ: ۲۸۳/۲؛ تہذیب الاحکام: ۱۸۶/۷ ح ۸۱۹ و ح ۸۲۰

[2] روضۃ المتقین: ۲۲۹/۶؛ رسائل المیرزا القمی: ۷۱۷/۲؛ تنقیح مبانی الاحکام: ۲۴۸/۸؛ اسس القضاء والشہادۃ: ۲۵۰؛ ملاذ الاخیار: ۵۱۹/۹

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۵/۳ ح ۳۲۷۵؛ تہذیب الاحکام: ۲۰۷/۶ ح ۴۷۷ و ۱۸۶/۷ ح ۸۲۱؛ الوافی: ۹۰/۱۸؛ وسائل الشیعہ: ۳۷۰/۱۸ ح ۲۳۸۷۲ و ۱۲/۱۹ ح ۲۴۰۳۶؛ ہدایۃ الامہ: ۲۲۵/۶

[4] روضۃ المتقین: ۱۰۱/۶؛ القواعد الفقہیہ: ۱۹۳/۷؛ جواہر الکلام: ۵۳/۲۵؛ الانوار اللوامع: ۲۱/۱۲؛ تفصیل الشریعہ: ۲۰۲/۱۹؛ رسائل المیرزا القمی: ۷۱۶/۲؛ فقہ الصادق: ۳۱/۲۰؛ ملاذ الاخیار: ۵۴۸/۹

لیتا ہے (تو کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اسے آدھا نفع ملے گا۔

میں نے عرض کیا: اور اگر نقصان ہو گیا تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں اس پر نقصان بھی اسی طرح ہے جس طرح وہ نفع حاصل کرے گا۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق کالصحیح یا موثق ہے۔ [2]

قول مؤلف:

اور امیر المومنین علیہ السلام کا ارشادِ گرامی ہے کہ تم لوگ مشارکت اس شخص سے کرو جس کی طرف رزق متوجہ ہو کیونکہ اس میں دولت حاصل کرنے کا زیادہ امکان اور خوش نصیبی کا زیادہ قرینہ ہے۔ [3]

نیز اس طرح کی بعض احادیث پہلے گزر چکی ہیں اور بعض آئندہ گزریں گی ان شاء اللہ۔ (واللہ اعلم)

﴿صلح کے احکام﴾

{1991} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لَأَنْ أُصْلِحَ بَيْنَ اثْنَيْنِ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أَتَصَدَّقَ بِدِينَارَيْنِ.

ہشام بن سالم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اگر میں دو شخصوں میں صلح کرا دوں تو یہ بات مجھے دو دینار صدقہ دینے سے زیادہ پسند ہے۔ [4]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [5]

قول مؤلف:

اور صحیح ابوحمزہ ثمالی میں ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: امیر المومنین علیہ السلام کا ارشادِ گرامی ہے کہ اگر میں دو شخصوں

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۲ح ۳۸۲۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۸۷ح ۸۲۴؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۶ح ۲۴۰۳۳؛ الوافی: ۱۸/۹۰۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۲۶۶ح ۲۳۶۴۵

[2] الانوار اللوامع: ۱۲/۱۳؛ روضۃ المتقین: ۷/۱۱۲؛ فقہ المعارف: ۲۶۰؛ جواہر الکلام: ۲۶/۲۹۶؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۳۳۹

[3] نہج البلاغہ: ۵۰۹ حکم ۲۳۰؛ بحار الانوار: ۱۰۰/۸۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۱۴ح ۲۱۸۷۵ و ۱۹/۱۳ح ۲۴۰۴۷؛ ھدایۃ الامہ: ۶/۲۶۵

[4] الکافی: ۲/۲۰۹ح ۲؛ الوافی: ۵/۵۳۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۴۳۹ح ۲۴۰۰۲؛ تفسیر البرہان: ۲/۷۴۳؛ تفسیر نور الثقلین: ۵/۸۸؛ تفسیر الصافی: ۵/۵۲؛ الفصول المہمہ: ۲/۲۸۰؛ بحار الانوار: ۷۳/۴۴؛ مشکوٰۃ الانوار: ۱۹۰

[5] مرآۃ العقول: ۹/۱۴۵

میں صلح کرادوں تو یہ بات مجھے دو دینار صدقہ دینے سے زیادہ پسند ہے اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ لوگوں کے درمیان صلح کرانا عام (یعنی مستحبی) نماز اور روزہ سے افضل ہے۔[1] (واللہ اعلم)

{1992} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٌ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ وَهْبٍ أَوْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ: أَبْلِغْ عَنِّي كَذَا وَ كَذَا فِي أَشْيَاءَ أَمَرَ بِهَا قُلْتُ فَأُبَلِّغُهُمْ عَنْكَ وَ أَقُولُ عَنِّي مَا قُلْتَ لِي وَ غَيْرَ الَّذِي قُلْتَ قَالَ نَعَمْ إِنَّ الْمُصْلِحَ لَيْسَ بِكَذَّابٍ إِنَّمَا هُوَ الصُّلْحُ لَيْسَ بِكَذِبٍ.

❁ معاویہ بن وھب یا معاویہ بن عمار سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے کچھ چیزوں کے بارے حکم دیتے ہوئے فرمایا کہ میری طرف سے ایسے ایسے پیغام پہنچانا۔

میں نے عرض کیا: ان کو آپ علیہ السلام کی طرف سے پیغام پہنچاؤں جس طرح آپ علیہ السلام نے مجھے فرمایا ہے یا اپنی طرف سے بھی کچھ کہہ دوں جو آپ کے کہنے کے علاوہ ہو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں (کہہ دینا) کیونکہ صلح کرانے والا جھوٹا نہیں ہوتا اور یہ صلح ہے جس میں جھوٹ (جھوٹ) نہیں ہے۔[2]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[3]

{1993} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ حَمَّادٌ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي رَجُلَيْنِ اشْتَرَكَا فِي مَالٍ فَرَبِحَا رِبْحاً وَ كَانَ مِنَ الْمَالِ دَيْنٌ وَ عَيْنٌ فَقَالَ أَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ أَعْطِنِي رَأْسَ الْمَالِ وَ الرِّبْحُ لَكَ وَ مَا تَوِيَ فَعَلَيَّ فَقَالَ لاَ بَأْسَ بِهِ إِذَا اشْتَرَطَ وَ إِنْ كَانَ شَرْطاً يُخَالِفُ كِتَابَ اللَّهِ رُدَّ إِلَى كِتَابِ اللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ.

❁ حلبی نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کیا ہے کہ دو شخص باہم مال میں شریک تھے اور ان کو نفع حاصل ہوا جبکہ اس مال میں سے کچھ ادھار تھا اور کچھ اصل مال تھا پس ایک نے دوسرے سے کہا کہ تو مجھے اپنا راس المال دے دے تو نفع تیرا ہوا اور جو نقصان ہوا وہ میرے ذمے ہوا؟

---

[1] ثواب الاعمال: ۱۴۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/ ۴۴۰ ح ۲۴۰۰۵

[2] الکافی: ۲/ ۲۱۰ ح ۷؛ الوافی: ۵/ ۵۴۰؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/ ۴۴۲ ح ۲۴۰۰۸؛ بحار الانوار: ۷۳/ ۴۸؛ تفسیر نور الثقلین: ۵/ ۸۹؛ تفسیر کنز الدقائق: ۱۲/ ۳۳۸

[3] مرآۃ العقول: ۹/ ۱۴۸

امام علیہ السلام نے فرمایا: جب وہ باہم شرط طے کرلیں تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے اور اگر ان کی شرط کتاب اللہ کے مخالف ہوئی تو وہ کتاب اللہ کی طرف پلٹا دی جائے گی (اور جو موافق ہوئی اس پر عمل کیا جائے گا)۔ ①

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ②

{1194} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي حَمْزَةَ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ رَجُلٌ يَهُودِيٌّ أَوْ نَصْرَانِيٌّ كَانَتْ لَهُ عِنْدِي أَرْبَعَةُ آلاَفِ دِرْهَمٍ فَمَاتَ أَلِي أَنْ أُصَالِحَ وَرَثَتَهُ وَلاَ أُعْلِمَهُمْ كَمْ كَانَ قَالَ لاَ يَجُوزُ حَتَّى تُخْبِرَهُمْ.

✪ علی بن ابوحمزہ سے روایت ہے کہ میں نے امام ابوالحسن علیہ السلام سے عرض کیا کہ ایک یہودی یا نصرانی شخص کے چار ہزار درہم میرے پاس تھے پس وہ مرگیا تو کیا میں اس کے (بعض) وارثوں سے مصالحت کرسکتا ہوں جبکہ مجھے ان کے بارے معلوم نہیں ہے کہ وہ کس قدر ہیں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب تک ان (سب) کو اطلاع نہ دے دو تب تک جائز نہیں ہے۔ ③

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق کالصحیح یا موثق ہے۔ ④

{1995} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْعَلاَءِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: فِي رَجُلَيْنِ كَانَ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا طَعَامٌ عِنْدَ صَاحِبِهِ وَ لاَ يَدْرِي كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا كَمْ لَهُ عِنْدَ صَاحِبِهِ فَقَالَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا لِصَاحِبِهِ لَكَ مَا عِنْدَكَ وَلِي مَا عِنْدِي فَقَالَ) لاَ بَأْسَ بِذَلِكَ إِذَا تَرَاضَيَا وَ طَابَتْ أَنْفُسُهُمَا(.

✪ محمد بن مسلم نے امام محمد باقر علیہ السلام سے ان دو آدمیوں کے متعلق روایت کی ہے جن میں سے ہر ایک کے پاس دوسرے کا کچھ طعام تھا مگر کسی کو معلوم نہیں تھا کہ کس کا کتنا طعام ہے تو انہوں نے فیصلہ کیا کہ جس کے پاس جتنا ہے وہ اس کے لئے مباح

---

① من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۲۹ ح ۳۸۴۸؛ الکافی: ۵/۲۵۸ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۶/۲۰۷ ح ۴۷۶ و ۷/۱۸۶ ح ۸۲۳؛ الوافی: ۱۸/۸۸۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۴۴۳ ح ۲۴۰۱۲؛ ھدایۃ الامہ: ۶/۲۵۵

② روضۃ المتقین: ۷/۲۷۳؛ جواہر الکلام: ۲۶/۲۱۹؛ تذکرۃ الفقہاء: ۱۶/۹۳؛ فقہ المعارف: ۲۵۷؛ الشروط والالتزامات: ۲/۷؛ فقہ الصادقؑ: ۲۰/۹۷؛ الانوار اللوامع: ۱۲/۲۴۳؛ جامع المقاصد: ۵/۴۱۳؛ ملاذ الاخیار: ۹/۵۴۷

③ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۳ ح ۳۲۶۹؛ الکافی: ۵/۲۵۹ ح ۶؛ تہذیب الاحکام: ۶/۲۰۶ ح ۴۷۲؛ الوافی: ۱۸/۸۹۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۴۴۵ ح ۲۴۰۱۴؛ الفصول المہمہ: ۲/۲۸۰؛ ھدایۃ الامہ: ۶/۲۵۵

④ الرسائل الاحمدیہ: ۲/۳۴۳؛ ریاض المسائل: ۹/۳۰۴؛ روضۃ المتقین: ۶/۹۳؛ ملاذ الاخیار: ۹/۵۴۵

ہے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: وہ دونوں اس پر دل و جان سے راضی ہیں تو پھر کوئی حرج نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1996} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَهْلٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا الْحَسَنِ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلَامُ عَنْ رَجُلٍ أَوْصَى بِدَيْنٍ فَلَا يَزَالُ يَجِيءُ مَنْ يَدَّعِي عَلَيْهِ الشَّيْءَ فَيُقِيمُ عَلَيْهِ الْبَيِّنَةَ أَوْ يَحْلِفُ كَيْفَ تَأْمُرُ فِيهِ فَقَالَ أَرَى أَنْ يُصَالِحَ عَلَيْهِ حَتَّى يُؤَدِّيَ أَمَانَتَهُ.

❂ محمد بن سہل نے اپنے باپ سے روایت کیا ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص (مرتے وقت) کچھ قرضہ (ادا کرنے) کی وصیت کر گیا تو اب کیے بعد دیگرے مختلف لوگ آتے ہیں اور اس پر قرضہ کا دعویٰ کرتے ہیں تو کیا وہ بینہ قائم کرے یا قسم لے آپ علیہ السلام اس میں کیسے حکم فرماتے ہیں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: میری نظر میں وہ ان سے مصالحت کرے گا یہاں تک کہ اس کی امانت کو ادا کر دے گا۔ [3]

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔ [4]

{1997} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ: فِي الرَّجُلِ يُعْطِي أَقْفِزَةً مِنْ حِنْطَةٍ مَعْلُومَةٍ يَطْحَنُونَ بِالدَّرَاهِمِ فَلَمَّا فَرَغَ الطَّحَّانُ مِنْ طَحْنِهِ نَقَدَهُ الدَّرَاهِمَ وَ قَفِيزاً مِنْهُ وَ هُوَ شَيْءٌ قَدِ اصْطَلَحُوا عَلَيْهِ فِيمَا بَيْنَهُمْ قَالَ لَا بَأْسَ بِهِ وَ إِنْ لَمْ يَكُنْ سَاعَرَهُ عَلَى ذَلِكَ.

❂ حلبی نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے ایک ایسے شخص کے بارے میں روایت کیا ہے جس نے گندم کی چند بوریاں چند درہم کے عوض (آٹا) پیسنے والے کو دیں اور جب وہ آٹا پیس کر فارغ ہوا تو اس نے چند درہم نقد دے دیئے نیز ایک بوری گندم بھی دی جو ان لوگوں نے آپس میں مصالحت (یا رسم) بنالی تھی؟

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۳۳ح ۳۲۶۸؛ الکافی: ۵/ ۲۵۸ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۶/ ۲۰۶ح ۴۷۰ و ۷/ ۱۸۷ح ۸۲۶؛ الوافی: ۱۸/ ۸۹۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/ ۴۴۵ح ۲۴۰۱۳؛ ھدایۃ الامہ: ۶/ ۲۵۵

[2] روضۃ المتقین: ۶/ ۹۲؛ منہاج الفقاھۃ: ۵/ ۴۵؛ مدارک العروۃ کتاب الاجارۃ: ۸۹؛ الانوار اللوامع: ۱۲/ ۲۳۸؛ فقہ الصادقؑ: ۲۰/ ۹۵؛ مشارق الاحکام: ۲۳۷؛ جواہر الکلام: ۲۲/ ۲۱۶؛ التعلیقۃ الاستدلالیۃ: ۲/ ۵۳۳؛ مفاتیح الشرائع: ۳/ ۱۲۱؛ الرسائل الاحمدیہ: ۲/ ۳۳۷؛ ملاذ الاخیار: ۹/ ۵۴۴

[3] تہذیب الاحکام: ۶/ ۱۸۹ح ۴۰۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/ ۴۴۷ح ۲۴۰۱۸؛ الوافی: ۱۸/ ۷۹۶

[4] ملاذ الاخیار: ۹/ ۵۰۳

آپ نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے اگر ان دونوں نے اس کا کوئی نرخ مقرر نہ کیا ہو۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{1998} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْمُغِيرَةِ عَنْ غَيْرِ وَاحِدٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي رَجُلَيْنِ كَانَ مَعَهُمَا دِرْهَمَانِ فَقَالَ أَحَدُهُمَا الدِّرْهَمَانِ لِي وَ قَالَ الْآخَرُ هُمَا بَيْنِي وَ بَيْنَكَ فَقَالَ أَمَّا الَّذِي قَالَ هُمَا بَيْنِي وَ بَيْنَكَ فَقَدْ أَقَرَّ بِأَنَّ أَحَدَ الدِّرْهَمَيْنِ لَيْسَ لَهُ وَ أَنَّهُ لِصَاحِبِهِ وَ يُقْسَمُ الْآخَرُ بَيْنَهُمَا.

عبداللہ بن مغیرہ نے ہمارے متعدد اصحاب سے اور انہوں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے ایسے دو شخصوں کے بارے میں روایت کیا ہے جن کے پاس دو درہم تھے پس ان میں سے ایک نے کہا کہ یہ دونوں درہم میرے ہیں اور دوسرا کہتا تھا کہ دونوں درہم میرے اور تمہارے درمیان مشترک ہیں۔

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جو یہ کہتا ہے کہ یہ دونوں درہم ہمارے اور تمہارے درمیان مشترک ہیں تو گویا وہ اقرار کرتا ہے کہ ان میں ایک درہم اس کا نہیں ہے بلکہ اس کے ساتھی کا ہے اور دوسرا درہم ان دونوں کے درمیان تقسیم کر دیا جائے گا۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث مرسل کالصحیح ہے۔ [5]

{1999} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ أَبِي الْعَلاَءِ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي الرَّجُلِ يُبْضِعُهُ الرَّجُلُ ثَلاَثِينَ دِرْهَماً فِي ثَوْبٍ وَ آخَرُ عِشْرِينَ دِرْهَماً فِي ثَوْبٍ فَيَبْعَثُ الثَّوْبَيْنِ فَلَمْ يَعْرِفْ هَذَا ثَوْبَهُ وَ لاَ هَذَا ثَوْبَهُ قَالَ يُبَاعُ الثَّوْبَانِ فَيُعْطَى صَاحِبُ الثَّلاَثِينَ ثَلاَثَةَ أَخْمَاسِ الثَّمَنِ وَ الْآخَرُ خُمُسَيِ الثَّمَنِ قَالَ قُلْتُ فَإِنَّ صَاحِبَ الْعِشْرِينَ قَالَ لِصَاحِبِ الثَّلاَثِينَ اخْتَرْ أَيَّهُمَا شِئْتَ

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۳ ح ۳۲۷۱؛ تہذیب الاحکام: ۶/۲۰۷ ح ۴۷۸؛ الوافی: ۱۸/۹۰۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۴۴۹ ح ۲۴۰۲۱

[2] روضۃ المتقین: ۶/۹۷؛ ملاذ الاخیار: ۹/۵۳۹

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۵ ح ۳۲۷۴؛ تہذیب الاحکام: ۶/۲۰۸ ح ۴۸۱؛ الوافی: ۱۶/۱۱۱۴؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۴۵۰ ح ۲۴۰۲۲

[4] الآراء الفقہیہ: ۳/۵۹؛ کتاب الخمس شاہرودی: ۳۲۸؛ تنقیح مبانی الاحکام: ۳۹۶؛ اسس القضا: ۳۹۹؛ انوار الفقاھہ کتاب الخمس: ۲۲۸؛ نظام القضا: ۲/۲۷؛ فقہ الصادقؑ: ۲۰/۲۰۰؛ مدارک العروۃ کتاب الخمس: ۵۰۰؛

[5] ملاذ الاخیار: ۹/۵۵۰

قَالَ قَدْ أَنْصَفَهُ.

◎ اسحاق بن عمار نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے ایک ایسے شخص کے بارے میں روایت کی ہے جس نے کپڑے کی خریداری کے لئے تیس درہم اور دوسرے شخص نے بیس درہم بھیجے اور وہاں سے دو کپڑے آئے اور ان دونوں میں سے کوئی نہیں جانتا تھا کہ یہ اس کا کپڑا ہے اور وہ اس کا کپڑا ہے۔

آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ دونوں کپڑے فروخت کر کے تیس درہم والے کو ۵/۳ حصہ اور بیس والے کو ۵/۲ حصہ دیا جائے گا۔

میں نے عرض کیا: بیس درہم والے نے تیس درہم والے سے کہا کہ ان دو کپڑوں میں سے تو جو چاہے وہ لے لے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس نے انصاف کیا ہے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن یا موثق ہے۔[2]

{2000} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبُو عَلِيٍّ اَلْأَشْعَرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اَلْجَبَّارِ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى عَنْ مَنْصُورِ بْنِ حَازِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ خُصٍّ بَيْنَ دَارَيْنِ فَزَعَمَ أَنَّ عَلِيّاً عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَضَى بِهِ لِصَاحِبِ اَلدَّارِ اَلَّذِي مِنْ قِبَلِهِ وَجْهُ اَلْقِمَاطِ.

◎ منصور بن حازم نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے دو گھروں کے درمیان سرکنڈے کی اس دیوار کے بارے میں پوچھا جس میں ان کے درمیان نزاع ہو جائے تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: امیر المومنین علیہ السلام نے ایسے ہی واقعہ میں اس کا فیصلہ اس شخص کے حق میں کیا تھا جس طرف رسیوں کی گرہیں تھیں۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[4]

{2001} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ اَلْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَمَاعَةَ عَنْ جَعْفَرٍ وَ اَلْمِيثَمِيِّ وَ اَلْحَسَنِ بْنِ حَمَّادٍ عَنْ أَبِي اَلْعَبَّاسِ اَلْبَقْبَاقِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: إِذَا تَشَاحَّ قَوْمٌ فِي طَرِيقٍ فَقَالَ بَعْضُهُمْ

---

[1] تہذیب الاحکام:۶/۲۰۸ح ۸۲ ۴؛ من لایحضرہ الفقیہ: ۳/۶ ۳ح ۲۷۷ ۳؛ تہذیب الاحکام:۶/ ۳۰۳ ح ۸۴۷؛ الوافی:۱۶/۱۱۱۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/ ۴۵۱ ح ۲۴۰۲۳؛ الکافی: ۷/ ۴۲۱ ح ۲؛ المقنع: ۳۷ ۴؛ ھدایۃ الامہ: ۶/ ۲۵۸

[2] التعلیقہ الاستدلالیہ: ۲/ ۳۴۸؛ ملاذ الاخیار: ۹/ ۵۵۱؛ الآراء الفقہیہ: ۳/ ۶۱؛ المختار فی احکام الخیار: ۲۵۰

[3] الکافی: ۵/ ۲۹۶ ح ۹؛ من لایحضرہ الفقیہ: ۳/ ۱۰۰ ح ۳۴۱۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۱۴۶ ح ۶۴۹؛ الوافی: ۱۸/ ۱۰۶۵؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/ ۴۵۴ ح ۲۴۰۲۷

[4] مرآۃ العقول: ۱۹/ ۴۰۴؛ روضۃ المتقین: ۶/ ۲۳۵؛ جواہر الکلام: ۲۶/ ۲۶۴؛ ریاض المسائل: ۱۵/ ۸۵؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/ ۲۳۴

سَبْعُ أَذْرُعٍ وَ قَالَ بَعْضُهُمْ أَرْبَعُ أَذْرُعٍ فَقَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ لاَ بَلْ خَمْسُ أَذْرُعٍ.

◎ ابوالعباس البقباق نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کیا ہے کہ جب کوئی گروہ راستہ (کی چوڑائی) کے بارے میں باہم نزاع کرے اوران میں سے بعض کہیں کہ سات ہاتھ ہونا چاہیے اور بعض چار ہاتھ کہیں تو امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: نہیں بلکہ پانچ ہاتھ ہونا چاہیے۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [2]

{2002} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيٍّ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِسْمَاعِيلَ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي قَوْلِ اللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ: وَ لاٰ تَجْعَلُوا اللّٰهَ عُرْضَةً لِأَيْمٰانِكُمْ أَنْ تَبَرُّوا وَ تَتَّقُوا وَ تُصْلِحُوا بَيْنَ النّٰاسِ قَالَ إِذَا دُعِيتَ لِصُلْحٍ بَيْنَ اثْنَيْنِ فَلاَ تَقُلْ عَلَيَّ يَمِينٌ أَلاَّ أَفْعَلَ.

◎ اسحاق بن عمار سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے خدا کے قول: ''اور اللہ کو اپنی قسموں کا نشانہ مت بناؤ جن سے نیکی کرنے، تقویٰ اختیار کرنے اور لوگوں میں صلح و آشتی کرانے سے باز رہنا مقصود ہو (البقرۃ: ۲۲۴)'' کے بارے میں فرمایا: اگر تمہیں دو (لڑنے والوں) کے درمیان صلح کرنے کرانے کی طرف بلایا جائے تو یہ مت کہو کہ میں نے تو قسم کھائی ہے کہ ایسا نہیں کروں گا۔ [3]

تحقیق:

حدیث حسن موثق ہے۔ [4]

﴿کرائے کے احکام﴾

{2003} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ جَعْفَرٍ الْجَعْفَرِيِّ قَالَ: كُنْتُ مَعَ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ فِي بَعْضِ الْحَاجَةِ فَأَرَدْتُ أَنْ أَنْصَرِفَ إِلَى مَنْزِلِي فَقَالَ لِيَ انْصَرِفْ مَعِي فَبِتْ عِنْدِيَ اللَّيْلَةَ فَانْطَلَقْتُ مَعَهُ فَدَخَلَ إِلَى دَارِهِ مَعَ الْمُعَتِّبِ فَنَظَرَ إِلَى غِلْمَانِهِ يَعْمَلُونَ بِالطِّينِ أَوَارِيَ

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/ ۱۳۰ ح ۵۷۰؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/ ۳۵۵ ح ۲۴۰۲۹؛ الوافی: ۱۸/ ۱۰۶۰؛ عوالی اللئالی: ۳/ ۴۸۱؛ موسوعۃ الشہید الاول: ۱/ ۳۴۵

[2] ملاذ الاخیار: ۱۱/ ۱۸۳؛ مسالک الافہام: ۱۲/ ۴۰۸؛ الانوار اللوامع: ۱۱/ ۱۷۴

[3] الکافی: ۲/ ۲۱۰ ح ۶؛ تہذیب الاحکام: ۸/ ۲۸۹ ح ۱۰۶۲؛ تفسیر البرہان: ۱/ ۴۶۶؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/ ۲۱۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/ ۴۴۰ ح ۲۴۰۰۴؛ تفسیر کنز الدقائق: ۲/ ۳۴۷؛ تفسیر الصافی: ۱/ ۲۵۵؛ بحار الانوار: ۷۳/ ۴۶؛ الوافی: ۵/ ۵۴۰؛ ھدایۃ الامہ: ۶/ ۲۵۴

[4] مرآۃ العقول: ۹/ ۱۴۸؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۳۴

اَلدَّوَابِّ وَ غَيْرَ ذٰلِكَ وَ إِذاً مَعَهُمْ أَسْوَدُ لَيْسَ مِنْهُمْ فَقَالَ مَا هٰذَا الرَّجُلُ مَعَكُمْ فَقَالُوا يُعَاوِنُنَا وَ نُعْطِيهِ شَيْئاً قَالَ قَاطَعْتُمُوهُ عَلَى أُجْرَتِهِ فَقَالُوا لَا هُوَ يَرْضَى مِنَّا بِمَا نُعْطِيهِ فَأَقْبَلَ عَلَيْهِمْ يَضْرِبُهُمْ بِالسَّوْطِ وَ غَضِبَ لِذٰلِكَ غَضَباً شَدِيداً فَقُلْتُ جُعِلْتُ فِدَاكَ لِمَ تُدْخِلُ عَلَى نَفْسِكَ فَقَالَ إِنِّي قَدْ نَهَيْتُهُمْ عَنْ مِثْلِ هٰذَا غَيْرَ مَرَّةٍ أَنْ يَعْمَلَ مَعَهُمْ أَحَدٌ حَتَّى يُقَاطِعُوهُ أُجْرَتَهُ وَ اعْلَمْ أَنَّهُ مَا مِنْ أَحَدٍ يَعْمَلُ لَكَ شَيْئاً بِغَيْرِ مُقَاطَعَةٍ ثُمَّ زِدْتَهُ لِذٰلِكَ الشَّيْءِ ثَلَاثَةَ أَضْعَافٍ عَلَى أُجْرَتِهِ إِلَّا ظَنَّ أَنَّكَ قَدْ نَقَصْتَهُ أُجْرَتَهُ وَ إِذَا قَاطَعْتَهُ ثُمَّ أَعْطَيْتَهُ أُجْرَتَهُ حَمِدَكَ عَلَى الْوَفَاءِ فَإِنْ زِدْتَهُ حَبَّةً عَرَفَ ذٰلِكَ لَكَ وَ رَأَى أَنَّكَ قَدْ زِدْتَهُ.

۞ سلیمان بن جعفر جعفری سے روایت ہے کہ میں بعض کاموں کے سلسلہ میں امام علی رضا علیہ السلام کی خدمت میں حاضر تھا اور چاہا کہ اپنے گھر واپس جاؤں۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: میرے ساتھ چلو اور آج رات میرے پاس ٹھہرو چنانچہ میں آپ علیہ السلام کے ہمراہ چلا گیا۔ جب آپ علیہ السلام گھر میں داخل ہوئے تو دیکھا کہ آپ علیہ السلام کے غلام آپ علیہ السلام کے چوپاؤں کے لئے رہائشی جگہ مٹی سے بنا رہے ہیں اور ان کے ساتھ ایک سیام فام آدمی بھی کام کر رہا ہے۔

آپ علیہ السلام نے ان سے پوچھا: یہ کون ہے؟

انہوں نے عرض کیا: یہ ہمارے ساتھ کام کرتا ہے اور ہم اسے کچھ مزدوری دے دیتے ہیں۔

آپ علیہ السلام نے پوچھا: کیا اس سے مزدوری طے کر لی ہے؟

انہوں نے کہا: (نہیں بلکہ) ہم اسے جو کچھ دے دیں یہ اس پر راضی ہو جاتا ہے۔

یہ سن کر آپ علیہ السلام نے ان کو چابک سے مارنا شروع کر دیا اور سخت ناراض ہوئے۔

میں نے عرض کیا: میں آپ علیہ السلام پر فدا ہوں! آپ علیہ السلام اس قدر غضبناک کیوں ہو رہے ہیں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: میں نے ان کو کئی بار اجرت طے کئے بغیر مزدور بنانے سے منع کیا ہے (تو پھر انہوں نے ایسا کیوں کیا؟)

پھر فرمایا: جان لو کہ جب کوئی شخص طے کئے بغیر تمہارا کام کرے گا بعد ازاں اگر تم اسے اس کی مزدوری تین گنا بھی زیادہ دے دو گے تو وہ تب بھی یہی گمان کرے گا کہ تم نے اسے مزدوری کم دی ہے اور اگر پہلے طے کر لو گے تو جب تم اس کی مزدوری دے دو گے تو وہ تمہارا شکریہ ادا کرے گا اور اگر ایک دانہ بھی زیادہ دو گے تو وہ تمہارا احسان جانے گا اور سمجھے گا کہ تم نے اسے زیادہ دیا ہے۔ [1]

---

[1] الکافی: ۵/ ۲۸۸ ح ا؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۲۱۲ ح ۹۳۲؛ الوافی: ۱۸/ ۹۴۵؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/ ۱۰۴ ح ۲۴۲۴۷؛ بحارالانوار: ۴۹/ ۱۰۶؛ عوالم العلوم: ۲۲/ ۲۱۱

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [1]

{2004} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي الْحَمَّالِ وَ الْأَجِيرِ قَالَ لاَ يَجِفُّ عَرَقُهُ حَتَّى تُعْطِيَهُ أُجْرَتَهُ.

ہشام بن حکم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے شتربان اور مزدور کے بارے میں فرمایا کہ اس کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے اس کی اجرت ادا کردو۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [3]

{2005} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ هَارُونَ بْنِ حَمْزَةَ الْغَنَوِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ اِسْتَأْجَرَ أَجِيراً فَلَمْ يَأْمَنْ أَحَدُهُمَا صَاحِبَهُ فَوَضَعَ الْأَجْرَ عَلَى يَدَيْ رَجُلٍ فَهَلَكَ ذَلِكَ الرَّجُلُ وَ لَمْ يَدَعْ وَفَاءً وَ اُسْتُهْلِكَ الْأَجْرُ فَقَالَ الْمُسْتَأْجِرُ ضَامِنٌ لِأَجْرِ الْأَجِيرِ حَتَّى يَقْضِيَ إِلاَّ أَنْ يَكُونَ الْأَجِيرُ دَعَاهُ إِلَى ذَلِكَ فَرَضِيَ بِهِ فَإِنْ فَعَلَ فَحَقُّهُ حَيْثُ وَضَعَهُ وَ رَضِيَ بِهِ.

ہارون بن حمزہ غنوی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے کسی کو مزدور بنایا مگر کسی کو کسی پر اعتماد نہیں تھا لہٰذا مزدوری کی رقم ایک تیسرے شخص کے ہاتھ پر رکھی گئی اور (اتفاق سے) وہ شخص مرگیا اور بقدر ادائیگی قرض کچھ مال بھی نہ چھوڑا چنانچہ اجرت والی رقم بھی ضائع ہوگئی (تو کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اجرت پر مزدور لانے والا اجرت کا ضامن ہے کہ وہ ادا کرے مگر یہ کہ خود مزدور نے (کسی تیسرے کے ہاتھ رقم رکھنے کی) خواہش کی ہو تو اس صورت میں اس کا حق وہیں ہوگا جہاں وہ رکھنے پر راضی تھا۔ [4]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [5]

---

[1] مرآۃ العقول: ۱۹/ ۳۸۷؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/ ۴۰۰

[2] الکافی: ۵/ ۲۸۹ ح۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۲۱۱ ح۹۲۹؛ الوافی: ۱۸/ ۹۳۶؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/ ۱۰۶ ح ۲۴۲۵۰؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/ ۲۹ ح ۱۶۰۱۷؛ صحیفۃ الامام الرضاؑ: ۸۸؛ عوالی اللئالی: ۳/ ۲۵۳

[3] الانوار اللوامع: ۱۱/ ۷۱ و ۱۲/ ۱۸۸؛ مرآۃ العقول: ۱۹/ ۳۸۷؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/ ۳۹۸

[4] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۲۴۷ ح ۳۶۵۸؛ الکافی: ۵/ ۳۱۳ ح ۷۱؛ تہذیب الاحکام: ۶/ ۲۸۹ ح ۸۰۱؛ الوافی: ۱۸/ ۹۴۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/ ۱۰۹ ح ۲۴۲۵۸

[5] روضۃ المتقین: ۶/ ۳۸۴؛ ریاض المسائل: ۱۵/ ۷۱؛ مرآۃ العقول: ۲۳/ ۳۰۴؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/ ۱۸۵

{2006} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبُو عَلِيٍّ ٱلْأَشْعَرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ ٱلْجَبَّارِ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا إِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ عَنِ ٱلرَّجُلِ يَسْتَأْجِرُ ٱلرَّجُلَ بِأُجْرَةٍ مَعْلُومَةٍ فَيَبْعَثُهُ فِي ضَيْعَةٍ فَيُعْطِيهِ رَجُلٌ آخَرُ دَرَاهِمَ وَ يَقُولُ اِشْتَرِ بِهَذَا كَذَا وَ كَذَا وَ مَا رَبِحْتَ بَيْنِي وَ بَيْنَكَ فَقَالَ إِذَا أَذِنَ لَهُ ٱلَّذِي اِسْتَأْجَرَهُ فَلَيْسَ بِهِ بَأْسٌ.

❁ اسحاق بن عمار سے روایت ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص کسی آدمی کو مزدوری پر لے جاتا ہے اور اسے اپنی جائے داد کی اصلاح کرنے کے لئے بھیجتا ہے اور اسے ایک اور شخص کچھ درہم دیتا ہے اور کہتا ہے کہ اس رقم سے فلاں فلاں مال خریدو اور جو نفع ہوگا وہ میرے اور تمہارے درمیان نصف نصف ہوگا (تو کیا یہ درست ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب اسے مزدوری پر رکھنے والا اجازت دے تو پھر کوئی حرج نہیں ہے۔[1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔[2]

{2007} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ٱلْعَبَّاسِ بْنِ مُوسَى عَنْ يُونُسَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ سَالِمٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا ٱلْحَسَنِ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ اِسْتَأْجَرَ رَجُلاً بِنَفَقَةٍ وَدَرَاهِمَ مُسَمَّاةٍ عَلَى أَنْ يَبْعَثَهُ إِلَى أَرْضٍ فَلَمَّا أَنْ قَدِمَ أَقْبَلَ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِهِ يَدْعُوهُ إِلَى مَنْزِلِهِ ٱلشَّهْرَ وَ ٱلشَّهْرَيْنِ فَيُصِيبُ عِنْدَهُ مَا يُغْنِيهِ عَنْ نَفَقَةِ ٱلْمُسْتَأْجِرِ فَنَظَرَ ٱلْأَجِيرُ إِلَى مَا كَانَ يُنْفِقُ عَلَيْهِ فِي ٱلشَّهْرِ إِذَا هُوَ لَمْ يَدْعُهُ فَكَافَأَهُ ٱلَّذِي يَدْعُوهُ فَمِنْ مَالِ مَنْ تِلْكَ ٱلْمُكَافَأَةُ أَمِنْ مَالِ ٱلْأَجِيرِ أَوْ مِنْ مَالِ ٱلْمُسْتَأْجِرِ قَالَ إِنْ كَانَ فِي مَصْلَحَةِ ٱلْمُسْتَأْجِرِ فَهُوَ مِنْ مَالِهِ وَإِلاَّ فَهُوَ عَلَى ٱلْأَجِيرِ وَ عَنْ رَجُلٍ اِسْتَأْجَرَ رَجُلاً بِنَفَقَةٍ مُسَمَّاةٍ وَ لَمْ يُفَسِّرْ شَيْئاً عَلَى أَنْ يَبْعَثَهُ إِلَى أَرْضٍ أُخْرَى فَمَا كَانَ مِنْ مَئُونَةِ ٱلْأَجِيرِ مِنْ غَسْلِ ٱلثِّيَابِ وَ ٱلْحَمَّامِ فَعَلَى مَنْ قَالَ عَلَى ٱلْمُسْتَأْجِرِ.

❁ سلیمان بن سالم سے روایت ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے ایک آدمی کو اپنی زمین پر بھیجنے (اور وہاں کام کرنے کے لئے) چار معین درہم اور خرچہ کے ساتھ مزدور بنایا اور جب مزدور وہاں پہنچا تو وہاں اس کا ایک ساتھی رہتا تھا پس وہ برابر ایک دو ماہ تک اسے اپنے گھر بلاتا رہا اور اس کا خرچہ برداشت کرتا رہا تو مزدور نے دیکھا کہ اس نے ایک ماہ کے عرصہ میں اس پر کس قدر خرچہ کیا ہوگا تو اس نے اتنا مال اسے پیش کر دیا۔ اب یہ مال کس کا متصور ہوگا مزدور بنانے

---

[1] الکافی: ۵/۲۸۷ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۱۳ ح ۵ و ۷/۲۱۳ ح ۹۳۵؛ الوافی: ۱۸/۹۴۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۱۱۲ ح ۲۴۲۶۱

[2] مرآۃ العقول: ۱۹/۳۸۴؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۴۰۲؛ الانوار اللوامع: ۱۲/۱۵۹

والے کا یا خود مزدور کا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر اس میں مزدور بنانے والے کی مصلحت ہوئی تو اس کے مال سے ورنہ خود مزدور کے مال سے ہوگا۔

پھر سوال کیا کہ ایک شخص نے ایک آدمی کو مقررہ عوض پر اور مکمل خرچہ پر مزدور بنایا تا کہ اسے اپنی زمین پر بھیجے تو اس طرح مزدور کا جو خرچہ ہوگا جیسے کپڑوں کی دھلائی اور حمام جانے کا صرفہ وہ کس کے سر پر ہوگا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: مزدور بنانے والے پر۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث مجہول ہے۔ [3]

{2008} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ زُرَارَةَ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ الرَّجُلُ يَأْتِي الرَّجُلَ فَيَقُولُ اُكْتُبْ لِي بِدَرَاهِمَ فَيَقُولُ لَهُ آخُذُ مِنْكَ وَ أَكْتُبُ لَكَ [بَيْنَ يَدَيْهِ] قَالَ فَقَالَ لاَ بَأْسَ قَالَ وَ سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ اِسْتَأْجَرَ مَمْلُوكاً فَقَالَ الْمَمْلُوكُ أَرْضِ مَوْلاَيَ بِمَا شِئْتَ وَلِي عَلَيْكَ كَذَا وَ كَذَا دَرَاهِمَ مُسَمَّاةً فَهَلْ يَلْزَمُ الْمُسْتَأْجِرَ وَ هَلْ يَحِلُّ لِلْمَمْلُوكِ قَالَ لاَ يَلْزَمُ الْمُسْتَأْجِرَ وَلاَ يَحِلُّ لِلْمَمْلُوكِ.

✪ عبید بن زرارہ سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ ایک شخص کسی کے پاس جاتا ہے کہ اتنے درہم لے کر میرے لیے کتابت کرو۔ پس وہ کہتا ہے کہ میں درہم لوں گا اور تمہارے سامنے لکھوں گا (تو کیا یہ جائز ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کوئی حرج نہیں ہے۔

پھر میں نے سوال کیا کہ ایک شخص نے کسی کے غلام کو مزدور بنایا اور غلام نے اس سے کہا کہ تم میرے مالک کو جس قدر مزدوری پر چاہو راضی کرلو مگر تمہیں مجھے بھی اس قدر درہم دینا ہوں گے تو کیا اس شخص پر یہ درہم لازم ہیں اور کیا غلام کے لئے وہ حلال ہیں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہ مستاجر پر لازم ہیں اور نہ ہی غلام کے لئے حلال ہیں۔ [4]

---

[1] الکافی: ۵/۲۸۷ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۱۲ ح ۹۳۳؛ الوافی: ۱۸/۹۴۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۱۱۲ ح ۲۴۲۶۲

[2] جواہر الکلام: ۲۷/۳۲۹؛ فقہ الصادقؑ: ۱۹/۱۵۵

[3] مراۃ العقول: ۱۹/۸۵؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۳۰۲

[4] الکافی: ۵/۲۸۸ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۱۳ ح ۹۳۴؛ الوافی: ۱۸/۹۴۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۱۱۳ ح ۲۴۲۶۳

تحقیق:

حدیث صحیح علی الظاہر یا حسن ہے۔ [1]

{2009} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنِ ابْنِ مُسْكَانَ عَنْ زُرَارَةَ وَ أَبِي بَصِيرٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: قَضَى أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ صَلَوَاتُ اللَّهِ عَلَيْهِ فِي رَجُلٍ كَانَ لَهُ غُلاَمٌ فَاسْتَأْجَرَهُ مِنْهُ صَائِغٌ أَوْ غَيْرُهُ قَالَ إِنْ كَانَ ضَيَّعَ شَيْئاً أَوْ أَبَقَ مِنْهُ فَمَوَالِيهِ ضَامِنُونَ.

✪ زرارہ اور ابوبصیر نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کیا ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام نے اس شخص کے بارے میں جس کا ایک غلام تھا جسے ایک کاریگر وغیرہ نے مزدوری پر لیا، کے بارے میں فرمایا: اگر اس نے کچھ نقصان کیا یا بھاگ گیا تو اس کا مالک ضامن ہوگا۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [3]

{2010} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الصَّفَّارِ: أَنَّهُ كَتَبَ إِلَى أَبِي مُحَمَّدٍ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلاَمُ يَقُولُ: رَجُلٌ يُبَذْرِقُ الْقَوَافِلَ مِنْ غَيْرِ أَمْرِ السُّلْطَانِ فِي مَوْضِعٍ مُخِيفٍ وَ يُشَارِطُونَهُ عَلَى شَيْءٍ مُسَمًّى أَلَهُ أَنْ يَأْخُذَهُ مِنْهُمْ أَمْ لاَ فَوَقَّعَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ إِذَا آجَرَ نَفْسَهُ بِشَيْءٍ مَعْرُوفٍ أَخَذَ حَقَّهُ إِنْ شَاءَ اللَّهُ.

✪ محمد بن حسن الصفار سے روایت ہے کہ انہوں نے امام حسن عسکری علیہ السلام کو خط لکھا کہ ایک شخص حاکم کے حکم کے بغیر مخصوص مزدوری لے کر خطرناک مقام سے قافلے گزارتا ہے تو کیا اس کے لئے ایسا کرنا جائز ہے؟

امام علیہ السلام نے جواب میں لکھا کہ جب معلوم و معروف اجرت لے کر وہ یہ کام کرے تو اپنا حق لے گا انشاءاللہ۔ [4]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [5]

---

[1] مرآۃ العقول:۱۹/ ۳۸۶؛ ملاذ الاخیار:۱۱/ ۴۰۲

[2] الکافی:۵/ ۳۰۲ح ۱؛ تہذیب الاحکام ۷/ ۲۱۳؛ الوافی:۱۸/ ۹۲۰؛ وسائل الشیعہ:۱۹/ ۱۱۳ح ۲۴۲۶۳، ۲۹/ ۲۳۵ح ۳۵۵۴۸

[3] کتاب الاجارہ اصفہانی:۲/ ۸۷؛ مدارک العروۃ کتاب الاجارہ:۷/ ۵۰۵؛ مرآۃ العقول:۱۹/ ۴۱۳؛ ملاذ الاخیار

[4] من لا یحضرہ الفقیہ:۳/ ۱۷۳ح ۳۶۵۳؛ تہذیب الاحکام:۶/ ۳۸۵ح ۱۱۴۱؛ الوافی:۱۷/ ۴۰۷؛ وسائل الشیعہ:۱۹/ ۱۱۷ح ۲۴۲۶۹؛ ھدایۃ الامۃ: ۶/ ۳۰۳

[5] روضۃ المتقین:۶/ ۳۸۱؛ ملاذ الاخیار:۱۰/ ۴۱۲

{2011} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى الْيَقْطِينِيِّ: أَنَّهُ كَتَبَ إِلَى أَبِي الْحَسَنِ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدٍ الْعَسْكَرِيِّ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي رَجُلٍ دَفَعَ ابْنَهُ إِلَى رَجُلٍ وَ سَلَّمَهُ مِنْهُ سَنَةً بِأُجْرَةٍ مَعْلُومَةٍ لِيَخِيطَ لَهُ ثُمَّ جَاءَ رَجُلٌ آخَرُ فَقَالَ لَهُ سَلِّمِ ابْنَكَ مِنِّي سَنَةً بِزِيَادَةٍ هَلْ لَهُ الْخِيَارُ فِي ذَلِكَ وَ هَلْ يَجُوزُ لَهُ أَنْ يَفْسَخَ مَا وَافَقَ عَلَيْهِ الْأَوَّلَ أَمْ لاَ فَكَتَبَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ بِخَطِّهِ يَجِبُ عَلَيْهِ الْوَفَاءُ لِلْأَوَّلِ مَا لَمْ يَعْرِضْ لِابْنِهِ مَرَضٌ أَوْ ضَعْفٌ.

❁ محمد بن عیسیٰ بن عبید یقطینی سے روایت ہے کہ انہوں نے امام حسن عسکری علیہ السلام کو خط لکھا کہ اس نے اپنا بیٹا ایک شخص کے حوالے کیا تا کہ معلوم اجرت پر ایک سال تک اس کے ہاں خیاطت کا کام کرے اس کے بعد اس کے پاس ایک اور شخص آ گیا جس نے کہا کہ مجھ سے یادہ مزدوری لے لو اور اپنا یہ بیٹا میرے حوالے کر دو تو کیا اس کے لئے یہ معاملہ کرنے اور پہلا معاملہ توڑنا جائز ہے یا نہیں؟

آپ علیہ السلام نے اپنے دستخطوں سے جواب لکھا کہ اس شخص پر پہلے آدمی سے کئے گئے معاملہ کی وفا واجب ہے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

﴿کرائے پر دیئے جانے والے مال کی شرائط﴾

{2012} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ عَنِ الْعَلاَءِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي حَمْزَةَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الرَّجُلِ يَكْتَرِي الدَّابَّةَ فَيَقُولُ اكْتَرَيْتُهَا مِنْكَ إِلَى مَكَانِ كَذَا وَ كَذَا فَإِنْ جَاوَزْتُهُ فَلَكَ كَذَا وَ كَذَا زِيَادَةً وَ يُسَمِّي ذَلِكَ قَالَ لاَ بَأْسَ بِهِ كُلِّهِ

❁ ابوحمزہ سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص جانور (گھوڑا یا گدھا وغیرہ) کرایہ پر لیتا ہے اور اس سے کہتا ہے کہ میں اسے فلاں فلاں جگہ تک لے جاؤں گا اور اگر اس سے آگے کیا تو اتنی اجرت مزید دوں گا اور اسے معین کرتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ان جملہ باتوں میں کوئی حرج نہیں ہے۔[3]

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۱۷۳ ح ۳۶۵۳؛ الوافی: ۱۸/۹۳۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۱۱۸ ح ۲۴۲۷۰

[2] روضۃ المتقین: ۶/۳۸۱

[3] الکافی: ۵/۲۸۹ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۱۴ ح ۹۳۸؛ الوافی: ۱۸/۹۲۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۱۱۱ ح ۲۴۲۶۰؛ الوافی: ۱۸/۹۲۹

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[1]

قول مؤلف:

اس طرح کی مختلف شرائط کچھ پہلے گزر چکی ہیں اور کچھ آئندہ گزریں گی لہٰذا یہاں مکرر نقل نہیں کی جارہی ہیں۔ (واللہ اعلم)

﴿کرائے پر دیئے جانے والے مال سے استفادہ کی شرائط﴾

{2013} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَبَانٍ عَنْ إِسْمَاعِيلَ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَنْ رَجُلٍ اسْتَأْجَرَ مِنْ رَجُلٍ أَرْضاً فَقَالَ آجِرْنِيهَا بِكَذَا وَ كَذَا إِنْ زَرَعْتُهَا أَوْ لَمْ أَزْرَعْهَا أُعْطِيكَ ذَلِكَ فَلَمْ يَزْرَعِ الرَّجُلُ قَالَ لَهُ أَنْ يَأْخُذَهُ بِمَالِهِ إِنْ شَاءَ تَرَكَ وَإِنْ شَاءَ لَمْ يَتْرُكْ.

❁ اسماعیل بن مسلم سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے کسی سے کچھ زمین مستاجری پر لی اور یوں کہا کہ تو مجھے یہ زمین ایسے ایسے (معین اجرت پر) دے دے۔ میں چاہے اس میں کاشت کروں یا نہ کروں بہرحال تجھے اس قدر اجرت دوں گا چنانچہ اس نے اس زمین میں کچھ کاشت نہیں کیا (تو کیا حکم ہوگا)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس (زمین کے مالک) کا مال (اجرت) اس کے لئے (جائز) ہے اگر چاہے تو چھوڑ دے اور اگر چاہے تو نہ چھوڑے۔[2]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق کالصحیح ہے۔[3]

{2014} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ عَنِ الْحَلَبِيِّ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ أَتَقَبَّلُ الْأَرْضَ بِالثُّلُثِ أَوْ بِالرُّبُعِ فَأُقَبِّلُهَا بِالنِّصْفِ قَالَ لَا بَأْسَ بِهِ قُلْتُ فَأَتَقَبَّلُهَا بِأَلْفِ دِرْهَمٍ وَ أُقَبِّلُهَا بِأَلْفَيْنِ قَالَ لَا يَجُوزُ قُلْتُ كَيْفَ جَازَ الْأَوَّلُ وَلَمْ يَجُزِ الثَّانِي قَالَ لِأَنَّ هَذَا مَضْمُونٌ وَ ذَلِكَ غَيْرُ مَضْمُونٍ.

---

[1] مراۃ العقول: ۱۹/۸۹؛ ۳ شرح العروۃ: ۳۰/۲۰۲؛ ۷ تفصیل الشریعہ: ۱۸/۸۵؛ مدارک العروۃ کتاب الاجارہ: ۸/۲۲۱؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۴۰۵

[2] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۴۵ ح ۳۸۹۳؛ الکافی: ۵/۲۶۵ ح ۷؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۹۶ ح ۸۶۷؛ الوافی: ۱۸/۱۰۲۶؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۱۲۳ ح ۲۴۲۷۵؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۳۳ ح ۱۶۰۲۹

[3] الانوار اللوامع: ۱۲/۱۹۰؛ روضۃ المتقین: ۷/۱۸۷

○ حلبی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ میں ایک تہائی یا چوتھائی بٹائی پر زمین مستاجری پر لیتا ہوں اور آگے نصف بٹائی پر دیتا ہوں (تو کیا یہ جائز ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

میں نے عرض کیا: میں ایک ہزار درہم پر لیتا ہوں اور آگے دو ہزار درہم پر دیتا ہوں (تو یہ کیا جائز ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ جائز نہیں ہے۔

میں نے عرض کیا: پہلا معاملہ کیسے جائز ہے اور دوسرا معاملہ کیسے ناجائز ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کیونکہ یہ مضمون ہے اور وہ (نصف وثلث پر بٹائی) مضمون نہیں ہے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق ہے۔[2]

{2015} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ عَبْدِ اَللَّهِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَلْحَكَمِ عَنْ أَبَانٍ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ اَلْفَضْلِ اَلْهَاشِمِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ اِسْتَأْجَرَ مِنَ اَلسُّلْطَانِ مِنْ أَرْضِ اَلْخَرَاجِ بِدَرَاهِمَ مُسَمَّاةٍ أَوْ بِطَعَامٍ مُسَمًّى ثُمَّ آجَرَهَا وَ شَرَطَ لِمَنْ يَزْرَعُهَا أَنْ يُقَاسِمَهُ اَلنِّصْفَ أَوْ أَقَلَّ مِنْ ذَلِكَ أَوْ أَكْثَرَ وَ لَهُ فِي اَلْأَرْضِ بَعْدَ ذَلِكَ فَضْلٌ أَ يَصْلُحُ لَهُ ذَلِكَ قَالَ نَعَمْ إِذَا حَفَرَ نَهَراً أَوْ عَمِلَ لَهُمْ شَيْئاً يُعِينُهُمْ بِذَلِكَ فَلَهُ ذَلِكَ قَالَ وَ سَأَلْتُهُ عَنِ اَلرَّجُلِ اِسْتَأْجَرَ أَرْضاً مِنْ أَرْضِ اَلْخَرَاجِ بِدَرَاهِمَ مُسَمَّاةٍ أَوْ بِطَعَامٍ مَعْلُومٍ فَيُؤَاجِرُهَا قِطْعَةً قِطْعَةً أَوْ جَرِيباً جَرِيباً بِشَيْءٍ مَعْلُومٍ فَيَكُونُ لَهُ فَضْلٌ فِيمَا اِسْتَأْجَرَهُ مِنَ اَلسُّلْطَانِ وَ لاَ يُنْفِقُ شَيْئاً أَوْ يُؤَاجِرُ تِلْكَ اَلْأَرْضَ قِطَعاً عَلَى أَنْ يُعْطِيَهُمُ اَلْبَذْرَ وَ اَلنَّفَقَةَ فَيَكُونُ لَهُ فِي ذَلِكَ فَضْلٌ عَلَى إِجَارَتِهِ وَ لَهُ تُرْبَةُ اَلْأَرْضِ أَوْ لَيْسَتْ لَهُ فَقَالَ إِذَا اِسْتَأْجَرْتَ أَرْضاً فَأَنْفَقْتَ فِيهَا شَيْئاً أَوْ رَمَمْتَ فِيهَا فَلاَ بَأْسَ بِمَا ذَكَرْتَ.

○ اسماعیل بن فضل ہاشمی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص خراجی زمین حاکم سے مخصوص درہم یا مخصوص طعام کے عوض مستاجری پر لیتا ہے اور آگے بٹائی پر دے دیتا ہے اور مزارع سے یہ شرط مقرر کرتا ہے کہ وہ نصف یا اس سے کم وبیش کی بٹائی کرائے گا اور اسے زمین سے کچھ اضافہ بھی ملے گا تو کیا ایسا کرنا جائز ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں (جائز ہے) جبکہ وہ زمین میں کوئی نہر جاری کرے یا کوئی اور اس قسم کا کام کرے جو کاشتکاروں کے لئے مددگار ثابت ہو تو پھر اس کے لئے ایسا کرنا روا ہے۔

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/۲۰۳ ح ۱؛ الکافی: ۵/۲۷۲ ح ۲؛ الاستبصار: ۳/۱۳۰ ح ۴۶۶؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۱۲۶ ح ۲۴۲۸۵؛ الوافی: ۱۸/۱۰۴۳

[2] شرح العروۃ: ۳۰/۸۷ ح ۲؛ کتاب الاجارۃ: ۲/۲۵؛ مدارک العروۃ کتاب الاجارۃ: ۵۸؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۳۸۱

راوی کہتا ہے کہ میں نے عرض کیا: ایک شخص خراجی زمین مخصوص درہم یا مخصوص طعام کے عوض مستاجری پر لیتا ہے اور پھر اسے آگے ٹکڑے کر کے یا جریب کے حساب سے مخصوص عاریہ پر آگے دیتا ہے کہ اس طرح اسے اس اجرت سے زیادہ اجرت ملتی ہے جو اس نے حاکم کو ادا کی تھی جبکہ اس نے (زمین پر) کچھ خرچ نہیں کیا یا یہ شخص اس زمین کو آگے اس شرط پر مستاجری پر دیتا ہے کہ بیج اور خرچہ یہ مہیا کرے گا پس اس طرح اسے اصل معاوضہ سے زیادہ معاوضہ مل جاتا ہے اور اصل زمین اسی کی رہے گی (تو کیا یہ معاملہ درست ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب تم مستاجری پر زمین لو اور پھر اس میں کچھ رقم صرف کرو یا اس میں کوئی مرمت (اصلاح) کرو تو پھر اوپر مذکور طریقہ میں کوئی حرج نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا قوی کالصحیح یا موثق ہے۔ [2]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث مجہول ہے۔ [3]

{2016} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ فَضَّالٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ عُقْبَةَ عَنْ مُوسَى بْنِ أُكَيْلٍ اَلنُّمَيْرِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ: فِي رَجُلٍ اِكْتَرَى دَاراً وَ فِيهَا بُسْتَانٌ فَزَرَعَ فِي اَلْبُسْتَانِ وَ غَرَسَ نَخْلاً وَ أَشْجَاراً وَ فَوَاكِهَ وَ غَيْرَ ذَلِكَ وَ لَمْ يَسْتَأْمِرْ فِي ذَلِكَ صَاحِبَ اَلْبُسْتَانِ فَقَالَ عَلَيْهِ اَلْكِرَاءُ وَ يُقَوِّمُ صَاحِبُ اَلدَّارِ اَلْغَرْسَ وَ اَلزَّرْعَ قِيمَةَ عَدْلٍ فَيُعْطِيهِ اَلْغَارِسَ وَ إِنْ كَانَ اِسْتَأْمَرَ فَعَلَيْهِ اَلْكِرَاءُ وَ لَهُ اَلْغَرْسُ وَ اَلزَّرْعُ يَقْلَعُهُ وَ يَذْهَبُ بِهِ حَيْثُ شَاءَ.

محمد بن مسلم نے امام محمد باقر علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں روایت کیا ہے جس نے ایک ایسا مکان کرائے پر لیا جس میں باغیچہ تھا چنانچہ اس نے اس باغیچہ میں کچھ کاشت کر دیا اور اس میں ایک کھجور لگا دی اور کئی قسم کے اشجار اور میوہ جات کے درخت لگا دیئے مگر صاحب مکان سے اجازت طلب نہیں کی تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس شخص پر مکان کا کرایہ تو بہر حال واجب ہے اور اگر کرایہ دار نے وہ زراعت اور درخت وغیرہ مالک کی اجازت سے لگائے ہیں تو مالک ان کی منصفانہ قیمت مقرر کرے گا اور لگانے والا اسے ادا کرے گا اور اگر اجازت کے بغیر ایسا کیا ہے تو کرایہ پر دے گا اور یہ کاشت اور درخت وغیرہ مالک کے

---

[1] الکافی: ۵/۲۷۶ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۰۳ح ۸۹۶؛ الوافی: ۱۸/۳۴۲؛ ۱۰؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۱۲۷ح ۲۴۱۹۳؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۴۸ح ۳۹۰۵

[2] جواہر الکلام: ۲۲/۱۸۷؛ روضۃ المتقین: ۷/۱۹۵؛ کتاب الاجارہ: ۲/۲۱۹؛ مدارک العروۃ کتاب الاجارہ: ۵۷۰و۵۹۶

[3] مرآۃ العقول: ۱۹/۳۵۵؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۳۸۰

متصور ہوں گے وہ اسے جب چاہے اکھاڑ پھینکے۔ ①

تحقیق:

حدیث موثق کالصحیح یا حسن یا موثق ہے۔ ②

{2017} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَقُولُ: إِنِّي كُنْتُ عِنْدَ قَاضٍ مِنْ قُضَاةِ الْمَدِينَةِ فَأَتَاهُ رَجُلَانِ فَقَالَ أَحَدُهُمَا إِنِّي اكْتَرَيْتُ مِنْ هَذَا دَابَّةً لِيُبَلِّغَنِي عَلَيْهَا مِنْ كَذَا وَ كَذَا إِلَى كَذَا وَ كَذَا فَلَمْ يُبَلِّغْنِي الْمَوْضِعَ فَقَالَ الْقَاضِي لِصَاحِبِ الدَّابَّةِ بَلَّغْتَهُ إِلَى الْمَوْضِعِ قَالَ لَا قَدْ أَعْيَتْ دَابَّتِي فَلَمْ تَبْلُغْ فَقَالَ لَهُ الْقَاضِي لَيْسَ لَكَ كِرَاءٌ إِذْ لَمْ تُبَلِّغْهُ إِلَى الْمَوْضِعِ الَّذِي اكْتَرَى دَابَّتَكَ إِلَيْهِ قَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَدَعَوْتُهُمَا إِلَيَّ فَقُلْتُ لِلَّذِي اكْتَرَى لَيْسَ لَكَ يَا عَبْدَ اللَّهِ أَنْ تَذْهَبَ بِكِرَاءِ دَابَّةِ الرَّجُلِ كُلِّهِ وَ قُلْتُ لِلْآخَرِ يَا عَبْدَ اللَّهِ لَيْسَ لَكَ أَنْ تَأْخُذَ كِرَاءَ دَابَّتِكَ كُلَّهُ وَ لَكِنِ انْظُرْ قَدْرَ مَا بَقِيَ مِنَ الْمَوْضِعِ وَ قَدْرَ مَا رَكِبْتَهُ فَاصْطَلِحَا عَلَيْهِ فَفَعَلَا.

✪ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا کہ ایک بار میں مدینہ کے ایک قاضی کے پاس بیٹھا تا کہ اس کے پاس دو شخص آئے اور ایک نے دعویٰ کیا (اور کہا) کہ میں نے اس سے گدھا کرائے پر لیا کہ اس پر فلاں جگہ سے فلاں جگہ پر جاؤں گا مگر وہ مجھے فلاں جگہ تک بھی نہ پہنچا سکا۔ قاضی نے دوسرے شخص سے پوچھا: کیا تو نے اسے فلاں جگہ تک پہنچایا؟ اس نے کہا: گدھا عاجز ہو گیا تھا لہٰذا وہاں تک نہ پہنچ سکا۔

قاضی نے کہا: جبکہ تو نے اسے اس مقررہ جگہ تک نہیں پہنچایا لہٰذا تیار کوئی کرایہ نہیں بنتا۔

امام فرماتے ہیں کہ میں نے ان دونوں کو اپنے پاس بلایا اور کرایہ پر لینے والے سے کہا کہ بندۂ خدا! تمہیں تمام کرایہ دبانے کا کوئی حق نہیں ہے اور مالک سے کہا کہ اے بندۂ خدا! تمہیں پورا کرایہ لینے کا کوئی حق نہیں ہے بلکہ دیکھو کہ تم نے کتنی مسافت طے کی اور کتنی باقی رہ گئی تھی پس اسی نسبت سے کرایہ کا حساب کرلو چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا۔ ③

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ④

---

① الکافی: ۵/۲۹۷ ح ۲؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۴۶ ح ۳۸۹۶؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۰۶ ح ۹۰۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۱۵۶ ح ۲۴۳۲۱ و ۲۵/۳۸۷ ح ۳۲۱۹۳؛ الوافی: ۱۸/۱۰۷۵؛ ھدایۃ الامہ: ۶/۳۱۰

② روضۃ المتقین: ۷/۱۹۰؛ مرآۃ العقول: ۱۹/۴۰۵؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۳۸۵

③ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۴ ح ۳۲۷۲؛ الکافی: ۵/۲۹۰ ح ۴؛ الوافی: ۱۸/۹۳۰؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۱۱۵ ح ۲۴۲۲۶

④ روضۃ المتقین: ۶/۹۹؛ کتاب الاجارہ: ۲/۲۶۳؛ براھین الحج ۲/۱۵۳؛ تفصیل الشریعہ: ۱/۲۸۹ و ۱۹/۲۸۸

{2018} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْمَاعِيلَ عَنْ مَنْصُورِ بْنِ يُونُسَ عَنْ مُحَمَّدٍ اَلْحَلَبِيِّ قَالَ: كُنْتُ قَاعِداً عِنْدَ قَاضٍ مِنَ اَلْقُضَاةِ وَ عِنْدَهُ أَبُو جَعْفَرٍ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ جَالِسٌ فَأَتَاهُ رَجُلاَنِ فَقَالَ أَحَدُهُمَا إِنِّي تَكَارَيْتُ إِبِلَ هَذَا اَلرَّجُلِ لِيَحْمِلَ لِي مَتَاعاً إِلَى بَعْضِ اَلْمَعَادِنِ فَاشْتَرَطْتُ عَلَيْهِ أَنْ يُدْخِلَنِي اَلْمَعْدِنَ يَوْمَ كَذَا وَ كَذَا لِأَنَّهَا سُوقٌ أَتَخَوَّفُ أَنْ يَفُوتَنِي فَإِنِ احْتُبِسْتُ عَنْ ذَلِكَ حَطَطْتُ مِنَ اَلْكِرَاءِ لِكُلِّ يَوْمٍ أَحْتَبِسُهُ كَذَا وَ كَذَا وَ إِنَّهُ حَبَسَنِي عَنْ ذَلِكَ اَلْوَقْتِ كَذَا وَ كَذَا يَوْماً فَقَالَ اَلْقَاضِي هَذَا شَرْطٌ فَاسِدٌ وَفِّهِ كِرَاهُ فَلَمَّا قَامَ اَلرَّجُلُ أَقْبَلَ إِلَيَّ أَبُو جَعْفَرٍ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ فَقَالَ شَرْطُهُ هَذَا جَائِزٌ مَا لَمْ يُحِطْ بِجَمِيعِ كِرَاهُ.

محمد حلبی سے روایت ہے کہ میں ایک قاضی کے پاس بیٹھا ہوا تھا اور امام محمد باقر علیہ السلام بھی وہاں تشریف فرما تھے کہ اس کے پاس دو شخص مقدمہ لائے۔ پس ایک نے کہا کہ میں نے اس شخص سے اونٹ کرائے پر لیا تھا تا کہ یہ میرا کچھ سامان فلاں دوکان تک پہنچائے کیونکہ وہاں بازار لگتا ہے اور مجھے اندیشہ تھا کہ کہیں وہ وقت فوت نہ ہو جائے اس لئے اس نے کہا کہ اگر تو نے فلاں دن نہ پہنچایا تو تمہارے یومیہ کرایہ سے اتنا اتنا کرایہ کم ہو جائے گا چنانچہ اس نے مجھے اس مقررہ دن نہیں پہنچایا؟

قاضی نے کہا: یہ شرط ہی فاسد ہے لہٰذا اسے پورا کرایہ دو پس جب وہ شخص اٹھا تو امام علیہ السلام نے مجھ سے فرمایا: اس کی شرط جائز ہے لہٰذا اس کی تمام مزدوری کو ختم نہ کرے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق ہے۔ [2]

{2019} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنِ اَلْعَمْرَكِيِّ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ أَخِيهِ أَبِي اَلْحَسَنِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ اِسْتَأْجَرَ دَابَّةً فَأَعْطَاهَا غَيْرَهُ فَنَفَقَتْ مَا عَلَيْهِ فَقَالَ إِنْ كَانَ شَرَطَ أَنْ لاَ يَرْكَبَهَا غَيْرُهُ فَهُوَ ضَامِنٌ لَهَا وَ إِنْ لَمْ يُسَمِّ فَلَيْسَ عَلَيْهِ شَيْءٌ.

علی بن جعفر علیہ السلام سے روایت ہے کہ میں نے اپنے بھائی امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے کسی آدمی سے گدھا کرایہ پر لیا اور (سواری کے لئے) ایک اور شخص کے حوالے کر دیا (جس کی وجہ سے) وہ ہلاک ہو گیا تو اس پر کیا تاوان ہے؟

---

[1] الکافی: ۵/۲۹۰ ح ۵؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳ ح ۵ ۳۲۷۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۱۴ ح ۹۴۰؛ الوافی: ۱۸/۱۹۳۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۱۱۶ ح ۲۴۲۶۸

[2] تذکرۃ الفقہاء: ۱۸/۴۳؛ شرح العروۃ: ۳۰/۹۹؛ کتاب الاجارہ: ۱/۱۹۰؛ موسوعہ الفقہ الاسلامی: ۴/۵۹؛ مرآۃ العقول: ۱۹/۳۹۰؛ روضۃ المتقین: ۶/۹۹؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۴۰۵

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر اس نے یہ شرط عائد کی تھی کہ اس پر کوئی اور سوار نہ ہوگا تو پھر وہ اس کا ضامن ہے اور اگر یہ شرط نہیں کی تھی تو پھر اس پر کچھ نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2020} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ أَبِي وَلَّادٍ الْحَنَّاطِ قَالَ: اكْتَرَيْتُ بَغْلاً إِلَى قَصْرِ ابْنِ هُبَيْرَةَ ذَاهِباً وَ جَائِياً بِكَذَا وَ كَذَا وَ خَرَجْتُ فِي طَلَبِ غَرِيمٍ لِي فَلَمَّا صِرْتُ قُرْبَ قَنْطَرَةِ الْكُوفَةِ خُبِّرْتُ أَنَّ صَاحِبِي تَوَجَّهَ إِلَى النِّيلِ فَتَوَجَّهْتُ نَحْوَ النِّيلِ فَلَمَّا أَتَيْتُ النِّيلَ خُبِّرْتُ أَنَّ صَاحِبِي تَوَجَّهَ إِلَى بَغْدَادَ فَاتَّبَعْتُهُ وَ ظَفِرْتُ بِهِ وَ فَرَغْتُ مِمَّا بَيْنِي وَ بَيْنَهُ وَ رَجَعْنَا إِلَى الْكُوفَةِ وَ كَانَ ذَهَابِي وَ مَجِيئِي خَمْسَةَ عَشَرَ يَوْماً فَأَخْبَرْتُ صَاحِبَ الْبَغْلِ بِعُذْرِي وَ أَرَدْتُ أَنْ أَتَحَلَّلَ مِنْهُ مِمَّا صَنَعْتُ وَ أُرْضِيَهُ فَبَذَلْتُ لَهُ خَمْسَةَ عَشَرَ دِرْهَماً فَأَبَى أَنْ يَقْبَلَ فَتَرَاضَيْنَا بِأَبِي حَنِيفَةَ فَأَخْبَرْتُهُ بِالْقِصَّةِ وَ أَخْبَرَهُ الرَّجُلُ فَقَالَ لِي وَ مَا صَنَعْتَ بِالْبَغْلِ فَقُلْتُ قَدْ دَفَعْتُهُ إِلَيْهِ سَلِيماً قَالَ نَعَمْ بَعْدَ خَمْسَةَ عَشَرَ يَوْماً فَقَالَ مَا تُرِيدُ مِنَ الرَّجُلِ قَالَ أُرِيدُ كِرَاءَ بَغْلِي فَقَدْ حَبَسَهُ عَلَيَّ خَمْسَةَ عَشَرَ يَوْماً فَقَالَ مَا أَرَى لَكَ حَقّاً لِأَنَّهُ اكْتَرَاهُ إِلَى قَصْرِ ابْنِ هُبَيْرَةَ فَخَالَفَ وَ رَكِبَهُ إِلَى النِّيلِ وَ إِلَى بَغْدَادَ فَضَمِنَ قِيمَةَ الْبَغْلِ وَ سَقَطَ الْكِرَاءُ فَلَمَّا رَدَّ الْبَغْلَ سَلِيماً وَ قَبَضْتَهُ لَمْ يَلْزَمْهُ الْكِرَاءُ قَالَ فَخَرَجْنَا مِنْ عِنْدِهِ وَ جَعَلَ صَاحِبُ الْبَغْلِ يَسْتَرْجِعُ فَرَحِمْتُهُ مِمَّا أَفْتَى بِهِ أَبُو حَنِيفَةَ فَأَعْطَيْتُهُ شَيْئاً وَ تَحَلَّلْتُ مِنْهُ فَحَجَجْتُ تِلْكَ السَّنَةَ فَأَخْبَرْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ بِمَا أَفْتَى بِهِ أَبُو حَنِيفَةَ فَقَالَ فِي مِثْلِ هَذَا الْقَضَاءِ وَ شِبْهِهِ تَحْبِسُ السَّمَاءُ مَاءَهَا وَ تَمْنَعُ الْأَرْضُ بَرَكَتَهَا قَالَ فَقُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ فَمَا تَرَى أَنْتَ قَالَ أَرَى لَهُ عَلَيْكَ مِثْلَ كِرَاءِ بَغْلٍ ذَاهِباً مِنَ الْكُوفَةِ إِلَى النِّيلِ وَ مِثْلَ كِرَاءِ بَغْلٍ رَاكِباً مِنَ النِّيلِ إِلَى بَغْدَادَ وَ مِثْلَ كِرَاءِ بَغْلٍ مِنْ بَغْدَادَ إِلَى الْكُوفَةِ تُوَفِّيهِ إِيَّاهُ قَالَ فَقُلْتُ جُعِلْتُ فِدَاكَ إِنِّي قَدْ عَلَفْتُهُ بِدَرَاهِمَ فَلِي عَلَيْهِ عَلَفُهُ فَقَالَ لاَ لِأَنَّكَ غَاصِبٌ فَقُلْتُ أَرَأَيْتَ لَوْ عَطِبَ الْبَغْلُ وَ نَفَقَ أَلَيْسَ كَانَ يَلْزَمُنِي قَالَ نَعَمْ قِيمَةُ بَغْلٍ يَوْمَ خَالَفْتَهُ قُلْتُ

---

[1] الکافی: ۵/۲۹۱ ح ۷؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۱۵ ح ۹۴۲؛ مسائل علی بن جعفرؑ: ۱۹۶؛ الوافی: ۱۸/۹۴۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۱۱۸ ح ۲۴۳۲۷؛ بحارالانوار: ۱۰/۲۸۳؛ ھدایۃ الامہ: ۶/۳۰۳

[2] مرآۃ العقول: ۱۹/۳۹۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۴۰۸؛ کتاب الاجارہ: ۲/۷؛ جواہر الکلام: ۲۷/۲۵۹؛ فقہ الصادقؑ: ۱۹/۸۰؛ المھذب: ۸/۱۳۷؛ مدارک العروۃ: کتاب الاجارہ: ۲۰۰؛ الانوار اللوامع: ۱۲/۱۳۵؛ تفصیل الشریعہ: ۱۸/۳۹۶؛ تذکرۃ الفقہاء: ۱۸/۲۳۴؛ شرح العروۃ: ۳۰/۲۷۴؛ جامع الشتات: ۳/۴۸۳

فَإِنْ أَصَابَ الْبَغْلَ كَسْرٌ أَوْ دَبَرٌ أَوْ غَمْزٌ فَقَالَ عَلَيْكَ قِيمَةُ مَا بَيْنَ الصِّحَّةِ وَ الْعَيْبِ يَوْمَ تَرُدُّهُ عَلَيْهِ قُلْتُ فَمَنْ يَعْرِفُ ذَلِكَ قَالَ أَنْتَ وَ هُوَ إِمَّا أَنْ يَحْلِفَ هُوَ عَلَى الْقِيمَةِ فَتَلْزَمَكَ فَإِنْ رَدَّ الْيَمِينَ عَلَيْكَ فَحَلَفْتَ عَلَى الْقِيمَةِ لَزِمَهُ ذَلِكَ أَوْ يَأْتِيَ صَاحِبُ الْبَغْلِ بِشُهُودٍ يَشْهَدُونَ أَنَّ قِيمَةَ الْبَغْلِ حِينَ أُكْرِيَ كَذَا وَ كَذَا فَيَلْزَمَكَ قُلْتُ إِنِّي كُنْتُ أَعْطَيْتُهُ دَرَاهِمَ وَ رَضِيَ بِهَا وَ حَلَّلَنِي فَقَالَ إِنَّمَا رَضِيَ بِهَا وَ حَلَّلَكَ حِينَ قَضَى عَلَيْهِ أَبُو حَنِيفَةَ بِالْجَوْرِ وَ الظُّلْمِ وَ لَكِنِ ارْجِعْ إِلَيْهِ فَأَخْبِرْهُ بِمَا أَفْتَيْتُكَ بِهِ فَإِنْ جَعَلَكَ فِي حِلٍّ بَعْدَ مَعْرِفَتِهِ فَلَا شَيْءَ عَلَيْكَ بَعْدَ ذَلِكَ قَالَ أَبُو وَلَّادٍ فَلَمَّا انْصَرَفْتُ مِنْ وَجْهِي ذَلِكَ لَقِيتُ الْمُكَارِيَ فَأَخْبَرْتُهُ بِمَا أَفْتَانِي بِهِ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ قُلْتُ لَهُ قُلْ مَا شِئْتَ حَتَّى أُعْطِيَكَهُ فَقَالَ قَدْ حَبَّبْتَ إِلَيَّ جَعْفَرَ بْنَ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ وَقَعَ فِي قَلْبِي لَهُ التَّفْضِيلُ وَ أَنْتَ فِي حِلٍّ وَ إِنْ أَحْبَبْتَ أَنْ أَرُدَّ عَلَيْكَ الَّذِي أَخَذْتُ مِنْكَ فَعَلْتُ.

ابو ولا دحناط سے روایت ہے کہ میں نے ایک خچر کو قصر ابن ہبیرہ تک آنے جانے کے لئے معین کرائے پر لیا اور اپنے مقروض کی تلاش میں نکلا پس جب میں کوفہ کے قریب پہنچا تو معلوم ہوا کہ وہ نیل کی طرف گیا ہے چنانچہ میں نیل کی طرف گیا اور جب میں وہاں پہنچا تو خبر دی گئی کہ وہ بغداد چلا گیا ہے۔ میں نے اس کا تعاقب کیا اور اپنے مقصد میں کامیاب ہو گیا اور جب مجھے مقروض کے معاملہ سے فراغت ہوئی تو ہم کوفہ کی طرف واپس آئے اور آنے جانے میں پندرہ دن گزر گئے تو میں نے خچر کے مالک سے اپنی مجبوری ظاہر کی اور اسے پندرہ درہم دیئے جو اس نے قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ پس دونوں نے اس پر اتفاق کیا کہ ابوحنیفہ سے فیصلہ کرائیں گے میں نے قاضی کو واقعہ سے آگاہ کیا اور خچر والے نے بھی اپنا موقف پیش کیا تو قاضی ابوحنیفہ نے مجھ سے کہا: تم نے خچر کے ساتھ کیا (سلوک) کیا؟

میں نے کہا: میں نے خچر کو صحیح وسالم حالت میں مالک کو واپس کر دیا۔

(قاضی نے خچر کے مالک سے پوچھا کہ ایسا ہی ہے؟ تو) اس نے کہا: ہاں لیکن پندرہ دن کے بعد میرے سپرد کیا ہے۔

قاضی نے خچر کے مالک سے کہا: تم اس شخص سے کیا چاہتے ہو؟

خچر کے مالک نے کہا: میں اپنے خچر کا پندرہ روزہ کا کرایہ چاہتا ہوں جو اس نے روک رکھا ہے۔

قاضی نے کہا: میری رائے ہے کہ تم کرایہ کے حقدار نہیں ہو اس لیے کہ اس نے خچر کو قصر ابن ہبیرہ تک کے لئے کہا تھا پس اس نے معاہدہ کی خلاف ورزی کرتے ہوئے مقام نیل اور اس کے بعد بغداد تک بطور سواری کے کام لیا تو وہ خچر کی قیمت کا ضامن اور ذمہ دار ہوا اور کرایہ ساقط ہو گیا لیکن جب اس نے خچر کو صحیح وسالم تمہارے سپرد کر دیا اور تم نے قبضہ لے لیا تو اس پر تمہیں (پندرہ دن کا) کرایہ دینا واجب نہیں رہا۔

راوی کہتا ہے کہ ہم ابوحنیفہ کے یہاں سے چلے آئے اور خچر کے مالک نے میری طرف رجوع کیا تو مجھے ابوحنیفہ کے فتویٰ

کی وجہ سے اس پر ترس آیا پس میں نے اسے کچھ دے کر راضی کر لیا۔

پھر اسی سال حج کے موقع پر میں نے اس مسئلہ کو جس کے متعلق ابوحنیفہ نے فتویٰ دیا تھا، امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں پیش کیا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس قسم کے فیصلوں کی وجہ سے آسمان بارش روک لیتا ہے اور زمین اپنی برکت روک لیتی ہے۔

راوی کہتا ہے کہ میں نے عرض کیا: اس مسئلہ پر آپ علیہ السلام کیا فرماتے ہیں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: تم پر لازم ہے کہ خچر والے کو جیسا کوفہ سے نیل تک کا کرایہ اور نیل سے بغداد تک کی سواری کا کرایہ ہے ویسا ہی بغداد سے کوفہ تک کرایہ دو۔

میں نے عرض کیا: میں آپ علیہ السلام پر فدا ہوں! میں نے بھی اس جانور کے چارہ پر خرچہ کیا ہے تو کیا جانور کا نفقہ میرے ذمے ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: تم پر نہیں ہے اس لئے کہ تم غاصب ہو۔

میں نے عرض کیا: آپ علیہ السلام کیا فرماتے ہیں اگر خچر ہلاک ہو جاتا اور مر جاتا تو کیا اس کی ذمہ داری میرے اوپر نہ تھی؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں۔ خچر کی قیمت (تمہارے ذمہ تھی) جس دن سے تم نے (معاہدہ کی) خلاف ورزی کی تھی۔

میں نے عرض کیا: اگر خچر سست یا زخمی یا لنگڑا ہو جاتا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: تم اور وہ (مالک) یا اگر وہ قیمت پر قسم کھا لیتا تو تم پر اس کی ادائیگی لازم ہوتی اور اگر وہ تم سے ہی قسم کھانے کو کہے تو پھر اسے تمہاری قسم کے مطابق ادئیگی قبول کرنی ہوگی یا پھر خچر والا گواہوں کو لائے جو گواہی دیں کہ جب خچر کو کرائے پر لیا گیا تو اس کی قیمت اتنی اتنی تھی تب تم پر اس کی ادئیگی لازم ہوگی۔

میں نے عرض کیا: میں نے اسے درہم دیئے تو وہ راضی ہو گیا اور میرے لیے حلال کر دیا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اصل بات یہ ہے کہ ابوحنیفہ نے جور اور ظلم سے جو فیصلہ کیا تھا اس کے بعد وہ اس پر راضی ہوا اور تمہارے لئے حلال کیا لیکن اب اس کے پاس جاؤ اور اسے بتاؤ جو میں نے تمہیں فتویٰ دیا ہے اور پھر یہ جاننے کے بعد بھی وہ تمہارے لیے حلال رکھے تو تم پر کوئی شے نہیں ہے۔

ابوولاد کا بیان ہے کہ اس فیصلہ کے بعد میں واپس ہوا اور اس سے کہا کہ جو تم چاہو وہ میں تمہیں دوں گا۔

وہ کہنے لگا: میرے نزدیک جعفر بن محمد علیہ السلام محبوب قرار پا چکے ہیں اور ان کی فضیلت میرے دل میں بیٹھ چکی ہے اور جو کچھ ہو چکا وہ تم پر حلال ہے اور میں پسند کرتا ہوں کہ جو کچھ میں نے تم سے لیا تھا وہ تمہیں واپس کر دوں پس اس نے ایسا ہی کیا۔ [1]

---

[1] الکافی: ۵/۲۹۰ ح۶؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۱۵ ح ۹۴۳؛ الاستبصار: ۳/۱۳۴ ح ۴۸۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۱۱۹ ح ۲۴۲۷۲؛ الوافی: ۱۸/۹۳۱؛ بحار الانوار: ۴۷/۳۷۵؛ عوالم العلوم: ۲۰/۱۰۹۴

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ①

{2021} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَحَدِهِمَا عَلَيْهِمَا السَّلَامُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ اِسْتَأْجَرَ أَرْضاً بِأَلْفِ دِرْهَمٍ ثُمَّ آجَرَ بَعْضَهَا بِمِائَتَيْ دِرْهَمٍ ثُمَّ قَالَ لَهُ صَاحِبُ الْأَرْضِ الَّذِي آجَرَهُ أَنَا أَدْخُلُ مَعَكَ فِيهَا بِمَا اِسْتَأْجَرْتَ فَنُنْفِقُ جَمِيعاً فَمَا كَانَ فِيهَا مِنْ فَضْلٍ كَانَ بَيْنِي وَ بَيْنَكَ قَالَ) لَا بَأْسَ بِذَلِكَ (.

✪ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ میں نے امامین علیہ السلام میں سے ایک امام علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے ایک ہزار درہم کے عوض زمین مستاجری پر لی اور پھر اس میں سے کچھ حصہ دوسو درہم پر آگے مستاجری پر دے دیا پھر مالک زمین نے اس سے کہا کہ میں خود بھی تیرے ساتھ شامل ہوتا اور خرچہ اکٹھے کرتے ہیں تو اس طرح جو کچھ نفع ہوگا وہ تیرے اور میرے درمیان برابر برابر ہوگا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ ②

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ③

{2022} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ وَ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ جَمِيعاً عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ جَرِيرٍ عَنْ أَبِي الرَّبِيعِ الشَّامِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الرَّجُلِ يَتَقَبَّلُ الْأَرْضَ مِنَ الدَّهَاقِينِ فَيُؤَاجِرُهَا بِأَكْثَرَ مِمَّا يَتَقَبَّلُهَا وَ يَقُومُ فِيهَا بِحَظِّ السُّلْطَانِ قَالَ لَا بَأْسَ بِهِ إِنَّ الْأَرْضَ لَيْسَتْ مِثْلَ الْأَجِيرِ وَ لَا مِثْلَ الْبَيْتِ إِنَّ فَضْلَ الْأَجِيرِ وَ الْبَيْتِ حَرَامٌ.

✪ ابوربیع شامی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص دیہاتیوں سے کچھ زمین پٹہ پر لیتا ہے اور اسے آگے زیادہ اجرت پر دیتا ہے اور اس میں سے حاکم کا حصہ خود ادا کرتا ہے (تو کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے کیونکہ زمین کا معاملہ مزدور اور مکان کی مانند نہیں ہے اور مزدور و مکان کی اجرت میں اضافہ حرام ہے۔ ④

---

① مراۃ العقول: ۱۹/۹۲ح۳؛ المعجم: ۱۰/۹۵؛ القواعد الفقہیہ: ۳۲؛ کتاب الغصب حبیب اللہ الرشتی: ۹۵؛ المکاسب: ۱/۳۱۷؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۳۱۰

② من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۳۵ح۳۸۹۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۰۰ح۸۸۳؛ الوافی: ۱۸/۳۰۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۱۲۴ح۲۴۲۷۹

③ روضۃ المتقین: ۷/۱۸۶؛ الانوار اللوامع: ۱۲/۶ح۱۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۳۷۲

④ الکافی: ۵/۲۷۱ح۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۳۸ح۳۹۰۰؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۰۳ح۸۹۴؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۱۲۵ح۲۴۲۸۱؛ الوافی: ۱۸/۳۴۱؛ الاستبصار: ۳/۱۲۹ح۱

تحقیق:

حدیث حسن اور معتبر ہے۔ [1]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث مجہول ہے۔ [2]

{2023} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَلْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ خَالِدٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: إِنِّي لَأَكْرَهُ أَنْ أَسْتَأْجِرَ اَلرَّحَى وَحْدَهَا ثُمَّ أُوَاجِرَهَا بِأَكْثَرَ مِمَّا اِسْتَأْجَرْتُهَا إِلاَّ أَنْ أُحْدِثَ فِيهَا حَدَثاً أَوْ أُغْرَمَ فِيهَا غُرْماً.

❁ سلیمان بن خالد سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: میں اس چیز کو ناپسند کرتا ہوں کہ صرف چکی کرایہ پر لوں اور پھر اسے اس سے زیادہ اجرت پر دوں مگر یہ کہ میں اس میں کچھ اضافہ کروں یا تاوان ادا کروں۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن کالصحیح ہے۔ [4]

{2024} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَلْحَسَنِ اَلصَّفَّارِ عَنِ اَلْحَسَنِ بْنِ مُوسَى اَلْخَشَّابِ عَنْ غِيَاثِ بْنِ كَلُّوبٍ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ جَعْفَرٍ عَنْ أَبِيهِ عَلَيْهِمَا اَلسَّلاَمُ أَنَّ أَبَاهُ كَانَ يَقُولُ: لاَ بَأْسَ بِأَنْ يَسْتَأْجِرَ اَلرَّجُلُ اَلدَّارَ أَوِ اَلْأَرْضَ أَوِ اَلسَّفِينَةَ ثُمَّ يُؤَاجِرَهَا بِأَكْثَرَ مِمَّا اِسْتَأْجَرَهَا بِهِ إِذَا أَصْلَحَ فِيهَا شَيْئاً

❁ اسحاق بن عمار نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اور انہوں نے اپنے والد گرامی علیہ السلام سے روایت کیا ہے کہ آپ علیہ السلام کے والد گرامی (امام زین العابدین علیہ السلام) فرمایا کرتے تھے کہ اگر کوئی شخص کوئی مکان، زمین یا کشتی مستاجری پر لے اور پھر اس کی اس اجرت سے زیادہ کرایہ پر دے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے بشرطیکہ وہ اس میں کوئی اصلاح کرے۔ [5]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [6]

---

[1] الآراء الفقہیہ: ۳/۴۰۹؛ ماوراء الفقہ: ۴/۲۹۲؛ فقہ الصادقؑ: ۱۹/۹۶؛ شرح العروۃ: ۳۰/۲۸۳؛ مدارک العروۃ کتاب الاجارۃ: ۵۸۰؛ کتاب الاجارہ: ۲/۱۲۴

[2] مرآۃ العقول: ۱۹/۳۵۵؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۳۷۹

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۳۵ ح ۳۸۴۶؛ الکافی: ۵/۲۷۳ ح ۹؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۰۴ ح ۹۰۰؛ الوافی: ۱۸/۹۴۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۱۲۴ ح ۲۴۲۸۰؛ ہدایۃ الامۃ: ۶/۳۰۵

[4] مدارک العروۃ کتاب الاجارۃ: ۵۷۷؛ شرح العروۃ: ۳۰/۲۸۵؛ الانوار اللوامع: ۱۲/۱۳۶؛ روضۃ المتقین: ۷/۱۵۴

[5] تہذیب الاحکام: ۷/۲۲۳ ح ۹۷۴؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۱۲۹ ح ۲۴۲۹۲؛ الوافی: ۱۸/۹۴۳

[6] کتاب الاجارہ: ۲/۱۲۰؛ شرح العروۃ: ۳۰/۲۸۴؛ مدارک العروۃ کتاب الاجارہ: ۵۸۹

﴿ کرایہ کے متفرق مسائل ﴾

{2025} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ وَ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مَهْزِيَارَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدٍ الْهَمَذَانِيِّ وَ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّزَّازُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ إِبْرَاهِيمَ الْهَمَذَانِيِّ قَالَ: كَتَبْتُ إِلَى أَبِي الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ وَ سَأَلْتُهُ عَنِ امْرَأَةٍ آجَرَتْ ضَيْعَتَهَا عَشْرَ سِنِينَ عَلَى أَنْ تُعْطَى الْأُجْرَةَ فِي كُلِّ سَنَةٍ عِنْدَ انْقِضَائِهَا لاَ يُقَدَّمُ لَهَا شَيْءٌ مِنَ الْأُجْرَةِ مَا لَمْ يَمْضِ الْوَقْتُ فَمَاتَتْ قَبْلَ ثَلاَثِ سِنِينَ أَوْ بَعْدَهَا هَلْ يَجِبُ عَلَى وَرَثَتِهَا إِنْفَاذُ الْإِجَارَةِ إِلَى الْوَقْتِ أَمْ تَكُونُ الْإِجَارَةُ مُنْتَقِضَةً بِمَوْتِ الْمَرْأَةِ فَكَتَبَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ إِنْ كَانَ لَهَا وَقْتٌ مُسَمًّى لَمْ يَبْلُغْ فَمَاتَتْ فَلِوَرَثَتِهَا تِلْكَ الْإِجَارَةُ فَإِنْ لَمْ تَبْلُغْ ذَلِكَ الْوَقْتَ وَ بَلَغَتْ ثُلُثَهُ أَوْ نِصْفَهُ أَوْ شَيْئاً مِنْهُ فَيُعْطَى وَرَثَتُهَا بِقَدْرِ مَا بَلَغَتْ مِنْ ذَلِكَ الْوَقْتِ إِنْ شَاءَ اللَّهُ.

ابراہیم الہمذانی سے روایت ہے کہ میں نے امام ابوالحسن (علی نقی علیہ السلام) کو خط لکھا اور دریافت کیا کہ ایک عورت اپنی جائیداد کو دس سال کے لئے اجارہ پر دیتی ہے اس شرط پر کہ ہر ایک سال کے اختتام پر اجارہ (اجرت) لیا جائے گا اور اس سے قبل اجارہ نہیں لیا جائے پس تین سال سے قبل یا بعد عورت کی موت واقع ہو گئی تو کیا عورت کے ورثا پر مدت اجارہ کی تکمیل تک اجارہ کے معاہدہ کو برقرار و جاری رکھنا واجب ہے یا اس عورت کی موت سے اجارہ کا معاہدہ ختم ہو جائے گا؟

آپ علیہ السلام نے جواب میں لکھا کہ اگر مدت اجارہ معین کی گئی ہو اور مدت پوری ہونے سے قبل عورت کی موت واقع ہو گئی تو اس کے ورثا پر ہے کہ مدت اجارہ پوری کریں پس اگر مدت اجارہ پوری نہیں ہوئی تو مدت اجارہ کے ایک تہائی حصہ یا نصف حصہ یا کچھ مدت گزرنے کے بعد (عورت کی موت واقع ہوئی ہو) تو عورت کے ورثا کو اسی مدت کا اجارہ دیا جائے گا ان شا اللہ۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق ہے۔ [2]

{2026} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ صَفْوَانَ عَنِ الْعَلاَءِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَحَدِهِمَا عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ: أَنَّهُ سُئِلَ عَنِ الرَّجُلِ يَتَقَبَّلُ بِالْعَمَلِ فَلاَ يَعْمَلُ فِيهِ وَ يَدْفَعُهُ إِلَى

---

[1] الکافی: ۵/۲۷۰ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۰۷ ح ۹۱۲؛ الوافی: ۱۸/۷۰۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۱۳۶ ح ۲۴۳۱۱

[2] مرآۃ العقول: ۱۹/۳۵۲؛ جواہر الکلام: ۲۷/۲۰۸؛ الانوار اللوامع: ۱۲/۱۰۷؛ تفصیل الشریعہ: ۱/۹۱؛ فقہ الصادقؑ: ۱۹/۷۶؛ مستمسک العروۃ: ۱۲/۳۴

آخَرَ فَيَرْبَحُ فِيهِ قَالَ لاَ إِلاَّ أَنْ يَكُونَ قَدْ عَمِلَ فِيهِ شَيْئاً.

۞ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ امامین علیہ السلام میں سے ایک امام علیہ السلام سے سوال کیا گیا کہ ایک شخص کوئی اجرت پر لیتا ہے اور وہ کسی دوسرے شخص کے حوالے کر دیتا ہے اور نفع کماتا ہے (تو کیا یہ جائز ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں (جائز نہیں ہے) مگر یہ کہ وہ اس میں کچھ کام کرے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2027} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ نُعَيْمٍ عَنْ أَبِي الْحَسَنِ مُوسَى بْنِ جَعْفَرٍ عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ جَعَلَ سُكْنَى دَارِهِ لِرَجُلٍ أَيَّامَ حَيَاتِهِ أَوْ جَعَلَهَا لَهُ وَ لِعَقِبِهِ مِنْ بَعْدِهِ قَالَ هِيَ لَهُ وَ لِعَقِبِهِ كَمَا شَرَطَ قُلْتُ فَإِنِ احْتَاجَ إِلَى بَيْعِهَا يَبِيعُهَا قَالَ نَعَمْ قُلْتُ فَيَنْقُضُ بَيْعُهُ الدَّارَ السُّكْنَى قَالَ لاَ يَنْقُضُ الْبَيْعُ السُّكْنَى كَذَلِكَ سَمِعْتُ أَبِي عَلَيْهِ السَّلاَمُ يَقُولُ قَالَ أَبُو جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ لاَ يَنْقُضُ الْبَيْعُ الْإِجَارَةَ وَ لاَ السُّكْنَى وَ لَكِنَّهُ يَبِيعُهُ عَلَى أَنَّ الَّذِي يَشْتَرِيهِ لاَ يَمْلِكُ مَا اشْتَرَى حَتَّى يَنْقَضِيَ السُّكْنَى عَلَى مَا شَرَطَ وَ الْإِجَارَةُ قُلْتُ فَإِنْ رَدَّ عَلَى الْمُسْتَأْجِرِ مَالَهُ وَ جَمِيعَ مَا لَزِمَهُ فِي النَّفَقَةِ وَ الْعِمَارَةِ فِيمَا اسْتَأْجَرَ قَالَ عَلَى طِيبَةِ النَّفْسِ وَ رِضَا الْمُسْتَأْجِرِ بِذَلِكَ لاَ بَأْسَ.

۞ حسین بن نعیم سے روایت ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے اپنا گھر ایک آدمی کو تا حیات اس کو اور اس کے بعد اس کی اولاد کو سکونت (اجارہ) پر دیا (تو کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس کو اور اس کی اولاد کو شرط معاہدہ کے مطابق اس میں سکونت کا حق حاصل ہے۔

میں نے عرض کیا: اگر مالک کو مکان کے فروخت کرنے کی ضرورت پیش آئے تو کیا وہ فروخت کر سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں

(پھر پوچھا کہ) فروخت کرنے کی وجہ سے سکونت کا معاہدہ ختم ہو جائے گا (یا نہیں)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: فروخت کرنے کی وجہ سے سکونت (اجارہ) کا معاہدہ ختم نہیں ہوتا چنانچہ میں نے اپنے والد بزرگوار سے سنا کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ بیع اور فروخت نہ کرایہ داری کو ختم کرتا ہے اور نہ سکنی کو لیکن فروخت کرے تو اس شرط پر کہ وہ خریدار اس کا مالک (قابض) اس وقت ہو گا جب سکنی اور اجارہ دار کا معاہدہ ختم ہو جائے گا۔

---

[1] الکافی: ۲۷۵/۵ ح ۱؛ الوافی: ۹۴۹/۱۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۳۲/۱۹ ح ۲۴۲۹۹ و ۱۹۱/۲۳ ح ۲۹۴۹۳؛ تہذیب الاحکام: ۲۱۰/۷ ح

[2] مرآۃ العقول: ۵۸/۱۹؛ مدارک العروہ کتاب الاجارۃ: ۲۰۳؛ جواہر الکلام: ۳۱۸/۲۷؛ کتاب الاجارۃ: ۲۲/۲؛ ماوراء الفقہ: ۹۲/۴؛ فقہ الصادقؑ: ۱۰۱/۱۹؛ الانوار اللوامع: ۱۴۰/۱۲؛ النجعہ: ۱۲۸/۸؛ تفصیل الشریعہ: ۳۸۳/۱۸

میں نے عرض کیا: اور اگر کرایہ دار کو اس کی رقم اور جو کچھ اس نے اس کی تعمیر وغیرہ پر خرچ کیا ہے واپس کر دے تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر وہ چاہتا ہے اور کرایہ دار اس پر راضی ہو جاتا ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن کالصحیح یا حسن ہے۔ [2]

{2028} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ تَسْتَأْجِرِ الْأَرْضَ بِالتَّمْرِ وَ لاَ بِالْحِنْطَةِ وَ لاَ بِالشَّعِيرِ وَ لاَ بِالْأَرْبِعَاءِ وَ لاَ بِالنِّطَافِ قُلْتُ وَ مَا الْأَرْبِعَاءُ قَالَ الشِّرْبُ وَ النِّطَافُ فَضْلُ الْمَاءِ وَ لَكِنْ تَقَبَّلْهَا بِالذَّهَبِ وَ الْفِضَّةِ وَ النِّصْفِ وَ الثُّلُثِ وَ الرُّبُعِ.

ابو بصیر سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: کھجور، گندم، جو، اربعا اور نطاف کے عوض زمین اجارہ پر نہ دو۔

میں نے عرض کیا: یہ اربعا (اور نطاف) سے کیا مراد ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: (اربعا سے مراد) پانی پلانا اور نطاف سے مراد پانی کا منافع ہے۔

البتہ سونے اور چاندی اور (حاصل سے) نصف، ثلث اور چوتھائی پر دو۔ [3]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [4]

{2029} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ غِيَاثِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: أَنَّ أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ صَلَوَاتُ اللَّهِ عَلَيْهِ أُتِيَ بِصَاحِبِ حَمَّامٍ وُضِعَتْ عِنْدَهُ الثِّيَابُ فَضَاعَتْ فَلَمْ يُضَمِّنْهُ وَ قَالَ إِنَّمَا هُوَ أَمِينٌ.

غیاث بن ابراہیم سے روایت ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام کے پاس ایک حمام والے کو لایا گیا جس کے پاس کپڑے رکھے گئے تھے اور وہ ضائع ہو گئے تھے مگر آپ علیہ السلام نے اسے ضامن نہیں ٹھہرایا اور فرمایا کہ وہ (تو صرف) امین ہے (جو بغیر کوتاہی

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۲۵۱ ح ۵۵۹۵؛ الکافی: ۷/ ۸ ۳ ح ۸ ۳؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۱۳۱ ح ۵۹۳؛ الاستبصار: ۳/ ۱۰۳ ح ۹۹ ۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/ ۳۵ ح ۲۴۳۰۸؛ الوافی: ۱۰/ ۵۳۱

[2] فقہ الصادقؑ: ۲۰/ ۲۷ ۳؛ دراسات من الفقہ الجعفری: ۳/ ۸۹ ۲؛ ارث والطالب: ۳/ ۵۶ ۱؛ مصباح الفقاہہ: ۵/ ۲۳۶؛ روضۃ المتقین: ۱۱/ ۸۸؛ مرآۃ العقول: ۲۳/ ۹۵؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۳۲۳

[3] الکافی: ۵/ ۲۶۴ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۱۹۵ ح ۸۶۲؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۲۴۶ ح ۸۹۵ ۳؛ الوافی: ۱۸/ ۱۰۲۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/ ۸ ۱۳ ح ۲۴۳۱۲؛ الاستبصار: ۳/ ۱۲۸ ح ۵۸ ۴؛ معانی الاخبار: ۱۶۲؛ بحار الانوار: ۱۰۰/ ۱۶۷

[4] مرآۃ العقول: ۵/ ۲۶۳؛ تفصیل الشریعہ: ۱۸/ ۵۴۴؛ روضۃ المتقین: ۷/ ۱۸۸

کے ضائع شدہ مال کا ضامن نہیں ہوتا)۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق کالصحیح یا موثق یا معتبر ہے۔ [2]

{2030} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سُئِلَ عَنِ الْقَصَّارِ يُفْسِدُ قَالَ كُلُّ أَجِيرٍ يُعْطَى الْأَجْرَ عَلَى أَنْ يُصْلِحَ فَيُفْسِدُ فَهُوَ ضَامِنٌ.

❁ حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ دھوبی کپڑا خراب کر دیتا ہے تو (کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہر مزدور جسے کسی چیز کی اصلاح کے لئے مزدور بنایا جائے اور وہ الٹا اسے خراب کر دے تو وہ ضامن ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [4]

{2031} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ مُوسَى عَنْ يُونُسَ مَوْلَى عَلِيِّ بْنِ يَقْطِينٍ عَنِ ابْنِ مُسْكَانَ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ:)لاَ يُضَمَّنُ الصَّائِغُ وَ لاَ الْقَصَّارُ وَ لاَ الْحَائِكُ إِلاَّ أَنْ يَكُونُوا مُتَّهَمِينَ فَيُخَوَّفُ بِالْبَيِّنَةِ وَ يُسْتَحْلَفُ لَعَلَّهُ يَسْتَخْرِجُ مِنْهُ شَيْئاً (وَفِي رَجُلٍ اسْتَأْجَرَ جَمَّالاً فَكَسَرَ الَّذِي يَحْمِلُ أَوْ يُهَرِيقُهُ فَقَالَ)عَلَى نَحْوٍ مِنَ الْعَامِلِ إِنْ كَانَ مَأْمُوناً فَلَيْسَ عَلَيْهِ شَيْءٌ وَ إِنْ كَانَ غَيْرَ مَأْمُونٍ فَهُوَ ضَامِنٌ(.

❁ ابوبصیر سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: سنار، دھوبی اور جولاہا (مال کی تلفی کی صورت میں) ضامن نہیں ہیں مگر یہ کہ وہ متہم (ناقابل اعتبار) ہوں پس اس صورت میں انہیں گواہوں کے ذریعے ڈرایا جائے اور ان سے حلف لیا جائے شاید ان سے کچھ نکل آئے۔

نیز آپ علیہ السلام نے اس شتربان کے بارے میں فرمایا جسے کچھ سامان اٹھانے کے متعلق مزدور بنایا گیا اور اس نے وہ مال

---

[1] الکافی: ۲۴۲/۵ ح ۸؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۲۵۷/۳ ح ۳۹۲۹؛ تہذیب الاحکام: ۲۱۸/۷ ح ۹۵۴؛ وسائل الشیعہ: ۱۴۹/۱۹ ح ۲۴۳۱۳؛ الوافی: ۹۱۹/۱۸

[2] روضۃ المتقین: ۲۲۱/۷؛ الانوار اللوامع: ۱۸۳/۱۲؛ مراۃ العقول: ۲۹۸/۱۹؛ کتاب الاجارہ: ۹۵/۲؛ ھدی الطالب: ۱۸۹/۳؛ موسوعہ الفقہ الاسلامی: ۳۰۶/۴؛ المبسوط فی فقہ المسائل الطبیہ: ۵۲/۲؛ ملاذ الاخیار: ۴۱۶/۱۱

[3] الکافی: ۲۴۱/۵ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۲۱۹/۷ ح ۹۵۵؛ وسائل الشیعہ: ۱۴۱/۱۹ ح ۲۴۳۱۷؛ الفصول المہمہ: ۳۰۱/۲؛ الوافی: ۹۰۵/۱۸

[4] المبسوط فی فقہ المسائل الطبیہ: ۵/۲؛ موسوعہ الفقہ: ۲۲۳/۳؛ تفصیل الشریعہ: ۹۲۰/۱۸؛ مراۃ العقول: ۲۹۵/۱۹؛ ملاذ الاخیار: ۴۱۷/۱۱

توڑ دیا یا انڈیل دیا؟ تو اگر وہ امین ہے تو ضامن نہیں ہے اور اگر امین نہیں ہے تو ضامن ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2032} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي جَمَّالٍ يَحْمِلُ مَعَهُ الزَّيْتَ فَيَقُولُ قَدْ ذَهَبَ أَوْ أُهْرِقَ أَوْ قُطِعَ عَلَيْهِ الطَّرِيقُ فَإِنْ جَاءَ عَلَيْهِ بِبَيِّنَةٍ عَادِلَةٍ أَنَّهُ قُطِعَ عَلَيْهِ أَوْ ذَهَبَ فَلَيْسَ عَلَيْهِ شَيْءٌ وَإِلاَّ ضَمِنَ وَفِي رَجُلٍ حَمَلَ مَعَهُ رَجُلٌ فِي سَفِينَتِهِ طَعَاماً فَنَقَصَ قَالَ هُوَ ضَامِنٌ قُلْتُ لَهُ إِنَّهُ رُبَّمَا زَادَ قَالَ تَعْلَمُ أَنَّهُ زَادَ فِيهِ شَيْئاً قُلْتُ لاَ قَالَ هُوَ لَكَ.

✪ حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے اس شخص کے بارے میں فرمایا جو شتربان ہے اور اپنے ساتھ کسی کا تیل لاد کے لے جاتا ہے اور پھر کہتا ہے کہ وہ جاتا رہا یا راستہ میں ڈاکہ پڑ گیا تو اگر اس کے پاس عادل گواہ ہیں کہ واقعتاً ڈاکہ پڑ گیا یا جاتا رہا تو اس پر کچھ نہیں ورنہ ضامن ہوگا۔

اور آپ علیہ السلام نے ایسے شخص کے متعلق فرمایا جس کی کشتی پر کسی آدمی نے اناج لادا اور وہ کم ہوگیا تو وہ اس کا ضامن ہے۔

میں نے عرض کیا: وہ کبھی زیادہ بھی ہو جاتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: تمہیں معلوم ہے کہ اس میں کچھ زیادہ ہے۔

میں نے عرض کیا: نہیں۔

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ تمہارا ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

قول مؤلف:

اور اسی سلسلے میں وہ حدیث بھی ہے جسے شیخ صدوق نے نقل کیا ہے چنانچہ محمد طیار سے روایت ہے کہ میں ایک مرتبہ مدینہ میں وارد ہوا اور گھر کرایہ پر لینے کے لئے تلاش کیا چنانچہ ایک گھر میں دو حجرے تھے اور ان دونوں کے درمیان ایک دروازہ لگا

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/۲۱۸ ح ۹۵۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۵۷ ح ۳۹۲۸ و ۳۲۳؛ الوافی: ۱۸/۹۱۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۱۴۴ ح ۲۴۳۲۷؛ ہدایۃ الامہ: ۶/۳۰۹

[2] ملاذ الاخیار: ۱۱/۴۱۳؛ موسوعۃ الفقہ الاسلامی: ۳/۲۴۳؛ شرح العروۃ: ۳۰/۳۴۳؛ مدارک العروۃ کتاب الاجارۃ: ۲۹۳؛ کتاب الاجارۃ: ۲/۵۲۳؛ روضۃ المتقین: ۷/۲۲۱

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۵۴ ح ۳۹۲۰؛ الوافی: ۱۸/۹۱۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۱۵۳ ح ۲۴۳۵۵ و ۲۴۳۱۹ ح ۲۴۳۴۱

[4] روضۃ المتقین: ۷/۲۱۷؛ الانوار اللوامع: ۱۲/۱۸۳

ہوا تھا اور اس میں ایک عورت رہتی تھی۔ اس نے پوچھا کہ تم یہ کرائے پر لو گے؟

میں نے کہا: مگر ان دونوں کے درمیان ایک دروازہ ہے اور میں جوان آدمی ہوں۔

اس نے کہا: میں دروازہ بند کر لوں گی۔

چنانچہ میں نے اس حجرے میں اپنا سامان منتقل کیا اور اب اس سے کہا کہ دروازہ بند کر لو۔

اس عورت نے کہا: چونکہ اس دروازہ سے ہوا آتی ہے لہٰذا اسے کھلا ہی چھوڑ دو۔

میں نے کہا نہیں میں بھی جوان ہوں اور تم بھی لہٰذا اسے بند کر لو۔ اس نے کہا: تم اپنے حجرے میں بیٹھو میں تمہارے پاس نہیں آؤں گی اور نہ قریب ہوں گی پس یہ کہ کر اس نے دروازہ بند کرنے سے انکار کر دیا۔ پھر میں امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس کے بارے پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہاں سے منتقل ہو جاؤ کیونکہ جب ایک مرد اور ایک عورت گھر میں تنہا ہیں تو ان کے ساتھ تیسرا شیطان رہتا ہے؟[1] (واللہ اعلم)

{2033} عَلِيُّ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ أَخِيهِ مُوسَى بْنِ جَعْفَرٍ عَلَيْهِمَا اَلسَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ اِسْتَأْجَرَ دَابَّةً فَوَقَعَتْ فِي بِئْرٍ فَانْكَسَرَتْ مَا عَلَيْهِ قَالَ هُوَ ضَامِنٌ إِنْ كَانَ لَمْ يَسْتَوْثِقْ مِنْهَا فَإِنْ أَقَامَ اَلْبَيِّنَةَ أَنَّهُ رَبَطَهَا فَاسْتَوْثَقَ مِنْهَا فَلَيْسَ عَلَيْهِ شَيْءٌ.

❂ علی بن جعفر علیہ السلام سے روایت ہے کہ میں نے اپنے بھائی امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص کسی آدمی سے جانور (گھوڑا یا گدھا وغیرہ) کرائے پر لے گیا پس وہ کنویں میں گر گیا اور (اس کا کوئی عضو) ٹوٹ گیا تو اس پر کیا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر اس نے اسے باندھا نہیں تھا تو پھر وہ ضامن ہے لیکن اگر وہ بینہ پیش کر دے کہ اس نے اسے باندھا تھا (مگر پھر بھی وہ گر گیا) تو پھر اس پر کچھ نہیں ہے۔[2]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[3]

{2034} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ عَنِ اَلْعَبَّاسِ بْنِ مَعْرُوفٍ عَنْ أَبِي شُعَيْبٍ اَلْمَحَامِلِيِّ اَلرِّفَاعِيِّ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ قَبَّلَ رَجُلاً عَنْ حَفْرِ بِئْرٍ عَشْرَ قَامَاتٍ بِعَشَرَةِ دَرَاهِمَ فَحَفَرَ قَامَةً ثُمَّ عَجَزَ عَنْهَا فَقَالَ لَهُ جُزْءٌ مِنْ خَمْسَةٍ وَ خَمْسِينَ جُزْءاً مِنَ اَلْعَشَرَةِ دَرَاهِمَ.

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۵۲ ح ۳۹۱۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۱۵۴ ح ۲۴۳۶۰؛ الوافی: ۲۲/۸۷۱

[2] مسائل علی بن جعفرؑ: ۱۹۶؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۱۵۶ ح ۲۴۳۶۰؛ بحار الانوار: ۱۰/۲۸۲

[3] المبسوط فی فقہ المسائل الطبیہ: ۲/۶۷

❁ ابو شعیب المحاملی الرفاعی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے سوال کیا کہ ایک شخص نے ایک آدمی کو دس درہم کے عوض دس قامت کنواں کھودنے کے لئے مزدور بنایا مگر وہ ایک قامت کھود کر عاجز ہو گیا (تو کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اسے دس درہم کے پچپن اجزا میں سے ایک جز دیا جائے گا۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [2]

{2035} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ اَلْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ عَبْدِ اَلرَّحْمَنِ بْنِ اَلْحَجَّاجِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَقْطِينٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا اَلْحَسَنِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ عَنِ اَلرَّجُلِ يَتَكَارَى مِنَ اَلرَّجُلِ اَلْبَيْتَ وَ اَلسَّفِينَةَ سَنَةً أَوْ أَكْثَرَ مِنْ ذَلِكَ أَوْ أَقَلَّ فَقَالَ)اَلْكِرَاءُ لاَزِمٌ لَهُ إِلَى اَلْوَقْتِ اَلَّذِي تَكَارَى إِلَيْهِ وَ اَلْخِيَارُ فِي أَخْذِ اَلْكِرَاءِ إِلَى رَبِّهَا إِنْ شَاءَ أَخَذَ وَإِنْ شَاءَ تَرَكَ(.

❁ علی بن یقطین سے روایت ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص کسی گھر یا کشتی کو ایک سال یا اس سے کم و بیش مدت کے لئے کرائے پر لیتا ہے (تو کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جس وقت تک کرائے پر لیا ہے تب تک کا کرایہ اس پر لازم ہے البتہ کرایہ لینے کا حق مالک کو ہے اگر وہ چاہے تو لے اور اگر چاہے تو چھوڑ دے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

﴿جعالہ کے احکام﴾

قول مؤلف:

---

[1] الکافی: ۲۲۳/۷ ح ۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۵۹/۱۹ ح ۲۴۳۶۵؛ الوافی: ۱۱۱۰/۱۶؛ تہذیب الاحکام: ۲۸۷/۶ ح ۷۹۳؛ بحار الانوار: ۲۹/۱۰۰؛ المناقب ابن شہر آشوب: ۲۵۴/۴

[2] مرآۃ العقول: ۲۹۲/۲۴

[3] تہذیب الاحکام: ۲۰۹/۷ ح ۹۲۰ و ۲۱۰ ح ۹۲۲؛ الکافی: ۲۹۲/۵ ح ۲ و ۲؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۲۵۱/۳ ح ۳۹۱۰؛ الوافی: ۹۳۷/۱۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۱۰/۱۹ ح ۲۴۲۵۹؛ ھدایۃ الامہ: ۳۰۰/۶

[4] ملاذ الاخیار: ۱۱۵۹۳/و ۹۶؛ تذکرۃ الفقہاء: ۲۱۹/۱۸؛ شرح مکاسب: ۲۱۳/۴؛ الانوار اللوامع: ۱۲۳/۱۲؛ ارشاد الطالب: ۵۵/۲؛ تفصیل الشریعہ: ۱۳۱/۱۸؛ مرآۃ العقول: ۳۹۳/۱۹

جعالہ سے مراد یہ ہے کہ انسان وعدہ کرے کہ ایک کام اس کے لئے انجام دیا جائے گا تو وہ اس کے بدلے کچھ مال بطور انعام دے گا مثلاً یہ کہے کہ جو اس کی گمشدہ چیز برآمد کرے گا وہ اسے دس روپے (انعام) دے گا تو جو شخص اس قسم کا وعدہ کرے اسے جاعل اور جو شخص وہ کام انجام دے اسے عامل کہتے ہیں۔ اجارے اور جعالے میں بعض لحاظ سے فرق ہے۔ ان میں سے ایک یہ ہے کہ اجارے میں صیغہ پڑھنے کے بعد اجیر کے لئے ضروری ہے کہ کام انجام دے اور جس نے اسے اجیر بنایا ہو وہ اجرت کے لئے اس کا مقروض ہو جاتا ہے لیکن جعالہ میں اگرچہ عامل ایک معین شخص ہوتا ہم ہو سکتا ہے کہ وہ کام میں مشغول نہ ہو پس جب تک وہ کام انجام نہ دے جاعل اس کا مقروض نہیں ہوتا۔ [1]

{2036} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنِ الْعَمْرَكِيِّ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ أَخِيهِ أَبِي الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ جُعْلِ الْآبِقِ وَ الضَّالَّةِ قَالَ لاَ بَأْسَ بِهِ.

علی بن جعفر علیہ السلام سے روایت ہے کہ میں نے اپنے بھائی امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ کیا بھگوڑے غلام یا گمشدہ مال پر انعام مقرر کرنا جائز ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [3]

{2037} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ فَضَّالٍ عَنِ ابْنِ بُكَيْرٍ عَنْ زُرَارَةَ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ كَسْبِ الْحَجَّامِ فَقَالَ مَكْرُوهٌ لَهُ أَنْ يُشَارِطَ وَ لاَ بَأْسَ عَلَيْكَ أَنْ تُشَارِطَهُ وَ تُمَاكِسَهُ وَ إِنَّمَا يُكْرَهُ لَهُ وَ لاَ بَأْسَ عَلَيْكَ.

زرارہ سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے حجام کے کسب کے باب میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر وہ مک مکا کرے تو اس کے لئے مکروہ ہے لیکن اگر تم مک مکا کرو اور (اجرت میں کمی کے لئے) حیل و حجت کرو تو مکروہ نہیں ہے۔ یہ صرف اس کے لئے مکروہ ہے تمہارے لیے کوئی حرج نہیں ہے۔ [4]

---

[1] توضیح المسائل آقا سیستانی: ۳۳۲ ف ۲۱۷۷

[2] الکافی: ۶/ ۲۰۱ ح ۹؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۲۹۲ ح ۴۰۶۰؛ تہذیب الاحکام: ۶/ ۳۹۶ ح ۲۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/ ۱۸۹ ح ۲۹۳۴۶؛ قرب الاسناد: ۲۹۵؛ بحار الانوار: ۱۰۰/ ۸۰؛ الوافی: ۱۷/ ۴۰۵

[3] مرآۃ العقول: ۲۱/ ۳۳۳؛ انوار اللوامع: ۱۲/ ۹۶؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/ ۴۹۲

[4] الکافی: ۵/ ۱۱۶ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۶/ ۳۵۵ ح ۱۰۱۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/ ۱۹۰ ح ۲۹۳۴۷؛ الاستبصار: ۳/ ۵۹ ح ۳؛ الوافی: ۱۷/ ۱۹۲

تحقیق:

حدیث موثق کالصحیح یا موثق ہے۔ (۱)

{2038} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ صَفْوَانَ عَنِ الْعَلاَءِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَحَدِهِمَا عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ: أَنَّهُ سُئِلَ عَنِ الرَّجُلِ يَتَقَبَّلُ بِالْعَمَلِ فَلاَ يَعْمَلُ فِيهِ وَ يَدْفَعُهُ إِلَى آخَرَ فَيَرْبَحُ فِيهِ قَالَ لاَ إِلاَّ أَنْ يَكُونَ قَدْ عَمِلَ فِيهِ شَيْئاً.

محمد بن مسلم نے امامین علیہ السلام میں سے ایک امام علیہ السلام سے اس شخص کے متعلق روایت کیا ہے جو (مخصوص اجرت پر) کوئی کام کرنا قبول کرتا ہے لیکن پھر وہ کام خود نہیں کرتا اور کسی دوسرے کو نفع پر دے دیتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں مگر یہ کہ اس نے اس میں کچھ کام کیا ہو۔ (۲)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (۳)

{2039} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ يُوسُفَ بْنِ عَقِيلٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: قَضَى أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ فِي رَجُلٍ أَكَلَ وَ أَصْحَابٌ لَهُ شَاةً فَقَالَ إِنْ أَكَلْتُمُوهَا فَهِيَ لَكُمْ وَ إِنْ لَمْ تَأْكُلُوهَا فَعَلَيْكُمْ كَذَا وَ كَذَا فَقَضَى فِيهِ أَنَّ ذَلِكَ بَاطِلٌ لاَ شَيْءَ فِي الْمُؤَاكَلَةِ مِنَ الطَّعَامِ مَا قَلَّ مِنْهُ وَ مَا كَثُرَ وَ مَنَعَ غَرَامَتَهُ فِيهِ.

محمد بن قیس سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: امیر المومنین علیہ السلام کے عہد میں کچھ لوگوں نے کچھ لوگوں سے کہا کہ اگر تم یہ بکری کھا جاؤ تو یہ تمہاری ہے اور اگر نہ کھا سکے تو تمہیں اتنا اتنا تاوان ادا کرنا پڑے گا چنانچہ وہ کھا گئے تو امیر المومنین علیہ السلام نے یہ فیصلہ فرمایا کہ کھانے کے سلسلے میں یہ معاملہ باطل ہے چاہے کم ہو یا زیادہ اور اس سلسلے میں تاوان لینے کی بھی ممانعت فرمائی۔ (۴)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (۵)

---

(۱) مرآۃ العقول: ۱۹/ ۵۷؛ الانوار اللوامع: ۱۱/ ۷۷؛ سداد العباد: ۵۰۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/ ۳۲۹

(۲) الکافی: ۵/ ۲۷۳ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۲۱۰ ح ۹۲۴؛ الوافی: ۱۸/ ۹۳۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/ ۱۳۲ ح ۲۴۲۹۹ و ۲۳/ ۱۹۱ ح ۲۹۳۳۹؛ ھدایۃ الامہ: ۶/ ۳۰۷

(۳) مرآۃ العقول: ۱۹/ ۵۸؛ مدارک العروۃ کتاب الاجارہ: ۴۰۳؛ جواہر الکلام: ۲۷/ ۱۸۳؛ فقہ الصادقؑ: ۱۹/ ۱۰۱؛ الانوار اللوامع: ۱۲/ ۴۰؛ الجعہ: ۸/ ۱۲۸؛ تفصیل الشریعہ: ۱۸/ ۸۳؛ کتاب الاجارہ: ۲/ ۱۲۲

(۴) الکافی: ۷/ ۴۲۸ ح ۱۱؛ تہذیب الاحکام: ۶/ ۲۹۰ ح ۸۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/ ۱۹۲ ح ۲۹۳۵۰

(۵) مرآۃ العقول: ۲۴/ ۳۰۰؛ الآراء الفقہیہ: ۳/ ۲۱؛ فقہ الصادقؑ: ۱۹/ ۲۳۸؛ المسائل المستحدثہ: ۳۲۸

{2040} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ وَ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سِنَانٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي: سَأَلَ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ وَ أَنَا أَسْمَعُ فَقَالَ لَهُ رُبَّمَا أَمَرْنَا الرَّجُلَ فَيَشْتَرِي لَنَا الْأَرْضَ وَ الدَّارَ وَ الْغُلاَمَ وَ الْجَارِيَةَ وَ نَجْعَلُ لَهُ جُعْلاً قَالَ لاَ بَأْسَ.

۞ عبداللہ بن سنان سے روایت ہے کہ میں نے اپنے والد کو امام جعفر صادق علیہ السلام سے یہ سوال کرتے ہوئے سنا جبکہ میں وہاں موجود تھا کہ بعض اوقات ہم ایک شخص کو حکم دیتے ہیں کہ وہ ہمارے لئے زمین، گھر، غلام یا کنیز خریدے اور پھر اسے کچھ رقم بطور انعام مقرر کر کے دیتے ہیں تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: کوئی حرج نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

قول مؤلف:

اس طرح کی دیگر احادیث قبل ازیں اجارہ کے احکام میں گزر چکی ہیں اور کچھ آئندہ گزریں گی انشاءاللہ (واللہ اعلم)۔

﴿مزارعہ کے احکام﴾

قول مؤلف:

مزارعہ سے مراد یہ ہے کہ (زمین کا) مالک کاشتکار (مزارع) سے معاہدہ کر کے اپنی زمین اس کے اختیار میں دے تا کہ وہ اس میں کاشتکاری کرے اور پیداوار کا کچھ حصہ مالک کو دے۔ [3]

{2041} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ النُّعْمَانِ عَنِ ابْنِ مُسْكَانَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ خَالِدٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الرَّجُلِ يَزْرَعُ أَرْضَ آخَرَ فَيَشْتَرِطُ لِلْبَذْرِ ثُلُثاً وَ لِلْبَقَرِ ثُلُثاً قَالَ لاَ يَنْبَغِي أَنْ يُسَمِّيَ بَذْراً وَ لاَ بَقَراً فَإِنَّمَا يُحَرِّمُ الْكَلاَمُ.

۞ سلیمان بن خالد سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص مزارعت پر دوسرے شخص کی زمین لیتا ہے اور ایک تہائی بیج کے لئے اور ایک تہائی بیل (گائے) کے لئے شروط کرتا ہے (تو کیا یہ درست ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اسے بیج اور بیل (گائے) کا نام نہیں لینا چاہئے کیونکہ کلام ہی (کسی معاملہ کو) حرام کرتا ہے۔ [4]

---

[1] الکافی: ۵/۵۸۵ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۵۶ح ۶۸۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/۱۹۱ح ۲۹۳۵۰؛ الوافی: ۱۷/۴۰۳

[2] مرآۃ العقول: ۱۹/۸۱/۳؛ الانوار اللوامع: ۱۲/۱۹۶؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۲۶۰

[3] توضیح المسائل آغا سیستانی: ۴۳۴ ف ۲۱۸۷

[4] تہذیب الاحکام: ۷/۱۹۷ح ۸۷۳؛ الکافی: ۵/۲۶۷ح ۲؛ الوافی: ۱۸/۱۰۲۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۴۱ح ۲۴۱۱۰

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (1)

{2042} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ تُقَبِّلِ الْأَرْضَ بِحِنْطَةٍ مُسَمَّاةٍ وَلَكِنْ بِالنِّصْفِ وَالثُّلُثِ وَالرُّبُعِ وَالْخُمُسِ لاَ بَأْسَ بِهِ وَقَالَ لاَ بَأْسَ بِالْمُزَارَعَةِ بِالثُّلُثِ وَالرُّبُعِ وَالْخُمُسِ.

حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: زمین مخصوص مقدار گندم پر بٹائی پر نہ دی جائے بلکہ نصف، تہائی، چوتھائی یا پانچویں حصہ پر دی جائے۔

نیز فرمایا: ایک تہائی، ایک چوتھائی اور پانچویں حصہ پر بٹائی پر زمین دینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ (2)

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے (3)

{2043} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ مُزَارَعَةِ أَهْلِ الْخَرَاجِ بِالرُّبُعِ وَالثُّلُثِ وَالنِّصْفِ فَقَالَ لاَ بَأْسَ قَدْ قَبَّلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ أَهْلَ خَيْبَرَ أَعْطَاهَا الْيَهُودَ حِينَ فُتِحَتْ عَلَيْهِ بِالْخَبْرِ وَالْخَبْرُ هُوَ النِّصْفُ.

حلبی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اہل اخراج کی چوتھائی، تہائی اور نصف پر مزارعت کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: کوئی حرج نہیں ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فتح خیبر کے بعد خیبر کے یہودیوں کو اس کی زمین نصف بٹائی پر دے دی تھی۔ (4)

تحقیق: حدیث صحیح ہے۔ (5)

{2044} عَلِيُّ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ أَخِيهِ مُوسَى بْنِ جَعْفَرٍ عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الرَّجُلِ يُعْطَى الْأَرْضَ عَلَى أَنْ يَعْمُرَهَا وَيَكْرِيَ أَنْهَارَهَا بِشَيْءٍ مَعْلُومٍ قَالَ لاَ بَأْسَ.

---

(1) ملاذ الاخیار: ۱۱/۲۹۵؛ بحوث فی الفقہ الزراعی: ۴۳؛ الانوار اللوامع: ۱۲/۸۳؛ شرح العروۃ: ۳۱/۱۵؛ مراۃ العقول: ۱۹/۳۴۵

(2) الکافی: ۵/۲۶۷ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۹۷ ح ۸۷۱؛ الاستبصار: ۳/۱۲۸ ح ۴۵۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۴۱ ح ۲۴۱۰۹؛ الوافی: ۱۸/۱۰۲۰

(3) تفصیل الشریعہ: ۱۹/۴۲؛ مستمسک العروۃ: ۱۳/۵۵؛ شرح العروۃ: ۳۱/۲۲۶؛ مبانی العروۃ: ۳/۸۷؛ بحوث فی الفقہ: ۴۳؛ فقہ المعارف: ۷/۲۳؛ کتاب الاجارہ: ۲/۹۴؛ الانوار اللوامع: ۱۲/۸۴؛ کلمۃ التقویٰ: ۵/۲۴۶؛ مراۃ العقول: ۱۹/۳۴۵؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۲۹۵

(4) من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۵۰ ح ۳۹۰۴؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۰۱ ح ۸۸۸؛ الوافی: ۱۸/۱۰۳۰؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۴۲ ح ۲۴۱۱۴

(5) روضۃ المتقین: ۷/۲۰۰؛ بحوث فی الفقہ الزراعی: ۲۰۹؛ فقہ المعارف: ۸/۲۳؛ مستمسک العروۃ: ۱۳/۹۳؛ جواہر الکلام: ۲۷/۵؛ رسائل المیرزا قمی: ۲۶۰؛ الانوار اللوامع: ۱۲/۸۷؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۳۷۹

❂ علی بن جعفر علیہ السلام سے روایت ہے کہ میں نے اپنے بھائی امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص اپنی (بنجر) زمین کسی کو آباد کرنے کے لئے دیتا ہے اور اس کی نہروں کو کسی مخصوص معاوضہ کے عوض کرایہ پر دے دیتا ہے (تو کیا یہ درست ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کوئی حرج نہیں ہے۔ (1)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (2)

{2045} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ: الْقَبَالَةُ أَنْ تَأْتِيَ الْأَرْضَ الْخَرِبَةَ فَتَتَقَبَّلَهَا مِنْ أَهْلِهَا عِشْرِينَ سَنَةً أَوْ أَقَلَّ مِنْ ذَلِكَ أَوْ أَكْثَرَ فَتَعْمُرَهَا وَتُؤَدِّيَ مَا خَرَجَ عَلَيْهَا فَلاَ بَأْسَ بِهِ.

❂ حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: قبالہ (پٹہ) یہ ہے کہ تم بنجر (غیر آباد) زمین اس کے مالکوں سے بیس سال یا کم یا زیادہ پر لو اور اسے آباد کرو اور اس کا خراج تم ادا کرو تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ (3)

تحقیق:

حدیث حسن یا صحیح ہے۔ (4)

{2046} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عِيسَى عَنْ سَمَاعَةَ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ مُزَارَعَةِ الْمُسْلِمِ الْمُشْرِكَ فَيَكُونُ مِنْ عِنْدِ الْمُسْلِمِ الْبَذْرُ وَالْبَقَرُ وَتَكُونُ الْأَرْضُ وَالْمَاءُ وَالْخَرَاجُ وَالْعَمَلُ عَلَى الْعِلْجِ قَالَ لاَ بَأْسَ بِهِ قَالَ وَسَأَلْتُهُ عَنِ الْمُزَارَعَةِ قُلْتُ الرَّجُلُ يَبْذُرُ فِي الْأَرْضِ مِائَةَ جَرِيبٍ أَوْ أَقَلَّ أَوْ أَكْثَرَ طَعَاماً أَوْ غَيْرَهُ فَيَأْتِيهِ رَجُلٌ فَيَقُولُ خُذْ مِنِّي نِصْفَ ثَمَنِ هَذَا الْبَذْرِ الَّذِي زَرَعْتَهُ فِي الْأَرْضِ وَنِصْفَ نَفَقَتِكَ عَلَيَّ وَأَشْرِكْنِي فِيهِ قَالَ لاَ بَأْسَ قُلْتُ وَإِنْ كَانَ الَّذِي يَبْذُرُ فِيهِ لَمْ يَشْتَرِهِ بِثَمَنٍ وَإِنَّمَا هُوَ شَيْءٌ كَانَ عِنْدَهُ قَالَ فَلْيُقَوِّمْهُ قِيمَةً كَمَا يُبَاعُ يَوْمَئِذٍ فَلْيَأْخُذْ نِصْفَ الثَّمَنِ وَنِصْفَ النَّفَقَةِ وَيُشَارِكُهُ.

---

(1) مسائل علی بن جعفرؑ: ۴۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۴۳ ح ۲۴۱۱۷؛ بحار الانوار: ۱۰/۲۴۹

(2) الانوار اللوامع: ۱۲/۹۶

(3) الکافی: ۵/۲۶۸ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۹۷ ح ۸۷۵؛ الوافی: ۱۸/۱۰۳۰؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۴۶ ح ۲۴۱۲۳؛ هدایۃ الامۃ: ۶/۲۸۰

(4) کتاب الاجارۃ: ۲/۹۳؛ تفصیل الشریعہ: ۱۸/۹۳؛ القواعد الاصولیہ: ۶/۳۳؛ شرح العروۃ: ۳۰/۴۹۳؛ الانوار اللوامع: ۱۲/۹۲؛ مرآۃ العقول: ۱۹/۳۳۸؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۳۶۶

سماعہ سے روایت ہے کہ میں نے (امام علیہ السلام) سے مسلم اور مشرک (کے اشتراک سے زراعت) کے متعلق پوچھا کہ مسلم کے پس بیج اور (کھیت جوتنے کے لئے) بیل ہے اور زمین، پانی، خراج اور دیگر کام کافر کے ذمہ ہیں (تو کیا یہ درست ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

اور میں نے ایسی زراعت کے بارے میں پوچھا جس میں ایک سو جریب یا اس سے کم یا زیادہ میں گندم یا کسی اور چیز کا بیج بویا گیا ہے تو ایک شخص کاشتکار کے پاس آتا ہے اور کہتا ہے کہ مجھ سے اس بیج کی آدھی قیمت لے لو جو تم نے اس زمین میں بویا ہے اور تمہارے آدھے مصارف میرے ذمے ہوں گے تم مجھے اپنا شریک بنالو (تو کیا یہ درست ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کوئی حرج نہیں ہے۔

میں نے عرض کیا: جو بیج اس نے ڈالے ہیں وہ اگر اس نے نہ خریدے ہوں بلکہ اس کے پاس پہلے سے ہوں (تو کیا حکم ہوگا)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس دن اس کی قیمت کا اندازہ لگائے اور اس کا آدھا وصول کرے نیز آدھے مصارف بھی لے اور اسے شریک کرے۔[1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔[2]

{2047} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَهْلٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الرَّجُلِ يَزْرَعُ لَهُ الْحَرَّاثُ الزَّعْفَرَانَ وَ يَضْمَنُ لَهُ عَلَى أَنْ يُعْطِيَهُ فِي جَرِيبِ أَرْضٍ يَمْسَحُ عَلَيْهِ كَذَا وَ كَذَا دِرْهَماً فَرُبَّمَا نَقَصَ وَ غَرِمَ وَ رُبَّمَا زَادَ قَالَ: لاَ بَأْسَ بِهِ إِذَا تَرَاضَيَا.

محمد بن سہل نے اپنے والد سے روایت کیا ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص کی زمین میں کوئی آدمی زعفران کاشت کرتا ہے اور اس سے طے کرلیتا ہے کہ ایک جریب زمین سے وہ اس قدر درہم (مالک کو) دے گا تو بعض اوقات زعفران کم ہوتا ہے اور اسے تاوان دینا پڑتا ہے اور بعض اوقات زیادہ ہوتا (تو اسے فائدہ ہوتا ہے تو کیا یہ درست ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب دونوں راضی ہیں تو پھر اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔[3]

تحقیق:

حدیث حسن کالصحیح یا حسن ہے۔[4]

---

[1] الکافی: ۵/۲۶۸ ح ۴؛ الوافی: ۱۸/۱۰۲۹؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۰۰ ح ۳۰؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۴۳ ح ۲۴۱۲۴ و ۴۸ ح ۲۴۱۲۶

[2] مرآۃ العقول: ۱۹/۳۴۸؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۳۶۸

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۵۱ ح ۳۹۰۹؛ الکافی: ۵/۲۶۶ ح ۹؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۹۶ ح ۸۶۹؛ الوافی: ۱۸/۱۰۲۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۴۹ ح ۲۴۱۲۷؛ ھدایۃ الامہ: ۶/۲۸۰

[4] روضۃ المتقین: ۷/۲۰۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۳۶۲

{2048} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَمَاعَةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ جَبَلَةَ عَنْ عَلَاءٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ وَ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الرَّجُلِ يُمْضِي مَا خُرِصَ عَلَيْهِ فِي النَّخْلِ قَالَ)نَعَمْ (قُلْتُ أَ رَأَيْتَ إِنْ كَانَ أَفْضَلَ مِمَّا خَرَصَ عَلَيْهِ الْخَارِصُ أَ يُجْزِيهِ ذَلِكَ قَالَ (نَعَمْ).

❂ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام یا امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ کھجور کے معاملہ میں عامل پر جو تخمینہ لگایا جائے تو کیا وہ نافذ العمل ہوگا؟
آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں۔
میں نے عرض کیا: اگر تخمینہ سے اصل (پھل) افضل و اعلیٰ ہو تو تب بھی مجری ہوگا؟
آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں[1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔[2]

{2049} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ فَضَالَةَ عَنْ أَبَانٍ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ الْفَضْلِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ:)لَا بَأْسَ أَنْ تَسْتَأْجِرَ الْأَرْضَ بِدَرَاهِمَ وَ تُزَارِعَ النَّاسَ عَلَى الثُّلُثِ وَ الرُّبُعِ وَ أَقَلَّ وَ أَكْثَرَ إِذَا كُنْتَ لَا تَأْخُذُ الرَّجُلَ إِلَّا بِمَا أَخْرَجَتْ أَرْضُكَ(.

❂ اسماعیل بن فضل سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اگر تم اجرت مقرر کر کے زمین پٹہ پر لو اور آگے تہائی یا چوتھائی یا کم و بیش (مقدار) پر مزارعت پر دے دو تو کوئی حرج نہیں ہے جبکہ مزارع کا وہی حصہ ہے جو زمین سے برآمد ہو۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق کالصحیح ہے۔[4]

{2050} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ وَ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ جَمِيعاً عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي نَصْرٍ عَنْ دَاوُدَ بْنِ سِرْحَانَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ: فِي الرَّجُلِ يَكُونُ لَهُ الْأَرْضُ عَلَيْهَا

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/۲۰۵ ح ۹۰۵؛ الوافی: ۱۸/۱۰۵۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۵۰ ح ۲۴۱۲۹

[2] ملاذ الاخیار: ۱۱/۳۸۴

[3] تہذیب الاحکام: ۷/۱۹۴ ح ۸۵۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۵۲ ح ۲۴۱۳۲؛ الوافی: ۱۸/۱۰۲۳؛ الفصول المہمہ: ۲/۲۸۹؛ مستدرک الوسائل: ۱۳/۴۷۰ ح ۱۵۹۲۳

[4] الانوار اللوامع: ۱۲/۱۰۱؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۳۵۷

خَرَاجٌ مَعْلُومٌ وَ رُبَّمَا زَادَ وَ رُبَّمَا نَقَصَ فَيَدْفَعُهَا إِلَى رَجُلٍ عَلَى أَنْ يَكْفِيَهُ خَرَاجَهَا وَ يُعْطِيَهُ مِائَتَيْ دِرْهَمٍ فِي اَلسَّنَةِ قَالَ لاَ بَأْسَ.

۞ داؤد بن سرحان نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں روایت کیا ہے جس کے پاس خراجی زمین ہے جس پر مخصوص مالیہ لگتا ہے اور کبھی کبھار کم و زائد بھی ہوتا رہتا ہے تو وہ ایک شخص کو اس شرط پر مستاجری پر دیتا ہے کہ مالیہ بھی (کم یا زیادہ) وہ ادا کرے گا اور اسے (مالک کو) سالانہ دوسو درہم ادا کرے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کوئی حرج نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2051} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عِيسَى عَنْ سَمَاعَةَ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ اَلرَّجُلِ يَتَقَبَّلُ اَلْأَرْضَ بِطِيبَةِ نَفْسِ أَهْلِهَا عَلَى شَرْطٍ يُشَارِطُهُمْ عَلَيْهِ وَ إِنْ هُوَ رَمَّ فِيهَا مَرَمَّةً أَوْ جَدَّدَ فِيهَا بِنَاءً فَإِنَّ لَهُ أَجْرَ بُيُوتِهَا إِلاَّ اَلَّذِي كَانَ فِي أَيْدِي دَهَاقِينِهَا أَوَّلاً قَالَ إِذَا كَانَ قَدْ دَخَلَ فِي قَبَالَةِ اَلْأَرْضِ عَلَى أَمْرٍ مَعْلُومٍ فَلاَ يَعْرِضْ لِمَا فِي أَيْدِي دَهَاقِينِهَا إِلاَّ أَنْ يَكُونَ قَدِ اشْتَرَطَ عَلَى أَصْحَابِ اَلْأَرْضِ مَا فِي أَيْدِي اَلدَّهَاقِينِ.

۞ سماعہ سے روایت ہے کہ میں نے ان (امام علیہ السلام) سے اس شخص کے بارے میں پوچھا جو صاحبانِ زمین کی رضا و رغبت سے ان کی زمین لیتا ہے اور ان پر یہ شرط لگا رکھی ہے کہ وہ شخص اس زمین کی مرمت و تعمیر کرے یا کوئی نیا مکان بنائے تو ان سے اس کی اجرت لے گا سوائے ان گھروں کے جو مزارعین کے قبضے میں پہلے سے ہیں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر اس نے یہ شرط قبالہ زمین میں امر معلوم کی بنا پر داخل کی ہو تو اسے مزارعین کے قبضہ میں موجود گھروں کی طرف متوجہ نہیں ہونا چاہیے مگر اس صورت میں کہ صاحبان زمین کے قبالہ میں مزارعین کے قبضہ والے مکانات کی شمولیت کی بھی شرط رکھی ہو تو اس صورت میں وہ ان سے اجرت لے سکتا ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [4]

---

[1] الکافی: ۵/۲۶۲ ح ۵؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۳۴ ح ۳۸۹۰؛ الوافی: ۱۸/۱۰۲۵؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۵۷ ح

[2] مرآۃ العقول: ۱۹/۴۰۳؛ الآراء الفقہیہ: ۸/۳۴۰؛ الانوار اللوامع: ۱۲/۱۰۸؛ شرح العروۃ: ۳۰/۳۰۳؛ فقہ الصادقؑ: ۱۹/۱۸۸؛ بحوث فی الفقہ الزراعی: ۲۵۳؛ کتاب الاجارہ: ۲/۶۹۳؛ تذکرۃ الفقہاء: ۲/۴۱۳؛ جواہر الکلام: ۲۷/۴۴؛ مستمسک العروۃ: ۱۳/۱۲۰؛ روضۃ المتقین: ۷/۸۱؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۳۶۲

[3] الکافی: ۵/۲۶۹ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۹۹ ح ۸۸۰؛ الوافی: ۱۸/۱۰۳۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۵۹ ح ۲۴۱۵۰

[4] مرآۃ العقول: ۱۹/۵۱۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۳۷۰

{2052} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ زُرْعَةَ عَنْ سَمَاعَةَ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الرَّجُلِ يَسْتَأْجِرُ الْأَرْضَ وَفِيهَا نَخْلٌ أَوْ ثَمَرَةٌ سَنَتَيْنِ أَوْ ثَلاَثاً فَقَالَ)إِنْ كَانَ يَسْتَأْجِرُهَا حِينَ يَبِينُ طَلْعُ الثَّمَرَةِ وَيَعْقِدُ فَلاَ بَأْسَ وَإِنِ اسْتَأْجَرَهَا سَنَتَيْنِ أَوْ ثَلاَثاً فَلاَ بَأْسَ بِأَنْ يَسْتَأْجِرَهَا قَبْلَ أَنْ تُطْعِمَ (.

❂ سماعہ سے روایت ہے کہ میں نے ان (امام علیہ السلام) سے پوچھا کہ ایک شخص ایسی زمین دو یا تین سال کے لئے مزارعت پر دیتا ہے جس میں کھجور یا کوئی اور پھلدار درخت موجود ہے (تو کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب پھل کا شگوفہ برآمد ہو چکے اور دانہ بندھ جائے تب اس کے دینے میں کوئی حرج نہیں ہے اور اگر دو یا تین سال کے لئے دے تو کھانے کے قابل ہونے سے قبل اجارہ پر دے تو کوئی حرج نہیں ہے۔[1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔[2]

{2053} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبُو عَلِيٍّ الْأَشْعَرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ عَنْ صَفْوَانَ عَنِ ابْنِ مُسْكَانَ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: كَانَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ يَكْتُبُ إِلَى عُمَّالِهِ لاَ تُسَخِّرُوا الْمُسْلِمِينَ وَمَنْ سَأَلَكُمْ غَيْرَ الْفَرِيضَةِ فَقَدِ اعْتَدَى فَلاَ تُعْطُوهُ وَكَانَ يَكْتُبُ يُوصِي بِالْفَلاَّحِينَ خَيْراً وَهُمُ الْأَكَّارُونَ.

❂ حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: امیر المومنین علیہ السلام اپنے عمال کو لکھا کرتے تھے کہ کسی مسلمان سے بیگار نہ لو اور جو تم سے اپنے حق سے زیادہ طلب کرے تو وہ زیادتی کا مرتکب ہوا ہے پس اسے (اس کے حق سے زیادہ) مت دو اور آپ علیہ السلام یہ بھی لکھا کرتے تھے کہ میں کسانوں سے حسن سلوک کی وصیت کرتا ہوں کہ وہ محنت کش ہیں۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[4]

{2054} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنُ بْنُ سَعِيدٍ عَنِ النَّضْرِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ النُّزُولِ عَلَى أَهْلِ الْخَرَاجِ فَقَالَ ثَلاَثَةَ أَيَّامٍ رُوِيَ ذَلِكَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ.

❂ عبداللہ بن سنان سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اہل خراج کے ہاں مہمان بننے کے بارے

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/ ۲۰۱ ح ۸۸۵؛ الوافی: ۱۸/ ۵۱۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/ ۶۱ ح ۲۴۱۵۶؛ ھدایۃ الامہ: ۶/ ۲۸۳

[2] ملاذ الاخیار: ۱۱/ ۳۷۴

[3] الکافی: ۵/ ۲۸۴ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۱۵۴ ح ۶۸۱؛ الوافی: ۱۸/ ۱۰۰۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/ ۶۲ ح ۲۴۱۵۸

[4] مرآۃ العقول: ۱۹/ ۳۸۰؛ حدود الشریعہ: ۵۱۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/ ۲۵۵

میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: تین دن اور یہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کیا گیا ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2055} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ عَنِ ابْنِ سَيَابَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلَهُ رَجُلٌ فَقَالَ لَهُ جُعِلْتُ فِدَاكَ أَسْمَعُ قَوْماً يَقُولُونَ إِنَّ الزِّرَاعَةَ مَكْرُوهَةٌ فَقَالَ ازْرَعُوا وَاغْرِسُوا فَلاَ وَاللَّهِ مَا عَمِلَ النَّاسُ عَمَلاً أَحَلَّ وَأَطْيَبَ مِنْهُ وَاللَّهِ لَيَزْرَعُنَّ الزَّرْعَ وَالنَّخْلَ بَعْدَ خُرُوجِ الدَّجَّالِ.

ابن سیابہ نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کیا ہے کہ ایک شخص نے آپ علیہ السلام سے سوال کرتے ہوئے عرض کیا: میں آپ علیہ السلام پر فدا ہوں! کچھ لوگوں سے سنا گیا ہے جو کہتے ہیں کہ زراعت کرنا مکروہ ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: زراعت کرو اور درخت لگاؤ۔ بخدا! لوگ جو بھی جائز کام کرتے ہیں زراعت سے زیادہ حلال اور پاکیزہ کوئی کام نہیں ہے۔ بخدا! دجال کے خروج کے بعد صرف زراعت کی جائے گی اور درخت لگائے جائیں گے [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث مجہول ہے۔ [5] نیز اس موضوع کی بعض احادیث اجارہ کے احکام میں گزر چکی ہیں اور بعض آئندہ گزریں گی انشاللہ۔ (واللہ اعلم)

﴿مساقات اور مفارسہ کے احکام﴾

قول مؤلف:

اگر انسان کسی کے ساتھ اس قسم کا معاہدہ کرے مثلاً پھلدار درختوں کو جن کا پھل خود اس کا مال ہو یا اس پھل پر اس کا

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/ ۱۵۳ ح ۲۷۴؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۲۳۱ ح ۳۸۸۲؛ الوافی: ۱۸/ ۱۰۰۴؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/ ۹۳ ح ۲۴۱۹۳؛ النہایہ شیخ طوسی: ۴۲۱

[2] ملاذ الاخیار: ۱۱/ ۲۵۲؛ روضۃ المتقین: ۷/ ۱۷۳

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۲۵۰ ح ۳۹۰۷؛ الکافی: ۵/ ۲۶۰ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۶/ ۳۸۴ ح ۱۱۳۹؛ الوافی: ۱۷/ ۳۰؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/ ۳۲ ح ۲۴۰۸۴؛ عوالی اللئالی: ۳/ ۲۰۳؛ الفصول المہمہ: ۲/ ۲۸۷

[4] روضۃ المتقین: ۷/ ۲۰۱

[5] مرآۃ العقول: ۱۹/ ۳۳۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/ ۳۵۹

اختیار رہو ایک مقررہ مدت کے لئے کسی دوسرے شخص کے سپرد کر دے تا کہ وہ ان کی نگہداشت کرے اور انہیں پانی دے اور جتنی مقدار وہ آپس میں طے کریں اس کے مطابق وہ ان درختوں کا پھل لے لے تو ایسا معاملہ ''مساقات'' (آبیاری) کہلاتا ہے۔ [1]

{2056} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الرَّجُلِ يَكُونُ لَهُ الْأَرْضُ مِنْ أَرْضِ الْخَرَاجِ فَيَدْفَعُهَا إِلَى الرَّجُلِ عَلَى أَنْ يَعْمُرَهَا وَ يُصْلِحَهَا وَ يُؤَدِّيَ خَرَاجَهَا وَ مَا كَانَ مِنْ فَضْلٍ فَهُوَ بَيْنَهُمَا قَالَ لاَ بَأْسَ قَالَ وَ سَأَلْتُهُ عَنِ الرَّجُلِ يُعْطِي الرَّجُلَ أَرْضَهُ وَ فِيهَا رُمَّانٌ أَوْ نَخْلٌ أَوْ فَاكِهَةٌ فَيَقُولُ اسْقِ هَذَا مِنَ الْمَاءِ وَ اعْمُرْهُ وَ لَكَ نِصْفُ مَا أُخْرِجَ قَالَ لاَ بَأْسَ قَالَ وَ سَأَلْتُهُ عَنِ الرَّجُلِ يُعْطِي الرَّجُلَ الْأَرْضَ فَيَقُولُ أَعْمُرْهَا وَ هِيَ لَكَ ثَلاَثُ سِنِينَ أَوْ خَمْسُ سِنِينَ أَوْ مَا شَاءَ اللَّهُ قَالَ لاَ بَأْسَ قَالَ وَ سَأَلْتُهُ عَنِ الْمُزَارَعَةِ فَقَالَ النَّفَقَةُ مِنْكَ وَ الْأَرْضُ لِصَاحِبِهَا فَمَا أَخْرَجَ اللَّهُ مِنْهَا مِنْ شَيْءٍ قُسِمَ عَلَى الشَّطْرِ وَ كَذَلِكَ أَعْطَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ أَهْلَ خَيْبَرَ حِينَ أَتَوْهُ فَأَعْطَاهُمْ إِيَّاهَا عَلَى أَنْ يَعْمُرُوهَا وَ لَهُمُ النِّصْفُ مِمَّا أَخْرَجَتْ.

❁ یعقوب بن شعیب سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں پوچھا جس کے پاس خراج کی زمین ہے اور وہ اسے ایک اور شخص کو اس لیے دیتا ہے کہ وہ اسے آباد کر دے، اس کی اصلاح کرے اور اس کا خراج بھی ادا کرے اور اس کے بعد جو کچھ بچ جائے وہ دونوں میں تقسیم ہو تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں۔

پھر میں نے ایک شخص کے متعلق پوچھا جو اپنی ایسی زمین کسی کو دیتا ہے جس میں انار، کھجور اور دیگر پھلوں کے درخت ہیں اور باغ کا مالک کہتا ہے کہ ان درختوں کو پانی دو اور اسے آباد کرو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں۔

پھر میں نے اس شخص کے بارے میں پوچھا جو اپنی زمین کسی کو دے کر کہتا ہے کہ اسے آباد کرو تو یہ زمین تین یا پانچ سال یا جب تک اللہ چاہے تمہارے لئے ہوگی؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں۔

پھر میں نے آپ علیہ السلام سے بٹائی کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: اخراجات تمہاری طرف سے اور زمین مالک کی رہے گی اور زمین سے جو پیداوار اللہ دے گا وہ دونوں میں آدھی آدھی تقسیم ہوگی اور اسی طرح سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اہل خیبر کو جب وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے تو ان کو زمین دی اس بات پر کہ وہ اسے آباد کریں اور پیداوار کا آدھا ان کا ہوگا۔ [2]

---

[1] توضیح المسائل آقا سیستانی: ۲: ۳۳۳ ف ۲۱۹۷

[2] الکافی: ۵/۲۶۸ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۹۸ ح ۲؛ الوافی: ۱۸/۸ ؛ ۱۰۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۴۴ ح ۲۴۱۱۹ و ۴۵ ح ۲۴۱۲۱؛ ھدایۃ الامۃ: ۶/ ۲۷۸

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [1]

{2057} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ زُرْعَةَ عَنْ سَمَاعَةَ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الرَّجُلِ يَسْتَأْجِرُ الْأَرْضَ وَفِيهَا الثَّمَرَةُ فَقَالَ) إِذَا كُنْتَ تُنْفِقُ عَلَيْهَا شَيْئاً فَلاَ بَأْسَ الْحَدِيثَ (

سماعہ سے روایت ہے کہ میں نے ان (امام علیہ السلام) سے پوچھا کہ ایک شخص ایسی زمین مزارعت پر دیتا ہے جس میں پھل موجود ہیں (تو کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر تم اس (پھل) پر کچھ خرچ کرتے ہو تو پھر کوئی حرج نہیں ہے۔ [2]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [3]

قول مؤلف:

اس موضوع کے بعض احکام وہی ہیں جو پچھلے عنوان کے تحت گزر چکے ہیں اور کچھ آئندہ گزریں گے ان شاء اللہ (واللہ اعلم)

﴿وہ اشخاص جو اپنے مال میں تصرف نہیں کر سکتے﴾

{2058} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى [عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى] عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: اِنْقِطَاعُ يُتْمِ الْيَتِيمِ بِالاِحْتِلاَمِ وَهُوَ أَشُدُّهُ وَإِنِ احْتَلَمَ وَلَمْ يُؤْنَسْ مِنْهُ رُشْدٌ وَكَانَ سَفِيهاً أَوْ ضَعِيفاً فَلْيُمْسِكْ عَنْهُ وَلِيُّهُ مَالَهُ.

ہشام سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: یتیم کی یتیمی احتلام سے ختم ہو جاتی ہے اور یہی عمر اس کی "رشد" ہے (جس کا قرآن میں تذکرہ ہے) اور اگر اسے احتلام آئے مگر اس سے رشد (عقلمندی) کا احساس نہ ہو بلکہ وہ بے وقوف ہو یا ضعیف (العقل) ہو تو اس کا ولی اس کا مال اس سے باز رکھے۔ [4]

---

[1] مرآۃ العقول: ۱۹/۸۴۳۳؛ تذکرۃ الفقہاء: ۱۸/۵۴۴؛ مجموعہ فتاویٰ ابن جنید: ۲۲۰؛ جواہر الکلام: ۲۷/۳؛ شرح العروۃ: ۳۱/۲۲۳؛ الانوار اللوامع: ۱۲/۹۶؛ مبانی العروۃ: ۳/۲۸۴؛ مستمسک العروۃ: ۱۳/۵۰؛ عوالی اللئالی: ۳/۲۴۹؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۳۶۸

[2] تہذیب الاحکام: ۷/۲۰۰ ح ۸۸۴؛ الوافی: ۱۸/۵۱۰۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۶۱ ح ۲۴۱۵۵؛ ھدایۃ الامۃ: ۶/۲۸۰

[3] ملاذ الاخیار: ۱۱/۳۷۴؛ بحوث فی الفقہ: ۱۴۸

[4] الکافی: ۷/۶۸ ح ۲؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/۲۲۰ ح ۵۵۱۷؛ تہذیب الاحکام: ۹/۱۸۳ ح ۷۳۷؛ الوافی: ۲۳/۱۳۹۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۳۶۳ ح ۲۴۷۶۹؛ تفسیر الصافی: ۲/۱۷۰؛ الفصول المہمہ: ۲/۱۷۲؛ ھدایۃ الامۃ: ۶/۲۳۷

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [1]

{2059} مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى عَنْ عِيصِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الْيَتِيمَةِ مَتَى يُدْفَعُ إِلَيْهَا مَالُهَا قَالَ إِذَا عَلِمْتَ أَنَّهَا لاَ تُفْسِدُ وَ لاَ تُضَيِّعُ فَسَأَلْتُهُ إِنْ كَانَتْ قَدْ تَزَوَّجَتْ فَقَالَ إِذَا زُوِّجَتْ فَقَدِ انْقَطَعَ مُلْكُ الْوَصِيِّ عَنْهَا.

۞ عیص بن قاسم سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ یتیم لڑکی کا مال کب اس کے حوالے کیا جائے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب تمہیں علم ہوجائے کہ وہ مال خراب اور ضائع نہیں کرے گی۔

میں نے پھر پوچھا کہ اگر اس کی تزویج ہوجائے تو (کیا حکم ہے)

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب اس کی تزویج ہوجائے تو پھر اس سے وصی کی حاکمیت ختم ہوجاتی ہے۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [3]

قول مؤلف:

نیز اسی سلسلے میں حدیث نمبر 1883 کی طرف بھی رجوع کیا جائے جس میں وضاحت موجود ہے (واللہ اعلم)

{2060} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عِيسَى عَنْ شُعَيْبِ بْنِ يَعْقُوبَ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الرَّجُلِ يَمُوتُ مَا لَهُ مِنْ مَالِهِ فَقَالَ لَهُ ثُلُثُ مَالِهِ وَلِلْمَرْأَةِ أَيْضاً.

۞ شعیب بن یعقوب سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص مر رہا ہے تو اس کے مال میں سے اس کے لئے (وصیت کرنے کے لئے) کتنا مال ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس کے مال کا تیسرا حصہ اور یہی حکم عورت کا ہے۔ [4]

---

[1] الانوار اللوامع: ۱۳/۴۵ و ۱۱/۷/۲۴۴؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۳/۱۱/۴؛ کتاب نکاح شبیری: ۱۰/۸۳ ۳۳؛ حدود الشریعہ: ۲/۱۳؛ روضۃ المتقین: ۱۱/۱۱۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۵/۹۳؛ مرآۃ العقول: ۲۳/۱۰۸

[2] تہذیب الاحکام: ۹/۱۸۴ ح ۷۴۰؛ الکافی: ۷/۶۸ ح ۴؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/۲۲۱ ح ۵۵۲۰؛ الوافی: ۲۳/۹۲ ۱۳؛ فقہ القرآن: ۲/۲۱ ۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۴۱۰ ح ۲۳۹۴۴ و ۱۹/۳۶۶ ح ۲۴۷۷۳؛ تفسیر البرہان: ۲/۲۵

[3] ملاذ الاخیار: ۱۵/۹۴؛ الانوار اللوامع: ۱۱/۷/۲۴؛ کتاب نکاح شبیری: ۱۰/۸/۷۳۳؛ حدود الشریعہ: ۷/۲۴؛ روضۃ المتقین: ۱۱/۱۱۴

[4] الکافی: ۷/۱۱ ح ۳؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/۱۸۵ ح ۵۴۲۲؛ تہذیب الاحکام: ۹/۱۹۱ ح ۷۷۰؛ الوافی: ۲۴/۳۸ ۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۴۱۲ ح ۲۳۹۵۱ و ۱۹/۲۷۲ ح ۲۴۵۷۱؛ الفصول المہمہ: ۲/۲۷۲؛ الاستبصار: ۴/۱۱۹ ح ۴۵۲

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (1)

{2061} مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رِئَابٍ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: الْمُكَاتَبُ لاَ يَجُوزُ لَهُ عِتْقٌ وَلاَ هِبَةٌ وَلاَ تَزْوِيجٌ حَتَّى يُؤَدِّيَ مَا عَلَيْهِ إِنْ كَانَ مَوْلاَهُ شَرَطَ عَلَيْهِ إِنْ هُوَ عَجَزَ فَهُوَ رَدٌّ فِي الرِّقِّ الْحَدِيثَ.

ابوبصیر سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: وہ غلام جس سے اس کا مالک مکاتبہ کر لے (کہ جو اپنی مقررہ قیمت ادا کردے گا تو آزاد ہو جائے گا) مگر مشروط ہو (کہ اگر تھوڑی سی قیمت نہ کی) تو پھر وہ غلام ہی متصور ہوگا اس کے لئے کسی کو آزاد کرنا، ہبہ کرنا اور تزویج کرنا (اور شہادت دینا اور حج کرنا) جائز نہیں ہے جب تک اپنی تمام قیمت ادا نہ کرے ورنہ عجز کی صورت میں وہ غلام متصور ہوگا۔ (2)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (3)

{2062} مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ جَمِيلٍ عَنْ بَعْضِ أَصْحَابِنَا عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ: فِي رَجُلٍ بَاعَ مَتَاعاً مِنْ رَجُلٍ فَقَبَضَ الْمُشْتَرِي الْمَتَاعَ وَلَمْ يَدْفَعِ الثَّمَنَ ثُمَّ مَاتَ الْمُشْتَرِي وَالْمَتَاعُ قَائِمٌ بِعَيْنِهِ قَالَ) إِذَا كَانَ الْمَتَاعُ قَائِماً بِعَيْنِهِ رُدَّ إِلَى صَاحِبِ الْمَتَاعِ (وَقَالَ) لَيْسَ لِلْغُرَمَاءِ أَنْ يُحَاصُّوهُ (.

جمیل بعض اصحاب سے اور وہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں روایت کرتے ہیں جس نے کسی آدمی کے ہاتھ اپنا کچھ سامان فروخت کیا اور خریدار نے وہ مال اپنے قبضہ میں لے لیا مگر ہنوز قیمت ادا نہیں کی تھی کہ وہ مر گیا اور وہ (خریدا ہوا) مال اسی حال میں موجود تھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب وہ اصل مال موجود ہے تو اس کے اصلی مالک کو لوٹایا جائے گا اور مرنے والے کے قرض خواہ اس کے ساتھ حصہ دار نہیں بنیں گے۔ (4)

---

(1) الرسائل الفقہیہ: ۲/۵۰۱؛ تذکرۃ الفقہا: ۲۱/۲۲۷؛ ملاذ الاخیار: ۱۵/۸۳؛ مراۃ العقول: ۲۳/۲۰؛ رسائل المیرزا القمی: ۲/۱۰۰۱؛ روضۃ المتقین: ۱۱/۲۴؛ الدرر النجفیہ: ۳/۵۸؛ فقہ الصادق: ۲۰/۱۷؛ جامع المقاصد: ۱۱/۹۴؛ غایۃ المراد: ۲/۵۲۱؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۲۸۲

(2) تہذیب الاحکام: ۸/۲۷۵ ح ۱۰۰۱؛ الکافی: ۶/۱۸۶ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۸/۲۶۸ ح ۹۷۶؛ الوافی: ۱۰/۶۳۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/۱۴۷ ح ۲۹۲۸۴

(3) ملاذ الاخیار: ۱۳/۵۴۶؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۹۵؛ ریاض المسائل: ۱۳/۱۰۰

(4) تہذیب الاحکام: ۹/۱۶۶ ح ۶۷۷؛ الکافی: ۷/۲۴ ح ۴؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/۲۲۵ ح ۵۵۳۱؛ الوافی: ۱۸/۸۲۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۴۱۴ ح ۲۳۹۵۴؛ ھدایۃ الامہ: ۶/۲۳۹؛ الاستبصار: ۴/۱۱۶ ح ۴۴۲

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [1]

{2063} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ فَضَّالٍ عَنْ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: كَانَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ صَلَوَاتُ اللَّهِ عَلَيْهِ يَحْبِسُ الرَّجُلَ إِذَا الْتَوَى عَلَى غُرَمَائِهِ ثُمَّ يَأْمُرُ فَيَقْسِمُ مَالَهُ بَيْنَهُمْ بِالْحِصَصِ فَإِنْ أَبَى بَاعَهُ فَيَقْسِمُ يَعْنِي مَالَهُ.

عمار سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: امیر المومنین علیہ السلام مقروض کو قرض ادا کرنے سے التواء پر جیل میں بند کر دیا کرتے تھے اور پھر مقروض کو حکم دیا کرتے تھے کہ اپنے مال کو قرض خواہوں کے حصوں کے حساب سے تقسیم کر کے دے دو اور اگر مقروض (فیصلہ پر عمل کرنے سے) انکار کرتا تو خود فروخت کر کے ان کے درمیان تقسیم کر دیتے تھے۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق ہے۔ [3]

{2064} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ غِيَاثِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ جَعْفَرٍ عَنْ أَبِيهِ عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ: أَنَّ عَلِيّاً عَلَيْهِ السَّلاَمُ كَانَ يَحْبِسُ فِي الدَّيْنِ فَإِنْ تَبَيَّنَ لَهُ إِفْلاَسٌ وَحَاجَةٌ خَلَّى سَبِيلَهُ حَتَّى يَسْتَفِيدَ مَالاً.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے اپنے والد بزرگوار علیہ السلام سے روایت کیا ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام قرض کے سلسلہ میں (نادہندہ کو) قید کر دیتے تھے اور اگر ظاہر ہوتا کہ وہ غریب و نادار ہے تو اسے رہا کر دیتے تا کہ وہ کچھ مال و دولت کما سکے۔ [4]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [5]

---

[1] ماوراء الفقہیہ: ۴/۲۳۳؛ فقہ الصادقؑ: ۲۰/۱۳۱؛ منہاج الفقاہہ: ۶/۳۷۴

[2] الکافی: ۵/۱۰۲ ح۱؛ تہذیب الاحکام: ۶/۱۹۱ ح۴۱۲؛ الوافی: ۱۸/۷۹۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۴۱۶ ح۲۳۹۵۸؛ ھدایۃ الامہ: ۶/۲۴۰؛ تہذیب الاحکام: ۶/۲۹۹ ح۸۳۳؛ الاستبصار: ۳/۷ ح۱۵

[3] موسوعہ احکام الاطفال: ۳/۴۳۳؛ دراسات فی ولایۃ الفقیہ: ۲/۳۸۵؛ فقہ القضاء: ۲/۸۸؛ ملاذ الاخیار: ۹/۵۰۷؛ فقہ الصادقؑ: ۲۵/۱۰۹؛ جواہر الکلام: ۴۰/۱۹۳؛ مفاتیح الشرائع: ۳/۱۲۸؛ مرآۃ العقول: ۱۹/۵۵

[4] تہذیب الاحکام: ۶/۲۹۹ ح۸۳۴؛ الوافی: ۱۶/۱۰۷۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۴۱۸ ح۲۳۹۶۰؛ الاستبصار: ۳/۷ ح۱۶؛ الفصول المہمہ: ۲/۳۷۴؛ ھدایۃ الامہ: ۱/۴۰۷؛ تہذیب الاحکام: ۶/۱۹۶ ح۴۳۳

[5] ملاذ الاخیار: ۱۰/۲۰۴؛ الانوار اللوامع: ۱۲/۲۸۹؛ تنقیح مبانی الاحکام: ۸۳؛ اسس القضاء: ۱۴۰

﴿وکالت کے احکام﴾

{2065} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ جَابِرِ بْنِ يَزِيدَ وَمُعَاوِيَةَ بْنِ وَهْبٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ أَنَّهُ قَالَ: مَنْ وَكَّلَ رَجُلاً عَلَى إِمْضَاءِ أَمْرٍ مِنَ الْأُمُورِ فَالْوَكَالَةُ ثَابِتَةٌ أَبَداً حَتَّى يُعْلِمَهُ بِالْخُرُوجِ مِنْهَا، كَمَا أَعْلَمَهُ بِالدُّخُولِ فِيهَا.

◎ جابر بن یزید اور معاویہ بن وہب سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب کوئی شخص کسی آدمی کو کسی کام کی انجام دہی کے لئے وکیل بنائے تو جب وہ اسے معزول کرنے کی اس طرح اطلاع نہ دے جس طرح اسے وکیل بنانے کی اطلاع دی تھی تب وہ ہمیشہ کے لئے اس کا وکیل سمجھا جائے گا۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن کالصحیح ہے۔ [2]

{2066} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ: فِي رَجُلٍ وَكَّلَ آخَرَ عَلَى وَكَالَةٍ فِي أَمْرٍ مِنَ الْأُمُورِ وَأَشْهَدَ لَهُ بِذَلِكَ شَاهِدَيْنِ فَقَامَ الْوَكِيلُ فَخَرَجَ لِإِمْضَاءِ الْأَمْرِ فَقَالَ اشْهَدُوا أَنِّي قَدْ عَزَلْتُ فُلَاناً عَنِ الْوَكَالَةِ فَقَالَ إِنْ كَانَ الْوَكِيلُ أَمْضَى الْأَمْرَ الَّذِي وُكِّلَ عَلَيْهِ قَبْلَ أَنْ يُعْزَلَ عَنِ الْوَكَالَةِ فَإِنَّ الْأَمْرَ وَاقِعٌ مَاضٍ عَلَى مَا أَمْضَاهُ الْوَكِيلُ كَرِهَ الْمُوَكِّلُ أَمْ رَضِيَ قُلْتُ فَإِنَّ الْوَكِيلَ أَمْضَى الْأَمْرَ قَبْلَ أَنْ يَعْلَمَ بِالْعَزْلِ أَوْ يَبْلُغَهُ أَنَّهُ قَدْ عُزِلَ عَنِ الْوَكَالَةِ فَالْأَمْرُ عَلَى مَا أَمْضَاهُ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ فَإِنْ بَلَغَهُ الْعَزْلُ قَبْلَ أَنْ يُمْضِيَ الْأَمْرَ ثُمَّ ذَهَبَ حَتَّى أَمْضَاهُ لَمْ يَكُنْ ذَلِكَ بِشَيْءٍ قَالَ نَعَمْ إِنَّ الْوَكِيلَ إِذَا وُكِّلَ ثُمَّ قَامَ عَنِ الْمَجْلِسِ فَأَمْرُهُ مَاضٍ أَبَداً وَالْوَكَالَةُ ثَابِتَةٌ حَتَّى يَبْلُغَهُ الْعَزْلُ عَنِ الْوَكَالَةِ بِثِقَةٍ يُبَلِّغُهُ أَوْ يُشَافِهَهُ بِالْعَزْلِ عَنِ الْوَكَالَةِ.

◎ ہشام بن سالم نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے ایسے شخص کے متعلق روایت کیا ہے جس نے اپنے کسی کام کے لئے ایک آدمی کو اپنا وکیل بنایا اور اس پر دو آدمیوں کو گواہ کرلیا پس اس کے بعد وکیل وہاں سے اس کام کے انجام دینے کے لئے اٹھ کھڑا

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۸۳ ح ۳۳۸۱؛ تہذیب الاحکام: ۶/۲۱۳ ح ۵۰۲؛ الوافی: ۱۸/۹۵۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۱۶۱ ح ۲۴۳۴۷؛ الفصول المہمہ: ۲/۴۰۳؛ ھدایۃ الامہ: ۶/۳۱۵

[2] تہذیب الاصول: ۳/۶۰؛ دراسات فی ولایۃ الفقیہ: ۲/۷۱؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۳/۲۸۴؛ نظام القضاء: ۹۸؛ الرسائل الاربع: ۱۳/۵۹؛ القواعد الاصولیہ: ۳/۲۵۱؛ جواہر الکلام: ۲۷/۳۵۸؛ فقہ الصادق: ۲۰/۲۴۴؛ ریاض المسائل: ۱۰/۵۸؛ روضۃ المتقین: ۶/۲۰۶

ہوا۔ ادھر اس شخص نے کہا کہ تم لوگ گواہ ہو کہ میں نے فلاں شخص کو اپنی وکالت سے معزول کر دیا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر اس وکیل نے وکالت سے معزول ہونے سے پہلے وہ کام انجام دے دیا ہے تو جو کچھ وکیل نے کیا ہے وہ کام انجام شدہ تسلیم کیا جائے گا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں

میں نے عرض کیا: اگر کام کی انجام دہی سے پہلے اس کو معزولیت کی اطلاع پہنچ گئی ہو اور اس کے بعد وہ جائے اور وہ کام کر دے تو وہ کوئی کام نہیں ہوا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں۔ کسی وکیل کو جس وقت وکیل کیا جائے پھر وہ اپنی نشست سے اٹھ کر چلا جائے تو اس کی وکالت ہمیشہ جاری رہے گی جب تک کہ اس کو کسی موثق ذریعہ سے یا بالمشافہ وکالت سے معزول ہونے کی اطلاع نہ پہنچ جائے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2067} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ أَنَّهُ قَالَ: فِي رَجُلٍ وَلَّتْهُ امْرَأَةٌ أَمْرَهَا إِمَّا ذَاتُ قَرَابَةٍ أَوْ جَارَةٌ لَهُ لَا يَعْلَمُ دَخِيلَةَ أَمْرِهَا فَوَجَدَهَا قَدْ دَلَّسَتْ عَيْباً هُوَ بِهَا قَالَ يُؤْخَذُ الْمَهْرُ مِنْهَا وَ لَا يَكُونُ عَلَى الَّذِي زَوَّجَهَا شَيْءٌ وَ قَالَ فِي امْرَأَةٍ وَلَّتْ أَمْرَهَا رَجُلاً فَقَالَتْ زَوِّجْنِي فُلَاناً قَالَ لَا زَوَّجْتُكِ حَتَّى تُشْهِدِي أَنَّ أَمْرَكِ بِيَدِي فَأَشْهَدَتْ لَهُ فَقَالَ عِنْدَ التَّزْوِيجِ لِلَّذِي يَخْطُبُهَا يَا فُلَانُ عَلَيْكَ كَذَا وَ كَذَا قَالَ نَعَمْ فَقَالَ هُوَ لِلْقَوْمِ اشْهَدُوا أَنَّ ذَلِكَ لَهَا عِنْدِي وَ قَدْ زَوَّجْتُهَا مِنْ نَفْسِي فَقَالَتِ الْمَرْأَةُ مَا كُنْتُ أَتَزَوَّجُكَ وَ لَا كَرَامَةَ وَ لَا أَمْرِي إِلَّا بِيَدِي وَ مَا وَلَّيْتُكَ أَمْرِي إِلَّا حَيَاءً مِنَ الْكَلَامِ قَالَ تُنْزَعُ مِنْهُ وَ يُوجَعُ رَأْسُهُ.

۞ حلبی نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے ایسے مرد کے متعلق روایت کیا ہے جس کو ایک عورت نے اپنے معاملہ کا ولی بنالیا خواہ وہ عورت قرابتدار یا پڑوسی ہو جس کے داخلی معاملہ کا اس شخص کو علم نہ ہو مگر بعد میں معلوم ہوا کہ اس عورت نے اپنے عیب کو چھپایا تھا جو اس کے اندر تھا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس عورت سے مہر واپس لیا جائے گا اور اس کے شوہر پر کچھ عائد نہیں ہوگا۔

نیز آپ علیہ السلام نے ایک ایسی عورت کے متعلق فرمایا جس نے ایک شخص کو اپنے معاملہ کا ولی بنایا اور کہا کہ میرا نکاح

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۸۶ ح ۳۳۸۵؛ تہذیب الاحکام: ۶/۲۱۳ ح ۵۰۳؛ الوافی: ۱۸/۹۵۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۱۶۲ ح ۲۴۳۶۸

[2] روضۃ المتقین: ۶/۲۱۰؛ تذکرۃ الفقہاء: ۱۵/۵۴؛ فقہ الصادق: ۲۰/۲۴۴؛ ریاض المسائل: ۱۰/۵۸؛ جامع المقاصد: ۸/۲۷۴؛ الرسائل آقا شیخ: ۲/۱۱۹؛ ملاذ الاخیار: ۹/۵۶۸

فلاں سے کردے۔ اس نے کہا کہ میں تیرا نکاح اس وقت تک نہ پڑھوں گا جب تک تو گواہوں کے سامنے یہ نہ کہہ دے کہ میرا معاملہ تیرے ہاتھ میں ہے۔ چنانچہ اس نے اس پر گواہ بھی بنا دیا۔ اب جس شخص سے شادی طے تھی اس سے نکاح کا وقت آیا تو اس وکیل نے کہا: اے فلاں! تجھ کو اتنا اتنا ادا کرنا ہے۔

اس نے کہا۔ ہاں (ٹھیک ہے)

اس کے بعد وہ وکیل مجمع سے مخاطب ہوا اور کہا: بھائیو! گواہ رہو کہ اس عورت کے نکاح کا اختیار میرے پاس ہے اور اب اس عورت کا نکاح خود اپنے ساتھ کرلیا ہے۔ یہ سن کر عورت بول اٹھی کہ تیرا ناس ہو جائے میں تو تجھ سے نکاح نہیں کرتی۔ میرے نکاح کا اختیار خود میرے ہاتھ میں ہے چونکہ اپنے نکاح کی بات کرنے میں مجھے حیا آ رہی تھی اس لئے میں نے تجھے ولی بنایا تھا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ عورت اس کے چنگل سے چھڑالی جائے اور اس شخص کے سر پر مارا جائے (تاکہ آئندہ ایسی حرکت نہ کرے)۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{2068} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ غَيْرِ وَاحِدٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي رَجُلٍ قَبَضَ صَدَاقَ ابْنَتِهِ مِنْ زَوْجِهَا ثُمَّ مَاتَ هَلْ لَهَا أَنْ تُطَالِبَ زَوْجَهَا بِصَدَاقِهَا أَوْ قَبْضُ أَبِيهَا قَبْضُهَا فَقَالَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ إِنْ كَانَتْ وَكَّلَتْهُ بِقَبْضِ صَدَاقِهَا مِنْ زَوْجِهَا فَلَيْسَ لَهَا أَنْ تُطَالِبَهُ وَإِنْ لَمْ تَكُنْ وَكَّلَتْهُ فَلَهَا ذَلِكَ وَيَرْجِعُ الزَّوْجُ عَلَى وَرَثَةِ أَبِيهَا بِذَلِكَ إِلاَّ أَنْ تَكُونَ حِينَئِذٍ صَبِيَّةً فِي حَجْرِهِ فَيَجُوزُ لِأَبِيهَا أَنْ يَقْبِضَ صَدَاقَهَا عَنْهَا وَمَتَى طَلَّقَهَا قَبْلَ الدُّخُولِ بِهَا فَلِأَبِيهَا أَنْ يَعْفُوَ عَنْ بَعْضِ الصَّدَاقِ وَيَأْخُذَ بَعْضاً وَلَيْسَ لَهُ أَنْ يَدَعَ كُلَّهُ وَذَلِكَ قَوْلُ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ: إِلاَّ أَنْ يَعْفُونَ أَوْ يَعْفُوَا الَّذِي بِيَدِهِ عُقْدَةُ النِّكَاحِ يَعْنِي الْأَبَ وَ الَّذِي تُوَكِّلُهُ الْمَرْأَةُ وَ تُوَلِّيهِ أَمْرَهَا مِنْ أَخٍ أَوْ قَرَابَةٍ أَوْ غَيْرِهِمَا.

محمد بن ابی عمیر نے متعدد اصحاب سے اور انہوں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے ایسے شخص کے بارے میں روایت کیا ہے جس نے اپنی بیٹی کے مہر کی رقم وصول کرلی اور اس کے بعد مر گیا تو کیا اس کی لڑکی کو حق ہے کہ وہ اپنے شوہر سے اپنے مہر کا مطالبہ

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۸۷ ح ۳۳۸۲؛ تہذیب الاحکام: ۲۱۶/۶ ح ۵۰۸؛ الکافی: ۵/۳۹۷ ح ۱؛ الوافی: ۴۳۱/۲۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۶۷/۱۹ ح ۲۴۳۴۳؛ مستدرک الوسائل: ۳۰۲/۱۴ ح ۱۶۸۴۷

[2] روضۃ المتقین: ۲۱۱/۶؛ ارشاد الطالب: ۲۰۷/۳؛ ملاذ الاخیار: ۵۷۷/۹؛ مرآۃ العقول: ۳۶/۲۰

کرے یا اس کے باپ کی وصولی تسلیم کر لی جائے گی؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر اس لڑکی نے اپنے باپ کو مہر کی وصول کے لئے اپنا وکیل بنالیا تھا تو پھر لڑکی کو حق نہیں کہ وہ شوہر سے مطالبہ کرے اور اگر اس نے اپنے باپ کو مہر کی وصولی کے لئے وکیل نہیں بنایا تھا تو اس کو حق ہے کہ وہ شوہر سے مہر کا مطالبہ کرے اور اس کا شوہر اس کے باپ کے وارثوں سے مہر کی رقم کے لئے رجوع کرے گا لیکن اگر وہ لڑکی نابالغ اور کمسن تھی اور اس کی پرورش میں تھی تو اس کے باپ کے لئے جائز ہوگا کہ وہ اس کی طرف سے اس کا مہر وصول کرے اور جب اس کا شوہر اس کو قبل دنوں طلاق دے تو اس کا باپ اس کے مہر کا کچھ حصہ معاف کر سکتا ہے اور باقی وصول کرے گا (کیونکہ) اس کو حق نہیں کہ اس کا پورا مہر معاف کرے چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ: ''لیکن یہ کہ وہ عورتیں خود معاف کردیں یا وہ کہ جس کے اختیار میں اس عورت کا نکاح ہو (البقرۃ: ۲۳۷)'' یعنی باپ یا وہ کہ جس کو اس عورت نے اختیار دیا ہے اور اپنا معاملہ اس کے سپرد کر دیا ہے چاہے وہ اس کا بھائی ہو یا اس کا کوئی قرابتدار یا کوئی اس کے علاوہ ہو۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

﴿قرض کے احکام﴾

{2069} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ النَّضْرِ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ يَحْيَى الْحَلَبِيِّ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ وَهْبٍ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ إِنَّهُ ذُكِرَ لَنَا أَنَّ رَجُلاً مِنَ الْأَنْصَارِ مَاتَ وَ عَلَيْهِ دِينَارَانِ دَيْناً فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ وَ قَالَ صَلُّوا عَلَى صَاحِبِكُمْ حَتَّى ضَمِنَهُمَا [عَنْهُ] بَعْضُ قَرَابَتِهِ فَقَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ ذَلِكَ الْحَقُّ ثُمَّ قَالَ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ إِنَّمَا فَعَلَ ذَلِكَ لِيَتَّعِظُوا وَ لِيَرُدَّ بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ وَ لِئَلاَّ يَسْتَخِفُّوا بِالدَّيْنِ وَ قَدْ مَاتَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ وَ عَلَيْهِ دَيْنٌ وَ مَاتَ الْحَسَنُ عَلَيْهِ السَّلاَمُ وَ عَلَيْهِ دَيْنٌ وَ قُتِلَ الْحُسَيْنُ عَلَيْهِ السَّلاَمُ وَ عَلَيْهِ دَيْنٌ.

❂ معاویہ بن وہب سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ ہمیں بتایا گیا ہے کہ ایک انصاری کا انتقال ہوا اور اس پر دو دینار کا قرضہ تھا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کی نماز نہیں پڑھی تھی البتہ (اپنے اصحاب سے) فرمایا کہ اپنے ساتھی پر نماز پڑھو یہاں تک کہ اس کے رشتہ داروں کی طرف سے قرض کی ادائیگی کی ضمانت دی گئی۔

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۸۸ ح ۳۳۸۷؛ تہذیب الاحکام: ۶/۲۱۵ ح ۵۰۷؛ الوافی: ۲۲/۴۹۰؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۱۹۸ ح ۲۴۳۴۷ و ۲۱/۲۷۲ ح ۲۷۴۰۳؛ الفصول المہمہ: ۲/۳۰۴

[2] روضۃ المتقین: ۶/۲۱۳؛ ملاذ الاخیار: ۹/۵۷۶

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: یہ سچ ہے۔

پھر فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ اس لئے کیا تا کہ لوگ اس سے سبق سیکھیں اور ایک دوسرے کے حق کو ادا کریں اور قرضہ کے بے وقعت اور حقیر نہ سمجھیں ورجہ (قرضہ لینا بوقت ضرورت حرام نہیں ہے اور) جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مقروض تھے اور جب امام حسن علیہ السلام کی شہادت ہوئی تو وہ بھی مقروض تھے اور جب امام حسین علیہ السلام کو قتل کیا گیا تو آپ علیہ السلام بھی مقروض تھے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2070} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَنَانِ بْنِ سَدِيرٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: كُلُّ ذَنْبٍ يُكَفِّرُهُ الْقَتْلُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ إِلاَّ الدَّيْنَ لاَ كَفَّارَةَ لَهُ إِلاَّ أَدَاؤُهُ أَوْ يَقْضِيَ صَاحِبُهُ أَوْ يَعْفُوَ الَّذِي لَهُ الْحَقُّ.

✪ حنان بن سدیر نے اپنے والد سے روایت کیا ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: اللہ کی راہ میں قتل ہونا ہر گناہ کا کفارہ بن جاتا ہے سوائے قرضہ کے کہ اس کا کوئی کفارہ نہیں ہے مگر یہ کہ مقروض اسے ادا کرے یا قرض خواہ اسے معاف کر دے۔ [3]

تحقیق:

حدیث حسن موثق ہے۔ [4]

{2071} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عُثْمَانَ عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ صَبِيحٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ يَدَّعِي عَلَى الْمُعَلَّى بْنِ خُنَيْسٍ دَيْناً عَلَيْهِ فَقَالَ ذَهَبَ بِحَقِّي فَقَالَ لَهُ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ ذَهَبَ بِحَقِّكَ الَّذِي قَتَلَهُ ثُمَّ قَالَ لِلْوَلِيدِ قُمْ إِلَى الرَّجُلِ فَاقْضِهِ مِنْ حَقِّهِ فَإِنِّي أُرِيدُ أَنْ أُبَرِّدَ عَلَيْهِ جِلْدَهُ الَّذِي كَانَ بَارِداً.

✪ ولید بن صبیح سے روایت ہے کہ ایک شخص امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور دعویٰ کیا کہ اس کا معلّی بن

---

[1] الکافی: ۵/ ۹۳ ح ۲؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۱۸۲ ح ۳۶۸۳؛ تہذیب الاحکام: ۶/ ۱۸۳ ح ۳۷۸؛ الوافی: ۱۷/ ۱۳۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/ ۳۱۹ ح ۲۳۷۵۸

[2] مرآۃ العقول: ۱۹/ ۴۳؛ روضۃ المتقین: ۶/ ۵۱۷؛ النجعۃ فی شرح اللمعۃ: ۸/ ۳؛ تحریر الاحکام الشرعیۃ: ۲/ ۴۴۶؛ شرح دعاء ابی حمزہ الثمالی الشیخ علی الاحمدی المیانجی: ۲۷۰؛ ملاذ الاخیار: ۹/ ۳۸۸

[3] الکافی: ۵/ ۹۴ ح ۶؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۱۸۷ ح ۳۳۳۳؛ الوافی: ۱۸/ ۷۸۵؛ تہذیب الاحکام: ۶/ ۱۸۴ ح ۳۸۰؛ الفصول المہمۃ: ۲/ ۲۹۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/ ۳۲۴ ح ۲۳۷۷۱؛ علل الشرائع: ۲/ ۵۲۸؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/ ۵۱۷؛ بحار الانوار: ۹۷/ ۱۰ و ۱۰۰/ ۱۴۱؛ الخصال: ۱/ ۱۲

[4] مرآۃ العقول: ۱۹/ ۴۵؛ ملاذ الاخیار: ۹/ ۳۸۸

خنیس (مقتول) کے ذمہ کچھ قرضہ ہے اور وہ میرا حق لے کر چلا گیا۔

آپ علیہ السلام نے فرمایا: تیرا حق وہ لے گیا جس نے اسے قتل کیا (یعنی داؤد عباسی) پھر امام جعفر صادق علیہ السلام نے ولید کو حکم دیا کہ اٹھو اور اس کا حق ادا کردو کیونکہ میں چاہتا ہوں کہ اس کے چمڑے کو ٹھنڈا کروں (یعنی اسے بری الذمہ کروں) اگرچہ وہ پہلے ہی ٹھنڈا ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [2]

{2072} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّضْرِ بْنِ سُوَيْدٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ تُبَاعُ الدَّارُ وَ لاَ الْجَارِيَةُ فِي الدَّيْنِ وَ ذَلِكَ لِأَنَّهُ لاَ بُدَّ لِلرَّجُلِ مِنْ ظِلٍّ يَسْكُنُهُ وَ خَادِمٍ يَخْدُمُهُ.

۞ حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: قرض (ادئیگی) کے سلسلہ میں مکان اور کنیز کو فروخت نہیں کیا جائے گا کیونکہ رہائش کے لئے مکان اور خدمت کے لئے کنیز ضروری ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے [4]

{2073} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي الرَّجُلِ يَمُوتُ وَ عَلَيْهِ دَيْنٌ فَيَضْمَنُهُ ضَامِنٌ لِلْغُرَمَاءِ فَقَالَ إِذَا رَضِيَ بِهِ الْغُرَمَاءُ فَقَدْ بَرِئَتْ ذِمَّةُ الْمَيِّتِ.

۞ عبداللہ بن سنان نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں روایت کیا ہے جو مرجائے اور اس کے ذمے قرضہ ہو اور اس کی ادائیگی کا کوئی شخص ضامن بن جائے؟ تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب اس پر قرض خواہ راضی ہوجائے تو میت

---

[1] الکافی: ۵/۹۴ ح۸؛ تہذیب الاحکام: ۶/۱۸۶ ح ۳۸۶؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۳۳۵ ح ۲۳۷۹۴؛ بحار الانوار: ۴۷/۱۳۷ و ۱۰۰/۱۴۳؛ الوافی: ۱۸/۸۶۷؛ عوالم العلوم: ۲۰/۱۰۳۲؛ علل الشرائع: ۲/۵۲۸

[2] الانوار اللوامع: ۱۲/۲۷۹؛ مرآۃ العقول: ۱۹/۵۴؛ ملاذ الاخیار: ۹/۴۹۳

[3] الکافی: ۵/۹۶ ح۳؛ تہذیب الاحکام: ۶/۱۸۶ ح ۳۸۷؛ الاستبصار: ۳/۶ ح ۱۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۳۳۹ ح ۲۳۸۰۱؛ الوافی: ۱۸/۷۹۱؛ علل الشرائع: ۲/۵۲۹؛ بحار الانوار: ۱۰۰/۱۵۵

[4] حدود الشریعہ: ۲/۵۰۷؛ الموسوعہ الفقہیہ: ۱۰/۲۲؛ الانوار اللوامع: ۱۲/۲۸۵؛ تذکرۃ الفقہاء: ۱۳/۱۵؛ فقہ الصادقؑ: ۲۰/۱۳۷؛ مرآۃ العقول: ۱۹/۴۷؛ ملاذ الاخیار: ۹/۴۹۳

بریُ الذمہ ہو جائے گا۔ ①

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ②

{2074} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رِئَابٍ عَنْ زُرَارَةَ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ مَاتَ وَ عَلَيْهِ دَيْنٌ بِقَدْرِ كَفَنِهِ قَالَ)يُكَفَّنُ بِمَا تَرَكَ إِلاَّ أَنْ يَتَّجِرَ عَلَيْهِ إِنْسَانٌ فَيُكَفِّنَهُ وَ يُقْضَى بِمَا تَرَكَ دَيْنُهُ(.

۞ زرارہ سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص فوت ہو گیا اور اس پر اتنا قرضہ ہے جتنا اس کے کفن پر خرچ ہوتا ہے (اور مال بھی اتنا ہے تو کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس ترکہ سے اسے کفن دیا جائے گا مگر یہ کہ کوئی شخص اسے کفن دے دے تو پھر اس کے ترکہ سے اس کا قرضہ ادا کیا جائے گا؟ ③

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ④

{2075} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عِيسَى عَنْ سَمَاعَةَ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الرَّجُلِ يَنْزِلُ عَلَى الرَّجُلِ وَ لَهُ عَلَيْهِ دَيْنٌ أَ يَأْكُلُ مِنْ طَعَامِهِ قَالَ نَعَمْ يَأْكُلُ مِنْ طَعَامِهِ ثَلاَثَةَ أَيَّامٍ ثُمَّ لاَ يَأْكُلُ بَعْدَ ذَلِكَ شَيْئاً.

۞ سماعہ سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص اس شخص کے ہاں مہمان بنتا ہے جس سے اس نے قرضہ لیتا ہے تو کیا وہ اس سے طعام کھا سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں وہ اس سے تین دن طعام کھا سکتا ہے پھر اس کے بعد کچھ نہ کھائے۔ ⑤

---

① الکافی: ۵/۹۹ ح ۲ و ۷/۲۵ ح ۵؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/۲۲۵ ح ۵۵۳۰ و ۳/۱۸۹ ح ۳۷۱۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۳۲۲ ح ۲۳۹۹۴؛ الوافی: ۱۸/۷۹۰

② مرآۃ العقول: ۱۹/۵۲؛ شرح العروۃ: ۳۱/۱۱؛ فقہ الصادقؑ: ۲۰/۳۰۶؛ الجعہ: ۸/۹۳؛ الانوار اللوامع: ۱۲/۵۳؛ مستمسک العروۃ: ۱۳/۲۳۸؛ جامع الشتات: ۳/۵۷؛ مرآۃ العقول: ۲۳/۳۱؛ روضۃ المتقین: ۱۱/۱۲۴ و ۶/۵۴۰؛ ملاذ الاخیار: ۹/۴۹۸

③ تہذیب الاحکام: ۶/۱۸۷ ح ۳۹۱ و ۹/۱۷۱ ح ۶۹۷؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/۱۹۴ ح ۵۴۴۱؛ الکافی: ۷/۲۳ ح ۲؛ الوافی: ۱۸/۷۹۴؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۳۴۵ ح ۲۳۸۱۴؛ المعتبر: ۱/۳۰۸

④ ملاذ الاخیار: ۹/۴۹۷؛ حدود الشریعہ: ۲/۶۴۹؛ الانوار اللوامع: ۱۲/۳۲۶؛ مرآۃ العقول: ۲۳/۳۷؛ روضۃ المتقین: ۱۱/۵۷؛ مصباح الفقیہ: ۵/۳۴۴؛ ذخیرۃ المعاد: ۱/۸۹؛ جواہر الکلام: ۲/۵۳؛ فقہ الصادقؑ: ۲۰/۳۹؛ براھین الحج: ۲/۲۷؛ رسالہ فی الارث اراکی: ۲۶؛ مدارک الاحکام: ۲/۱۱۹

⑤ الکافی: ۵/۱۰۲ ح ۲؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۱۸۸ ح ۳۷۰۵؛ تہذیب الاحکام: ۶/۱۸۸ ح ۳۹۴؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۳۵۱ ح ۲۳۸۲۸؛ الوافی: ۱۸/۷۲۳؛ ھدایۃ الامۃ: ۶/۲۲۲

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [1]

{2076} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِذَا أَقْرَضْتَ الدَّرَاهِمَ ثُمَّ أَتَاكَ بِخَيْرٍ مِنْهَا فَلاَ بَأْسَ إِذَا لَمْ يَكُنْ بَيْنَكُمَا شَرْطٌ.

حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب تم کسی کو چند درہم قرضہ دو پھر وہ تمہیں ان سے بہتر ادا کرے تو اگر ان دونوں کے درمیان (پیشگی) شرط نہ ہو تو کوئی حرج نہیں ہے۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [3]

{2077} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عِيسَى عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ وَهْبٍ قَالَ: سُئِلَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ كَانَ لَهُ عَلَى رَجُلٍ حَقٌّ فَفُقِدَ وَلاَ يَدْرِي أَ حَيٌّ هُوَ أَمْ مَيِّتٌ وَلاَ يُعْرَفُ لَهُ وَارِثٌ وَلاَ نَسَبٌ وَلاَ بَلَدٌ قَالَ اُطْلُبْهُ قَالَ إِنَّ ذَلِكَ قَدْ طَالَ فَأَتَصَدَّقُ بِهِ قَالَ اُطْلُبْهُ.

معاویہ بن وہب سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ ایک شخص کے ذمے کسی شخص کا کچھ حق (قرض) تھا اور وہ گم ہو گیا اور اب معلوم نہیں ہے کہ وہ زندہ ہے یا مر گیا اور نہ ہی اس کے وارث کا کوئی پتہ ہے اور نہ ہی خاندان کا اور نہ ہی گاؤں کا (تو کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اسے ہی تلاش کرو۔

عرض کیا: بہت عرصہ گزر چکا تو کیا میں وہ مال صدقہ کر دوں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اسے ہی تلاش کرو۔ [4]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [5]

---

[1] مراۃ العقول: ۱۹/ ۵۶؛ حدود الشریعہ: ۲/ ۵۱۲؛ الانوار اللوامع: ۱۲/ ۷۰؛ ملاذ الاخیار: ۹/ ۴۹۹؛ روضۃ المتقین: ۶/ ۵۳

[2] الکافی: ۵/ ۲۵۴ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۶/ ۲۰۱ ح ۴۴۹؛ الوافی: ۱۸/ ۶۵۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/ ۱۹۰ ح ۲۳۸۴۹

[3] القواعد الفقہیہ: ۷/ ۲۴۲؛ فقہ المعارف: ۱۶۲؛ مراۃ العقول: ۱۹/ ۲۰۳؛ ملاذ الاخیار: ۹/ ۵۳۳

[4] تہذیب الاحکام: ۶/ ۱۸۸ ح ۳۹۶ و ۹/ ۳۸۹ ح ۱۳۸۸؛ الکافی: ۷/ ۱۵۳ ح ۲؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/ ۳۳۱ ح ۵۷۱۰؛ الوافی: ۷/ ۵۹۳؛ عوالی اللئالی: ۲/ ۴۰۳؛ الاستبصار: ۴/ ۱۹۷ ح ۷۴۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/ ۳۶۲ ح ۲۳۸۵۴

[5] ملاذ الاخیار: ۹/ ۵۰۰؛ میراث حوزہ اصفہان: ۱۱/ ۱۹۱؛ حدود الشریعہ: ۲/ ۵۱۱؛ شرح العروۃ: ۲۵/ ۱۵۷؛ الجعبہ: ۸/ ۱۱؛ منہاج الفقاہۃ: ۲/ ۳۳۴؛ فقہ الصادق: ۱۵/ ۱۲۹؛ تفصیل الشریعہ الخمس والانفال: ۲۳۸

{2078} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ وَ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ شَاذَانَ جَمِيعاً عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الْحَمِيدِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ خُنَيْسٍ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ إِنَّ لِعَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَيَابَةَ دَيْناً عَلَى رَجُلٍ قَدْ مَاتَ وَ قَدْ كَلَّمْنَاهُ أَنْ يُحَلِّلَهُ فَأَبَى فَقَالَ وَيْحَهُ أَمَا يَعْلَمُ أَنَّ لَهُ بِكُلِّ دِرْهَمٍ عَشَرَةً إِذَا حَلَّلَهُ فَإِذَا لَمْ يُحَلِّلْهُ فَإِنَّمَا لَهُ دِرْهَمٌ بَدَلَ دِرْهَمٍ.

❁ حسن بن خنیس سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ عبدالرحمٰن بن سیابہ نے ایک شخص سے قرضہ لیا تھا جو کہ مر گیا تو ہم نے ان سے بات کی کہ وہ اسے بریٔ الذمہ کردیں مگر انہوں نے ایسا کرنے سے انکار کردیا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس پر افسوس ہے! کیا وہ نہیں جانتا کہ اگر وہ اسے بخش دے تو اسے ہر درہم کے عوض دس درہم ملیں گے اور اگر نہیں بخشے گا تو ایک درہم کے عوض ایک درہم ملے گا۔ [1]

تحقیق:

حدیث حسن یا موثق کالصحیح ہے۔ [2]

{2079} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبُو عَلِيٍّ الْأَشْعَرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى عَنْ يَحْيَى الْأَزْرَقِ عَنْ أَبِي الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي الرَّجُلِ قُتِلَ وَ عَلَيْهِ دَيْنٌ وَ لَمْ يَتْرُكْ مَالاً فَأَخَذَ أَهْلُهُ الدِّيَةَ مِنْ قَاتِلِهِ عَلَيْهِمْ أَنْ يَقْضُوا دَيْنَهُ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ وَ هُوَ لَمْ يَتْرُكْ شَيْئاً قَالَ إِنَّمَا أَخَذُوا الدِّيَةَ فَعَلَيْهِمْ أَنْ يَقْضُوا دَيْنَهُ.

❁ یحییٰ رزاق نے امام علی رضا علیہ السلام سے اس شخص کے متعلق روایت کیا ہے جو قتل ہوگیا اور اس کے ذمے قرض تھا جبکہ اس کے اولیا نے قاتل سے دیت لے لی تو کیا ان پر لازم ہے کہ اس کا قرضہ ادا کریں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں۔

میں نے عرض کیا: اس (مقتول) نے کچھ بھی مال نہیں چھوڑا تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: چونکہ ان لوگوں نے اس کی دیت وصول کرلی ہے لہٰذا ان پر واجب ہے کہ اس کا قرضہ ادا کریں۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

---

[1] الکافی: ۴/۳۶ح۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۱۸۹ ح۱۲ ۳۷و۲/۵۹ ح۲۰۴۷؛ تہذیب الاحکام: ۶/۱۹۵ ح۴۲۷؛ الوافی: ۱۰/۱۷ ۴۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۳۶۳ ح۸۵۶ ۲۳؛ ثواب الاحکام: ۱۴۵؛ بحار الانوار: ۱۰۰/۱۵۰

[2] مرآۃ العقول: ۱۶/۲۵؛ الانوار اللوامع: ۱۲/۳۰۵؛ ملاذ الاخیار: ۹/۵۱۸؛ روضۃ المتقین: ۶/۵۴۱؛ لوامع صاحبقرانی: ۶/۶۱

[3] الکافی: ۷/۲۵ ح۶ و۱۳۹ ح۷؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/۲۲۵ ح۵۵۳۴؛ تہذیب الاحکام: ۶/۱۹۲ ح۴۱۶ و۹/۱۶۷ ح۶۸۱ و۳۴۵ ح۹۵۲؛ الوافی: ۱۸/۹۶۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۳۶۴ ح۸۵۸ ۲۳ و۱۹/۳۴۶ ح

[4] مرآۃ العقول: ۲۳/۳۱؛ نظام الارث: ۷۰؛ ملاذ الاخیار: ۱۵/۲۴؛ روضۃ المتقین: ۱۱/۱۲۷؛ رسائل المیرزا القمیؒ: ۲/۸۴۲

{2080} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْمَاعِيلَ بْنِ بَزِيعٍ عَنْ حَنَانِ بْنِ سَدِيرٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ هَلْ يَجْزِي ٱلْوَلَدُ وَالِدَهُ فَقَالَ لَيْسَ لَهُ جَزَاءٌ إِلاَّ فِي خَصْلَتَيْنِ يَكُونُ ٱلْوَالِدُ مَمْلُوكاً فَيَشْتَرِيهِ اِبْنُهُ فَيُعْتِقُهُ أَوْ يَكُونُ عَلَيْهِ دَيْنٌ فَيَقْضِيهِ عَنْهُ.

❂ حنان بن سدیر نے اپنے والد سے روایت کیا ہے کہ انہوں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ کیا بیٹا اپنے باپ کو جزا (بدلہ) دے سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس کے لئے کوئی جزا نہیں ہے سوائے دو خصلتوں کے کہ اگر باپ غلام ہو تو بیٹا اس کی قیمت دے کر اسے آزاد کرائے یا اگر اس پر قرضہ ہو تو وہ اس کی طرف سے ادا کرے۔[1]

تحقیق:

حدیث حسن موثق ہے۔[2]

{2081} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ اِبْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ ٱلْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ ٱللَّهِ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ قَالَ: سُئِلَ عَنِ ٱلرَّجُلِ يَكُونُ لَهُ دَيْنٌ إِلَى أَجَلٍ مُسَمًّى فَيَأْتِيهِ غَرِيمُهُ فَيَقُولُ أَنْقُدْنِي كَذَا وَ كَذَا وَ أَضَعُ عَنْكَ بَقِيَّتَهُ أَوْ يَقُولُ أَنْقُدْنِي بَعْضَهُ وَ أَمُدُّ لَكَ فِي ٱلْأَجَلِ فِيمَا بَقِيَ عَلَيْكَ قَالَ لاَ أَرَى بِهِ بَأْساً إِنَّهُ لَمْ يَزْدَدْ عَلَى رَأْسِ مَالِهِ قَالَ ٱللَّهُ عَزَّ وَ جَلَّ: ﴿فَلَكُمْ رُؤُسُ أَمْوَالِكُمْ لاَ تَظْلِمُونَ وَ لاَ تُظْلَمُونَ﴾.

❂ حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے ایسے شخص کے بارے میں پوچھا گیا جس کے ذمے مدت معینہ کے لئے ایک قرض ہے پس اس کے پاس قرض آتا ہے اور کہتا ہے کہ مجھے اتنا اتنا ادا کر دو اور بقیہ میں چھوڑ دوں گا یا کہتا ہے کہ مجھے کچھ ادائیگی کر دو تو میں تمہارے لئے باقی رقم کی مدت بڑھا دوں گا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: میری نظر میں اس میں کوئی حرج نہیں ہے کیونکہ اس نے اصل مال میں کوئی اضافہ نہیں کیا (جو حرام ہے چنانچہ) اللہ تعالیٰ فرمایا ہے کہ: ''پس تم اپنے اصل سرمائے کے حقدار ہو، نہ تم ظلم کرو گے اور نہ تم پر ظلم کیا جائے گا (البقرۃ:۲۷۹)''[3]

---

[1] الکافی: ۲۳۶۱/۲۲ح ۱۹؛ الوافی: ۵/۵۰۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۲۷۳ح ۸۷۵؛ ۲۳؛ کتاب الزھد: ۴۰؛ امالی صدوق: ۴۶۲ مجلس ۷۰؛ بحارالانوار: ۷۱/۵۸ و ۶۶؛ مستدرک الوسائل: ۱۵/۲۰۳ح ۱۸۰۱۳

[2] مراۃ العقول: ۸/۴۲۹

[3] الکافی: ۵/۲۵۹ح ۴؛ من لایحضرہ الفقیہ: ۳/۳۳ح ۳۲۷۰؛ تہذیب الاحکام: ۶/۲۰۷ح ۴۷۵؛ فقہ القرآن: ۱/۳۹۵؛ تفسیر البرہان: ۱/۵۵۶؛ تفسیر نورالثقلین: ۱/۲۹۵؛ تفسیر کنزالدقائق: ۲/۴۵۹؛ تفسیر العیاشی: ۱/۱۵۳؛ بحارالانوار: ۱۰۰/۱۲۳؛ مستدرک الوسائل: ۱۳/۳۱۴ح ۱۵۷۶۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۳۴۸ح ۲۴۰۱۹؛ الوافی: ۱۸/۸۹۳

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [1]

﴿حوالہ دینے کے احکام﴾

قول مؤلف:

اگر کوئی شخص اپنے قرض خواہ کو حوالہ دے کر وہ اپنا قرض ایک اور شخص سے لے لے اور قرض خواہ اس بات کو قبول کرے۔۔۔ تو جس شخص کے نام حوالہ دیا گیا ہے وہ مقروض ہو جائے گا اور اس کے بعد قرض خواہ پہلے مقروض سے اپنے قرض کا مطالبہ نہیں کر سکتا۔ [2] اور جب دونوں اس معاملہ پر راضی ہو جائیں تو اس کے دیگر احکام وہی ہیں جو پہلے گزر چکے ہیں اور کچھ آئندہ (ضامن ہونے کے احکام کے تحت) گزریں گے ان شاءاللہ (واللہ اعلم)

﴿رہن کے احکام﴾

قول مؤلف:

رہن یہ ہے کہ انسان قرض کے بدلے یا ضامن بن کر اپنا مال کسی کے پاس گروی رکھوائے کہ اگر رہن رکھوانے والا قرضہ کو نہ لوٹا سکے یا رہن نہ چھڑوا سکے تو رہن لینے والا شخص اس کا عوض اس مال سے لے سکے۔ [3]

{2082} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي حَمْزَةَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الرَّهْنِ وَ الْكَفِيلِ فِي بَيْعِ النَّسِيئَةِ فَقَالَ لاَ بَأْسَ بِهِ.

ابوحمزہ سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے ادھار بیع میں رہن اور کفیل (ضمانت) کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ [4]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [5]

---

[1] جواہر الکلام: ۲۵/ ۳۰۳؛ فقہ الصادقؑ: ۷/ ۴۲۹؛ کتاب المکاسب: ۶/ ۲۲۲؛ الانوار اللوامع: ۱۲/ ۲۰۰؛ المختار: ۲۷۰؛ المسائل المستحدثۃ: ۲۰۷؛ ارشاد الطالب: ۷/ ۸۷؛ مراۃ العقول: ۱۹/ ۳۲۹

[2] توضیح المسائل آغا سیستانی: ۴۴۳ ف ۲۲۴۹

[3] توضیح المسائل آغا سیستانی: ۴۴۳ ف ۲۲۴۹

[4] الکافی: ۵/ ۲۳۳ ح ۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۲۶۴ ح ۳۹۵۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۱۶۸ ح ۷۴۴ و ۱۷۶ ح ۷۸۲؛ الوافی: ۱۸/ ۸۳۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/ ۳۸۰ ح ۲۳۸۸۸؛ ھدایۃ الامۃ: ۶/ ۲۲۶

[5] مراۃ العقول: ۱۹/ ۲۷۷؛ روضۃ المتقین: ۶/ ۲۷۱؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/ ۱۵۳؛ الانوار اللوامع: ۱۲/ ۳۴۶؛ تذکرۃ الفقہاء: ۱۱/ ۴۷۳؛ تعلیقہ الاستدلالیہ: ۶/ ۳۸۵

{2083} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَمَاعَةَ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ رَهْنَ إِلاَّ مَقْبُوضاً.

❁ محمد بن قیس سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: قبضہ کے بغیر کوئی رہن نہیں ہے۔ (1)

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ (2)

{2084} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبُو عَلِيٍّ الْأَشْعَرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا إِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الرَّجُلِ يَكُونُ عِنْدَهُ الرَّهْنُ فَلاَ يَدْرِي لِمَنْ هُوَ مِنَ النَّاسِ فَقَالَ لاَ أُحِبُّ أَنْ يَبِيعَهُ حَتَّى يَجِيءَ صَاحِبُهُ قُلْتُ لاَ يَدْرِي لِمَنْ هُوَ مِنَ النَّاسِ فَقَالَ فِيهِ فَضْلٌ أَوْ نُقْصَانٌ قُلْتُ فَإِنْ كَانَ فِيهِ فَضْلٌ أَوْ نُقْصَانٌ قَالَ إِنْ كَانَ فِيهِ نُقْصَانٌ فَهُوَ أَهْوَنُ يَبِيعُهُ فَيُؤْجَرُ فِيمَا نَقَصَ مِنْ مَالِهِ وَإِنْ كَانَ فِيهِ فَضْلٌ فَهُوَ أَشَدُّهُمَا عَلَيْهِ يَبِيعُهُ وَيُمْسِكُ فَضْلَهُ حَتَّى يَجِيءَ صَاحِبُهُ.

❁ اسحاق بن عمار سے روایت ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے ایک ایسے شخص کے متعلق سوال کیا جس کے پاس رہن ہے مگر وہ نہیں جانتا کہ وہ لوگوں میں سے کس کی ہے تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: میں پسند نہیں کرتا کہ وہ اسے فروخت کرے یہاں تک کہ اس کا مالک آجائے۔

میں نے عرض کیا: وہ تو جانتا ہی نہیں کہ وہ لوگوں میں سے کس کی ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کیا وہ (قرضہ سے) زائد ہے یا کم ہے؟

میں نے عرض کیا: اگر چہ وہ زائد ہو یا کم ہو (دونوں صورت کا حکم بیان فرما دیجئے)

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر کم ہو تو اس کا بیچنا بہت آسان ہے پس جو اس کے قرض سے کم ہو گیا تو اسے اجر دیا جائے گا اور اگر وہ زائد ہو تو اس کا بیچنا مشکل ہے (بہرحال) وہ اسے بیچ دے اور جو (قرضہ سے) زائد ہوا سے محفوظ رکھے یہاں تک کہ اس کا مالک آجائے۔ (3)

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق کالصحیح یا موثق ہے۔ (4)

---

(1) تہذیب الاحکام: ۷/۱۷۶ ح ۷۷۹؛ تفسیر العیاشی: ۱/۱۵۶؛ بحار الانوار: ۱۰۰/۱۵۹؛ عوالی اللئالی: ۲/۱۳۱؛ الفصول المہمہ: ۲/۲۶۸؛ الوافی: ۱۸/۸۴۳؛ تفسیر البرہان: ۱/۵۶۶؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۳۸۳ ح ۲۳۸۹۳؛ تفسیر الصافی: ۱/۳۰۸؛ دعائم الاسلام: ۲/۸۲؛ مستدرک الوسائل: ۱۳/۴۱۹ ح ؛ تفسیر کنز الدقائق: ۲/۴۷۱؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/۳۰۱

(2) ملاذ الاخیار: ۱۱/۳۰۸؛ فقہ الصادق: ۲۰/۵۹؛ مصباح الفقیہ: ۱۴/۵۴۷

(3) الکافی: ۵/۲۳۳ ح ۴؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۰۹ ح ۴۱۰۵؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۶۸ ح ۷۴۷؛ الوافی: ۱۸/۸۵۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۳۸۴ ح ۲۳۸۹۶

(4) الانوار اللوامع: ۱۲/۳۴۴؛ ریاض المسائل: ۹/۲۲۸؛ روضۃ المتقین: ۷/۳۶۸؛ مرآۃ العقول: ۱۹/۲۷۸؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۲۹۰

{2085} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ [مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ خ ل] عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ بُكَيْرٍ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ زُرَارَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي رَجُلٍ رَهَنَ رَهْناً إِلَى غَيْرِ وَقْتٍ مُسَمًّى ثُمَّ غَابَ هَلْ لَهُ وَقْتٌ يُبَاعُ فِيهِ رَهْنُهُ قَالَ لاَ حَتَّى يَجِيءَ [صَاحِبُهُ].

عبید بن زرارہ نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے ایسے شخص کے بارے میں روایت کیا ہے جس کے غیر معینہ مدت کے لئے مال رہن رکھا اور پھر غائب ہوگیا تو کیا اس کے لئے کوئی وقت مقرر ہے کہ اس کی رہن کو بیچ دیا جائے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں یہاں تک کہ اس کا مالک خود آجائے۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق کالصحیح یا موثق ہے۔ [2]

{2086} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ أَبَانِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: فِي الرَّهْنِ إِذَا ضَاعَ مِنْ عِنْدِ الْمُرْتَهِنِ مِنْ غَيْرِ أَنْ يَسْتَهْلِكَهُ رَجَعَ بِحَقِّهِ عَلَى الرَّاهِنِ فَأَخَذَهُ وَ إِنِ اسْتَهْلَكَهُ تَرَادَّا الْفَضْلَ بَيْنَهُمَا.

ابان بن عثمان سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے رہن کے بارے میں فرمایا: اگر رہن مرتہن (جس کے پاس رہن رکھی ہو) کے پاس ضائع ہوجائے جبکہ اس نے ہلاک (تباہ) نہ کیا ہو (یعنی اس کی غفلت کی وجہ سے نہ ہو) تو وہ اپنے حق کے لئے راہن (رہن رکھنے والے) کی طرف رجوع کرے اور اس سے حاصل کرے اور اگر اس نے اسے ہلاک (تباہ) کیا (یعنی اس کی غفلت سے مال رہن تباہ ہوا) تو (قرضہ سے) زائد (قیمت) کا وہ باہمی تبادلہ کریں گے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق ہے۔ [4]

قول مؤلف:

یعنی جو قیمت قرضہ سے زیادہ ہوگی وہ راہن کو ادا کرے گا (واللہ اعلم)

{2087} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ جَمِيلِ بْنِ دَرَّاجٍ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ

---

[1] الکافی: ۵/ ۲۳۴ ح ۵؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۳۰۹ ح ۴۱۰۶؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۱۶۹ ح ۷۴۹؛ الوافی: ۱۸/ ۸۵۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/ ۳۸۴ ح ۲۳۸۹۵؛ موسوعہ شہید اول: ۱۴/ ۲۶۸

[2] روضۃ المتقین: ۷/ ۳۶۸؛ الانوار اللوامع: ۱۲/ ۳۴۳؛ جواہر الکلام: ۲۵/ ۲۱۸؛ جامع الشتات: ۲/ ۴۳۹؛ مرآۃ العقول: ۱۹/ ۲۷۸؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/ ۲۹۱

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۳۰۸ ح ۴۱۰۲؛ الکافی: ۵/ ۲۳۴ ح ۸؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۱۷۲ ح ۷۶۵؛ الاستبصار: ۳/ ۱۲۰ ح ۴۲۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/ ۳۸۶ ح ۲۳۸۹۹؛ الوافی: ۱۸/ ۸۵۵؛ الفصول المہمہ: ۲/ ۲۶۹؛ ھدایۃ الامہ: ۶/ ۲۲۷

[4] الانوار اللوامع: ۱۲/ ۳۳۳؛ روضۃ المتقین: ۷/ ۳۶۷

اَللّٰهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ: فِي رَجُلٍ رَهَنَ عِنْدَ رَجُلٍ رَهْناً فَضَاعَ اَلرَّهْنُ قَالَ هُوَ مِنْ مَالِ اَلرَّاهِنِ وَ يَرْتَجِعُ اَلْمُرْتَهِنُ عَلَيْهِ بِمَالِهِ.

⦿ جمیل بن دراج نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے ایسے شخص کے متعلق روایت کیا ہے جس کے ایک آدمی کے پاس کوئی چیز رہن رکھی اور وہ رہن ضائع ہوگئی؟ تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ راہن (رہن رکھنے والے) کا مال ہے اور مرتہن (رہن لینے والا) اپنے مال کا اس سے مطالبہ کرے گا۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2088} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَلْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي نَصْرٍ اَلْبَزَنْطِيِّ عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَلْحُصَيْنِ عَنْ أَبِي اَلْعَبَّاسِ اَلْفَضْلِ بْنِ عَبْدِ اَلْمَلِكِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللّٰهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ رَهَنَ عِنْدَهُ آخَرُ عَبْدَيْنِ فَهَلَكَ أَحَدُهُمَا أَ يَكُونُ حَقُّهُ فِي اَلْآخَرِ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ أَوْ دَاراً فَاحْتَرَقَتْ أَ يَكُونُ حَقُّهُ فِي اَلتُّرْبَةِ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ أَوْ دَابَّتَيْنِ فَهَلَكَتْ إِحْدَاهُمَا أَ يَكُونُ حَقُّهُ فِي اَلْأُخْرَى قَالَ نَعَمْ قُلْتُ أَوْ مَتَاعاً فَهَلَكَ مِنْ طُولِ مَا تَرَكَهُ أَوْ طَعَاماً فَفَسَدَ أَوْ غُلاَماً فَأَصَابَهُ جُدَرِيٌّ فَعَمِيَ أَوْ ثِيَاباً تَرَكَهَا مَطْوِيَّةً لَمْ يَتَعَاهَدْهَا وَ لَمْ يَنْشُرْهَا حَتَّى هَلَكَتْ قَالَ هَذَا نَحْوٌ وَاحِدٌ يَكُونُ حَقُّهُ عَلَيْهِ.

⦿ ابوالعباس فضل بن عبدالملک سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص کے پاس دو غلاموں میں سے ایک آخر کا غلام رہن تھا مگر ان دونوں میں سے ایک مر گیا تو کیا دوسرے میں اس کا حق ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں

میں نے عرض کیا: یا ایک گھر تھا جو رہن تھا اور وہ جل گیا تو کیا زمین میں اس کا حق ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں۔

میں نے عرض کیا: یا سواری کے دو گھوڑے ہیں ان دونوں میں سے ایک مر گیا تو کیا دوسرے میں اس کا حق ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں۔

میں نے عرض کیا: کوئی مال تھا جو عرصہ تک چھوڑ دینے کی وجہ سے تباہ ہوگیا یا کھانے کی کوئی شے تھی جو فاسد ہوگئی یا ایک غلام تھا کہ چیچک نکلنے کی وجہ سے اس کی آنکھیں جاتی رہیں یا کوئی کپڑا تھا جو تہہ کیا ہوا پڑا تھا اور اس کی دیکھ بھال نہیں کی گئی اور نہ اس کو پھیلایا گیا یہاں تک کہ وہ تباہ ہوگیا؟

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۵۰۳ ح ۴۰۹۳؛ الوافی: ۱۸/۸۵۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۳۸۵ ح ۲۳۸۹۸

[2] روضۃ المتقین: ۷/۳۹۳؛ جواہر الکلام: ۲۵/۱۷۵؛ الانوار اللوامع: ۱۲/۳۳۲؛ فقہ الصادقؑ: ۲۰/۸۲؛ التفسیر الموضوعی القرآن: ۲۳/۵۷۳

آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ سب ایک ہی طرح کا معاملہ ہے جس پر اس کا حق ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق کالصحیح یا موثق ہے۔ [2]

{2089} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ وَ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ أَبِي حَمْزَةَ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ قَوْلِ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلاَمُ فِي الرَّهْنِ يَتَرَادَّانِ الْفَضْلَ فَقَالَ كَانَ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلاَمُ يَقُولُ ذَلِكَ قُلْتُ كَيْفَ يَتَرَادَّانِ فَقَالَ إِنْ كَانَ الرَّهْنُ أَفْضَلَ مِمَّا رُهِنَ بِهِ ثُمَّ عَطِبَ رَدَّ الْمُرْتَهِنُ الْفَضْلَ عَلَى صَاحِبِهِ وَ إِنْ كَانَ لاَ يَسْوَى رَدَّ الرَّاهِنُ مَا نَقَصَ مِنْ حَقِّ الْمُرْتَهِنِ قَالَ وَ كَذَلِكَ كَانَ قَوْلُ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلاَمُ فِي الْحَيَوَانِ وَ غَيْرِ ذَلِكَ.

ابوحمزہ سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے رہن کے متعلق امیر المومنین علیہ السلام کے فرمان کے بارے میں پوچھا کہ دونوں (راہن و مرتہن) زائد (قیمت) کا باہمی تبادلہ کریں گے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: امیر المومنین علیہ السلام اسی طرح فرماتے تھے۔

میں نے عرض کیا: وہ دونوں کیسے باہمی تبادلہ کریں گے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر رہن (گروی رکھی جانے والی چیز) کی مالیت قرض کی رقم سے زیادہ ہو تو مرتہن (گروی لینے والا) اصل مالک کو لوٹا دے اور اگر دونوں (رہن اور قرضہ) برابر نہ ہوں (بلکہ رہن کی مالیت کم ہو) تو راہن (گروی رکھنے والا) مرتہن کی جو کمی ہو وہ پوری کرے۔

پھر آپ علیہ السلام نے فرمایا: اور حیوان وغیرہ کے بارے میں بھی امیر المومنین علیہ السلام کا فرمان اسی طرح ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2090} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا إِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الرَّجُلِ يَرْهَنُ الْعَبْدَ أَوِ الثَّوْبَ أَوِ الْحُلِيَّ أَوْ مَتَاعاً مِنْ مَتَاعِ الْبَيْتِ

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۱۱ ح ۴۱۱۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۷۵ ح ۷۷۳؛ الوافی: ۱۸/ ۸۵۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/ ۳۸۹ ح ۲۳۹۰۷؛ الاستبصار: ۳/۱۱۹ ح ۴۲۴

[2] روضۃ المتقین: ۷/ ۱۷۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/ ۳۰۵

[3] الکافی: ۵/ ۲۳۴ ح ۷؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۱۷۱ ح ۷۶۱؛ الوافی: ۱۸/ ۸۶۰؛ الاستبصار: ۳/۱۱۹ ح ۴۲۴؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/ ۳۹۰ ح ۲۳۹۰۹؛ الفصول المہمہ: ۲/ ۲۶۹؛ ھدایۃ الامہ: ۶/ ۲۲۹

[4] مرآۃ العقول: ۱۹/ ۴۰۷؛ ریاض المسائل: ۹/ ۲۲۰؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/ ۲۹۷

فَيَقُولُ صَاحِبُ الْمَتَاعِ لِلْمُرْتَهِنِ أَنْتَ فِي حِلٍّ مِنْ لُبْسِ هَذَا الثَّوْبِ فَالْبَسِ الثَّوْبَ وَ انْتَفِعْ بِالْمَتَاعِ وَ اسْتَخْدِمِ الْخَادِمَ قَالَ هُوَ لَهُ حَلاَلٌ إِذَا أَحَلَّهُ وَ مَا أُحِبُّ أَنْ يَفْعَلَ قُلْتُ فَارْتَهَنَ دَاراً لَهَا غَلَّةٌ لِمَنِ الْغَلَّةُ قَالَ لِصَاحِبِ الدَّارِ قُلْتُ فَارْتَهَنَ أَرْضاً بَيْضَاءَ فَقَالَ صَاحِبُ الْأَرْضِ ازْرَعْهَا لِنَفْسِكَ فَقَالَ لَيْسَ هَذَا مِثْلَ هَذَا يَزْرَعُهَا لِنَفْسِهِ فَهُوَ لَهُ حَلاَلٌ كَمَا أَحَلَّهُ لَهُ إِلاَّ أَنَّهُ يَزْرَعُ بِمَالِهِ وَ يَعْمُرُهَا.

۞ اسحاق بن عمار سے روایت ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص اپنا غلام، لباس یا زیورات یا گھر کے سامانوں میں سے کوئی سامان کسی کو رہن میں دیتا ہے اور کہتا ہے کہ تم کو یہ لباس پہننا حلال ہے پس وہ لباس پہن لیتا ہے اور سامان سے فائدہ اٹھاتا ہے اور خادم سے خدمت لیتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ اس کے لئے حلال ہے کیونکہ اس کے لئے حلال کر دیا گیا ہے البتہ میں پسند نہیں کرتا کہ وہ ایسا کرے۔

میں نے عرض کیا: ایسا گھر رہن رکھا جاتا ہے جس میں فائدہ ہے تو فائدہ کس کا ہوگا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: گھر کے مالک کا۔

میں نے عرض کیا: اس نے چٹیل زمین رہن رکھی اور زمین کے مالک نے (مرتہن سے) کہا کہ اس میں اپنے لئے کھیتی باڑی کرلو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ اس طرح نہیں ہے کہ اپنے لئے زراعت کرے تو وہ اس کے لئے حلال ہو جائے کیونکہ اسے اس کے لئے حلال قرار دیا گیا ہے مگر یہ کہ وہ اپنے مال سے زراعت کرے اور زمین کو آباد کرے (تو پھر حلال ہے)۔[1]

تحقیق:

حدیث موثق کالصحیح یا موثق ہے۔[2]

{2091} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنِ ابْنِ أَبِي نَصْرٍ عَنْ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ عَنْ أَبِي الْعَبَّاسِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ فِي حَدِيثٍ قَالَ: سَأَلْتُهُ كَيْفَ يَكُونُ الرَّهْنُ بِمَا فِيهِ إِذَا كَانَ حَيَوَاناً أَوْ دَابَّةً أَوْ ذَهَباً أَوْ فِضَّةً أَوْ مَتَاعاً وَ أَصَابَهُ جَائِحَةٌ حَرِيقٌ أَوْ لُصُوصٌ فَهَلَكَ مَالُهُ أَجْمَعُ سِوَى ذَلِكَ وَ قَدْ هَلَكَ مِنْ بَيْنِ مَتَاعِهِ وَ لَيْسَ لَهُ عَلَى مُصِيبَتِهِ بَيِّنَةٌ قَالَ إِذَا ذَهَبَ مَتَاعُهُ كُلُّهُ فَلَمْ يُوجَدْ لَهُ شَيْءٌ فَلاَ شَيْءَ عَلَيْهِ وَ قَالَ إِنْ ذَهَبَ مِنْ بَيْنِ مَالِهِ وَ لَهُ مَالٌ فَلاَ يُصَدَّقُ.

---

[1] الکافی: ۵/۲۳۵ ح ۱۲؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۱۲ ح ۴۱۱۷؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۷۳ ح ۷۶۷؛ الوافی: ۱۸/۸۴۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۳۹۲ ح ۲۳۹۱۴؛ ھدایۃ الامۃ: ۶/۲۲۹

[2] روضۃ المتقین: ۷/۳۷۵؛ مرآۃ العقول: ۱۹/۲۸۱؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۳۰۱

❁ ابوالعباس سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ اگر کوئی حیوان، چوپایہ، سونا، چاندی یا کوئی اور مال ومتاع رہن ہو اور اس پر کوئی مصیبت نازل ہو اور وہ جل جائے یا چور لے جائیں اور اس کا تمام مال تلف ہو جائے یا اس میں کمی آجائے مگر اس کے پاس اس آفت زدگی پر کوئی بینہ نہ ہو تو رہن کا فیصلہ کیسے ہوگا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر اس کا سارا مال چلا جائے اور اس کے پاس کچھ باقی نہ بچے تو پھر اس پر کچھ نہیں ہے (یعنی وہ ضامن نہیں ہے) پھر فرمایا: اگر اس کا کچھ مال جاتا رہے اور کچھ باقی بچ جائے (اور وہ کہے کہ رہن والا مال تلف ہو گیا ہے) تو اس کو سچ نہیں سمجھا جائے گا۔[1]

تحقیق:

حدیث موثق یا موثق کالصحیح ہے۔[2]

{2092} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْمُغِيرَةِ عَنِ ابْنِ سِنَانٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: قَضَى أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ صَلَوَاتُ اللَّهِ عَلَيْهِ فِي كُلِّ رَهْنٍ لَهُ غَلَّةٌ أَنَّ غَلَّتَهُ تُحْسَبُ لِصَاحِبِ الرَّهْنِ مِمَّا عَلَيْهِ.

❁ عبداللہ بن سنان سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: امیر المومنین علیہ السلام نے ہر اس رہن کے بارے میں فیصلہ فرمایا جس میں آمدنی ہے کہ اس کی آمدنی صاحب رہن کے حساب میں ہوگی جو اس پر ہے۔[3]

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔[4]

{2093} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ وَ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ أَبِي وَلَّادٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَنِ الرَّجُلِ يَأْخُذُ الدَّابَّةَ وَ الْبَعِيرَ رَهْناً بِمَالِهِ أَ لَهُ أَنْ يَرْكَبَهُ قَالَ فَقَالَ إِنْ كَانَ يَعْلِفُهُ فَلَهُ أَنْ يَرْكَبَهُ وَإِنْ كَانَ الَّذِي رَهَنَهُ عِنْدَهُ يَعْلِفُهُ فَلَيْسَ لَهُ أَنْ يَرْكَبَهُ.

❁ ابوولاد سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص گھوڑا یا اونٹ رہن لیتا ہے تو کیا وہ اس

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/۱۷۵ ح ۷۷۳؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۱۰ ۳ ح ۳۱۱۲؛ الوافی: ۱۸/۷ ۵۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/ ۹۳ ح ۲۳۹۱۵؛ ھدایۃ الامہ: ۶/ ۲۳۰

[2] ملاذ الاخیار: ۱۱/ ۳۰۵؛ الانوار اللوامع: ۱۲/ ۳۴۹؛ روضۃ المتقین: ۷/ ۳۷۰

[3] الکافی: ۵/ ۲۳۵ ح ۱۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۱۶۹ ح ۷۵۰؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۳۱۱ ح ۳۱۱۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/ ۹۴ ح ۲۳۹۱۶؛ الوافی: ۱۸/ ۸۴۸

[4] مرآۃ العقول: ۱۹/ ۲۸۱؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/ ۲۹۲

پر سوار ہو سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر اسے یہ چارا کھلاتا تو پھر سوار ہو سکتا ہے اور اگر چارا راہن کھلاتا ہے تو پھر سوار نہیں ہو سکتا۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{2094} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ مَنْصُورِ بْنِ حَازِمٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سُئِلَ عَنْ رَجُلٍ يَكُونُ لَهُ الدَّيْنُ عَلَى الرَّجُلِ وَ مَعَهُ الرَّهْنُ أَ يَشْتَرِي الرَّهْنَ مِنْهُ قَالَ نَعَمْ.

✪ ہشام بن سالم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں پوچھا گیا جس کا دوسرے شخص پر قرض ہے اور اس کے پاس (قرضہ کے عوض) رہن بھی ہے تو کیا وہ اس (رہن رکھنے والے) سے رہن (کا مال) خرید سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[4]

{2095} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ صَفْوَانَ وَ فَضَالَةَ عَنِ الْعَلاَءِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي رَجُلٍ رَهَنَ عِنْدَ صَاحِبِهِ رَهْناً لاَ بَيِّنَةَ بَيْنَهُمَا فِيهِ اِدَّعَى الَّذِي عِنْدَهُ الرَّهْنُ أَنَّهُ بِأَلْفِ دِرْهَمٍ وَ قَالَ صَاحِبُ الرَّهْنِ أَنَّهُ بِمِائَةٍ قَالَ الْبَيِّنَةُ عَلَى الَّذِي عِنْدَهُ الرَّهْنُ أَنَّهُ بِأَلْفِ دِرْهَمٍ فَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ بَيِّنَةٌ فَعَلَى الرَّاهِنِ الْيَمِينُ وَ قَالَ فِي رَجُلٍ رَهَنَ عِنْدَ صَاحِبِهِ رَهْناً فَقَالَ الَّذِي عِنْدَهُ الرَّهْنُ اِرْتَهَنْتُهُ عِنْدِي بِكَذَا وَ كَذَا وَ قَالَ الْآخَرُ إِنَّمَا هُوَ عِنْدَكَ وَدِيعَةٌ فَقَالَ الْبَيِّنَةُ عَلَى الَّذِي عِنْدَهُ الرَّهْنُ أَنَّهُ يَكُونُ بِكَذَا وَ كَذَا فَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ بَيِّنَةٌ فَعَلَى الَّذِي لَهُ الرَّهْنُ الْيَمِينُ.

✪ محمد بن مسلم نے امام محمد باقر علیہ السلام سے اس شخص کے متعلق روایت کیا ہے جس نے اپنے دوست کے پاس کچھ رہن رکھا مگر اس سلسلے میں دونوں نے کوئی گواہ مقرر نہ کیا پس جس مرتہن (جس کے پاس رہن تھا) نے کہا کہ یہ مال ایک ہزار درہم کے عوض

---

[1] الکافی: ۵/۲۳۶ ح ۱۶؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۰۷ ح ۴۰۹۸؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۷۶ ح ۷۷۸؛ الوافی: ۱۸/۸۴۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۳۹۷ ح ۲۳۹۴۳

[2] مرآۃ العقول: ۱۹/۲۸۲؛ جواہر الکلام: ۲۵/۱۸۰؛ مصباح الفقیہ: ۱۴/۴۶۳؛ الانوار اللوامع: ۱۲/۳۳۷؛ روضۃ المتقین: ۷/۳۹۵؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۳۰۸

[3] الکافی: ۵/۲۳۷ ح ۲۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۷۵ ح ۷۵۵ و ۱۲۳ ح ۵۳۵؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۲۶ ح ۳۸۳۷؛ الوافی: ۱۸/۸۵۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۳۹۹ ح ۲۳۹۴۷

[4] مرآۃ العقول: ۱۹/۲۸۵؛ الانوار اللوامع: ۱۲/۳۴۴؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۲۹۴

ہے مگر راہن (جس نے رہن رکھتا تھا) نے کہا کہ سو درہم کے عوض ہے (تو کیا حکم ہوگا)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: بینہ اس شخص پر ہے جس کے پاس رہن ہے (یعنی مرتہن پر) کہ وہ مال ہزار درہم کے عوض ہے اور اگر اس کے پاس بینہ نہ ہو تو پھر راہن قسم کھائے گا اور اس شخص کے بارے میں جس نے اپنے دوست کے پاس کچھ رہن رکھا پس جس کے پاس رہن ہے وہ کہتا ہے کہ اس نے اتنے اتنے (قرض) کے عوض یہ مال میرے پاس رہن رکھا ہے اور دوسرا کہتا ہے کہ مال تمہارے پاس ودیعت (امانت) ہے (تو کیا حکم ہوگا)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: بینہ اس پر ہے جس کے پاس رہن ہے کہ اتنے اتنے مال کے عوض ہے اور اگر اس کے بینہ نہ ہو تو پھر مالک کو (اس کے امانت ہونے پر) قسم کھانا پڑے گی۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

ضامن ہونے کے احکام

{2096} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ عُمَرُ بْنِ يَزِيدَ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَنْ رَجُلٍ ضَمِنَ عَلَى رَجُلٍ ضَمَاناً ثُمَّ صَالَحَ عَلَيْهِ قَالَ لَيْسَ لَهُ إِلَّا الَّذِي صَالَحَ عَلَيْهِ.

عمر بن یزید سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص کسی آدمی کا ضامن بنا اور پھر اس نے (صاحب حق سے) مصالحت کر لی؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس کے لئے نہیں ہے مگر وہی مال جس پر اس نے مصالحت کی ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق کالصحیح ہے۔ [4]

{2097} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ وَ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ شَاذَانَ جَمِيعاً عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَفْصِ بْنِ الْبَخْتَرِيِّ قَالَ: أَبْطَأْتُ عَنِ الْحَجِّ فَقَالَ لِي أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ عَلَيْهِ

[1] تہذیب الاحکام: ۷/۱۷۴ ح ۷۶۹؛ الوافی: ۱۸/۸۶۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۴۰۰ ح ۲۳۹۳۰ و ۲۳۹۳۴؛ الاستبصار: ۳/۱۲۳ ح ۴۳۸

[2] ملاذ الاخیار: ۷/۱۴۷؛ الانوار اللوامع: ۱۲/۳۴۹؛ جواہر الکلام: ۲۵/۲۳۴؛ فقہ الصادقؑ: ۲۰/۹۱

[3] تہذیب الاحکام: ۶/۲۱۰ ح ۴۹۰؛ الکافی: ۵/۲۵۹ ح ۷؛ الوافی: ۱۸/۸۹۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۴۲۷ ح ۲۳۹۷۲؛ السرائر: ۳/۴۳۲؛ بحار الانوار: ۱۰۰/۱۷۷؛ الفصول المہمہ: ۲/۲۷۶

[4] ملاذ الاخیار: ۹/۵۵۸؛ شرح العروۃ: ۳۱/۴۲۵؛ مبانی العروۃ: ۴/۴۶۱؛ الانوار اللوامع: ۱۲/۲۳۷؛ الرسائل الاحمدیہ: ۲/۳۳۷؛ ریاض المسائل: ۹/۲۷۳؛ مراۃ العقول: ۱۹/۳۳۰

اَلسَّلاَمُ مَا أَبْطَأَ بِكَ عَنِ اَلْحَجِّ فَقُلْتُ جُعِلْتُ فِدَاكَ تَكَفَّلْتُ بِرَجُلٍ فَخَفَرَ بِي فَقَالَ مَا لَكَ وَ اَلْكَفَالاَتِ أَ مَا عَلِمْتَ أَنَّهَا أَهْلَكَتِ اَلْقُرُونَ اَلْأُولَى ثُمَّ قَالَ إِنَّ قَوْماً أَذْنَبُوا ذُنُوباً كَثِيرَةً فَأَشْفَقُوا مِنْهَا وَ خَافُوا خَوْفاً شَدِيداً وَ جَاءَ آخَرُونَ فَقَالُوا ذُنُوبُكُمْ عَلَيْنَا فَأَنْزَلَ اَللَّهُ عَزَّ وَ جَلَّ عَلَيْهِمُ اَلْعَذَابَ ثُمَّ قَالَ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى خَافُونِي وَ اِجْتَرَأْتُمْ عَلَيَّ.

⊙ حفص بن البختری سے روایت ہے کہ میں نے حج کی ادائیگی میں دیر کی تو امام جعفر صادق علیہ السلام نے مجھ سے فرمایا: تمہیں حج میں تاخیر کرنے پر کس چیز نے آمادہ کیا؟

میں نے عرض کیا: میں آپ علیہ السلام پر فدا ہوں! میں ایک آدمی کا کفیل ہوا تھا پس اس نے مجھے بہت تنگ کیا۔

آپ علیہ السلام نے فرمایا: تمہیں کفالتوں سے کیا مطلب؟ کیا تمہیں معلوم نہیں کہ انہی (کفالتوں) نے پہلے لوگوں کو ہلاک کیا۔ پھر فرمایا: کچھ لوگوں نے بہت گناہ کئے پھر ان پر نادم ہوئے اور (ان کی سنگینی سے) شدید خوفزدہ ہو گئے اور کچھ دوسرے لوگوں نے آ کر ان سے کہا کہ تمہارے گناہ ہم پر ہیں (یعنی ان کے گناہوں کے کفیل و ضامن بن گئے) پس اللہ تعالیٰ نے ان پر عذاب نازل کر دیا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ وہ لوگ تو مجھ سے ڈر گئے لیکن تم لوگوں نے مجھ پر جسارت کی۔[1]

تحقیق:

حدیث حسن کالصحیح ہے۔[2]

{2098} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَلْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ دَاوُدَ بْنِ سِرْحَانَ أَنَّهُ سَأَلَ أَبَا عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ: عَنِ اَلْكَفِيلِ وَ اَلرَّهْنِ فِي بَيْعِ اَلنَّسِيئَةِ قَالَ لاَ بَأْسَ.

⊙ داود بن سرحان سے روایت ہے کہ انہوں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے ادھار بیع میں کفیل (ضامن) بننے اور رہن کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: کوئی حرج نہیں ہے۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[4]

---

[1] الکافی: ۵/۱۰۳ح۱؛ المحاسن: ۱/۱۱۶؛ ثواب الاعمال و عقاب الاعمال: ۲۳۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۴۲۸ح ۲۳۹۷۳؛ الوافی: ۱۸/۸۳۳؛ بحار الانوار: ۱۴/۵۰۸و ۷۶/۳۸۶

[2] مراۃ العقول: ۱۹/۵۸

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۹۷ح ۳۴۰۴؛ تہذیب الاحکام: ۶/۲۱۰ح ۴۹۱؛ الوافی: ۱۸/۸۳۸؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۴۳۰ح ۲۳۹۸۲؛ دعائم الاسلام: ۲/۵۲؛ مستدرک الوسائل: ۱۳/۴۱۷ح ۱۵۷۷۰

[4] روضۃ المتقین: ۶/۴۲۸؛ الانوار اللوامع: ۱۲/۴۹۱؛ دراسات فقہیہ: ۲۷۳؛ مراۃ العقول: ۱۹/۲۷۷؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۳۱۵

{2099} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُوسَى الْخَشَّابِ عَنْ غِيَاثِ بْنِ كَلُّوبِ بْنِ فَيْهَسٍ الْبَجَلِيِّ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ جَعْفَرٍ عَنْ أَبِيهِ عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ: أَنَّ عَلِيّاً عَلَيْهِ السَّلاَمُ أُتِيَ بِرَجُلٍ كَفَلَ بِرَجُلٍ بِعَيْنِهِ فَأُخِذَ بِالْمَكْفُولِ فَقَالَ احْبِسُوهُ حَتَّى يَأْتِيَ بِصَاحِبِهِ.

❁ امام جعفر صادق علیہ السلام نے اپنے والد بزرگوار علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام کی خدمت میں ایک شخص کو لایا گیا جس نے ایک خاص شخص کی کفالت (ضمانت) دی تھی پس اسے مکفول کے عوض اخذ کیا گیا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: اسے قید کردو۔ یہاں تک کہ اپنے ساتھ کو حاضر کرے۔ [1]

تحقیق:

حدیث حسن یا موثق ہے۔ [2]

{2100} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ أَبِي نَصْرٍ عَنْ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ عَنْ أَبِي الْعَبَّاسِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الرَّجُلِ يَكْفُلُ بِنَفْسِ الرَّجُلِ إِلَى أَجَلٍ فَإِنْ لَمْ يَأْتِ بِهِ فَعَلَيْهِ كَذَا وَ كَذَا دِرْهَماً قَالَ إِنْ جَاءَ بِهِ إِلَى أَجَلٍ فَلَيْسَ عَلَيْهِ مَالٌ وَ هُوَ كَفِيلٌ بِنَفْسِهِ أَبَداً إِلاَّ أَنْ يَبْدَأَ بِالدَّرَاهِمِ فَإِنْ بَدَأَ بِالدَّرَاهِمِ فَهُوَ لَهُ ضَامِنٌ إِنْ لَمْ يَأْتِ بِهِ إِلَى الْأَجَلِ الَّذِي أَجَّلَهُ.

❁ ابو العباس سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص کسی شخص کی ذات کا ایک مدت تک کا کفیل بنا (اور کہا) کہ اگر اس نے اسے فلاں وقت تک حاضر نہ کیا تو اس پر اتنے اتنے درہم لازم ہوں گے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر وہ اسے مقررہ وقت تک حاضر کردے تو اس پر مال لازم نہیں ہے کیونکہ وہ اس شخص کو حاضر کرنے کا کفیل ہے مگر یہ کہ وہ (کفیل بنتے وقت) ابتدا ہی درہموں سے کرے پس اگر اس نے ابتدا درہموں سے کی تو اگر اسے مقررہ وقت تک حاضر نہ کیا تو پھر اس کا ضامن ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق ہے۔ [4]

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۹۷ ح ۳۴۰۴؛ تہذیب الاحکام: ۶/ ۲۱۰ ح ۴۹۱؛ الوافی: ۱۸/ ۸۳۸؛ وسائل الشیعہ: ۸/ ۴۳۰ ح ۲۳۹۸۲؛ دعائم الاسلام: ۲/ ۵۲؛ مستدرک الوسائل: ۱۳/ ۴۱۷ ح ۱۵۷۷۰

[2] ملاذ الاخیار: ۹/ ۵۵۶

[3] تہذیب الاحکام: ۶/ ۲۰۹ ح ۴۸۸؛ السرائر: ۳/ ۵۷۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/ ۴۳۲ ح ۲۳۹۸۹؛ عوالی اللئالی: ۳/ ۲۴۲؛ الوافی: ۱۸/ ۸۳۵؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۹۶ ح ۳۴۰۳؛ ہدایۃ الامہ: ۶/ ۴۲۸

[4] التشریع الاسلامی: ۹/ ۳۰۹؛ الانوار اللوامع: ۱۲/ ۴۰۲؛ ملاذ الاخیار: ۹/ ۵۵۶؛ روضۃ المتقین: ۶/ ۲۲۷

{2101} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ أَنَّهُ سَأَلَ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: عَنِ الرَّجُلِ يُحِيلُ الرَّجُلَ بِالْمَالِ أَيَرْجِعُ عَلَيْهِ قَالَ لاَ يَرْجِعُ عَلَيْهِ أَبَداً إِلاَّ أَنْ يَكُونَ قَدْ أَفْلَسَ قَبْلَ ذَلِكَ.

۞ ابوایوب خزاز سے روایت ہے کہ انہوں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں پوچھا جو مال کے عوض ایک شخص کا حوالہ دے دیتا ہے تو کیا اس سے رجوع کیا جا سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس سے کبھی رجوع نہیں کیا جا سکتا مگر یہ کہ اس (حوالہ دینے) سے پہلے وہ (جس کی طرف حوالہ دیا گیا) مفلس اور دیوالیہ ہو چکا ہو۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2102} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَحَدِهِمَا عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ: فِي الرَّجُلِ يُحِيلُ الرَّجُلَ بِمَالٍ كَانَ لَهُ عَلَى رَجُلٍ آخَرَ فَيَقُولُ لَهُ الَّذِي احْتَالَ بَرِئْتَ مِنْ مَالِي عَلَيْكَ قَالَ) إِذَا أَبْرَأَهُ فَلَيْسَ لَهُ أَنْ يَرْجِعَ عَلَيْهِ وَأَنْ لَمْ يُبْرِئْهُ فَلَهُ أَنْ يَرْجِعَ عَلَى الَّذِي أَحَالَهُ(.

۞ زرارہ نے امامین علیہما السلام میں سے ایک امام علیہ السلام سے اس شخص کے متعلق روایت کیا ہے جو (اپنے قرض خواہ کو) کسی شخص کا حوالہ دیتا ہے جس کے پاس اس کا مال ہے اور جو کو حوالہ دیا جا رہا ہے وہ کہتا ہے کہ جو (قرض) میرا تم پر تم اس سے بری ہو (میں اس سے لے لوں گا جس کا تم نے حوالہ دے دیا ہے تو کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر اس نے اسے بری الذمہ قرار دے دیا تو وہ اس کی طرف رجوع نہیں کر سکتا اور اگر اس نے اسے بری الذمہ قرار نہیں دیا ہے تو پھر وہ اس کی طرف رجوع کر سکتا ہے جس نے اسے (کسی شخص کا) حوالہ دیا تھا۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [4]

{2103} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى قَالَ كَتَبَ مُحَمَّدٌ إِلَى أَبِي مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: رَجُلٌ يَكُونُ لَهُ

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۸ ح ۲۵۹۳، ۹۸/۳۰۸۳؛ الکافی: ۵/۱۰۴ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۶/۲۳۲ ح ۵۱۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۴۳۳ ح ۲۳۹۹۰؛ الوافی: ۱۸/۸۳۱؛ هدایۃ الامہ: ۶/۲۳۸

[2] روضۃ المتقین: ۶/۸۵؛ شرح العروۃ: ۳۱/۵۰۸؛ مبانی العروۃ: ۳/۲۶۵؛ الانوار اللوامع: ۱۲/۸۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/۵۰

[3] تہذیب الاحکام: ۶/۲۱۱ ح ۴۹۶؛ الکافی: ۵/۱۰۶ ح ۲؛ الوافی: ۱۸/۸۲۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۴۳۳ ح ۲۳۹۹۱؛ عوالی اللئالی: ۳/۲۴۲؛ دعائم الاسلام: ۲/۹۳؛

[4] ملاذ الاخیار: ۹/۴۶۵؛ فقہ الصادقؑ: ۲۰/۲۷؛ تذکرۃ الفقہاء: ۱۴/۴۳۱؛ مرآۃ العقول: ۱۹/۵۸؛ عوالی اللئالی: ۳/۲۴۲

عَلَى رَجُلٍ مِائَةُ دِرْهَمٍ فَيَلْزَمُهُ فَيَقُولُ لَهُ أَنْصَرِفُ إِلَيْكَ إِلَى عَشَرَةِ أَيَّامٍ وَ أَقْضِي حَاجَتَكَ فَإِنْ لَمْ أَنْصَرِفْ فَلَكَ عَلَيَّ أَلْفُ دِرْهَمٍ حَالَّةً مِنْ غَيْرِ شَرْطٍ وَ أَشْهَدَ بِذَلِكَ عَلَيْهِ ثُمَّ دَعَاهُمْ إِلَى الشَّهَادَةِ فَوَقَّعَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ لاَ يَنْبَغِي لَهُمْ أَنْ يَشْهَدُوا إِلاَّ بِالْحَقِّ وَ لاَ يَنْبَغِي لِصَاحِبِ الدَّيْنِ أَنْ يَأْخُذَ إِلاَّ الْحَقَّ إِنْ شَاءَ اللَّهُ.

❁ محمد بن یحییٰ سے روایت ہے کہ محمد (بن حسن الصفار) نے امام حسن عسکری علیہ السلام کو خط لکھا کہ ایک شخص پر دوسرے شخص کا سو درہم قرض ہے چنانچہ قرض خواہ مقروض کو پکڑتا ہے تو مقروض اس سے کہتا ہے کہ میں دس دن کے بعد تمہارے پاس واپس آؤں گا اور تمہارے مقصد کو پورا کروں گا اور اگر میں واپس نہ آیا تو میرے ذمہ تمہارے لئے ایک ہزار درہم نقد کی صورت میں غیر مشروط طور پر واجب الادا ہوگا اور تم اس اقرار کے لئے گواہ بھی لے آؤ پس اس کے بعد اس نے گواہ بھی پیش کر دیئے۔

امام علیہ السلام نے جواب میں لکھا کہ گواہوں کے لئے مناسب نہیں ہے کہ بغیر حق کے گواہی دیں اور قرض خواہ کے لئے مناسب نہیں ہے کہ وہ بغیر حق کے (قرض سے زیادہ) لے ان شاء اللہ۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2104} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ وَ عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ جَمِيعاً عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ عَنْ حَرِيزٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ قَتَلَ رَجُلاً عَمْداً فَرُفِعَ إِلَى الْوَالِي فَدَفَعَهُ الْوَالِي إِلَى أَوْلِيَاءِ الْمَقْتُولِ لِيَقْتُلُوهُ فَوَثَبَ عَلَيْهِمْ قَوْمٌ فَخَلَّصُوا الْقَاتِلَ مِنْ أَيْدِي الْأَوْلِيَاءِ فَقَالَ أَرَى أَنْ يُحْبَسَ الَّذِينَ خَلَّصُوا الْقَاتِلَ مِنْ أَيْدِي الْأَوْلِيَاءِ حَتَّى يَأْتُوا بِالْقَاتِلِ قِيلَ فَإِنْ مَاتَ الْقَاتِلُ وَ هُمْ فِي السِّجْنِ قَالَ فَإِنْ مَاتَ فَعَلَيْهِمُ الدِّيَةُ يُؤَدُّونَهَا جَمِيعاً إِلَى أَوْلِيَاءِ الْمَقْتُولِ.

❁ حریز سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے ایک شخص کو عمداً قتل کر دیا اور جب یہ معاملہ حاکم تک پہنچا تو اس نے قاتل کو مقتول کے اولیا کے حوالے کر دیا تا کہ وہ اسے قتل کر دیں تو کچھ لوگوں نے حملہ کر کے اسے مقتول کے اولیا کے ہاتھوں سے جبراً چھڑوا لیا (تو کیا حکم ہوگا)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: میں سمجھتا ہوں کہ چھڑوانے والوں کو اس وقت تک قید و بند میں رکھا جائے جب تک قاتل کو پیش نہ کریں۔

عرض کیا گیا: اگر یہ صورت حال پیش آ جائے کہ میں قید میں ہوں اور قاتل مرجائے تو (کیا حکم ہوگا)؟

---

[1] الکافی: ۵/۷۰۷ ح ۱۴؛ تہذیب الاحکام: ۶/۱۹۲ ح ۴۱۵؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۵۸ ح ۲۳۸۴۳، ۲۳ ح ۲۳۹۹۶؛ الوافی: ۱۸/۷۹۶

[2] مرآۃ العقول: ۱۹/۴۲۱؛ فقہ المعارف: ۱۶۵؛ ملاذ الاخیار: ۹/۵۱۰

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ان لوگوں پر مقتول کی دیت ادا کرنا واجب ہے۔ (۱)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (۲)

﴿کفالت کے احکام﴾

قول مؤلف:

کفالت سے مراد یہ ہے کہ کوئی شخص ذمہ لے کہ جس وقت قرض خواہ چاہے گا وہ مقروض کو اس کے سپرد کردے گا۔ جو شخص اس قسم کی ذمے داری قبول کرے اسے کفیل کہتے ہیں۔ (۳) اور یہ وہی احکام ہیں جو گزشتہ عنوان (ضامن ہونے کے احکام) کے تحت ہم نے ذکر کردیئے ہیں یہاں مکرر ذکر نہیں کررہے ہیں۔ (واللہ اعلم)

﴿امانت کے احکام﴾

{2105} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عِيسَى عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ وَ غَيْرِهِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ تَغْتَرُّوا بِصَلاَتِهِمْ وَ لاَ بِصِيَامِهِمْ فَإِنَّ الرَّجُلَ رُبَّمَا لَهِجَ بِالصَّلاَةِ وَ الصَّوْمِ حَتَّى لَوْ تَرَكَهُ اسْتَوْحَشَ وَلَكِنِ اخْتَبِرُوهُمْ عِنْدَ صِدْقِ الْحَدِيثِ وَ أَدَاءِ الْأَمَانَةِ.

❁ اسحاق بن عمار وغیرہ سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ان لوگوں کی نمازوں اور ان کے روزوں سے دھوکہ نہ کھانا کیونکہ بعض اوقات آدمی کو نماز اور روزے کی حرص ہو جاتی ہے یہاں تک کہ اگر وہ اسے ترک کرے تو وحشت ہوتی ہے البتہ ان لوگوں کی جانچ گفتگو کی سچائی اور امانت کی ادائیگی سے کرو۔ (۴)

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ (۵)

---

(۱) الکافی: ۷/۲۸۶ ح۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/۱۰۹ ح۵۲۰۸؛ تہذیب الاحکام: ۱۰/۲۲۳ ح۸۷۵؛ وسائل الشیعہ: ۱۸/۳۴۷ ح۲۳۹۹۷؛ الوافی: ۱۶/۸۳۱؛ ھدایۃ الامہ: ۶/۲۵۰

(۲) مرآۃ العقول: ۲۴/۳۸؛ مبانی تکملۃ المنہاج: ۲/۱۵۵؛ حدود الشریعہ: ۲۳۰؛ کتاب القصاص للفقہاء: ۸۸؛ الجعہ: ۸/۳۷؛ فقہ الصادق: ۲۰/۱۸۵؛ جواہر الکلام: ۴۲/۱۹۹؛ ریاض المسائل: ۹/۲۹۷؛ الانوار اللوامع: ۱۲/۳۰۱؛ روضۃ المتقین: ۱۰/۳۲۸

(۳) توضیح المسائل آغا سیستانی: ۴۰۹ ف ۲۲۸۲

(۴) الکافی: ۲/۱۰۴ ح۲؛ الوافی: ۴/۳۴۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۶۷ ح۲۴۱۶۷؛ بحار الانوار: ۶۸/۲

(۵) مرآۃ العقول: ۸/۱۸۱؛ تفسیر اثنی عشری: ۴/۳۲۶

{2106} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: صَاحِبُ الْوَدِيعَةِ وَ الْبِضَاعَةِ مُؤْتَمَنَانِ وَ قَالَ إِذَا هَلَكَتِ الْعَارِيَّةُ عِنْدَ الْمُسْتَعِيرِ لَمْ يَضْمَنْهُ إِلاَّ أَنْ يَكُونَ قَدِ اشْتُرِطَ عَلَيْهِ.

✪ حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: صاحب امانت یا جس کے پاس پونجی رکھی جائے تو وہ دونوں امین ہیں۔

پھر فرمایا: جس نے مال عاریہ استفادہ کے لئے لیا ہے اگر اس سے تلف ہوجائے تو وہ ضامن نہیں ہوگا مگر یہ کہ انہوں نے اس پر شرط عائد کی ہو۔ [1]

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔ [2]

{2107} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ قَالَ: كَتَبْتُ إِلَى أَبِي مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ رَجُلٌ دَفَعَ إِلَى رَجُلٍ وَدِيعَةً فَوَضَعَهَا فِي مَنْزِلِ جَارِهِ فَضَاعَتْ فَهَلْ يَجِبُ عَلَيْهِ إِذَا خَالَفَ أَمْرَهُ وَ أَخْرَجَهَا مِنْ مِلْكِهِ فَوَقَّعَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ هُوَ ضَامِنٌ لَهَا إِنْ شَاءَ اللَّهُ.

✪ محمد بن حسن سے روایت ہے کہ میں نے امام حسن عسکری علیہ السلام کو اس شخص کے متعلق خط لکھا جس نے کسی شخص کے پاس امانت رکھی پس اس نے اس کو اپنے پڑوسی کے گھر رکھ دیا جہاں وہ ضائع ہوگئی تو کیا اس پر (اس کی ادائیگی) واجب ہے جبکہ اس کے حکم کی خلاف ورزی اور اس کو اپنے قبضہ سے نکال کر رکھا؟

امام علیہ السلام نے جواب میں (اپنے دستخطوں سے) اسے لکھا کہ وہ اس کا ضامن ہے ان شاء اللہ۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2108} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ أَنَّهُ سَأَلَ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: عَنْ رَجُلٍ اسْتَوْدَعَ رَجُلاً أَلْفَ دِرْهَمٍ فَضَاعَتْ فَقَالَ لَهُ الرَّجُلُ إِنَّمَا كَانَتْ عَلَيْهِ قَرْضاً وَ قَالَ الْآخَرُ إِنَّمَا كَانَتْ وَدِيعَةً فَقَالَ (الْمَالُ لاَزِمٌ لَهُ إِلاَّ أَنْ يُقِيمَ الْبَيِّنَةَ إِنَّمَا كَانَتْ وَدِيعَةً).

---

[1] الکافی: ۵/ ۲۳۸ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۱۸۳ ح ۸۰۵؛ الاستبصار: ۳/ ۱۲۴ ح ۴۴۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/ ۷۹ ح ۲۴۱۹۶ و ۹۱ ح ۲۴۲۲۳

[2] مرآۃ العقول: ۱۹/ ۲۸۸؛ تذکرۃ الفقہا: ۱۶/ ۲۴۷؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/ ۳۲۸

[3] الکافی: ۵/ ۲۳۹ ح ۹؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۳۰۴ ح ۴۰۸۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/ ۸۱ ح ۲۴۲۰۲؛ الوافی: ۱۸/ ۸۷۴؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۱۸۰ ح ۷۹۱

[4] مرآۃ العقول: ۱۹/ ۲۹۰؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/ ۳۱۹؛ الجدید: ۸/ ۹۸؛ حدود الشریعہ: ۲/ ۶۱؛ الانوار اللوامع: ۱۳/ ۱۸؛ روضۃ المتقین: ۷/ ۳۶۰

❁ اسحاق بن عمار نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس شخص کے متعلق روایت کیا ہے جس نے ایک ہزار درہم ایک آدمی کے پاس رکھے تو وہ ضائع ہو گئے پس جس نے (وہ مال) رکھا تھا اس نے کہا کہ وہ مال قرض تھا اور دوسرے نے کہا کہ وہ امانت ہے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: اس پر مال لازم ہے مگر یہ کہ وہ بینہ قائم کرے کہ وہ امانت تھا۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق کالصحیح یا موثق ہے۔ [2]

{2109} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَبِيبٍ الْخَثْعَمِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: قُلْتُ لَهُ الرَّجُلُ يَكُونُ عِنْدَهُ الْمَالُ وَدِيعَةً يَأْخُذُ مِنْهُ بِغَيْرِ إِذْنِ صَاحِبِهِ قَالَ لاَ يَأْخُذُ إِلاَّ أَنْ يَكُونَ لَهُ وَفَاءٌ وَ قَالَ قُلْتُ أَ رَأَيْتَ إِنْ وَجَدَ مَنْ يَضْمَنُهُ وَ لَمْ يَكُنْ لَهُ وَفَاءٌ وَ أَشْهَدَ عَلَى نَفْسِهِ الَّذِي يَضْمَنُهُ يَأْخُذُ مِنْهُ قَالَ نَعَمْ.

❁ حبیب الخثعمی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ ایک شخص کے پاس کچھ رقم ودیعت رکھی ہوئی ہے اور وہ مالک کی اجازت کے بغیر کچھ لیتا ہے (تو کیا یہ جائز ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہ لائے مگر یہ کہ وہ اسے پورا کر سکتا ہو۔

راوی کہتا ہے کہ میں نے عرض کیا: جس کی امانت رکھی ہے اگر وہ مل جائے اور اس نے رقم پوری نہ کی ہو اور اس کا اقرار کرے کہ اتنی میرے پاس امانت ہے تو کیا آپ علیہ السلام کی نظر میں وہ اس رقم میں سے لے سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2110} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ هَارُونَ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ مَسْعَدَةَ بْنِ صَدَقَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: قَالَ لَيْسَ لَكَ أَنْ تَتَّهِمَ مَنِ ائْتَمَنْتَهُ وَ لاَ تَأْتَمِنَ الْخَائِنَ وَ قَدْ

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۰۵ ح ۴۰۹۲؛ الکافی: ۵/۲۳۹ ح ۸؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۷۹ ح ۷۸۸؛ عوالی اللئالی: ۳/۲۵۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۸۵ ح ۲۴۲۱۲؛ الوافی: ۱۸/۸۷۵

[2] شرح العروۃ: ۳۱/۱۴۰؛ القواعد الاصولیہ: ۲۳۲؛ مبانی العروۃ: ۳/۱۸۴؛ ریاض المسائل: ۹/۳۳۵؛ روضۃ المتقین: ۷/۳۱۶؛ فقہ الصادقؑ: ۱۹/۳۲۲؛ جواہر الکلام: ۵/۳۶۶؛ موسوعہ علامہ البلاغی: ۷/۲۳۲؛ مراۃ العقول: ۱۹/۲۹۰؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۳۱۷

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۰۴ ح ۴۰۹۰؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۸۰ ح ۷۹۲؛ الوافی: ۱۸/۸۷۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۸۶ ح ۲۴۲۱۳

[4] روضۃ المتقین: ۷/۳۶۰؛ فقہ الصادقؑ: ۲۰/۱۴۷؛ الانوار اللوامع: ۱۳/۳۵؛ ریاض المسائل: ۹/۲۹۵؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۳۲۰

جَرَّبْتَهُ.

❁ مسعدہ بن صدقہ سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: تمہیں یہ حق حاصل نہیں ہے کہ جس کو امین بناؤ اسے قہم کرو اور نہ یہ کہ خائن کو امین بناؤ جبکہ تمہیں اس کا تجربہ ہو۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

﴿عاریہ کے احکام﴾

قول مؤلف:

عاریہ سے مراد یہ ہے کہ انسان اپنا مال دوسرے کو دے تا کہ وہ اس مال سے بغیر کسی معاوضے کے استفادہ کرے۔ [3]

{2111} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ النَّضْرِ عَنِ ابْنِ سِنَانٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الْعَارِيَّةِ فَقَالَ لاَ غُرْمَ عَلَى مُسْتَعِيرِ عَارِيَّةٍ إِذَا هَلَكَتْ إِذَا كَانَ مَأْمُوناً.

❁ ابن سنان سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عاریہ کے بارے میں سوال کیا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب عاریہ دینے والی چیز تباہ ہو جائے تو عاریہ لینے والا شخص اس کا ذمہ دار نہیں جبکہ وہ امین ہو (یعنی دیکھ بھال میں کوتاہی کرنے والا نہ ہو)۔ [4]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [5]

{2112} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ جَمِيلٍ عَنْ زُرَارَةَ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ الْعَارِيَّةُ مَضْمُونَةٌ فَقَالَ جَمِيعُ مَا اسْتَعَرْتَهُ فَتَوِيَ فَلاَ يَلْزَمُكَ [مَا] تَوَاهُ إِلاَّ الذَّهَبَ وَ الْفِضَّةَ فَإِنَّهُمَا يَلْزَمَانِ إِلاَّ أَنْ يُشْتَرَطَ عَلَيْهِ أَنَّهُ مَتَى مَا تَوِيَ لَمْ يَلْزَمْكَ تَوَاهُ وَ كَذَلِكَ جَمِيعُ

---

[1] الکافی: ۵/۲۹۸ ح۱؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۳۲ ح۱۰۱۱؛ الوافی: ۱۸/۹۵۴؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۸۷ ح۲۴۲۱۵؛ الفصول المہمہ: ۲/۲۹۳؛ عوالم العلوم: ۲۰/۸۱۱؛ قرب الاسناد: ۲۷؛ بحار الانوار: ۷۲/۱۹۴

[2] الانوار اللوامع: ۱۳/۳۳؛ حدود الشریعہ: ۲/۶۱

[3] توضیح المسائل آقا سیستانی: ۵۲۳ ف ۲۳۰۴

[4] تہذیب الاحکام: ۷/۱۸۲ ح۸۰۱؛ الکافی: ۵/۲۳۹ ح۵؛ الوافی: ۱۸/۸۶۹؛ الاستبصار: ۳/۱۲۴ ح۴۴۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۹۲ ح۲۴۲۲۵

[5] ملاذ الاخیار: ۱۱/۲۷۶؛ الذخر الفاخر: ۲۴۲؛ الانوار اللوامع: ۱۳/۴۴

مَا اِسْتَعَرْتَ فَاشْتُرِطَ عَلَيْكَ لَزِمَكَ وَ الذَّهَبُ وَ الْفِضَّةُ لَازِمٌ لَكَ وَ إِنْ لَمْ يُشْتَرَطْ عَلَيْكَ.

✿ زرارہ سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ کیا عاریہ کی ضمانت ہوتی ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہر وہ چیز جو تم عاریۃً کسی سے لو اور پھر (بغیر کوتاہی کے) تلف ہو جائے تو اس کی ضمانت تمہیں لازم نہیں ہے ماسوائے سونے اور چاندی کے کہ ان کی ضمانت لازم ہوتی ہے مگر جبکہ عدم ضمانت کی شرط عائد کر لی جائے۔ اسی طرح ہر وہ عاریہ جس کی ضمانت کی شرط عائد کر لی جائے (تو وہ لازم ہو جاتی ہے) مگر سونے اور چاندی کی ضمانت لازم ہوتی ہے اگرچہ ان کی (ضمانت کی) شرط نہ لگائی جائے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔[2]

{2113} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَوْ أَبِي إِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: اَلْعَارِيَّةُ لَيْسَ عَلَى مُسْتَعِيرِهَا ضَمَانٌ إِلاَّ أَنْ يُشْتَرَطَ إِلاَّ مَا كَانَ مِنْ ذَهَبٍ أَوْ فِضَّةٍ فَإِنَّهُمَا مَضْمُونَتَانِ اُشْتُرِطَا أَوْ لَمْ يُشْتَرَطَا وَ قَالَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ إِذَا اُسْتُعِيرَتْ عَارِيَّةٌ بِغَيْرِ إِذْنِ صَاحِبِهَا فَهَلَكَتْ فَالْمُسْتَعِيرُ ضَامِنٌ.

✿ اسحاق بن عمار سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام یا امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے فرمایا: عاریت لی ہوئی چیز کی عاریت لینے والے کی کوئی ذمہ داری اور ضمانت نہیں جب تک کہ وہ اس کی ضمانت نہ کرے سوائے سونے اور چاندی کی چیزوں کے اس لئے کہ وہ اس کا ضامن ہے خواہ شرط کرے یا نہ کرے۔

پھر فرمایا: جب کوئی شئے مالک کی اجازت کے بغیر عاریتاً لی جائے اور وہ ہلاک و تباہ ہو جائے تو عاریۃً لینے والا اس کا ضامن ہے۔[3]

تحقیق:

حدیث موثق کالصحیح یا موثق ہے۔[4]

---

[1] الکافی: ۵/ ۲۳۸ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۱۸۳ ح ۸۰۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/ ۹۶ ح ۲۴۲۲۳؛ الوافی: ۱۸/ ۸۶۸؛ ھدایۃ الامہ: ۶/ ۲۹۲؛ الاستبصار: ۳/ ۱۲۶ ح ۴۴۸

[2] جواہر الکلام: ۲۷/ ۱۸۴؛ الانوار اللوامع: ۱۳/ ۳۵؛ فقہ الصادقؑ: ۱۹/ ۵۰؛ جواہر العقول: ۲۶۹؛ مسالک الافہام: ۵/ ۱۵۵؛ التنقیح الرائع: ۲/ ۲۴۸؛ قلائد الفرائد: ۲/ ۸۲؛ تذکرۃ الفقہاء: ۲/ ۲۱۴؛ الجعہ: ۸/ ۱۰۹؛ مراۃ العقول: ۱۹/ ۸۹؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/ ۳۲۸

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۳۰۲ ح ۴۰۸۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۱۸۴ ح ۸۰۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/ ۹۷ ح ۲۴۲۲۶؛ الوافی: ۱۸/ ۸۷۱

[4] روضۃ المتقین: ۷/ ۵۴؛ فقہ الصادقؑ: ۱۹/ ۵۰؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/ ۳۲۹

{2114} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَبَانٍ عَنْ حَرِيزٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي رَجُلٍ اِسْتَعَارَ ثَوْباً ثُمَّ عَمَدَ إِلَيْهِ فَرَهَنَهُ فَجَاءَ أَهْلُ الْمَتَاعِ إِلَى مَتَاعِهِمْ فَقَالَ) يَأْخُذُونَ مَتَاعَهُمْ (.

حریز نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس شخص کے متعلق روایت کیا ہے جس نے کپڑے والوں سے کچھ کپڑے مستعار لئے پھر اس کی نیت خراب ہوگئی اور اس نے ان کپڑوں کو رہن رکھ دیا تو کپڑے والے اپنے کپڑوں کی طرف آئے (تاکہ اپنے کپڑے لے جائے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ اپنا مال لے لیں گے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق کالصحیح ہے۔[2]

﴿نکاح کے احکام﴾

{2115} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ يُونُسَ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ يَقُولُ: يَحِلُّ الْفَرْجُ بِثَلاَثٍ نِكَاحٍ بِمِيرَاثٍ وَ نِكَاحٍ بِلاَ مِيرَاثٍ وَ نِكَاحٍ بِمِلْكِ الْيَمِينِ.

حسین بن زید سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا کہ شرمگاہ تین طرح سے حلال ہوتی ہے: میراث والے نکاح (دائمی) سے، بے میراث نکاح (متعہ) سے اور نکاح ملک یمین (کنیزی) سے۔[3]

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔[4]

{2116} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ فَضَّالٍ عَنِ ابْنِ الْقَدَّاحِ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: رَكْعَتَانِ يُصَلِّيهِمَا الْمُتَزَوِّجُ أَفْضَلُ مِنْ سَبْعِينَ رَكْعَةً يُصَلِّيهَا أَعْزَبُ.

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۰۲ ح ۴۰۸۵؛ الکافی: ۵/۲۳۹ ح ۶؛ تہذیب الاحکام: ۷/۱۸۴ ح ۸۰۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۹۸ ح ۲۴۲۳۱؛ الوافی: ۱۸/۸۴۲؛ ھدایۃ الامہ: ۶/۲۳۳

[2] الانوار اللوامع: ۱۳/۵۳؛ ریاض المسائل: ۹/۵۵؛ روضۃ المتقین: ۷/۳۵۷

[3] الکافی: ۵/۳۶۴ ح ۳؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۸۲ ح ۴۳۳۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۸۵ ح ۲۵۰۹۷ و ۲۱/۳۰ ح ۲۶۸۹۳؛ الوافی: ۲۱/۳۲۹؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۴۰ ح ۱۰۴۹؛ تفسیر نور الثقلین: ۳/۵۳۱؛ بحار الانوار: ۱۰۰/۲۹۷؛ تفسیر کنز الدقائق: ۹/۱۳؛ تفسیر الصافی: ۳/۳۹۴؛ الخصال: ۱/۱۱۹

[4] مرآۃ العقول: ۲۰/۸۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۱۲

❁ ابن القداح سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: دو رکعت نماز جو شادی شدہ آدمی پڑھے وہ غیر شادی شدہ آدمی کی ستر رکعت نماز سے افضل ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق کالصحیح یا موثق ہے۔ [2]

{2117} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ بُنْدَارَ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَنِ ابْنِ فَضَّالٍ وَ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ أَبِي الْقَدَّاحِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ:) جَاءَ رَجُلٌ إِلَى أَبِي عَلَيْهِ السَّلاَمُ فَقَالَ لَهُ) هَلْ لَكَ مِنْ زَوْجَةٍ (فَقَالَ لاَ فَقَالَ إِنِّي مَا أُحِبُّ أَنَّ لِيَ الدُّنْيَا وَ مَا فِيهَا وَ إِنِّي بِتُّ لَيْلَةً لَيْسَتْ لِي زَوْجَةٌ ثُمَّ قَالَ الرَّكْعَتَانِ يُصَلِّيهِمَا رَجُلٌ مُتَزَوِّجٌ أَفْضَلُ مِنْ رَجُلٍ أَعْزَبَ يَقُومُ لَيْلَهُ وَ يَصُومُ نَهَارَهُ ثُمَّ أَعْطَاهُ أَبِي سَبْعَةَ دَنَانِيرَ قَالَ لَهُ تَزَوَّجْ بِهَذِهِ ثُمَّ قَالَ أَبِي عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ اتَّخِذُوا الْأَهْلَ فَإِنَّهُ أَرْزَقُ لَكُمْ.

❁ ابن ابی القداح سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ایک شخص میرے والد بزرگوار (امام محمد باقر علیہ السلام) کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہوں نے اس سے فرمایا: کیا تمہاری بیوی ہے؟

اس نے عرض کیا: نہیں ہے۔

انہوں نے فرمایا: میں پسند نہیں کرتا کہ میرے پاس دنیا اور جو کچھ اس میں ہے وہ (سب) ہو لیکن میں ایک رات اپنی بیوی کے بغیر گزاروں۔

پھر فرمایا: شادی شدہ آدمی کی دو رکعت نماز غیر شادی شدہ کی شب بھر کی نماز اور دن بھر کے روزہ سے افضل ہے۔

پھر میرے والد بزرگوار علیہ السلام نے اسے سات دینار عطا کئے اور فرمایا کہ اس (رقم) سے شادی کرو۔

پھر میرے والد بزرگوار علیہ السلام نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ بیوی حاصل کرو کیونکہ یہ تمہارے لئے رزق میں زیادتی کا باعث ہے۔ [3]

---

[1] الکافی: ۵/ ۳۲۸ ح ۱؛ من لایحضرہ الفقیہ: ۳/ ۳۸۴ ح ۴۳۳۶؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۲۳۹ ح ۱۰۴۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۱۸ ح ۲۴۹۱۳؛ الوافی: ۲۱/ ۳۱؛ تفسیر کنز الدقائق: ۹/ ۲۸۸؛ تفسیر نور الثقلین: ۳/ ۵۹۶؛ ثواب الاعمال و عقاب الاعمال: ۴۰؛ روضۃ المتقین: ۸/ ۸۵؛ جواہر الکلام: ۲۹/ ۱۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/ ۷؛ مرآۃ العقول: ۲۰/ ۱۷

[2] روضۃ المتقین: ۸/ ۸۵؛ جواہر الکلام: ۲۹/ ۱۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/ ۷؛ مرآۃ العقول: ۲۰/ ۱۷

[3] تہذیب الاحکام: ۷/ ۲۳۹ ح ۱۰۴۳؛ الکافی: ۵/ ۳۲۹ ح ۶؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۱۹ ح ۲۴۹۱۶؛ الوافی: ۲۱/ ۵۳؛ تفسیر کنز الدقائق: ۹/ ۲۹۰؛ تفسیر نور الثقلین: ۳/ ۵۹۷؛ بحار الانوار: ۱۰۰/ ۲۱۷؛ عوالی اللئالی: ۳/ ۲۸۲؛ قرب الاسناد: ۲۰

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔[1]

{2118} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ أَبَانِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ حَرِيزٍ عَنْ وَلِيدِ بْنِ صَبِيحٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: مَنْ تَرَكَ التَّزْوِيجَ مَخَافَةَ الْعَيْلَةِ فَقَدْ أَسَاءَ بِاللَّهِ الظَّنَّ.

❁ ولید بن صبیح سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جس نے فقر و فاقہ کے خوف سے شادی ترک کی تو گویا اس نے اللہ سے بدگمانی کی۔[2]

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔[3]

{2119} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ وَ عَبْدِ اللَّهِ ابْنَيْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ فَشَكَا إِلَيْهِ الْحَاجَةَ فَقَالَ تَزَوَّجْ فَتَزَوَّجَ فَوُسِّعَ عَلَيْهِ.

❁ ہشام بن سالم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی غربت کی شکایت کی تو آپ علیہ السلام نے فرمایا کہ تم شادی کرو پس اس نے شادی کی تو اس کی روزی کشادہ ہو گئی۔[4]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[5]

{2120} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عِيسَى عَنْ سَمَاعَةَ بْنِ مِهْرَانَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: مَنْ زَوَّجَ أَعْزَبَ كَانَ مِمَّنْ يَنْظُرُ اللَّهُ عَزَّ وَ جَلَّ إِلَيْهِ يَوْمَ

---

[1] ملاذ الاخیار: ۱۲/۹

[2] الکافی: ۵/۳۳۰ ح ۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۸۵ ح ۴۳۵۷؛ الوافی: ۲۱/۷۳؛ تفسیر کنز الدقائق: ۹/۲۸۹؛ تفسیر نور الثقلین: ۳/۵۹۵؛ مکارم الاخلاق: ۱۹۶؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۴۲ ح ۱؛ عوالی اللئالی: ۳/۲۸۱؛ تفسیر البرہان: ۴/۶۳؛ تفسیر الصافی: ۳/۴۳۲؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۱۷۲؛

[3] مرآۃ العقول: ۲۰/۱۸

[4] الکافی: ۵/۳۳۰ ح ۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۴۳ ح ۲۴۹۸۷؛ تفسیر کنز الدقائق: ۹/۲۹۰؛ عوالی اللئالی: ۳/۲۸۱؛ الوافی: ۲۱/۳۸؛ تفسیر نور الثقلین: ۳/۵۹۶؛ تفسیر الصافی: ۳/۴۳۲

[5] مرآۃ العقول: ۲۰/۱۹

اَلْقِيَامَةِ.

۞ سماعہ بن مہران سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو شخص کسی غیر شادی شدہ شخص کی شادی کرائے تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس پر نظر (کرم) کرے گا۔[1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔[2]

﴿احکام عقد﴾

{2121} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ عَنْ بُرَيْدٍ الْعِجْلِيِّ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ قَوْلِ اللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ:)وَ أَخَذْنَ مِنْكُمْ مِيثٰاقاً غَلِيظاً (قَالَ اَلْمِيثَاقُ هِيَ اَلْكَلِمَةُ اَلَّتِي عُقِدَ بِهَا اَلنِّكَاحُ وَ أَمَّا قَوْلُهُ)غَلِيظاً(فَهُوَ مَاءُ اَلرَّجُلِ يُفْضِيهِ إِلَى اِمْرَأَتِهِ.

۞ برید عجلی سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے اللہ تعالیٰ کے قول: ''اور وہ (عورتیں) تم سے شدید عہد و قرار لے چکی ہوں (النسا:۲۱)'' کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: میثاق وہ کلمہ ہے جس سے عقد نکاح کیا جاتا ہے اور ''غلیظ'' سے مراد وہ پانی ہے جو مرد اس (کے رحم) تک پہنچاتا ہے۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[4]

{2122} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ وَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ جَمِيعاً عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عُثْمَانَ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَنَّهُ قَالَ: فِي الْمَرْأَةِ الثَّيِّبِ تَخْطُبُ إِلَى نَفْسِهَا قَالَ هِيَ أَمْلَكُ بِنَفْسِهَا تُوَلِّي أَمْرَهَا مَنْ شَاءَتْ إِذَا كَانَ كُفْواً بَعْدَ أَنْ تَكُونَ قَدْ نَكَحَتْ رَجُلاً قَبْلَهُ.

۞ حلبی نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس عورت کے متعلق روایت کیا ہے جو شوہر سے خالی ہو اور اپنے آپ علیہ السلام سے شادی

---

[1] الکافی: ۵/ ۳۳۱ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۴۰۴ ح ۱۶۱۷؛ عوالی اللئالی: ۳/ ۳۰۳؛ بحارالانوار: ۷/ ۲۹۸؛ الفصول المہمہ: ۲/ ۳۲۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۴۵ ح ۲۴۹۹۲

[2] مرآۃ العقول: ۲۰/ ۲۱؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/ ۳۳۴

[3] الکافی: ۵/ ۵۶۰ ح ۱۹؛ تفسیر العیاشی: ۱/ ۲۲۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۲۶۲ ح ۲۵۷۸۷؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/ ۳۱۲ ح ۱۶۸۰۰؛ بحارالانوار: ۱۰۱/ ۱۳۵؛ تفسیر کنز الدقائق: ۳/ ۳۶۱؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/ ۴۶۰؛ تفسیر البرہان: ۲/ ۴۸؛ الوافی: ۲۲/ ۸۶۹

[4] مرآۃ العقول: ۲۰/ ۴۱۴

کا پیغام دے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ اپنے نفس کی مالک ہے جسے چاہے اپنا امر سپرد کرے جبکہ وہ اس کا ہمسر ہو بعد اس کے کہ اس نے اس سے پہلے بھی کسی شخص سے نکاح کیا ہو۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2123} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رِئَابٍ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَعْيَنَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ يَقُولُ: لاَ يَنْقُضُ اَلنِّكَاحَ إِلاَّ اَلْأَبُ.

زرارہ بن اعین سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا کہ نکاح کو سوائے باپ کے کوئی نہیں توڑ سکتا۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2124} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَلْحَكَمِ عَنِ اَلْعَلاَءِ بْنِ رَزِينٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَحَدِهِمَا عَلَيْهِمَا اَلسَّلاَمُ قَالَ: لاَ تُسْتَأْمَرُ اَلْجَارِيَةُ إِذَا كَانَتْ بَيْنَ أَبَوَيْهَا لَيْسَ لَهَا مَعَ اَلْأَبِ أَمْرٌ وَ قَالَ يَسْتَأْمِرُهَا كُلُّ أَحَدٍ مَا عَدَا اَلْأَبَ.

محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ امامین علیہ السلام میں سے ایک امام علیہ السلام نے فرمایا: جب لڑکی ماں باپ کے گھر میں موجود ہو تو اس سے مشورہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ باپ کی موجودگی میں اس کا کوئی اختیار نہیں ہے۔

نیز فرمایا: لڑکی سے ہر شخص مشورہ کرے گا سوائے باپ کے۔ [5]

---

[1] الکافی: ۵/۳۹۲ ح ۲؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۹۶ ح ۴۳۹۵؛ تہذیب الاحکام: ۷/۳۸۵ ح ۱۵۴۲؛ الاستبصار: ۳/۲۳۳ ح ۸۴۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۰۰ ح ۲۵۱۳۹؛ الوافی: ۲۱/۴۲۷

[2] فقہ الصادقؑ: ۲۱/۱۶۴؛ مرآۃ العقول: ۲۰/۱۲۷؛ روضۃ المتقین: ۸/۱۴۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۲۷۶

[3] الکافی: ۵/۳۹۲ ح ۸؛ تہذیب الاحکام: ۷/۳۷۹ ح ۱۵۳۳؛ الاستبصار: ۳/۲۳۵ ح ۸۴۶؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۷۳ ح ۲۵۶۱۱؛ الوافی: ۲۱/۴۰۸

[4] مرآۃ العقول: ۲۰/۱۲۷؛ کتاب نکاح شبیری: ۱۱/۳۸۱۴؛ کتاب النکاح مکارم: ۲/۱۵

[5] الکافی: ۵/۳۹۳ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/۳۸۰ ح ۱۵۳۷؛ الاستبصار: ۳/۲۳۵ ح ۸۴۹؛ عوالی اللئالی: ۲/۲۲۶؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۷۳ ح ۲۵۶۱۱؛ الوافی: ۲۱/۴۰۶

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [1]

{2125} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي نَصْرٍ قَالَ قَالَ أَبُو الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي الْمَرْأَةِ الْبِكْرِ إِذْنُهَا صُمَاتُهَا وَ الثَّيِّبِ أَمْرُهَا إِلَيْهَا.

◎ محمد بن ابونصر سے روایت ہے کہ امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا: باکرہ لڑکی کی اجازت اس کی خاموشی ہے اور ثیبہ (شوہر دیدہ) کا معاملہ اس کے اپنے ہاتھ میں ہے۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [3]

{2126} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْمَاعِيلَ بْنِ بَزِيعٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الصَّبِيَّةِ يُزَوِّجُهَا أَبُوهَا ثُمَّ يَمُوتُ وَ هِيَ صَغِيرَةٌ فَتَكْبَرُ قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ بِهَا زَوْجُهَا أَ يَجُوزُ عَلَيْهَا اَلتَّزْوِيجُ أَوِ الْأَمْرُ إِلَيْهَا قَالَ يَجُوزُ عَلَيْهَا تَزْوِيجُ أَبِيهَا.

◎ محمد بن اسماعیل بن بزیع سے روایت ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک چھوٹی لڑکی کا عقد اس کے باپ نے (کسی لڑکے سے) کردیا پھر (شادی سے پہلے) مرگیا چنانچہ اب لڑکی جوان ہوچکی ہے تو دخول سے پہلے اس کا نکاح پختہ رہے گا یا اس کا معاملہ اس کے ہاتھ میں ہے (کہ نکاح کو فسخ کردے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس کے باپ والا نکاح نافذ ہے۔ [4]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [5]

---

[1] مرآۃ العقول: ۲۰/۱۲۸؛ کتاب نکاح شبیری: ۱۱/۳۸۲۶؛ رسائل فی ولایۃ الفقیہ: ۷۱؛ نظام النکاح فی الشریعۃ: ۱۷۷؛ الموسوعۃ الفقہیہ: ۲/۲۰۳؛ فقہ الصادقؑ: ۲۱/۱۳۶؛ غایۃ المراد: ۳/۲۷؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۲۸۲

[2] الکافی: ۵/۳۹۴ ح۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۷۴ ح۲۵۶۱۵؛ الوافی: ۲۱/۴۳۱؛ مسند الامام الرضاؑ: ۲/۲۶۴؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/۱۳۸

[3] فقہ الصادقؑ: ۲۱/۱۸۱؛ نظام النکاح فی الشریعۃ: ۲۲۰؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۳/۳۵۴؛ جواہر الکلام: ۲۹/۲۰۳؛ موسوعۃ الفقہ الاسلامی: ۸/۳۰۱؛ مرآۃ العقول: ۲۰/۱۳۰

[4] الکافی: ۵/۳۹۴ ح۹؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۹۵ ح۴۳۹۱؛ تہذیب الاحکام: ۷/۳۸۱ ح۱۵۴۱؛ الاستبصار: ۳/۲۳۶ ح۸۵۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۷۵ ح۲۵۶۱۸؛ بحار الانوار: ۱۰۰/۳۲۹؛ عیون اخبار الرضاؑ: ۲/۱۸ ح۴۴

[5] مرآۃ العقول: ۲۰/۱۳۰؛ نظام النکاح: ۶۸؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۲۲/۹۰؛ کتاب نکاح شبیری: ۱۲/۴۱۲۲؛ فقہ الصادقؑ: ۲۱/۱۴۹؛ مسالک الافہام: ۷/۱۵۷؛ روضۃ المتقین: ۸/۱۳۵

{2127} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مَهْزِيَارَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الْأَشْعَرِيِّ قَالَ: كَتَبَ بَعْضُ بَنِي عَمِّي إِلَى أَبِي جَعْفَرٍ الثَّانِي عَلَيْهِ السَّلاَمُ مَا تَقُولُ فِي صَبِيَّةٍ زَوَّجَهَا عَمُّهَا فَلَمَّا كَبِرَتْ أَبَتِ التَّزْوِيجَ فَكَتَبَ بِخَطِّهِ لاَ تُكْرَهُ عَلَى ذَلِكَ وَ الْأَمْرُ أَمْرُهَا .

❁ محمد بن حسن اشعری سے روایت ہے کہ میرے بعض چچازاد بھائیوں نے امام محمد تقی علیہ السلام کو خط لکھا کہ آپ علیہ السلام اس بچی کے (عقد کے) بارے میں کیا فرماتے ہیں کہ جس کے چچا نے (اس کی نابالغی میں) اس کا نکاح کر دیا مگر جب وہ بالغ ہوئی تو اس نے نکاح کا انکار کر دیا؟

آپ علیہ السلام نے اپنے دستخطوں سے لکھا کہ اسے مجبور نہیں کیا جاسکتا اور معاملہ اس کے اپنے ہاتھ میں ہے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{2128} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ دَاوُدَ بْنِ سِرْحَانَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَنَّهُ قَالَ: فِي رَجُلٍ يُرِيدُ أَنْ يُزَوِّجَ أُخْتَهُ قَالَ) يُؤَامِرُهَا فَإِنْ سَكَتَتْ فَهُوَ إِقْرَارُهَا وَ إِنْ أَبَتْ لَمْ يُزَوِّجْهَا فَإِنْ قَالَتْ زَوِّجْنِي فُلاَناً فَلْيُزَوِّجْهَا مِمَّنْ تَرْضَى وَ الْيَتِيمَةُ فِي حِجْرِ الرَّجُلِ لاَ يُزَوِّجُهَا إِلاَّ مِمَّنْ تَرْضَى.

❁ داؤد بن سرحان نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس شخص کے متعلق روایت کیا ہے جو اپنی بہن کی تزویج کرنا چاہتا ہے تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ اس کی رائے معلوم کرے پس اگر وہ خاموش ہو جائے تو یہ اس کا اقرار ہے اور اگر وہ انکار کر دے تو اس کی تزویج نہ کرے اور اگر وہ کہے کہ میری فلاں شخص سے شادی کرو تو پھر اسی شخص سے اس کی شادی کرے اور وہ یتیم لڑکی جو کسی کی گود میں پلی ہو وہ اس کی مرضی کے بغیر اس کی تزویج نہیں کرسکتا۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[4]

{2129} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ فَضَالَةَ عَنْ رِفَاعَةَ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ

---

[1] الکافی: ۵/۳۹۴ ح ۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۷۶ ح ۲۵۶۱۹؛ الوافی: ۲۱/۳۳۱؛ تہذیب الاحکام: ۷/۳۸۶ ح ۱۵۵۱؛ الاستبصار: ۳/۲۳۹ ح ۸۵۷؛ عوالم العلوم: ۲۳/۳۴۱ و ۳۵۷

[2] جواہر الکلام: ۲۹/۲۰۷؛ تفصیل الشریعہ: ۲۲/۹۰؛ فقہ الصادقؑ: ۲۱/۱۳۶؛ موسوعہ احکام الاطفال: ۱۵۵؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۳/۲۲۶؛ مسالک الافہام: ۷/۱۶۳

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۹۷ ح ۴۳۹۶؛ الکافی: ۵/۳۹۳ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/۳۸۶ ح ۱۵۵۰؛ الاستبصار: ۳/۲۳۹ ح ۸۵۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۸۰ ح ۲۵۶۲۷؛ الوافی: ۲۱/۳۳۱

[4] روضۃ المتقین: ۸/۳۴۳؛ موسوعہ احکام الاطفال: ۲/۱۲؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۳/۳۳۱؛ عوائد الایام: ۵۷۳

عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ عَنِ اَلَّذِي بِيَدِهِ عُقْدَةُ اَلنِّكَاحِ فَقَالَ اَلْوَلِيُّ اَلَّذِي يَأْخُذُ بَعْضاً وَ يَتْرُكُ بَعْضاً وَ لَيْسَ لَهُ أَنْ يَدَعَ كُلَّهُ.

رفاعہ سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے خدا کے قول: ”وہ جس کے ہاتھ میں عقد کی گرہ ہے (البقرۃ: ۲۳۷)“ کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: ولی کو بعض لینے اور بعض چھوڑنے کا حق ہے لیکن وہ پورا (حق مہر) معاف نہیں کرسکتا۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2130} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنِ اَلْعَبَّاسِ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ مَنْصُورِ بْنِ حَازِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ:)تُسْتَأْمَرُ اَلْبِكْرُ وَ غَيْرُهَا وَ لاَ تُنْكَحُ إِلاَّ بِأَمْرِهَا(.

منصور بن حازم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا:

باکرہ وغیرہ کی اجازت حاصل کی جائے اور اس کے حکم کے بغیر نکاح نہ کیا جائے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2131} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ اَلْحَسَنِ عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ عَنْ مُصَدِّقِ بْنِ صَدَقَةَ عَنْ عَمَّارٍ اَلسَّابَاطِيِّ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا اَلْحَسَنِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ عَنِ اِمْرَأَةٍ تَكُونُ فِي أَهْلِ بَيْتٍ فَتَكْرَهُ أَنْ يَعْلَمَ بِهَا أَهْلُ بَيْتِهَا أَ يَحِلُّ لَهَا أَنْ تُوَكِّلَ رَجُلاً يُرِيدُ أَنْ يَتَزَوَّجَهَا تَقُولُ لَهُ قَدْ وَكَّلْتُكَ فَأَشْهِدْ عَلَى تَزْوِيجِي قَالَ لاَ قُلْتُ لَهُ جُعِلْتُ فِدَاكَ وَ إِنْ كَانَتْ أَيِّماً قَالَ وَ إِنْ كَانَتْ أَيِّماً قُلْتُ فَإِنْ وَكَّلَتْ غَيْرَهُ بِتَزْوِيجِهَا مِنْهُ قَالَ نَعَمْ.

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/ ۳۹۲ ح ۱۵۷۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۲۸۲ ح ۲۵۶۳۳؛ الوافی: ۲۱/ ۳۹۰؛ تفسیر البرہان: ۱/ ۴۹۵؛ تفسیر العیاشی: ۱/ ۱۲۶؛ تفسیر کنز الدقائق: ۲/ ۳۶۳؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/ ۲۳۴؛ تفسیر الصافی: ۱/ ۲۶۷؛ مستدرک الوسائل: ۱۵/ ۹۳ ح ۱۷۶۴۱؛ بحار الانوار: ۱۰۰/ ۳۵۸

[2] ملاذ الاخیار: ۱۲/ ۳۰۵؛ رسائل فی ولایۃ الفقیہ: ۹۸؛ فقہ الصادقؑ: ۲۲/ ۱۲۵؛ کتاب نکاح شبیری: ۲۳/ ۷۷۲۳؛ عوائد الایام: ۵۷۷؛ جواہر الکلام: ۳۱/ ۱۱۳؛ مسالک الافہام: ۳/ ۲۵۱

[3] تہذیب الاحکام: ۷/ ۳۸۰ ح ۱۵۳۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۲۷۱ ح ۲۵۶۰۳؛ الوافی: ۲۱/ ۴۰۹؛ عوالی اللئالی: ۳/ ۳۱۸؛ الفصول المہمہ: ۲/ ۳۳۶

[4] ملاذ الاخیار: ۱۲/ ۲۸۱؛ کتاب نکاح شبیری: ۱۱/ ۳۹۴۹؛ رسائل فی ولایۃ الفقیہ: ۹۴؛ عوائد الایام: ۵۷۳؛ کتاب نکاح تراث الانصاری: ۷/ ۱۱۱؛ مستمسک العروۃ: ۱۴/ ۴۴۱

⬤ عمار ساباطی سے روایت ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک عورت ایک خانوادہ میں رہتی ہے (اور شادی کرنا چاہتی ہے) مگر وہ اس بات کو ناپسند کرتی ہے کہ اس کے خانوادہ کو پتہ چلے تو کیا اس کے لئے جائز ہے کہ وہ اس شخص کو اپنا وکیل بنائے جو اس سے شادی کرنا چاہتا ہے اور اس سے کہے کہ میں نے تمہیں اپنا وکیل بنایا ہے پس تو میری تزویج کی گواہی دے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں۔

میں نے کہا: میں آپ علیہ السلام پر فدا ہوں اگر وہ عورت بیوہ بھی ہو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: (ہاں) اگرچہ وہ بیوہ بھی ہو (پھر بھی جائز نہیں ہے)

میں نے عرض کیا: اگر وہ اس شخص کے علاوہ کسی کو وکیل بنائے جو اس کی اس سے تزویج کرا دے تو (کیا یہ جائز ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں (یہ جائز ہے)۔[1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔[2]

قول مؤلف:

نیز حدیث نمبر 2067 کی طرف رجوع کیجئے (واللہ اعلم)

{2132} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ وَ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ شَاذَانَ جَمِيعاً عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ وَ مُحَمَّدِ بْنِ حَكِيمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِذَا زَوَّجَ الْأَبُ وَ الْجَدُّ كَانَ التَّزْوِيجُ لِلْأَوَّلِ فَإِنْ كَانَ جَمِيعاً فِي حَالٍ وَاحِدَةٍ فَالْجَدُّ أَوْلَى.

⬤ ہشام بن سالم اور محمد بن حکیم (دونوں) سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب باپ اور دادا دونوں کسی لڑکی کا (الگ الگ) نکاح پڑھا دیں تو تزویج پہلے والے کی (نافذ) ہوگی اور اگر دونوں بیک وقت پڑھائیں تو پھر دادا مقدم ہوگا۔[3]

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/۳۷۸ ح ۱۵۲۹؛ الاستبصار: ۳/۲۳۳ ح ۸۴۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۸۸ ح ۲۵۶۳۸؛ الوافی: ۲۱/۳۳۲

[2] ملاذ الاخیار: ۱۲/۲۷۷؛ الحدائق الناضرة: ۱۸/۲۱۷؛ سند العروہ (النکاح): ۲/۹۳؛ ارشاد الطالب: ۵/۲۴۵؛ جواہر الکلام: ۲۲/۳۳۰؛ ریاض المسائل: ۱۱/۱۰۲؛ کتاب نکاح شبیری: ۱۲/۳۸۴۳؛ انوار الفقاہۃ: ۱۹/۲۹؛ غایۃ الآمال: ۳/۳۰۲؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۳/۲۸۸؛ مستند الشیعہ: ۱۶/۱۴۳؛ الحاشیہ علی الروضۃ البہیہ: ۲۶۹؛ المکاسب مامقانی: ۲/۳۳۲؛ دروس تمہیدیہ: ۲/۲۹۸

[3] الکافی: ۵/۳۹۵ ح ۴؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۹۵ ح ۴۳۹۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۸۹ ح ۲۵۶۱۵؛ الوافی: ۲۱/۳۴۳؛ الفصول المہمہ: ۲/۳۳۸؛ تہذیب الاحکام: ۷/۳۹۰ ح ۱۵۶۲

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [1]

{2133} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ حُمَيْدُ بْنُ زِيَادٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَمَاعَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ رِبَاطٍ عَنْ حَبِيبٍ الْخَثْعَمِيِّ عَنِ ابْنِ أَبِي يَعْفُورٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: قُلْتُ لَهُ إِنِّي أُرِيدُ أَنْ أَتَزَوَّجَ اِمْرَأَةً وَإِنَّ أَبَوَيَّ أَرَادَا غَيْرَهَا قَالَ تَزَوَّجِ الَّتِي هَوِيتَ وَدَعِ الَّتِي يَهْوَى أَبَوَاكَ.

ابن ابی یعفور سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ میں ایک عورت سے شادی کرنا چاہتا ہوں جبکہ میرے والدین کسی اور عورت سے میری شادی کرنا چاہتے ہیں (تو کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: تو اس عورت سے شادی کر جو تجھے پسند ہے اور اسے چھوڑ دو جسے تیرے والدین پسند کرتے ہیں۔ [2]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [3]

{2134} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْمَاعِيلَ بْنِ بَزِيعٍ قَالَ: سَأَلْتُ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ اِمْرَأَةٍ اُبْتُلِيَتْ بِشُرْبِ نَبِيذٍ فَسَكِرَتْ فَزَوَّجَتْ نَفْسَهَا رَجُلاً فِي سُكْرِهَا ثُمَّ أَفَاقَتْ فَأَنْكَرَتْ ذَلِكَ ثُمَّ ظَنَّتْ أَنَّهُ يَلْزَمُهَا فَوَرِعَتْ مِنْهُ فَأَقَامَتْ مَعَ الرَّجُلِ عَلَى ذَلِكَ التَّزْوِيجِ أَحَلاَلٌ هُوَ لَهَا أَوِ التَّزْوِيجُ فَاسِدٌ لِمَكَانِ السُّكْرِ وَ لاَ سَبِيلَ لِلزَّوْجِ عَلَيْهَا فَقَالَ إِذَا أَقَامَتْ مَعَهُ بَعْدَ مَا أَفَاقَتْ فَهُوَ رِضَاهَا. فَقُلْتُ وَهَلْ يَجُوزُ ذَلِكَ التَّزْوِيجُ عَلَيْهَا فَقَالَ نَعَمْ.

محمد بن اسماعیل بن بزیع سے روایت ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک عورت جو کہ نبیذ پیتی ہے اور حالت نشہ میں ایک شخص سے خود اپنا نکاح پڑھتی ہے پھر جب نشہ اترتا ہے تو اس کا انکار کر دیتی ہے لیکن پھر خیال کیا کہ شاید وہ نکاح لازم ہو لہٰذا وہ ڈر گئی اور اسی نکاح پر اس مرد کے ساتھ قیام پذیر ہو گئی تو کیا وہ شخص اس کے لئے حلال ہے یا نشہ میں ہونے کی وجہ سے وہ نکاح باطل ہے اور اس آدمی کے لئے اس عورت پر کوئی سبیل نہیں ہے؟

---

[1] موسوعہ الفقہ الاسلام:۸/۲۰۲؛ موسوعہ احکام الاطفال:۰۷۵؛ کتاب نکاح شبیری:۱۱/۲۷۹۳؛ کتاب النکاح الانصاری:۹۷؛ الارث فی الفقہ الجعفری:۲۲۲؛ فقہ الصادقؑ:۲۱/۱۳۸

[2] الکافی:۵/۴۰۱ ح۳؛ وسائل الشیعہ:۲۰/۲۹۲ ح۲۵۹۵۸؛ الوافی:۲۱/۳۴۱؛ بحار الانوار:۱۰۰/۲۳۵؛ مکارم الاخلاق:۲۳۷؛ تہذیب الاحکام:۷/۳۹۲ ح۱۵۶۸؛ مستدرک الوسائل:۱۴/۳۲۱ ح۱۶۸۳۲

[3] نہایۃ الحکام فی شرح الشریعہ:۱۹۹؛ مرآۃ العقول:۲۰/۱۴۲؛ ملاذ الاخیار:۱۲/۳۰۳

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب (نشہ سے) افاقہ کے بعد اس کے ساتھ اقامت پذیر ہو گئی تو یہ اس کی رضامندی ہے۔
میں نے عرض کیا: تو کیا یہ تزویج اس پر لاگو ہو گی؟
آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2135} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ وَ عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ جَمِيعاً عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ جَمِيلِ بْنِ صَالِحٍ عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا جَعْفَرٍ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ كَانَتْ لَهُ ثَلاَثُ بَنَاتٍ أَبْكَارٍ فَزَوَّجَ وَاحِدَةً مِنْهُنَّ رَجُلاً وَ لَمْ يُسَمِّ اَلَّتِي زَوَّجَ لِلزَّوْجِ وَ لاَ لِلشُّهُودِ وَ قَدْ كَانَ اَلزَّوْجُ فَرَضَ لَهَا صَدَاقَهَا فَلَمَّا بَلَغَ إِدْخَالُهَا عَلَى اَلزَّوْجِ بَلَغَ اَلرَّجُلَ أَنَّهَا اَلْكُبْرَى مِنَ اَلثَّلاَثَةِ فَقَالَ اَلزَّوْجُ لِأَبِيهَا إِنَّمَا تَزَوَّجْتُ مِنْكَ اَلصُّغْرَى مِنْ بَنَاتِكَ قَالَ فَقَالَ أَبُو جَعْفَرٍ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ إِنْ كَانَ اَلزَّوْجُ رَآهُنَّ كُلَّهُنَّ وَ لَمْ يُسَمِّ لَهُ وَاحِدَةً مِنْهُنَّ فَالْقَوْلُ فِي ذَلِكَ قَوْلُ اَلْأَبِ وَ عَلَى اَلْأَبِ فِيمَا بَيْنَهُ وَ بَيْنَ اَللَّهِ أَنْ يَدْفَعَ إِلَى اَلزَّوْجِ اَلْجَارِيَةَ اَلَّتِي كَانَ نَوَى أَنْ يُزَوِّجَهَا إِيَّاهُ عِنْدَ عُقْدَةِ اَلنِّكَاحِ وَ إِنْ كَانَ اَلزَّوْجُ لَمْ يَرَهُنَّ كُلَّهُنَّ وَ لَمْ يُسَمِّ وَاحِدَةً عِنْدَ عُقْدَةِ اَلنِّكَاحِ فَالنِّكَاحُ بَاطِلٌ.

ابو عبیدہ سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص کی تین جوان باکرہ لڑکیاں موجود تھیں اور اس نے ان میں سے ایک کی شادی ایک شخص سے کر دی مگر شوہر اور گواہوں کے سامنے اس منکوحہ کا نام نہ لیا اور شوہر نے زرِ حق مہر بھی مقرر کر دیا پس جب رخصتی کا وقت ہوا اور شوہر کو پتہ چلا کہ یہ تو بڑی بیٹی کی رخصتی کر رہے ہیں تو اس نے لڑکی کے باپ سے کہا کہ میں نے تمہاری چھوٹی لڑکی سے تزویج کی ہے (تو اب کیا حکم ہو گا)؟
آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر شوہر نے سب لڑکیاں دیکھی تھیں اور پھر بول کر کسی کی صراحت نہیں کی تو پھر لڑکی کے باپ کا قول مقدم ہو گا البتہ اس پر بینہ و بین اللہ لازم ہے کہ وہ لڑکی شوہر کے حوالے کر دے جس کی شادی کرنے کا نکاح کے وقت ارادہ تھا اور اگر شوہر نے ان میں سے کوئی لڑکی نہیں دیکھی ہوئی تھی اور نکاح کے وقت اس کے لئے کسی کا نام نہیں لیا گیا تو پھر (جہالت کی

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۰۹ ح ۴۴۳۰؛ تہذیب الاحکام: ۷/۳۹۲ ح ۱۵۷؛ بحار الانوار: ۱۰۰/۳۴۹؛ الوافی: ۲۲/۶۸۵؛ عوالی اللئالی: ۳/۳۱۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۹۴ ح ۲۵۶۶۱؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۳۲۲ ح ۱۶۸۳۳؛ عیون اخبار الرضا: ۲/۸ اباب ۳۰
[2] روضۃ المتقین: ۸/۲۳۰؛ جامع المقاصد: ۱۲/۸۴؛ انوار الفقاہۃ کتاب النکاح: ۲۰۰؛ غایۃ المرام: ۳/۴۴؛ ارشاد الطالب: ۳/۴۴۱؛ فقہ الصادقؑ: ۲۱/۴۴؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۳۰۵

وجہ سے) یہ نکاح ہی باطل ہے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{2136} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ اِبْنُ مَحْبُوبٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا جَعْفَرٍ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ تَزَوَّجَ اِمْرَأَةً فَقَالَتْ أَنَا حُبْلَى وَ أَنَا أُخْتُكَ مِنَ اَلرَّضَاعَةِ وَ أَنَا عَلَى غَيْرِ عِدَّةٍ قَالَ فَقَالَ إِنْ كَانَ دَخَلَ بِهَا وَ وَاقَعَهَا فَلاَ يُصَدِّقْهَا وَ إِنْ كَانَ لَمْ يَدْخُلْ بِهَا وَ لَمْ يُوَاقِعْهَا فَلْيَخْتَبِرْ وَ لْيَسْأَلْ إِذَا لَمْ يَكُنْ عَرَفَهَا قَبْلَ ذَلِكَ.

❂ ابوبصیر سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے ایک عورت سے شادی کی پس اس عورت نے کہا کہ وہ (پہلے سے) حاملہ ہے اور میں تمہاری رضاعی بہن ہوں اور میں عدت میں ہوں (تو اب کیا ہوگا)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر شوہر اس سے دخول کر چکا ہے (اور بعد میں اس عورت نے دعویٰ کیا ہے) تو پھر اس بات میں اس کی تصدیق نہ کرے اور اگر ہنوز اس سے دخول نہیں کیا اور جماع نہیں کیا تو اس کے بارے میں خبر گیری کرے اور پوچھ گچھ کرے جبکہ وہ اسے پہلے سے نہ جانتا ہو۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[4]

{2137} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبُو عَلِيٍّ اَلْأَشْعَرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اَلْجَبَّارِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْمَاعِيلَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَلنُّعْمَانِ عَنْ سُوَيْدٍ اَلْقَلاَّءِ عَنْ سَمَاعَةَ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ رَجُلٌ أُخِذَ مَعَ اِمْرَأَةٍ فِي بَيْتٍ فَأَقَرَّ أَنَّهَا اِمْرَأَتُهُ وَ أَقَرَّتْ أَنَّهُ زَوْجُهَا فَقَالَ رُبَّ رَجُلٍ لَوْ أُتِيتُ بِهِ لَأَجَزْتُ لَهُ ذَلِكَ وَ رُبَّ رَجُلٍ لَوْ أُتِيتُ بِهِ لَضَرَبْتُهُ.

❂ ابوبصیر سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ ایک شخص ایک عورت کے ہمراہ ایک گھر سے

---

[1] الکافی: ۵/۴۱۲ ح۱؛ من لایحضرہ الفقیہ: ۳/۴۲۱ ح۴۴۶۸؛ تہذیب الاحکام: ۷/۳۹۳ ح۱۵۷۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۴۹۳ ح۲۶۴۲۵؛ الوافی: ۲۲/۸۷۹

[2] مرآۃ العقول: ۲۰/۱۲۳؛ انوار الفقاہۃ کتاب النکاح: ۳۰۴؛ فقہ الصادقؑ: ۲۱/۵۷؛ جواہر الکلام: ۲۹/۳۵۴؛ روضۃ المتقین: ۸/۴۷؛

[3] الکافی: ۵/۵۶۱ ح۲۰؛ من لایحضرہ الفقیہ: ۳/۴۰۷ ح۴۴۳۰؛ تہذیب الاحکام: ۷/۴۳۳ ح۱۷۲۶؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۹۹ ح۲۵۹۲۲؛ الوافی: ۲۱/۳۵۸؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/۱۳۶

[4] مرآۃ العقول: ۲۰/۴۱۳؛ شرح العروۃ الوثقیٰ: ۳۲/۱۸۵؛ مقامع الفضل: ۱/۴۲۳؛ کتاب نکاح شبیری: ۱۱/۳۸۲۷؛ روضۃ المتقین: ۸/۵۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۳۹۸

پکڑا گیا اور اس نے اقرار کیا کہ یہ عورت اس کی بیوی ہے اور اس عورت نے بھی اس کا اعتراف کیا کہ وہ اس کا شوہر ہے (تو اب کیا حکم ہوگا)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کئی ایسے مرد ہیں کہ اگر وہ (اس حال میں) تمہارے پاس لائے جائیں تو تم اس بات کو قبول کرلو گے اور کئی ایسے بھی ہوتے ہیں کہ وہ اس حال میں تمہارے سامنے لائے جائیں تو تم ان کو پیٹو گے۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [2]

{2138} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْحُسَيْنِ: أَنَّهُ كَتَبَ إِلَيْهِ يَسْأَلُهُ عَنْ رَجُلٍ تَزَوَّجَ اِمْرَأَةً فِي بَلَدٍ مِنَ الْبُلْدَانِ فَسَأَلَهَا أَ لَكِ زَوْجٌ قَالَتْ لاَ فَتَزَوَّجَهَا ثُمَّ إِنَّ رَجُلاً أَتَاهُ فَقَالَ هِيَ امْرَأَتِي فَأَنْكَرَتِ الْمَرْأَةُ ذَلِكَ مَا يَلْزَمُ الزَّوْجَ فَقَالَ هِيَ امْرَأَتُهُ إِلاَّ أَنْ يُقِيمَ الْبَيِّنَةَ.

حسین (بن سعید) نے ان (امام علیہ السلام) کی طرف خط لکھا جس میں یہ مسئلہ پوچھا کہ ایک شخص نے کسی شہر میں ایک عورت سے تزویج کی اور اس سے پوچھا کہ تیرا کوئی شوہر تو نہیں ہے؟ اس نے کہا: نہیں ہے چنانچہ اس نے اس سے تزویج کرلی پھر ایک شخص اس کے پاس آگیا اور اس نے کہا کہ یہ عورت میری بیوی ہے لیکن اس عورت نے اس کا انکار کیا تو اب اس تزویج کرنے والے شخص کو کیا کرنا چاہیے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ (بدستور) اس شخص کی بیوی ہے مگر یہ کہ وہ (مدعی) شخص بینہ قائم کردے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2139} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْمَاعِيلَ بْنِ بَزِيعٍ قَالَ: سَأَلْتُ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ امْرَأَةٍ أَحَلَّتْ لِزَوْجِهَا جَارِيَتَهَا فَقَالَ ذَلِكَ لَهُ قُلْتُ فَإِنْ خَافَ أَنْ تَكُونَ تَمْزَحُ قَالَ وَ كَيْفَ لَهُ بِمَا فِي قَلْبِهَا فَإِنْ عَلِمَ أَنَّهَا تَمْزَحُ فَلاَ.

محمد بن اسماعیل بن بزیع سے روایت ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک عورت اپنی کنیز کو اپنے شوہر کے لئے حلال کرتی ہے (تو یہ درست ہے)؟

---

[1] الکافی: ۵/۵۶۱ ح ۲۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۹۷ ح ۲۵۶۶۷؛ من لایحضرہ الفقیہ: ۳/۴۱۷ ح ۴۴۳۴؛ الوافی: ۱۵/۵۰۹

[2] مرآۃ العقول: ۲۰/۴۱۳؛ روضۃ المتقین: ۸/۵۳۱

[3] تہذیب الاحکام: ۷/۴۷۷ ح ۱۹۱۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۳۰۰ ح ۲۵۶۷۳؛ الوافی: ۲۲/۶۸۵؛ تہذیب الاحکام: ۷/۴۶۸ ح ۱۸۷۴

[4] ملاذ الاخیار: ۱۲/۳۸۹؛ مقامع الفضل: ۱/۵۲۳

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس کے لئے ایسا ہی (حلال) ہے۔

میں نے عرض کیا: اگر شوہر کو یہ اندیشہ ہو کہ بیوی نے اس سے مذاق کیا ہے (تو کیا حکم ہوگا)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: لیکن اسے کیسے معلوم کہ اس کے دل میں کیا ہے البتہ اگر اسے علم ہو کہ اس نے (واقع) مذاق کیا ہے تو پھر (حلال) نہیں (کیونکہ مذاق میں نکاح نہیں ہوتا)۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2140} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ عُمَرَ بْنِ حَنْظَلَةَ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ إِنِّي تَزَوَّجْتُ اِمْرَأَةً فَسَأَلْتُ عَنْهَا فَقِيلَ فِيهَا فَقَالَ وَ أَنْتَ لِمَ سَأَلْتَ أَيْضاً لَيْسَ عَلَيْكُمُ التَّفْتِيشُ.

❁ عمر بن حنظلہ سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ میں نے ایک عورت سے تزویج کی پس میں نے اس کے بارے میں پوچھ گچھ کی تو مجھے اس کے بارے (مختلف) بتایا گیا (تو کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: تم نے کیوں پوچھ گچھ کی؟ (عورت کا اپنے لئے بیان کافی ہوتا ہے لہٰذا) تم پر تفتیش کرنا لازم نہیں ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث حسن کالصحیح ہے۔ [4]

{2141} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ عَطِيَّةَ عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي رَجُلٍ أَمَرَ رَجُلاً أَنْ يُزَوِّجَهُ اِمْرَأَةً مِنْ أَهْلِ الْبَصْرَةِ مِنْ بَنِي تَمِيمٍ فَزَوَّجَهُ اِمْرَأَةً مِنْ أَهْلِ الْكُوفَةِ مِنْ بَنِي تَمِيمٍ قَالَ خَالَفَ أَمْرَهُ وَ عَلَى الْمَأْمُورِ نِصْفُ الصَّدَاقِ لِأَهْلِ الْمَرْأَةِ وَ لاَ عِدَّةَ عَلَيْهَا وَ لاَ مِيرَاثَ بَيْنَهُمَا فَقَالَ بَعْضُ مَنْ حَضَرَهُ فَإِنْ أَمَرَهُ أَنْ يُزَوِّجَهُ اِمْرَأَةً وَ لَمْ يُسَمِّ أَرْضاً وَ لاَ قَبِيلَةً ثُمَّ جَحَدَ الْآمِرُ أَنْ يَكُونَ أَمَرَهُ بِذَلِكَ بَعْدَ مَا زَوَّجَهُ فَقَالَ إِنْ كَانَ لِلْمَأْمُورِ بَيِّنَةٌ أَنَّهُ كَانَ أَمَرَهُ أَنْ يُزَوِّجَهُ كَانَ

---

[1] الکافی: ۵/ ۳۹۶ ح ۸؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۳۵۵ ح ۴۲۵۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۳۰۱ ح ۲۵۶۷۵؛ الوافی: ۲۲/ ۵۹۵؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۲۴۲ ح ۱۸۵۴؛ الاستبصار: ۳/ ۲۰۹ ح ۷؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/ ۲۴۷؛ مسند الامام الرضاؑ: ۲/ ۲۷۰

[2] مرآۃ العقول: ۲۰/ ۲۶۱؛ جامع المقاصد: ۱۳/ ۷۹؛ الحجۃ: ۹/ ۵۴؛ غایۃ المراد: ۳/ ۱۰۴؛ مصباح الاصول: ۲/ ۲۹۰؛ روضۃ المتقین: ۸/ ۳۳۴؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/ ۱۵

[3] الکافی: ۵/ ۵۶۹ ح ۵۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۳۰۱ ح ۲۵۶۷۶؛ الوافی: ۲۱/ ۳۱۹

[4] مرآۃ العقول: ۲۰/ ۴۲۷

اَلصَّدَاقُ عَلَى الْآمِرِ وَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ بَيِّنَةٌ كَانَ الصَّدَاقُ عَلَى الْمَأْمُورِ لِأَهْلِ الْمَرْأَةِ وَلَا مِيرَاثَ بَيْنَهُمَا وَلَا عِدَّةَ عَلَيْهَا وَلَهَا نِصْفُ الصَّدَاقِ إِنْ كَانَ فَرَضَ لَهَا صَدَاقاً.

ابوعبیدہ نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں روایت کی ہے جس نے ایک آدمی کو وکیل بنایا کہ وہ بصرہ کے خاندان بنی تمیم کی کسی عورت سے اس کی شادی کرائے مگر اس نے کوفہ کے خاندان بنی تمیم کی عورت سے اس کی شادی کرادی؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: چونکہ وکیل نے موکل کے حکم کی خلاف ورزی کی ہے (لہٰذا یہ نکاح باطل ہے) اور یہ وکیل اس عورت کے خاندان کو نصف حق مہر ادا کرے گا اور اس عورت پر کوئی عدت نہیں ہے اور نہ ہی ان کی باہمی میراث ہے۔

بعض حاضرین نے یہ سن کر کہا کہ اگر کوئی شخص کسی کو وکیل بنائے کہ میری کسی عورت سے شادی کرادو لیکن کسی خاص جگہ یا کسی خاص خاندان کی پابندی نہ لگائے اور جب وہ اس کی شادی کرا چکے تو یہ سرے سے وکالت کا ہی انکار کردے (تو کیا حکم ہوگا)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر وکیل کے پاس وکالت کے گواہ موجود ہوں تو اس عورت کا حق مہر موکل پر ہے اور اگر اس کے پاس گواہ نہ ہوں تو پھر وکیل عورت کے خاندان کو حق مہر ادا کرے گا اور ان دونوں میں نہ میراث ہوگی اور نہ عورت پر عدت ہوگی اور عورت کے لئے کوئی حق مہر مقرر کیا گیا تو اس کا نصف ہوگا۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{2142} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ أَبِي وَلَّادٍ الْحَنَّاطِ قَالَ: سُئِلَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَنْ رَجُلٍ أَمَرَ رَجُلاً أَنْ يُزَوِّجَهُ امْرَأَةً بِالْمَدِينَةِ وَسَمَّاهَا لَهُ وَالَّذِي أَمَرَهُ بِالْعِرَاقِ فَخَرَجَ الْمَأْمُورُ فَزَوَّجَهَا إِيَّاهُ ثُمَّ قَدِمَ إِلَى الْعِرَاقِ فَوَجَدَ الَّذِي أَمَرَهُ قَدْ مَاتَ قَالَ يُنْظَرُ فِي ذَلِكَ فَإِنْ كَانَ الْمَأْمُورُ زَوَّجَهَا إِيَّاهُ قَبْلَ أَنْ يَمُوتَ الْآمِرُ ثُمَّ مَاتَ الْآمِرُ بَعْدَهُ فَإِنَّ الْمَهْرَ فِي جَمِيعِ ذَلِكَ الْمِيرَاثِ بِمَنْزِلَةِ الدَّيْنِ وَإِنْ كَانَ زَوَّجَهَا إِيَّاهُ بَعْدَ مَا مَاتَ الْآمِرُ فَلَا شَيْءَ عَلَى الْآمِرِ وَلَا عَلَى الْمَأْمُورِ وَالنِّكَاحُ بَاطِلٌ.

ابوولاد الحناط سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ عراق کے ایک شخص نے ایک آدمی کو وکیل بنایا کہ مدینہ کی فلاں عورت سے اس کی تزویج کرائے چنانچہ وکیل مدینہ گیا اور جا کر اس عورت سے اس کی تزویج کی لیکن جب وہ واپس عراق پہنچا تو اسے معلوم ہوا کہ اس کا موکل مر چکا ہے؟

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/۳۹۰ ح ۱۹۷۰؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۱۹ ح ۴۴۵۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۳۰۲ ح ۲۵۶۷۸؛ الوافی: ۲۲/۶۸۱

[2] ملاذ الاخیار: ۱۲/۱۵۵؛ روضۃ المتقین: ۸/۲۷۰

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر مرنے والا عقد نکاح پڑھائے جانے کے بعد مرا ہے تو اس عورت کا (نصف) حق مہر اس کی میراث سے اسی طرح ادا کیا جائے گا جس طرح اس کا قرضہ ادا کیا جائے گا اور اگر عقد نکاح پڑھانے کی تاریخ سے پہلے مرا تو پھر نکاح باطل ہے اور حق مہر کی ادائیگی مؤکل یا وکیل میں سے کسی پر واجب نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

﴿نکاح پڑھنے کا طریقہ﴾

{2143} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ رَزِينٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: جَاءَتِ امْرَأَةٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ فَقَالَتْ زَوِّجْنِي فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ مَنْ لِهَذِهِ فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ أَنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ زَوِّجْنِيهَا فَقَالَ مَا تُعْطِيهَا فَقَالَ مَا لِي شَيْءٌ فَقَالَ لَا قَالَ فَأَعَادَتْ فَأَعَادَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ الْكَلَامَ فَلَمْ يَقُمْ أَحَدٌ غَيْرُ الرَّجُلِ ثُمَّ أَعَادَتْ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ فِي الْمَرَّةِ الثَّالِثَةِ أَ تُحْسِنُ مِنَ الْقُرْآنِ شَيْئاً قَالَ نَعَمْ فَقَالَ قَدْ زَوَّجْتُكَهَا عَلَى مَا تُحْسِنُ مِنَ الْقُرْآنِ فَعَلِّمْهَا إِيَّاهُ.

❂ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: ایک بار ایک عورت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا: (یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) میری (کسی سے) تزویج کر دیجئے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس عورت کے لئے کون ہے؟

پس ایک شخص کھڑا ہوا اور عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میں حاضر ہوں میری اس عورت سے تزویج کر دیجئے۔

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اسے کیا (حق مہر) دیتے ہو؟

اس نے عرض کیا: میرے پاس تو کوئی چیز نہیں ہے۔

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں (حق مہر دیئے بغیر نکاح نہیں ہوتا)

امام علیہ السلام نے فرمایا کہ اس عورت نے پھر اعادہ کیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی اپنی بات دوبارہ فرمائی مگر اس آدمی کے علاوہ کوئی کھڑا نہ ہوا۔ اس عورت نے پھر دہرایا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تیسری مرتبہ فرمایا: تم قرآن میں سے کچھ اچھی طرح پڑھ لیتے ہو؟

اس نے عرض کیا: ہاں (پڑھ لیتا ہوں)

چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو کچھ قرآن سے اچھی طرح (پڑھنا) جانتا ہے اس پر میں نے اس عورت کی

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۰۳ ۴۳ ح ۴۳۸۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۵ ۳۰ ح ۲۵۹۸۳؛ الوافی: ۲۸۰/۲۲

[2] روضۃ المتقین: ۳۱۶/۸؛ الانوار اللوامع: ۱۷۲/۱۳

تزویج تجھ سے کر دی ہے پس اس کو وہی حصہ پڑھا دینا۔ ①

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ②

{2144} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ عَنْ بُرَيْدٍ الْعِجْلِيِّ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ قَوْلِ اللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ: (وَ أَخَذْنَ مِنْكُمْ مِيثَاقاً غَلِيظاً) قَالَ الْمِيثَاقُ هِيَ الْكَلِمَةُ الَّتِي عُقِدَ بِهَا النِّكَاحُ وَ أَمَّا قَوْلُهُ "غَلِيظاً" فَهُوَ مَاءُ الرَّجُلِ يُفْضِيهِ إِلَى امْرَأَتِهِ.

❁ برید عجلی سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے اللہ تعالیٰ کے قول: "اور وہ (عورتیں) تم سے شدید عہد و قرار لے چکی ہوں (النسا: ۲۱)" کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: میثاق وہ کلمہ (ایجاب و قبول) ہے جس سے عقد نکاح کیا جاتا ہے اور غلیظ سے مراد وہ پانی ہے جو مرد عورت کے رحم تک پہنچاتا ہے۔ ③

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ④

قول مؤلف:

نکاح پڑھنے کا یہی طریقہ ہے کہ مرد وعورت خود یا ان کا وکیل ان کی طرف سے کہے کہ میں نے اتنے حق مہر کے عوض تمہارا نکاح کر دیا ہے اور وہ قبول کرلے تو نکاح نافذ ہو جاتا ہے چاہے خطبہ بھی نہ پڑھا جائے جیسا کہ آئندہ ذکر ہوگا لیکن اگر خطبہ پڑھا جائے تو یہ افضل ہے: اسی طرح اگر گواہ موجود ہوں تو یہ بھی بہتر ہے کیونکہ اس سے کئی مسائل سے انسان محفوظ رہ سکتا ہے لیکن اگر گواہ نہ ہوں تب بھی نکاح نافذ ہوگا لہٰذا اس کے علاوہ کوئی مخصوص صیغے پڑھنا اور یہ کہنا کہ ان میں کوئی لفظی غلطی ہو جائے تو نکاح باطل ہے یہ سب کچھ بھی نہیں ہے اور نہ ہی مخصوص کسی زبان کی کوئی شرط ہے پس اس طرح کی باتوں کو لازمی قرار دے کر شریعت میں داخل کرنا حدث کا امکان پیدا کرتا ہے (واللہ اعلم)۔

{2145} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنِ ابْنِ سِنَانٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: مَا مِنْ مُؤْمِنَيْنِ يَجْتَمِعَانِ بِنِكَاحٍ حَلاَلٍ حَتَّى يُنَادِيَ مُنَادٍ مِنَ السَّمَاءِ إِنَّ

---

① الکافی: ۵/۳۸۰ ح ۵؛ تہذیب الاحکام: ۷/۳۵۳ ح ۱۴۴۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۶۲ ح ۲۵۵۷۷ و ۲۱/۲۴۲ ح ۲۷۱۹۹؛ الوافی: ۲۱/۳۷۳

② مرآۃ العقول: ۲۰/۱۰۹؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۲۲۶؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۳/۲۴۸ و ۴/۲۲۹؛ جامع المقاصد: ۱۳/۳۳۵؛ شرح العروۃ: ۳۳/۱۳۹؛ نموذج الفقہ الجعفری: ۲۱۵؛ ھدی الطالب: ۲/۴۳۷؛ الجعبہ: ۸/۳۳۶

③ الکافی: ۵/۵۶۰ ح ۱۹؛ تفسیر العیاشی: ۱/۲۲۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۶۲ ح ۲۵۵۷۸؛ الوافی: ۲۲/۸۲۹؛ تفسیر کنز الدقائق: ۳/۳۶۱؛ تفسیر البرہان: ۲/۴۸؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/۴۶۰؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۳۱۲ ح ۱۶۸۰۰؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۳۵

④ مرآۃ العقول: ۲۰/۴۱۴

اَللّٰهَ عَزَّ وَ جَلَّ قَدْ زَوَّجَ فُلاَناً فُلاَنَةَ اَلْحَدِيثَ.

❁ ابن سنان سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب بھی مومنین میں سے دو (مرد و عورت) نکاح حلال کے ذریعے اکٹھے ہوتے ہیں تو آسمان سے ایک منادی ندا کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فلاں کی فلانہ سے تزویج کر دی ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2146} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ اِبْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رِئَابٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: إِنَّ جَمَاعَةً مِنْ بَنِي أُمَيَّةَ فِي إِمَارَةِ عُثْمَانَ اِجْتَمَعُوا فِي مَسْجِدِ رَسُولِ اَللَّهِ صَلَّى اَللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ فِي يَوْمِ جُمُعَةٍ وَ هُمْ يُرِيدُونَ أَنْ يُزَوِّجُوا رَجُلاً مِنْهُمْ وَ أَمِيرُ اَلْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَرِيبٌ مِنْهُمْ فَقَالَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ هَلْ لَكُمْ أَنْ نُخْجِلَ عَلِيّاً اَلسَّاعَةَ نَسْأَلُهُ أَنْ يَخْطُبَ بِنَا وَ نَتَكَلَّمُ فَإِنَّهُ يَخْجَلُ وَ يَعْيَا بِالْكَلاَمِ فَأَقْبَلُوا إِلَيْهِ فَقَالُوا يَا أَبَا اَلْحَسَنِ إِنَّا نُرِيدُ أَنْ نُزَوِّجَ فُلاَناً فُلاَنَةَ وَ نَحْنُ نُرِيدُ أَنْ تَخْطُبَ بِنَا فَقَالَ فَهَلْ تَنْتَظِرُونَ أَحَداً فَقَالُوا لاَ فَوَ اَللَّهِ مَا لَبِثَ حَتَّى قَالَ:

اَلْحَمْدُ لِلَّهِ اَلْمُخْتَصِّ بِالتَّوْحِيدِ اَلْمُتَقَدِّمِ بِالْوَعِيدِ اَلْفَعَّالِ لِمَا يُرِيدُ اَلْمُحْتَجِبِ بِالنُّورِ دُونَ خَلْقِهِ ذِي اَلْأُفُقِ اَلطَّامِحِ وَ اَلْعِزِّ اَلشَّامِخِ وَ اَلْمُلْكِ اَلْبَاذِخِ اَلْمَعْبُودِ بِالْآلاَءِ رَبِّ اَلْأَرْضِ وَ اَلسَّمَاءِ أَحْمَدُهُ عَلَى حُسْنِ اَلْبَلاَءِ وَ فَضْلِ اَلْعَطَاءِ وَ سَوَابِغِ اَلنَّعْمَاءِ وَ عَلَى مَا يَدْفَعُ رَبُّنَا مِنَ اَلْبَلاَءِ حَمْداً يَسْتَهِلُّ لَهُ اَلْعِبَادُ وَ يَنْمُو بِهِ اَلْبِلاَدُ وَ أَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلاَّ اَللَّهُ وَحْدَهُ لاَ شَرِيكَ لَهُ لَمْ يَكُنْ شَيْءٌ قَبْلَهُ وَ لاَ يَكُونُ شَيْءٌ بَعْدَهُ وَ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّداً صَلَّى اَللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ عَبْدُهُ وَ رَسُولُهُ اِصْطَفَاهُ بِالتَّفْضِيلِ وَ هَدَى بِهِ مِنَ اَلتَّضْلِيلِ اِخْتَصَّهُ لِنَفْسِهِ وَ بَعَثَهُ إِلَى خَلْقِهِ بِرِسَالاَتِهِ وَ بِكَلاَمِهِ يَدْعُوهُمْ إِلَى عِبَادَتِهِ وَ تَوْحِيدِهِ وَ اَلْإِقْرَارِ بِرُبُوبِيَّتِهِ وَ اَلتَّصْدِيقِ بِنَبِيِّهِ صَلَّى اَللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ بَعَثَهُ عَلَى حِينِ فَتْرَةٍ مِنَ اَلرُّسُلِ وَ صَدْفٍ عَنِ اَلْحَقِّ وَ جَهَالَةٍ بِالرَّبِّ وَ كُفْرٍ بِالْبَعْثِ وَ اَلْوَعِيدِ فَبَلَّغَ رِسَالاَتِهِ وَ جَاهَدَ فِي سَبِيلِهِ وَ نَصَحَ لِأُمَّتِهِ وَ عَبَدَهُ حَتَّى أَتَاهُ اَلْيَقِينُ صَلَّى اَللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ وَ سَلَّمَ كَثِيراً أُوصِيكُمْ وَ نَفْسِي بِتَقْوَى اَللَّهِ اَلْعَظِيمِ فَإِنَّ اَللَّهَ عَزَّ وَ جَلَّ قَدْ جَعَلَ لِلْمُتَّقِينَ اَلْمَخْرَجَ مِمَّا يَكْرَهُونَ وَ اَلرِّزْقَ مِنْ حَيْثُ لاَ يَحْتَسِبُونَ فَتَنَجَّزُوا مِنَ اَللَّهِ مَوْعُودَهُ وَ اُطْلُبُوا مَا عِنْدَهُ بِطَاعَتِهِ وَ

---

[1] الکافی: ۵/۵۶۳ ح ۳۳؛ دعائم الاسلام: ۲/۱۹۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۶۲ ح ۲۵۵۸۹؛ الوافی: ۲۱/۳۱۷؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۱۵۲ ح ۱۶۳۳۱

[2] مرآۃ العقول: ۲۰/۴۱۹

اَلْعَمَلِ بِمَحَابِّهِ فَإِنَّهُ لَا يُدْرَكُ الْخَيْرُ إِلَّا بِهِ وَلَا يُنَالُ مَا عِنْدَهُ إِلَّا بِطَاعَتِهِ وَلَا تُكْلَانَ فِيمَا هُوَ كَائِنٌ إِلَّا عَلَيْهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّ اللّٰهَ أَبْرَمَ الْأُمُورَ وَأَمْضَاهَا عَلَى مَقَادِيرِهَا فَهِيَ غَيْرُ مُتَنَاهِيَةٍ عَنْ مَجَارِيهَا دُونَ بُلُوغِ غَايَاتِهَا فِيمَا قَدَّرَ وَقَضَى مِنْ ذٰلِكَ وَقَدْ كَانَ فِيمَا قَدَّرَ وَقَضَى مِنْ أَمْرِهِ الْمَحْتُومِ وَقَضَايَاهُ الْمُبْرَمَةِ مَا قَدْ تَشَعَّبَتْ بِهِ الْأَخْلَافُ وَجَرَتْ بِهِ الْأَسْبَابُ وَقَضَى مِنْ تَنَاهِي الْقَضَايَا بِنَا وَبِكُمْ إِلَى حُضُورِ هٰذَا الْمَجْلِسِ الَّذِي خَصَّنَا اللّٰهُ وَإِيَّاكُمْ لِلَّذِي كَانَ مِنْ تَذَكُّرِنَا آلَاءَهُ وَحُسْنَ بَلَائِهِ وَتَظَاهُرَ نَعْمَائِهِ فَنَسْأَلُ اللّٰهَ لَنَا وَلَكُمْ بَرَكَةَ مَا جَمَعَنَا وَإِيَّاكُمْ عَلَيْهِ وَسَاقَنَا وَإِيَّاكُمْ إِلَيْهِ ثُمَّ إِنَّ فُلَانَ بْنَ فُلَانٍ ذَكَرَ فُلَانَةَ بِنْتَ فُلَانٍ وَهُوَ فِي الْحَسَبِ مَنْ قَدْ عَرَفْتُمُوهُ وَفِي النَّسَبِ مَنْ لَا تَجْهَلُونَهُ وَقَدْ بَذَلَ لَهَا مِنَ الصَّدَاقِ مَا قَدْ عَرَفْتُمُوهُ فَرُدُّوا خَيْراً تُحْمَدُوا عَلَيْهِ وَتُنْسَبُوا إِلَيْهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِهِ وَسَلَّمَ.

⚙ علی بن رئاب سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: عثمان کی امارت کے زمانہ میں بنی امیہ کی ایک جماعت جمعہ کے دن مسجد نبوی میں جمع ہوئی اور وہ چاہتے تھے کہ ان میں سے کسی ایک شخص کی تزویج کریں اور امیر المومنین علیہ السلام بھی ان کے قریب تشریف فرما تھے۔ ان میں سے بعض نے ایک دوسرے سے کہا کہ کیا تم پسند کرتے ہو کہ ہم علی علیہ السلام کو (معاذ اللہ) ایک ساعت کے لئے خجل کریں؟ ہم ان سے سوال کرتے ہیں کہ وہ ہمیں خطبہ دیں اور (اس دوران) ہم بولیں گے تو وہ خجل ہوں گے اور کلام سے عاجز آ جائیں گے۔ چنانچہ وہ آپ علیہ السلام کے پاس آئے اور کہا کہ اے ابوالحسن علیہ السلام! ہمارا ارادہ ہے کہ ہم فلاں کی فلانہ سے تزویج کریں اور ہم چاہتے ہیں کہ آپ علیہ السلام ہمیں خطبہ دیں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کیا تمہیں کسی کا انتظار ہے؟

انہوں نے کہا: نہیں۔ اللہ کی قسم! کوئی دیر نہیں ہے۔

آپ علیہ السلام نے فرمایا: بے شک ان عورتوں سے مراد وہ عورتیں ہیں جو اس آیت میں حرام قرار دی گئی ہیں کہ: ''تم پر حرام ہیں تمہاری مائیں، تمہاری بیٹیاں اور تمہاری بہنیں۔۔۔۔ آخر آیت تک (النساء: ۲۳)'' جیسے لوگ کہتے ہیں اگر قضیہ ویسا ہوتا تو تمہارے لئے حلال ہوگا وہ جو ان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے حلال نہیں تھا۔ یقیناً تم میں سے ہر ایک جب چاہے تبدیل کر سکتا ہے لیکن قضیہ ویسے نہیں ہے جیسے وہ بولتے ہیں۔ یقیناً اللہ نے عورتوں میں سے جتنی چاہیں اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے حلال قرار دیں ماسوائے ان عورتوں کے کہ جن کو (سورۃ نساء کی) اس آیت میں حرام قرار دیا گیا۔ [1]

---

[1] الکافی: ۵/ ۳۸۷ ح ۱؛ تفسیر البرہان: ۴/ ۴۷۹؛ بحار الانوار: ۲۲/ ۲۰۶؛ الوافی: ۲۱/ ۳۰۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۲۶۶ ح ۲۵۵۹۰

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [1]

{2175} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عِيسَى عَنْ سَمَاعَةَ بْنِ مِهْرَانَ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ مُصَافَحَةِ الرَّجُلِ الْمَرْأَةَ قَالَ لاَ يَحِلُّ لِلرَّجُلِ أَنْ يُصَافِحَ الْمَرْأَةَ إِلاَّ امْرَأَةً يَحْرُمُ عَلَيْهِ أَنْ يَتَزَوَّجَهَا أُخْتٌ أَوْ بِنْتٌ أَوْ عَمَّةٌ أَوْ خَالَةٌ أَوْ بِنْتُ أُخْتٍ أَوْ نَحْوُهَا الْحَدِيثَ.

❁ سماعہ بن مہران سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے مرد کا عورت سے مصافحہ کرنے کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: مرد کے لئے مصافحہ کرنے کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: مرد کے لئے عورت سے مصافحہ کرنا جائز نہیں ہے سوائے ان عورتوں کے جن سے اس کے لئے نکاح کرنا حرام ہے جیسے بہن، بیٹی، پھوپھی، خالہ، بھانجی اور اس جیسی عورتیں۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق ہے۔ [3]

{2176} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مَهْزِيَارَ قَالَ: سَأَلَ عِيسَى بْنُ جَعْفَرِ بْنِ عِيسَى أَبَا جَعْفَرٍ الثَّانِيَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَنَّ امْرَأَةً أَرْضَعَتْ لِي صَبِيّاً فَهَلْ يَحِلُّ لِي أَنْ أَتَزَوَّجَ ابْنَةَ زَوْجِهَا فَقَالَ لِي مَا أَجْوَدَ مَا سَأَلْتَ مِنْ هَاهُنَا يُؤْتَى أَنْ يَقُولَ النَّاسُ حَرُمَتْ عَلَيْهِ امْرَأَتُهُ مِنْ قِبَلِ لَبَنِ الْفَحْلِ هَذَا هُوَ لَبَنُ الْفَحْلِ لاَ غَيْرُهُ فَقُلْتُ لَهُ إِنَّ الْجَارِيَةَ لَيْسَتِ ابْنَةَ الْمَرْأَةِ الَّتِي أَرْضَعَتْ لِي هِيَ ابْنَةُ غَيْرِهَا فَقَالَ لَوْ كُنَّ عَشْراً مُتَفَرِّقَاتٍ مَا حَلَّ لَكَ مِنْهُنَّ شَيْءٌ وَ كُنَّ فِي مَوْضِعِ بَنَاتِكَ.

❁ علی بن مہزیار سے روایت ہے کہ عیسیٰ بن جعفر بن عیسیٰ نے امام محمد تقی علیہ السلام سے سوال کیا کہ ایک عورت نے میرے بچے کو دودھ پلایا تو کیا یہ حلال ہے کہ میں اس عورت کے شوہر کی بیٹی سے شادی کروں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کیا بہترین سوال ہے جو تم نے مجھ سے کیا ہے لوگ تو کہتے ہیں فحل کے دودھ کے سبب اس کی بیوی اس پر حرام ہو گئی اور یہ فحل کا دودھ ہی ہے

میں نے عرض کیا: وہ لڑکی اس عورت کی اپنی بیٹی نہیں ہے جس نے میری اولاد کی رضاعت کی ہے بلکہ وہ کسی دوسری عورت کی بیٹی ہے؟

---

[1] مراۃ العقول: ۲۰/۲۲۱؛ السیرۃ المعیاریہ بروایۃ اہل البیتؑ: ۲/۶۵؛ جواہر الکلام: ۲۹/۱۲۰؛ حدود الشریعہ: ۱۲۲؛ مسالک الافہام: ۷/۴۳

[2] الکافی: ۵/۲۷۵ ح ۳؛ الوافی: ۲۱/۹۵۳؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/۴۰۲ (اقتباس)؛ موسوعہ الامام الہادیؑ: ۲/۳۵۲

[3] شرح العروۃ: ۳۲/۸۳؛ مراۃ العقول: ۲۰/۳۵۵؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۳/۹۱؛ فقہ الصادقؑ: ۲۱/۱۲۰

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر دس متفرق (رضاعی) لڑکیاں بھی ہوں تب بھی کوئی شے تمہارے لئے حلال نہیں ہے اور وہ سب تمہاری بیٹیوں کی مانند ہی ہوں گی۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2177} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رِئَابٍ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ قَبِلَ الْجِزْيَةَ مِنْ أَهْلِ الذِّمَّةِ عَلَى أَنْ لاَ يَأْكُلُوا الرِّبَا وَلاَ يَأْكُلُوا لَحْمَ الْخِنْزِيرِ وَلاَ يَنْكِحُوا الْأَخَوَاتِ وَلاَ بَنَاتِ الْأَخِ وَلاَ بَنَاتِ الْأُخْتِ فَمَنْ فَعَلَ ذَلِكَ مِنْهُمْ فَقَدْ بَرِئَتْ مِنْهُ ذِمَّةُ اللَّهِ وَذِمَّةُ رَسُولِهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَقَالَ لَيْسَتْ لَهُمُ الْيَوْمَ ذِمَّةٌ.

❁ زرارہ سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اہل ذمہ کا جزیہ اس عہد و پیمان پر قبول فرمایا کہ آئندہ وہ لوگ نہ سود کھائیں گے اور نہ سور کا گوشت کھائیں گے اور نہ اپنی بہنوں اور بھتیجیوں اور بھانجیوں سے نکاح کریں گے اور جو ایسا کرے گا اس سے اللہ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بری الذمہ ہوگا۔ نیز فرمایا کہ آجکل ان کے لئے کوئی ذمہ داری نہیں ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2178} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَبِي جَرِيرٍ الْقُمِّيِّ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ أُزَوِّجُ أَخِي مِنْ أُمِّي أُخْتِي مِنْ أَبِي فَقَالَ أَبُو الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ زَوِّجْ إِيَّاهَا إِيَّاهُ أَوْ زَوِّجْ إِيَّاهُ إِيَّاهَا.

❁ ابو جریر قمی سے روایت ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ کیا میں اپنی ماں کی طرف سے سوتیلے بھائی کی

---

[1] الکافی: ۵/۴۴۱ ح ۸؛ تہذیب الاحکام: ۷/۳۲۰ ح ۱۳۲۰؛ الاستبصار: ۳/۱۹۹ ح ۷۲۳؛ عوالم العلوم: ۲۳/۵۷۴؛ الوافی: ۲۱/۲۳۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۴۳ ح ۲۵۸۳۶؛ عوالی اللئالی: ۳/۳۲۶؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۸۱۰ ح ۱۳۷۷؛ ۸۲۶ ح ۸۱۸۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۳۹۱ ح ۲۵۹۱۱

[2] مرآۃ العقول: ۲۰/۲۱۱؛ کتاب نکاح شبیری: ۱۵/۵۳۴۳؛ مجمع الرسائل: ۷۳؛ قاعدتان فقہیتان: ۲۰۹؛ کتاب النکاح انصاری: ۳۵۰؛ جواہر الکلام: ۲۹/۳۱۵؛ فقہ الصادق: ۲۱/۱۰۴؛ تفصیل الشریعہ: ۲۲/۱۸۹؛ جامع المقاصد: ۱۲/۲۳۰؛ مسالک الافہام: ۷/۲۵۳؛ الرسائل الفقہیہ: ۱۹۶؛ غایۃ المراد: ۳/۱۵۱؛ تراث الشیعہ الفقہی والاصولی: ۲/۱۳۰؛ منظومۃ فی الرضاع: ۱۱۱

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/۵۰ ح ۱۶۶۹؛ تہذیب الاحکام: ۶/۱۵۸ ح ۲۸۴؛ الاستبصار: ۳/۱۸۲ ح ۶۶۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۳۶۷ ح ۲۵۸۳۵

[4] روضۃ المتقین: ۳/۱۵۰؛ لوامع صاحبقرانی: ۶/۲۲؛ مبانی تکملۃ المنہاج: ۲/۵۲۶؛ تذکرۃ الفقہاء: ۹/۳۱۹؛ منتہی المطلب: ۱۵/۸۵؛ جواہر الکلام: ۲۱/۲۷۰؛ ریاض المسائل: ۸/۴۵

شادی اپنے باپ کی طرف سے سوتیلی بہن سے کرا سکتا ہوں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: خواہ اس کا نکاح اس سے کرلو یا خواہ اس کا نکاح اس سے کرلو (درست ہے)۔[1]

تحقیق:

حدیث حسن کالصحیح ہے۔[2]

{2179} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْوَلِيدِ عَنْ عَبَّاسِ بْنِ عَامِرٍ عَنْ يُونُسَ بْنِ يَعْقُوبَ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ امْرَأَةٍ أَرْضَعَتْنِي وَ أَرْضَعَتْ صَبِيّاً مَعِي وَ لِذَلِكَ الصَّبِيِّ أَخٌ مِنْ أَبِيهِ وَ أُمِّهِ فَيَحِلُّ لِي أَنْ أَتَزَوَّجَ ابْنَتَهُ قَالَ لاَ بَأْسَ.

❁ یونس بن یعقوب سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک عورت نے مجھے بھی دودھ پلایا اور میرے ساتھ ایک اور لڑکے کو بھی پلایا اور اس لڑکے کا اس کے باپ اور اس کی ماں کی طرف ایک (سگا) بھائی ہے تو کیا میں اس کی بیٹی سے شادی کرسکتا ہوں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کوئی حرج نہیں ہے۔[3]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔[4]

{2180} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ غَيْرِ وَاحِدٍ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي رَجُلٍ تَزَوَّجَ أُخْتَ أَخِيهِ مِنَ الرَّضَاعَةِ فَقَالَ مَا أُحِبُّ أَنْ أَتَزَوَّجَ أُخْتَ أَخِي مِنَ الرَّضَاعَةِ.

❁ اسحاق بن عمار نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں روایت کی ہے جس نے اپنے رضاعی بھائی کی بہن سے شادی کی تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: میں پسند نہیں کرتا کہ اپنے رضاعی بھائی کی بہن سے شادی کروں۔[5]

تحقیق:

حدیث حسن یا موثق ہے۔[6]

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۲۴ ح ۴۴۷۳؛ السرائر: ۳/۵۹۵؛ الوافی: ۲۱/۲۱۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۳۶۸ ح ۲۵۸۴۶؛ هدایۃ الامہ: ۷/۱۲۶

[2] روضۃ المتقین: ۸/۲۸۳

[3] تہذیب الاحکام: ۷/۳۲۳ ح ۱۳۳۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۳۶۹ ح ۲۵۸۴۸؛ الوافی: ۲۱/۲۲۸؛ هدایۃ الامہ: ۷/۱۲۶

[4] ملاذ الاخیار: ۱۲/۱۹۷؛ جواہر الکلام: ۲۹/۳۱۸؛ کتاب نکاح شبیری: ۱۵/۴۹۵۱؛ قاعدتان فقہیتان: ۲۱۵؛ انوار الفقاہۃ کتاب النکاح: ۲/۱۹۵

[5] الکافی: ۵/۴۴۴ ح ۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۳۶۸ ح ۲۵۸۴۷؛ الوافی: ۲۱/۲۱۶

[6] مرآۃ العقول: ۲۰/۲۱۷؛ قاعدتان فقہیتان: ۲۱۵؛ انوار الفقاہۃ کتاب النکاح: ۵۹۳

{2181} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ وَ عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ جَمِيعاً عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ بُرَيْدٍ الْعِجْلِيِّ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ قَوْلِ اللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ: وَ هُوَ الَّذِي خَلَقَ مِنَ الْمَاءِ بَشَراً فَجَعَلَهُ نَسَباً وَ صِهْراً فَقَالَ إِنَّ اللَّهَ تَعَالَى خَلَقَ آدَمَ مِنَ الْمَاءِ الْعَذْبِ وَ خَلَقَ زَوْجَتَهُ مِنْ سِنْخِهِ فَبَرَأَهَا مِنْ أَسْفَلِ أَضْلاَعِهِ فَجَرَى بِذَلِكَ الضِّلَعِ سَبَبٌ وَ نَسَبٌ ثُمَّ زَوَّجَهَا إِيَّاهُ فَجَرَى بِسَبَبِ ذَلِكَ بَيْنَهُمَا صِهْرٌ وَ ذَلِكَ قَوْلُهُ عَزَّ وَ جَلَّ نَسَباً وَ صِهْراً فَالنَّسَبُ يَا أَخَا بَنِي عِجْلٍ مَا كَانَ بِسَبَبِ الرِّجَالِ وَ الصِّهْرُ مَا كَانَ بِسَبَبِ النِّسَاءِ قَالَ فَقُلْتُ لَهُ أَ رَأَيْتَ قَوْلَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ يَحْرُمُ مِنَ الرَّضَاعِ مَا يَحْرُمُ مِنَ النَّسَبِ فَسِّرْ لِي ذَلِكَ فَقَالَ كُلُّ امْرَأَةٍ أَرْضَعَتْ مِنْ لَبَنِ فَحْلِهَا وَلَدَ امْرَأَةٍ أُخْرَى مِنْ جَارِيَةٍ أَوْ غُلاَمٍ فَذَلِكَ الرَّضَاعُ الَّذِي قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ وَ كُلُّ امْرَأَةٍ أَرْضَعَتْ مِنْ لَبَنِ فَحْلَيْنِ كَانَا لَهَا وَاحِداً بَعْدَ وَاحِدٍ مِنْ جَارِيَةٍ أَوْ غُلاَمٍ فَإِنَّ ذَلِكَ رَضَاعٌ لَيْسَ بِالرَّضَاعِ الَّذِي قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ يَحْرُمُ مِنَ الرَّضَاعِ مَا يَحْرُمُ مِنَ النَّسَبِ وَ إِنَّمَا هُوَ مِنْ نَسَبِ نَاحِيَةِ الصِّهْرِ رَضَاعٌ وَ لاَ يُحَرِّمُ شَيْئاً وَ لَيْسَ هُوَ سَبَبَ رَضَاعٍ مِنْ نَاحِيَةِ لَبَنِ الْفُحُولَةِ فَيُحَرِّمَ.

✪ برید العجلی سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے خدا کے قول: ''اور وہ وہی ہے جس نے پانی سے بشر کو پیدا کیا پھر اس کو نسب اور سسرال بنایا (الفرقان: ۵۴)'' کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: اللہ نے آدم علیہ السلام کو میٹھے پانی سے خلق فرمایا اور اس کی بیوی کو اس کی پسلی سے پس ان کی بیوی کو ان کی نچلی پسلی سے پیدا کیا اور اس پسلی میں سبب ونسب کو جاری کیا پھر اس کی حضرت آدم علیہ السلام سے تزویج فرمائی پس اس سبب سے ان کے درمیان (سسرالی رشتہ) قائم ہوا اور یہ اللہ تعالیٰ کا قول ''نسباً وصہراً'' ہے اے بنی عجل کے بھائی! نسب وہ ہے کہ جو مردوں کے سبب ہو اور صہر (سسرال کا رشتہ) وہ ہے جو عورتوں کے سبب ہو۔

راوی کہتا ہے کہ میں نے آپ علیہ السلام سے عرض کیا: کیا آپ علیہ السلام نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ قول ملاحظہ نہیں فرمایا کہ ''رضاع کے ذریعے وہ چیز حرام ہوتی ہے جو نسب کے ذریعے ہوتی ہے آپ علیہ السلام مجھے اس کی تفسیر بیان فرما دیجیے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہر عورت جو اپنے شوہر کے دودھ سے کسی دوسری عورت کے بچے یا بچی کو پلاتی ہے تو یہ رضاعت ایسی ہے کہ جس کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ فرمایا ہے اور ہر وہ عورت جو اپنے کے بعد دیگرے دو شوہروں کے دودھ میں سے کسی لڑکے یا لڑکی کو دودھ پلائے تو یہ دودھ پلانا وہ رضاعت نہیں ہے کہ جس کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ رضاعت سے وہ چیز حرام ہو جاتی ہے جو نسب سے حرام ہوتی ہے اور بے شک وہ نسب میں سے صہر (سسرالی رشتہ) کی طرف سے رضاع ہے اور یہ کسی چیز کو حرام نہیں کرتا اور وہ شوہر کے دودھ کی طرف سے سبب رضاعت نہیں ہے کہ کسی چیز کو حرام

کر دے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{2182} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ عَمَّارِ بْنِ مُوسَى السَّابَاطِيِّ عَنْ جَمِيلِ بْنِ صَالِحٍ عَنْ زِيَادِ بْنِ سُوقَةَ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ هَلْ لِلرَّضَاعِ حَدٌّ يُؤْخَذُ بِهِ فَقَالَ لاَ يُحَرِّمُ الرَّضَاعُ أَقَلَّ مِنْ رَضَاعِ يَوْمٍ وَ لَيْلَةٍ أَوْ خَمْسَ عَشْرَةَ رَضَعَاتٍ مُتَوَالِيَاتٍ مِنِ امْرَأَةٍ وَاحِدَةٍ مِنْ لَبَنِ فَحْلٍ وَاحِدٍ لَمْ يَفْصِلْ بَيْنَهَا رَضْعَةُ امْرَأَةٍ غَيْرِهَا وَلَوْ أَنَّ امْرَأَةً أَرْضَعَتْ غُلاَماً أَوْ جَارِيَةً عَشْرَ رَضَعَاتٍ مِنْ لَبَنِ فَحْلٍ وَاحِدٍ وَ أَرْضَعَتْهُمَا امْرَأَةٌ أُخْرَى مِنْ لَبَنِ فَحْلٍ آخَرَ عَشْرَ رَضَعَاتٍ لَمْ يُحَرَّمْ نِكَاحُهُمَا.

❂ زیاد بن سوقہ سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے عرض کیا کہ کیا رضاعت کی کوئی حد مقرر ہے جسے اخذ کیا جائے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: رضاعت سے کوئی چیز حرام نہیں ہوتی جب تک کم از کم ایک شب و روز تک یا پندرہ بار ایک ہی عورت کا اور ایک ہی مرد کا اس طرح مسلسل نہ پلایا جائے کہ اس دوران کسی اور عورت کی رضاعت سے فاصلہ نہ ڈالا جائے لہٰذا اگر کوئی عورت کسی بچے اور بچی کو ایک فحل کا دس بار دودھ پلائے اور پھر دوسری عورت کسی اور فحل کا دس بار انہیں دودھ پلائے تو اس سے وہ (لڑکی لڑکا) کا آپس میں نکاح حرام نہیں ہوگا۔[3]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔[4]

{2183} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ أَبِي عَبْدِ

---

[1] الکافی: ۵/۴۴۲ ح۹؛ الوافی: ۲۱/۲۴۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۵۹۰۶ ۳۸۸؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۷۵ ح۴۶۶۵؛ تفسیر نور الثقلین: ۴/۲۳؛ تفسیر البرہان: ۴/۴۰؛ بحار الانوار: ۱۱۲/۱۱؛ تفسیر القمی: ۲/۱۱۴؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۱۰۷؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۸/۸۲۸

[2] مرآۃ العقول: ۲۰/۲۱۳؛ ریاض المسائل: ۱۱/۱۴۹؛ کتاب النکاح اراکی: ۸۹؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۳/۵۰۶؛ تفصیل الشریعہ: ۲۲/۱۸۰؛ فقہ الصادقؑ: ۲۱/۳۵۱؛ روضۃ المتقین: ۸/۵۵۷؛ منظومہ فی الرضاع: ۵۱

[3] تہذیب الاحکام: ۷/۳۱۵ ح۱۳۰۴؛ الاستبصار: ۳/۱۹۲ ح۶۹۶؛ عوالی اللئالی: ۲/۲۶۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۳۷۴ ح۲۵۸۶۰؛ الوافی: ۲۱/۲۳۶؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۱۶۷؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۸۴۰

[4] ملاذ الاخیار: ۱۲/۳۸۱؛ تراث الشیعہ الفقہی: ۲/۲۷۷؛ مجمع الرسائل: ۱۰۸؛ احکام الرضاع فی فقہ الشیعہ: ۱۰۹؛ قاعدتان فقہیتان: ۹۳؛ جواہر الکلام: ۲۹/۲۷۹؛ القواعد الفقہیہ بجنوردی: ۴/۳۵۲؛ نظام النکاح: ۳۰۰؛ کتاب النکاح انصاری: ۳۰۳؛ منظومہ فی الرضاع: ۲۷؛ فقہ الصادقؑ: ۲۱/۳۵۹

اَللّٰهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: لاَ يُحَرِّمُ مِنَ اَلرَّضَاعِ إِلاَّ مَا أَنْبَتَ اَللَّحْمَ وَ اَلدَّمَ.

❁ حماد بن عثمان سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: رضاعت سے حرمت نہیں ہوتی مگر اس سے جو گوشت اور خون پیدا کرے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [2]

{2184} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيٍّ عَنْ أَبِيهِ عَنِ اِبْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ بَعْضِ أَصْحَابِنَا عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللّٰهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: اَلرَّضَاعُ اَلَّذِي يُنْبِتُ اَللَّحْمَ وَ اَلدَّمَ هُوَ اَلَّذِي يَرْضِعُ حَتَّى يَتَمَلَّى وَ يَتَضَلَّعَ وَ يَنْتَهِيَ نَفْسُهُ.

❁ ابن ابی عمیر نے ہمارے بعض اصحاب سے روایت کیا ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: وہ رضاعت جو گوشت اور خون پیدا کرتی ہے وہ یہ ہے کہ جو بچہ اس قدر پیئے کہ اس کی کوکھ نکل آئے اور (پیٹ) بھر جائے اور بچہ خود بخود پینے سے رک جائے۔ [3]

تحقیق:

حدیث کالصحیح یا حسن ہے۔ [4]

{2185} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ اِبْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ مَنْصُورِ بْنِ يُونُسَ عَنْ مَنْصُورِ بْنِ حَازِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللّٰهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اَللّٰهِ صَلَّى اَللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ: لاَ رَضَاعَ بَعْدَ فِطَامٍ وَ لاَ وِصَالَ فِي صِيَامٍ وَ لاَ يُتْمَ بَعْدَ اِحْتِلاَمٍ وَ لاَ صَمْتَ يَوْمٍ إِلَى اَللَّيْلِ وَ لاَ تَعَرُّبَ بَعْدَ اَلْهِجْرَةِ وَ لاَ هِجْرَةَ بَعْدَ اَلْفَتْحِ وَ لاَ طَلاَقَ قَبْلَ اَلنِّكَاحِ وَ لاَ عِتْقَ قَبْلَ مِلْكٍ وَ لاَ يَمِينَ لِلْوَلَدِ مَعَ وَالِدِهِ وَ لاَ لِلْمَمْلُوكِ مَعَ مَوْلاَهُ وَ لاَ لِلْمَرْأَةِ مَعَ زَوْجِهَا وَ لاَ نَذْرَ فِي مَعْصِيَةٍ وَ لاَ يَمِينَ فِي قَطِيعَةٍ فَمَعْنَى قَوْلِهِ لاَ رَضَاعَ بَعْدَ فِطَامٍ أَنَّ اَلْوَلَدَ إِذَا شَرِبَ مِنْ لَبَنِ اَلْمَرْأَةِ بَعْدَ مَا تَفْطِمُهُ لاَ يُحَرِّمُ ذَلِكَ اَلرَّضَاعُ اَلتَّنَاكُحَ.

❁ منصور بن حازم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ دودھ چھوڑنے

---

[1] الکافی: ۵/ ۴۳۸ ح۵؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۳۱۲ ح۱۲۹۴؛ الاستبصار: ۳/ ۱۹۳ ح۶۹۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۳۸۲ ح۲۵۸۸۵؛ الوافی: ۲۱/ ۲۳۲؛ ھدایۃ الامہ: ۷/ ۱۶۹

[2] نظام النکاح فی الشریعہ: ۴۷۲؛ قاعدتان فقہیتان: ۶۱؛ تفصیل الشریعہ: ۲۲/ ۶۲؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۳/ ۹۰؛ فقہ الصادق ؑ: ۲۱/ ۶۴؛ تراث الشیعہ الفقہی: ۲/ ۹۱؛ مرآۃ العقول: ۲۰/ ۲۰۶؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/ ۱۴۴

[3] الکافی: ۵/ ۴۴۵ ح۷؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۳۱۶ ح۱۳۰۶؛ الاستبصار: ۳/ ۱۹۵ ح۷۰۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۳۸۳ ح۲۵۸۸۹؛ الوافی: ۲۱/ ۲۳۷

[4] منظومہ فی الرضاع: ۸۹؛ مرآۃ العقول: ۲۰/ ۲۱۹

(یعنی دو سال) کے بعد رضاعت نہیں ہوتی، روزوں میں وصل نہیں ہوتا، بلوغت کے بعد یتیمی نہیں ہوتی، شام تک چپ (کا روزہ) نہیں ہوتا، ہجرت کے بعد پھر بدو بننے کی کوئی گنجائش نہیں ہوتی، فتح (مکہ) کے بعد ہجرت نہیں ہے، نکاح سے پہلے طلاق نہیں ہے، ملکیت سے پہلے آزادی نہیں ہے، بیٹے کی باپ کے ساتھ اور آقا کی مملوک کے ساتھ اور زوجہ کی شوہر کے ساتھ کوئی قسم نہیں ہے، گناہ کے کام میں کوئی منت نہیں ہے اور قطع رحمی میں کوئی قسم نہیں ہے پس آپ ﷺ کے قول کہ دودھ چھڑانے کے بعد رضاعت نہیں ہے کہ معنی یہ ہے کہ بچہ اگر اس دودھ چھڑانے کے بعد کسی عورت کا دودھ پیئے تو اس کا یہ دودھ پینا آپس میں نکاح کرنے کو حرام نہیں کرتا۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن کالصحیح یا حسن یا موثق ہے۔[2]

{2186} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ وَ عِدَّةٌ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ جَمِيعاً عَنِ ابْنِ أَبِي نَجْرَانَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ امْرَأَةٍ حَلَبَتْ مِنْ لَبَنِهَا فَأَسْقَتْ زَوْجَهَا لِتَحْرُمَ عَلَيْهِ قَالَ أَمْسَكَهَا وَ أَوْجِعْ ظَهْرَهَا.

✪ محمد بن قیس سے روایت ہے کہ میں نے ان (امام علیہ السلام) سے پوچھا کہ ایک عورت نے اپنا دودھ دوہ کر اپنے شوہر کو پلایا تا کہ وہ اس پر حرام ہو جائے (تو کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اسے اپنے پاس رکھ (کیونکہ دودھ پینے سے عورت حرام نہیں ہوتی) لیکن اس عورت کی پیٹھ کو چوٹ لگائیں (کہ اس نے یہ حرکت کیوں کی؟)۔[3]

تحقیق:

حدیث حسن کالصحیح ہے۔[4]

{2187} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ فَقَالَ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ إِنَّ

---

[1] الکافی: ۵/ ۴۴۳ ح ۵؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۵۹ ح ۳۴۷۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۳۸۴ ح ۲۵۸۹۰؛ امالی صدوق: ۴۷۸؛ امالی طوسی: ۳۴۴؛ النوادر اشعری: ۲۶؛ الفصول المہمہ: ۲/ ۴۳۳؛ بحار الانوار: ۱۰۱/ ۲۱۷؛ عوالم العلوم: ۲۰/ ۷۹۹؛ الوافی: ۱۱/ ۵۵۸؛ تحف العقول: ۳۸۱؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/ ۳۶۷ ح ۱۶۹۷۶؛ الاشعثیات: ۱۱۲؛ ترتیب الامالی: ۷/ ۱۰۵؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/ ۸۵۴

[2] جواہر الکلام: ۲۷/ ۳۳؛ جواہر الکلام فی ثوبہ: ۹/ ۲۵۲؛ روضۃ المتقین: ۸/ ۴؛ مراۃ العقول: ۲۰/ ۲۱۶

[3] الکافی: ۵/ ۴۴۳ ح ۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۳۸۵ ح ۲۵۸۹۲؛ الوافی: ۲۱/ ۲۵۵؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/ ۸۵۲

[4] مراۃ العقول: ۲۰/ ۲۱۵

اِمْرَأَتِي حَلَبَتْ مِنْ لَبَنِهَا فِي مَكُّوكٍ فَأَسْقَتْهُ جَارِيَتِي فَقَالَ أَوْجِعِ امْرَأَتَكَ وَ عَلَيْكَ بِجَارِيَتِكَ وَ هُوَ هَكَذَا فِي قَضَاءِ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلاَمُ .

۞ حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ایک شخص امیر المومنین علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: اے امیر المومنین علیہ السلام! میری زوجہ نے اپنا دودھ ایک برتن میں دوھا اور اسے میر کنیز کو پلا دیا (تا کہ وہ مجھ پر حرام ہو جائے تو کیا حکام ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اپنی زوجہ کو چوٹ پہنچاؤ اور تمہاری کنیز تم پر لازم ہے اور اسی طرح امیر المومنین علیہ السلام کے فیصلہ میں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [2]

{2188} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ : فِي ابْنَةِ الْأَخِ مِنَ الرَّضَاعِ لاَ آمُرُ بِهِ أَحَداً وَ لاَ أَنْهَى عَنْهُ وَ إِنَّمَا أَنْهَى عَنْهُ نَفْسِي وَ وُلْدِي وَ قَالَ عُرِضَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ أَنْ يَتَزَوَّجَ ابْنَةَ حَمْزَةَ فَأَبَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ وَ قَالَ هِيَ ابْنَةُ أَخِي مِنَ الرَّضَاعِ .

۞ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام نے رضاعی بہن کی بیٹی (سے نکاح) کے بارے میں فرمایا کہ میں اس کا نہ کسی کو حکم دیتا ہوں اور نہ کسی کو منع کرتا ہوں البتہ میں اپنے آپ کو اور اپنی اولاد کو اس سے باز رکھتا ہوں۔

نیز فرمایا: کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں جناب حمزہ علیہ السلام کی بیٹی (نکاح کے لئے) پیش کی گئی تو آپ علیہ السلام نے انکار کر دیا اور فرمایا: یہ تو میرے رضاعی بھائی (حمزہ علیہ السلام) کی بیٹی ہے (جس سے نکاح جائز نہیں ہے)۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [4]

{2189} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رِئَابٍ عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ يَقُولُ: لاَ تُنْكَحُ الْمَرْأَةُ عَلَى عَمَّتِهَا وَ لاَ عَلَى خَالَتِهَا وَ لاَ عَلَى

---

[1] الکافی: ۵/۵ ۴۴ ح ۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۴۳ ۳ ح ۲۵۹۱۶؛ الوافی: ۲۱/ ۵۵ ۲؛ ھدایۃ الامہ: ۷/ ۱۷۱؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/ ۸۵۰

[2] الفقہ وسائل طبیہ: ۱۰۳؛ حدود الشریعہ: ۱۰۷؛ مرآۃ العقول:

[3] الکافی: ۵/ ۴۴۷ ح ۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۴۹ ۳ ح ۲۵۹۱۹؛ الوافی: ۲۱/ ۲۱۵

[4] انوار الفقاہۃ کتاب النکاح: ۷ ۴ ۵؛ مرآۃ العقول: ۲۰/ ۲۰۴

أُخْتِهَا مِنَ الرَّضَاعَةِ وَ قَالَ إِنَّ عَلِيّاً عَلَيْهِ السَّلاَمُ ذَكَرَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ اِبْنَةَ حَمْزَةَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ أَمَا عَلِمْتَ أَنَّهَا اِبْنَةُ أَخِي مِنَ الرَّضَاعَةِ وَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ وَ عَمُّهُ حَمْزَةُ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَدْ رَضَعَا مِنِ امْرَأَةٍ.

۞ ابوعبیدہ سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا کہ کوئی عورت اپنی پھوپھی پر (سوت بن کر) نکاح نہ کرے اور نہ ہی اپنی خالہ پر اور نہ اپنی رضاعی بہن پر۔

نیز فرمایا: امیر المومنین علیہ السلام نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حضرت حمزہ علیہ السلام کی بیٹی کا (نکاح کے لئے) ذکر کیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تمہیں معلوم نہیں کہ وہ میرے رضاعی بھائی (حمزہ علیہ السلام) کی بیٹی ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اور حضرت حمزہ علیہ السلام نے ایک عورت (جناب ثوبیہ) کا دودھ پیا تھا۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{2190} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ مُحَمَّدٍ وَ أَحْمَدَ اِبْنَيِ الْحَسَنِ عَنْ أَبِيهِمَا عَنْ ثَعْلَبَةَ بْنِ مَيْمُونٍ عَنْ مَعْمَرِ بْنِ يَحْيَى بْنِ بَسَّامٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَمَّا يَرْوِي النَّاسُ عَنْ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ أَشْيَاءَ مِنَ الْفُرُوجِ لَمْ يَكُنْ يَأْمُرُ بِهَا وَ لاَ يَنْهَى عَنْهَا إِلاَّ نَفْسَهُ وَ وُلْدَهُ فَقُلْنَا كَيْفَ يَكُونُ ذَلِكَ قَالَ أَحَلَّتْهَا آيَةٌ وَ حَرَّمَتْهَا آيَةٌ أُخْرَى فَقُلْنَا هَلِ الْآيَتَانِ تَكُونُ إِحْدَاهُمَا نَسَخَتِ الْأُخْرَى أَمْ هُمَا مُحْكَمَتَانِ يَنْبَغِي أَنْ يُعْمَلَ بِهِمَا فَقَالَ قَدْ بَيَّنَ لَهُمْ إِذْ نَهَى نَفْسَهُ وَ وُلْدَهُ (قُلْنَا مَا مَنَعَهُ أَنْ يُبَيِّنَ ذَلِكَ لِلنَّاسِ قَالَ خَشِيَ أَنْ لاَ يُطَاعَ فَلَوْ أَنَّ أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ ثَبَتَتْ قَدَمَاهُ أَقَامَ كِتَابَ اللَّهِ كُلَّهُ وَ الْحَقَّ كُلَّهُ.

۞ معمر بن یحییٰ بن بسام سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد تقی علیہ السلام سے پوچھا کہ لوگ امیر المومنین علیہ السلام سے فروج کے بارے میں یہ روایت کرتے ہیں کہ وہ نہ ان کا حکم دیتے تھے اور نہ ان سے روکتے تھے البتہ اپنے آپ کو اور اپنی اولاد کو ان سے باز رکھتے تھے پس ہم نے عرض کیا کہ اس (فرمان) کی حقیقت کیا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: (کیونکہ) ایک آیت نے اسے حلال کیا ہے جبکہ دوسری نے حرام کیا ہے۔

آپ علیہ السلام نے فرمایا: (کیونکہ) ایک آیت نے اسے حلال کیا ہے جبکہ دوسری نے حرام کیا ہے۔

---

[1] الکافی: ۵/۴۴۵ ح ۱۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۱۱ ح ۴۴۳۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۴۹۹ ح ۲۵۹۲۴؛ الوافی: ۲۱/۲۱۴؛ بحارالانوار: ۱۵/۳۴۰

[2] مرآۃ العقول: ۲۰/۲۲۱؛ روضۃ المتقین: ۸/۲۳۶

ہم نے عرض کیا: کیا ان آیات میں سے ایک دوسری کو منسوخ کرتی ہے یا دونوں محکم ہیں کہ دونوں پر عمل کیا جائے گا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: آپ علیہ السلام نے خود کو اور اپنی اولاد کو اس سے باز رکھ کے ان لوگوں کے لئے معاملہ واضح تو کردیا (کہ وہ عورتیں حارم ہیں اور حلت والی آیت منسوخ ہے)

ہم نے عرض کیا: ان کے لئے کیا چیز مانع تھی کہ لوگوں کو اس طرح کھول کی بیان نہیں کیا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ان کو اندیشہ تھا کہ ان کی اطاعت نہیں کی جائے تو پس اگر امیر المومنین علیہ السلام کو ثابت قدمی حاصل ہو جاتی تو وہ پوری اللہ کی کتاب اور پورے حق کو قائم فرماتے۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [2]

{2191} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ عَنْ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ جَعْفَرٍ الْحِمْيَرِيُّ عَنْ هَارُونُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ مَسْعَدَةَ بْنِ زِيَادٍ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: تَحْرُمُ مِنَ الْإِمَاءِ عَشْرَةٌ لاَ تَجْمَعُ بَيْنَ الْأُمِّ وَ الْبِنْتِ وَ لاَ بَيْنَ الْأُخْتَيْنِ وَ لاَ أَمَتَكَ وَ هِيَ حَامِلٌ مِنْ غَيْرِكَ حَتَّى تَضَعَ وَ لاَ أَمَتَكَ وَ لَهَا زَوْجٌ وَ لاَ أَمَتَكَ وَ هِيَ أُخْتُكَ مِنَ الرَّضَاعَةِ وَ لاَ أَمَتَكَ وَ هِيَ عَمَّتُكَ مِنَ الرَّضَاعَةِ وَ لاَ أَمَتَكَ وَ هِيَ حَائِضٌ حَتَّى تَطْهُرَ وَ لاَ أَمَتَكَ وَ هِيَ رَضِيعَتُكَ وَ لاَ أَمَتَكَ وَ لَكَ فِيهَا شَرِيكٌ.

❁ مسعدہ بن زیاد سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: دس قسم کی لونڈیاں اپنے آقاؤں پر حرام ہیں۔ ماں اور بیٹی دونوں اگر کسی ایک کی لونڈیاں ہوں تو دونوں مالک پر حلال نہ ہوں گی بلکہ صرف ماں حلال ہوگی یا بیٹی، دو بہنیں جمع نہیں کی جا سکتیں، وہ کنیز جو کسی دوسرے سے حاملہ ہوئی ہے جب تک ولادت نہ ہو جائے تو موجودہ مالک پر حرام ہے، وہ کنیز جو تمہاری رضاعی بہن ہے، وہ کنیز جو تمہاری رضاعی پھوپھی ہے، وہ کنیز جو تمہاری رضاعی خالہ ہے، وہ کنیز جو حیض سے ہو، وہ کنیز جس نے تمہیں دودھ پلایا اور وہ کنیز جس میں جو آدمی شریک ہوں۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق ہے۔ [4]

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/ ۲۹۳ ح ۱۸۵۲؛ الاستبصار: ۳/ ۱۷۳ ح ۶۲۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۲۹۷ ح ۲۵۹۲۲؛ تفسیر البرہان: ۲/ ۵۶؛ بحار الانوار: ۲/ ۲۵۲؛ الوافی: ۲۱/ ۱۹۸؛ مسائل علی بن جعفر: ۳۳۴؛ تفسیر کنز الدقائق: ۳/ ۳۹۹؛ تفسیر البرہان: ۲/ ۵۶؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/ ۸۳۴ ح ۳۷۷۴۶

[2] ملاذ الاخیار: ۱۲/ ۳۹۲؛ جامع الشتات: ۴/ ۵۳۴

[3] الخصال: ۲/ ۴۳۸ باب ۱۰ ح ۲۷؛ تہذیب الاحکام: ۸/ ۱۹۸ ح ۶۹۵؛ الوافی: ۲۱/ ۲۷۴؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۴۵۱ ح ۴۵۵۹؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/ ۳۷۷ ح ۱۶۹۸۸؛ بحار الانوار: ۱۰۰/ ۳۳۳؛ تفسیر کنز الدقائق: ۹/ ۲۶؛ تفسیر نور الثقلین: ۳/ ۵۳۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/ ۱۰۶ ح ۲۶۶۴۷؛ ھدایۃ الامہ: ۷/ ۲۴۱

[4] روضۃ المتقین: ۸/ ۴۱۹؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/ ۸۶؛ جواہر الکلام: ۲۴/ ۲۱۴؛ آیات الاحکام جنجی: ۲/ ۱۹۲

{2192} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيٍّ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ يَصْلُحُ لِلْمَرْأَةِ أَنْ يَنْكِحَهَا عَمُّهَا وَ لاَ خَالُهَا مِنَ الرَّضَاعَةِ.

۞ عبداللہ بن سنان سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: کسی عورت سے اس کی رضاعی چچا یا رضاعی ماموں کو شادی کرنا درست نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [2]

{2193} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ زِيَادٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ الْمِيثَمِيِّ عَنْ يُونُسَ بْنِ يَعْقُوبَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: عَنِ امْرَأَةٍ دَرَّ لَبَنُهَا مِنْ غَيْرِ وِلاَدَةٍ فَأَرْضَعَتْ جَارِيَةً وَ غُلاَماً بِذَلِكَ اللَّبَنِ هَلْ يَحْرُمُ بِذَلِكَ اللَّبَنِ مَا يَحْرُمُ مِنَ الرَّضَاعِ قَالَ لاَ.

۞ یونس بن یعقوب نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس عورت کے بارے میں روایت کیا ہے جس کا بچے کی ولادت کے بغیر دودھ اتر آیا پس اس نے ایک لڑکی اور لڑکے کو وہ دودھ پلایا تو کیا یہ دودھ بھی وہ کچھ حرام کرے گا جو رضاعت حرام کرتی ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق کالصحیح یا موثق ہے۔ [4]

{2194} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْعَلاَءِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لَوْ أَنَّ رَجُلاً تَزَوَّجَ جَارِيَةً رَضِيعَةً فَأَرْضَعَتْهَا امْرَأَتُهُ فَسَدَ النِّكَاحُ.

۞ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: اگر کوئی شخص ایک دودھ پیتی بچی سے نکاح کرے اور اس کی

---

[1] الکافی: ۵/۴۴۵ ح ۱۰؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۹۲ ح ۱۲۲۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۴۹۶ ح ۲۶۵۹۲۳؛ الوافی: ۲۱/۲۱۴

[2] موسوعہ احکام الاطفال: ۲/۵۴؛ قاعدتان فقہیتان: ۲/۲۰۸؛ تراث الشیعہ الفقہی: ۲/۸۰؛ القواعد الفقہیہ بجنوردی: ۴/۲۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۱۰۴؛ مراۃ العقول: ۲۰/۲۲۰

[3] الکافی: ۵/۴۴۶ ح ۱۲؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۷۹ ح ۲۶۸۴؛ تہذیب الاحکام: ۷/۳۲۵ ح ۱۳۳۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۳۹۸ ح ۲۵۹۲۸؛ الوافی: ۲۱/۲۳۱

[4] المبسوط فی فقہ المسائل الطبیہ: ۳/۸۷؛ روضۃ المتقین: ۸/۵۸۰؛ مراۃ العقول: ۲۰/۲۲۱؛ موسوعہ احکام الاطفال: ۲/۲۶۴؛ فقہ الصادقؑ: ۲۱/۳۵۲؛ مجمع الرسائل: ۴۹۷؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۳/۳۷۴؛ منظومہ فی الرضاع: ۳۸؛ احکام الرضاع فی فقہ: ۸۴

زوجہ اس بچی کو دودھ پلا دے تو (دونوں سے) نکاح باطل ہو جائے گا۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2195} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ أَيُّوبَ بْنِ نُوحٍ قَالَ كَتَبَ عَلِيُّ بْنُ شُعَيْبٍ إِلَى أَبِي الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ: امْرَأَةٌ أَرْضَعَتْ بَعْضَ وُلْدِي هَلْ يَجُوزُ لِي أَنْ أَتَزَوَّجَ بَعْضَ وُلْدِهَا فَكَتَبَ عَلَيْهِ السَّلَامُ لَا يَجُوزُ لَكَ ذَلِكَ لِأَنَّ وُلْدَهَا صَارَتْ بِمَنْزِلَةِ وُلْدِكَ.

ایوب بن نوح سے روایت ہے کہ علی بن شعیب نے امام ابوالحسن (علی نقی علیہ السلام) کو خط لکھا (اور پوچھا) کہ ایک عورت نے میرے ایک بچے کو دودھ پلایا تو کیا میرے لئے یہ جائز ہے کہ میں اس عورت کی کسی لڑکی سے شادی کرلوں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ جائز نہیں ہے کیونکہ اس عورت کی ساری اولاد تمہاری اپنی اولاد کے بمنزلہ ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2196} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ رَزِينٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَحَدِهِمَا عَلَيْهِمَا السَّلَامُ أَنَّهُ قَالَ: لَوْ لَمْ يَحْرُمْ عَلَى النَّاسِ أَزْوَاجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ لِقَوْلِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ: وَمَا كَانَ لَكُمْ أَنْ تُؤْذُوا رَسُولَ اللَّهِ وَلَا أَنْ تَنْكِحُوا أَزْوَاجَهُ مِنْ بَعْدِهِ أَبَداً حَرُمْنَ عَلَى الْحَسَنِ وَ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ لِقَوْلِ اللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ: وَ لَا تَنْكِحُوا مَا نَكَحَ آبَاؤُكُمْ مِنَ النِّسَاءِ وَلَا يَصْلُحُ لِلرَّجُلِ أَنْ يَنْكِحَ امْرَأَةَ جَدِّهِ.

محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ امامین علیہما السلام میں سے ایک امام علیہ السلام نے فرمایا: اگر لوگوں پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۷۶ ح ۴۰۷۰؛ الکافی: ۵/۴۴۴ ح ۴؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۹۳ ح ۱۲۳۱؛ الوافی: ۲۱/۲۲۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۳۹۹ ح ۲۵۹۳۰؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۱۷۳

[2] روضۃ المتقین: ۸/۵۶۳؛ موسوعہ الشہید الصدر: ۱۹/۱۰۵؛ مفتاح الاصول: ۵/۲۰۵؛ موسوعہ احکام الاطفال: ۲۵۸؛ قاعدتان فقہیتان: ۲۲۶؛ دروس فی مسائل: ۱۷؛ القواعد الفقہیہ: ۴/۳۸۲؛ فقہ الصادقؑ: ۲۲/۲۴۷

[3] تہذیب الاحکام: ۷/۳۲۱ ح ۱۳۲۳؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۷۶ ح ۴۶۶۸؛ عوالی اللئالی: ۳/۳۲۶؛ الاستبصار: ۳/۲۰۱ ح ۷۲۷؛ الوافی: ۲۱/۲۲۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۴۰۴ ح ۲۵۹۴۲؛ کاتیب الائمۃ: ۴/۲۳۴ و ۶/۱۵۶

[4] ملاذ الاخیار: ۱۲/۱۶۳؛ قاعدتان فقہیتان: ۲۰۹؛ القواعد الفقہیہ: ۴/۷۶؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۳/۵۱۴؛ مجمع الرسائل: ۷؛ احکام الرضاع فی فقہ: ۳۹؛ مسالک الافہام: ۷/۲۵۳؛ حدود الشریعہ: ۲۸۱؛ تراث الشیخ الاعظم: ۲/۳۱؛ کتاب النکاح انصاری: ۳۰۴؛ الرسائل الفقہیہ: ۱۹۶؛ فقہ الصادقؑ: ۲۱/۳۴۴

بیویاں اللہ کے اس قول: ''اور تمہیں حق نہیں ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ کو اذیت دو اور ان کی ازواج سے ان کے بعد کبھی بھی نکاح نہ کرو (الاحزاب: ۵۳)'' کی وجہ سے حرام نہ بھی ہوتیں تب بھی امام حسن علیہ السلام اور امام حسین علیہ السلام پر اللہ تعالیٰ کے اس قول: ''اور تم ان عورتوں سے نکاح نہ کرو جن سے تمہارے آباء نے نکاح کیا ہے (النساء: ۲۲)'' کی بنا پر حرام ہوتیں اور کسی شخص کے لئے جائز نہیں ہے کہ وہ اپنے جد (نانا یا دادا) کی بیوی سے نکاح کرے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2197} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبُو عَلِيٍّ اَلْأَشْعَرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اَلْجَبَّارِ وَ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ عَنِ اَلْفَضْلِ بْنِ شَاذَانَ جَمِيعاً عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى عَنْ عِيصِ بْنِ اَلْقَاسِمِ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ بَاشَرَ اِمْرَأَةً وَ قَبَّلَ غَيْرَ أَنَّهُ لَمْ يُفْضِ إِلَيْهَا ثُمَّ تَزَوَّجَ اِبْنَتَهَا قَالَ إِذَا لَمْ يَكُنْ أَفْضَى إِلَى اَلْأُمِّ فَلاَ بَأْسَ وَ إِنْ كَانَ أَفْضَى إِلَيْهَا فَلاَ يَتَزَوَّجِ اِبْنَتَهَا.

عیص بن قاسم سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے ایک عورت سے مباشرت کی اور اسے بوس و کنار کیا مگر اس سے زنا نہیں کیا اور پھر اس کی بیٹی سے نکاح کرتا ہے (تو کیا یہ جائز ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر اس نے ماں سے زنا نہیں کیا تو کوئی حرج نہیں ہے اور اگر اس نے اس سے زنا کیا ہے تو پھر وہ اس کی بیٹی سے نکاح نہیں کرسکتا۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2198} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنِ اِبْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ يَزِيدَ اَلْكُنَاسِيِّ قَالَ: إِنَّ رَجُلاً مِنْ أَصْحَابِنَا تَزَوَّجَ اِمْرَأَةً فَقَالَ لِي أُحِبُّ أَنْ تَسْأَلَ أَبَا عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ وَ تَقُولَ لَهُ إِنَّ رَجُلاً مِنْ أَصْحَابِنَا

---

[1] الکافی: ۵/۴۲۰ ح۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۸۱ ح۱۱۹۰؛ الاستبصار: ۳/۱۵۵ ح۵۶۶؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۴۱۲ ح۲۵۹۵۶؛ الوافی: ۲۱/۱۹۳؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۳۷۷ ح۱۷۰۰۸؛ بحار الانوار: ۲۰/۹۷؛ تفسیر نور الثقلین: ۴/۲۹۸؛ تفسیر کنز الدقائق: ۱۰/۴۲۵؛ تفسیر البرہان: ۲/۵۰؛ النوادر اشعری: ۱۰۱

[2] مرآۃ العقول: ۲۰/۱۷۵؛ شرح العروۃ: ۳۲/۲۵۸؛ الانوار الساطعۃ: ۲/۳۹۷؛ مستمسک العروۃ: ۱۴/۱۷۸؛ غنائم الایام: ۴/۳۶۴؛ مدارک الاحکام: ۵/۳۰۲؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/۴۸۷؛ جواہر الکلام: ۱۶/۹۴؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۸۵

[3] الکافی: ۵/۴۱۵ ح۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۸۰ ح۱۱۸۶؛ الاستبصار: ۳/۱۶۶ ح۶۰۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۴۲۳ ح۲۵۹۸۸؛ الوافی: ۲۱/۱۷۱؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۹؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۳۸۲ ح۱۷۰۲۳؛ النوادر اشعری: ۹۵؛ عوالی اللئالی: ۳/۳۳۲؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/۱۸۳

[4] مرآۃ العقول: ۲۰/۱۶۸؛ فقہ الصادق: ۲۱/۲۲۶؛ کتاب النکاح اراکی: ۱۲۶؛ شرح العروۃ: ۳۲/۲۲۶؛ جواہر الکلام: ۲۹/۳۷۰؛ نظام النکاح: ۱/۵۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۱۸۱

تَزَوَّجَ امْرَأَةً قَدْ زَعَمَ أَنَّهُ كَانَ يُلَاعِبُ أُمَّهَا وَ يُقَبِّلُهَا مِنْ غَيْرِ أَنْ يَكُونَ أَفْضَى إِلَيْهَا قَالَ فَسَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَقَالَ لِي كَذَبَ مُرْهُ فَلْيُفَارِقْهَا قَالَ فَرَجَعْتُ مِنْ سَفَرِي فَأَخْبَرْتُ الرَّجُلَ بِمَا قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَوَ اللَّهِ مَا دَفَعَ ذَلِكَ عَنْ نَفْسِهِ وَ خَلَّى سَبِيلَهَا.

❂ یزید کناسی سے روایت ہے کہ ہمارے دوستوں میں سے ایک شخص نے ایک عورت سے شادی کی اور اس کا گمان تھا کہ وہ اس کی ماں کے ساتھ کھیلا تھا اور اسے بوس و کنار کیا تھا مگر اس سے زنا نہیں کیا تھا۔

راوی کہتا ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے سوال کیا تو آپ علیہ السلام نے مجھے فرمایا: وہ جھوٹا ہے (کہ اس نے زنا نہیں کیا) اس کے پاس جاؤ اور ان دونوں کو جدا کر دو۔

راوی کہتا ہے کہ میں نے جب اسے (امام علیہ السلام کے حکم کی) خبر دی تو اللہ کی قسم! اس نے اپنی ذات کا دفاع نہیں کیا اور اس عورت کو آزاد کر دیا۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2199} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيٍّ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ أُذَيْنَةَ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ أَنَّهُ قَالَ: فِي رَجُلٍ زَنَى بِأُمِّ امْرَأَتِهِ أَوْ بِابْنَتِهَا أَوْ بِأُخْتِهَا فَقَالَ لَا يُحَرِّمُ ذَلِكَ عَلَيْهِ امْرَأَتَهُ ثُمَّ قَالَ مَا حَرَّمَ حَرَامٌ قَطُّ حَلَالاً.

❂ زرارہ سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: اگر کوئی شخص اپنی بیوی کی ماں یا اس کی بیٹی یا اس کی بہن سے زنا کرے تو یہ اس پر اس کی بیوی کو حرام نہیں کرتا۔

پھر فرمایا: حرام کسی حلال کو کبھی حرام نہیں کر سکتا۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [4]

---

[1] الکافی: ۵/۴۱۶ ح ۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۴۲۴ ح ۲۵۹۹۱؛ الوافی: ۲۱/۱۸۳؛ اثبات الہداۃ: ۴/۱۴۳؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۹۵۸ ح ۳۷۹۸۳

[2] مرآۃ العقول: ۲۰/۱۷۰؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۴/۱۵؛ تراث الشیعہ الفقہی: ۲/۲۱۹

[3] الکافی: ۵/۴۱۶ ح ۴؛ النوادر اشعری: ۹۶؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۱۰؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۳۸۴ ح ۱۷۰۳۳؛ الفصول المہمہ: ۲/۳۴۶؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۴۲۹ ح ۲۶۰۰۴؛ الوافی: ۲۱/۱۸۲؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۱۷ ح ۴۴۵۴

[4] کتاب نکاح شبیری: ۸/۲۸۳۳؛ تراث الشیعہ الفقہی: ۲/۱۷؛ نظام النکاح: ۲/۵۳؛ مستمسک العروۃ: ۱۴/۲۰۹؛ فقہ الصادق: ۲۱/۳۴۹؛ مرآۃ العقول: ۲۰/۱۶۹

{2200} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الصَّفَّارِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْأَشْعَرِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الرَّجُلِ يَفْجُرُ بِالْمَرْأَةِ أَ تَحِلُّ لِابْنِهِ أَوْ يَفْجُرُ بِهَا الِابْنُ أَ تَحِلُّ لِأَبِيهِ قَالَ إِنْ كَانَ الْأَبُ أَوِ الِابْنُ مَسَّهَا وَ أَخَذَ مِنْهَا فَلَا تَحِلُّ.

ابوبصیر سے روایت ہے کہ میں نے ان (امام علیہ السلام) سے پوچھا کہ اگر کوئی شخص کسی عورت سے زنا کرے تو کیا وہ اس (زانی) کے بیٹے کے لئے حلال ہے یا اگر اس عورت سے کوئی بیٹا زنا کرے تو کیا وہ عورت اس کے باپ کے لئے حلال ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر باپ یا بیٹا کسی عورت سے زنا کرے تو وہ دوسرے کے لئے حلال نہیں ہوتی۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2201} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ: أَيُّمَا رَجُلٍ فَجَرَ بِامْرَأَةٍ حَرَاماً ثُمَّ بَدَا لَهُ أَنْ يَتَزَوَّجَهَا حَلَالاً قَالَ أَوَّلُهُ سِفَاحٌ وَ آخِرُهُ نِكَاحٌ وَ مَثَلُهُ كَمَثَلِ النَّخْلَةِ أَصَابَ الرَّجُلُ مِنْ ثَمَرِهَا حَرَاماً ثُمَّ اشْتَرَاهَا بَعْدُ كَانَتْ لَهُ حَلَالاً.

عبیداللہ بن علی الحلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو کوئی شخص کسی عورت سے زنا کرے پھر اس سے نکاح کرنا چاہے تو یہ حلال ہے۔

نیز فرمایا: اس کا اول (فعل) سفاح (یعنی زنا) ہے اور اس کا آخر نکاح ہے اور اس کی مثال کھجور کے پھل جیسی ہے کہ جسے کوئی آدمی پہلے (چوری کرے) بطور حرام کھائے پھر اسے خریدے تو وہ بعد میں اس کے لئے حلال ہوگی۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2202} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ جَرِيرٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: قُلْتُ لَهُ الرَّجُلُ يَفْجُرُ بِالْمَرْأَةِ ثُمَّ يَبْدُو لَهُ فِي تَزْوِيجِهَا هَلْ يَحِلُّ لَهُ ذَلِكَ قَالَ نَعَمْ إِذَا

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/ ۲۸۲ ح ۱۹۴؛ الاستبصار: ۳/ ۱۶۳ ح ۵۹۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۴۳۰ ح ۲۶۰۱۰؛ الوافی: ۲۱/ ۱۶۲؛ هدایۃ الامہ: ۷/ ۱۹۸

[2] ملاذ الاخیار: ۱۲/ ۸۸؛ شرح العروۃ: ۳۲/ ۲۱۷؛ کتاب نکاح شبیری: ۸/ ۲۸۴۵؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۴/ ۲۰؛ تفصیل الشریعہ النکاح: ۲۳۰

[3] تہذیب الاحکام: ۷/ ۳۲۷ ح ۱۳۴۵؛ الکافی: ۵/ ۳۵۶ ح ۲؛ عوالی اللئالی: ۳/ ۳۲۹؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/ ۳۸۷ ح ۱۷۰۴۵؛ بحار الانوار: ۱۰۱/ ۱۰؛ النوادر اشعری: ۹۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۴۳۳ ح ۲۶۰۲۰؛ الوافی: ۲۱/ ۳۱۷؛ هدایۃ الامہ: ۷/ ۱۹۹؛ الفوائد الطوسیہ: ۱۸۲

[4] ملاذ الاخیار: ۱۲/ ۱۶۷؛ جواہر الکلام: ۲۹/ ۴۴۳؛ مستمسک العروۃ: ۱۴/ ۱۵۲؛ کتاب النکاح اراکی: ۱۲۹؛ الروضۃ البہیہ: ۳/ ۲۰۹؛ فقہ الامام جعفر الصادق: ۵/ ۱۹۴؛ مسالک الافہام: ۷/ ۳۴۰؛ فقہ الصادق: ۲۱/ ۳۱۳؛ تفسیر جامع آیات الاحکام: ۹/ ۳۴؛ ریاض المسائل: ۱۱/ ۱۸۹

هُوَ اجْتَنَبَهَا حَتَّى تَنْقَضِيَ عِدَّتُهَا بِاسْتِبْرَاءِ رَحِمِهَا مِنْ مَاءِ الْفُجُورِ فَلَهُ أَنْ يَتَزَوَّجَهَا.

❂ اسحاق بن جریر سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا: ایک آدمی کسی عورت سے زنا کرتا ہے پھر اس سے شادی کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو کیا یہ اس کے لئے حلال ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں جبکہ وہ عورت اس سے بچے (یعنی توبہ کر چکے) یہاں تک کہ اس کے رحم کی زنا کے پانی سے استبراء کی عدت گزر جائے (تاکہ معلوم ہو جائے کہ حاملہ ہے یا نہیں) تو پھر اسے حق ہے کہ اس سے شادی کرے بعد اس کے کہ اسے اس کی توبہ کا علم ہو جائے۔ ①

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ ②

{2203} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ عَنْ مُصَدِّقِ بْنِ صَدَقَةَ عَنْ عَمَّارِ بْنِ مُوسَى عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الرَّجُلِ يَحِلُّ لَهُ أَنْ يَتَزَوَّجَ امْرَأَةً كَانَ يَفْجُرُ بِهَا فَقَالَ إِنْ آنَسَ مِنْهَا رُشْداً فَنَعَمْ وَإِلاَّ فَلْيُرَاوِدْهَا عَلَى الْحَرَامِ فَإِنْ تَابَعَتْهُ فَهِيَ عَلَيْهِ حَرَامٌ وَإِنْ أَبَتْ فَلْيَتَزَوَّجْهَا.

❂ عمار بن موسیٰ سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ کیا کسی شخص کے لئے حلال ہے کہ وہ اس عورت سے شادی کرے جس سے وہ زنا کرتا رہا ہو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر وہ اس عورت میں نیکی محسوس کرے تو ٹھیک ہے ورنہ (اسے اس طرح آزمائے کہ) اسے حرام کے لئے دعوت دے پس اگر وہ اس کی تابع ہو جائے تو پھر یہ اس پر حرام ہے اور اگر وہ اسے انکار کر دے تو پھر اس سے شادی کرے۔ ③

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ ④

---

① تہذیب الاحکام: ۳ /۳۲۷ ح ۱۳۴۶؛ الکافی: ۵ /۳۵۶ ح ۴؛ خلاصۃ الایجاز: ۵۴؛ بحارالانوار: ۱۰۰ /۳۰۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۰ /۴۳۴ ح ۲۶۰۲۱ و ۲۲ /۲۶۵ ح ۲۸۵۵۸؛ مستدرک الوسائل: ۱۴ /۳۹۲ ح ۱۷۰۴۳ و ۱۵ /۲۷ ح ۱۷۵۴۸؛ الوافی: ۲۱ /۱۳۸؛ ہدایۃ الامۃ: ۷ /۳۲۶؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵ /۹۷۴

② ملاذ الاخیار: ۱۲ /۱۷۷؛ فقہ الصادقؑ: ۲۱ /۱۴۳؛ حدود الشریعہ: ۲ /۵۳۴

③ الکافی: ۵ /۳۵۵ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۷ /۳۲۸ ح ۱۳۴۹؛ الاستبصار: ۳ /۱۶۸ ح ۶۱۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۰ /۴۳۳ ح ۲۶۰۱۹؛ الوافی: ۲۱ /۱۳۷؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵ /۹۷۲

④ مرآۃ العقول: ۲۰ /۲۲؛ کتاب النکاح (اراکی): ۲۹۱؛ فقہ الصادقؑ: ۲۱ /۱۴۳؛ جواہر الکلام: ۲۹ /۴۴۰؛ القواعد الحکمیۃ فی الاصول: ۳ /۲۲۰؛ مستمسک العروۃ: ۱۴ /۵۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۲ /۱۷۸

{2204} عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ أَحْمَدَ وَ عَبْدِ اللّٰهِ اِبْنَيْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رِئَابٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَنِ الْمَرْأَةِ الْفَاجِرَةِ يَتَزَوَّجُهَا الرَّجُلُ الْمُسْلِمُ قَالَ نَعَمْ وَ مَا يَمْنَعُهُ وَلٰكِنْ إِذَا فَعَلَ فَلْيُحْصِنْ بَابَهُ مَخَافَةَ الْوَلَدِ.

❁ علی بن رئاب سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ کیا ایک فاجرہ (فاسقہ) عورت سے ایک مسلمان مرد شادی کر سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں اور اسے کوئی ممانعت نہیں ہے لیکن جب ایسا کرے تو اپنے بچے کے خوف میں اس عورت کو اپنے مضبوط دروازے میں بند رکھے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2205} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ دَاوُدَ بْنِ سِرْحَانَ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَ جَلَّ: اَلزَّانِي لَا يَنْكِحُ إِلَّا زَانِيَةً أَوْ مُشْرِكَةً وَ الزَّانِيَةُ لَا يَنْكِحُهَا إِلَّا زَانٍ أَوْ مُشْرِكٌ قَالَ هُنَّ نِسَاءٌ مَشْهُورَاتٌ بِالزِّنَا وَ رِجَالٌ مَشْهُورُونَ بِالزِّنَا شُهِرُوا بِالزِّنَا وَ عُرِفُوا بِهِ وَ النَّاسُ الْيَوْمَ بِتِلْكَ الْمَنْزِلَةِ مَنْ أُقِيمَ عَلَيْهِ حَدُّ الزِّنَا أَوْ شُهِرَ بِالزِّنَا لَمْ يَنْبَغِ لِأَحَدٍ أَنْ يُنَاكِحَهُ حَتّٰى يَعْرِفَ مِنْهُ تَوْبَةً.

❁ زرارہ سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اللہ کے قول: ''زانی صرف زانیہ یا مشرکہ سے نکاح کرے گا اور زانیہ صرف زانی یا مشرک سے نکاح کرے گی (النور: ۳)'' کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس سے مراد وہ عورتیں ہیں جو زنا کے لئے مشہور ہیں اور وہ مرد ہیں جو زنا کے لئے مشہور ہیں اور اسی (زنا) میں ان کی شہرت ہے اور اسی سے پہچانے جاتے ہیں اور آجکل اس منزل پر وہ لوگ ہیں جن پر زنا کی حد جاری کر دی گئی ہو یا وہ لوگ جو زنا کار مشہور ہیں تو کسی کے لئے جائز نہیں ہے کہ ان سے نکاح کیا جائے جب تک کہ اس کی توبہ کا علم نہ ہو جائے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

---

[1] قرب الاسناد: ۲۶؛ بحار الانوار: ۱۰۱/ ۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۳۴۸ ح ۲۶۰۳۳؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/ ۳۸۸ ح ۱۷۰۵۰ و ۱۸/ ۷۳ ح ۲۲۰۸۵؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/ ۹۸۴؛ النوادر اشعری: ۱۳۳ ح ۳۴۸

[2] مستمسک العروۃ: ۱۴/ ۱۵۳؛ شرح العروۃ: ۳۲/ ۲۲۲؛ فقہ الصادقؑ: ۲۱/ ۳۱۸؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۴/ ۵۹؛ ریاض المسائل: ۱۱/ ۱۹۰؛ انجات الرحمن: ۴/ ۴۰۷

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۴۰۵ ح ۴۴۱۳؛ الکافی: ۵/ ۳۵۴ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۴۰۶ ح ۱۶۲۵؛ الوافی: ۲۱/ ۱۱۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۴۳۹ ح ۲۶۰۳۵؛ تفسیر کنز الدقائق: ۹/ ۲۴۵؛ تفسیر نور الثقلین: ۳/ ۵۷۲؛ تفسیر البرہان: ۴/ ۴۶؛ المیزان فی تفسیر القرآن: ۱۵/ ۸۳؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/ ۹۷۸

[4] روضۃ المتقین: ۸/ ۲۰۵؛ فقہ الصادقؑ: ۲۱/ ۳۱۹؛ موسوعہ احکام الاطفال: ۷۷؛ ریاض المسائل: ۱۱/ ۱۹۱؛ مفاتیح الشرائع: ۲/ ۲۵۴

{2206} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ فَضَّالٍ عَنْ ثَعْلَبَةَ وَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ هِلاَلٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي الرَّجُلِ يَتَزَوَّجُ وَلَدَ الزِّنَى قَالَ لاَ بَأْسَ إِنَّمَا يُكْرَهُ ذَلِكَ مَخَافَةَ الْعَارِ وَ إِنَّمَا الْوَلَدُ لِلصُّلْبِ وَ إِنَّمَا الْمَرْأَةُ وِعَاءٌ قُلْتُ الرَّجُلُ يَشْتَرِي خَادِماً وَلَدَ زِنًى فَيَطَؤُهَا قَالَ لاَ بَأْسَ.

❂ ثعلبہ اور عبداللہ بن ہلال نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں روایت کیا ہے جو ولد الزنا (لڑکی) سے تزویج کرتا ہے تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: کوئی حرج نہیں ہے البتہ یہ ننگ و عار کی وجہ سے مکروہ ہے کیونکہ اولاد تو (مرد کے) صلب سے ہوتی ہے اور عورت تو محض ایک برتن ہے۔

میں نے عرض کیا: اگر کوئی ولد الزنا کنیز کو خرید تا ہے اور اس سے ہمبستری کرتا ہے (تو کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کوئی حرج نہیں ہے۔[1]

تحقیق:

حدیث موثق کالصحیح یا موثق ہے۔[2]

{2207} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ يَزِيدَ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ رَجُلٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي الرَّجُلِ يَعْبَثُ بِالْغُلاَمِ قَالَ إِذَا أَوْقَبَ حَرُمَتْ عَلَيْهِ أُخْتُهُ وَ ابْنَتُهُ.

❂ ابن ابی عمیر نے ایک شخص سے اور اس نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں روایت کیا ہے جو ایک لڑکے سے بدفعلی کرتا ہے تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب اس نے دخول کرلیا تو پھر اس پر اس (مفعول) کی بیٹی اور بہن حرام ہوجائے گی۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[4]

{2208} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ فَضَّالٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْمَاعِيلَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عِيسَى عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عُمَرَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي رَجُلٍ لَعِبَ بِغُلاَمٍ هَلْ تَحِلُّ لَهُ أُمُّهُ قَالَ

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/۷۷ ح ۱۹۷؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۲۹ ح ۴۴۸۵؛ الوافی: ۲۱/۱۱۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۴۴۳ ح ۲۶۰۴۲

[2] روضۃ المتقین: ۸/۳۰۹؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۴۹۰

[3] تہذیب الاحکام: ۷/۳۱۰ ح ۱۲۸۶؛ الکافی: ۵/۴۱۷ ح ۲؛ الوافی: ۲۱/۱۸۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۴۴۴ ح ۲۶۰۵۸؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۲۰۱

[4] ملاذ الاخیار: ۱۲/۱۳۸؛ فقہ الصادقؑ: ۲۱/۲۹۹؛ مسالک الافہام: ۷/۳۴۳؛ جواہر الکلام: ۲۹/۴۴۷؛ تراث الشیعہ الفقہی: ۲/۱۸۱

)إِنْ كَانَ ثَقَبَ فِيهِ فَلاَ(.

۞ ابراہیم بن عمر نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں روایت کیا ہے جو کسی لڑکے سے بدفعلی کرے تو کیا اس کی ماں اس (فاعل) پر حلال ہوگی؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر اس میں دخول ہو جائے تو پھر (حلال) نہیں۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [2]

{2209} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ وَ عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ جَمِيعاً عَنِ ابْنِ أَبِي نَصْرٍ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِذَا نُعِيَ الرَّجُلُ إِلَى أَهْلِهِ أَوْ خَبَّرُوهَا أَنَّهُ قَدْ طَلَّقَهَا فَاعْتَدَّتْ ثُمَّ تَزَوَّجَتْ فَجَاءَ زَوْجُهَا الْأَوَّلُ قَالَ الْأَوَّلُ أَحَقُّ بِهَا مِنَ الْآخِرِ دَخَلَ بِهَا أَوْ لَمْ يَدْخُلْ بِهَا وَ لَهَا مِنَ الْآخِرِ الْمَهْرُ بِمَا اسْتَحَلَّ مِنْ فَرْجِهَا.

۞ زرارہ سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: جب کسی آدمی کی موت کی خبر اس کی اہلیہ تک پہنچے یا اسے خبر دی جائے کہ اس نے اسے طلاق دے دی ہے پس وہ عورت عدت گزار کر (دوسری) شادی کرے اور پھر اس کا پہلا شوہر آ جائے تو پہلا دوسرے کی نسبت اس عورت کا زیادہ حقدار ہے چاہے اس نے عورت سے دخول کیا ہو یا نہ کیا ہو اور اس عورت کے لئے دوسرے پر حق مہر ہوگا جس کے ذریعے اس نے اس کی شرمگاہ کو حلال کیا۔ [3]

تحقیق:

حدیث موثق یا حسن ہے۔ [4]

{2210} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الْحَمِيدِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي شَاهِدَيْنِ شَهِدَا عَلَى امْرَأَةٍ بِأَنَّ زَوْجَهَا طَلَّقَهَا فَتَزَوَّجَتْ ثُمَّ جَاءَ زَوْجُهَا فَأَنْكَرَ الطَّلاَقَ قَالَ يُضْرَبَانِ الْحَدَّ وَ يُضَمَّنَانِ الصَّدَاقَ لِلزَّوْجِ ثُمَّ تَعْتَدُّ ثُمَّ تَرْجِعُ إِلَى زَوْجِهَا الْأَوَّلِ.

۞ ابراہیم ابن عبدالحمید نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے ان دو (جھوٹے) گواہوں کے بارے میں روایت کیا ہے جنہوں نے عورت کے پاس گواہی دی کہ اس کے شوہر نے اسے طلاق دے کر دوسری شادی کر لی ہے لیکن (یہ جھوٹ نکلا

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/۳۱۰ ح ۱۲۸۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۴۴۵ ح ۲۶۰۵۴؛ الوافی: ۲۱/۱۸۸؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۸۰۹؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۲۰۱

[2] ملاذ الاخیار: ۱۲/۸۱۳؛ فقہ الصادقؑ: ۲۱/۲۹۹

[3] الکافی: ۶/۱۵۰ ح ۵؛ تہذیب الاحکام: ۷/۴۸۸ ح ۱۹۶۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۴۴۷ ح ۲۶۰۶۰؛ الاستبصار: ۳/۱۹۰ ح ۶۸۲؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۱۸۰

[4] مرآۃ العقول: ۲۱/۱۵۰؛ القواعد الاصولیہ: ۴۰۳؛ فقہ الصادقؑ: ۲۱/۲۷۶؛ مستمسک العروۃ: ۱۴/۱۳۱؛ جواہر الکلام: ۲۹/۴۳۹؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۳/۴۶۶

اور) بعدازاں اس کا شوہر آ گیا اور اس نے طلاق دینے کا انکار کر دیا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ان دونوں (گواہوں) کو حد میں کوڑے لگائے جائیں گے اور شوہر کے لئے مہر ادا کرنے کے ذمہ دار ہوں گے اور پھر عورت عدت رکھے گی اور اپنے پہلے شوہر کی طرف لوٹ جائے گی۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن یا موثق کالصحیح یا موثق ہے۔ [2]

{2011} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الْمَرْأَةِ الْحُبْلَى يَمُوتُ زَوْجُهَا فَتَضَعُ وَ تَزَوَّجُ قَبْلَ أَنْ تَمْضِيَ لَهَا أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ وَ عَشْراً فَقَالَ إِنْ كَانَ دَخَلَ بِهَا فُرِّقَ بَيْنَهُمَا ثُمَّ لَمْ تَحِلَّ لَهُ أَبَداً وَ اعْتَدَّتْ بِمَا بَقِيَ عَلَيْهَا مِنَ الْأَوَّلِ وَ اسْتَقْبَلَتْ عِدَّةً أُخْرَى مِنَ الْآخَرِ ثَلَاثَةَ قُرُوءٍ وَ إِنْ لَمْ يَكُنْ دَخَلَ بِهَا فُرِّقَ بَيْنَهُمَا وَ اعْتَدَّتْ بِمَا بَقِيَ عَلَيْهَا مِنَ الْأَوَّلِ وَ هُوَ خَاطِبٌ مِنَ الْخُطَّابِ.

✪ حلبی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس حاملہ عورت کے بارے میں پوچھا جس کا شوہر مر گیا ہو اور اس نے وضع حمل کیا ہو اور چار مہینے دس دن (عدت کے) گزرنے سے پہلے اس نے شادی کر لی ہو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر اس مرد نے اس سے دخول کیا ہے تو ان دونوں کے درمیان جدائی کر دی جائے گی پھر یہ عورت اس شخص کے لئے کبھی بھی حلال نہیں ہے اور وہ پہلے (متوفی) شوہر کی باقیماندہ عدت پوری کرے گی اور پھر دوسرے کی عدت تین طہر گزارے گی اور اگر اس (دوسرے شخص) نے دخول نہیں کیا تو ان دونوں کے درمیان جدائی کر دی جائے گی اور وہ عورت پہلے شوہر کی باقیماندہ عدت پوری کرے گی بعدازاں یہ (دوسرا) شخص رشتہ طلب کرنے والوں میں سے ایک ہو سکتا ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [4]

{2212} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي نَصْرٍ

---

[1] الکافی: ۷/ ۳۸۴ ح ۷؛ من لایحضرہ الفقیہ: ۳/ ۵۴۸ ح ۳۸۸۷؛ تہذیب الاحکام: ۶/ ۲۶۰ ح ۶۸۹؛ الاستبصار: ۳/ ۳۸ ح ۱۲۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۳۴۸ ح ۲۶۰۶۲؛ الوافی: ۲۲/ ۹۴۶؛ عوالی اللئالی: ۳/ ۵۴۴

[2] مبانی تکملۃ المنہاج: ۹۳؛ نظام القضاء: ۲/ ۳۴۸؛ اسس القضاء: ۶۰۰؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/ ۱۲۴؛ مراۃ العقول: ۲۴/ ۲۲۷؛ روضۃ المتقین: ۹/ ۲۱۸؛ جواہر الکلام: ۴۱/ ۲۳۲؛ مسالک الافہام: ۱۴/ ۳۰۶؛ ریاض المسائل: ۱۵/ ۴۲۷؛ تفصیل الشریعہ: ۲۴/ ۶۰۹

[3] الکافی: ۵/ ۴۲۷ ح ۴؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۳۰۶ ح ۱۲۷۳؛ الاستبصار: ۳/ ۱۸۶ ح ۶۷۵؛ تفسیر الصافی: ۵/ ۱۹۰؛ تفسیر نور الثقلین: ۵/ ۳۶۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۴۵۱ ح ۲۶۰۷۰؛ تفسیر کنز الدقائق: ۱۳/ ۳۱۲؛ الوافی: ۲۱/ ۲۸۱؛ النوادر اشعری: ۱۱۰؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/ ۳۹۵ ح ۱۷۰۷۳

[4] نظام الطلاق: ۴۱۳؛ تفصیل الشریعہ: ۲۳/ ۱۹۳؛ مستمسک العروۃ: ۱۴/ ۱۱۹؛ فقہ الصادق ؑ: ۳۲/ ۲۷۲؛ کتاب نکاح شبیری: ۵/ ۱۸۷۷؛ شرح العروۃ: ۳۲/ ۲۰۱؛ جواہر الکلام: ۳۲/ ۹۳؛ مراۃ العقول: ۲۰/ ۱۸۹

قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الرَّجُلِ يَتَزَوَّجُ الْمَرْأَةَ مُتْعَةً أَيَحِلُّ لَهُ أَنْ يَتَزَوَّجَ ابْنَتَهَا قَالَ لاَ.

✪ احمد بن محمد بن ابونصر سے روایت ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص ایک عورت سے نکاح متعہ کرتا ہے تو کیا اس کے لئے اس عورت کی بیٹی سے تزویج جائز ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2213} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ عَنِ الْعَلاَءِ بْنِ رَزِينٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَحَدِهِمَا عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَأَةً فَنَظَرَ إِلَى رَأْسِهَا وَ إِلَى بَعْضِ جَسَدِهَا أَيَتَزَوَّجُ ابْنَتَهَا فَقَالَ لاَ إِذَا رَأَى مِنْهَا مَا يَحْرُمُ عَلَى غَيْرِهِ فَلَيْسَ لَهُ أَنْ يَتَزَوَّجَ ابْنَتَهَا.

✪ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ میں نے امامین علیہ السلام میں سے ایک امام علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے ایک عورت سے تزویج کی تو اس نے عورت کے سر اور اس کے جسم کے بعض حصوں پر نگاہ کی تو کیا وہ اس عورت (کی جدائی کے بعد اس) کی بیٹی سے شادی کرسکتا ہے (جبکہ اس نے دخول بھی نہیں کیا تھا صرف نگاہ کی تھی)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں۔ جب وہ اس کے وہ اعضاء دیکھے جو غیر شوہر کے لئے حرام ہیں تو اس کے لئے (روا) نہیں ہے کہ اس عورت کی بیٹی سے شادی کرے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2214} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ وَ عِدَّةٌ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ جَمِيعاً عَنِ ابْنِ أَبِي نَجْرَانَ وَ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي نَصْرٍ عَنْ عَاصِمِ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ

---

[1] الکافی: ۵/۴۲۲ ح ۴؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۷۷ ح ۱۱۷۵؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۶۳ ح ۴۶۰۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۴۵۷ ح ۲۶۰۸۷؛ قرب الاسناد: ۳۶۶؛ تفسیر کنز الدقائق: ۳/۳۶۶؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/۴۶۳

[2] مرآۃ العقول: ۲۰/۱۷۸؛ کتاب نکاح شبیری: ۸/۲۷۷۴؛ تراث الشیعہ الفقہی: ۲/۹۸؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۸۰؛ روضۃ المتقین: ۸/۵۰۰؛ فقہ الصادقؑ: ۳۱/۳۴۶؛ مسالک الافہام: ۷/۳۵۰

[3] الکافی: ۵/۴۲۲ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۸۰ ح ۱۱۸۷؛ الاستبصار: ۳/۱۶۲ ح ۵۹۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۴۶۰ ح ۲۶۰۹۳؛ الوافی: ۲۱/۱۷۲؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۲۱؛ تفسیر کنز الدقائق: ۳/۳۶۶؛ النوادر اشعری: ۱۰۰؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/۴۶۳؛ عوالی اللئالی: ۳/۳۳۳؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۳۹۹ ح ۱۷۰۸۲؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۸۹۴

[4] مرآۃ العقول: ۲۰/۱۷۸؛ جامع المقاصد: ۱۲/۲۹۲؛ فقہ الصادقؑ: ۲۱/۲۳۱؛ مسالک الافہام: ۷/۳۰۸؛ کتاب النکاح اراکی: ۴۲۵؛ آلاء الرحمٰن فی تفسیر القرآن: ۲/۶۸؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۸۴

اَلسَّلاَمُ قَالَ: قَضَى أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ فِي أُخْتَيْنِ نَكَحَ إِحْدَاهُمَا رَجُلٌ ثُمَّ طَلَّقَهَا وَ هِيَ حُبْلَى ثُمَّ خَطَبَ أُخْتَهَا فَجَمَعَهُمَا قَبْلَ أَنْ تَضَعَ أُخْتُهَا الْمُطَلَّقَةُ وَلَدَهَا فَأَمَرَهُ أَنْ يُفَارِقَ الْأَخِيرَةَ حَتَّى تَضَعَ أُخْتُهَا الْمُطَلَّقَةُ وَلَدَهَا ثُمَّ يَخْطُبُهَا وَ يُصْدِقُهَا صَدَاقاً مَرَّتَيْنِ.

❁ محمد بن قیس سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: امیرالمومنین علیہ السلام سے ان دو بہنوں کے بارے میں (اس طرح) فیصلہ فرمایا کہ جن میں سے ایک سے ایک شخص نے نکاح کیا پھر اسے طلاق دے دی جبکہ وہ حاملہ تھی پھر اس نے اس کی دوسری بہن سے خطبہ پڑھا اور اس سے جماع کر لیا قبل اس کے کہ اس کی مطلقہ بہن اپنا بچہ جنتی۔ پس آپ علیہ السلام نے حکم دیا کہ دوسری کو جدا کیا جائے یہاں تک کہ اس کی مطلقہ بہن اپنا بچہ پیدا کرے پھر وہ مرد اس سے دوبارہ نکاح کرے اور اس کو دو مرتبہ حق مہر ادا کرے۔ [1]

تحقیق

حدیث صحیح یا حسن کالصحیح ہے۔ [2]

{2215} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ جَمِيلِ بْنِ دَرَّاجٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي رَجُلٍ تَزَوَّجَ أُخْتَيْنِ فِي عُقْدَةٍ وَاحِدَةٍ قَالَ يُمْسِكُ أَيَّتَهُمَا شَاءَ وَ يُخَلِّي سَبِيلَ الْأُخْرَى وَ قَالَ فِي رَجُلٍ تَزَوَّجَ خَمْساً فِي عُقْدَةٍ وَاحِدَةٍ قَالَ يُخَلِّي سَبِيلَ أَيَّتِهِنَّ شَاءَ.

❁ جمیل بن دراج نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں روایت کیا ہے جس نے ایک ہی عقد میں دو بہنوں کے ساتھ نکاح کیا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: ان میں سے جس ایک کو چاہے رکھے اور دوسری کو چھوڑ دے۔

نیز آپ علیہ السلام نے اس شخص کے متعلق فرمایا جس نے ایک عقد میں پانچ عورتوں کے ساتھ نکاح کیا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ ان میں ایک عورت جسے چاہے چھوڑ دے۔ [3]

تحقیق

حدیث صحیح ہے۔ [4]

---

[1] الکافی: ۵/۰ ۴۳ ح ۱۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۵ ۴۲ ح ۷ ۴ ۴۴؛ النوادر اشعری: ۱۲۲؛ الوافی: ۱۸۹/۲۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۷ ۴ ح ۵ ۲۶۱۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۲۸۴ ح ۲۰۲؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/ ۴۰۴ ح ۱۷۱۰۴

[2] التعلیقہ الاستدلالیہ: ۴/ ۴۰؛ الدرر المجفیہ: ۳/ ۸۵؛ فقہ الصادقؑ: ۲۱/ ۵ ۲۴؛ روضۃ المتقین: ۸/ ۲۸۷؛ مرآۃ العقول: ۲۰/ ۹۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/ ۹۱

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۴۱۹ ح ۴۴۶۰؛ الکافی: ۵/ ۴۳۱ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۲۸۵ ح ۱۲۰۳؛ عوالی اللئالی: ۳/ ۵ ۳۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۴۷۸ ح ۲۶۱۳۹؛ الوافی: ۲۱/ ۱۹۰؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/ ۱۸۶

[4] روضۃ المتقین: ۸/ ۲۷۱؛ شرح العروۃ: ۳۲/ ۳۴۷؛ انوار الفقاہۃ کتاب النکاح: ۴۱۱؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۴/ ۵ ۴؛ جامع الشتات ۴/ ۵۳۱؛ مستمسک العروۃ: ۱۴/ ۱۰۲؛ مسالک الافہام: ۷/ ۳۱۴

{2216} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ فَضَّالٍ عَنِ ابْنِ بُكَيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ تُزَوَّجُ ابْنَةُ الْأَخِ وَلاَ ابْنَةُ الْأُخْتِ عَلَى الْعَمَّةِ وَلاَ عَلَى الْخَالَةِ إِلاَّ بِإِذْنِهِمَا وَ تُزَوَّجُ الْعَمَّةُ وَ الْخَالَةُ عَلَى ابْنَةِ الْأَخِ وَ ابْنَةِ الْأُخْتِ بِغَيْرِ إِذْنِهِمَا.

محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: پھوپھی یا خالی کی موجودگی میں ان کی اجازت کے بغیر ان کی بھتیجی یا بھانجی سے تزویج نہ کرو البتہ بھتیجی اور بھانجی کی موجودگی میں ان کی اجازت کے بغیر بھی ان کی پھوپھی اور خالہ سے تزویج کی جاسکتی ہے۔ [1]

تحقیق

حدیث صحیح یا موثق کالصحیح یا موثق ہے۔ [2]

{2217} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ فَضَّالٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَفْصِ بْنِ الْبَخْتَرِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِيَّاكُمْ وَ الْمُطَلَّقَاتِ ثَلاَثاً فَإِنَّهُنَّ ذَوَاتُ أَزْوَاجٍ.

حفص بن البختری سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: خبردار! ان عورتوں سے بچو جن کو (ایک ہی مجلس میں) تین طلاقیں دی گئی ہوں کیونکہ وہ شوہر دار ہیں۔ [3]

تحقیق

حدیث صحیح یا موثق ہے۔ [4]

{2218} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ النَّضْرِ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي حَمْزَةَ عَنْ شُعَيْبٍ الْحَدَّادِ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ رَجُلٌ

---

[1] الکافی: ۵ /۴۲۴ ح ۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳ /۴۱۳ ح ۴۴۳۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۰ /۴۸۷ ح ۲۶۱۵۹؛ تفسیر نور الثقلین: ۱ /۴۶۷؛ تفسیر کنز الدقائق: ۳ /۳۷۲؛ الوافی: ۲۱ /۲۰۷؛ حدایۃ الامہ: ۷ /۱۸۸

[2] شرح العروۃ: ۳۲ /۳۲۹۸؛ مسالک الافہام: ۷ /۲۹۰؛ روضۃ المتقین: ۸ /۲۳۷؛ فقہ الصادقؑ: ۲۱ /۲۵۴؛ نظام النکاح فی الشریعۃ: ۲ /۳۳۲؛ غایۃ المراد: ۳ /۱۶۲؛ حدود الشریعۃ: ۱۵ /۷

[3] تہذیب الاحکام: ۸ /۵۶ ح ۸۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۲ /۶۸ ح ۲۸۰۴۲؛ عوالی اللئالی: ۳ /۳۳؛ الوافی: ۲۱ /۲۷۰؛ الاستبصار: ۳ /۲۸۹ ح ۱۰۲۳؛ الصراط المستقیم: ۳ /۹؛ معانی الاخبار: ۱ /۲۶۳؛ مستدرک الوسائل: ۱۴ /۳۱۲ ح ۱۳۵ ۱۷؛ بحار الانوار: ۱۰۱ /۵؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳ /۴۰۶ ح ۴۴۱۸؛ الکافی: ۵ /۴۲۴ ح ۴؛ النوادر اشعری: ۱۰۷

[4] روضۃ المتقین: ۸ /۸۰۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۳ /۱۱۷

مِنْ مَوَالِيكَ يُقْرِئُكَ اَلسَّلاَمَ وَ قَدْ أَرَادَ أَنْ يَتَزَوَّجَ اِمْرَأَةً قَدْ وَافَقَتْهُ وَ أَعْجَبَهُ بَعْضُ شَأْنِهَا وَ قَدْ كَانَ لَهَا زَوْجٌ فَطَلَّقَهَا ثَلاَثاً عَلَى غَيْرِ اَلسُّنَّةِ وَ قَدْ كَرِهَ أَنْ يُقْدِمَ عَلَى تَزْوِيجِهَا حَتَّى يَسْتَأْمِرَكَ فَتَكُونَ أَنْتَ تَأْمُرُهُ فَقَالَ أَبُو عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ هُوَ اَلْفَرْجُ وَ أَمْرُ اَلْفَرْجِ شَدِيدٌ وَ مِنْهُ يَكُونُ اَلْوَلَدُ وَ نَحْنُ نَحْتَاطُ فَلاَ يَتَزَوَّجْهَا.

۞ اسحاق بن عمار نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے ایک ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا ہے جو ایک ایسی عورت سے نکاح کا ارادہ رکھتا ہے جسے (ایک ہی مجلس میں) تین طلاقیں دی گئی ہیں تو (اس مسئلہ میں) وہ کیا کرے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس عورت کو چھوڑ دیا جائے یہاں تک کہ اس کو حیض آجائے پھر حیض سے پاک ہوجائے تو وہ شخص دو گواہوں کے ہمراہ اس عورت کے شوہر کے پاس جائے اور اس سے پوچھے کہ کیا تم نے فلانہ کو طلاق دے دی ہے؟ پس اگر وہ کہے کہ ہاں (دے دی ہے) تو اس عورت کو تین ماہ کے لئے چھوڑ دیا جائے پھر اس کو اپنے ساتھ نکاح کا پیغام دے۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق کالصحیح یا موثق ہے۔ [2]

{2219} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَلْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ مَاجِيلَوَيْهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ اِبْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ أَبَانِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ حَمَّادٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ يَقُولُ: لاَ يَحِلُّ لِأَحَدٍ أَنْ يَجْمَعَ بَيْنَ اَلاِثْنَتَيْنِ مِنْ وُلْدِ فَاطِمَةَ عَلَيْهَا اَلسَّلاَمُ إِنَّ ذَلِكَ يَبْلُغُهَا فَيَشُقُّ عَلَيْهَا قَالَ قُلْتُ يَبْلُغُهَا قَالَ إِي وَ اَللَّهِ.

۞ حماد سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا کہ کسی شخص کے لئے حلال نہیں ہے کہ وہ اولادِ سیدہ فاطمہ علیہا السلام میں سے دو سیدانیوں کو ایک ساتھ (حبالہ نکاح میں) جمع کرے کیونکہ یہ بات ان (مخدومہ علیہا السلام) تک پہنچتی ہے تو ان پر شاق گزرتی ہے۔

راوی کہتا ہے کہ میں نے عرض کیا: یہ بات ان (مخدومہ علیہا السلام) تک پہنچتی ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں! خدا کی قسم (پہنچتی ہے)۔ [3]

---

[1] الکافی: ۵/۴۲۴ ح ۳؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۰۶ ح ۴۴۱۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۴۹۶ ح ۲۶۱۸۶؛ الوافی: ۲۱/۲۶۹؛ تہذیب الاحکام: ۸/۵۹ ح ۱۳۱ و ۷/۴۷۰ ح ۱۸۸۴؛ الاستبصار: ۳/۲۹۳ ح ۱۳۰

[2] روضۃ المتقین: ۸/۲۰۸؛ مراۃ العقول: ۲۰/۸۱؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/۲۱

[3] علل الشرائع: ۲/۵۹۰ باب ۳۸۵ ح ۳۸؛ تہذیب الاحکام: ۷/۴۶۳ ح ۱۸۵۵؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۴۷؛ عوالم العلوم: ۱۱/۱۰۳۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۵۰۳ ح ۲۶۲۰۶؛ الوافی: ۲۱/۱۶۳؛ العروۃ الوثقیٰ: ۲/۸۳۷

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (1)

{2220} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ جَمِيلِ بْنِ دَرَّاجٍ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَعْيَنَ وَ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِذَا جَمَعَ الرَّجُلُ أَرْبَعاً فَطَلَّقَ إِحْدَاهُنَّ فَلاَ يَتَزَوَّجِ الْخَامِسَةَ حَتَّى تَنْقَضِيَ عِدَّةُ الْمَرْأَةِ الَّتِي طَلَّقَ وَ قَالَ لاَ يَجْمَعِ الرَّجُلُ مَاءَهُ فِي خَمْسٍ

❁ زرارہ بن اعین اور محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب کسی شخص کے پاس (نکاح میں) چار عورتیں جمع ہوں اور وہ ان میں سے ایک کو طلاق دے دے تو وہ پانچویں عورت سے اس وقت تک تزویج نہ کرے جب تک کہ مطلقہ کی عدت نہ پوری ہو جائے۔

نیز فرمایا: آدمی اپنا پانی پانچ (عورتوں) میں جمع نہ کرے۔ (2)

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ (3)

{2221} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رِئَابٍ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَعْيَنَ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ قَوْلِ اللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ: وَ الْمُحْصَنَاتُ مِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِكُمْ فَقَالَ هَذِهِ مَنْسُوخَةٌ بِقَوْلِهِ: وَ لاَ تُمْسِكُوا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ.

❁ زرارہ بن اعین سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے خدا کے قول: ''اور وہ پاکدامن عورتیں جن کو تم سے پہلے کتاب دی گئی ہے (وہ بھی حلال کی گئی ہیں) [المائدۃ: ۵]'' کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ آیت اس آیت سے منسوخ ہو گئی ہے کہ: ''اور کافر عورتوں کو اپنے نکاح میں روکے نہ رکھو (الممتحنۃ: ۱۰)''(4)

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ (5)

---

(1) التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۴/ ۵۷؛ الموسوعۃ الکبریٰ عن فاطمۃ الزہراؑ: ۲۰/ ۲۹۵؛ الحدائق الناضرۃ: ۲۳/ ۱۰۸؛ سند العروۃ (النکاح): ۱/ ۳۰۳

(2) الکافی: ۵/ ۴۲۹ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۲۹۴ ح ۱۲۳۳؛ الوافی: ۲۱/ ۲۹۵؛ تفسیر البرہان: ۲/ ۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۵۱۸ ح ۲۶۲۴۰

(3) التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۴/ ۱۰۳؛ مستمسک العروۃ: ۱۴/ ۱۱۱؛ شرح العروۃ: ۳۲/ ۲۶۱؛ فقہ الصادقؑ: ۲۱/ ۱۷۲؛ المبسوط فی فقہ: ۲/ ۳۰۰؛ تفصیل الشریعہ: ۲۲/ ۲۷۹؛ فقہ الصادقؑ: ۲۱/ ۱۷۲؛ کتاب نکاح شبیری: ۵/ ۱۷۱۲؛ مرآۃ العقول: ۲۰/ ۹۰؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/ ۱۰۸

(4) الکافی: ۵/ ۳۵۸ ح ۸؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۲۹۸ ح ۱۲۴۵؛ الاستبصار: ۳/ ۱۷۹ ح ۶۴۹؛ الوافی: ۲۱/ ۱۴۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۵۳۳ ح ۲۶۲۷۲؛ تفسیر العیاشی: ۱/ ۲۹۶ (بفرق الفاظ)؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/ ۵۹۴؛ بحار الانوار: ۹/ ۳۰۲؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/ ۴۳۳ ح ۱۷۲۰۲؛ تفسیر البرہان: ۲/ ۲۵۲؛ تفسیر کنز الدقائق: ۳/ ۲۰۹

(5) نہج الکاح: ۳۵۵؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۴/ ۱۲۱؛ مرآۃ العقول: ۲۰/ ۹۸؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/ ۱۱۷

{2222} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ اَلْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ وَهْبٍ وَ غَيْرِهِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ : فِي اَلرَّجُلِ اَلْمُؤْمِنِ يَتَزَوَّجُ اَلْيَهُودِيَّةَ وَ اَلنَّصْرَانِيَّةَ قَالَ إِذَا أَصَابَ اَلْمُسْلِمَةَ فَمَا يَصْنَعُ بِالْيَهُودِيَّةِ وَ اَلنَّصْرَانِيَّةِ فَقُلْتُ لَهُ يَكُونُ لَهُ فِيهَا اَلْهَوَى فَقَالَ إِنْ فَعَلَ فَلْيَمْنَعْهَا مِنْ شُرْبِ اَلْخَمْرِ وَ أَكْلِ لَحْمِ اَلْخِنْزِيرِ وَاعْلَمْ أَنَّ عَلَيْهِ فِي دِينِهِ غَضَاضَةً.

معاویہ بن وھب وغیرہ نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس مومن شخص کے بارے میں روایت کیا ہے جو یہودی اور نصرانی عورت سے تزویج کرتا ہے تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب اسے مسلمان عورت مل رہی ہے تو اسے یہودی اور نصرانی عورت کا کیا کرنا ہے؟

میں نے آپ علیہ السلام سے عرض کیا: وہ اس پر فریفتہ ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر وہ ایسا کرے تو پھر اس عورت کو شراب پینے اور خنزیر کا گوشت کھانے سے منع کرے اور جان لے کہ اس کے لئے اس کے دین میں یہ ذلت کی بات ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2223} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ اِبْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ جَمِيلِ بْنِ دَرَّاجٍ عَنْ زُرَارَةَ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ إِنِّي أَخْشَى أَنْ لاَ يَحِلَّ لِي أَنْ أَتَزَوَّجَ مَنْ لَمْ يَكُنْ عَلَى أَمْرِي فَقَالَ مَا يَمْنَعُكَ مِنَ اَلْبُلْهِ مِنَ اَلنِّسَاءِ قُلْتُ وَ مَا اَلْبُلْهُ قَالَ هُنَّ اَلْمُسْتَضْعَفَاتُ مِنَ اَللاَّتِي لاَ يَنْصِبْنَ وَ لاَ يَعْرِفْنَ مَا أَنْتُمْ عَلَيْهِ.

زرارہ سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے عرض کیا: میں ڈرتا ہوں کہ اگر میں اس عورت سے شادی کروں جو میرے امر (عقیدے) پر نہیں ہے تو وہ مجھ پر حلال نہ ہوگی؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: تمہیں عورتوں میں سے البلہ (قسم کی عورتوں) سے کس نے منع کیا ہے؟

میں نے عرض کیا: یہ البلہ کا مطلب کیا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ مستضعفات (کمزور عقیدے والی سیدھی سادھی) عوتیں ہیں جو مخالفت نہیں کرتی ہیں اور جس

---

[1] الکافی: ۵۲۵۳/ح ا؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۴۰۷ح ۴۴۲۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۲۹۸ح ۱۲۴۸؛ الاستبصار: ۳/ ۱۷۹ح ۶۵۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۵۳۶ح ۲۶۲۷۹؛ الوافی: ۲۱/ ۱۳۱؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/ ۵۹۴

[2] مرآۃ العقول: ۲۰/ ۹۳؛ جامع المقاصد: ۱۲/ ۳۹۴؛ لب اللباب: ۱۰۰؛ التعلیقۃ الاستدلالیۃ: ۴/ ۲۴۴؛ تفصیل الشریعۃ: ۲۲/ ۸۹۴؛ الموسوعۃ الفقہیۃ: ۶/ ۱۲۹؛ غایۃ المراد: ۳/ ۸۰؛ مسالک الافہام: ۳/ ۹۱؛ فقہ الصادقؑ: ۲۱/ ۳۳۸؛ جواہر الکلام: ۳۰/ ۳۴؛ روضۃ المتقین: ۸/ ۲۱۰؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/ ۱۱۷

"عقیدے) پر تم ہو اس سے واقف نہیں ہوتی ہیں۔ (1)

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ (2)

{2224} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِذَا أَسْلَمَتِ امْرَأَةٌ وَ زَوْجُهَا عَلَى غَيْرِ الْإِسْلاَمِ فُرِّقَ بَيْنَهُمَا قَالَ وَ سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ هَاجَرَ وَ تَرَكَ امْرَأَتَهُ فِي الْمُشْرِكِينَ ثُمَّ لَحِقَتْ بَعْدَ ذٰلِكَ بِهِ أَ يُمْسِكُهَا بِالنِّكَاحِ الْأَوَّلِ أَوْ تَنْقَطِعُ عِصْمَتُهَا قَالَ بَلْ يُمْسِكُهَا وَ هِيَ امْرَأَتُهُ.

❁ عبداللہ بن سنان سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب کوئی عورت اسلام لے آئے جبکہ اس کا شوہر غیر اسلام پر ہو تو ان دونوں کے درمیان جدائی ڈال دی جائے۔

راوی کہتا ہے کہ میں نے آپ علیہ السلام سے پوچھا: ایک شخص نے (اسلام کی طرف) ہجرت کر لی اور اپنی عورت کو مشرکین میں ہی چھوڑ دیا پھر کچھ عرصہ بعد اس کی عورت بھی ملحق ہوگئی تو کیا وہ اسے پہلے نکاح پر اپنے پاس رکھ سکتا ہے یا اس کی عصمت منقطع ہو جائے گی؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ اسے اپنے پاس رکھ سکتا ہے اور وہ اسی کی بیوی ہے۔ (3)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (4)

{2225} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ الطَّاطَرِيِّ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنِ الْعَلاَءِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ نِكَاحِ الْيَهُودِيَّةِ وَ النَّصْرَانِيَّةِ فَقَالَ لاَ بَأْسَ بِهِ أَمَا عَلِمْتَ أَنَّهُ كَانَ تَحْتَ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ يَهُودِيَّةٌ عَلَى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ.

❁ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے یہودی اور نصرانی عورت سے نکاح کرنے کے بارے میں

---

(1) الکافی: ۳۴۹/۵ ح ۷؛ تہذیب الاحکام: ۳۰۵/۷ ح ۱۲۶۹؛ وسائل الشیعہ: ۵۵۶/۲۰ ح ۲۶۴۳۳؛ عوالی اللئالی: ۳۴۱/۳؛ الوافی: ۹۹/۲۱؛ ھدایۃ الامۃ: ۲۰۸/۷

(2) التعلیقۃ الاستدلالیۃ: ۴۴۷/۴؛ الرسائل الفقہیہ: ۱۰۳/۲؛ تفصیل الشریعہ: ۲۹۳/۲۲؛ مرآۃ العقول: ۵۱/۲۰؛ ملاذ الاخیار: ۱۲۷/۱۲

(3) الکافی: ۴۳۵/۵ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۳۰۰/۷ ح ۱۲۵۳ و ۴۷۸ ح ۱۹۲۰؛ الاستبصار: ۱۸۱/۳ ح ۶۵۷؛ وسائل الشیعہ: ۵۴۰/۲۰ ح ۲۶۳۹۱ و ۵۴۷ ح ۲۶۴۰۹؛ الوافی: ۶۲۳/۲۲

(4) مرآۃ العقول: ۲۰۰/۲۰؛ الانوار اللوامع: ۱۴۰/۱۰؛ الحجۃ: ۴۷۷/۸؛ کتاب نکاح شبیری: ۵۴۴۴/۱۷؛ فقہ الصادقؑ: ۳۵۲/۲۱؛ ملاذ الاخیار: ۱۹/۱۲؛ جواہر الکلام: ۵۱/۳۰؛ نظام النکاح: ۴۷۴/۲؛ تفصیل الشریعہ: ۳۰۳/۲۲

پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ کیا تمہیں معلوم نہیں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں طلحہ بن عبیداللہ کے گھر یہودیہ عورت تھی۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق ہے۔ [2]

{2226} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ رَزِينٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الرَّجُلِ الْمُسْلِمِ يَتَزَوَّجُ الْمَجُوسِيَّةَ فَقَالَ لَا وَلَكِنْ إِنْ كَانَتْ لَهُ أَمَةٌ مَجُوسِيَّةٌ فَلَا بَأْسَ أَنْ يَطَأَهَا وَيَعْزِلَ عَنْهَا وَلَا يَطْلُبَ وَلَدَهَا.

❁ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ میں نے امام علیہ السلام محمد باقر علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک آدمی مجوسی عورت سے تزویج کرتا ہے تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہ۔ البتہ اگر اس کی کنیز مجوسی ہو تو اس سے مباشرت کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے لیکن وہ اس سے عزل کرے گا اور اس سے اولاد کی طلب نہیں کرے گا۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2227} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ رَزِينٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: لَا يَتَزَوَّجُ الْيَهُودِيَّةَ وَلَا النَّصْرَانِيَّةَ عَلَى الْمُسْلِمَةِ.

❁ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: مسلمان عورت کی موجودگی میں یہودی اور نصرانی عورت سے تزویج نہ کرو۔ [5]

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/۲۹۸ ح ۱۲۴۴؛ الاستبصار: ۳/۱۷۹ ح ۶۵۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۵۴۱ ح ۲۶۴۹۳؛ الوافی: ۲۱/۱۴۶

[2] نظام النکاح: ۲۶۰؛ فقہ الصادق ؒ: ۲۱/۴۳؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۴/۱۲۵؛ جواہر الکلام: ۳۰/۳۸؛ تفصیل الشریعہ: ۲۲/۲۹۲؛ نموذج فی الفقہ الجعفری: ۱۸۳

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۰۷ ح ۴۴۲۳؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۳۶۸ ح ۳۷۰۸۰؛ تہذیب الاحکام: ۸/۲۱۲ ح ۷۵۷؛ الوافی: ۲۱/۱۴۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۵۱ ح ۲۵۲۸۰؛ بحارالانوار: ۱۰۰/۳۷۷؛ النوادر اشعری: ۱۲۰؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۳۳۶ ح ۱۷۲۱۱؛ ہدایۃ الامۃ: ۷/۲۰۸

[4] روضۃ المتقین: ۸/۲۱۰؛ نظام النکاح: ۲۶۷؛ الموسوعۃ الفقہیہ: ۶/۳۴۳؛ تفصیل الشریعہ: ۲۲/۲۹۴؛ موسوعہ احکام الاطفال: ۵/۱۲۵؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۴/۱۳۴؛ حدود الشریعہ: ۷/۲۲۷؛ فقہ الصادق ؒ: ۲۱/۳۴۳؛ جواہر الکلام: ۳۰/۳۴۳؛ ریاض المسائل: ۱۲/۲۰۷؛ مفاتیح الشرائع: ۲/۲۴۹؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/۳۱۸

[5] الکافی: ۵/۳۵۷ ح ۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۵۴۴ ح ۲۶۵۰۰؛ الوافی: ۲۱/۱۳۲؛ بحارالانوار: ۱۰۰/۳۷۶؛ تفسیر الصافی: ۲/۱۳؛ النوادر اشعری: ۱۱۶؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۳۶۰ ح ۱۷۲۸۸

تحقیق

حدیث صحیح ہے۔ [1]

{2228} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنِ ابْنِ رِئَابٍ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُ عَنْ رَجُلٍ لَهُ امْرَأَةٌ نَصْرَانِيَّةٌ لَهُ أَنْ يَتَزَوَّجَ عَلَيْهَا يَهُودِيَّةً فَقَالَ إِنَّ أَهْلَ الْكِتَابِ مَمَالِيكُ لِلْإِمَامِ وَ ذَلِكَ مُوَسَّعٌ مِنَّا عَلَيْكُمْ خَاصَّةً فَلاَ بَأْسَ أَنْ يَتَزَوَّجَ قُلْتُ فَإِنَّهُ يَتَزَوَّجُ أَمَةً قَالَ لاَ لاَ يَصْلُحُ أَنْ يَتَزَوَّجَ ثَلاَثَ إِمَاءٍ فَإِنْ تَزَوَّجَ عَلَيْهِمَا حُرَّةً مُسْلِمَةً وَ لَمْ تَعْلَمْ أَنَّ لَهُ امْرَأَةً نَصْرَانِيَّةً وَ يَهُودِيَّةً ثُمَّ دَخَلَ بِهَا فَإِنَّ لَهَا مَا أَخَذَتْ مِنَ الْمَهْرِ فَإِنْ شَاءَتْ أَنْ تُقِيمَ بَعْدُ مَعَهُ أَقَامَتْ وَإِنْ شَاءَتْ تَذْهَبُ إِلَى أَهْلِهَا ذَهَبَتْ وَإِذَا حَاضَتْ ثَلاَثَةَ حِيَضٍ أَوْ مَرَّتْ لَهَا ثَلاَثَةُ أَشْهُرٍ حَلَّتْ لِلْأَزْوَاجِ قُلْتُ فَإِنْ طَلَّقَ عَلَيْهَا الْيَهُودِيَّةَ وَ النَّصْرَانِيَّةَ قَبْلَ أَنْ تَنْقَضِيَ عِدَّةُ الْمُسْلِمَةِ لَهُ عَلَيْهَا سَبِيلٌ أَنْ يَرُدَّهَا إِلَى مَنْزِلِهِ قَالَ نَعَمْ.

✪ ابوبصیر سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک آدمی کی بیوی نصرانیہ ہے تو کیا وہ اس پر (بطور سوکن) یہودیہ عورت کو لائے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اہل کتاب امام علیہ السلام کی ملکیت ہیں اور اس میں ہماری طرف سے تمہارے لئے خصوصا وسعت ہے پس اس میں کوئی حرج نہیں ہے کہ اس سے تزویج کرے۔

میں نے عرض کیا: وہ کسی کنیز سے تزویج کرتا ہے تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہ۔ یہ درست نہیں ہے کہ وہ تین کنیزوں سے شادی کرے پس اگر وہ ان دونوں پر (بطور سوکن) آزاد مسلم عورت سے شادی کرے اور وہ جانتی ہو کہ اس کی نصرانیہ اور یہودیہ دو بیویاں ہیں پھر اس سے دخول بھی کرے تو اس عورت کو اختیار ہے کہ حق مہر لے پس اگر وہ چاہے تو اس کے ساتھ قیام کرے اور اگر چاہے تو اپنے اہل کی طرف چلی جائے اور جب وہ تین حیض دیکھے یا اس کو تین مہینے گزر جائیں تو وہ شادی کے لئے حلال ہے۔

میں نے عرض کیا: اگر وہ مسلمہ کی مدت گزرنے سے پہلے یہودیہ اور نصرانیہ کو طلاق دے دے تو کیا اسے حق حاصل ہے کہ اسے اپنے گھر واپس لائے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں۔ [2]

---

[1] مرآۃ العقول: ۲۰/۲۵؛ الرسائل الفقہیہ: ۲/۵۳؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۴/۵۲؛ لب اللباب: ۱۰۱؛ فقہ الصادقؑ: ۲۱/۲۳؛ نظام النکاح: ۲۰۶؛ تفصیل الشریعہ النکاح: ۲۹۲

[2] الکافی: ۵/۳۵۸ ح ۱۰؛ تہذیب الاحکام: ۷/۴۴۹ ح ۱۷۹۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۵۴۵ ح ۲۶۳۰۵؛ الوافی: ۲۱/۱۴۴

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [1]

{2229} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ جَمِيلِ بْنِ صَالِحٍ عَنْ فُضَيْلِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ يَتَزَوَّجِ الْمُؤْمِنُ النَّاصِبَةَ الْمَعْرُوفَةَ بِذَلِكَ.

❁ فضیل بن یسار سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: مومن آدمی معروف ناصبی عورت سے تزویج نہ کرے۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [3]

{2230} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي نَجْرَانَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سِنَانٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ النَّاصِبِ الَّذِي قَدْ عُرِفَ نَصْبُهُ وَ عَدَاوَتُهُ هَلْ نُزَوِّجُهُ الْمُؤْمِنَةَ وَ هُوَ قَادِرٌ عَلَى رَدِّهِ وَ هُوَ لاَ يَعْلَمُ بِرَدِّهِ قَالَ لاَ يُزَوَّجِ الْمُؤْمِنُ النَّاصِبَةَ وَ لاَ يَتَزَوَّجِ النَّاصِبُ الْمُؤْمِنَةَ وَلاَ يَتَزَوَّجِ الْمُسْتَضْعَفُ مُؤْمِنَةً.

❁ عبداللہ بن سنان سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک ناصبی شخص ہے جس کی ناصبیت اور دشمنی معروف ہے تو کیا اس سے مومنہ عورت کی تزویج کی جائے جبکہ وہ اس کے انکار پر قادر ہو اور وہ اس کے انکار کو نہ جانتا ہو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: مومن ناصبی عورت سے شادی نہ کرے اور نہ ناصبی مرد سے مومنہ عورت کی شادی کی جائے اور نہ مستضعف مرد سے مومنہ عورت کی شادی کی جائے۔ [4]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [5]

---

[1] نظام النکاح:۵۹ ح۳؛ مرآۃ العقول:۲۰/۷؛ ملاذ الاخیار:۱۲/۳۳۵

[2] الکافی:۵/۳۴۸ ح۳؛ تہذیب الاحکام:۷/۳۰۲ ح۱۲۶۰؛ الاستبصار:۳/۱۸۳ ح۶۶۴؛ الوافی:۲۱/۹۸؛ وسائل الشیعہ:۲۰/۵۴۹ ح۲۶۳۱۷؛ جامع احادیث الشیعہ:۲۵/۱۰۸۸ ح۳۸۲۴۱؛ ھدایۃ الامہ:۷/۲۱۰

[3] مرآۃ العقول:۲۰/۵۱

[4] الکافی:۵/۳۴۹ ح۸؛ تہذیب الاحکام:۷/۳۰۲ ح۱۲۶۱؛ الوافی:۲۱/۱۰۰؛ وسائل الشیعہ:۲۰/۵۵۰ ح۲۶۳۱۹؛ الاستبصار:۳/۱۸۳ ح۶۶۵؛ مستدرک الوسائل:۱۴/۴۳۹ ح۱۷۲۲۳؛ النوادر اشعری:۱۳۰

[5] مرآۃ العقول:۲۰/۵۲؛ فقہ الصادقؑ:۲۱/۴۷۳؛ حدود الشریعہ:۴۲۹؛ نظام النکاح:۲/۱۵؛ مسالک الافہام:۷/۴۰۴؛ ملاذ الاخیار:۱۲/۱۲۴

{2231} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ فَضَّالٍ عَنِ ابْنِ بُكَيْرٍ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: دَخَلَ رَجُلٌ عَلَى عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ فَقَالَ إِنَّ امْرَأَتَكَ الشَّيْبَانِيَّةَ خَارِجِيَّةٌ تَشْتِمُ عَلِيّاً عَلَيْهِ السَّلاَمُ فَإِنْ سَرَّكَ أَنْ أُسْمِعَكَ مِنْهَا ذَاكَ أَسْمَعْتُكَ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَإِذَا كَانَ غَداً حِينَ تُرِيدُ أَنْ تَخْرُجَ كَمَا كُنْتَ تَخْرُجُ فَعُدْ فَاكْمُنْ فِي جَانِبِ الدَّارِ قَالَ فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ كَمَنَ فِي جَانِبِ الدَّارِ فَجَاءَ الرَّجُلُ فَكَلَّمَهَا فَتَبَيَّنَ مِنْهَا ذَلِكَ فَخَلَّى سَبِيلَهَا وَ كَانَتْ تُعْجِبُهُ.

❁ زرارہ سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: ایک شخص امام زین العابدین علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ آپ علیہ السلام کی بنی شیبان (قبیلے) والی بیوی خارجیہ ہے جو امیر المومنین علیہ السلام کو دشنام دیتی ہے اور اگر آپ علیہ السلام چاہیں تو میں اس سے آپ علیہ السلام کو یہ سنوا دوں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں (سنواؤ)

اس نے عرض کیا: جب کل آپ علیہ السلام اپنی عادت کے مطابق اس کے پاس سے نکلنے لگیں تو چپکے سے لوٹ کر گھر کے ایک کونے میں چھپ جائیں۔

راوی کہتا ہے کہ جب اگلا دن ہوا تو آپ علیہ السلام گھر کے ایک کونے میں چھپ گئے چنانچہ وہ شخص آیا اور اس (عورت) سے (امیر المومنین علیہ السلام کے متعلق) گفتگو کی تو بات واضح ہوگئی (کہ وہ دشنام دیتی ہے) پس امام علیہ السلام نے اسے آزاد کر دیا حالانکہ وہ عورت آپ علیہ السلام کو بہت پسند تھی۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق کالصحیح ہے۔ [2]

{2232} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبُو عَلِيٍّ الْأَشْعَرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُسْكَانَ عَنْ يَحْيَى الْحَلَبِيِّ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ الطَّائِيِّ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَعْيَنَ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَتَزَوَّجُ بِمُرْجِئَةٍ أَوْ حَرُورِيَّةٍ قَالَ لاَ عَلَيْكَ بِالْبُلْهِ مِنَ النِّسَاءِ قَالَ زُرَارَةُ فَقُلْتُ وَ اللَّهِ مَا هِيَ إِلاَّ مُؤْمِنَةٌ أَوْ كَافِرَةٌ فَقَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ وَ أَيْنَ أَهْلُ ثَنْوَى اللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ قَوْلُ اللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ أَصْدَقُ مِنْ قَوْلِكَ إِلاَّ الْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ الرِّجَالِ وَ النِّسَاءِ وَ الْوِلْدَانِ لاَ يَسْتَطِيعُونَ حِيلَةً وَ لاَ يَهْتَدُونَ سَبِيلاً

❁ زرارہ بن اعین سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا کہ آیا میں کسی مرجیہ یا حروریہ

---

[1] الکافی: ۵/۳۵۱ ح ۱۴؛ تہذیب الاحکام: ۷/۳۰۳ ح ۱۲۶۲؛ الاستبصار: ۳/۱۸۳ ح ۶۶۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۵۵۱ ح ۲۶۳۲۳؛ الوافی: ۲۱/۱۰۳؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۱۰۹۴ ح ۳۸۲۵۵

[2] نموذج فی الفقہ الجعفری: ۹۸؛ الانوار اللوامع: ۵/۳۱۵؛ مرآۃ العقول: ۲۰/۵۴؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۱۲۵

(عقیدے) کی عورت سے تزویج کر سکتا ہوں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں بلکہ تم البلہ (مستضعف یا سادہ لوح) عورتوں کو لازم پکڑو۔

زرارہ کا بیان ہے کہ میں نے عرض کیا: اللہ کی قسم: عورتیں تو مومن اور کافر کے سوا ہیں ہی نہیں؟

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: وہ لوگ کہاں جائیں گے جن کو اللہ تعالیٰ نے استثنیٰ دیا ہے اور اللہ تعالیٰ کا قول تمہارے قول سے زیادہ سچا ہے کہ: ''مگر ان بے بس مردوں اور عورتوں اور بچوں کے سوا جو نہ کوئی چارہ کر سکتے ہیں اور نہ کوئی راہ پاتے ہیں (النساء: ۹۸)''[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{2233} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: تَزَوَّجُوا فِي الشُّكَّاكِ وَلاَ تُزَوِّجُوهُمْ لِأَنَّ الْمَرْأَةَ تَأْخُذُ مِنْ أَدَبِ زَوْجِهَا وَيَقْهَرُهَا عَلَى دِينِهِ.

۞ زرارہ سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو لوگ شک وشبہ میں گرفتار ہیں ان سے شادی کرو (یعنی ان سے رشتہ لے لو) لیکن ان میں شادی مت کرو (یعنی انہیں رشتہ مت دو) کیونکہ عورت اپنے شوہر کا ادب حاصل کرتی ہے اور وہ اسے اپنے مذہب پر جبراً رکھتا ہے۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن کالصحیح ہے۔[4]

{2234} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْعَلاَءِ بْنِ رَزِينٍ أَنَّهُ سَأَلَ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: عَنْ جُمْهُورِ النَّاسِ فَقَالَ هُمُ الْيَوْمَ أَهْلُ هُدْنَةٍ تُرَدُّ ضَالَّتُهُمْ وَ تُؤَدَّى أَمَانَتُهُمْ وَ تُحْقَنُ دِمَاؤُهُمْ وَ تَجُوزُ مُنَاكَحَتُهُمْ وَمُوَارَثَتُهُمْ فِي هَذَا الْحَالِ.

۞ علاء بن رزین نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عوام الناس (عامہ) کے بارے میں روایت کیا ہے کہ آپ علیہ السلام نے فرمایا:

---

[1] الکافی: ۵/۳۴۸ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/۳۰۴ ح ۱۲۶۷؛ الاستبصار: ۳/۱۸۵ ح ۸۵؛ الوافی: ۲۱/۹۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۵۵۴ ح ۲۶۳۳۴؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۴۴۰ ح ۲۲۱۶؛ بحارالانوار: ۱۰۰/۳۷۷؛ تفسیر کنز الدقائق: ۳/۵۱۹؛ النوادر اشعری: ۱۲۷؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/۵۳۹؛ تفسیر البرہان: ۲/۵۹؛ تفسیر العیاشی: ۱/۲۶۹

[2] مرآۃ العقول: ۲۰/۵۰؛ ملاذ الاخیار: ۲۰/۱۲۷

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۰۸ ح ۴۴۲۶؛ الکافی: ۵/۳۴۸؛ تہذیب الاحکام: ۷/۳۰۴ ح ۱۲۶۶؛ علل الشرائع: ۲/۵۰۲؛ الوافی: ۲۱/۹۷؛ بحارالانوار: ۱۰۰/۳۸۰؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۲۱۱

[4] التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۳/۲۷۱؛ حدود الشریعہ: ۳۰۷؛ الصحابہ بین العدالۃ والعصمۃ: ۴۲۳؛ تقی ما الکلام ح: ۴/۱۲؛ ریاض المسائل: ۱۱/۲۸۳؛ روضۃ المتقین: ۸/۲۲۱

وہ آج کل جنگ بندی کی حالت میں ہیں لہٰذا ان کا گمشدہ مال ان کو واپس کیا جائے گا، ان کی امانت ادا کی جائے گی، ان کا خون محفوظ ہوگا، ان سے مناکحت جائز ہوگی اور اس حال میں ان کی وراثت جائز ہوگی۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2235} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَلَاءٍ وَ أَبِي أَيُّوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: لَا يَتَزَوَّجِ الْأَعْرَابِيُّ الْمُهَاجِرَةَ فَيُخْرِجَهَا مِنْ دَارِ الْهِجْرَةِ إِلَى الْأَعْرَابِ.

❁ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: کوئی اعرابی (دیہاتی بدو) کسی مہاجرہ سے شادی نہ کرے ورنہ وہ اس کو دار الہجرت سے نکال کر اعراب (دیہات) کی طرف لے جائے گا۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2236} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ عَنْ صَفْوَانَ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ يُرِيدُ الْمَجُوسِيَّةَ فَيَقُولُ لَهَا أَسْلِمِي فَتَقُولُ إِنِّي لَأَشْتَهِي الْإِسْلَامَ وَ أَخَافُ أَبِي وَلَكِنِّي أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ وَ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُهُ وَ رَسُولُهُ قَالَ يَجُوزُ أَنْ يَتَزَوَّجَهَا قُلْتُ فَإِنْ رَأَيْتُهَا بَعْدَ ذَلِكَ لَا تُصَلِّي وَ رَأَيْتُ عَلَيْهَا الزُّنَّارَ وَ رَأَيْتُهَا تَتَشَبَّهُ بِالْمَجُوسِ قَالَ إِنْ شِئْتَ فَأَمْسِكْهَا وَ إِنْ شِئْتَ فَطَلِّقْهَا.

❁ صفوان سے روایت ہے کہ میں نے ان (امام علی رضا علیہ السلام) سے پوچھا کہ ایک شخص کسی مجوسی عورت کو پسند کرتا ہے اور وہ اس سے کہتا ہے کہ اسلام لے آ لیکن وہ عورت اس سے کہتی ہے کہ میں اسلام کو پسند تو کرتی ہوں مگر اپنے باپ سے ڈرتی ہوں لیکن میں گواہی دیتی ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ یکتا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے بندے اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں (یعنی کلمہ شہادت کہتی ہے تو کیا حکم ہے)؟

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۴۲۷ ح ۴۶۴۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۵۹۱ ح ۲۶۳۸۴؛ الوافی: ۵/ ۵۲۳ و ۲۱/ ۱۰۹؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/ ۲۱۲؛

[2] روضۃ المتقین: ۸/ ۵۳۲؛ نظام النکاح: ۲/ ۱۱۱؛ موسوعہ احکام الاطفال: ۸۲؛ فقہ الصادقؑ: ۲۱/ ۴۷۲؛ حدود الشریعہ: ۷۲۹

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۴۲۶ ح ۴۶۷۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۵۹۳ ح ۲۶۳۵۳؛ الوافی: ۲۱/ ۱۱۵؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/ ۱۱۲۶ ح ۳۸۲۸۹

[4] روضۃ المتقین: ۸/ ۲۹۲؛ حدود الشریعہ: ۷۳۰

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس عورت سے شادی کرنا جائز ہوگا۔

میں نے عرض کیا: اگر اس کے بعد وہ اسے دیکھے کہ وہ نماز نہیں پڑھتی، زنا کرتی ہے اور مجوسیوں سے مشابہت کرتی ہے (تو کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر چاہے تو اسے اپنے پاس رکھے اور اگر چاہے تو اسے طلاق دے دے؟[1]

تحقیق:

حدیث حسن علی الظاہر ہے۔[2]

﴿دائمی عقد کے احکام﴾

{2237} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ أُذَيْنَةَ عَنْ فُضَيْلِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: اَلصَّدَاقُ مَا تَرَاضَيَا عَلَيْهِ مِنْ قَلِيلٍ أَوْ كَثِيرٍ فَهَذَا اَلصَّدَاقُ.

فضیل بن یسار سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: حق مہر وہ ہے جس پر دو فریقین راضی ہوں چاہے قلیل ہو یا چاہے کثیر بس یہی حق مہر ہے۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔[4]

{2238} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ اَلْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ اَلنَّضْرِ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ عَبْدِ اَللَّهِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: كَانَ صَدَاقُ اَلنِّسَاءِ عَلَى عَهْدِ اَلنَّبِيِّ صَلَّى اَللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ اِثْنَتَيْ عَشْرَةَ وُقِيَّةً وَنَشّاً قِيمَتُهَا مِنَ اَلْوَرِقِ خَمْسُمِائَةِ دِرْهَمٍ.

عبداللہ بن سنان سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں عورتوں کا حق مہر بارہ اوقیہ اوزان نش مقرر تھا جس کی قیمت چاندی کے حساب سے پانچ سو درہم تھی۔[5]

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/ ۵۹ ح ۴ ۵ ۸۳ ؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۵۴۳ ح ۵۵ ۲۳ ۲ ؛ الوافی: ۲۱/ ۹ ۱۴۰ ؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/ ۴ ۷۴ ۱۰ ح ۳۸۲۱۲

[2] ملاذ الاخیار: ۱۲/ ۳ ۵۳

[3] الکافی: ۵/ ۷۸ ۳ ح ۳ ؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/ ۲۴۰ ح ۲۶۹۸۹ ؛ الوافی: ۲۱/ ۸ ۴۴ ؛ الفصول المہمہ: ۲/ ۵۹ ۳ ؛ مستدرک الوسائل: ۱۵/ ۵۹ ح ۱۷۵۳۱ ؛ رسالہ فی المہر: ۱۹ ؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۵۳ ۳ ح ۸ ۱۴۳۳ ؛ ھدایۃ الامہ: ۷/ ۲۷۷

[4] کتاب نکاح شبیری: ۲۱/ ۶۸۱۹ ؛ مرآۃ العقول: ۲۰/ ۱۰۵

[5] تہذیب الاحکام: ۷/ ۵۶ ۳ ح ۴ ۱۴۴ ؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/ ۸ ۲۴ ح ۲۷۰۰۸ ؛ الوافی: ۲۱/ ۵۲ ۴ ؛ موسوعہ شہید الاول: ۱۴/ ۴۶۶

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[1]

{2239} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ خَالِدِ بْنِ نَجِيحٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ الصَّادِقِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: تَذَاكَرُوا الشُّؤْمَ عِنْدَهُ فَقَالَ الشُّؤْمُ فِي ثَلاَثَةٍ فِي الْمَرْأَةِ وَ الدَّابَّةِ وَ الدَّارِ فَأَمَّا شُؤْمُ الْمَرْأَةِ فَكَثْرَةُ مَهْرِهَا وَ عُقُوقُ زَوْجِهَا وَ أَمَّا الدَّابَّةُ فَسُوءُ خُلُقِهَا وَ مَنْعُهَا ظَهْرَهَا وَ أَمَّا الدَّارُ فَضِيقُ سَاحَتِهَا وَ شَرُّ جِيرَانِهَا وَ كَثْرَةُ عُيُوبِهَا.

❁ خالد بن نجیح سے روایت ہے کہ کہ امام جعفر صادق علیہ السلام کے سامنے لوگ نحوست کا تذکرہ کرر ہے تھے تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: نحوست تین چیزوں میں ہے: عورت، سواری اور گھر، پس عورت کی نحوست اس کا حق مہر زیادہ ہونا اور شوہر کی نافرمانی ہے اور سواری کی نحوست اس کی بدمزاجی اور اپنی پشت پر کسی کو سوار نہ ہونے دینا ہے اور گھر کی نحوست اس کا صحن تنگ ہونا، اس کے پڑوسیوں کا شریر ہونا اور اس کے عیوب زیادہ ہونا ہے۔[2]

تحقیق:

حدیث قوی کالصحیح ہے۔[3]

{2240} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ فَضَّالٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ النُّعْمَانِ عَنْ سُوَيْدٍ الْقَلاَّءِ عَنْ أَيُّوبَ بْنِ الْحُرِّ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِذَا تَزَوَّجَ الرَّجُلُ الْمَرْأَةَ فَلاَ يَحِلُّ لَهُ فَرْجُهَا حَتَّى يَسُوقَ إِلَيْهَا شَيْئاً دِرْهَماً فَمَا فَوْقَهُ أَوْ هَدِيَّةً مِنْ سَوِيقٍ أَوْ غَيْرِهِ.

❁ ابو بصیر سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب کوئی شخص کسی عورت سے شادی کرے تو اس کے لئے اس کی شرمگاہ اس وقت تک حلال نہیں ہوتی جب تک پہلے (حق مہر میں سے) کم از کم ایک درہم یا اس سے کچھ زیادہ یا ستو وغیرہ قسم کا کوئی ہدیہ پیش نہ کرے۔[4]

---

[1] ملاذ الاخیار: ۲۳۱/۱۲

[2] من لایحضرہ الفقیہ: ۵۵۶/۳ ح ۴۹۱۲؛ معانی الاخبار: ۱۵۲؛ الخصال: ۱۰۰/۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۵۲/۲۱ ح ۲۷۰۲۱؛ الکافی: ۵۶۷/۵ ح ۵۱؛ الوافی: ۹۰۷/۲۰؛ مکارم الاخلاق: ۲۳۴؛ بحار الانوار: ۲۲۹/۱۰۰؛ روضۃ الواعظین: ۳۸۶/۲؛ امالی صدوق: ۲۳۹ مجلس ۴۲

[3] روضۃ المتقین: ۲۳۸/۹

[4] تہذیب الاحکام: ۳۵۷/۷ ح ۱۴۵۲؛ الاستبصار: ۲۲۰/۳ ح ۷۹۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۵۴/۲۱ ح ۲۷۰۲۴؛ الوافی: ۵۳۳/۲۲؛ جامع احادیث الشیعہ: ۴۹۴/۲۶ ح ۳۹۰۳۴

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [1]

{2241} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ يُونُسَ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ عَوَّاضٍ الطَّائِيِّ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الرَّجُلِ يَتَزَوَّجُ الْمَرْأَةَ فَلاَ يَكُونُ عِنْدَهُ مَا يُعْطِيهَا فَيَدْخُلُ بِهَا قَالَ لاَ بَأْسَ إِنَّمَا هُوَ دَيْنٌ عَلَيْهِ لَهَا.

عبدالحمید بن غواص الطائی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص ایک عورت سے (مہر معلوم پر) شادی کرتا ہے مگر حق مہر ادا کرنے کے لئے (ابھی) کچھ نہیں ہے تو کیا وہ اس سے دخول کر سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کوئی حرج نہیں ہے کیونکہ یہ (حق مہر) تو عورت کا اس پر قرض (واجب الادا) ہے۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [3]

{2242} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ غِيَاثِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي الرَّجُلِ يَتَزَوَّجُ بِعَاجِلٍ وَآجِلٍ قَالَ الْآجِلُ إِلَى مَوْتٍ أَوْ فُرْقَةٍ.

غیاث بن ابراہیم نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں روایت کیا ہے جو حق مہر معجّل (نقد) اور مؤجل (ادھار) پر تزویج کرتا ہے تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: جو مؤجل (ادھار) ہے اس کی مدت موت یا جدائی تک دراز ہے۔ [4]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [5]

{2243} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ أَبِي نَجْرَانَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: قَضَى عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلاَمُ فِي رَجُلٍ

---

[1] ملاذ الاخیار: ۱۲/ ۲۳۳

[2] تہذیب الاحکام: ۷/ ۳۵۸ ح ۱۴۵۲؛ الکافی: ۵/ ۴۱۳ ح ۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/ ۲۵۶ ح ۲۷۰۳۰؛ الوافی: ۲۲/ ۵۳۲؛ جامع احادیث الاشیعہ: ۲۶/ ۴۹۶؛ الاستبصار: ۳/ ۲۲۱ ح ۸۰۲

[3] ملاذ الاخیار: ۱۲/ ۲۳۵

[4] الکافی: ۵/ ۳۸۱ ح ۱۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/ ۲۶۴ ح ۲۷۰۵۱؛ الوافی: ۲۱/ ۳۶۲؛ ھدایۃ الامہ: ۷/ ۲۸۳

[5] مرآۃ العقول: ۲۰/ ۱۱۱

يَتَزَوَّجُ الْمَرْأَةَ إِلَى أَجَلٍ مُسَمًّى فَإِنْ جَاءَ بِصَدَاقِهَا إِلَى أَجَلٍ مُسَمًّى فَهِيَ امْرَأَتُهُ وَ إِنْ لَمْ يَجِئْ بِالصَّدَاقِ فَلَيْسَ لَهُ عَلَيْهَا سَبِيلٌ شَرَطُوا بَيْنَهُمْ حَيْثُ أَنْكَحُوا فَقَضَى أَنَّ بِيَدِ الرَّجُلِ بُضْعَ امْرَأَتِهِ وَ أَحْبَطَ شَرْطَهُمْ.

◈ محمد بن قیس سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: امیر المومنین علیہ السلام نے اس شخص کے بارے میں فیصلہ فرمایا تھا جس نے ایک عورت سے مقررہ مدت تک تزویج کی کہ اگر اس مقررہ مدت تک وہ اس کا حق مہر لے آیا تو وہ اس کی بیوی ہوگی اور اگر وہ حق مہر نہ لے آیا تو اس کو اس عورت پر کوئی حق نہیں ہوگا چنانچہ ان لوگوں نے آپس میں اسی شرط پر نکاح کیا تو امیر المومنین علیہ السلام نے فیصلہ کیا کہ وہ شخص اپنی عورت کی عزت (شرمگاہ) کا مالک ہے (یعنی نکاح نافذ ہے) اور ان کی شرط باطل ہے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{2244} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَأَةً فَدَخَلَ بِهَا وَ لَمْ يَفْرِضْ لَهَا مَهْراً ثُمَّ طَلَّقَهَا فَقَالَ لَهَا مَهْرٌ مِثْلُ مُهُورِ نِسَائِهَا وَ يُمَتِّعُهَا.

◈ حلبی سے روایت ہے کہ میں نے ان (امام علیہ السلام) سے پوچھا کہ ایک شخص نے ایک عورت سے شادی کرتا ہے پس اس سے دخول بھی کیا مگر وہ اس عورت کا کوئی حق مہر مقرر نہیں کرتا پھر اسے طلاق دے دی (تو کیا حکم ہوگا)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس عورت کے لئے اتنا حق مہر ہوگا جتنا (عام طور پر) اس کی عورتوں کا ہوتا ہے اور کچھ مزید فائدہ بھی ہوگا۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[4]

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/ ۳۷۰ ح ۱۴۹۸؛ الکافی: ۵/ ۴۰۲ ح ۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/ ۲۶۵ ح ۲۷۰۵۲؛ الوافی: ۲۲/ ۵۴۰؛ مستدرک الوسائل: ۱۵/ ۱۷ ح ۱۷۵۶۸؛ دعائم الاسلام: ۲/ ۲۲۵؛ هدایۃ الامہ: ۷/ ۲۸۴؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/ ۵۰۲ ح ۳۹۰۵۲

[2] ملاذ الاخیار: ۱۲/ ۵۹۴؛ کتاب النکاح اراکی: ۲۱۳؛ فقہ الصادقؑ: ۲۲/ ۲۰۰؛ جواہر الکلام: ۳۱/ ۹۴؛ رسائل المیرزا القمی: ۲/ ۹۴۶؛ الدرر النجفیہ: ۲/ ۲۱۳

[3] تہذیب الاحکام: ۷/ ۳۶۲ ح ۱۴۶۸؛ الاستبصار: ۳/ ۲۲۵ ح ۸۱۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/ ۲۶۸ ح ۲۷۰۶۵؛ الوافی: ۲۱/ ۴۶۶؛ هدایۃ الامہ: ۷/ ۲۸۸

[4] ملاذ الاخیار: ۱۲/ ۲۳۲؛ کتاب نکاح شبیری: ۲۲/ ۷۰۹۸؛ فقہ الصادقؑ: ۲۲/ ۱۵۶

{2245} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الصَّفَّارِ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ يَزِيدَ وَ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْأَشْعَرِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ أَبَانِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَأَةً فَوَهِمَ أَنْ يُسَمِّيَ لَهَا صَدَاقاً حَتَّى دَخَلَ بِهَا قَالَ السُّنَّةُ وَ السُّنَّةُ خَمْسُمِائَةِ دِرْهَمٍ الْحَدِيثَ

ابوبصیر سے روایت ہے کہ میں نے ان (امام علیہ السلام) سے پوچھا کہ ایک شخص نے ایک عورت سے شادی کی مگر حق مہر مقرر کرنا بھول گیا یہاں تک کہ اس عورت سے دخول بھی کرلیا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اسے مہر السنہ دیا جائے گا اور مہر السنہ پانچ سو درہم ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن کالصحیح ہے۔ [2]

{2246} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ أَحْمَدَ عَنِ ابْنِ أَبِي نَجْرَانَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: قَضَى عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلاَمُ فِي رَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَأَةً وَ أَصْدَقَهَا وَ اشْتَرَطَتْ أَنَّ بِيَدِهَا الْجِمَاعَ وَ الطَّلاَقَ قَالَ خَالَفَتِ السُّنَّةَ وَ وَلَّتِ الْحَقَّ مَنْ لَيْسَ بِأَهْلِهِ قَالَ فَقَضَى أَنَّ عَلَى الرَّجُلِ النَّفَقَةَ وَ بِيَدِهِ الْجِمَاعَ وَ الطَّلاَقَ وَ ذَلِكَ السُّنَّةُ.

محمد بن قیس سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: امیر المومنین علیہ السلام نے ایسے شخص کے متعلق فیصلہ فرمایا جس نے ایک عورت سے شادی کی اور حق مہر میں یہ شرط رکھی گئی کہ جماع (کرانا) اور طلاق (دینا) اس عوت کے ہاتھ میں ہوگا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس عورت نے سنت کی مخالفت کی ہے اور اس حق کی مالکہ ہوئی ہے جس کی وہ اہل نہیں ہے نیز فرمایا: آپ علیہ السلام نے فیصلہ فرمایا کہ نفقہ (وغیرہ) مرد پر واجب ہے اور جماع اور طلاق کا معاملہ بھی اسی کے ہاتھ میں ہے اور یہی سنت ہے (اور اس کے خلاف کوئی بھی شرط باطل ہے)۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/۳۶۲ ح ۱۴۶۹؛ الاستبصار: ۳/۲۲۵ ح ۸۱۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۲۷۰ ح ۲۷۰۹۳؛ الوافی: ۲۱/۳۶۶؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۲۸۰؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/۳۸۶ ح ۳۹۰۲۳

[2] کتاب نکاح شبیری: ۲۲/۷۰۶۹؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۲۴۲

[3] تہذیب الاحکام: ۷/۳۶۹ ح ۱۴۹۷؛ الکافی: ۵/۴۰۳ ح ۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۲۸۹ ح ۲۷۱۰۹؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۲۵ ح ۴۴۷۵؛ الوافی ۲۲/۵۴۷؛ مستدرک الوسائل: ۱۵/۸۳ ح ۱۷۶۰۲؛ دعائم الاسلام: ۲/۲۲۷؛ عوالی اللئالی: ۳/۳۶۶؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۲۸۵

[4] ملاذ الاخیار: ۱۲/۲۵۹؛ ارشاد الطالب: ۴/۳۸۷؛ جواہر الکلام: ۳۲/۳۱۷؛ ریاض المسائل: ۱۲/۵۸؛ الشروط والالتزامات: ۱/۳۰۰؛ شرح العروۃ: ۳۳/۷۵؛ فقہ الصادقؑ: ۲۲/۹۱؛ رسائل المیرزا القمی: ۲/۹۳۶

{2247} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ جَعْفَرٍ الْحِمْيَرِيِّ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَتَبْتُ إِلَى أَبِي الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ رَجُلٌ زَوَّجَ ابْنَتَهُ مِنْ رَجُلٍ فَرَغِبَ فِيهِ ثُمَّ زَهِدَ فِيهِ بَعْدَ ذَلِكَ وَ أَحَبَّ أَنْ يُفَرِّقَ بَيْنَهُ وَ بَيْنَ ابْنَتِهِ وَ أَبَى الْخَتَنُ ذَلِكَ وَ لَمْ يُجِبْ إِلَى الطَّلاَقِ فَأَخَذَهُ بِمَهْرِ ابْنَتِهِ لِيُجِيبَ إِلَى الطَّلاَقِ وَ مَذْهَبُ الْأَبِ التَّخَلُّصُ مِنْهُ فَلَمَّا أُخِذَ بِالْمَهْرِ أَجَابَ إِلَى الطَّلاَقِ فَكَتَبَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ إِنْ كَانَ الزُّهْدُ مِنْ طَرِيقِ الدِّينِ فَلْيَعْمِدْ إِلَى التَّخَلُّصِ وَ إِنْ كَانَ غَيْرَهُ فَلاَ يَتَعَرَّضْ لِذَلِكَ.

❁ حسن بن مالک سے روایت ہے کہ میں نے امام علی نقی علیہ السلام کو خط لکھا کہ ایک شخص نے اپنی بیٹی کا نکاح ایک آدمی سے کردیا پس پہلے تو اس نے اسے پسند کیا تھا مگر بعد میں ناپسند کرنے لگا اور چاہا کہ اس لڑکے اور اس کی بیٹی میں جدائی ہو جائے مگر اس کے داماد نے اس سے انکار کردیا اور طلاق دینے کو تیار نہیں ہوا تو اس نے اپنی بیٹی کے مہر میں اس کو گرفتار کیا (یا کرایا) تاکہ وہ طلاق کے لئے تیار ہو جائے اور باپ کا مقصد صرف اس سے چھٹکارا حاصل کرنا تھا چنانچہ جب مہر میں اس کو گرفتار کیا تو وہ طلاق کے لئے آمادہ ہو گیا؟

امام علیہ السلام نے جواب لکھا کہ اگر اس کی ناپسندیدگی دینی وجہ کی بنا پر ہے تو پھر چھٹکارا حاصل کرلے اور اگر اس کے علاوہ کسی اور وجہ سے ہے تو پھر اس کے درپے نہ ہو۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2248} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ صَفْوَانَ عَنْ أَبِي الْمَغْرَاءِ عَنْ سَمَاعَةَ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: تَزَوَّجَ أَبُو جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ امْرَأَةً فَزَارَهَا وَ أَرَادَ أَنْ يُجَامِعَهَا فَأَلْقَى عَلَيْهَا كِسَاهُ ثُمَّ أَتَاهَا قُلْتُ أَرَأَيْتَ إِذَا أَوْفَى مَهْرَهَا أَ لَهُ أَنْ يَرْتَجِعَ الْكِسَاءَ قَالَ لاَ إِنَّمَا اسْتَحَلَّ بِهِ فَرْجَهَا.

❁ ابو بصیر سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے ایک عورت سے شادی کی پس آپ علیہ السلام نے اس سے ملاقات کی اور جماع کا ارادہ کیا تو اس پر اپنی چادر ڈال دی پھر اس سے واپس آ گئے۔

میں نے عرض کیا: جب آدمی پورا حق مہر ادا کر چکے تو کیا اپنی دی ہوئی چادر واپس لے سکتا ہے؟

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۳۳ ح ۴۵۰۰؛ الوافی: ۲۲/۹۸۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۲۹۱ ح ۲۷۱۱۲؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/۲۹۶؛ موسوعۃ الامام الہادی: ۳/۱۴۱؛ مکاتیب الائمۃ: ۶/۱۹۳

[2] روضۃ المتقین: ۸/۳۴۳؛ مقامع الفضل: ۲/۵۰

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں کیونکہ اس کے ذریعے اس نے اس عورت کی شرمگاہ کو حلال کیا ہے۔[1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔[2]

{2249} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: قُلْتُ لَهُ رَجُلٌ تَزَوَّجَ بِجَارِيَةٍ عَاتِقٍ عَلَى أَنْ لاَ يَفْتَضَّهَا ثُمَّ أَذِنَتْ لَهُ بَعْدَ ذَلِكَ قَالَ إِذَا أَذِنَتْ لَهُ فَلاَ بَأْسَ.

اسحاق بن عمار سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ ایک شخص نے ایک نوجوان کنیز سے اس شرط پر شادی کی کہ وہ اس کا پردۂ بکارت زائل نہیں کرے گا پھر بعد میں اس لڑکی نے اس کو اس کی اجازت دے دی (تو کیا یہ درست ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب اس نے اس کی اجازت دے دی تو پھر کوئی حرج نہیں ہے۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق کالصحیح ہے۔[4]

{2250} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ يُوسُفَ الْأَزْدِيِّ عَنْ عَاصِمِ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي رَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَأَةً وَ شَرَطَ لَهَا إِنْ تَزَوَّجَ عَلَيْهَا امْرَأَةً أَوْ هَجَرَهَا أَوِ اتَّخَذَ عَلَيْهَا سُرِّيَّةً فَهِيَ طَالِقٌ فَقَضَى فِي ذَلِكَ أَنَّ شَرْطَ اللَّهِ قَبْلَ شَرْطِكُمْ فَإِنْ شَاءَ وَفَى لَهَا بِالشَّرْطِ وَ إِنْ شَاءَ أَمْسَكَهَا وَ اتَّخَذَ عَلَيْهَا وَ نَكَحَ عَلَيْهَا.

محمد بن قیس نے امام محمد باقر علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں روایت کی ہے جس نے ایک عورت سے اس شرط پر تزویج کی ہے جس نے ایک عورت سے اس شرط پر تزویج کی کہ اس (شخص) نے دوسری شادی کی یا اس سے (دور) ہجرت کی یا اس پر کوئی کنیز رکھی تو یہ اس کو طلاق ہوگئی تو آپ علیہ السلام نے اس سلسلے میں فیصلہ فرمایا کہ اللہ کی شرط تمہاری شرط سے پہلے ہے پس اگر وہ شخص چاہے تو اس شرط پر عمل کرے اور اگر چاہے تو اس عورت کو اپنے پاس رکھے یا اس پر کنیز رکھے یا اس پر

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/۲۶۸ ح ۱۱۴۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۲۹۲ ح ۲۷۱۱۳؛ الوافی: ۲۲/۵۳۴؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۲۹۶

[2] ملاذ الاخیار: ۱۲/۲۵۵

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۶۶ ح ۴۶۱۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/۳۶۹ ح ۱۴۹۵؛ الوافی: ۲۲/۲۶۶؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۳۳ ح ۲۶۴۴۹؛ عوالی اللئالی: ۳/۲۶۶؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۲۸۵

[4] نہایۃ المرام فی شرح مختصر شرائع الاسلام / تعلیقہ: نہ شرائع الشریعہ: ۲/۹۴؛ روضۃ المتقین: ۸/۵۰۶

(دوسرا) نکاح کرے۔ (1)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (2)

{2251} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ مُحَمَّدٍ الْأَشْعَرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ زُرَارَةَ عَنْ أَبِيهِ زُرَارَةَ قَالَ: كَانَ النَّاسُ بِالْبَصْرَةِ يَتَزَوَّجُونَ سِرّاً فَيَشْتَرِطُ عَلَيْهَا أَنْ لاَ آتِيَكِ إِلاَّ نَهَاراً وَلاَ آتِيَكِ بِاللَّيْلِ وَلاَ أَقْسِمَ لَكِ قَالَ زُرَارَةُ وَكُنْتُ أَخَافُ أَنْ يَكُونَ هَذَا تَزْوِيجاً فَاسِداً فَسَأَلْتُ أَبَا جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ ذَلِكَ فَقَالَ لاَ بَأْسَ بِهِ يَعْنِي التَّزْوِيجَ إِلاَّ أَنَّهُ يَنْبَغِي أَنْ يَكُونَ هَذَا الشَّرْطُ بَعْدَ النِّكَاحِ وَلَوْ أَنَّهَا قَالَتْ لَهُ بَعْدَ هَذِهِ الشُّرُوطِ قَبْلَ التَّزْوِيجِ نَعَمْ ثُمَّ قَالَتْ بَعْدَ مَا تَزَوَّجَهَا إِنِّي لاَ أَرْضَى إِلاَّ أَنْ تَقْسِمَ لِي وَتَبِيتَ عِنْدِي فَلَمْ يَفْعَلْ كَانَ آثِماً

زرارہ سے روایت ہے کہ بصرہ کے لوگ خفیہ تزویج کرتے تھے اور عورت پر یہ شرط مقرر کرتے تھے کہ وہ اس کے پاس صرف دن کو آئے گا اور رات کو نہیں آئے گا اور نہ تیرے لئے (بیویوں کی) تقسیم کروں گا اور مجھے خوف ہوا کہ کہیں یہ تزویج فاسد ہی نہ ہو پس میں نے اس سلسلے میں امام محمد باقر علیہ السلام سے پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے یعنی یہ تزویج جائز ہے مگر اسے چاہیے کہ یہ شرط نکاح کے بعد لگائے اور اگر تزویج سے پہلے عورت ان شروط کے بعد ہاں کہے پھر تزویج کے بعد کہے کہ میں راضی نہیں ہوں مگر یہ کہ میرے لئے (بیویوں کی) تقسیم کرو اور میرے پاس شب باشی کرو۔ پس اگر یہ نہیں کرتا تو گنہگار ہوگا۔ (3)

تحقیق:

حدیث موثق علی الظاہر ہے۔ (4)

{2252} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ وَعَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ جَمِيعاً عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رِئَابٍ عَنْ أَبِي الْحَسَنِ مُوسَى عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سُئِلَ وَأَنَا حَاضِرٌ عَنْ رَجُلٍ

---

(1) تہذیب الاحکام: ۷/۴۰۷ ح ۱۵۰۰ و ۸/۵۱ ح ۱۶۳؛ الاستبصار: ۳/۲۳۱ ح ۸۳۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۲۹۶ ح ۲۷۱۲۰؛ الوافی: ۲۲/۵۵۱؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/۵۸۲ ح ۳۹۱۸۹

(2) ملاذ الاخیار: ۱۲/۲۶۰؛ رسائل المیرزا القمی: ۲/۹۴۶؛ ریاض المسائل: ۳/۲۷۴؛ کتاب النکاح مکارم: ۲/۵۱۰؛ شرح العروۃ: ۳۳/۵۷

(3) تہذیب الاحکام: ۷/۳۷۴ ح ۱۵۱۰؛ الوافی: ۲۲/۵۵۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۲۹۸ ح ۲۷۱۲۳؛ ہدایۃ الامۃ: ۷/۲۸۶؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/۵۸۶ ح ۳۹۱۹۶

(4) ملاذ الاخیار: ۱۲/۲۶۷

تَزَوَّجَ امْرَأَةً عَلَى مِائَةِ دِينَارٍ عَلَى أَنْ تَخْرُجَ مَعَهُ إِلَى بِلَادِهِ فَإِنْ لَمْ تَخْرُجْ مَعَهُ فَإِنَّ مَهْرَهَا خَمْسُونَ دِينَاراً إِنْ أَبَتْ أَنْ تَخْرُجَ مَعَهُ إِلَى بِلَادِهِ قَالَ فَقَالَ إِنْ أَرَادَ أَنْ يَخْرُجَ بِهَا إِلَى بِلَادِ الشِّرْكِ فَلَا شَرْطَ لَهُ عَلَيْهَا فِي ذَلِكَ وَلَهَا مِائَةُ دِينَارٍ الَّتِي أَصْدَقَهَا إِيَّاهَا وَإِنْ أَرَادَ أَنْ يَخْرُجَ بِهَا إِلَى بِلَادِ الْمُسْلِمِينَ وَدَارِ الْإِسْلَامِ فَلَهُ مَا اشْتَرَطَ عَلَيْهَا وَالْمُسْلِمُونَ عِنْدَ شُرُوطِهِمْ وَلَيْسَ لَهُ أَنْ يَخْرُجَ بِهَا إِلَى بِلَادِهِ حَتَّى يُؤَدِّيَ إِلَيْهَا صَدَاقَهَا أَوْ تَرْضَى مِنْهُ مِنْ ذَلِكَ بِمَا رَضِيَتْ وَهُوَ جَائِزٌ لَهُ.

❁ علی بن رئاب سے روایت ہے کہ میری موجودی میں امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں پوچھا گیا جو ایک سو دینار کے عوض ایک عورت سے تزویج کرتا ہے (اس شرط کے ساتھ) کہ وہ اس کے ساتھ اس شخص کے شہر چلی جائے گی اور اگر وہ اس کے ساتھ نہ گئی تو اس کا مہر پچاس دینار ہو جائے اور اگر وہ اس شخص کے ساتھ اس کے شہر جانے سے انکار کر دے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر وہ شخص اسے مشرکین کے شہر لے جانے کا ارادہ کرے تو اس شخص کی طرف سے اس عورت پر کوئی شرط واجب نہیں ہے اور اس کے لئے وہ سو دینار ہوں گے جو اس نے حق مہر مقرر کیا تھا اور اگر وہ اس عورت کو مسلمانوں کے شہر اور دارالاسلام میں لے جانے کا ارادہ کرے تو اس کی شرط عورت پر واجب ہوگی اور مسلمان اپنی شرط کے پابند ہوتے ہیں اور اس مرد کو حق نہیں ہے کہ اسے اپنے وطن لے جائے جب تک کہ اس کو اس کا حق مہر ادا نہ کرے یا وہ عورت اس سے اس (حق مہر کے) معاملے میں راضی ہو جائے تو وہ اس کے لئے جائز ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن کالصحیح ہے۔ [2]

{2253} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ شِهَابٍ أَنَّهُ سَأَلَ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ: عَنْ رَجُلٍ تَزَوَّجَ بِامْرَأَةٍ بِأَلْفِ دِرْهَمٍ فَأَدَّاهَا إِلَيْهَا فَوَهَبَتْهَا لَهُ وَقَالَتْ أَنَا فِيكَ أَرْغَبُ فَطَلَّقَهَا قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ بِهَا قَالَ يَرْجِعُ عَلَيْهَا بِخَمْسِمِائَةِ دِرْهَمٍ.

❁ شہاب سے روایت ہے کہ انہوں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں پوچھا جس نے ایک عورت سے ایک ہزار درہم مہر پر نکاح کیا اور مہر کی رقم اس کو ادا کر دی گئی مگر اس نے یہ رقم اپنے شوہر کو دے دی اور یہ کہا کہ میں تو بس تمہیں چاہتی ہوں مگر اس شخص نے دخول سے پہلے اسے طلاق دے دی تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ پانچ سو درہم (نصف حق

---

[1] الکافی: ۵/۴۰۴ ح۹؛ تہذیب الاحکام: ۷/۳۷۳ ح۱۵۰۷؛ قرب الاسناد: ۳۰۳ ح۷؛ عوالی اللئالی: ۳/۲۹۷ ح۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۲۹۹ ح۲۷۱۲۷؛ الوافی: ۲۲/۵۵۰؛ بحارالانوار: ۱۰۰/۳۵۵

[2] کتاب نکاح شبیری: ۲۲/۷۰۹۰؛ ریاض المسائل: ۱۲/۹۵؛ مرآۃ العقول: ۲۰/۳۴۷؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۲۶۵

مہر) اسے واپس کردے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

قول مؤلف:

تہذیب الاحکام وغیرہ کتب میں اس حدیث کے آخر میں اس طرح الفاظ وارد ہیں کہ امام علیہ السلام نے فرمایا: وہ پانچ سو درہم (اصل مہر کا) نصف اپنی گرہ سے ادا کرے گی اور اسے کچھ نہیں ملے گا (واللہ اعلم)

{2254} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي نَصْرٍ قَالَ: سَأَلْتُ اَلرِّضَا عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ عَنْ خَصِيٍّ تَزَوَّجَ اِمْرَأَةً عَلَى أَلْفِ دِرْهَمٍ ثُمَّ طَلَّقَهَا بَعْدَ مَا دَخَلَ بِهَا قَالَ لَهَا اَلْأَلْفُ اَلَّذِي أَخَذَتْ مِنْهُ وَلاَ عِدَّةَ عَلَيْهَا.

❁ احمد بن ابونصر سے روایت ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک خصی شخص نے ایک عورت سے ایک ہزار درہم حق مہر پر شادی کی پھر دخول کے بعد اسے طلاق دے دی؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ عورت ایک ہزار درہم کی حقدار ہے وہ اس سے حاصل کرے البتہ اس عورت پر عدت نہیں ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2255} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَلْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ زَيْدٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ أَنَّ عَلِيّاً عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: إِذَا اُغْتُصِبَتْ أَمَةٌ فَاقْتُضَّتْ فَعَلَيْهِ عُشْرُ ثَمَنِهَا فَإِذَا كَانَتْ حُرَّةً فَعَلَيْهِ اَلصَّدَاقُ.

❁ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: جب کوئی کسی کی کنیز غصب کرے اور اس کا پردہ بکارت زائل کردے تو اس پر اس کی قیمت

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۷۵۰ ح ۴۷۸۱؛ الکافی: ۶/۱۰۷ ح ۸؛ الوافی: ۲۱/۹۴۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۳۰۱ ح ۲۷۱۳۰؛ تہذیب الاحکام: ۷/۳۷۴ ح ۱۵۱۱؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۲۹۰؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/۸۵۳

[2] روضۃ المتقین: ۹/۸۷

[3] تہذیب الاحکام: ۷/۳۷۵ ح ۱۵۱۷؛ الوافی: ۲۳/۱۱۸۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۳۰۳ ح ۲۷۱۳۵؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۲۹۷

[4] ملاذ الاخیار: ۱۲/۲۷۰؛ کتاب نکاح شبیری: ۲۳/۷۱۹۶ و ۲۱/۶۸۱۲؛ فقہ الصادقؑ: ۲۳/۹؛ جواہر الکلام: ۳۲/۱۳؛ تفصیل الشریعہ: ۲۳/۹۳؛ الانوار اللوامع: ۱۰/۱۱۲؛ ریاض المسائل: ۱۲/۲۸۴

کا دسواں حصہ واجب الادا ہے اور اگر وہ آزاد لڑکی تھی تو اس پر اس کا حق مہر واجب ہے۔ ①

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ ②

{2256} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيٍّ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَفْصِ بْنِ الْبَخْتَرِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِذَا الْتَقَى الْخِتَانَانِ وَجَبَ الْمَهْرُ وَ الْعِدَّةُ وَ الْغُسْلُ.

✪ حفص بن البختری سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب (مرد و عورت کے) ختنے کے مقام متصل ہو جائیں تو مہر، عدت اور غسل واجب ہے۔ ③

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ ④

{2257} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْوَلِيدِ عَنْ يُونُسَ بْنِ يَعْقُوبَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ سَمِعْتُهُ يَقُولُ: لاَ يُوجِبُ الْمَهْرَ إِلاَّ الْوِقَاعُ فِي الْفَرْجِ.

✪ یونس بن یعقوب سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا کہ فرج میں جمع کرنے کے علاوہ (کسی اور جگہ کرنے سے) حق مہر واجب نہیں ہوتا۔ ⑤

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ ⑥

{2258} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الرَّجُلِ يُطَلِّقُ الْمَرْأَةَ وَ قَدْ مَسَّ كُلَّ شَيْءٍ مِنْهَا إِلاَّ أَنَّهُ لَمْ يُجَامِعْهَا أَلَهَا عِدَّةٌ فَقَالَ ابْتُلِيَ أَبُو جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ بِذَلِكَ فَقَالَ لَهُ أَبُوهُ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ إِذَا

---

① من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۲۱ ح ۴۶۵۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/۳۸۱ ح ۱۵۴۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۳۰۴ ح ۲۷۱۳۴؛ الوافی: ۲۲/۶۸۴

② روضۃ المتقین: ۸/۲۷۶

③ الکافی: ۶/۱۰۹ ح ۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۳۱۹ ح ۲۷۱۸۳؛ الوافی: ۲۲/۹۷ و ۲۲/۵۱۳؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۲۹۱

④ الحاشیۃ المقدسانیہ: ۳۳۳؛ تفصیل الشریعہ: ۲۳۶۲۰؛ مرآۃ العقول: ۲۱/۱۸۵

⑤ تہذیب الاحکام: ۷/۴۶۴ ح ۱۸۵۹؛ عوالی اللئالی: ۳/۳۴۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۳۳۱ ح ۲۷۲۲۰؛ الاستبصار: ۳/۲۲۶ ح ۸۱۷؛ الوافی: ۲۲/۵۱۴؛ الفصول المہمہ: ۲/۳۶۱

⑥ فقہ الصادقؑ: ۲۳/۱۶؛ جواہر الکلام: ۳۲/۲۱۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۳۶۳

أَغْلَقَ بَاباً وَ أَرْخَى سِتْراً وَجَبَ اَلْمَهْرُ وَ اَلْعِدَّةُ.

✿ حلبی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص اپنی بیوی کو طلاق دیتا ہے جس کی ہر شئے کو اس نے چھوا ہے لیکن جماع نہیں کیا ہے تو کیا عورت کے لئے عدت ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: امام محمد باقر علیہ السلام بھی اس صورت حال سے دوچار ہوئے تھے تو ان سے ان کے والد بزرگوار امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا کہ جب کوئی شوہر (اپنی بیوی کے ہمراہ) دروازہ بند کردے اور پردہ لٹکا دے تو حق مہر اور عدت واجب ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [2]

{2259} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَلْحَسَنِ بْنِ فَضَّالٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنِ اَلْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رِئَابٍ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: قُلْتُ لَهُ اَلرَّجُلُ يَتَزَوَّجُ اَلْمَرْأَةَ فَيُرْخِي عَلَيْهِ وَ عَلَيْهَا اَلسِّتْرَ أَوْ يُغْلِقُ اَلْبَابَ ثُمَّ يُطَلِّقُهَا فَتُسْأَلُ اَلْمَرْأَةُ هَلْ أَتَاكِ فَتَقُولُ مَا أَتَانِي وَ يُسْأَلُ هُوَ هَلْ أَتَيْتَهَا فَيَقُولُ لَمْ آتِهَا قَالَ فَقَالَ لاَ يُصَدَّقَانِ وَ ذَلِكَ لِأَنَّهَا تُرِيدُ أَنْ تَدْفَعَ اَلْعِدَّةَ عَنْ نَفْسِهَا وَ يُرِيدُ هُوَ أَنْ يَدْفَعَ اَلْمَهْرَ.

✿ ابو بصیر سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ ایک شخص ایک عورت سے شادی کرتا ہے اور اپنے اوپر اور عورت پر پردہ ڈالتا ہے یا دروازہ بند کرتا ہے پھر اسے طلاق دے دیتا ہے پس جب عورت سے پوچھا جاتا ہے کہ کیا اس نے تجھ سے جماع کیا تو وہ کہتی ہے کہ اس نے مجھ سے جماع نہیں کیا اور جب مرد سے یہی پوچھا جاتا ہے کہ کیا تم نے اس عورت سے جماع کیا ہے تو وہ کہتا ہے کہ میں نے اس سے جماع نہیں کیا (تو حق مہر کا کیا حکم ہوگا)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ان دونوں کی (بات کی) تصدیق نہیں کی جائے گی کیونکہ عورت چاہتی ہے کہ وہ (یہ کہہ کر) اپنے آپ کو عدت سے بچا لے اور مرد چاہتا ہے کہ وہ (یہ کہہ کر پورے) حق مہر سے بچ جائے۔ [3]

---

[1] الکافی: ۶/۱۰۹ ح ۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۳۲۱ ح ۲۷۱۹۱؛ الوافی: ۲۲/۴۱۵؛ تفسیر نور الثقلین: ۳/۸۹ ۴؛ تفسیر کنز الدقائق: ۱۰/۴۰۸

[2] کتاب نکاح شبیری: ۲۳/۷۱۹۵؛ الجعمہ فی شرح اللمعہ: ۹/۱۰۱؛ الانوار اللوامع: ۱۰/۱۱۳؛ جواہر الکلام: ۳۱/۸۷؛ مراۃ العقول: ۲۱/۱۸۶

[3] تہذیب الاحکام: ۷/۴۶۵ ح ۱۸۶۵؛ الکافی: ۶/۱۱۰ ح ۸؛ علل الشرائع: ۲/۵۱۷؛ الاستبصار: ۳/۲۲۷ ح ۸۲۳؛ الوافی: ۲۳/۴۷۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۳۲۴ ح ۲۷۱۹۸؛ عوالی اللئالی: ۳/۱۳۳؛ تفسیر نور الثقلین: ۳/۸۹ ۴؛ تفسیر کنز الدقائق: ۱۰/۴۰۹؛ مستدرک الوسائل: ۱۵/۹۶ ح ۱۷۶۴۲؛ بحار الانوار: ۱۰۰/۳۵۵

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ (1)

قول مؤلف:

کافی میں حدیث کے آخر میں یہ لفظ بھی درج ہیں کہ (ایسا تب کہا جائے گا) جب وہ دونوں متہم ہوں (واللہ اعلم)

{2260} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رِئَابٍ عَنْ زُرَارَةَ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الْمَرْأَةِ تَمُوتُ قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ بِهَا زَوْجُهَا أَوْ يَمُوتُ الزَّوْجُ قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ بِهَا قَالَ أَيُّهُمَا مَاتَ فَلِلْمَرْأَةِ نِصْفُ مَا فَرَضَ لَهَا وَإِنْ لَمْ يَكُنْ فَرَضَ لَهَا فَلَا مَهْرَ لَهَا.

✿ زرارہ سے روایت ہے کہ میں نے ان (امام علیہ السلام) سے پوچھا کہ اگر عورت سے شوہر کے دخول کرنے سے پہلے وہ مرجاتی ہے یا شوہر عورت سے دخول کرنے سے پہلے مرجاتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ان میں جو بھی اس صورت میں مرجائے تو عورت کو مقررہ حق مہر کا نصف ملے گا اور اگر مقرر نہ تھا تو پھر اس کے لئے کوئی مہر نہیں ہے۔ (2)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (3)

﴿متعہ (معینہ مدت کا نکاح)﴾

{2261} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ وَ عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ جَمِيعاً عَنِ ابْنِ أَبِي نَجْرَانَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَنِ الْمُتْعَةِ فَقَالَ نَزَلَتْ فِي الْقُرْآنِ: (فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهِ مِنْهُنَّ فَآتُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ فَرِيضَةً وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيمَا تَرَاضَيْتُمْ بِهِ مِنْ بَعْدِ الْفَرِيضَةِ).

✿ ابو بصیر سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے متعہ کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس کے بارے قرآن مجید کی یہ آیت نازل ہوئی ہے کہ: ''پس جن عورتوں سے تم نے متعہ کیا ہے ان کا طے شدہ مہر بطور فرض ادا کرو اور

---

(1) ملاذ الاخیار: ۱۲/۳۶۹؛ الانوار اللوامع: ۱۰/۱۱۳

(2) تہذیب الاحکام: ۸/۱۴۶ ح ۵۰۹؛ الکافی: ۶/۱۱۹ ح ۵؛ الاستبصار: ۳/۳۴۱ ح ۱۲۱۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۳۲۸ ح ۲۷۲۰۸؛ الوافی: ۲۲/۵۰۰؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/۲۹۲

(3) ملاذ الاخیار: ۱۳/۲۸۹؛ تراث الشیعہ الفقہی: ۲/۲۲۸؛ فقہ الصادقؑ: ۲۲/۱۳۲ و ۱۵۹؛ فقہ الامام جعفر الصادقؑ: ۵/۲۸۰

طے کرنے کے بعد اگر آپس کی رضامندی سے (مہر میں کمی بیشی) کرو تو تم پر کوئی گناہ نہیں ہے۔(النسا:۲۴)"[1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن کالصحیح ہے۔[2]

{2262} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَمَّنْ ذَكَرَهُ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِنَّمَا نَزَلَتْ (فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهِ مِنْهُنَّ إِلَى أَجَلٍ مُسَمًّى فَآتُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ فَرِيضَةً)

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ (متعہ والی) آیت یوں نازل ہوئی تھی کہ: "پس جن عورتوں سے تم نے ایک مقررہ مدت تک متعہ کیا ہے تو ان کا طے شدہ مہر بطور فرض ادا کرو۔"[3]

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔[4]

قول مؤلف:

عامہ نے بھی اس آیت کے متعلق بالکل اسی طرح روایت کیا ہے کہ اسی طرح (الی اجل مسمی کے الفاظ کے ساتھ) نازل ہوئی تھی اور حضرات ابن عباس، ابی بن کعب اور سعید بن جبیر وغیرھم کی قرأت اسی طرح تھی۔[5]

{2263} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِنَّ اللَّهَ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى حَرَّمَ عَلَى شِيعَتِنَا الْمُسْكِرَ مِنْ كُلِّ شَرَابٍ وَ عَوَّضَهُمْ مِنْ ذَلِكَ الْمُتْعَةَ.

عبداللہ بن سنان سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے ہمارے شیعوں پر ہر قسم کی نشہ آور پینے والی چیز کو حرام قرار دیا ہے اور ان سب چیزوں کا عوض یہ متعہ ہے (جسے حلال قرار دیا ہے)۔[6]

---

[1] الکافی:۵/۴۴۸ح۱؛ تہذیب الاحکام:۷/۲۵۰ح۱۰۷۹؛ الاستبصار:۳/۱۴۱ح۵۰۷؛ الوافی:۲۱/۳۳۵؛ وسائل الشیعہ:۲۱/۵۶ح۲۶۴۳۲؛ تفسیر البرہان ۲/۵۸؛ تفسیر نور الثقلین:۱/۴۶۷؛ تفسیر کنز الدقائق:۳/۳۷۴

[2] التعلیقۃ الاستدلالیۃ:۴/۲۱۳؛ مرآۃ العقول:۲۰/۲۲۵؛ ملاذ الاخیار:۱۲/۲۹

[3] الکافی:۵/۴۴۹ح۳؛ تفسیر البرہان،۲/۵۸؛ وسائل الشیعہ:۲۱/۵ح۲۶۴۵۸؛ تفسیر نور الثقلین:۱/۴۶۷؛ تفسیر الصافی:۱/۴۳۸؛ الوافی:۲۱/۳۳۶؛ ھدایۃ الامۃ:۷/۲۱۳

[4] مرآۃ العقول:۲۰/۲۲۸

[5] تفسیر در منثور(مترجم):۲/۴۸۷؛ تفسیر فتح القدیر شوکانی:۱/۴۴۱؛ مستدرک حاکم:۳/۴۷۱ح۳۱۹۲ (صحیح علی شرط مسلم)؛ تفسیر جامع البیان طبری: ۶/۵۸۶ح۵۸۹؛ المصاحف ابوداؤد:۵۳و۸۱؛ تفسیر الثعلبی:۵/۲۱۰ح۲۱۳؛ تفسیر الکشاف:۵/۲۳۱؛ المصنف عبدالرزاق:۷/۴۹۸ح۱۴۰۲۲؛ المعجم الکبیر طبرانی:۱۰/۳۸۹ح۱۰۷۸۲

[6] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۶۷ح۴۶۱۲؛ بحار الانوار:۱۰۰/۳۰۶؛ خلاصۃ الایجاز:۹؛ مستدرک الوسائل:۱۴/۴۵۲ح۱۷۲۵۸؛ الوافی:۲۱/۳۴۴؛ وسائل الشیعہ:۲۱/۷ح۲۶۴۶۳؛ مجمع البحرین:۴/۳۹۱

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (۱)

{2264} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الْمُتْعَةِ فَقَالَ إِنِّي لَأَكْرَهُ لِلرَّجُلِ الْمُسْلِمِ أَنْ يَخْرُجَ مِنَ الدُّنْيَا وَ قَدْ بَقِيَتْ عَلَيْهِ خَلَّةٌ مِنْ خِلاَلِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ لَمْ يَقْضِهَا .

❂ بکر بن محمد سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے متعہ کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: میں کسی مسلمان شخص کے لئے یہ بات ناپسند کرتا ہوں کہ وہ دنیا سے چلا جائے اور اس کے ذمے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کوئی خصلت وسنت باقی ہو جسے اس نے ادا نہ کیا ہو۔ (۲)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (۳)

{2265} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ أُذَيْنَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: قُلْتُ كَمْ تَحِلُّ مِنَ الْمُتْعَةِ قَالَ فَقَالَ هُنَّ بِمَنْزِلَةِ الْإِمَاءِ.

❂ عمر بن اذینہ سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ (ایک ہی وقت میں) کس قدر عورتوں سے متعہ جائز ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ بمنزلہ کنیزوں کے ہیں۔ (۴)

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ (۵)

{2266} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَقْطِينٍ قَالَ:

---

(۱) روضۃ المتقین: ۸/۵۰۸؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۴/۲۱۵

(۲) من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۶۳ ح ۴۶۰۲؛ قرب الاسناد: ۴۴؛ الفصول المہمہ: ۲/۳۴۸؛ الوافی: ۲۱/۴۴۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۱۲ ح ۲۶۳۸۸؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۴۵۱ ح ۱۷۲۵۵؛ خلاصۃ الایجاز: ۴۲؛ بحار الانوار: ۱۰۰/۲۹۸؛ ہدایۃ الامہ: ۷/۲۱۴؛ مکارم الاخلاق: ۴۹؛ تفسیر کنز الدقائق: ۳/۴۲۷؛ تفسیر البرہان: ۵/۲۰۴؛ الفصول المہمہ: ۱/۴۵۱؛ تفسیر نور الثقلین: ۵/۳۶۹

(۳) روضۃ المتقین: ۸/۴۹۸

(۴) الکافی: ۵/۴۵۱ ح ۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۱۹ ح ۲۶۴۱۱؛ الوافی: ۲۱/۴۰۵؛ خلاصۃ الایجاز: ۵۲؛ ہدایۃ الامہ: ۷/۲۰۶

(۵) التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۴/۷۹؛ مرآۃ العقول: ۲۰/۲۳۰

سَأَلْتُ أَبَا الْحَسَنِ مُوسَى عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الْمُتْعَةِ فَقَالَ وَمَا أَنْتَ وَذَاكَ فَقَدْ أَغْنَاكَ اللَّهُ عَنْهَا قُلْتُ إِنَّمَا أَرَدْتُ أَنْ أَعْلَمَهَا فَقَالَ هِيَ فِي كِتَابِ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلاَمُ فَقُلْتُ نَزِيدُهَا وَ تَزْدَادُ فَقَالَ وَ هَلْ يَطِيبُهُ إِلاَّ ذَاكَ.

❂ علی بن یقطین سے روایت ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے متعہ کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: تمہارا اس سے کیا کام؟ تمہیں تو اللہ نے اس سے بے نیاز کر دیا ہے۔

میں نے عرض کیا: میں نے ارادہ کیا کہ اس کے بارے عالم بن جاؤں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ (متعہ) حضرت علی علیہ السلام کی کتاب میں ہے۔

میں نے عرض کیا: میں اس عورت کے لئے (حق مہر کا) اضافہ کرتا ہوں اور وہ (مدت میں) اضافہ کرتی ہے (تو کیا یہ درست ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کیا اس کے علاوہ بھی کوئی بہترین بات ہوگی؟[1]

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔[2]

{2267} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ أَبَانٍ عَنْ أَبِي مَرْيَمَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: أَنَّهُ سُئِلَ عَنِ الْمُتْعَةِ فَقَالَ إِنَّ الْمُتْعَةَ الْيَوْمَ لَيْسَ كَمَا كَانَتْ قَبْلَ الْيَوْمِ إِنَّهُنَّ كُنَّ يَوْمَئِذٍ يُؤْمَنَّ وَ الْيَوْمَ لاَ يُؤْمَنَّ فَاسْأَلُوا عَنْهُنَّ.

❂ ابو مریم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام متعہ کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: متعہ ان دنوں میں ویسا نہیں ہے جیسا اس سے پہلے والے دنوں میں ہوتا تھا اور عورتیں ان دنوں امین ہوتی تھیں جبکہ ان دنوں امین نہیں ہیں لہٰذا تم ان کے بارے پوچھ گچھ کر لیا کرو (پھر متعہ کیا کرو)۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق کالصحیح ہے۔[4]

---

[1] الکافی: ۵/ ۴۵۲ ح ۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/ ۲۲ ح ۲۶۴۲۰؛ الوافی: ۲۱/ ۳۴۷؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/ ۴۵۵ ح ۱۷۲۶۹؛ النوادر اشعری: ۸۷؛ بحار الانوار: ۱۰۰/ ۳۱۸؛ خلاصۃ الایجاز: ۱۴

[2] مرآۃ العقول: ۲۰/ ۲۳۲

[3] الکافی: ۵/ ۴۵۳ ح ۳؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۴۵۹ ح ۴۵۸۵؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۲۵۱ ح ۱۰۸۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/ ۲۳ ح ۲۶۴۲۲؛ الوافی: ۲۱/ ۳۴۹؛ ھدایۃ الامہ: ۷/ ۲۱۶؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/ ۱۲۰

[4] شرح العروۃ: ۳۳/ ۹۵؛ فقہ الصادقؑ: ۲۱/ ۲۲؛ مستمسک العروۃ: ۱۴/ ۴۳۳؛ روضۃ المتقین: ۸/ ۴۶۵؛ مرآۃ العقول: ۲۰/ ۲۳۳

{2268} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْمَاعِيلَ قَالَ: سَأَلَ رَجُلٌ أَبَا الْحَسَنِ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ وَ أَنَا أَسْمَعُ عَنْ رَجُلٍ يَتَزَوَّجُ اِمْرَأَةً مُتْعَةً وَ يَشْتَرِطُ عَلَيْهَا أَنْ لاَ يَطْلُبَ وَلَدَهَا فَتَأْتِي بَعْدَ ذَلِكَ بِوَلَدٍ فَشَدَّدَ فِي إِنْكَارِ اَلْوَلَدِ وَ قَالَ أَ يَجْحَدُهُ إِعْظَاماً لِذَلِكَ فَقَالَ اَلرَّجُلُ فَإِنِ اِتَّهَمَهَا فَقَالَ لاَ يَنْبَغِي لَكَ أَنْ تَتَزَوَّجَ إِلاَّ مُؤْمِنَةً أَوْ مُسْلِمَةً فَإِنَّ اَللَّهَ عَزَّ وَ جَلَّ يَقُولُ (اَلزّٰانِي لاٰ يَنْكِحُ إِلاّٰ زٰانِيَةً أَوْ مُشْرِكَةً وَ اَلزّٰانِيَةُ لاٰ يَنْكِحُهٰا إِلاّٰ زٰانٍ أَوْ مُشْرِكٌ وَ حُرِّمَ ذٰلِكَ عَلَى اَلْمُؤْمِنِينَ).

❁ محمد بن اسماعیل سے روایت ہے کہ ایک شخص نے امام علی رضا علیہ السلام سے سوال کیا جبکہ میں سن رہا تھا کہ ایک شخص ایک عورت سے نکاح متعہ کرتا ہے اور اس پر یہ شرط مقرر کرتا ہے کہ وہ اس سے اولاد طلب نہیں کرے گا لیکن اس کے بعد عورت ایک بچہ لاتی ہے تو وہ بچے سے شدید انکار کرتا ہے (تو کیا حکم ہوگا)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کیا وہ اس کا انکار اپنے عظیم ہونے کی وجہ سے کرتا ہے؟

اس شخص نے عرض کیا: اگر وہ اس عورت کو تہمت دے تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: تجھے مومنہ اور مسلمان عورت کے علاوہ کسی سے تزویج (متعہ) کرنی ہی نہیں چاہیے (تاکہ ایسی نوبت نہ آئے) کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ: "زانی صرف زانیہ یا مشرکہ سے نکاح کرے گا اور زانیہ صرف زانی یا مشرک سے نکاح کرے گی اور مومنوں پر یہ حرام کیا گیا ہے۔ (النور: ۳)"[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{2269} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ اِبْنِ أَبِي عُمَيْرٍ رَفَعَهُ عَنْ عَبْدِ اَللَّهِ بْنِ أَبِي يَعْفُورٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ اَلْمَرْأَةِ وَ لاَ أَدْرِي مَا حَالُهَا أَ يَتَزَوَّجُهَا اَلرَّجُلُ مُتْعَةً قَالَ يَتَعَرَّضُ لَهَا فَإِنْ أَجَابَتْهُ إِلَى اَلْفُجُورِ فَلاَ يَفْعَلْ.

❁ عبداللہ بن ابی یعفور سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس عورت کے بارے میں پوچھا کہ جس کا مجھے حال معلوم نہ ہو (کہ پاکدامن وغیرہ ہے یا نہیں) تو کیا آدمی کے لئے جائز ہے کہ اس سے نکاح متعہ کرے؟

---

[1] الکافی: ۵/۴۵۴ ح ۳؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۵۹ ح ۴۵۸۷؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۶۹ ح ۱۱۵۷؛ النوادر اشعری: ۸۷؛ تفسیر البرہان: ۴/۴۷؛ الوافی: ۲۱/۳۵۰؛ تفسیر نور الثقلین: ۳/۵۷۲؛ تفسیر کنز الدقائق: ۹/۲۴۶؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۲۷ ح ۲۶۴۳۳؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۱۷۲ ح ۴۷۳۳؛ بحار الانوار: ۱۰۰/۳۱۸

[2] مرآۃ العقول: ۲۰/۲۴۵؛ مسالک الافہام: ۱۰/۲۲۷؛ روضۃ المتقین: ۸/۴۷۲؛ متاع الفضل: ۲۲۱؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۴/۲۶۸؛ نظام النکاح: ۲/۸۹؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۶۹

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اسے پہلے پیشکش کرے پس اگر وہ اس سے بدکاری کی دعوت قبول کرے تو پھر (متعہ) نہ کیا جائے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔[2]

{2270} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ يُونُسَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْفُضَيْلِ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الْمَرْأَةِ الْحَسْنَاءِ الْفَاجِرَةِ هَلْ يَجُوزُ لِلرَّجُلِ أَنْ يَتَمَتَّعَ مِنْهَا يَوْماً أَوْ أَكْثَرَ فَقَالَ إِذَا كَانَتْ مَشْهُورَةً بِالزِّنَا فَلاَ يَتَمَتَّعُ مِنْهَا وَ لاَ يَنْكِحُهَا.

❂ محمد بن فضیل سے روایت ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام سے خوبصورت فاجرہ عورت کے بارے میں پوچھا کہ کیا آدمی کے لئے جائز ہے کہ اس سے ایک دن یا اس سے زیادہ کے لئے متعہ کرے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب وہ زنا کے لئے مشہور عورت ہو تو نہ اس سے متعہ کیا جائے اور نہ اس سے نکاح (دائمی) کیا جائے۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق ہے۔[4]

{2271} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ جَرِيرٍ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ إِنَّ عِنْدَنَا بِالْكُوفَةِ امْرَأَةً مَعْرُوفَةً بِالْفُجُورِ أَ يَحِلُّ أَنْ أَتَزَوَّجَهَا مُتْعَةً قَالَ فَقَالَ رَفَعَتْ رَايَةً قُلْتُ لاَ لَوْ رَفَعَتْ رَايَةً أَخَذَهَا السُّلْطَانُ قَالَ فَقَالَ نَعَمْ تَزَوَّجْهَا مُتْعَةً قَالَ ثُمَّ إِنَّهُ أَصْغَى إِلَى بَعْضِ مَوَالِيهِ فَأَسَرَّ إِلَيْهِ شَيْئاً قَالَ فَدَخَلَ قَلْبِي مِنْ ذَلِكَ شَيْءٌ قَالَ فَلَقِيتُ مَوْلاَهُ فَقُلْتُ لَهُ أَيَّ شَيْءٍ قَالَ لَكَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ فَقَالَ لِي لَيْسَ هُوَ شَيْئاً تَكْرَهُهُ فَقُلْتُ فَأَخْبِرْنِي بِهِ قَالَ فَقَالَ إِنَّمَا قَالَ لِي وَ لَوْ رَفَعَتْ رَايَةً مَا كَانَ عَلَيْهِ فِي تَزْوِيجِهَا شَيْءٌ إِنَّمَا يُخْرِجُهَا مِنْ حَرَامٍ إِلَى حَلاَلٍ.

❂ اسحاق بن جریر سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ ہمارے ہاں کوفہ میں ایک عورت ہے جو بدکاری میں مشہور ہے تو کیا جائز ہے کہ اس سے نکاح متعہ کیا جائے؟

---

[1] الکافی: ۵/۵۴۳ ح ۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۲۷ ح ۲۶۴۳۴؛ الوافی: ۲۱/۳۵۲

[2] نظام النکاح: ۲/۹۰؛ المبسوط المسائل الطبیہ: ۷۰؛ مقامع الفضل: ۲/۲۳۴؛ مرآۃ العقول: ۲۰/۲۳۶

[3] الکافی: ۵/۵۴۳ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۵۳ ح ۱۰۸۷؛ الاستبصار: ۳/۱۴۳ ح ۵۱۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۲۸ ح ۲۶۴۳۶؛ الوافی: ۲۱/۳۵۲؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۴۵۷ ح ۱۷۲۷۷؛ بحارالانوار: ۱۰۰/۳۱۳؛ النوادر اشعری: ۱۳۱

[4] فقہ الصادقؑ: ۲۱/۲۰۳؛ نظام النکاح: ۲/۹۰؛ مرآۃ العقول: ۲۰/۲۳۶

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کیا اس نے (بدکاری کے لئے) جھنڈا بلند کیا ہوا ہے؟

میں نے عرض کیا: نہیں اور اگر وہ جھنڈا بلند کرتی تو حاکم اسے گرفتار کر لیتا۔

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں اس سے متعہ کیا جا سکتا ہے۔

راوی کہتا ہے کہ پھر امام علیہ السلام اپنے ایک غلام کی طرف جھک گئے اور آہستگی سے کچھ فرمایا: پس میرے دل میں بھی کوئی بات داخل ہو گئی (کہ امام علیہ السلام نے کیا حکم دیا ہے) چانچہ میں آپ علیہ السلام کے غلام سے ملا اور اسے کہا کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے تجھے کیا بات فرمائی تھی؟

اس نے کہا: آپ علیہ السلام نے مجھے فرمایا کہ اس رات میں کچھ بھی اس کے لئے مکروہ نہیں ہے۔

میں نے کہا: مجھے اس بارے خبر دو۔

اس نے کہا: امام علیہ السلام نے مجھے فرمایا: اگر اس عورت نے جھنڈا ابھی بلند کیا ہو تب بھی اس سے تزویج (متعہ) کے لئے کوئی مسئلہ نہیں ہے کیونکہ اس طرح وہ اس عورت کو حرام سے حلال کی طرف نکال لے گا۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق ہے۔ [2]

قول مؤلف:

ممکن ہے کہ نکاح کی ممانعت اور جواز حالات وواقعات کی وجہ سے ہو یعنی اگر رسوائی کا ڈر ہو تو ایسی عورت سے نہ کرے تا کہ اولاد سے انکار کی نوبت نہ آئے لیکن اگر ایسا ڈر نہ ہو اور عورت کی بہتری کی نیت ہو تو پھر حرام نہ ہو البتہ بہتر وافضل یہی ہو گا کہ پاکدامن عورت سے تزویج کی جائے (واللہ اعلم)

{2272} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ فَضَالَةَ عَنْ مُيَسِّرٍ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَلْقَى الْمَرْأَةَ بِالْفَلاَةِ الَّتِي لَيْسَ فِيهَا أَحَدٌ فَأَقُولُ لَهَا هَلْ لَكِ زَوْجٌ فَتَقُولُ لاَ فَأَتَزَوَّجُهَا قَالَ نَعَمْ هِيَ الْمُصَدَّقَةُ عَلَى نَفْسِهَا.

❂ میسر سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ میں کسی صحرا میں کسی عورت سے ملتا ہوں کہ جس کے ساتھ کوئی بندہ نہیں ہے تو میں اس سے کہتا ہوں کہ کیا تیرا شوہر ہے؟ پس وہ کہتی ہے کہ نہیں ہے تو کیا میں اس سے تزویج کر سکتا ہوں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں۔ اس کی اپنے بارے بات کی تصدیق کی جائے گی۔ [3]

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/۳۸۵ ح ۹۴۹۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۲۹ ح ۹ ۲۶۴۳۳؛ الوافی: ۲۱/۵۳؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/۱۱۸ ح ۳۸۳۸۲

[2] کتاب نکاح شبیری: ۷/۸۱۰۲؛ فقہ الصادقؑ: ۲۱/۲۰۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۵۰۷

[3] الکافی: ۵/۳۹۲ ح ۲ و ۴۶۲ ح ۴؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۵۳ ح ۱۵۲۶؛ الاستبصار: ۳/۲۳۳ ح ۸۳۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۳۰۱ ح ۲۵۶۷۷ و ۲۱/۳۰ ح ۲۶۴۳۴؛ الوافی: ۲۱/۵۵؛ الفصول المہمہ: ۲/۳۳۸؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۱۳۸

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (1)

{2273} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ وَ عَبْدِ اللّٰهِ اِبْنَيْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ زِيَادِ بْنِ أَبِي الْحَلَالِ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ يَقُولُ: لاَ بَأْسَ بِأَنْ يَتَمَتَّعَ بِالْبِكْرِ مَا لَمْ يُفْضِ إِلَيْهَا مَخَافَةَ كَرَاهِيَةِ الْعَيْبِ عَلَى أَهْلِهَا.

❁ زیاد بن ابی حلال سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا کہ باکرہ لڑکی سے متعہ کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے جبکہ اس کی بکارت زائل نہ کرے اس خوف سے کہ اس کے اہل خانہ کے لئے ناپسندیدہ عیب ہے۔ (2)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (3)

{2274} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ حَفْصِ بْنِ الْبَخْتَرِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي الرَّجُلِ يَتَزَوَّجُ الْبِكْرَ مُتْعَةً قَالَ يُكْرَهُ لِلْعَيْبِ عَلَى أَهْلِهَا.

❁ حفص بن البختری نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس شخص کے بارے روایت کی ہے جو ایک باکرہ لڑکی سے تزویج متعہ کرتا ہے تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: لڑکی کی خاندان میں عیب (سمجھے جانے) کی وجہ سے مکروہ ہوگا۔ (4)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (5)

{2275} عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي نَصْرٍ الْبَزَنْطِيِّ عَنِ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: الْبِكْرُ لاَ تَتَزَوَّجُ مُتْعَةً إِلاَّ بِإِذْنِ أَبِيهَا.

❁ احمد بن محمد بن ابونصر ابزنطی سے روایت ہے کہ امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا: باکرہ لڑکی سے تزویج متعہ نہیں کی جائے گی مگر

---

(1) مراۃ العقول: ۲۰/۲۵۰؛ کتاب نکاح شبیری: ۱۱/۴۹۳۱؛ مقامع الفضل: ۲۰۰

(2) الکافی: ۵/۴۶۲ح ۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۳۲ح ۲۶۴۳۷؛ خلاصۃ الایجاز: ۴۷ و ۴۰؛ بحار الانوار: ۱۰۰/۳۰۸؛ الوافی: ۲۱/۵۸۳؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۴۵۹ح ۱۷۲۸۴؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۲۱۸

(3) مراۃ العقول: ۲۰/۲۵۰؛ مسالک الافہام: ۷/۴۳؛ کتاب نکاح شبیری: ۱۱/۴۰۳۴؛ نظام النکاح: ۲/۴۳

(4) من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۶۱ح ۴۵۹۲؛ الکافی: ۵/۴۶۲ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۵۵ ح ۱۱۰۲؛ الاستبصار: ۳/۱۴۶ ح ۵۳۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۳۳ح ۲۶۴۳۹؛ الوافی: ۲۱/۳۵۷؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/۱۲۶ح ۳۸۴۰۵

(5) روضۃ المتقین: ۸/۴۸۰؛ الموسوعہ الفقہیہ: ۲۶/۲۷۷؛ نظام النکاح: ۸۹۱؛ التعلیقہ الاستدلالی: ۳/۴۹۳؛ اسس الحدود: ۲۷؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۴۱

یہ کہ اس کے باپ کی اجازت سے۔ (۱)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (۲)

{2276} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَبَانٍ عَنْ أَبِي مَرْيَمَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: اَلْعَذْرَاءُ الَّتِي لَهَا أَبٌ لاَ تَتَزَوَّجُ مُتْعَةً إِلاَّ بِإِذْنِ أَبِيهَا.

ابو مریم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: وہ عذراءؑ (کنواری لڑکی) جس کا باپ موجود ہو تو وہ اس کی اجازت کے بغیر تزویج متعہ نہیں کرے گی۔ (۳)

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق کالصحیح ہے۔ (۴)

{2277} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيٍّ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ جَمِيلِ بْنِ دَرَّاجٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الرَّجُلِ يَتَمَتَّعُ مِنَ الْجَارِيَةِ الْبِكْرِ قَالَ لاَ بَأْسَ بِذَلِكَ مَا لَمْ يَسْتَصْغِرْهَا.

جمیل بن درج سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں پوچھا جو باکرہ چھوکری سے متعہ کرتا ہے تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے جب تک وہ چھوٹی (نابالغہ) نہ ہو۔ (۵)

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ (۶)

{2278} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ سَعْدٍ الْأَشْعَرِيِّ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الرَّجُلِ يَتَمَتَّعُ مِنَ الْيَهُودِيَّةِ وَ النَّصْرَانِيَّةِ قَالَ لاَ أَرَى بِذَلِكَ بَأْساً قَالَ قُلْتُ بِالْمَجُوسِيَّةِ قَالَ

---

(۱) قرب الاسناد: ۳۶۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۳۳ ح ۲۶۳۵۱؛ بحار الانوار: ۱۰۰/۳۱۳؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/۱۲۹ ح ۳۸۴۰۲

(۲) کتاب نکاح شبیری: ۱۱/۴۰۲۹؛ نظام النکاح: ۲/۹۳؛ الفقہ وللمتعۃ: ۱/۲۲۱

(۳) من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۶۱ ح ۴۵۹۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۵۴ ح ۱۰۹۹؛ الاستبصار: ۳/۱۴۵ ح ۵۲۷؛ الوافی: ۲۱/۳۶۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۳۵ ح ۲۶۳۵۸

(۴) الموسوعۃ الفقہیہ: ۶/۲۷۷؛ شرح العروۃ: ۳۳/۲۱۳؛ فقہ الصادقؑ: ۲۱/۱۵۵؛ نظام النکاح: ۸۹؛ مستمسک العروۃ: ۱۴/۴۴۳؛ جواہر الکلام: ۲۹/۱۷۹؛ تفصیل الشریعہ النکاح: ۱۰۱؛ روضۃ المتقین: ۸/۴۸۱؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۳۹

(۵) الکافی: ۵/۴۶۳ ح ۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۳۶ ح ۲۶۳۶۱؛ الوافی: ۲۱/۵۸؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/۱۲۸ ح ۳۸۴۰۹

(۶) کتاب نکاح شبیری: ۱۱/۴۰۳۵؛ مرآۃ العقول: ۲۰/۲۵۱

)وَأَمَّا الْمَجُوسِيَّةُ فَلاَ.

❂ اسماعیل بن سعد اشعری سے روایت ہے کہ میں نے ان (امام علیہ السلام) سے اس شخص کے بارے میں پوچھا جو یہودی اور نصرانی عورت سے متعہ کرتا ہے تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: میری نظر میں اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

میں نے عرض کیا: مجوسی عورت کے بارے کیا حکم ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: مجوسی عورت سے نہ کرو۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2279} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ وَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ جَمِيعاً عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ جَمِيلِ بْنِ صَالِحٍ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ تَكُونُ مُتْعَةٌ إِلاَّ بِأَمْرَيْنِ أَجَلٍ مُسَمًّى وَ أَجْرٍ مُسَمًّى.

❂ زرارہ سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: دو چیزوں کے بغیر متعہ نہیں ہوتا: مقررہ مدت اور مقررہ اجرت (حق مہر)۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2280} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بُكَيْرٍ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: مَا كَانَ مِنْ شَرْطٍ قَبْلَ النِّكَاحِ هَدَمَهُ النِّكَاحُ وَ مَا كَانَ بَعْدَ النِّكَاحِ فَهُوَ جَائِزٌ وَ قَالَ إِنْ سُمِّيَ الْأَجَلُ فَهُوَ مُتْعَةٌ وَ إِنْ لَمْ يُسَمَّ الْأَجَلُ فَهُوَ نِكَاحٌ بَاتٌّ.

❂ عبداللہ بن بکیر سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: نکاح سے پہلے جو بھی شرط ہو تو نکاح اسے ختم کر دیتا ہے اور جو شرط نکاح کے بعد ہو وہ جائز (اور نافذ) ہے۔

---

[1] تہذیب الاحکام: ۵/۲۵۶ ح ۱۱۰۵؛ الاستبصار: ۳/۱۴۴ ح ۵۲۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۳۷ ح ۲۶۴۶۵؛ الوافی: ۲۱/۳۷۰؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/۱۲۰ ح ۳۸۳۹۱

[2] ملاذ الاخیار: ۱۲/۳۲؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۴/۱۳۵

[3] الکافی: ۵/۴۵۵ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۶۲ ح ۱۱۳۳؛ خلاصۃ الایجاز: ۴؛ بحارالانوار: ۱۰۰/۳۰۸؛ عوالی اللئالی: ۳/۳۴۳؛ الفصول المہمہ: ۲/۳۴۹؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۴۶۰ ح ۱۷۲۹۰؛ الوافی: ۲۲/۲۵۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۴۲ ح ۲۶۴۸۳

[4] مرآۃ العقول: ۲۰/۲۲۳؛ مسالک الافہام: ۷/۴۰۳؛ نظام النکاح: ۲/۹۵؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۵۳

نیز فرمایا: اگر مدت مقرر کردی جائے تو وہ متعہ ہوگا اور اگر مدت مقرر نہ کی جائے تو وہ دائمی نکاح ہوگا۔ [1]

تحقیق:

حدیث حسن یا موثق یا صحیح ہے۔ [2]

{2281} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ بُكَيْرٍ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: إِذَا اشْتَرَطْتَ عَلَى الْمَرْأَةِ شُرُوطَ الْمُتْعَةِ فَرَضِيَتْ بِهِ وَأَوْجَبَتِ التَّزْوِيجَ فَارْدُدْ عَلَيْهَا شَرْطَكَ الْأَوَّلَ بَعْدَ النِّكَاحِ فَإِنْ أَجَازَتْهُ فَقَدْ جَازَ وَإِنْ لَمْ تُجِزْهُ فَلاَ يَجُوزُ عَلَيْهَا مَا كَانَ مِنَ الشَّرْطِ قَبْلَ النِّكَاحِ.

❁ ابن بکیر سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب تم عورت پر متعہ کی شرائط لگاؤ اور وہ ان سے راضی ہو اور تزویج کی اجابت کردے (یعنی قبول کرے) تو تم نکاح کے بعد اس عورت پر اپنی پہلی شرط کا اعادہ کرو پس اگر وہ اجازت دے تو پھر جائز ہے اور اگر وہ اس کی اجازت نہ دے تو پھر وہ اس پر جائز نہ ہوگا جو نکاح سے پہلے شرط کیا گیا۔ [3]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [4]

{2282} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عِيسَى عَنْ شُعَيْبِ بْنِ يَعْقُوبَ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ قَالَ حَلاَلٌ وَإِنَّهُ يُجْزِئُ فِيهِ الدِّرْهَمُ فَمَا فَوْقَهُ.

❁ ابوبصیر سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے عورتوں سے متعہ کے بارے میں پوچھا تو آپ نے فرمایا: حلال ہے اور اس میں (حق مہر) ایک درہم یا اس سے زیادہ کافی ہے۔ [5]

---

[1] الکافی: ۵/ ۴۵۶ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۲۶۲ ح ۱۱۳۴؛ النوادر اشعری: ۸۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/ ۴۶ ح ۲۶۴۹۳؛ الوافی: ۲۲/ ۶۶۰؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/ ۴۶۲ ح ۱۷۲۴۶؛ بحار الانوار: ۳۱۸/۱۰۰

[2] مرآۃ العقول: ۲۰/ ۲۳۹؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/ ۵۴؛ جامع المقاصد: ۱۳/ ۳۲؛ التنقیح الرائع: ۳/ ۱۲۸؛ جواہر الکلام: ۳۰/ ۱۸۳؛ فقہ الصادقؑ: ۲۲/ ۵۹؛ مصباح الفقاہۃ: ۵/ ۲۷۵؛ دراسات فی الفقہ الجعفری: ۴/ ۳۹۰

[3] الکافی: ۵/ ۴۵۶ ح ۳ و ۴۵۷ ح ۵؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۲۶۳ ح ۱۱۳۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/ ۴۵ ح ۲۶۴۹۲؛ الوافی: ۲۲/ ۶۶۲

[4] فقہ الصادقؑ: ۲۱/ ۶۷؛ جواہر الکلام: ۳۰/ ۱۸۳

[5] الکافی: ۵/ ۴۵۷ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۲۶۰ ح ۱۱۲۶؛ الوافی: ۲۲/ ۶۷۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/ ۴۸ ح ۲۶۴۹۹؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/ ۲۲۳؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/ ۱۵۰ ح ۳۸۴۵۰

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (1)

{2283} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَجَّاجِ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الْمَرْأَةِ يَتَزَوَّجُهَا الرَّجُلُ مُتْعَةً ثُمَّ يُتَوَفَّى عَنْهَا هَلْ عَلَيْهَا الْعِدَّةُ قَالَ تَعْتَدُّ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَ عَشْراً فَإِذَا انْقَضَتْ أَيَّامُهَا وَ هُوَ حَيٌّ فَحَيْضَةٌ وَ نِصْفٌ مِثْلَ مَا يَجِبُ عَلَى الْأَمَةِ قَالَ قُلْتُ فَتُحِدُّ قَالَ نَعَمْ وَ إِذَا مَكَثَتْ عِنْدَهُ يَوْماً أَوْ يَوْمَيْنِ أَوْ سَاعَةً مِنَ النَّهَارِ فَقَدْ وَجَبَتِ الْعِدَّةُ وَ لاَ تُحِدُّ.

❁ عبدالرحمن بن حجاج سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک عورت نے ایک شخص سے نکاح متعہ کیا پھر وہ شخص فوت ہو گیا تو کیا اس عورت پر عدت واجب ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ چار ماہ دس دن عدت میں رہے گی البتہ اس کے (متعہ کی مدت کے) دن پورے ہو جائیں اور وہ مرد زندہ ہو تو پھر وہ ایک حیض اور نصف (یعنی پینتالیس دن) عدت رکھے گی جیسے کنیز کے اوپر واجب ہے۔ راوی کہتا ہے کہ میں نے عرض کیا: وہ ترک زینت بھی کرے گی؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں اور جب اس کے پاس ایک دو دن یا دن میں ایک (آدھ) گھڑی رہی ہو تو اس پر عدت واجب ہے لیکن ترک زینت نہیں کرے گی۔ (2)

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن کالصحیح ہے۔ (3)

{2284} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عُمَرَ بْنِ أُذَيْنَةَ عَنْ زُرَارَةَ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ مَا عِدَّةُ الْمُتْعَةِ إِذَا مَاتَ عَنْهَا الَّذِي تَمَتَّعَ بِهَا قَالَ أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ وَ عَشْراً قَالَ ثُمَّ قَالَ يَا زُرَارَةُ كُلُّ نِكَاحٍ إِذَا مَاتَ عَنْهَا الزَّوْجُ فَعَلَى الْمَرْأَةِ حُرَّةً كَانَتْ أَوْ أَمَةً أَوْ عَلَى أَيِّ وَجْهٍ كَانَ النِّكَاحُ مِنْهُ مُتْعَةً أَوْ تَزْوِيجاً أَوْ مِلْكَ يَمِينٍ فَالْعِدَّةُ أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ وَ عَشْراً وَ عِدَّةُ الْمُطَلَّقَةِ ثَلاَثَةُ أَشْهُرٍ وَ الْأَمَةُ الْمُطَلَّقَةُ عَلَيْهَا نِصْفُ مَا عَلَى الْحُرَّةِ وَ كَذَلِكَ الْمُتْعَةُ عَلَيْهَا مِثْلُ مَا عَلَى الْأَمَةِ.

❁ زرارہ سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے پوچھا کہ عورت نے جس مرد کے ساتھ متعہ کیا ہے اگر وہ

---

(1) مرآۃ العقول: ۲۰/ ۲۳۱؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۴/ ۲۳۶؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/ ۳۹

(2) من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۴۶۳ ح ۴۶۰۲؛ تہذیب الاحکام: ۸/ ۱۵۷ ح ۵۴۴؛ الاستبصار: ۳/ ۳۵۰ ح ۱۲۵۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/ ۲۷۵ ح ۲۸۵۸۰؛ الوافی: ۲۳/ ۱۲۳۸

(3) فقہ الصادقؑ: ۲۲/ ۵۲؛ جواہر الکلام: ۳۰/ ۱۹۸؛ تکملۃ العروۃ: ۸۹؛ روضۃ المتقین: ۸/ ۵۰۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/ ۳۰۴

مرد مر جائے تو اس عورت کی عدت متعہ کیا ہوگی؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: چار ماہ دس دن ہوگی۔

راوی کا بیان ہے کہ پھر آپ علیہ السلام نے فرمایا: اے زرارہ! ہر نکاح میں جب شوہر مر جائے تو عورت خواہ آزاد ہو یا کنیز اور نکاح کی کوئی بھی شکل ہو خواہ متعہ ہو، دائمی نکاح ہو یا ملک یمین ہو تو اس کی عدت چار ماہ دس دن ہے اور طلاق شدہ عورت کی عدت تین ماہ اور کنیز طلاق شدہ کی عدت آزاد عورت کی عدت کا نصف ہے اور اسی طرح متعہ میں بھی کنیز کے مثل عدت (پینتالیس دن) ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

قول مؤلف:

اور اسی سلسلے میں امام زمانہ علیہ السلام کی توقیع مبارک بھی ہے چنانچہ محمد بن عبداللہ بن جعفر حمیری سے روایت ہے کہ انہوں نے امام زمانہ علیہ السلام کی خدمت میں خط لکھا کہ ایک شخص نے مہر معلوم پر ایک عورت سے وقت معلوم تک متعہ کیا اور ابھی کچھ دن باقی تھے کہ اُسے بقیہ مدت بخش دی اور اس سے تین دن پہلے عورت کو حیض شروع ہو گیا تھا تو اب حیض سے پاک ہوتے ہی کوئی دوسرا شخص اس سے متعہ کر سکتا ہے یا ایک اور مستقل حیض گزارنا پڑے گا؟

امام علیہ السلام نے جواب دیا کہ اس (ناقص) حیض کے علاوہ ایک اور حیض گزارنا پڑے گا کیونکہ کم از کم عدت ایک حیض اور ایک طہر ہے۔ [3] (واللہ اعلم)

{2285} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ النَّضْرِ عَنْ عَاصِمِ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ كَمِ الْمَهْرُ يَعْنِي فِي الْمُتْعَةِ فَقَالَ مَا تَرَاضَيَا عَلَيْهِ إِلَى مَا شَاءَ مِنَ الْأَجَلِ قُلْتُ أَرَأَيْتَ إِنْ حَمَلَتْ فَقَالَ هُوَ وَلَدُهُ فَإِنْ أَرَادَ أَنْ يَسْتَقْبِلَ أَمْراً جَدِيداً فَعَلَ وَلَيْسَ عَلَيْهَا الْعِدَّةُ مِنْهُ وَعَلَيْهَا مِنْ غَيْرِهِ خَمْسٌ وَأَرْبَعُونَ لَيْلَةً وَإِنِ اشْتَرَطَتِ الْمِيرَاثَ فَهُمَا عَلَى شَرْطِهِمَا.

❁ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ متعہ میں مہر کی مقدار کس قدر ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جس مقدار پر جس وقت تک وہ دونوں راضی ہو جائیں۔

---

[1] من لایحضرہ الفقیہ: ۳/۴۶۵ ح ۴۶۰۷؛ تہذیب الاحکام: ۸/۱۵۷ ح ۵۴۵؛ الاستبصار: ۳/۳۵۰ ح ۱۲۵۲؛ تفسیر الصافی: ۱/۲۶۳؛ عوالی اللئالی: ۳/۳۵۰؛ الوافی: ۲۳/۱۳۹۰؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/۲۳۰؛ تفسیر کنز الدقائق: ۲/۳۵۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۲۷۵ ح ۲۸۵۸۱

[2] روضۃ المتقین: ۸/۵۰۳؛ کتاب نکاح شبیری: ۲۰/۶۳۱۱؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۴/۲۹۰؛ نظام الطلاق فی الشریعہ: ۲۹۲؛ تفصیل الشریعہ: ۲۲/۲۶۳؛ نظام النکاح: ۲/۱۰۴؛ الروضۃ البہیہ: ۳/۴۴۲؛ نموذج فی الفقہ الجعفری: ۲۷۶؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/۳۰۴

[3] الاحتجاج: ۲/۴۸۷؛ بحار الانوار: ۵۳/۱۶۲ و ۱۰۰/۳۱۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۵۳ ح ۲۶۵۱۵؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/۱۲۰ ح ۳۸۴۷۲

میں نے عرض کیا: اگر عورت حاملہ ہو جائے تو آپ علیہ السلام کی رائے کیا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ اسی مرد کی اولاد ہے اور اگر یہی شخص معاملہ (متعہ یا دائمی نکاح) کو دوبارہ کرنا چاہے تو وہ کرے اور اس کے لئے عورت پر عدت نہیں ہے لیکن اگر کوئی دوسرا شخص کرنا چاہے تو پھر عورت پر پینتالیس رات کی عدت لازم ہے اور اگر وہ دونوں میراث کی شرط مقرر کریں تو دونوں شرط کے پابند ہیں۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

قول مؤلف:

اور اس سلسلے میں وہ حدیث بھی ہے جسے ابان بن تغلب نے روایت کیا ہے چنانچہ ان کا بیان ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ ایک شخص نے ایک عورت سے ایک ماہ کے لئے متعہ کیا اور اب اسے خیال پیدا ہوا کہ اس مدت کو بڑھائے تو کیا وہ مزید حق مہر پر سابقہ مدت (ایک ماہ) پوری ہونے سے پہلے مزید مدت بڑھا سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ایک شرط میں دو شرطیں جائز نہیں ہیں۔ میں نے عرض کیا: تو پھر وہ کس طرح کرے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: پہلے اسے باقیماندہ مدت بخش دے اور پھر جدید شرط طے کرے (اور متعہ کرے) [3]

(واللہ اعلم)

{2286} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْمَاعِيلَ عَنْ أَبِي الْحَسَنِ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: قُلْتُ لَهُ الرَّجُلُ يَتَزَوَّجُ مُتْعَةً سَنَةً أَوْ أَقَلَّ أَوْ أَكْثَرَ قَالَ إِذَا كَانَ شَيْئاً مَعْلُوماً إِلَى أَجَلٍ مَعْلُومٍ قَالَ قُلْتُ وَ تَبِينُ بِغَيْرِ طَلَاقٍ قَالَ نَعَمْ.

❂ محمد بن اسماعیل سے روایت ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام سے عرض کیا کہ ایک آدمی ایک سال یا کم وبیش (مدت کے لئے) متعہ کرتا ہے (تو کیا یہ درست ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب معلوم مدت تک کوئی شئے (حق مہر) معلوم ہو (تو درست ہے)۔

راوی کہتا ہے کہ میں نے عرض کیا: اور وہ بغیر طلاق کے جدا ہوں گے؟

---

[1] تہذیب الاحکام: ۵/۷ ۵ ۳ ح ۱۴۱۱؛ الاستبصار: ۳/۱۴۹ ح ۵۴۷؛ الوافی: ۲۲/۶۵۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/ ۵۴ ح ۲۶۵۱۶ و ۶۷ ح ۲۶۵۵۰؛ النوادر اشعری: ۸۲؛ بحار الانوار: ۱۰۰/۳۱۵؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۴۶۵ ح ۱۷۳۰۹ و ۴۶۶ ح ۱۷۳۱۵

[2] ملاذ الاخیار: ۱۲/۵۸؛ تعلیقۃ الاستدلالیہ: ۴/۸۱؛ نظام النکاح: ۲/۱۰۷

[3] الکافی: ۵/۴۵۸ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۶۸ ح ۱۱۵۳؛ الوافی: ۲۲/۶۶۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/ ۵۷ ح ۲۶۵۲۴؛ خلاصۃ الایجاز: ۳۱؛ بحار الانوار: ۱۰۰/۳۰۹؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۲۲۶

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{2287} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ فَضَّالٍ عَنِ ابْنِ بُكَيْرٍ عَنْ زُرَارَةَ قَالَ: قُلْتُ لَهُ هَلْ يَجُوزُ أَنْ يَتَمَتَّعَ الرَّجُلُ بِالْمَرْأَةِ سَاعَةً أَوْ سَاعَتَيْنِ فَقَالَ السَّاعَةُ وَ السَّاعَتَانِ لاَ يُوقَفُ عَلَى حَدِّهِمَا وَ لَكِنَّ الْعَرْدَ وَ الْعَرْدَيْنِ وَ الْيَوْمَ وَ الْيَوْمَيْنِ وَ اللَّيْلَةَ وَ أَشْبَاهَ ذَلِكَ.

✪ زرارہ سے روایت ہے کہ میں نے ان (امام علیہ السلام) سے عرض کیا کہ کیا آدمی کے لئے جائز ہے کہ وہ عورت سے ایک گھڑی یا دو گھڑیوں (کی مدت) کے لئے متعہ کرے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: گھڑی یا دو گھڑیوں کا وقوف ان کی حد پر نہیں ہوتا لہٰذا (مدت کا تعین) ایک بار اور دو بار (مباشرت کرنے) اور ایک دن اور دو دن اور ایک رات اور اس کے مثل (آسان اور واضح) ہو۔[3]

تحقیق:

حدیث موثق کالصحیح یا موثق ہے۔[4]

{2288} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ بَعْضِ أَصْحَابِنَا عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: قُلْتُ لَهُ جُعِلْتُ فِدَاكَ الرَّجُلُ يَتَزَوَّجُ الْمُتْعَةَ وَ يَنْقَضِي شَرْطُهَا ثُمَّ يَتَزَوَّجُهَا رَجُلٌ آخَرُ حَتَّى بَانَتْ مِنْهُ ثُمَّ يَتَزَوَّجُهَا الْأَوَّلُ حَتَّى بَانَتْ مِنْهُ ثَلاَثاً وَ تَزَوَّجَتْ ثَلاَثَةَ أَزْوَاجٍ يَحِلُّ لِلْأَوَّلِ أَنْ يَتَزَوَّجَهَا قَالَ نَعَمْ كَمْ شَاءَ لَيْسَ هَذِهِ مِثْلَ الْحُرَّةِ هَذِهِ مُسْتَأْجَرَةٌ وَ هِيَ بِمَنْزِلَةِ الْإِمَاءِ.

✪ زرارہ سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے عرض کیا کہ میں آپ علیہ السلام پر فدا ہوں! ایک آدمی کسی عورت سے متعہ کرتا ہے اور اس کی شرط تمام ہو جاتی ہے پھر اس عورت سے دوسرا شخص متعہ کرتا ہے یہاں تک کہ وہ اس مرد سے بھی جدا ہو جاتی ہے اور پھر پہلا شخص سے تزویج کر لیتا ہے حتیٰ کہ وہ اس سے تین مرتبہ جدا رہتی ہے اور تین شوہروں سے تزویج متعہ کرتی

---

[1] الکافی: ۵/۴۵۹ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۶۶ ح ۱۱۴۷؛ الاستبصار: ۳/۱۵۱ ح ۵۵۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۵۸ ح ۲۶۵۲۵؛ الوافی: ۲۲/۴۹۳؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۴۶۷ ح ۱۷۳۰۲؛ مسند الامام الرضاؑ: ۲/۲۷۰؛ حدایۃ الامہ: ۷/۲۲۱؛ النوادر اشعری: ۸۸

[2] مرآۃ العقول: ۲۰/۲۴۵؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۴/۲۹۹؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۶۱

[3] الکافی: ۵/۴۵۹ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۶۶ ح ۱۱۴۸؛ الاستبصار: ۳/۱۵۱ ح ۵۵۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۵۸ ح ۲۶۵۲۶؛ الوافی: ۲۲/۴۹۳؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/۱۳۴ ح ۳۸۴۴۰

[4] ملاذ الاخیار: ۱۲/۶۲؛ مرآۃ العقول: ۲۰/۲۴۵

ہے تو کیا پہلے کے لئے حلال ہے کہ وہ پھر اس سے تزویج کرے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں جتنی مرتبہ چاہے کرے (کیونکہ اس سے یہ حرام مؤبد نہیں ہوتی) اس لئے کہ وہ آزاد عورت کی طرح نہیں ہے بلکہ وہ اجرت لینے والی اور کنیزوں کی طرح ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔ [2]

{2289} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رِئَابٍ قَالَ: كَتَبْتُ إِلَيْهِ أَسْأَلُهُ عَنْ رَجُلٍ تَمَتَّعَ بِامْرَأَةٍ ثُمَّ وَهَبَ لَهَا أَيَّامَهَا قَبْلَ أَنْ يُفْضِيَ إِلَيْهَا أَوْ وَهَبَ لَهَا أَيَّامَهَا بَعْدَ مَا أَفْضَى إِلَيْهَا هَلْ لَهُ أَنْ يَرْجِعَ فِيمَا وَهَبَ لَهَا مِنْ ذَلِكَ فَوَقَّعَ عَلَيْهِ السَّلَامُ لَا يَرْجِعُ.

❁ علی بن رئاب سے روایت ہے کہ میں نے ان (امام علیہ السلام) کی خدمت میں خط لکھا جس میں یہ مسئلہ پوچھا کہ ایک شخص نے ایک عورت سے متعہ کیا اور پھر اس سے دخول کرنے کے بعد اس کی مدت اسے بخش دی تو کیا وہ اس بخشی ہوئی مدت میں اس سے رجوع کر سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے جواب لکھا کہ وہ رجوع نہیں کر سکتا۔ [3]

تحقیق

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2290} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ زُرْعَةَ عَنْ سَمَاعَةَ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ تَزَوَّجَ جَارِيَةً أَوْ تَمَتَّعَ بِهَا ثُمَّ جَعَلَتْهُ مِنْ صَدَاقِهَا فِي حِلٍّ يَجُوزُ أَنْ يَدْخُلَ بِهَا قَبْلَ أَنْ يُعْطِيَهَا شَيْئاً قَالَ نَعَمْ إِذَا جَعَلَتْهُ فِي حِلٍّ فَقَدْ قَبَضَتْهُ مِنْهُ فَإِنْ خَلَّاهَا قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ بِهَا رَدَّتِ الْمَرْأَةُ عَلَى الرَّجُلِ نِصْفَ الصَّدَاقِ.

❁ سماعہ سے روایت ہے کہ میں نے ان (امام علیہ السلام) سے پوچھا کہ ایک شخص نے کسی لڑکی سے تزویج کی یا اس سے متعہ کیا پھر اس لڑکے نے اس شخص کو اپنا حق مہر بخش دیا تو کیا اس شخص کے لئے جائز ہے کہ وہ کچھ ادا کئے بغیر اس سے مباشرت کرے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں جب اس نے اسے بخش دیا تو اس کا مطلب کہ اس نے وصول کر لیا اور اگر (وہ پورا وصول کر چکی

---

[1] الکافی: ۵/۴۶۰ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۷۰ ح ۱۵۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۶۰ ح ۲۶۵۳۰ و ۲۲/۱۹۹ ح ۲۸۳۰۳؛ الوافی: ۲۲/۲۷۵

[2] مرآۃ العقول: ۲۰/۲۴۶؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۷۰

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۶۰ ح ۴۵۹۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۶۳ ح ۲۶۵۴۹؛ الوافی: ۲۲/۶۷۳؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/۲۲۹

[4] روضۃ المتقین: ۸/۴۹۷؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۴/۲۶۹؛ ریاض المسائل: ۱۱/۳۴۳؛ الانوار اللوامع: ۱۲/۴۶۱؛ میراث حوزہ اصفہان: ۲۸۳

ہو اور) دخول سے پہلے شوہر اسے (دائمی میں طلاق دے کر اور متعہ میں مدت بخش کر) فارغ کر دے تو وہ عورت آدھا حق مہر مرد کو واپس کرے گی۔ ①

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ ②

{2291} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ اِبْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ أُذَيْنَةَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ اَلْفَضْلِ اَلْهَاشِمِيِّ عَنْ أَبَا عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ (فِي حَدِيثِ اَلْمُتْعَةِ) قَالَ: وَ صَاحِبُ اَلْأَرْبَعِ نِسْوَةٍ يَتَزَوَّجُ مِنْهُنَّ مَا شَاءَ بِغَيْرِ وَلِيٍّ وَلاَ شُهُودٍ.

۞ اسماعیل بن فضل ہاشمی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جس شخص کی چار بیویاں ہوں وہ بغیر ولی اور گواہوں کے جس قدر عورتوں سے چاہے تزویج (متعہ) کر سکتا ہے؟ ③

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ ④

{2292} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي نَصْرٍ عَنْ أَبِي اَلْحَسَنِ اَلرِّضَا عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: تَزْوِيجُ اَلْمُتْعَةِ نِكَاحٌ بِمِيرَاثٍ وَ نِكَاحٌ بِغَيْرِ مِيرَاثٍ فَإِنِ اِشْتَرَطَتْ كَانَ وَ إِنْ لَمْ تَشْتَرِطْ لَمْ يَكُنْ.

۞ احمد بن محمد بن ابو نصر سے کہ امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا: نکاح متعہ میراث والا نکاح بھی ہے اور بغیر میراث کے بھی نکاح ہے پس اگر عورت اس (میراث) کی شرط رکھے تو وہ (میراث) ہو گی اور اگر وہ شرط نہ رکھے تو نہیں ہو گی۔ ⑤

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ⑥

---

① تہذیب الاحکام: ۷/ ۴۷۷ ح ۱۵۱۳ و ۷/ ۴۷۷ ح ۱۹۱۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/ ۹۳ ح ۲۶۵۴۰ و ۳۱۳ ح ۲۷۱۳۲؛ الوافی: ۲۲/ ۶۷۳

② ملاذ الاخیار: ۱۲/ ۸۶۲ و ۸۸/ ۱۲ ؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۴/ ۲۳۰؛ الانوار اللوامع: ۱۲/ ۶۱؛ ریاض المسائل: ۱۲/ ۵۳؛ کتاب النکاح اراکی: ۶۰۳

③ الکافی: ۵/ ۴۵۱ ح ۶؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/ ۱۹ ح ۲۶۳۱۳ و ۲۱/ ۴۳ ح ۲۶۵۴۱؛ الوافی: ۲۱/ ۳۰۶؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/ ۲۱۶

④ نظام النکاح: ۲/ ۹۹؛ مراۃ العقول: ۲۰/ ۲۳۱

⑤ الکافی: ۵/ ۴۶۵ ح ۲؛ قرب الاسناد: ۳۶۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۲۶۴ ح ۱۱۴۰؛ الاستبصار: ۳/ ۱۴۹ ح ۵۴۶؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/ ۶۶ ح ۲۶۵۴۶؛ بحار الانوار: ۱۰۰/ ۳۱۳؛ الوافی: ۲۲/ ۶۵۷؛ عوالی اللئالی: ۳/ ۳۴۴؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/ ۱۲۶ ح ۳۸۴۸۱

⑥ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۴/ ۳۷۲؛ القواعد الفقہیہ: ۳/ ۲۷۸؛ جواہر الکلام: ۳۰/ ۱۹۳؛ کتاب نکاح شبیری: ۱۹/ ۶۱۵۸؛ رسالہ فی الارث اراکی: ۲۳۴؛ الخیارات اراکی: ۸۷۴؛ الانوار اللوامع: ۱۴/ ۳۹۳؛ نظام النکاح: ۲/ ۹۵؛ تفصیل الشریعہ: ۲۲/ ۵۷۳؛ فقہ الصادق: ۳۲/ ۳۵۴

{2293} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَنِ الْعَزْلِ فَقَالَ ذَاكَ إِلَى الرَّجُلِ يَصْرِفُهُ حَيْثُ شَاءَ.

✪ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے (متعہ وغیرہ میں) عزل (منی کو شرمگاہ سے باہر گرانے) کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ مرد کی مرضی ہے (کیونکہ پانی اس کا ہے تو) وہ جہاں چاہے صرف کرے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2294} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيٍّ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ عَمَّارِ بْنِ مَرْوَانَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: قُلْتُ لَهُ رَجُلٌ جَاءَ إِلَى امْرَأَةٍ فَسَأَلَهَا أَنْ تُزَوِّجَهُ نَفْسَهَا فَقَالَتْ أُزَوِّجُكَ نَفْسِي عَلَى أَنْ تَلْتَمِسَ مِنِّي مَا شِئْتَ مِنْ نَظَرٍ أَوِ الْتِمَاسٍ وَ تَنَالَ مِنِّي مَا يَنَالُ الرَّجُلُ مِنْ أَهْلِهِ إِلَّا أَنَّكَ لَا تُدْخِلُ فَرْجَكَ فِي فَرْجِي وَ تَتَلَذَّذُ بِمَا شِئْتَ فَإِنِّي أَخَافُ الْفَضِيحَةَ قَالَ لَيْسَ لَهُ إِلَّا مَا اشْتُرِطَ.

✪ عمار بن مروان سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ ایک شخص ایک عورت کے پاس آیا اور اسے درخواست کی کہ وہ اس سے تزویج (متعہ) کرے تو اس عورت نے کہا کہ میں تمہیں اپنا نفس تزویج کرتی ہوں اس شرط پر کہ تم مجھے جتنا چاہو دیکھو اور چھوؤ اور مجھ سے ہر وہ چیز حاصل کرو جو آدمی اپنی بیوی سے لیتا ہے سوائے اس کے کہ تم اپنی شرمگاہ میری شرمگاہ میں داخل کرو پس اس کے علاوہ تم مجھ سے جو لذت اٹھانا چاہو اٹھاؤ کیونکہ مجھے رسوائی کا ڈر ہے؟ [3]

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔ [4]

---

[1] الکافی: ۵/۵۰۴ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/۴۱۷ ح ۱۶۶۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۴۹ ح ۲۵۲۷۲ و ۲۱/۷۱ ح ۲۶۵۶۲؛ الوافی: ۲۲/۵۳۷؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۴۶۶؛ الفصول المہمہ: ۲/۳۲۹؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۱۲۰

[2] مرآۃ العقول: ۲۰/۳۱۵؛ فقہ الصادق ؑ: ۲۱/۸۲؛ المجمع: ۸/۳۲۸؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۴/۲۶۴؛ مبانی تکملۃ المنہاج: ۲/۵۰۸؛ کتاب النکاح انصاری: ۷۲؛ انوار الفقاھۃ کتاب النکاح: ۳۹؛ نظام النکاح: ۹۹؛ موسوعہ احکام الاطفال: ۲۴۱؛ غایۃ المرام: ۳/۱۴۱؛ تفصیل الشریعہ: ۲۲/۳۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۳۶۳

[3] الکافی: ۵/۴۶۷ ح ۹؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۶۹ ح ۱۱۵۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۲۹۵ ح ۲۷۱۱۷؛ عوالی اللئالی: ۳/۲۶۵؛ الوافی: ۲۲/۵۴۲؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۲۲۴؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/۷۵۴ ح ۳۹۱۸۱

[4] مرآۃ العقول: ۲۰/۲۵۸؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۷۰

{2295} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ زُرْعَةَ عَنْ سَمَاعَةَ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ أَدْخَلَ جَارِيَةً يَتَمَتَّعُ بِهَا ثُمَّ أُنْسِيَ حَتَّى وَاقَعَهَا هَلْ يَجِبُ عَلَيْهِ حَدُّ الزَّانِي قَالَ لاَ وَ لَكِنْ يَتَمَتَّعُ بِهَا بَعْدَ النِّكَاحِ وَ يَسْتَغْفِرُ اللَّهَ مِمَّا أَتَى.

❁ سماعہ سے روایت ہے کہ میں نے ان (امام علیہ السلام) سے پوچھا کہ ایک شخص ایک کنیز کے پاس متعہ کرنے کے لئے گیا پھر وہ (عقد کرنا) بھول گیا اور اس سے مجامعت کرنے لگا تو کیا اس پر زانی کی حد واجب ہوگی؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں لیکن اب نکاح کرنے کے بعد اس سے متمتع ہو اور جو کچھ ہو گیا اس پر اللہ سے مغفرت طلب کرے۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [2]

{2296} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ بَعْضِ أَصْحَابِهِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ بَأْسَ بِالرَّجُلِ يَتَمَتَّعُ بِالْمَرْأَةِ عَلَى حُكْمِهِ وَ لَكِنْ لاَ بُدَّ لَهُ مِنْ أَنْ يُعْطِيَهَا شَيْئاً لِأَنَّهُ إِنْ أُحْدِثَ بِهِ حَدَثٌ لَمْ يَكُنْ لَهَا مِيرَاثٌ.

❁ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: مرد کے لئے کوئی حرج نہیں ہے کہ اگر وہ کسی عورت سے اپنے حکم پر (یعنی اپنی مرضی کے حق مہر پر) متعہ کرے لیکن اس کے لئے ضروری ہے کہ اس عورت کو کچھ دے کیونکہ اگر کوئی حادثہ ہو جائے (اور یہ مر گیا) تو عورت کے لئے میراث نہیں ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔ [4]

{2297} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُعَمَّرِ بْنِ خَلاَّدٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا الْحَسَنِ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الرَّجُلِ يَتَزَوَّجُ الْمَرْأَةَ مُتْعَةً فَيَحْمِلُهَا مِنْ بَلَدٍ إِلَى بَلَدٍ فَقَالَ يَجُوزُ

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۶۶ ح ۴۶۱۰؛ الکافی: ۵/۴۶۶ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/۴۶۹ ح ۱۹۲۹ و ۱۰/۴۹ ح ۱۸۳؛ الوافی: ۲۲/۴۶۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۴۳ ح ۲۶۵۹۷؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/۲۲۹

[2] روضۃ المتقین: ۸/۵۰۵؛ فقہ الصادق: ۲۵/۸۰ ۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۴۹۳

[3] الکافی: ۵/۴۶۶ ح ۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۵۷ ح ۲۶۵۷۰؛ الوافی: ۲۲/۴۶۹؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۴۷۳ ح ۴۲ ۱۷۳؛ بحار الانوار: ۱۰۰/۳۱۰؛ خلاصۃ الایجاز: ۱۳؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/۲۳۰

[4] جامع الشتات: ۴/۴۹۱؛ مرآۃ العقول: ۲۰/۲۵۶

اَلنِّكَاحُ الْآخَرُ وَلَا يَجُوزُ هٰذَا.

۞ معمر بن خلاد سے روایت ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں پوچھا جو ایک عورت سے تزویج متعہ کرتا ہے اور اسے ایک شہر سے دوسرے لے کر جاتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: دوسرے نکاح (دائمی) میں تو جائز ہے لیکن اس (متعہ) میں جائز نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

قول مؤلف:

احکام متعہ پر دلالت کرنے والی بعض احادیث پہلے گزر چکی ہیں اور بعض آئندہ گزریں گی۔ ان شاء اللہ نیز اس کے دیگر احکام وہی ہیں جو عقد دائمی کے ہیں (واللہ علم)

﴿نگاہ ڈالنے کے احکام﴾

{2298} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ جَمِيلِ بْنِ دَرَّاجٍ عَنِ الْفُضَيْلِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَنِ الذِّرَاعَيْنِ مِنَ الْمَرْأَةِ أَهُمَا مِنَ الزِّينَةِ الَّتِي قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: (وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ إِلَّا لِبُعُولَتِهِنَّ) قَالَ نَعَمْ وَمَا دُونَ الْخِمَارِ مِنَ الزِّينَةِ وَمَا دُونَ السِّوَارَيْنِ.

۞ فضیل بن یسار سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ کیا عورت کی کلائیاں بھی اس زینت میں داخل ہیں جن کے بارے میں اللہ کا فرمان ہے کہ: "اور (عورتیں) اپنی زیبائش (زینت) کا ظاہر نہ ہونے دیں سوائے اپنے شوہروں کے (النور: ۳۱)"؟

آپ نے فرمایا: ہاں اور چہرے کے پردے کے علاوہ والے حصے اور ہاتھوں کی ہتھیلیوں کے سوا سب زینت ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

---

[1] الکافی: ۵/۴۶۷ ح ۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۷۷ ح ۲۶۵۷۳؛ الوافی: ۲۲/۴۷۶؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/۲۳۰؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/۱۷۰ ح ۳۸۶۳۸

[2] مرآۃ العقول: ۲۰/۲۵۷

[3] الکافی: ۵/۵۲۰ ح ۱؛ تفسیر نور الثقلین: ۳/۵۹۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۰۰ ح ۲۵۴۲۵؛ الوافی: ۲۲/۸۱۷؛ تفسیر کنز الدقائق: ۹/۲۸۳؛ تفسیر البرہان: ۴/۵۹؛ تفسیر الصافی: ۳/۴۳۱؛ قاموس قرآن: ۳/۱۹۷

[4] مرآۃ العقول: ۲۰/۳۴۰؛ فقہ الصادقؑ: ۲۱/۱۱؛ مسالک الافہام: ۳/۲۰۷؛ الانوار اللوامع: ۱۰/۶۱؛ کتاب النکاح انصاری: ۴۷؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۳/۱۵۵

{2299} عَبْدُ اَللَّهِ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ هَارُونَ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ مَسْعَدَةَ بْنِ زِيَادٍ قَالَ سَمِعْتُ جَعْفَراً : وَ سُئِلَ عَمَّا تُظْهِرُ اَلْمَرْأَةُ مِنْ زِينَتِهَا قَالَ اَلْوَجْهَ وَ اَلْكَفَّيْنِ.

مسعدہ بن زیاد سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے سنا جبکہ آپ علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ عورت اپنی زینت میں سے کیا (کون سے اعضاء) ظاہر کر سکتی ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: چہرہ اور دونوں ہاتھ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق ہے۔ [2]

{2300} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ اِبْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عُثْمَانَ عَنِ اَلْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ : أَنَّهُ قَرَأَ (أَنْ يَضَعْنَ ثِيَابَهُنَّ) قَالَ اَلْخِمَارَ وَ اَلْجِلْبَابَ قُلْتُ بَيْنَ يَدَيْ مَنْ كَانَ فَقَالَ بَيْنَ يَدَيْ مَنْ كَانَ غَيْرَ مُتَبَرِّجَةٍ بِزِينَةٍ فَإِنْ لَمْ تَفْعَلْ فَهُوَ خَيْرٌ لَهَا وَ اَلزِّينَةُ اَلَّتِي يُبْدِينَ لَهُنَّ شَيْءٌ فِي اَلْآيَةِ اَلْأُخْرَى.

حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے (خدا کے) اس (فرمان) کی تلاوت کی ''(اور جو عورتیں خانہ نشین ہوگئی ہوں اور نکاح کی توقع نہ رکھتی ہوں تو ان کے لئے کوئی گناہ نہیں کہ) وہ اپنے کپڑے اتار دیں (النور:۶۰)'' اور فرمایا کہ اس سے مراد اوڑھنی اور چادر ہے۔

میں نے عرض کیا: کس شخص کے سامنے (اتار سکتی ہیں)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کسی کے بھی سامنے زینت کا اظہار کئے بغیر اتار سکتی ہیں اور اگر وہ ایسا نہ کرے تو یہ اس کے لئے بہتر ہے اور وہ زینت جس کے بارے ان کے لئے کچھ ثابت ہے تو وہ دوسری آیت میں ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [4]

قول مؤلف:

---

[1] قرب الاسناد: ۸۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۰۲ ح ۲۵۴۲۹؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۳۳؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۱۰۹ ح ۳۷۴۲

[2] التعلیقہ الاستدلالیہ: ۳/۵۵؛ فقہ الصادقؑ: ۲۱/۱۱۳؛ حدود الشریعہ: ۱۱۳؛ جواہر الکلام: ۲۹/۷۵؛ تنقیح مبانی العروۃ: ۴/۱۷

[3] الکافی: ۵/۵۲۲ ح ۱؛ تفسیر البرہان: ۴/۹۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۰۲ ح ۲۵۴۳۱؛ تفسیر نور الثقلین: ۳/۶۲۳؛ الوافی: ۲۲/۸۲۳

[4] تنقیح مبانی العروۃ کتاب الصلاۃ: ۲/۱۳؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۳/۷۱؛ حدود الشریعہ: ۱۱۹؛ کتاب نکاح شبیری: ۳/۷۷۹؛ الانوار اللوامع: ۱۰/۲۸۳؛ مسالک الافہام: ۳/۳۰۰؛ مرآۃ العقول: ۲۰/۳۳۵

وہ دوسری آیت جس کا اس حدیث میں اشارہ ہے وہ سورہ نور کی آیت ۳۱ ہے جس میں ارشاد خداوندی ہے ”اور مومنہ عورتوں سے بھی کہہ دیجیے کہ وہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کو بچائے رکھیں اور اپنی زیبائش (کی جگہوں) کو ظاہر نہ کریں سوائے اس کے جو اس میں سے خود ظاہر ہو اور اپنے گریبانوں پر اپنی اوڑھنیاں ڈالے رکھیں اور اپنی زیبائش کو ظاہر نہ ہونے دیں سوائے اپنے شوہروں، آباء، شوہر کے آباء اپنے بیٹوں، شوہر کے بیٹوں، اپنے بھائیوں اور بھائیوں کے بیٹوں، بہنوں کے بیٹوں، اپنی (ہم صنف) عورتوں، اپنی کنیزوں، ایسے خادموں جو عورتوں کی خواہش نہ رکھتے ہوں اور ان بچوں کے جو عورتوں کے پردوں کی باتوں سے واقف نہ ہوں اور مومن عورتوں کو چاہیے کہ (چلتے ہوئے) اپنے پاؤں زور سے نہ رکھیں کہ جس سے ان کی پوشیدہ زینت ظاہر ہو جائے اور اے مومنو! سب مل کر اللہ کے حضور توبہ کرو امید ہے کہ تم فلاح پاؤ گے“۔(واللہ اعلم)

{2301} عَبْدُ اَللَّهِ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي نَصْرٍ عَنِ اَلرِّضَا عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ اَلرَّجُلِ يَحِلُّ لَهُ أَنْ يَنْظُرَ إِلَى شَعْرِ أُخْتِ اِمْرَأَتِهِ فَقَالَ لاَ إِلاَّ أَنْ تَكُونَ مِنَ اَلْقَوَاعِدِ قُلْتُ لَهُ أُخْتُ اِمْرَأَتِهِ وَ اَلْغَرِيبَةُ سَوَاءٌ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ فَمَا لِي مِنَ اَلنَّظَرِ إِلَيْهِ مِنْهَا فَقَالَ شَعْرُهَا وَ ذِرَاعُهَا.

❁ احمد بن محمد بن ابو نصر سے روایت ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام سے پوچھا کہ کیا کسی شخص کے لئے جائز ہے کہ وہ اپنی بیوی کی بہن (یعنی سالی) کے بالوں پر نگاہ کرے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں مگر یہ کہ وہ قواعد (یعنی نکاح کرنے سے بیٹھ چکی) ہو۔

میں نے امام علیہ السلام سے عرض کیا: بیوی کی بہن اور ایک اجنبی عورت کیا برابر ہیں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں۔

میں نے عرض کیا: میں اس کی کس چیز کی طرف نگاہ کر سکتا ہوں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس کے بال اور اس کی کلائی کی طرف۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

---

[1] قرب الاسناد: ۳۶۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۰ /۱۹۹ ح ۲۵۴۲۰؛ تفسیر کنز الدقائق: ۹ /۲۷۸؛ تفسیر نور الثقلین: ۳ /۵۹۰؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/ ۲۰۴ ح ۳۷۳۵۵

[2] تنقیح مبانی العروۃ کتاب الصلاۃ: ۲ /۱۵؛ التعلیقۃ الاستدلالیۃ: ۳ /۱۷۲؛ جواہر الکلام: ۲۹ /۸۷؛ شرح العروۃ: ۳۲ /۶۷و ۱۲ /۹۳؛ فقہ الصادق ؑ: ۲۱ /۱۲۳؛ مستمسک العروۃ: ۱۴ /۳۸؛ کتاب نکاح شبیری: ۳ /۸۱۷

{2302} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ أَنَّهُ قَالَ لِلصَّادِقِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: اَلرَّجُلُ تَمُرُّ بِهِ الْمَرْأَةُ فَيَنْظُرُ إِلَى خَلْفِهَا قَالَ أَ يَسُرُّ أَحَدَكُمْ أَنْ يُنْظَرَ إِلَى أَهْلِهِ وَ ذَاتِ قَرَابَتِهِ(قُلْتُ لاَ قَالَ)فَارْضَ لِلنَّاسِ مَا تَرْضَاهُ لِنَفْسِكَ.

❂ ابو بصیر سے روایت ہے کہ انہوں نے امام صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ ایک شخص کے سامنے سے ایک عورت گزری تو وہ اس کے پچھلے حصے کی طرف دیکھنے لگا۔

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کیا تم لوگوں میں سے کوئی یہ بات پسند کرے گا کہ کوئی شخص اس کی زوجہ یا اس کی کسی قرابتدار کو اس طرح دیکھے؟

میں نے عرض کیا: نہیں

آپ علیہ السلام نے فرمایا: پس جو بات تم اپنے لئے پسند کرتے ہو وہی دوسرے لوگوں کے لئے پسند کرو۔[1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔[2]

{2303} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِأَسَانِيدِهِ عَنْ هِشَامٍ وَ حَفْصٍ وَ حَمَّادُ بْنُ عُثْمَانَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَنَّهُ قَالَ: مَا يَأْمَنُ الَّذِينَ يَنْظُرُونَ فِي أَدْبَارِ النِّسَاءِ أَنْ يُبْتَلَوْا بِذَلِكَ فِي نِسَائِهِمْ.

❂ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: وہ لوگ مطمئن نہ ہوں جو (لوگوں کی) عورتوں کے پچھواڑے کو دیکھتے ہیں کیونکہ (اصل میں) وہ اپنی عورتوں کو اس میں مبتلا کرتے ہیں۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح اور حسن ہے۔[4]

{2304} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّوْفَلِيِّ عَنِ السَّكُونِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ: لاَ حُرْمَةَ لِنِسَاءِ أَهْلِ الذِّمَّةِ أَنْ يُنْظَرَ إِلَى شُعُورِهِنَّ وَ

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/۱۹ ح ۴۹۷۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۰۰ ح ۲۵۴۲۳؛ الوافی: ۲۲/۸۹۱؛ دعائم الاسلام: ۲/۲۰۱ ح ۷۳۷؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۲۷۳ ح ۱۶۶۹۵؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۷۹

[2] روضۃ المتقین: ۹/۳۴۵

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/۱۹ ح ۴۹۷۳؛ الکافی: ۵/۵۵۳ ح ۲؛ دعائم الاسلام: ۲/۲۰۲؛ الوافی: ۲۲/۸۲۶؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۰۰ ح ۲۵۴۲۴؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۲۷۳ ح ۱۶۶۹۶؛ عوالی اللئالی: ۳/۵۴۷؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۶۱۸ ح ۳۷۸۴۳

[4] روضۃ المتقین: ۹/۳۴۵؛ مرآۃ العقول: ۲۰/۴۰۳

أَيْدِيهِنَّ.

⭘ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ رسول اللہؐ نے فرمایا: اہل ذمہ کی عورتوں کے بالوں اور ان کے ہاتھوں کی طرف نگاہ کرنے میں کوئی حرمت نہیں ہے۔[1]

تحقیق:

حدیث موثق یا معتبر ہے۔[2]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث ضعیف علی المشہور ہے۔[3]

{2305} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَبَّادِ بْنِ صُهَيْبٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ يَقُولُ: لاَ بَأْسَ بِالنَّظَرِ إِلَى رُءُوسِ أَهْلِ اَلتِّهَامَةِ وَ اَلْأَعْرَابِ وَ أَهْلِ اَلسَّوَادِ وَ اَلْعُلُوجِ لِأَنَّهُمْ إِذَا نُهُوا لاَ يَنْتَهُونَ قَالَ وَ اَلْمَجْنُونَةِ وَ اَلْمَغْلُوبَةِ عَلَى عَقْلِهَا وَ لاَ بَأْسَ بِالنَّظَرِ إِلَى شَعْرِهَا وَ جَسَدِهَا مَا لَمْ يَتَعَمَّدْ ذَلِكَ.

⭘ عباد بن صہیب سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا کہ اہل تہامہ بدوؤں، اہل سواد اور علوج (کی عورتوں) کے سروں پر نگاہ کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے کیونکہ اگر ان کو (بے پردگی سے) منع بھی کیا جائے تو وہ اس سے باز نہیں آتے۔

نیز فرمایا: پاگل اور کم عقل عورت کے بال اور جسم پر نگاہ کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے جبکہ ایسا کرنا عمداً (لذت اٹھانے کے لئے) نہ ہو۔[4]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق کالصحیح یا موثق ہے۔[5]

---

[1] الکافی: ۵/۵۲۴ ح۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۰۵ ح۲۵۴۳۰؛ الفصول المہمہ: ۲/۳۳۵؛ تفسیر کنز الدقائق: ۹/۲۷۴؛ تفسیر نور الثقلین: ۳/۵۹۰؛ الوافی: ۲۲/۸۲۹؛ تفسیر الصافی: ۳/۴۳۰؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۹۷

[2] مصباح المنھاج کتاب الطہارۃ: ۲/۵۲؛ ماوراء الفقہ: ۶/۳۲؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۳/۸۶۱؛ شرح العروۃ: ۲/۳۲۴؛ منتھی مبانی العروۃ کتاب الصلاۃ: ۱۱/۲

[3] مرآۃ العقول: ۲۰/۳۵۲

[4] الکافی: ۵/۵۲۴ ح۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۶۹ ح۴۶۳۴؛ علل الشرائع: ۲/۵۶۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۰۶ ح۲۵۴۳۲؛ تفسیر الصافی: ۳/۴۳۰؛ تفسیر نور الثقلین: ۳/۵۹۰؛ تفسیر کنز الدقائق: ۹/۲۷۴؛ الوافی: ۲۲/۸۲۹؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۳۵؛ الفصول المہمہ: ۲/۳۳۵

[5] منتھی مبانی العروۃ: ۳/۱۶؛ روضۃ المتقین: ۸/۵۲۱؛ مرآۃ العقول: ۲۰/۳۵۳

{2306} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْمَاعِيلَ بْنِ بَزِيعٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا الْحَسَنِ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ أُمَّهَاتِ الْأَوْلاَدِ لَهَا أَنْ تَكْشِفَ رَأْسَهَا بَيْنَ يَدَيِ الرِّجَالِ قَالَ تَقَنَّعُ.

۞ محمد بن اسماعیل بن بزیع سے روایت ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام سے پوچھا کہ کیا امہات الاولاد (یعنی کنیزیں) مردوں کے سامنے سر سے کپڑا ہٹا سکتی ہیں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ سر ڈھانپ کر رکھیں۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2307} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ يُونُسَ بْنِ عَمَّارٍ وَ يُونُسَ بْنِ يَعْقُوبَ جَمِيعاً عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ يَحِلُّ لِلْمَرْأَةِ أَنْ يَنْظُرَ عَبْدُهَا إِلَى شَيْءٍ مِنْ جَسَدِهَا إِلاَّ إِلَى شَعْرِهَا غَيْرَ مُتَعَمِّدٍ لِذَلِكَ.

۞ یونس بن عمار اور یونس بن یعقوب دونوں سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: عورت کے لئے حلال نہیں ہے کہ اس کا غلام اس کے جسم کے کسی حصہ پر نگاہ کرے سوائے اس کے بالوں پر بغیر ارادہ (لذت) کے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق کالصحیح ہے۔ [4]

{2308} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ وَ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ شَاذَانَ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ الْمَمْلُوكُ يَرَى شَعْرَ مَوْلاَتِهِ وَ سَاقَهَا قَالَ لاَ بَأْسَ.

۞ معاویہ بن عمار سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ ایک غلام اپنی مالکہ کے بال اور اس کی

---

[1] الکافی: ۵/۵۲۵ ح۱؛ الوافی: ۲۲/۸۳۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۰۶ ح ۲۵۴۴۳ و ۲۲۶ ح ۲۵۴۸۹؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۳۴؛ عیون اخبار الرضاؑ: ۲/۱۸؛ حدایۃ الامہ: ۷/۹۱؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۴۳۲ ح ۳۷۴۱۲

[2] انوار الفقاہۃ کتاب النکاح: ۷۶؛ مرآۃ العقول: ۲۰/۳۵۴

[3] الکافی: ۵/۵۳۱ ح۴؛ تفسیر البرہان: ۴/۹۱؛ تفسیر کنز الدقائق: ۹/۲۸۱؛ الوافی: ۲۲/۸۳۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۲۳ ح ۲۵۴۷۲؛ تفسیر نور الثقلین: ۳/۵۹۲؛ تفسیر الصافی: ۳/۴۳۱؛ حدایۃ الامہ: ۷/۹۷

[4] کتاب نکاح شبیری: ۳/۸۵۸؛ حدود الشریعۃ: ۷/۱۱۱؛ شرح العروۃ: ۳۲/۴۷؛ مرآۃ العقول: ۲۰/۳۶۸

پنڈلی پر نگاہ ڈال سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کوئی حرج نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن کالصحیح ہے۔ [2]

{2309} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا الْحَسَنِ مُوسَى عَلَيْهِ السَّلاَمُ قُلْتُ يَكُونُ لِلرَّجُلِ الْخَصِيُّ يَدْخُلُ عَلَى نِسَائِهِ فَيُنَاوِلُهُنَّ الْوَضُوءَ فَيَرَى شُعُورَهُنَّ قَالَ لاَ.

محمد بن اسحاق سے روایت ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا اور عرض کیا کہ ایک شخص کا خصی غلام ہے جو اس کی عورتوں کے پاس جاتا ہے اور انہیں وضو کا پانی پہنچاتا ہے تو کیا وہ ان کے بالوں کو دیکھ سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن کالصحیح یا موثق کالصحیح یا حسن یا موثق ہے۔ [4]

قول مؤلف:

اور اسی طرح امام علی رضا علیہ السلام نے اپنے آبائے کرام علیہم السلام کے ذریعے سے روایت کیا ہے کہ امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: میری بہن سکینہ بنت علی علیہ السلام کے پاس (خصی) غلام لایا گیا تو انہوں نے اس سے اپنا سر ڈھانپ لیا چنانچہ ان سے عرض کیا گیا کہ وہ تو خادم ہے (اور وہ بھی خصی)؟ تو انہوں نے فرمایا: وہ مرد تو ہے چاہے اپنی شہوت سے منع ہو چکا ہے۔ [5]

{2310} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ وَ عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ جَمِيعاً عَنِ ابْنِ أَبِي نَجْرَانَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ يَصْلُحُ

---

[1] الکافی: ۵/۵۳۱ ح ۳؛ تفسیر نور الثقلین: ۳/۵۹۱؛ الوافی: ۲۲/۸۳۲؛ تفسیر البرہان: ۴/۶۱؛ تفسیر کنز الدقائق: ۹/۲۸۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۲۳ ح ۲۵۴۷۸؛ مشکاۃ الانوار: ۳۲۰؛ تفسیر الصافی: ۳/۴۳۱؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۶۲۶ ح ۳۷۴۰۵

[2] حدود الشریعہ: ۲/۶۱۱؛ مرآۃ العقول: ۲۰/۳۶۸

[3] الکافی: ۵/۵۳۲ ح ۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۲۶ ح ۲۵۴۸۶؛ تفسیر الصافی: ۳/۴۳۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/۴۸۰ ح ۱۹۲۵؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۶۹ ح ۴۶۳۳؛ الاستبصار: ۳/۲۵۲ ح ۹۰۲؛ الوافی: ۲۲/۸۳۵؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۴۶؛ مکارم الاخلاق: ۲۳۵

[4] شرح العروۃ: ۳۲/۲۷۷؛ روضۃ المتقین: ۸/۵۱۷؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۴۹۵؛ مرآۃ العقول: ۲۰/۳۶۹

[5] الامالی طوسی: ۳۶۶ مجلس ۱۳؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۳۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۲۷ ح ۲۵۴۹۱؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۶۲۴ ح ۳۷۳۹۹

لِلْجَارِيَةِ إِذَا حَاضَتْ إِلاَّ أَنْ تَخْتَمِرَ إِلاَّ أَنْ لاَ تَجِدَهُ.

✿ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: لڑکی کے لئے جائز نہیں ہے کہ جب حائض ہو جائے تو اوڑھنی نہ اوڑھے مگر یہ کہ اوڑھنی دستیاب نہ ہو۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن کالصحیح یا حسن ہے۔ [2]

{2311} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي نَصْرٍ عَنِ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: يُؤْخَذُ الْغُلاَمُ بِالصَّلاَةِ وَهُوَ ابْنُ سَبْعِ سِنِينَ وَلاَ تُغَطِّي الْمَرْأَةُ شَعْرَهَا مِنْهُ حَتَّى يَحْتَلِمَ.

✿ احمد بن محمد بن ابونصر سے روایت ہے کہ امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا: جب لڑکا سات سال کا ہو جائے تو اسے نماز کے لئے کہا جائے گا اور عورت اس سے اپنے بال نہیں چھپائے گی یہاں تک کہ اسے احتلام نہ ہو جائے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2312} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ أَبِي حَمْزَةَ الثُّمَالِيِّ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الْمَرْأَةِ الْمُسْلِمَةِ يُصِيبُهَا الْبَلاَءُ فِي جَسَدِهَا إِمَّا كَسْرٌ أَوْ جِرَاحٌ فِي مَكَانٍ لاَ يَصْلُحُ النَّظَرُ إِلَيْهِ وَيَكُونُ الرِّجَالُ أَرْفَقَ بِعِلاَجِهِ مِنَ النِّسَاءِ أَ يَصْلُحُ لَهُ أَنْ يَنْظُرَ إِلَيْهَا قَالَ إِذَا اضْطُرَّتْ إِلَيْهِ فَيُعَالِجُهَا إِنْ شَاءَتْ.

✿ ابوحمزہ ثمالی سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک عورت جس کے جسم میں کوئی بیماری لگ جاتی ہے ٹوٹنے کے سبب یا زخم لگنے کے سبب ایسے مقام پر کہ جس کی طرف مرد کا نگاہ کرنا درست نہیں ہے اور ایک مرد عورتوں کی نسبت اس کے علاج میں زیادہ ماہر ہے تو کیا اس کے لئے درست ہے کہ وہ اس کی طرف دیکھے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب اس کی طرف مجبور ہے تو اگر عورت چاہے تو وہ مرد اس کا علاج کر سکتا ہے۔ [5]

---

[1] الکافی: ۵/۵۳۲ ح ۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۲۸ ح ۲۵۴۹۵؛ الوافی: ۲۲/۸۱۵؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۹۱؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۲۳۰

[2] الانوار اللوامع: ۱۰/۲۶۷؛ البلوغ: ۷۷؛ مراۃ العقول: ۲۰/۳۷۰؛ الصحیح من سیرۃ النبی الاعظم: ۱۲/۱۹۶

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۳۶ ح ۴۵۰۷؛ الوافی: ۲۲/۸۱۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۲۹ ح ۲۵۴۹۷ و ۲۱/۴۶۰ ح ۲۷۵۸۰

[4] روضۃ المتقین: ۸/۴۷۳؛ شرح العروۃ: ۳۲/۴۷۰؛ الانوار اللوامع: ۱۰/۲۶۳؛ حدود الشریعہ: ۲/۱۳؛ مصابیح الظلام: ۱/۸۷؛ جواہر الکلام: ۲۹/۸۳؛ الرسائل الفقہیہ: ۲/۲۹۵؛ تفصیل الشریعہ: ۲۲/۴۴

[5] الکافی: ۵/۵۳۴ ح ۱؛ الوافی: ۲۲/۸۲۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۳۳ ح ۲۵۵۱۲؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۹۴

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [1]

{2313} عَلِيُّ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ أَخِيهِ مُوسَى بْنِ جَعْفَرٍ ع قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الرَّجُلِ يَكُونُ بِبَطْنِ فَخِذِهِ أَوْ أَلْيَتِهِ الْجُرْحُ هَلْ يَصْلُحُ لِلْمَرْأَةِ أَنْ تَنْظُرَ إِلَيْهِ وَ تُدَاوِيَهُ قَالَ إِذَا لَمْ تَكُنْ عَوْرَةً فَلَا بَأْسَ.

❁ علی بن جعفر علیہ السلام سے روایت ہے کہ میں نے اپنے بھائی امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ کسی مرد کی رانوں کے درمیان یا اس کے کولہوں میں کوئی زخم ہوتو کیا عورت کے لئے جائز ہے کہ اس کی طرف دیکھے اور علاج کرے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب کوئی شرم کی بات نہ ہوتو کوئی حرج نہیں۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [3]

{2314} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ فَضَّالٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ عُقْبَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ سَمِعْتُهُ يَقُولُ: اَلنَّظَرُ سَهْمٌ مِنْ سِهَامِ إِبْلِيسَ مَسْمُومٌ وَ كَمْ مِنْ نَظْرَةٍ أَوْرَثَتْ حَسْرَةً طَوِيلَةً.

❁ عقبہ نے اپنے والد سے روایت کیا ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا (حرام) نگاہ شیطان کے زہریلے تیروں میں سے ایک تیر ہے اور کتنی ایسی نگاہیں ہیں جو طویل حسرت کا سبب بنتی ہیں [4]

تحقیق:

حدیث حسن یا موثق ہے۔ [5]

{2315} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ عُقْبَةَ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ: اَلنَّظْرَةُ سَهْمٌ مِنْ سِهَامِ إِبْلِيسَ مَسْمُومٌ مَنْ تَرَكَهَا لِلَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ لَا لِغَيْرِهِ أَعْقَبَهُ اللَّهُ إِيمَاناً يَجِدُ طَعْمَهُ.

---

[1] مرآۃ العقول: ۲۰/۳۷۳؛ المجمعہ: ۱۹/۸؛ ۳۱۹؛ کتاب نکاح شبیری: ۲/۵۵۶؛ شرح العروۃ: ۳۲/۲۲

[2] مسائل علی بن جعفرؑ: ۲۶؛ قرب الاسناد: ۲۲۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۳۳ ح ۲۵۵۱۵؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۳۴؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۹۵

[3] سند العروۃ: ۳۷۳؛ شرح العروۃ: ۱۲/۹۳

[4] الکافی: ۵/۵۵۹ ح ۱۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۹۰ ح ۲۵۳۹۵؛ الوافی: ۲۲/۸۵۹؛ ثواب الاعمال: ۲۶۴؛ المحاسن: ۱/۱۰۹ ح ۱۰۱؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۴۰؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۵۹۰ ح ۳۷۳۱۸

[5] مرآۃ العقول: ۲۰/۳۱۱؛ الآراء الفقہیہ: ۳۰۱

عقبہ سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: نگاہ ابلیس کے زہر میں بجھائے ہوئے تیروں میں سے ایک تیر ہے جو شخص کسی غیر کے لئے نہیں بلکہ اللہ کے لئے اسے ترک کرے گا تو اس کے پیچھے اللہ ایسا ایمان دے گا جس کا ذائقہ اس کو محسوس ہوگا۔ [1]

تحقیق:

حدیث حسن کالصحیح یا حسن ہے۔ [2]

{2316} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنِ الْكَاهِلِيِّ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: اَلنَّظْرَةُ بَعْدَ النَّظْرَةِ تَزْرَعُ فِي الْقَلْبِ الشَّهْوَةَ وَ كَفَى بِهَا لِصَاحِبِهَا فِتْنَةً.

کاہلی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ایک (اتفاقی) نظر کے بعد دوسری (عمداً) نظر دل میں شہوت کے بیج بو دیتی ہے اور یہی انسان کے فتنہ میں پڑنے کے لئے کافی ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث حسن کالصحیح ہے۔ [4]

قول مؤلف:

اس طرح کی بعض حدیثیں پہلے گزر چکی ہیں اور بعض آئندہ گزریں گی ان شاء اللہ جو اس مطلب پر عموماً اور خصوصاً دلالت کرتی ہیں۔ (واللہ اعلم)

﴿مختلف ازدواجی مسائل﴾

{2317} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ مِهْرَانَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ: تَزَوَّجُوا وَ زَوِّجُوا أَلاَ فَمِنْ حَظِّ امْرِءٍ مُسْلِمٍ إِنْفَاقُ قِيمَةِ أَيِّمَةٍ وَ مَا مِنْ شَيْءٍ أَحَبَّ إِلَى اللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ مِنْ بَيْتٍ يُعْمَرُ فِي الْإِسْلاَمِ بِالنِّكَاحِ وَ مَا مِنْ شَيْءٍ أَبْغَضَ إِلَى اللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ مِنْ بَيْتٍ يُخْرَبُ فِي الْإِسْلاَمِ بِالْفُرْقَةِ يَعْنِي الطَّلاَقَ ثُمَّ

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/۱۸ ح ۴۹۶۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۹۲ ح ۲۵۳۹۹؛ الوافی: ۲۲/۸۵۹؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۲۶۸ ح ۱۶۷۴۲؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۳۸؛ جامع الاخبار: ۳۵؛ دعائم الاسلام: ۲/۲۰۲ ح ۷۴۳؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۵۹۰ ح ۳۷۳۱۹

[2] روضۃ المتقین: ۹/۳۳۴؛ الآراء الفقہیہ: ۳۰۱

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/۱۸ ح ۴۹۷۰؛ الوافی: ۲۲/۸۶۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۹۲ ح ۲۵۴۰۰؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/۸؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۵۹۳

[4] روضۃ المتقین: ۹/۳۳۴

قَالَ أَبُو عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ إِنَّ اَللَّهَ عَزَّ وَ جَلَّ إِنَّمَا وَكَّدَ فِي اَلطَّلاَقِ وَ كَرَّرَ فِيهِ اَلْقَوْلَ مِنْ بُغْضِهِ اَلْفُرْقَةَ.

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: شادیاں کرو اور شادیاں کراؤ۔ آگاہ ہو جاؤ کہ مسلمان مرد کے حصے میں سے بیوی کی قیمت ہے کہ وہ اس پر خرچ کرے اور اللہ کے نزدیک اس گھر سے زیادہ اسلام میں کوئی چیز پسندیدہ نہیں ہے کہ جسے نکاح کے ذریعے آباد کیا جائے اور اسلام میں اللہ کے نزدیک اس گھر سے زیادہ ناپسندیدہ کوئی چیز نہیں ہے کہ جسے جدائی یعنی طلاق کے ذریعے خراب کیا جائے۔

پھر امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے طلاق کے بارے میں بار بار اپنے قول کو دہرایا ہے کہ اسے جدائی سے نفرت ہے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{2318} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَلْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَبَانٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ يَزِيدَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: مَا أَظُنُّ رَجُلاً يَزْدَادُ فِي اَلْإِيمَانِ خَيْراً إِلاَّ اِزْدَادَ حُبّاً لِلنِّسَاءِ.

عمر بن یزید سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: میرا خیال یہ ہے کہ جس قدر انسان کے ایمان میں زیادتی ہوگی اتنی ہی اس کے اندر عورتوں سے محبت میں زیادتی ہوگی۔[3]

تحقیق:

حدیث موثق کالصحیح ہے۔[4]

{2319} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَلْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَبْدِ اَللَّهِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: أَغْلَبُ اَلْأَعْدَاءِ لِلْمُؤْمِنِ زَوْجَةُ اَلسَّوْءِ.

عبداللہ بن سنان سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: مومن کے غالب ترین دشمنوں میں اس کی بُری

---

[1] الکافی: ۵/۳۲۸ ح ۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۶ ح ۲۴۹۰۷ و ۲۲/۷ ح ۲۷۸۷۴؛ الوافی: ۲۱/۳۴ ح ۳؛ الفصول المہمہ: ۲/۳۲۱؛ عوالی اللئالی: ۳/۲۸۸؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۸ ح ۳۶۳۰۷

[2] مرآۃ العقول: ۲۰/۱۶

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۸۴ ح ۴۳۵۱؛ الکافی: ۵/۳۲۰ ح ۲؛ الوافی: ۲۱/۲۷ ح ۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۲ ح ۲۴۹۲۲؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۱۵۷ ح ۱۶۳۵۶؛ دعائم الاسلام: ۲/۱۹۲؛ بحار الانوار: ۱۰۰/۲۲۸؛ النوادر راوندی: ۱۲؛ مکارم الاخلاق: ۱۹۷؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۷۹

[4] روضۃ المتقین: ۸/۸۷

بیوی ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2320} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ وَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى وَ عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ جَمِيعاً عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رِئَابٍ عَنْ أَبِي حَمْزَةَ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ فَقَالَ: إِنَّ خَيْرَ نِسَائِكُمُ الْوَلُودُ الْوَدُودُ الْعَفِيفَةُ الْعَزِيزَةُ فِي أَهْلِهَا الذَّلِيلَةُ مَعَ بَعْلِهَا الْمُتَبَرِّجَةُ مَعَ زَوْجِهَا الْحَصَانُ عَلَى غَيْرِهِ الَّتِي تَسْمَعُ قَوْلَهُ وَ تُطِيعُ أَمْرَهُ وَ إِذَا خَلَا بِهَا بَذَلَتْ لَهُ مَا يُرِيدُ مِنْهَا وَ لَمْ تَبَذَّلْ كَتَبَذُّلِ الرَّجُلِ.

ابوحمزہ سے روایت ہے کہ میں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمہاری عورتوں میں سے بہترین عورت وہ ہے جو زیادہ بچے جننے والی، زیادہ محبت کرنے والی، پاکدامن، اپنے اہل میں عزت دار، شوہر کے سامنے ذلیل (یا انکساری کرنے والے)، اپنے شوہر کے ساتھ عریاں اور اس کے غیر سے دامن بچانے والی، اپنے شوہر کی بات سننے والی اور اس کے امر کی اطاعت کرنے والی ہو اور جب اس کا شوہر اس کے ساتھ اکیلا ہو تو جو اس سے چاہے وہ اس کی خواہش کو پورا کرنے والی ہو اور مردوں کی طرح بے باک نہ ہو۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2321} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ الْبَرْقِيِّ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي نَصْرٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: خَيْرُ نِسَائِكُمُ الَّتِي إِذَا خَلَتْ مَعَ زَوْجِهَا خَلَعَتْ لَهُ دِرْعَ الْحَيَاءِ وَ إِذَا لَبِسَتْ لَبِسَتْ مَعَهُ دِرْعَ الْحَيَاءِ.

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۹۰ح ۴۳۷۰؛ الوافی: ۲۱/۲۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۵ح ۲۴۹۳۷؛ الفصول المہمہ: ۳/۳۹۱؛ مکارم الاخلاق: ۲۰۱؛ بحارالانوار: ۱۰۰/۲۴۰؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۸۸

[2] روضۃ المتقین: ۸/۱۰۵

[3] الکافی: ۵/۳۲۴ح ۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۸۹ح ۴۳۷۶؛ تہذیب الاحکام: ۷/۴۰۰ح ۱۵۹۷؛ الوافی: ۲۱/۵۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۸ح ۲۴۹۴۲؛ الفصول المہمہ: ۳/۳۹۲؛ بحارالانوار: ۱۰۰/۲۳۵؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۱۶۶ح ۱۶۳۹۳؛ روضۃ الواعظین: ۲/۳۷۴؛ مکارم الاخلاق: ۲۰۰؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۱۳۲ح ۳۶۵۲۸

[4] مرآۃ العقول: ۲۰/۱۱؛ روضۃ المتقین: ۸/۱۰۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۳۲۲

ابوبصیر سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: تمہاری عورتوں میں سے بہترین عورت وہ ہے کہ جب وہ اپنے شوہر کے ساتھ ہو تو اس کے لئے حیا کا دوپٹہ اتار دے اور جب اس کے ساتھ اوڑھے تو حیا کا دوپٹہ بھی اوڑھ لے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2322} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٌ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ اَلْبَرْقِيِّ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مِهْرَانَ عَنْ سُلَيْمَانَ اَلْجَعْفَرِيِّ عَنْ أَبِي اَلْحَسَنِ اَلرِّضَا عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ قَالَ أَمِيرُ اَلْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ: خَيْرُ نِسَائِكُمُ اَلْخَمْسُ قِيلَ يَا أَمِيرَ اَلْمُؤْمِنِينَ وَ مَا اَلْخَمْسُ قَالَ اَلْهَيِّنَةُ اَللَّيِّنَةُ اَلْمُؤَاتِيَةُ اَلَّتِي إِذَا غَضِبَ زَوْجُهَا لَمْ تَكْتَحِلْ بِغُمْضٍ حَتَّى يَرْضَى وَ إِذَا غَابَ عَنْهَا زَوْجُهَا حَفِظَتْهُ فِي غَيْبَتِهِ فَتِلْكَ عَامِلٌ مِنْ عُمَّالِ اَللَّهِ وَ عَامِلُ اَللَّهِ لاَ يَخِيبُ.

امام علی رضا علیہ السلام سے روایت ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: تمہاری عورتوں میں سے بہترین پانچ عورتیں ہیں۔ عرض کیا گیا: اے امیر المومنین علیہ السلام! وہ پانچ کون سی ہیں؟ آپ علیہ السلام نے فرمایا: آہستہ کار، نرم مزاج، سازگار (رفیق)، وہ عورت کہ جب اس کا شوہر ناراض ہو جائے تو وہ آنکھوں میں اسوقت تک سرمہ نہ لگائے (یا اس وقت اسے نیند نہ آئے) جب تک کہ وہ راضی نہ ہو جائے اور جب اس کا شوہر اس سے غائب ہو تو اس کی غیر موجودگی میں اس کی (جان و مال کے سبب) حفاظت کرے۔ پس ایسی عورت اللہ کے عاملوں میں سے ایک عامل ہے اور اللہ کا عامل خسارہ نہیں اٹھاتا۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2323} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٌ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ وَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ وَ عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ جَمِيعاً عَنِ اِبْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رِئَابٍ عَنْ أَبِي حَمْزَةَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اَللَّهِ قَالَ سَمِعْتُهُ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اَللَّهِ صَلَّى اَللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ: أَلاَ أُخْبِرُكُمْ بِشِرَارِ نِسَائِكُمُ اَلذَّلِيلَةُ فِي أَهْلِهَا اَلْعَزِيزَةُ مَعَ بَعْلِهَا اَلْعَقِيمُ اَلْحَقُودُ اَلَّتِي لاَ تَوَرَّعُ مِنْ قَبِيحٍ اَلْمُتَبَرِّجَةُ إِذَا غَابَ عَنْهَا بَعْلُهَا اَلْحَصَانُ مَعَهُ

---

[1] الکافی: ۵/ ۳۲۴ ح ۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۲۹ ح ۲۴۹۳۳؛ الوافی: ۲۱/ ۵۹؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۳۹۹ ح ۱۵۹۵؛ الفصول المہمہ: ۳/ ۹۳ ۳؛ مستدرک ابی بصیر: ۲/ ۵۹ ۳؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/ ۱۶۰؛ بحار الانوار: ۱۰۰/ ۲۳۹؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/ ۸ ح ۳۶۵۳۷

[2] مرآۃ العقول: ۲۰/ ۱۱

[3] الکافی: ۵/ ۳۲۴ ح ۵؛ الوافی: ۲۱/ ۶۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۲۹ ح ۲۴۹۳۴؛ بحار الانوار: ۱۰۰/ ۲۳۱؛ الفصول المہمہ: ۳/ ۹۳ ۳؛ امالی طوسی: ۳۰۷ مجلس ۱۳؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/ ۶ ح ۳۶۵۳۳

[4] مرآۃ العقول: ۲۰/ ۱۲

إِذَا حَضَرَ لاَ تَسْمَعُ قَوْلَهُ وَ لاَ تُطِيعُ أَمْرَهُ وَ إِذَا خَلاَ بِهَا بَعْلُهَا تَمَنَّعَتْ مِنْهُ كَمَا تَمَنَّعُ اَلصَّعْبَةُ عَنْ رُكُوبِهَا لاَ تَقْبَلُ مِنْهُ عُذْراً وَ لاَ تَغْفِرُ لَهُ ذَنْباً.

❁ جابر بن عبداللہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہیں تمہاری شریر (بدترین) عورتوں کی خبر دوں؟ جو اپنے اہل میں ذلیل مگر شوہر کے ساتھ عزت دار ہے، بانجھ، کینہ پرور کہ جو قبیح افعال سے پرہیز نہ کرے، جب اس کا شوہر غائب ہو تو عریاں ہو اور جب وہ موجود ہو تو اس کے ساتھ باپردہ ہو، اس کی بات نہ سننے والی، اس کے امر کی اطاعت نہ کرنے والی ہو اور جب اس کا شوہر اس سے خلوت کرے تو اس سے انکار کرنے والی ہو جیسا کہ اڑیل (جانور) سواری سے روکے، اس سے کوئی عذر قبول نہ کرنے والی اور اس کی کوئی خطا معاف نہ کرنے والی ہو۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2324} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ اَلْأَصْبَغِ بْنِ نُبَاتَةَ عَنْ أَمِيرِ اَلْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ سَمِعْتُهُ يَقُولُ: يَظْهَرُ فِي آخِرِ اَلزَّمَانِ وَ اِقْتِرَابِ اَلسَّاعَةِ وَ هُوَ شَرُّ اَلْأَزْمِنَةِ نِسْوَةٌ كَاشِفَاتٌ عَارِيَاتٌ مُتَبَرِّجَاتٌ مِنَ اَلدِّينِ دَاخِلاَتٌ فِي اَلْفِتَنِ مَائِلاَتٌ إِلَى اَلشَّهَوَاتِ مُسْرِعَاتٌ إِلَى اَللَّذَّاتِ مُسْتَحِلاَّتٌ لِلْمُحَرَّمَاتِ فِي جَهَنَّمَ خَالِدَاتٌ.

❁ اصبغ بن نباتہ سے روایت ہے کہ میں نے امیر المومنین علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا کہ زمانہ کے آخر دور اور قرب قیامت میں کہ جو زمانہ کا بدترین دور ہوگا ایسی عورتیں نمودار ہوں گی جن کے چہرے کھلے ہوں گے، وہ بے پردہ ہوں گی، دینی احکام سے آزاد ہو کر گھومتی پھریں گی، فتنوں میں داخل ہوں گی، خواہشات کی طرف مائل ہوں گی، حرام باتوں کو اپنے لئے حلال بنائیں گی اور ہمیشہ ہمیشہ کے لئے جہنم میں چلی جائیں گی۔ [3]

تحقیق:

حدیث قوی کالصحیح ہے۔ [4]

---

[1] الکافی: ۵/۳۲۵ ح ۳؛ من لایحضرہ الفقیہ: ۳/۳۹۱ ح ۴۳۷۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/۴۰۰ ح ۱۵۹۷؛ الفصول المہمہ: ۳/۳۹۵؛ الوافی: ۲۱/۵۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۳۳ ح ۲۴۹۵۷؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۱۰۵؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۱۳۴ ح ۳۶۵۳۹؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۱۶۵ ح ۱۶۳۹۳؛ روضۃ الواعظین: ۲/۳۷۴؛ بحار الانوار: ۱۰۰/۲۳۵؛ مکارم الاخلاق: ۲۰۲

[2] مرآۃ العقول: ۲۰/۱۲؛ روضۃ المتقین: ۸/۱۰۸؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۳۲۲

[3] من لایحضرہ الفقیہ: ۳/۳۹۰ ح ۴۳۷۴؛ الوافی: ۲۲/۸۰۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۳۵ ح ۲۴۹۶۱؛ مکارم الاخلاق: ۲۰۱

[4] روضۃ المتقین: ۸/۱۰۷

{2325} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ: خَيْرُ نِسَاءٍ رَكِبْنَ الرِّحَالَ نِسَاءُ قُرَيْشٍ أَحْنَاهُ عَلَى وَلَدٍ وَخَيْرُهُنَّ لِزَوْجٍ.

⭘ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو پالانوں پر سوار ہوتی ہیں ان تمام عورتوں سے بہترین عورتیں قریش کی ہیں جو اولاد کے لئے شفیق اور شوہر کے لئے بہترین ہوتی ہیں۔ [1]

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔ [2]

{2326} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رِئَابٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: ثَلاَثَةُ أَشْيَاءَ لاَ يُحَاسَبُ عَلَيْهِنَّ الْمُؤْمِنُ طَعَامٌ يَأْكُلُهُ وَثَوْبٌ يَلْبَسُهُ وَزَوْجَةٌ صَالِحَةٌ تُعَاوِنُهُ وَيُحْصِنُ بِهَا فَرْجَهُ.

⭘ حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: تین چیزیں ایسی ہیں کہ ان کا مومن سے حساب نہیں لیا جائے گا: طعام جو وہ کھاتا ہے، کپڑا جو وہ پہنتا ہے اور نیکوکار بیوی جو اس کی اعانت کرتی ہے اور یہ اس کی وجہ سے اس کی شرمگاہ کی حفاظت کرتا ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2327} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ الْعَاصِمِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ فَضَّالٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَسْبَاطٍ عَنْ عَمِّهِ يَعْقُوبَ بْنِ سَالِمٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ: إِنَّمَا مَثَلُ الْمَرْأَةِ الصَّالِحَةِ مَثَلُ الْغُرَابِ الْأَعْصَمِ الَّذِي لاَ يَكَادُ يُقْدَرُ عَلَيْهِ قِيلَ وَمَا الْغُرَابُ

---

[1] الکافی: ۵/۳۲۶ ح۱؛ الوافی: ۲۱/۶۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۳۶ ح۲۴۹۶۵؛ الفصول المہمہ: ۳/۴۹۵؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۱۶۷ ح۱۶۴۹۲؛ بحار الانوار: ۱۰۰/۲۳۳؛ النوادر راوندی: ۳۵؛ دعائم الاسلام: ۲/۱۹۵؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۱۰۲

[2] مرآۃ العقول: ۲۰/۱۳

[3] تہذیب الاحکام: ۷/۴۰۱ ح۱۵۹۹؛ مشکوۃ الانوار: ۱۶۳؛ الوافی: ۲۰/۵۲۵؛ الوافی: ۲۱/۷۳؛ الکافی: ۶/۲۸۰ ح۲؛ بحار الانوار: ۶۳/۳۱۷، ۷۶/۲۹۹؛ مکارم الاخلاق: ۱۹۷؛ وسائل الشیعہ: ۵/۶ ح۵۷۴۳؛ تفسیر نور الثقلین: ۵/۶۶۵؛ عوالم العلوم: ۲۰/۵۶۷؛ مستدرک الوسائل: ۱۶/۲۵۸؛ المحاسن ۲/۳۹۹؛ تفسیر کنز الدقائق: ۱۴/۴۳۳

[4] ملاذ الاخیار: ۱۲/۳۲۵؛ حق الیقین فی معرفۃ اصول الدین: ۲/۴۲۹

اَلْأَعْصَمُ اَلَّذِي لاَ يَكَادُ يُقْدَرُ عَلَيْهِ قَالَ اَلْأَبْيَضُ إِحْدَى رِجْلَيْهِ.

❁ امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یقیناً صالح عورت کی مثال اعصم کوے جیسی ہے جو قریب قریب ملتا ہی نہیں ہے۔

آپ علیہ السلام سے عرض کیا گیا: یا اعصم کوا کون سا ہے جو قریب قریب ملتا ہی نہیں ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جس کا ایک پاؤں سفید ہو۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [2]

{2328} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَلْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ جَمِيلِ بْنِ دَرَّاجٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: خَيْرُ نِسَائِكُمُ اَلَّتِي إِنْ غَضِبَتْ أَوْ أُغْضِبَتْ قَالَتْ لِزَوْجِهَا يَدِي فِي يَدِكَ لاَ أَكْتَحِلُ بِغُمْضٍ حَتَّى تَرْضَى عَنِّي.

❁ جمیل بن دراج سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: تمہاری عورتوں میں سے بہترین عورت وہ ہے کہ اگر وہ ناراض ہو یا اسے ناراض کیا جائے تو وہ اپنے شوہر سے کہے کہ میرا ہاتھ تمہارے ہاتھ میں ہے کہ جب تک تم مجھ سے راضی نہیں ہو گے میں پلک جھپکنے تک کے لیے سرمہ نہیں لگاؤں گی (یعنی آنکھ نہیں لگاؤں گی)۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2329} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَلْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ اِبْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ عِمْرَانَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: اَلشَّجَاعَةُ فِي أَهْلِ خُرَاسَانَ وَ اَلْبَاهُ فِي أَهْلِ بَرْبَرَ وَ اَلسَّخَاءُ وَ اَلْحَسَدُ فِي اَلْعَرَبِ فَتَخَيَّرُوا لِنُطَفِكُمْ.

❁ یحییٰ بن عمران سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: شجاعت اہل خراسان میں ہے، قوت باہ اہل بربر (اہل سوڈان) میں ہے اور سخاوت وحسد اہل عرب میں ہے پس تم اپنے نطفوں کے لئے (جسے چاہو) منتخب کرو۔ [5]

---

[1] الکافی: ۵/۵۱۵ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/۴۰۱ ح ۱۶۰۰؛ الوافی: ۲۲/۸۱۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۳۸ ح ۲۴۹۷۱؛ بحارالانوار: ۶۱/۲۵۱؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۱۵۶ ح ۳۶۵۱۵

[2] مرآۃ العقول: ۲۰/۳۳۱؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۳۲۵

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۸۹ ح ۴۳۶۶؛ الوافی: ۲۱/۹۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۳۹ ح ۲۴۹۷۲؛ مکارم الاخلاق: ۲۰۰؛ بحارالانوار: ۱۰۰/۲۳۹؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۱۶۰ ح ۱۶۳۸۷؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۱۶۸

[4] روضۃ المتقین: ۸/۱۰۱

[5] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۰۲ ح ۴۳۸۶؛ الوافی: ۲۱/۴۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۴۹ ح ۲۵۰۰۳؛ عوالی اللئالی: ۳/۲۹۹؛ مکارم الاخلاق: ۲۰۰

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [1]

{2330} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ هِشَامِ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِذَا تَزَوَّجَ الرَّجُلُ الْمَرْأَةَ لِمَالِهَا أَوْ جَمَالِهَا لَمْ يُرْزَقْ ذَلِكَ فَإِنْ تَزَوَّجَهَا لِدِينِهَا رَزَقَهُ اللَّهُ عَزَّ وَ جَلَّ جَمَالَهَا وَ مَالَهَا.

ہشام بن حکم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اگر کوئی شخص کسی عورت سے نکاح اس کے مال کی وجہ سے یا اس کے جمال کی وجہ سے کرے گا تو کبھی اس سے رزق نہیں پائے گا اور اگر وہ اس کے دین کی وجہ سے نکاح کرے گا تو اللہ اس کو مال و جمال دونوں کا رزق دے گا۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [3]

{2331} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ وَ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ جَمِيعاً عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ فَقَالَ يَا نَبِيَّ اللَّهِ إِنَّ لِي ابْنَةَ عَمٍّ قَدْ رَضِيتُ جَمَالَهَا وَ حُسْنَهَا وَ دِينَهَا وَ لَكِنَّهَا عَاقِرٌ فَقَالَ لاَ تَزَوَّجْهَا إِنَّ يُوسُفَ بْنَ يَعْقُوبَ لَقِيَ أَخَاهُ فَقَالَ يَا أَخِي كَيْفَ اسْتَطَعْتَ أَنْ تَتَزَوَّجَ النِّسَاءَ بَعْدِي فَقَالَ إِنَّ أَبِي أَمَرَنِي وَ قَالَ إِنِ اسْتَطَعْتَ أَنْ تَكُونَ لَكَ ذُرِّيَّةٌ تُثْقِلُ الْأَرْضَ بِالتَّسْبِيحِ فَافْعَلْ قَالَ فَجَاءَ رَجُلٌ مِنَ الْغَدِ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ فَقَالَ لَهُ مِثْلَ ذَلِكَ فَقَالَ لَهُ تَزَوَّجْ سَوْءَاءَ وَلُوداً فَإِنِّي مُكَاثِرٌ بِكُمُ الْأُمَمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالَ فَقُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ مَا السَّوْءَاءُ قَالَ الْقَبِيحَةُ.

عبداللہ بن سنان سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: اے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میرے چچا کی ایک بیٹی ہے جس کے حسن و جمال اور دین پر میں راضی ہوں لیکن وہ بانجھ ہے؟

---

[1] روضۃ المتقین: ۸/۵۳۳

[2] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۹۲ ح ۴۳۸۰؛ الکافی: ۵/۳۳۳ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/۴۰۳ ح ۱۶۰۹؛ الوافی: ۲/۳۶؛ عوالی اللئالی: ۳/۳۰۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۴۹ ح ۲۵۰۰۴؛ دعائم الاسلام: ۲/۱۹۶؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۱۵۷ ح ۱۶۳۲۷؛ مکارم الاخلاق: ۲۰۳

[3] روضۃ المتقین: ۸/۱۱۴

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس سے شادی نہ کرو۔ بے شک یوسف بن یعقوب علیہ السلام جب اپنے بھائی سے ملے تو فرمایا: اے میرے بھائی! تیرے لئے کیسے ممکن ہوا کہ میرے بعد عورتوں سے شادی کی؟

اس نے کہا: میرے بابا علیہ السلام نے مجھے حکم دیا تھا اور کہا تھا کہ اگر تمہارے لئے ممکن ہو کہ تمہاری ذریت ہو کہ جو زمین کو تسبیح سے بھاری کرے تو تم ایسا کرو۔

امام علیہ السلام نے فرمایا کہ اگلے روز ایک اور شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی کے مثل عرض کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے فرمایا: بچہ جننے والی ہو تو سوداء عورت سے بھی شادی کرلو تاکہ میں تمہارے ذریعے قیامت کے دن دوسری امتوں پر کثرت سے ہو جاؤں۔

راوی کہتا ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ یہ سوداء کیا ہے؟

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بدصورت عورت۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2332} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رِئَابٍ عَنْ عَبْدِ الْأَعْلَى بْنِ أَعْيَنَ مَوْلَى آلِ سَامٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ:)تَزَوَّجُوا الْأَبْكَارَ فَإِنَّهُنَّ أَطْيَبُ شَيْءٍ أَفْوَاهاً وَ أَدَرُّ شَيْءٍ أَخْلاَفاً وَ أَحْسَنُ شَيْءٍ أَخْلاَقاً وَ أَفْتَحُ شَيْءٍ أَرْحَاماً أَ مَا عَلِمْتُمْ أَنِّي أُبَاهِي بِكُمُ الْأُمَمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتَّى بِالسِّقْطِ يَظَلُّ مُحْبَنْطِئاً عَلَى بَابِ الْجَنَّةِ فَيَقُولُ اللَّهُ عَزَّ وَ جَلَّ لَهُ)ادْخُلِ الْجَنَّةَ (فَيَقُولُ لاَ حَتَّى يَدْخُلَ أَبَوَايَ قَبْلِي فَيَقُولُ اللَّهُ تَعَالَى لِمَلَكٍ مِنَ الْمَلاَئِكَةِ)ائْتِنِي بِأَبَوَيْهِ) فَيَأْمُرُ بِهِمَا إِلَى الْجَنَّةِ فَيَقُولُ هَذَا بِفَضْلِ رَحْمَتِي لَكَ.

❁ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: باکرہ (کنواری) لڑکیوں سے شادی کرو کیونکہ وہ بہترین خوشبودار دہن والی ہوتی ہیں اور سب سے زیادہ بچوں کو دودھ پلانے والی اور سب سے بہترین اخلاق والی اور سب سے زیادہ کھلے رحم والی ہوتی ہیں کیا تمہیں معلوم نہیں ہے کہ میں قیامت کے دن تمہاری (کثرت) کی وجہ سے تمام امتوں پر فخر کروں گا یہاں تک کہ ساقط ہو جانے والے بچوں کے ذریعے بھی جو جنت کے دروازے پر انتہائی شدت سے پہنچے گا تو اللہ تعالیٰ اس سے فرمائے گا کہ جنت میں داخل ہو جا لیکن وہ کہے گا کہ میں داخل نہیں ہوں گا جب تک مجھ سے پہلے میرے والدین داخل نہ ہوں۔ پس اللہ تعالیٰ اپنے ملائکہ میں سے کسی ملک کو حکم دے گا کہ اس کے ماں باپ کو لاؤ اور انہیں جنت میں جانے کا

---

[1] الکافی: ۵/۳۳۳ ح ۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۵۳ ح ۲۵۰۱۵؛ الوافی: ۲۱/۷۴؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۷۴ ح ۳۶۱۱۳

[2] مرآۃ العقول: ۲۰/۲۴؛ موسوعہ احکام الاطفال: ۱۱۱

حکم دے گا اور فرمائے گا کہ یہ تمہارے لئے میری رحمت کا فضل ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔ [2]

{2333} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ حُكَيْمٍ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي نَصْرٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْمُغِيرَةِ عَنْ أَبِي الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ سَمِعْتُهُ يَقُولُ: عَلَيْكُمْ بِذَوَاتِ الْأَوْرَاكِ فَإِنَّهُنَّ أَنْجَبُ.

عبداللہ بن مغیرہ سے روایت ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا کہ تم پر (بھاری) سرین والی عورتیں لازم ہیں (کہ ان سے نکاح کرو) کیونکہ وہ نجیب ترین ہوتی ہیں۔ [3]

تحقیق:

حدیث موثق یا موثق کالصحیح ہے۔ [4]

{2334} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ فَضَّالٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ زَوَّجَ ضُبَاعَةَ بِنْتَ الزُّبَيْرِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ مِنْ مِقْدَادِ بْنِ الْأَسْوَدِ فَتَكَلَّمَتْ فِي ذَلِكَ بَنُو هَاشِمٍ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ إِنِّي إِنَّمَا أَرَدْتُ أَنْ تَتَّضِعَ الْمَنَاكِحُ.

معاویہ بن عمار سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ضباعہ بنت زبیر بن عبدالمطلب کی شادی مقداد بن اسود سے کی تو بنو ہاشم اس بارے میں چہ میگوئیاں کرنے لگ گئے (یعنی اعتراض کرنے لگے) تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نے یہ کیا ہی اس لئے ہے کہ مناکحت میں نرمی رہے (اور غرور پست ہو جائے) [5]

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/۴۰۰ ح ۱۵۹۸؛ الکافی: ۵/۳۳۴ ح ۱؛ التوحید شیخ صدوق: ۳۹۵ باب ۶۱ ح ۱۰؛ الوافی: ۳۸/۲۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۵۵ ح ۲۵۰۲۱؛ بحارالانوار: ۱۰۰/۲۳۶؛ روضۃ الواعظین: ۲/۳۷۵؛ تفسیر کنز الدقائق: ۹/۲۹۳؛ تفسیر نور الثقلین: ۳/۶۰۰؛ عوالی اللئالی: ۳/۲۸۷؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۸۷ ح ۳۶۶۱۲

[2] ملاذ الاخیار: ۱۲/۳۲۴

[3] تہذیب الاحکام: ۷/۴۰۲ ح ۱۶۰۲؛ الکافی: ۵/۳۳۴ ح ۱؛ عوالی اللئالی: ۳/۳۰۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۵۷ ح ۲۵۰۲۴؛ الوافی: ۲۱/۵۲؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۸۲؛ ہدایۃ الامۃ: ۷/۱۰۴

[4] ملاذ الاخیار: ۱۲/۳۲۷؛ روضۃ المتقین: ۸/۹۹

[5] تہذیب الاحکام: ۷/۳۹۵ ح ۱۵۸۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۷۱ ح ۲۵۰۶۱؛ تفسیر کنز الدقائق: ۹/۲۹۲؛ تفسیر نور الثقلین: ۳/۵۹۷؛ الوافی: ۲۱/۸۵؛ الکافی: ۵/۳۴۴؛ بحارالانوار: ۲۲/۲۶۵

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [1]

{2335} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي نَصْرٍ عَنْ أَبِي الْحَسَنِ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الرَّجُلِ يَتَزَوَّجُ الْمَرْأَةَ وَ يَتَزَوَّجُ أُمَّ وَلَدِ أَبِيهَا فَقَالَ لاَ بَأْسَ بِذَلِكَ فَقُلْتُ لَهُ بَلَغَنَا عَنْ أَبِيكَ أَنَّ عَلِيَّ بْنَ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ تَزَوَّجَ ابْنَةَ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلاَمُ وَ أُمَّ وَلَدِ الْحَسَنِ وَ ذَلِكَ أَنَّ رَجُلاً مِنْ أَصْحَابِنَا سَأَلَنِي أَنْ أَسْأَلَكَ عَنْهَا فَقَالَ لَيْسَ هَكَذَا إِنَّمَا تَزَوَّجَ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ ابْنَةَ الْحَسَنِ وَ أُمَّ وَلَدٍ لِعَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ الْمَقْتُولِ عِنْدَكُمْ فَكَتَبَ بِذَلِكَ إِلَى عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَرْوَانَ فَعَابَ عَلَى عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ فَكَتَبَ إِلَيْهِ فِي ذَلِكَ فَكَتَبَ إِلَيْهِ الْجَوَابَ فَلَمَّا قَرَأَ الْكِتَابَ قَالَ إِنَّ عَلِيَّ بْنَ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ يَضَعُ نَفْسَهُ وَ إِنَّ اللَّهَ يَرْفَعُهُ.

احمد بن محمد بن ابونصر سے روایت ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام سے پوچھا کہ کیا ایک شخص کسی آدمی کی بیٹی اور اس کی ام ولد کنیز سے تزویج کر سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

میں نے عرض کیا: ہمیں آپ علیہ السلام کے والد گرامی (امام موسیٰ کاظم علیہ السلام) سے یہ خبر پہنچی ہے کہ امام زین العابدین علیہ السلام نے امام حسن (مجتبیٰ علیہ السلام) کی دختر (جناب فاطمہ علیہا السلام) سے اور امام حسن (مجتبیٰ علیہ السلام) ہی کی ایک ام ولد کنیز سے (بیک وقت) تزویج کی تھی اور اس معاملے میں ہمارے ایک آدمی نے پوچھا کہ میں آپ علیہ السلام سے سوال کروں؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: یہ بات اس طرح نہیں ہے بلکہ (اصل بات یوں ہے کہ) امام زین العابدین علیہ السلام نے امام حسن علیہ السلام کی دختر سے تزویج کی جبکہ ام ولد کنیز سے حضرت علی بن حسین (یعنی علی اکبر علیہ السلام) نے شادی کی تھی جو کہ تمہارے ہاں مقتول (مشہور) ہے چنانچہ اس بارے میں عبدالملک بن مروان کی طرف خط لکھا گیا اور اس نے امام زین العابدین علیہ السلام پر عیب لگانے کے لئے آپ علیہ السلام کو اس سلسلے میں خط لکھا تو امام علیہ السلام نے اسے اس کا جواب لکھا پس جب اس نے خط پڑھا تو کہا: یقیناً علی بن حسین علیہ السلام تو اپنے نفس کو گھٹاتے ہیں اور یقیناً اللہ ان کو بلند کر دیتا ہے۔ [2]

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔ [3]

---

[1] ملاذ الاخیار: ۳۱۲/۱۲

[2] الکافی: ۵/۳۶۱ ح ۳؛ قرب الاسناد: ۳۹۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۳۷۳ ح ۲۵۰۹۳؛ الوافی: ۲۱/۲۰۳؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۷؛ عوالم العلوم: ۱۸/۲۰۷

[3] مرآۃ العقول: ۸/۷

{2336} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ فَضَّالٍ عَنْ سِنْدِيِّ بْنِ مُحَمَّدٍ الْبَزَّازِ عَنْ أَبَانِ بْنِ عُثْمَانَ الْأَحْمَرِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْفُضَيْلِ الْهَاشِمِيِّ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ: (الْكُفْوُ أَنْ يَكُونَ عَفِيفاً وَ يَكُونَ عِنْدَهُ يَسَارٌ).

❂ محمد بن فضیل ہاشمی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: کفو (ہمسر ہونا) یہ ہے کہ وہ پاکدامن ہو اور بقدر ضرورت روزی رکھتا ہو۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق کالصحیح ہے۔ [2]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث مجہول ہے۔ [3]

{2337} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ وَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ جَمِيعاً عَنْ عَلِيِّ بْنِ مَهْزِيَارَ قَالَ كَتَبَ عَلِيُّ بْنُ أَسْبَاطٍ إِلَى أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ: فِي أَمْرِ بَنَاتِهِ وَ أَنَّهُ لَا يَجِدُ أَحَداً مِثْلَهُ فَكَتَبَ إِلَيْهِ أَبُو جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَهِمْتُ مَا ذَكَرْتَ مِنْ أَمْرِ بَنَاتِكَ وَ أَنَّكَ لَا تَجِدُ أَحَداً مِثْلَكَ فَلَا تَنْظُرْ فِي ذَلِكَ رَحِمَكَ اللَّهُ فَإِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ قَالَ إِذَا جَاءَكُمْ مَنْ تَرْضَوْنَ خُلُقَهُ وَ دِينَهُ فَزَوِّجُوهُ إِلَّا تَفْعَلُوهُ تَكُنْ فِتْنَةٌ فِي الْأَرْضِ وَ فَسَادٌ كَبِيرٌ.

❂ علی بن مہزیار سے روایت ہے کہ علی بن اسباط نے امام محمد تقی علیہ السلام کو اپنی بیٹیوں کے سلسلے میں خط لکھا کہ اسے اپنے جیسا کوئی (داماد) نہیں مل رہا ہے۔ امام محمد تقی علیہ السلام نے اسے جواب لکھا کہ میں نے سمجھ لیا ہے کہ تم نے اپنی بیٹیوں کا جو معاملہ ذکر کیا ہے اور تجھے تمہارے جیسا کوئی شخص مل نہیں رہا ہے۔ اللہ تم پر رحم کرے تم اس چیز کو نہ دیکھو کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ جب تمہارے پاس وہ آئے کہ جس کا اخلاق اور دین تمہیں پسند ہو تو اسے بیاہ دو اور اگر ایسا نہیں کرو گے تو زمین میں فتنہ برپا ہو گا اور بڑا فساد ہو گا۔ [4]

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/۳۹۴ ح ۱۵۷۵؛ الکافی: ۵/۳۴۷ ح ۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۹۴ ح ۴۳۸۳؛ معانی الاخبار: ۲۳۹؛ مکارم الاخلاق: ۲۰۴؛ عوالی اللئالی: ۳/۳۳۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۷۸ ح ۲۵۰۷۹؛ بحارالانوار: ۱۰۰/۳۷۲؛ الوافی: ۲۱/۸۳؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/۴۲؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۱۸۸ ح ۱۶۴۴۹

[2] نظام النکاح فی الشریعۃ الاسلامیۃ الغراء: ۲/۲۳؛ روضۃ المتقین: ۸/۱۲۸

[3] ملاذ الاخیار: ۱۲/۳۱۱

[4] الکافی: ۵/۳۴۷ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/۳۹۵ ح ۱۵۸۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۷۹ ح ۲۵۰۷۳؛ بحارالانوار: ۱۰۰/۳۷۳؛ عوالی اللئالی: ۳/۳۴۰؛ الوافی: ۲۱/۸۲؛ فتح الابواب: ۱۴۳؛ مکارم الاخلاق: ۲۰۴

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [1]

{2338} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ بَعْضِ أَصْحَابِهِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ: شَارِبُ الْخَمْرِ لاَ يُزَوَّجُ إِذَا خَطَبَ.

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی شرابخوار رشتہ طلب کرے تو اس سے تزویج نہ کی جائے۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [3]

{2339} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ يَزِيدَ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ بَشَّارٍ الْوَاسِطِيِّ قَالَ: كَتَبْتُ إِلَى أَبِي الْحَسَنِ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَنَّ لِي قَرَابَةً قَدْ خَطَبَ إِلَيَّ وَفِي خُلُقِهِ شَيْءٌ فَقَالَ لاَ تُزَوِّجْهُ إِنْ كَانَ سَيِّئَ الْخُلُقِ.

حسین بن بشار الواسطی سے روایت ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام کو خط لکھا کہ میرا ایک قرابتدار ہے جس نے مجھ سے رشتہ طلب کیا ہے مگر اس کے اخلاق میں کچھ نہ کچھ موجود ہے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: اگر وہ بد خلق ہے تو اس سے تزویج نہ کرو۔ [4]

تحقیق:

حدیث صحیح علی الظاہر ہے۔ [5]

{2340} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ هَارُونَ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ مَسْعَدَةَ بْنِ زِيَادٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: إِيَّاكُمْ وَنِكَاحَ الزِّنْجِ فَإِنَّهُ خَلْقٌ مُشَوَّهٌ

---

[1] مراۃ العقول: ۲۰/ ۴۷؛ ماوراء الفقہ: ۶/ ۱۱۸؛ عدۃ الرجال: ۳۵۰؛ جواہر الکلام: ۳۰/ ۱۱۱؛ الرسائل الفقہیہ: ۲/ ۹۲؛ مفاتیح الشرائع: ۲/ ۲۵۷؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/ ۳۱۵

[2] الکافی: ۵/ ۳۴۸ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۳۹۸ ح ۱۵۹؛ الوافی: ۲۱/ ۱۱۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۷۹ ح ۲۵۰۸۲؛ عوالی اللئالی: ۳/ ۳۳۱

[3] فقہ الصادقؑ: ۲۱/ ۸۳ و ۲۲/ ۳۹۸؛ مراۃ العقول: ۲۰/ ۴۹؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/ ۳۱۸

[4] الکافی: ۵/ ۵۶۳ ح ۳۰؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۴۰۹ ح ۴۴۲۸؛ الوافی: ۲۱/ ۱۱۷؛ بحار الانوار: ۱۰۰/ ۲۳۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۸۱ ح ۲۵۰۸۶؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/ ۱۹۲ ح ۱۶۴۸۰؛ مکارم الاخلاق: ۲۰۳

[5] مراۃ العقول: ۲۰/ ۳۱۸

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: زنجیوں (سیاہ فام لوگوں کی ایک خاص قسم) سے نکاح کرنے سے بچو کیونکہ وہ قبیح الخلقت ہیں۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح علی الظاہر ہے۔ [2]

{2341} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْخَزَّازِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الرَّجُلِ يُرِيدُ أَنْ يَتَزَوَّجَ الْمَرْأَةَ أَيَنْظُرُ إِلَيْهَا قَالَ نَعَمْ إِنَّمَا يَشْتَرِيهَا بِأَغْلَى الثَّمَنِ.

محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص کسی عورت سے تزویج کرنا چاہتا ہے تو کیا وہ اس کی طرف دیکھ سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں کیونکہ وہ اسے بھاری بھر کم قیمت (حق مہر) دے کر خرید رہا ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [4]

{2342} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْوَلِيدِ وَ مُحَسِّنِ بْنِ أَحْمَدَ جَمِيعاً عَنْ يُونُسَ بْنِ يَعْقُوبَ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الرَّجُلِ يُرِيدُ أَنْ يَتَزَوَّجَ الْمَرْأَةَ فَأَحَبَّ أَنْ يَنْظُرَ إِلَيْهَا قَالَ تَحْتَجِرُ ثُمَّ لْتَقْعُدْ وَ لْيَدْخُلْ فَلْيَنْظُرْ قَالَ قُلْتُ تَقُومُ حَتَّى يَنْظُرَ إِلَيْهَا قَالَ نَعَمْ (قُلْتُ فَتَمْشِي بَيْنَ يَدَيْهِ قَالَ مَا أُحِبُّ أَنْ تَفْعَلَ.

یونس بن یعقوب سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص ایک عورت سے شادی کرنا چاہتا ہے مگر وہ چاہتا ہے کہ اس عورت کو دیکھے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ عورت کپڑا اوڑھ کر بیٹھ جائے اور یہ اندر داخل ہو کر اسے دیکھ سکتا ہے۔

---

[1] الکافی: ۵/۵۲ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/۴۰۵ ح ۱۶۲۰؛ النوادر راوندی: ۱۲؛ دعائم الاسلام: ۲/۱۹۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۸۲ ح ۲۵۰۸۸؛ عوالی اللئالی: ۳/۳۰۲؛ الاشعثیات: ۹۰؛ بحار الانوار: ۱۰۰/۲۳۶؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۱۹۲ ح ۱۶۴۸۱؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۲۳۶

[2] مرآۃ العقول: ۲۰/۵۵

[3] الکافی: ۵/۶۵ ح ۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۸۷ ح ۲۵۱۰۰؛ الوافی: ۲۱/۳۷۱؛ تفسیر کنز الدقائق: ۹/۲۸۰؛ علل الشرائع: ۲/۵۰۰؛ تفسیر نور الثقلین: ۳/۵۹۱؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۳۳؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۱۲۳ ح ۳۶۵۰۹

[4] فقہ الصادقؑ: ۲۱/۹۱؛ نکاح ح ۱۳؛ مرآۃ العقول: ۲۰/۸۲

راوی کہتا ہے کہ میں نے عرض کیا: کیا وہ کھڑی ہو جائے تا کہ اس حالت میں اسے دیکھ لے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں۔

میں نے عرض کیا: وہ اس کے آگے آگے چل سکتی ہے (تا کہ اسے اس طرح بھی دیکھ سکے؟)

آپ علیہ السلام نے فرمایا: مجھے پسند نہیں کہ وہ ایسا کرے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق ہے۔ [2]

{2343} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبُو عَلِيٍّ ٱلْأَشْعَرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ ٱلْجَبَّارِ عَنْ صَفْوَانَ عَنِ ٱبْنِ مُسْكَانَ عَنِ ٱلْحَسَنِ بْنِ ٱلسَّرِيِّ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ ٱللَّهِ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ ٱلرَّجُلُ يُرِيدُ أَنْ يَتَزَوَّجَ ٱلْمَرْأَةَ يَتَأَمَّلُهَا وَ يَنْظُرُ إِلَى خَلْفِهَا وَ إِلَى وَجْهِهَا قَالَ نَعَمْ لاَ بَأْسَ بِأَنْ يَنْظُرَ ٱلرَّجُلُ إِلَى ٱلْمَرْأَةِ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَتَزَوَّجَهَا يَنْظُرُ إِلَى خَلْفِهَا وَ إِلَى وَجْهِهَا.

حسن بن سری سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ ایک کسی عورت سے تزویج کا ارادہ رکھتا ہے تو کیا وہ اس کے بارے غور و تامل کر سکتا ہے اور اس کو پیچھے سے اور اس کے چہرے کو دیکھ سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے کہ جب آدمی کسی عورت سے تزویج کا ارادہ کرے تو اس کی پشت اور اس کے چہرے کی طرف نگاہ کرے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2344} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ ٱلْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ عَنِ ٱلْعَبَّاسِ بْنِ عَامِرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى ٱلْخَثْعَمِيِّ عَنْ ضُرَيْسِ بْنِ عَبْدِ ٱلْمَلِكِ قَالَ: لَمَّا بَلَغَ أَبَا جَعْفَرٍ صَلَوَاتُ ٱللَّهِ عَلَيْهِ أَنَّ رَجُلاً تَزَوَّجَ فِي سَاعَةٍ حَارَّةٍ عِنْدَ نِصْفِ ٱلنَّهَارِ فَقَالَ أَبُو جَعْفَرٍ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ مَا أَرَاهُمَا يَتَّفِقَانِ فَافْتَرَقَا.

ضریس بن عبد الملک سے روایت ہے کہ جب امام محمد باقر علیہ السلام کو خبر ملی کہ ایک شخص نے دوپہر کے گرم وقت میں شادی کی ہے تو امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: میں نہیں سمجھتا کہ وہ اکٹھے رہیں گے چنانچہ ان میں جدائی ہو گئی۔ [5]

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/۸ ۴۴ ح ۱۷۹۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۹۰ ح ۲۵۱۰۹؛ الوافی: ۲۱/۷۳ ۳؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/۷ ۶

[2] تفصیل الشریعہ (النکاح) لنکرانی: ۵۲؛ کتاب النکاح اراکی: ۱۴؛ شرح العروۃ: ۳۲/۷؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۳ ۴۴

[3] الکافی: ۵/۶۵ ۳ ح ۳؛ الوافی: ۲۱/۷۲ ۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۸۸ ح ۲۵۱۰۲؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/۶ ۷؛ تفسیر نور الثقلین: ۳/۵۹۱

[4] الانوار اللوامع: ۱۰/۵۷ ۳؛ فقہ الصادقؑ: ۲۱/۹۲؛ التعلیقۃ الاستدلالی: ۳/۲۰۲

[5] الکافی: ۵/۳۶۶ ح ۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۹۳ ح ۲۵۱۱۸؛ الوافی: ۲۱/۸۲ ۳؛ عوالی اللئالی: ۳/۳۰۴؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۵۴ ۲ ح ۳۶۴۷۳؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/۱۰۹

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [1]

{2345} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اَللَّهِ صَلَّى اَللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ حِينَ تَزَوَّجَ مَيْمُونَةَ بِنْتَ اَلْحَارِثِ أَوْلَمَ عَلَيْهَا وَ أَطْعَمَ اَلنَّاسَ اَلْحَيْسَ.

ہشام بن سالم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: یقیناً جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میمونہ بنت حارث سے تزویج فرمائی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس پر (دعوت) ولیمہ کا انتظام فرمایا اور لوگوں میں ''حیس'' (مخصوص قسم کا کھانا) کھلایا۔ [2]

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔ [3]

{2346} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ وَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ جَمِيعاً عَنِ اِبْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ اَلْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ قَالَ: إِذَا تَزَوَّجَ اَلرَّجُلُ اَلْجَارِيَةَ وَ هِيَ صَغِيرَةٌ فَلاَ يَدْخُلْ بِهَا حَتَّى يَأْتِيَ لَهَا تِسْعُ سِنِينَ.

حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب کوئی شخص کسی چھوٹی بچی سے شادی کرے تو جب تک وہ نو سال کی نہ ہو جائے تب تک اس سے دخول نہ کرے۔ [4]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [5]

{2347} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْمَاعِيلَ عَنِ اَلْفَضْلِ بْنِ شَاذَانَ وَ عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ

---

[1] مرآۃ العقول: ۲۰/۸۴

[2] الکافی: ۵/۳۶۸ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/۴۰۹ ح ۱۶۳۲؛ المحاسن: ۲/۴۱۸؛ الوافی: ۲۱/۴۰۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۹۴ ح ۲۵۱۲۳؛ بحارالانوار: ۲۲/۱۹۰ و ۱۰۰/۲۷۷؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۱۹۸ ح ۱۶۳۹۸

[3] مرآۃ العقول: ۲۰/۸۶؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۳۴۵

[4] الکافی: ۵/۳۹۸ ح ۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۰۱ ح ۲۵۱۴۲؛ الوافی: ۲۲/۵۷۷؛ ہدایۃ الامہ: ۷/۱۰۹؛ النوادر اشعری: ۱۳۷

[5] مرآۃ العقول: ۲۰/۱۳۷؛ شرح العروۃ: ۳۲/۲۴۳؛ تنقیح مبانی الاحکام: ۲۰۲؛ نظام النکاح: ۲۶۳؛ المہذب: ۲۲/۲۳؛ تفصیل الشریعہ: ۲۲/۲۳؛ حدود الشریعہ: ۲۴۵؛ فقہ الصادقؑ: ۲۱/۸۸؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۳/۱۳۷

جَمِيعاً عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ أَوْ أَبِي الْحَسَنِ عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ قَالَ: قِيلَ لَهُ إِنَّا نُزَوِّجُ صِبْيَانَنَا وَ هُمْ صِغَارٌ قَالَ فَقَالَ إِذَا زُوِّجُوا وَ هُمْ صِغَارٌ لَمْ يَكَادُوا يَتَأَلَّفُوا.

❂ ہشام بن حکم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام یا امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے عرض کیا گیا کہ ہم بچوں کی شادیاں کردیتے ہیں جبکہ وہ صغیر (چھوٹے) ہوتے ہیں (تو کیا یہ درست ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب صغر سنی میں ان کی شادیاں کرو گے تو ان میں باہمی الفت پیدا نہیں ہوگی۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن کالصحیح ہے۔ [2]

{2348} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ زِيَادٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ سَمَاعَةَ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ الْمِيثَمِيِّ عَنْ أَبَانِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ زُرَارَةَ وَ أَبِي الْعَبَّاسِ قَالاَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: لَيْسَ لِلرَّجُلِ أَنْ يَدْخُلَ بِامْرَأَةٍ لَيْلَةَ الْأَرْبِعَاءِ.

❂ عبید بن زرارہ اور ابوالعباس (دونوں) سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: آدمی کے لئے (مناسب) نہیں ہے کہ وہ بدھ کی رات بیوی سے مباشرت کرے۔ [3]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [4]

{2349} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ وَ أَبُو عَلِيٍّ الْأَشْعَرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الرَّجُلِ يَكُونُ مَعَهُ أَهْلُهُ فِي السَّفَرِ لاَ يَجِدُ الْمَاءَ أَ يَأْتِي أَهْلَهُ قَالَ مَا أُحِبُّ أَنْ يَفْعَلَ إِلاَّ أَنْ يَخَافَ عَلَى نَفْسِهِ قَالَ قُلْتُ طَلَبَ بِذَلِكَ اللَّذَّةَ أَوْ يَكُونُ شَبِقاً إِلَى النِّسَاءِ قَالَ إِنَّ الشَّبِقَ يَخَافُ عَلَى نَفْسِهِ قُلْتُ يَطْلُبُ بِذَلِكَ اللَّذَّةَ قَالَ هُوَ حَلاَلٌ قُلْتُ فَإِنَّهُ يُرْوَى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ أَنَّ أَبَا ذَرٍّ رَحِمَهُ اللَّهُ سَأَلَهُ عَنْ هَذَا فَقَالَ ائْتِ أَهْلَكَ تُؤْجَرْ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ آتِيهِمْ وَ أُوجَرُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ كَمَا أَنَّكَ إِذَا أَتَيْتَ الْحَرَامَ

---

[1] الکافی: ۵/۳۹۸ ح ۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۰۳ ح ۲۵۱۵۲؛ الوافی: ۲۲/۲۸۹؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۱۱۰؛ الفصول المہمہ: ۲/۳۲۶

[2] موسوعہ احکام الاطفال: ۶۸؛ مرآۃ العقول: ۲۰/۱۳۷

[3] الکافی: ۵/۳۶۶ ح ۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۹۳ ح ۲۵۱۲۰؛ الوافی: ۲۲/۱۵۷؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۳۹۸ ح ۳۶۹۳۶

[4] مرآۃ العقول: ۲۰/۸۴

أُزِرْتَ فَكَذَلِكَ إِذَا أَتَيْتَ ٱلْحَلاَلَ أُوجِرْتَ فَقَالَ أَبُو عَبْدِ ٱللَّهِ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ أَلاَ تَرَى أَنَّهُ إِذَا خَافَ عَلَى نَفْسِهِ فَأَتَى ٱلْحَلاَلَ أُوجِرَ.

✪ اسحاق بن عمار سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص اپنی بیوی کے ہمراہ سفر میں ایسی جگہ موجود ہے جہاں پانی دستیاب نہیں ہے تو کیا وہ اپنی اہلیہ کے پاس جائے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: مجھے پسند نہیں کہ وہ ایسا کرے مگر یہ کہ اسے اپنی جان کا خطرہ ہو۔

راوی کہتا ہے کہ میں نے عرض کیا: وہ اس کے ذریعے لذت طلب کرتا ہے یا عورتوں کی طرف شہوت انگیز ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: شہوت انگیزی ہی سے تو جان کو خطرہ ہوسکتا ہے۔

میں نے عرض کیا: وہ اس سے صرف لذت حاصل کرتا ہے تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ بھی حلال ہے۔

میں نے عرض کیا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی طرح روایت کیا گیا ہے کہ جناب ابوذر علیہ السلام نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اسی طرح کا سوال کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے فرمایا تھا کہ اپنی بیوی کے پاس جاؤ کہ تمہیں اس کا اجر ملے گا۔ جناب ابوذر علیہ السلام نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! ان (عورتوں) سے مقاربت بھی کروں اور اجر بھی پاؤں؟

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس طرح اگر تم حرام کے پاس جاؤ تو عذاب ہوگا پس اسی طرح جب حلال کے پاس جاؤ تو اجر ملے گا پھر امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: کیا تم نے نہیں دیکھا کہ جب اسے (شہوت انگیزی کی وجہ سے) جان کا خطرہ ہو تو وہ حلال کے پاس آکر اجر پائے گا۔[1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔[2]

{2350} مُحَمَّدُ بْنُ ٱلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ عَلِيِّ بْنِ ٱلْحَكَمِ عَنْ مُثَنَّى بْنِ ٱلْوَلِيدِ ٱلْحَنَّاطِ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ ٱللَّهِ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ: إِذَا تَزَوَّجَ أَحَدُكُمْ كَيْفَ يَصْنَعُ قَالَ قُلْتُ لَهُ مَا أَدْرِي جُعِلْتُ فِدَاكَ قَالَ فَإِذَا هَمَّ بِذَلِكَ فَلْيُصَلِّ رَكْعَتَيْنِ وَ يَحْمَدُ ٱللَّهَ وَ يَقُولُ: (ٱللَّهُمَّ إِنِّي أُرِيدُ أَنْ أَتَزَوَّجَ ٱللَّهُمَّ فَقَدِّرْ لِي مِنَ ٱلنِّسَاءِ أَعَفَّهُنَّ فَرْجاً وَ أَحْفَظَهُنَّ لِي فِي نَفْسِهَا وَ فِي مَالِي وَ أَوْسَعَهُنَّ رِزْقاً وَ أَعْظَمَهُنَّ بَرَكَةً وَ ٱقْدِرْ لِي مِنْهَا وَلَداً طَيِّباً تَجْعَلُهُ خَلَفاً صَالِحاً فِي حَيَاتِي وَ بَعْدَ مَوْتِي) فَإِذَا أُدْخِلَتْ عَلَيْهِ فَلْيَضَعْ يَدَهُ عَلَى نَاصِيَتِهَا وَ يَقُولُ: ٱللَّهُمَّ عَلَى كِتَابِكَ تَزَوَّجْتُهَا وَ فِي أَمَانَتِكَ أَخَذْتُهَا وَ بِكَلِمَاتِكَ

---

[1] الکافی: ۵/۴۹۵ ح ۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۰۹ ح ۲۵۱۲۳؛ الوافی: ۲۲/۷۰۵؛ السرائر: ۳/۶۱۱؛ بحار الانوار: ۷۸/۶۰؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/۱۲۳

[2] مرآۃ العقول: ۲۰/۳۰۳

اِسْتَحْلَلْتُ فَرْجَهَا فَإِنْ قَضَيْتَ فِي رَحِمِهَا وَلَداً فَاجْعَلْهُ مُسْلِماً سَوِيّاً وَ لاَ تَجْعَلْهُ شِرْكَ شَيْطَانٍ قُلْتُ وَ كَيْفَ يَكُونُ شِرْكَ شَيْطَانٍ فَقَالَ إِنَّ اَلرَّجُلَ إِذَا دَنَا مِنَ اَلْمَرْأَةِ وَ جَلَسَ مَجْلِسَهُ حَضَرَهُ اَلشَّيْطَانُ فَإِنْ هُوَ ذَكَرَ اِسْمَ اَللَّهِ تَنَحَّى اَلشَّيْطَانُ عَنْهُ وَ إِنْ فَعَلَ وَ لَمْ يُسَمِّ أَدْخَلَ اَلشَّيْطَانُ ذَكَرَهُ فَكَانَ اَلْعَمَلُ مِنْهُمَا جَمِيعاً وَ اَلنُّطْفَةُ وَاحِدَةٌ قُلْتُ فَبِأَيِّ شَيْءٍ يُعْرَفُ هَذَا جُعِلْتُ فِدَاكَ قَالَ بِحُبِّنَا وَ بُغْضِنَا.

ابوبصیر سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی شخص شادی کرے تو اسے کیا کرنا چاہیے؟

میں نے عرض کیا: میں آپ علیہ السلام پر فدا ہوں! مجھے علم نہیں ہے۔

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب وہ اس (شادی) کا ارادہ کرے تو دو رکعت نماز ادا کرے اور اللہ کی حمد بجالائے اور یوں کہے: ''اَللَّهُمَّ إِنِّي أُرِيدُ أَنْ أَتَزَوَّجَ اَللَّهُمَّ فَاقْدِرْ لِي مِنَ اَلنِّسَاءِ أَعَفَّهُنَّ فَرْجاً وَ أَحْفَظَهُنَّ لِي فِي نَفْسِهَا وَ فِي مَالِي وَ أَوْسَعَهُنَّ رِزْقاً وَ أَعْظَمَهُنَّ بَرَكَةً وَ اقْدِرْ لِي مِنْهَا وَلَداً طَيِّباً تَجْعَلُهُ خَلَفاً صَالِحاً فِي حَيَاتِي وَ بَعْدَ مَوْتِي'' اور جب دلہن اس کے پاس لائی جائے تو اپنا ہاتھ اس کی پیشانی پر رکھ کر یہ پڑھے: ''اَللَّهُمَّ عَلَى كِتَابِكَ تَزَوَّجْتُهَا وَ فِي أَمَانَتِكَ أَخَذْتُهَا وَ بِكَلِمَاتِكَ اِسْتَحْلَلْتُ فَرْجَهَا فَإِنْ قَضَيْتَ فِي رَحِمِهَا وَلَداً فَاجْعَلْهُ مُسْلِماً سَوِيّاً وَ لاَ تَجْعَلْهُ شِرْكَ شَيْطَانٍ'' میں نے عرض کیا: شیطان کی شرکت کیسے ہوتی ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب آدمی عورت سے ملے اور اس کے ساتھ مجالست کرے تو شیطان وہاں موجود ہوتا ہے پس اگر وہ اللہ کا نام ذکر کرے تو شیطان اس سے دور ہو جاتا ہے اور اگر وہ کام کرلے اور اللہ کا نام نہ لے تو شیطان اس کے ذکر میں داخل ہو جاتا ہے تو وہ کام ان دونوں کا ہو جاتا ہے جبکہ نطفہ ایک ہی رہتا ہے۔

میں نے عرض کیا: اس کی پہچان کیسے ہوتی ہے میں آپ علیہ السلام پر فدا ہوں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہماری محبت اور ہمارے بغض سے۔[1]

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔[2]

{2351} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَلْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَبَا اَلْحَسَنِ اَلرِّضَا عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ: أَنَّهُ سَأَلَ عَنِ اَلرَّجُلِ تَكُونُ عِنْدَهُ اَلْمَرْأَةُ اَلشَّابَّةُ فَيُمْسِكُ عَنْهَا اَلْأَشْهُرَ وَ اَلسَّنَةَ لاَ يَقْرَبُهَا لَيْسَ يُرِيدُ

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/۷۰۴ ح ۱۶۲۷؛ الکافی: ۵/۵۰۱ ح ۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۱۳ ح ۲۵۱۷۲؛ الوافی: ۲۲/۱۰۷؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۱۲۰ ح ۳۵۰۳؛ مجمع البحرین: ۵/۴۷؛ بحارالانوار: ۶۰/۲۰۲

[2] ملاذ الاخیار: ۱۲/۳۴۲

اَلْإِضْرَارَ بِهَا يَكُونُ لَهُمْ مُصِيبَةٌ يَكُونُ فِي ذَلِكَ آثِماً قَالَ إِذَا تَرَكَهَا أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ كَانَ آثِماً بَعْدَ ذَلِكَ إِلاَّ أَنْ يَكُونَ بِإِذْنِهَا.

❁ صفوان بن یحییٰ سے روایت ہے کہ انہوں نے امام علی رضا علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص کے پاس جوان بیوی ہے پس وہ چند ماہ اور ایک سے اس کو چھوڑے ہوئے ہے اور اس سے مقاربت نہیں کرتا جس سے وہ اسے نقصان پہنچانا نہیں چاہتا بلکہ کسی مصیبت کی وجہ سے ایسا کرتا ہے تو کیا وہ ایسا کرنے سے گنہگار ہوگا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر وہ اسے چار ماہ سے چھوڑے ہوئے ہے تو اس کے بعد گنہگار ہوگا مگر یہ کہ عورت کی اجازت سے ہو۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2352} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنِ اَلْحُسَيْنِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ إِسْحَاقَ عَنْ سَعْدَانَ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: لَيْسَ شَيْءٌ تَحْضُرُهُ اَلْمَلاَئِكَةُ إِلاَّ اَلرِّهَانَ وَمُلاَعَبَةَ اَلرَّجُلِ أَهْلَهُ.

❁ ابوبصیر سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: کوئی چیز نہیں ہے کہ ملائکہ اس کے لئے حاضر ہوں سوائے گھڑدوڑ کے مقابلہ کے وقت اور مرد کی اپنی بیوی سے ہنسی مذاق کے وقت۔ [3]

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔ [4]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث مجہول ہے۔ [5]

{2353} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ اِبْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ رَجُلٍ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۰۵ ح۴۴۱۵؛ تہذیب الاحکام: ۷/۴۱۲ ح۱۶۴۷ و ۴۱۹ ح۱۶۷۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۴۰ ح۲۵۲۴۶؛ الوافی: ۲۲/۷۸۸؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۱۳۲

[2] التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۳/۴۰؛ حدود الشریعہ: ۱۹۹؛ جواہر الکلام: ۲۹/۱۱۵؛ شرح العروۃ: ۳۲/۱۱۵؛ نظام النکاح: ۴۰۴؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۳۵۳

[3] الکافی: ۵/۴۹ ح۱۰ و ۵۵۴ ح۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۲۵۱ ح۲۴۵۲۲ و ۲۰/۱۱۸ ح۲۵۱۸۵؛ الفصول المہمہ: ۲/۳۱۱؛ الوافی: ۲۲/۷۰۶؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۱۱۶

[4] الآراء الفقہیہ: ۳/۲۱

[5] مرآۃ العقول: ۱۸/۳۹۰

عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ: فِي اَلرَّجُلِ يَنْظُرُ إِلَى اِمْرَأَتِهِ وَهِيَ عُرْيَانَةٌ قَالَ لاَ بَأْسَ بِذَلِكَ وَهَلِ اَللَّذَّةُ إِلاَّ ذَلِكَ.

۞ اسحاق بن عمار نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں روایت کیا ہے جو اپنی عورت کی طرف دیکھتا ہے جبکہ وہ ننگی ہوتی ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ بھلا اس کے علاوہ بھی کوئی لذت ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق یا حسن ہے۔ [2]

{2354} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ اَلْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ اَلْحَسَنِ عَنْ زُرْعَةَ عَنْ سَمَاعَةَ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ اَلرَّجُلِ يَنْظُرُ فِي فَرْجِ اَلْمَرْأَةِ وَهُوَ يُجَامِعُهَا قَالَ لاَ بَأْسَ بِهِ إِلاَّ أَنَّهُ يُورِثُ اَلْعَمَى فِي اَلْوَلَدِ.

۞ سماعہ سے روایت ہے کہ میں نے ان (امام علیہ السلام) سے سوال کیا کہ کیا مجامعت کرتے وقت کوئی شخص اپنی عورت کی شرمگاہ کو دیکھ سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے سوائے اس کے کہ یہ بچے میں اندھے پن کا باعث بن سکتا ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [4]

{2355} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ اِبْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ عَبْدِ اَلرَّحْمَنِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: قُلْتُ لَهُ هَلْ يُكْرَهُ اَلْجِمَاعُ فِي وَقْتٍ مِنَ اَلْأَوْقَاتِ وَإِنْ كَانَ حَلاَلاً قَالَ نَعَمْ مَا بَيْنَ طُلُوعِ اَلْفَجْرِ إِلَى طُلُوعِ اَلشَّمْسِ وَمِنْ مَغِيبِ اَلشَّمْسِ إِلَى مَغِيبِ اَلشَّفَقِ وَفِي اَلْيَوْمِ اَلَّذِي تَنْكَسِفُ فِيهِ اَلشَّمْسُ وَفِي اَللَّيْلَةِ اَلَّتِي يَنْخَسِفُ فِيهَا اَلْقَمَرُ وَفِي اَللَّيْلَةِ وَفِي اَلْيَوْمِ اَللَّذَيْنِ يَكُونُ فِيهِمَا اَلرِّيحُ اَلسَّوْدَاءُ وَاَلرِّيحُ اَلْحَمْرَاءُ وَاَلرِّيحُ اَلصَّفْرَاءُ وَاَلْيَوْمِ وَاَللَّيْلَةِ اَللَّذَيْنِ يَكُونُ فِيهِمَا اَلزَّلْزَلَةُ وَلَقَدْ بَاتَ رَسُولُ اَللَّهِ صَلَّى اَللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ عِنْدَ بَعْضِ أَزْوَاجِهِ فِي لَيْلَةٍ اِنْكَسَفَ فِيهَا اَلْقَمَرُ فَلَمْ يَكُنْ مِنْهُ فِي

---

[1] الکافی: ۵/۴۹۷ ح۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/۴۱۳ ح۱۶۵۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۲۰ ح۲۵۱۹۱؛ الوافی: ۲۲/۷۲۳؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۷۷؛ عوالی اللئالی: ۳/۳۱۵؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۴۳۰

[2] مرآۃ العقول: ۲۰/۴۰۶؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۳۵۴

[3] تہذیب الاحکام: ۷/۴۱۴ ح۱۶۵۶؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۲۱ ح۲۵۱۹۳؛ الوافی: ۲۲/۷۲۳؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۱۱۹

[4] ملاذ الاخیار: ۱۲/۳۵۶؛ جواہر الکلام: ۲۹/۵۹؛ مصباح المنہاج کتاب الطہارۃ: ۲/۲۶؛ موسوعہ احکام الاطفال: ۹۲؛ مستمسک العروۃ: ۱۴/۲۴

تِلْكَ اللَّيْلَةِ مَا كَانَ يَكُونُ مِنْهُ فِي غَيْرِهَا حَتَّى أَصْبَحَ فَقَالَتْ لَهُ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَلِبُغْضٍ كَانَ مِنْكَ فِي هَذِهِ اللَّيْلَةِ قَالَ لاَ وَلَكِنْ هَذِهِ الْآيَةُ ظَهَرَتْ فِي هَذِهِ اللَّيْلَةِ فَكَرِهْتُ أَنْ أَتَلَذَّذَ وَأَلْهُوَ فِيهَا وَقَدْ عَيَّرَ اللَّهُ أَقْوَاماً فَقَالَ عَزَّ وَجَلَّ فِي كِتَابِهِ: (إِنْ يَرَوْا كِسْفاً مِنَ السَّمَاءِ سَاقِطاً يَقُولُوا سَحَابٌ مَرْكُومٌ فَذَرْهُمْ حَتَّى يُلاَقُوا يَوْمَهُمُ الَّذِي فِيهِ يُصْعَقُونَ) ثُمَّ قَالَ أَبُو جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ وَايْمُ اللَّهِ لاَ يُجَامِعُ أَحَدٌ فِي هَذِهِ الْأَوْقَاتِ الَّتِي نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ عَنْهَا وَقَدِ انْتَهَى إِلَيْهِ الْخَبَرُ فَيُرْزَقَ وَلَداً فَيَرَى فِي وَلَدِهِ ذَلِكَ مَا يُحِبُّ.

❁ عبدالرحمٰن بن سالم نے اپنے والد سے روایت کی ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے عرض کیا کہ کیا جماع بھی کسی وقت مکروہ ہوتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں (ان اوقات میں مکروہ ہے)،طلوع صبح صادق سے لے کر طلوع آفتاب تک،سورج کے غروب ہونے سے لے کر شفق کے زائل ہونے تک،اس دن جس میں سرج گہن لگے،اس رات جس میں چاند گہن لگے،اس رات اوراس دن میں جس میں سیاہ یا سرخ یا زرد رنگ کی آندھی چلے اوروہ دن یا وہ رات جس میں زلزلہ آئے۔ چنانچہ ایک بار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زوجہ کے ہاں ایسی ہی رات میں شب باشی فرمائی جس میں چاند گہن لگا تھا اوراس رات صبح تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہ کام نہ کیا جو پہلے کرتے تھے پس صبح ہوئی تو اس زوجہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! یہ روش کسی ناراضگی کی وجہ سے ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں بلکہ اس رات یہ نشانی ظاہر ہوئی تھی اس لئے میں نے مناسب نہ سمجھا کہ اس رات میں لذت اندوز ہوں جس کی وجہ سے خداوند عالم نے ایک قوم کی مذمت کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ: ”اور اگر یہ لوگ آسمان سے کوئی ٹکڑا گرتا ہوا دیکھ لیں تو کہیں گے کہ یہ تو سنگین بادل ہے۔ پس آپ انہیں ان کے حال پر چھوڑ دیجیے یہاں تک کہ یہ اپنا وہ دن دیکھ لیں جس میں ان کے ہوش اڑ جائیں گے (الطور: ۴۴، ۴۵)“

پھر امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: تمہیں اللہ کی قسم! جن اوقات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے ان اوقات میں کوئی بھی جماع نہ کرے ورنہ اس تک خبر پہنچے گی کہ اسے بچہ ہوا ہے اوروہ اپنے بچے میں وہ چیز دیکھے گا جسے وہ پسند نہ کرے گا۔ [1]

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔ [2]

---

[1] الکافی: ۵۸۹۴/ ح ا؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۴۰۳ ح ۴۴۰۷؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۴۱۱ ح ۱۲۴۲؛ المحاسن: ۲/ ۳۱۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۱۲۵ ح ۲۵۲۰۷؛ الوافی: ۲۲/ ۵۱۷؛ تفسیر نورالثقلین: ۵/ ۱۴۲؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/ ۲۲۴ ح ۱۶۵۵۶؛ بحارالانوار: ۱۰۰/ ۲۸۹؛ تفسیر البرہان: ۵/ ۱۸۱؛ طب الائمۃ: ۱۳۱؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/ ۳۹۸

[2] مرآۃ العقول: ۲۰/ ۳۰۷

{2356} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ جَعْفَرٍ الْجَعْفَرِيِّ عَنْ أَبِي الْحَسَنِ مُوسَى بْنِ جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ سَمِعْتُهُ يَقُولُ: مَنْ أَتَى أَهْلَهُ فِي مُحَاقِ الشَّهْرِ فَلْيُسَلِّمْ لِسِقْطِ الْوَلَدِ.

❁ سلیمان بن جعفر الجعفری سے روایت ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص مہینہ کے ایام محاق (جن میں چاند نمودار نہیں ہوتا) میں اپنی زوجہ سے مقاربت کرے وہ بچہ کے سقط کے لئے تیار ہوجائے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2357} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ غِيَاثِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: أَنَّهُ كَرِهَ أَنْ يُجَامِعَ الرَّجُلُ مُقَابِلَ الْقِبْلَةِ.

غیاث بن ابراہیم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اگر کوئی شخص قبلہ کے سامنے (یعنی روبقبلہ ہوکر) جماع کرے تو یہ مکروہ ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [4]

{2358} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ مُعَمَّرِ بْنِ خَلاَّدٍ قَالَ: قَالَ أَبُو الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَيَّ شَيْءٍ يَقُولُونَ فِي إِتْيَانِ النِّسَاءِ فِي أَعْجَازِهِنَّ قُلْتُ إِنَّهُ بَلَغَنِي أَنَّ أَهْلَ الْمَدِينَةِ لاَ يَرَوْنَ بِهِ بَأْساً فَقَالَ إِنَّ الْيَهُودَ كَانَتْ تَقُولُ إِذَا أَتَى الرَّجُلُ الْمَرْأَةَ فِي خَلْفِهَا خَرَجَ الْوَلَدُ أَحْوَلَ فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ (نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَكُمْ فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنَّى شِئْتُمْ) مِنْ خَلْفٍ أَوْ قُدَّامٍ خِلاَفاً لِقَوْلِ الْيَهُودِ وَلَمْ يَعْنِ فِي أَدْبَارِهِنَّ.

❁ معمر بن خلاد سے روایت ہے کہ امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا: لوگ عورتوں سے ان کی پچھلی طرف مقاربت کرنے کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۰۲ ح ۴۴۰۴؛ الکافی: ۵/۴۹۹ ح ۲؛ الفصول المہمہ: ۲/۳۲۶؛ الوافی: ۲۲/۱۷۱۶؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۲۷ ح ۲۵۲۰۸؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۳۹۸؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۱۱۱

[2] روضۃ المتقین: ۸/۱۹۵

[3] الکافی: ۵/۵۰۹ ح ۱؛ الوافی: ۲۲/۷۲۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۳۸ ح ۲۵۲۴۱؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۴۴۴ ح ۳۷۰۳۶؛ بحار الانوار: ۱۰۰/۲۸۴؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۱۱۹؛ قرب الاسناد: ۱۳۰ ح ۵۰۱

[4] مرآۃ العقول: ۲۰/۴۱۲

میں نے آپ علیہ السلام سے عرض کیا: مجھے یہ خبر ملی ہے کہ اہل مدینہ اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے۔

آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہودی یہ کہا کرتے تھے کہ جب مرد عورت کی پچھلی طرف سے (آگے) دخول کرے گا تو اس کا بچہ بھینگا پیدا ہوگا پس اللہ تعالی نے یہ آیت نازل فرمائی کہ:

''تمہاری عورتیں تمہاری کھیتیاں ہیں پس اپنی کھیتی میں جس طرح چاہو جا سکتے ہو (البقرة: ۲۲۳)'' چاہے آگے سے آؤ یا چاہے پیچھے سے تا کہ قول یہود کی مخالفت ہو اور اس سے عورتوں کی دبر میں مجامعت مراد ہی نہیں لی گئی ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2359} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ قَالَ سَمِعْتُ صَفْوَانَ بْنَ يَحْيَى يَقُولُ: قُلْتُ لِلرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ إِنَّ رَجُلاً مِنْ مَوَالِيكَ أَمَرَنِي أَنْ أَسْأَلَكَ عَنْ مَسْأَلَةٍ هَابَكَ وَ اِسْتَحْيَا مِنْكَ أَنْ يَسْأَلَكَ قَالَ وَ مَا هِيَ قُلْتُ اَلرَّجُلُ يَأْتِي اِمْرَأَتَهُ فِي دُبُرِهَا قَالَ ذَلِكَ لَهُ قَالَ قُلْتُ لَهُ فَأَنْتَ تَفْعَلُ قَالَ إِنَّا لاَ نَفْعَلُ ذَلِكَ.

صفوان بن یحییٰ سے روایت ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام سے عرض کیا کہ آپ علیہ السلام کے موالیوں میں سے ایک نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں آپ علیہ السلام سے ایک مسئلہ پوچھوں (اور اسے بتاؤں) جسے آپ علیہ السلام سے جھجک اور حیا کی وجہ سے وہ براہ راست نہیں پوچھ سکا۔

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ کیا مسئلہ ہے؟

میں نے عرض کیا: آدمی اپنی بیوی کی دبر میں جماع کر سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ اسی کے لئے تو ہے۔

راوی کہتا ہے کہ میں نے آپ علیہ السلام سے عرض کیا: تو کیا آپ علیہ السلام بھی ایسا کرتے ہیں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہم یقیناً ایسا نہیں کرتے ہیں۔ [3]

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/۴۱۵ ح ۱۶۶۰؛ الاستبصار: ۳/۲۴۳ ح ۸۷۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۴۱ ح ۲۵۲۴۸؛ تفسیر العیاشی: ۱/۱۱۱؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۲۳۱ ح ۱۶۵۸۰؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۸۲؛ تفسیر کنز الدقائق: ۵/۳۳۳؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/۲۱۷؛ تفسیر البرہان: ۱/۴۶۵؛ تفسیر الصافی: ۱/۲۵۴؛ مسند الامام الرضاؑ: ۱/۳۱۵؛ المیزان فی تفسیر القرآن: ۲/۲۱۸؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/۱۲۶؛ تہذیب الاحکام: ۷/۴۶۰ ح ۱۸۴۱

[2] ملاذ الاخیار: ۱۲/۵۹۳؛ نظام النکاح: ۹۲؛ فقہ الصادق: ۲۱/۷۷؛ مسالک الافہام: ۷/۶۲؛ الزبدة الفقہیہ: ۶/۴۴؛ الحدائق الناضرة: ۲۳/۸۱؛ التعلیقة الاستدلالیہ: ۶/۱۱۲؛ کلمات سدیدة: ۹۳؛ مسالک الافہام: ۷/۶۲؛ مستمسک العروة: ۱۴/۶۲؛ مستند الشیعہ: ۱۶/۲۷

[3] الکافی: ۵/۵۴۰ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/۴۱۵ ح ۱۶۶۳؛ الاستبصار: ۳/۲۴۳ ح ۸۷۲؛ الوافی: ۲۲/۷۴۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۴۵ ح ۲۵۲۵۹؛ مسند الامام الرضاؑ: ۲/۲۶۶

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[1]

{2360} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَسْبَاطٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ حُمْرَانَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي يَعْفُورٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الرَّجُلِ يَأْتِي الْمَرْأَةَ فِي دُبُرِهَا قَالَ لاَ بَأْسَ إِذَا رَضِيَتْ قُلْتُ فَأَيْنَ قَوْلُ اللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ) فَأْتُوهُنَّ مِنْ حَيْثُ أَمَرَكُمُ اللهُ (قَالَ) هَذَا فِي طَلَبِ الْوَلَدِ فَاطْلُبُوا الْوَلَدَ مِنْ حَيْثُ أَمَرَكُمُ اللَّهُ إِنَّ اللَّهَ تَعَالَى يَقُولُ) نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَكُمْ فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنَّى شِئْتُمْ).

عبداللہ بن ابی یعفور سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ کیا آدمی بیوی کی دبر میں جماع کرسکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب وہ راضی ہو تو کوئی حرج نہیں ہے۔

میں نے عرض کیا: تو اللہ کا یہ قول کہاں جائے گا: ''پس ان (عورتوں) کے پاس اس طرح جاؤ جس طریقے سے اللہ نے تمہیں حکم دے رکھا ہے (البقرۃ:۲۲۲)''؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ حکم طلب اولاد کے بارے میں ہے پس اولاد اسی طریقے سے طلب کرو جیسا اللہ نے تمہیں حکم دیا ہے۔ بے شک اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ''تمہاری عورتیں تمہاری کھیتیاں ہیں پس اپنی کھیتی میں جس طرح چاہو جاسکتے ہو (البقرۃ:۲۲۳)''۔[2]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے[3] یا موثق یا معتبر ہے[4]

---

[1] مراۃ العقول: ۲۰/۸۴ ۳؛ فقہ الصادقؑ: ۲۱/۷۶؛ تفصیل الشریعہ النکاح: ۱۸؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۹۰ ۳؛ الدلیل الفقہی: ۲۱؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۶/۱۱۷؛ مسالک الافہام: ۳/۳۰۲؛ نموذج فی الفقہ الجعفری: ۵۶۲؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۶/۱۳۳؛ طہارۃ النساء صفاتی: ۲۵۹؛ جواہر الکلام: ۲۹/۱۰۳؛ سند العروۃ (النکاح): ۱/۱۰۱؛ کشف اللثام: ۷/۲۶۷؛ ریاض المسائل: ۲/۵۷؛ مطلع انوار حسینی طہرانی: ۷/۲۳۶؛ مفاتیح الشرائع: ۲/۲۹۲؛ کتاب النکاح شبیری: ۲/۳۵۱؛ آیات الاحکام محقق: ۱/۵۴۰؛ مستمسک العروۃ: ۱۴/۶۱؛ تذکرۃ الفقہاء (الاجارہ الی النکاح): ۵۷۷

[2] تہذیب الاحکام: ۷/۴۱۴ ح ۱۶۵۷؛ الاستبصار: ۳/۲۴۲ ح ۸۶۷؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/۲۱۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۴۶ ح ۲۵۲۶۰؛ تفسیر کنز الدقائق: ۲/۳۳۴؛ تفسیر البرہان: ۱/۴۶۲؛ الوافی: ۲۲/۷۴۷؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۷۴۴ ح ۳۷۰۸۹

[3] الزبدۃ الفقہیہ: ۶/۱۴۴؛ فقہ الطب والتضخم النقدی سند: ۹۳؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۶/۱۲۰؛ سند العروۃ (النکاح): ۱/۱۰۱؛ تفسیر جامع آیات الاحکام: ۹/۲۶۱؛ الدلیل الفقہی: ۲۱؛ فقہ الصادقؑ: ۲۱/۷۷؛

[4] ملاذ الاخیار: ۱۲/۵۶۳؛ نظام النکاح فی الشریعہ: ۱/۹۰؛ جامع المدارک: ۴/۳۴۶؛ موسوعہ الامام الخوئی: ۳۲/۱۰۸

{2361} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ ابْنِ فَضَّالٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ الْجَهْمِ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عُثْمَانَ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَوْ أَخْبَرَنِي مَنْ سَأَلَهُ عَنْ رَجُلٍ يَأْتِي الْمَرْأَةَ فِي ذَلِكَ الْمَوْضِعِ وَفِي الْبَيْتِ جَمَاعَةٌ فَقَالَ لِي وَرَفَعَ صَوْتَهُ) قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ) مَنْ كَلَّفَ مَمْلُوكَهُ مَا لاَ يُطِيقُ فَلْيَبِعْهُ((ثُمَّ نَظَرَ فِي وُجُوهِ أَهْلِ الْبَيْتِ ثُمَّ أَصْغَى إِلَيَّ فَقَالَ) لاَ بَأْسَ بِهِ(.

✪ حماد بن عثمان سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا یا مجھے اس شخص نے خبر دی جس نے امام علیہ السلام سے پوچھا کہ کیا کوئی شخص بیوی کی اس جگہ (یعنی دبر میں) مجامعت کرسکتا ہے اور اس وقت گھر میں لوگوں کی جماعت موجود تھی؟

پس امام علیہ السلام نے بلند آواز کے ساتھ مجھ سے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ جو شخص اپنے غلام کو برداشت سے زیادہ تکلیف دے پس وہ اسے بیچ دے۔

پھر امام علیہ السلام نے گھر والوں کے چہرے کی طرف دیکھا اور پھر آہستگی سے مجھے فرمایا کہ اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق کالصحیح یا معتبر کالموثق یا موثق یا معتبر ہے۔[2]

{2362} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ حُكَيْمٍ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي يَعْفُورٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الرَّجُلِ يَأْتِي الْمَرْأَةَ فِي دُبُرِهَا قَالَ لاَ بَأْسَ بِهِ.

✪ عبداللہ بن ابی یعفور سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ کیا آدمی بیوی کی دبر میں جماع کرسکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔[3]

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/۴۱۵ح ۱۶۶۱؛ الاستبصار: ۳/۲۴۳ح ۸۷۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۴۶ح ۲۵۲۶۲؛ الوافی: ۲۲/۷۴۹؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۷۴۳ح ۳۷۰۹۲

[2] التعلیقہ الاستدلالیہ: ۶/۱۷؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۳۶۰؛ ریاض المسائل: ۱۱/۶۱؛ الحدائق الناضرۃ: ۲۳/۸۲؛ سند العروۃ (النکاح): ۱/۱۰۲؛ نظام النکاح فی الشریعہ: ۱/۹۳

[3] تہذیب الاحکام: ۷/۴۱۵ح ۱۶۶۲؛ الاستبصار: ۳/۲۴۳ح ۸۷۱؛ عوالی اللئالی: ۳/۳۱۵و۱۳۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۴۷ح ۲۵۲۶۳؛ الوافی: ۲۲/۷۵۰؛ الفصول المہمہ: ۲/۳۶۹

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [1] یا موثق ہے [2]

قول مؤلف:

بعض حضرات نے اس حدیث کو معتبر کہا ہے [3] نیز یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس موضوع کی تمام احادیث جو جواز کا حکم رکھتی ہیں یا جو ممانعت کا حکم رکھتی ہیں ان سب میں سے صرف یہی ایک صحیح ہے [4] نیز حدیث نمبر 246، 247 اور 1369 بھی اسی موضوع سے متعلق ہیں رجوع کیا جائے۔ (واللہ اعلم)

{2363} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ هَمَّامٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الرَّجُلِ يُقَبِّلُ قُبُلَ الْمَرْأَةِ قَالَ لاَ بَأْسَ.

❁ علی بن جعفر علیہ السلام سے روایت ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ کیا کوئی شخص بیوی کی شرمگاہ کو چوم سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کوئی حرج نہیں ہے۔ [5]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [6]

{2364} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبُو عَلِيٍّ الْأَشْعَرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ عَنْ صَفْوَانَ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحَذَّاءِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: كَانَ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ لاَ يَرَى بِالْعَزْلِ بَأْساً فَقَرَأَ هَذِهِ الْآيَةَ: ﴿وَ إِذْ أَخَذَ رَبُّكَ مِنْ بَنِي آدَمَ مِنْ ظُهُورِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَ أَشْهَدَهُمْ عَلَى

---

[1] کشف الرموز: ۲/ ۱۰۵؛ فقہ الطب سند: ۳۹؛ الاَولی و الصحیح قزوینی: ۱۵۷؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۲/ ۱۱۸؛ سند العروۃ (النکاح): ۱/ ۱۰۱؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۶/ ۴۴؛ فقہ الصادق: ۲۱/ ۷۷؛ الدلیل الفقہی: ۲۱؛ مختلف الشیعہ: ۷/ ۱۱۱؛ المہذب البارع: ۳/ ۲۰۸؛ کنز العرفان فاضل مقداد: ۲/ ۲۲۹؛ مسالک الافہام: ۳/ ۳۰۲؛ تفسیر جامع آیات الاحکام: ۹/ ۲۶۱؛ نظام النکاح فی الشریعہ: ۹۰؛ عوالی اللئالی: ۳/ ۵/ ۱۳ و ۳۱۵؛ مسالک الافہام: ۷/ ۵۹؛ جامع المقاصد: ۱۲/ ۴۹۹

[2] ملاذ الاخیار: ۱۲/ ۳۶۰؛ مفاتیح الشرائع: ۲/ ۱۹۲

[3] شرح العروۃ: ۳۲/ ۱۰۸؛ نظام النکاح: ۹۳

[4] مسالک الافہام: ۷/ ۵۹؛ المختلف: ۴۵۳؛ التذکرۃ: ۲/ ۵۷۷

[5] الکافی: ۵/ ۴۹۷ ح ۴؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۴۱۳ ح ۱۶۵۰؛ مسائل علی بن جعفر: ۲۷۶؛ عوالی اللئالی: ۳/ ۳۱۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۱۱۰ ح ۲۵۱۶۵؛ الوافی: ۲۲/ ۷۲۴؛ ھدایۃ الامہ: ۷/ ۱۳۱؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/ ۴۴۴ ح ۳۶۹۹۴

[6] مرآۃ العقول: ۲۰/ ۳۰۶؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/ ۳۵۴؛ موسوعہ الامام الخوئی: ۳۳/ ۵۱۲؛ المومنات ابو معاش: ۱۴۲

أَنْفُسِهِمْ أَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ قَالُوا بَلَى (فَكُلُّ شَيْءٍ أَخَذَ اللَّهُ مِنْهُ الْمِيثَاقَ فَهُوَ خَارِجٌ وَإِنْ كَانَ عَلَى صَخْرَةٍ صَمَّاءَ.

عبدالرحمن الحذاء سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: امام زین العابدین عزل کرنے (منی رحم سے باہر گرانے) میں کوئی حرج نہیں جانتے تھے اور یہ آیت تلاوت کرتے تھے کہ: ''اور جب آپ کے رب نے اولاد آدم کی پشتوں سے ان کی نسل کو نکالا تھا اور ان پر خود انہیں گواہ بنایا (اور پوچھا) کہ کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ سب نے کہا تھا: ہاں (الاعراف: ۱۷۲)'' پس جس جس بھی شئے سے اس نے میثاق لیا ہے تو اس نے پیدا ہو کر رہنا ہے اگرچہ سخت پتھر پر ہی کیوں نہ ہو۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

قول مؤلف:

نیز حدیث نمبر: 2293 کی طرف رجوع کیجئے۔

{2365} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ صَفْوَانَ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَحَدِهِمَا عَلَيْهِمَا السَّلَامُ: أَنَّهُ سُئِلَ عَنِ الْعَزْلِ فَقَالَ أَمَّا الْأَمَةُ فَلَا بَأْسَ وَأَمَّا الْحُرَّةُ فَإِنِّي أَكْرَهُ ذَلِكَ إِلَّا أَنْ يَشْتَرِطَ عَلَيْهَا حِينَ يَتَزَوَّجُهَا.

محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ امامین علیہما السلام میں سے ایک امام سے عزل کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: کنیز کے سلسلہ میں تو کوئی حرج نہیں ہے اور رہی آزاد عورت تو اس کے لئے میں اسے مکروہ سمجھتا ہوں مگر یہ کہ تزویج کے وقت شوہر اس پر شرط مقرر کر دے (یا عورت راضی ہو)[3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[4]

---

[1] الکافی: ۵/۵۰۴ ح ۴؛ تہذیب الاحکام: ۷/۴۱۷ ح ۱۶۷۰؛ الوافی: ۲۲/۵۴۷؛ تفسیر کنز الدقائق: ۵/۲۳۷؛ تفسیر البرہان: ۲/۶۰۷؛ تفسیر نور الثقلین: ۲/۹۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۴۹ ح ۲۵۲۴۷؛ الفصول المہمہ: ۲/۳۳۰؛ المیزان فی تفسیر القرآن: ۸/۳۳۰؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/۲۴۳ ح ۳۷۰۷۲

[2] فقہ الصادقؑ: ۲۱/۸۲؛ موسوعہ احکام الاطفال: ۱۲۵

[3] تہذیب الاحکام: ۷/۴۱۷ ح ۱۶۷۱ و ۱۶۷۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۵۱ ح ۲۵۲۷۸؛ الوافی: ۲۲/۵۴۷؛ دعائم الاسلام: ۲/۲۱۲؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۲۳۳ ح ۱۶۵۸۲؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۱۲۰

[4] ملاذ الاخیار: ۱۲/۲۴۳؛ تفصیل الشریعہ النکاح لنکرانی: ۳۳؛ نظام النکاح: ۹۹؛ المبسوط فی فقہ: ۲۴۳؛ فقہ الصادقؑ: ۲۱/۸۳؛ جامع المقاصد: ۱۲/۵۰۳؛ موسوعہ احکام الاطفال: ۱۱۲؛ شرح العروۃ: ۳۲/۱۲۳؛ مسائل المستحدثہ: ۳۶؛ الروضۃ البہیہ: ۵/۱۵۶؛ جواہر الکلام: ۲۹/۱۱۲؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۴/۳۶۴

{2366} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا وَ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى جَمِيعاً عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ جَرِيرٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِذَا أُغِيرَ الرَّجُلُ فِي أَهْلِهِ أَوْ بَعْضِ مَنَاكِحِهِ مِنْ مَمْلُوكِهِ فَلَمْ يَغَرْ وَلَمْ يُغَيِّرْ بَعَثَ اللَّهُ عَزَّ وَ جَلَّ إِلَيْهِ طَائِراً يُقَالُ لَهُ الْقَفَنْدَرُ حَتَّى يَسْقُطَ عَلَى عَارِضَةِ بَابِهِ ثُمَّ يُمْهِلَهُ أَرْبَعِينَ يَوْماً ثُمَّ يَهْتِفَ بِهِ إِنَّ اللَّهَ غَيُورٌ يُحِبُّ كُلَّ غَيُورٍ فَإِنْ هُوَ غَارَ وَ غَيَّرَ وَ أَنْكَرَ ذَلِكَ فَأَنْكَرَهُ وَإِلاَّ طَارَ حَتَّى يَسْقُطَ عَلَى رَأْسِهِ فَيَخْفِقَ بِجَنَاحَيْهِ عَلَى عَيْنَيْهِ ثُمَّ يَطِيرَ عَنْهُ فَيَنْزِعُ اللَّهُ عَزَّ وَ جَلَّ مِنْهُ بَعْدَ ذَلِكَ رُوحَ الْإِيمَانِ وَتُسَمِّيهِ الْمَلاَئِكَةُ الدَّيُّوثَ.

اسحاق بن جریر سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب کسی شخص کو اس کی بیوی یا کنیز کے معاملہ میں غیرت دلائی جائے مگر وہ غیرت سے کام نہ لے اور کوئی تبدیلی نہ کرے تو اللہ اس کے پاس ایک پرندہ کو بھیجتا ہے جس کا نام قفندر ہے پس وہ اس کے مکان کے بالائی حصہ پر آ کر گرتا ہے پھر اسے چالیس دن تک مہلت دیتا ہے، پھر ندا دیتا ہے کہ اللہ غیور ہے اور ہر غیرت مند کو دوست رکھتا ہے چنانچہ اس کے بعد اگر وہ غیرت سے کام لے تو ٹھیک ورنہ وہ اڑ کر اس کے سر پر جا بیٹھتا ہے اور اپنے پروں کو اس کی نیکیوں پر حرکت دیتا ہے اور پھر پرواز کر جاتا ہے پس اس کے بعد اللہ اس آدمی سے روح ایمان سلب کر لیتا ہے اور فرشتے اس آدمی کا نام دیوث (بے غیرت) لکھ دیتے ہیں۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [2]

{2367} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبُو عَلِيٍّ الْأَشْعَرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ الْمَرْأَةُ تَغَارُ عَلَى الرَّجُلِ تُؤْذِيهِ قَالَ ذَلِكَ مِنَ الْحُبِّ.

اسحاق بن عمار سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ عورت جب مرد پر غیرت کرتی ہے تو اسے تکلیف دیتی ہے۔

آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ محبت کی وجہ سے ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [4]

---

[1] الکافی: ۵/۵۳۶ ح ۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۵۳ ح ۲۵۲۸۵؛ الوافی: ۲۲/۹۳۷؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۵۷۲ ح ۳۷۲۸۳

[2] مرآۃ العقول: ۲۰/۳۷۶

[3] الکافی: ۵/۵۰۶ ح ۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۵۷ ح ۲۵۲۹۶؛ الوافی: ۲۲/۷۶۹؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۵۸۴ ح ۳۷۳۱۱

[4] مرآۃ العقول: ۲۰/۳۱۷

{2368} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْفُضَيْلِ عَنْ شُرَيْسٍ الْوَابِشِيِّ عَنْ جَابِرٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ لِي: إِنَّ اللَّهَ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى لَمْ يَجْعَلِ الْغَيْرَةَ لِلنِّسَاءِ وَ إِنَّمَا جَعَلَ الْغَيْرَةَ لِلرِّجَالِ لِأَنَّ اللَّهَ عَزَّ وَ جَلَّ قَدْ أَحَلَّ لِلرَّجُلِ أَرْبَعَ حَرَائِرَ وَ مَا مَلَكَتْ يَمِينُهُ وَ لَمْ يَجْعَلْ لِلْمَرْأَةِ إِلاَّ زَوْجَهَا وَحْدَهُ فَإِنْ بَغَتْ مَعَ زَوْجِهَا غَيْرَهُ كَانَتْ عِنْدَ اللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ زَانِيَةً وَ إِنَّمَا تَغَارُ الْمُنْكِرَاتُ مِنْهُنَّ فَأَمَّا الْمُؤْمِنَاتُ فَلاَ.

❁ جابر سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے مجھ سے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے غیرت عورتوں کے لئے قرار نہیں دی ہے بلکہ غیرت مردوں کے لئے قرار دی ہے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے مرد کے لئے چار آزاد عورتیں حلال کردی ہیں اور ان کے علاوہ اس کی ملکیت میں جو کنیزیں ہوں (وہ بھی حلال کی ہیں) مگر عورت کے لئے تو اس کا ایک شوہر حلال ہے پس اگر وہ اپنے شوہر کے ساتھ کسی غیر کو بھی چاہے تو وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک زانیہ ہوگی یقیناً ان میں سے کچھ عورتیں منکرات اور غلط کاریوں میں ڈوبی رہتی ہیں مگر مومن عورتیں ایسی نہیں ہوتیں۔ [1]

تحقیق:

حدیث قوی ہے۔ [2]

قول مؤلف:

نیز امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ عورتوں کی غیرت حس ہے جو کہ کفر کی اصل ہے اور عورتیں جب غیرت کرتی ہیں تو ناراض ہوجاتی ہیں اور جب ناراض ہوجائیں تو کافر بن جاتی ہیں سوائے ان کے جو مسلمان ہوتی ہیں۔ [3]

نیز امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا کہ عورت کی غیرت کفر اور مرد کی غیرت ایمان ہے۔ [4]

{2369} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ عَطِيَّةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: جَاءَتِ امْرَأَةٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا حَقُّ الزَّوْجِ عَلَى الْمَرْأَةِ فَقَالَ لَهَا أَنْ تُطِيعَهُ وَ لاَ تَعْصِيَهُ وَ لاَ تَصَدَّقَ مِنْ بَيْتِهِ إِلاَّ بِإِذْنِهِ وَ لاَ تَصُومَ تَطَوُّعاً إِلاَّ بِإِذْنِهِ وَ لاَ تَمْنَعَهُ نَفْسَهَا وَ إِنْ كَانَتْ عَلَى ظَهْرِ قَتَبٍ وَ لاَ تَخْرُجَ مِنْ بَيْتِهَا إِلاَّ بِإِذْنِهِ وَ إِنْ خَرَجَتْ مِنْ بَيْتِهَا بِغَيْرِ إِذْنِهِ لَعَنَتْهَا مَلاَئِكَةُ السَّمَاءِ وَ مَلاَئِكَةُ الْأَرْضِ وَ مَلاَئِكَةُ الْغَضَبِ وَ مَلاَئِكَةُ

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۴۴ ح ۴۵۳۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۵۴ ح ۲۵۲۸۷؛ الوافی: ۲۲/۷۶۸؛ مکارم الاخلاق: ۲۳۹

[2] روضۃ المتقین: ۸/۳۸۴

[3] الکافی: ۵/۵۰۵ ح ۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۵۶ ح ۲۵۲۹۴؛ الوافی: ۲۲/۷۶۸؛ مکارم الاخلاق: ۲۳۹

[4] نہج البلاغہ: ۴۹۱ حکم ۱۲۴؛ خصائص الائمۃ: ۱۰۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۵۷ ح ۲۵۲۹۹؛ بحار الانوار: ۱۰۰/۲۵۲

اَلرَّحْمَةِ حَتَّى تَرْجِعَ إِلَى بَيْتِهَا فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اَللَّهِ مَنْ أَعْظَمُ اَلنَّاسِ حَقّاً عَلَى اَلرَّجُلِ قَالَ وَالِدُهُ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اَللَّهِ مَنْ أَعْظَمُ اَلنَّاسِ حَقّاً عَلَى اَلْمَرْأَةِ قَالَ زَوْجُهَا قَالَتْ فَمَا لِي عَلَيْهِ مِنَ اَلْحَقِّ مِثْلُ مَا لَهُ عَلَيَّ قَالَ لاَ وَلاَ مِنْ كُلِّ مِائَةٍ وَاحِدَةٌ قَالَ فَقَالَتْ وَاَلَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ نَبِيّاً لاَ يَمْلِكُ رَقَبَتِي رَجُلٌ أَبَداً.

محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: ایک عورت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! مرد کا عورت پر کیا حق ہے؟

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ اس کی اطاعت کرے، اس کی نافرمانی نہ کرے، اس کی اجازت کے بغیر اس کے گھر میں سے کوئی صدقہ نہ نکالے، اس کی اجازت کے بغیر مستحب روزے نہ رکھے، وہ اسے اپنے نفس سے (مباشرت کرنے سے) نہ روکے اگرچہ پالانِ شتر پر بھی سوار ہو، اس کی اجازت کے بغیر گھر سے باہر نہ نکلے اور اگر اس کی اجازت کے بغیر گھر سے نکلی تو آسمان کے فرشتے، زمین کے فرشتے، غضب کے فرشتے اور رحمت کے فرشتے (سب) اس پر لعنت بھیجتے رہیں گے یہاں تک کہ وہ اپنے گھر پلٹ کر آجائے۔

اس عورت نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! مرد پر سب سے بڑا حق کس کا ہے؟

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کے والدین کا

اس نے عرض کیا: اور عورت پر لوگوں میں سب سے زیادہ حق کس کا ہے؟

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کے شوہر کا۔

اس نے عرض کیا: جو حق اس کا مجھ پر ہے تو کیا اس کے مثل میرا اس پر کوئی حق نہیں ہے؟

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نہیں۔ ایک سو میں سے ایک بھی نہیں ہے

اس نے عرض کیا: اب تو میں اس ذات کی قسم کھا کر کہتی ہوں جس نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حق کے ساتھ مبعوث کیا ہے کہ میں تاابد اپنی گردن پر کسی مرد کو مسلط نہیں کروں گی۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2370} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ اِبْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ سَيْفِ بْنِ عَمِيرَةَ عَنْ أَبِي اَلصَّبَّاحِ اَلْكِنَانِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: إِذَا صَلَّتِ اَلْمَرْأَةُ خَمْساً وَصَامَتْ شَهْراً وَأَطَاعَتْ زَوْجَهَا وَعَرَفَتْ حَقَّ عَلِيٍّ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ فَلْتَدْخُلْ مِنْ أَيِّ أَبْوَابِ اَلْجَنَّةِ شَاءَتْ.

---

[1] الکافی: ۵/ ۵۰۶ ح ۱؛ من لایحضرہ الفقیہ: ۳/ ۴۳۸ ح ۴۵۱۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۱۵۷ ح ۲۵۳۰۰؛ مکارم الاخلاق: ۲۱۴؛ عوالی اللئالی: ۳/ ۳۱۰؛ الوافی: ۲۲/ ۷۷۳؛ تفسیر کنز الدقائق: ۲/ ۴۴۳؛ بحار الانوار: ۱۰۰/ ۲۴۸؛ دعائم الاسلام: ۲/ ۲۱۶؛ تفسیر البرہان: ۱/ ۷۵۴؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/ ۲۷۳ ح ۱۶۵۹۹

[2] مرآۃ العقول: ۲۰/ ۳۱۸؛ مسالک الافہام: ۸/ ۳۰۷؛ روضۃ المتقین: ۸/ ۳۶۰

ابوالصباح کنانی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب کوئی عورت نماز پنجگانہ ادا کرے، ماہ رمضان کے روزے رکھے، حج بیت اللہ ادا کرے، اپنے شوہر کی اطاعت کرے اور حضرت علی علیہ السلام کے حق (ولایت) کی معرفت رکھے تو وہ جنت کے جس دروازے سے چاہے داخل ہو جائے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن کالصحیح یا حسن ہے۔ [2]

{2371} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ جَمِيلِ بْنِ دَرَّاجٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَنَّهُ قَالَ: أَيُّمَا امْرَأَةٍ قَالَتْ لِزَوْجِهَا مَا رَأَيْتُ قَطُّ مِنْ وَجْهِكَ خَيْراً فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهَا.

جمیل بن دراج سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو کوئی عورت اپنے شوہر سے کہے کہ میں نے تیری طرف سے کبھی کوئی خیر (بھلائی) نہیں دیکھی تو اس کے اعمال حبط ہو جائیں گے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2372} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ عَطِيَّةَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ خَالِدٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: أَنَّ قَوْماً أَتَوْا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّا رَأَيْنَا أُنَاساً يَسْجُدُ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ لَوْ أَمَرْتُ أَحَداً أَنْ يَسْجُدَ لِأَحَدٍ لَأَمَرْتُ الْمَرْأَةَ أَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِهَا.

سلیمان بن خالد سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: کچھ لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! ہم نے دیکھا کہ بعض لوگ بعض لوگوں کو سجدہ کرتے ہیں پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر میں کسی کو کسی کا سجدہ کرنے کا حکم دیتا تو عورت کو حکم دیتا کہ وہ اپنے شوہر کو سجدہ کرے۔ [5]

---

[1] الکافی: ۵/۵۵۵ ح ۳؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۴۱ ح ۴۵۳۱؛ الوافی: ۲۲/۸۱۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۵۹ ح ۲۵۳۰۳

[2] موسوعہ احکام الاطفال: ۲۰/۸۰؛ حدود الشریعہ: ۲/۵۲۳؛ روضۃ المتقین: ۸/۳۷۳؛ مراۃ العقول: ۲۰/۴۰۵

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۴۰ ح ۴۵۲۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۶۲ ح ۲۵۳۱۱؛ الوافی: ۲۲/۷۸۱

[4] روضۃ المتقین: ۸/۳۶۸؛ الانوار اللوامع: ۱۰/۵؛ حدود الشریعہ: ۲/۵۲۴

[5] الکافی: ۵/۵۰۷ ح ۶؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۳۸ ح ۴۵۱۵؛ مکارم الاخلاق: ۲۱۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۶۲ ح ۲۵۳۱۳؛ الوافی: ۲۲/۷۷۷

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[1]

{2373} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الْحَمِيدِ عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ صَبِيحٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ: أَيُّ امْرَأَةٍ تَطَيَّبَتْ ثُمَّ خَرَجَتْ مِنْ بَيْتِهَا فَهِيَ تُلْعَنُ حَتَّى تَرْجِعَ إِلَى بَيْتِهَا مَتَى مَا رَجَعَتْ.

ولید بن صبیح سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشادگرامی ہے کہ جو کوئی عورت خوشبو لگائے پھر اپنے گھر سے نکل جائے تو جب تک وہ واپس گھر نہیں آئے گی تو اس پر لعنت کی جاتی رہے گی۔[2]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق ہے۔[3]

{2374} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ مُوسَى بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ أَبِي جَمِيلَةَ عَنْ ضُرَيْسٍ الْكُنَاسِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِنَّ امْرَأَةً أَتَتْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ لِبَعْضِ الْحَاجَةِ فَقَالَ لَهَا لَعَلَّكِ مِنَ الْمُسَوِّفَاتِ قَالَتْ وَ مَا الْمُسَوِّفَاتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ الْمَرْأَةُ الَّتِي يَدْعُوهَا زَوْجُهَا لِبَعْضِ الْحَاجَةِ فَلاَ تَزَالُ تُسَوِّفُهُ حَتَّى يَنْعُسَ زَوْجُهَا وَ يَنَامَ فَتِلْكَ لاَ تَزَالُ الْمَلاَئِكَةُ تَلْعَنُهَا حَتَّى يَسْتَيْقِظَ زَوْجُهَا.

ضریس کناسی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ایک عورت کسی کام کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: شاید تو مسوّفات میں سے ہے۔

اس نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! مسوّفات سے کیا مراد ہے؟

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس سے مراد وہ عورت ہے کہ جس کا شوہر اسے کسی کام کے لئے بلائے اور وہ فوراً نہ جائے بلکہ اسے انتظار کرواتی رہے یہاں تک کہ اس کا شوہر تھک کر سو جائے تو فرشتے اس عورت پر لعنت کرتے رہتے ہیں یہاں تک کہ اس کا شوہر جاگ جائے۔[4]

---

[1] مرآۃ العقول: ۲۰/ ۳۲۰؛ روضۃ المتقین: ۸/ ۳۶۱

[2] الکافی: ۵/ ۵۱۸ ح ۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۱۶۱ ح ۲۵۳۰۸؛ الوافی: ۲۲/ ۸۱۳؛ عوالی اللئالی: ۳/ ۳۰۹؛ مکارم الاخلاق: ۴۳؛ بحار الانوار: ۱۰۰/ ۲۴۷

[3] حدود الشریعہ: ۴۵۳

[4] الکافی: ۵/ ۵۰۸ ح ۲؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۴۴۲ ح ۴۵۳۶؛ الوافی: ۲۲/ ۷۷۷؛ عوالی اللئالی: ۳/ ۳۱۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۱۶۴ ح ۲۵۳۱۷؛ مکارم الاخلاق ۲۱۷؛ ھدایۃ الامہ: ۷/ ۸۴؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/ ۴۹۲

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔ (1)

{2375} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ غَالِبٍ عَنْ جَابِرٍ الْجُعْفِيِّ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ يَوْمَ النَّحْرِ إِلَى ظَهْرِ الْمَدِينَةِ عَلَى جَمَلٍ عَارِي الْجِسْمِ فَمَرَّ بِالنِّسَاءِ فَوَقَفَ عَلَيْهِنَّ ثُمَّ قَالَ يَا مَعَاشِرَ النِّسَاءِ تَصَدَّقْنَ وَ أَطِعْنَ أَزْوَاجَكُنَّ فَإِنَّ أَكْثَرَكُنَّ فِي النَّارِ فَلَمَّا سَمِعْنَ ذَلِكَ بَكَيْنَ ثُمَّ قَامَتْ إِلَيْهِ امْرَأَةٌ مِنْهُنَّ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ فِي النَّارِ مَعَ الْكُفَّارِ وَ اللَّهِ مَا نَحْنُ بِكُفَّارٍ فَنَكُونَ مِنْ أَهْلِ النَّارِ فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ إِنَّكُنَّ كَافِرَاتٌ بِحَقِّ أَزْوَاجِكُنَّ.

جابر جعفی سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قربانی والے دن ایک انتہائی کمزور جسم اونٹ پر سوار ہوکر مدینہ کے پیچھے کی طرف تشریف لے گئے پس عورتوں کے قریب سے گزرے تو ان کے پاس رک گئے اور فرمایا: اے گروہِ زنان! صدقہ دیا کرو اور اپنے شوہروں کی اطاعت کیا کرو کیونکہ تم میں سے اکثر آگ (جہنم) میں ہوں گی۔ جب ان عورتوں نے یہ سنا تو وہ گریہ کرنے لگیں پھر ان میں ایک عورت نے کھڑے ہوکر عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! جہنم میں کفار کے ساتھ؟ جبکہ اللہ کی قسم! ہم کفار میں سے نہیں ہیں کہ ہم اہل جہنم میں سے ہوں؟

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے فرمایا: ایسا یقیناً ہوگا اگر تم اپنے شوہروں کے حقوق کی کافر ہوئیں۔ (2)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (3)

{2376} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِنَّ رَجُلاً مِنَ الْأَنْصَارِ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ خَرَجَ فِي بَعْضِ حَوَائِجِهِ وَ عَهِدَ إِلَى امْرَأَتِهِ عَهْداً أَلاَّ تَخْرُجَ مِنْ بَيْتِهَا حَتَّى يَقْدَمَ قَالَ وَ إِنَّ أَبَاهَا مَرِضَ فَبَعَثَتِ الْمَرْأَةُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ فَقَالَتْ إِنَّ زَوْجِي خَرَجَ وَ عَهِدَ إِلَيَّ أَنْ لاَ أَخْرُجَ مِنْ بَيْتِي حَتَّى يَقْدَمَ وَ إِنَّ أَبِي مَرِيضٌ فَتَأْمُرُنِي أَنْ أَعُودَهُ فَقَالَ لاَ اجْلِسِي فِي بَيْتِكِ وَ أَطِيعِي زَوْجَكِ قَالَ فَمَاتَ فَبَعَثَتْ إِلَيْهِ فَقَالَتْ يَا

---

(1) روضۃ المتقین: ۸/ ۳۷۹

(2) الکافی: ۵/ ۵۱۴ ح ۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۱۵۷ ح ۲۵۲۵۳؛ الوافی: ۲۲/ ۷۸۰؛ بحار الانوار: ۲۲/ ۱۳۵؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/ ۸۳۴ ح ۳۷۱۲۰

(3) مرآۃ العقول: ۲۰/ ۳۲۹

رَسُولَ اَللَّهِ إِنَّ أَبِي قَدْ مَاتَ فَتَأْمُرُنِي أَنْ أُصَلِّيَ عَلَيْهِ فَقَالَ لاَ اِجْلِسِي فِي بَيْتِكِ وَ أَطِيعِي زَوْجَكِ قَالَ فَدُفِنَ اَلرَّجُلُ فَبَعَثَ إِلَيْهَا. رَسُولُ اَللَّهِ صَلَّى اَللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ أَنَّ اَللَّهَ عَزَّ وَ جَلَّ قَدْ غَفَرَ لَكِ وَ لِأَبِيكِ بِطَاعَتِكِ لِزَوْجِكِ.

❂ عبداللہ بن سنان سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں ایک انصاری شخص کسی کام کے لئے نکلا اور اپنی بیوی سے یہ عہد لیا کہ وہ اس کے واپس آنے تک اپنے گھر سے باہر نہیں نکلے گی۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: پھر اس عورت کا باپ بیمار پڑ گیا تو اس عورت نے ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بھیجا اور کہا کہ میرا شوہر باہر گیا ہے اور اس نے مجھ سے عہد لیا ہے کہ میں اس کے آنے تک اپنے گھر سے باہر نہ نکلوں اور اب میرا باپ بیمار پڑ گیا ہے تو کیا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حکم فرماتے ہیں کہ میں اس کی عیادت کر لوں؟

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نہیں (بلکہ) اپنے گھر میں بیٹھ اور اپنے شوہر کی اطاعت کر۔

امام علیہ السلام نے فرمایا: پس اس عورت کا باپ مر گیا تو اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کہلا بھیجا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میرا باپ مر گیا ہے پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھے حکم فرمائیں کہ میں اس پر نماز پڑھ لوں؟

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: نہیں (بلکہ) اپنے گھر میں بیٹھ اور اپنے شوہر کی اطاعت کر

امام علیہ السلام نے فرمایا: پس وہ شخص دفن کر دیا گیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس عورت کو کہلوا بھیجا کہ تم نے اپنے شوہر کی اطاعت کی اس لیے اللہ نے تمہیں بھی اور تمہارے باپ کو بھی بخش دیا ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2377} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ فَضَالَةَ بْنِ أَيُّوبَ عَنْ أَبِي اَلْمَغْرَاءِ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اَللَّهِ صَلَّى اَللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ لِلنِّسَاءِ لاَ تُطَوِّلْنَ صَلاَتَكُنَّ لِتَمْنَعْنَ أَزْوَاجَكُنَّ.

❂ امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عورتوں کو فرمایا کہ تم اپنی نمازوں کو اس لئے طول مت دیا کرو کہ اس سے اپنے شوہروں کو (تمتع سے) روکو۔ [3]

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۴۱ح ۴۵۳۲؛ الکافی: ۵/۵۱۳ح۱؛ الوافی: ۲۲/۷۷۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۷۴ح ۲۵۳۵۰؛ مکارم الاخلاق: ۲۱۶؛ بحارالانوار: ۲۲/۱۴۵؛ ۲۲/۱۴۵؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۲۵۸ح ۱۶۶۴۴

[2] روضۃ المتقین: ۸/۳۷۳

[3] الکافی: ۵/۵۰۸ح۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۶۴ح ۲۵۳۱۶؛ الوافی: ۵/۵۰۸؛ عوالی اللئالی: ۳/۳۱۰؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/۸۴

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [1]

{2378} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَنْ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ بَشِيرٍ قَالَ: دَخَلَتِ امْرَأَةٌ عَلَى أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ فَقَالَتْ أَصْلَحَكَ اللَّهُ إِنِّي امْرَأَةٌ مُتَبَتِّلَةٌ فَقَالَ وَ مَا التَّبَتُّلُ عِنْدَكِ قَالَتْ لاَ أَتَزَوَّجُ قَالَ وَلِمَ قَالَتْ أَلْتَمِسُ بِذَلِكَ الْفَضْلَ فَقَالَ انْصَرِفِي فَلَوْ كَانَ ذَلِكِ فَضْلاً لَكَانَتْ فَاطِمَةُ عَلَيْهَا السَّلاَمُ أَحَقَّ بِهِ مِنْكِ إِنَّهُ لَيْسَ أَحَدٌ يَسْبِقُهَا إِلَى الْفَضْلِ.

❂ عبدالصمد بن بشیر سے روایت ہے کہ ایک عورت امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا: اللہ آپ علیہ السلام کا بھلا کرے! میں متبتل (شہوت سے کنارہ کش) عورت ہوں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: تمہارے نزدیک متبتل سے کیا مراد ہے؟

اس نے عرض کیا: میں نے شادی نہیں کی۔

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس کی وجہ؟

اس نے عرض کیا: اس سے میں فضیلت چاہتی ہوں۔

آپ علیہ السلام نے فرمایا: میرے پاس سے دوڑ جاؤ۔ اگر یہ فضیلت ہوتی تو سیدہ فاطمہ علیہا السلام تمہاری نسبت اس کی زیادہ حقدار ہوتیں کیونکہ کوئی بھی ان سے فضیلت میں آگے نہیں ہے۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [3]

{2379} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنِ الْعَلاَءِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ يَنْبَغِي لِلْمَرْأَةِ أَنْ تُعَطِّلَ نَفْسَهَا وَ لَوْ تُعَلِّقُ فِي عُنُقِهَا قِلاَدَةً وَ لاَ يَنْبَغِي أَنْ تَدَعَ يَدَهَا مِنَ الْخِضَابِ وَ لَوْ تَمْسَحُهَا مَسْحاً بِالْحِنَّاءِ وَ إِنْ كَانَتْ مُسِنَّةً.

❂ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: عورت کو اپنا بناؤ سنگھار ترک نہیں کرنا چاہیے اگرچہ اپنی گردن میں ایک بار ہی لٹکائے اور عورت کو اپنے ہاتھ رنگ سے خالی نہیں چھوڑنے چاہئیں اگرچہ مہندی کا ایک ٹیکہ ہی لگائے چاہے

---

[1] مرآۃ العقول: ۲۰/۲۱ ۳؛ الانوار اللوامع: ۱۰/۱۳

[2] الکافی: ۵/۵۰۹ ح ۳؛ الوافی: ۲۲/۷۰۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۶۵ ح ۲۵۳۱۹؛ عوالی اللئالی: ۳/۳۱۱؛ الامالی طوسی: ۷۰۳ مجلس ۱۳؛ بحار الانوار: ۱۰۰/۲۱۹؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۱۰۴ ح ۳۶۴۷۵

[3] مرآۃ العقول: ۲۰/۳۲۲

وہ (عورت) سن رسیدہ ہی کیوں نہ ہو۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{2380} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ حُمَيْدُ بْنُ زِيَادٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَمَاعَةَ عَنْ غَيْرِ وَاحِدٍ عَنْ أَبَانٍ عَنْ أَبِي مَرْيَمَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ: أَيَضْرِبُ أَحَدُكُمُ الْمَرْأَةَ ثُمَّ يَظَلُّ مُعَانِقَهَا.

❁ اسحاق بن عمار سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا تم میں سے کوئی عورت سے مار پیٹ کر کے پھر اس کی چھی کی چھاؤں بھی چاہتا ہے؟[3]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔[4]

{2381} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبُو عَلِيٍّ الْأَشْعَرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ مَا حَقُّ الْمَرْأَةِ عَلَى زَوْجِهَا الَّذِي إِذَا فَعَلَهُ كَانَ مُحْسِناً قَالَ يُشْبِعُهَا وَيَكْسُوهَا وَإِنْ جَهِلَتْ غَفَرَ لَهَا وَقَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ كَانَتِ امْرَأَةٌ عِنْدَ أَبِي عَلَيْهِ السَّلاَمُ تُؤْذِيهِ فَيَغْفِرُ لَهَا.

❁ اسحاق بن عمار سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا: عورت کے اپنے شوہر پر کیا حقوق ہیں کہ جن کو وہ ادا کر کے محسنہ کہلائے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اسے پیٹ بھر کر کھلائے، اسے کپڑے پہنائے اور اگر وہ غلطی کرے تو اسے معاف کر دے۔ نیز امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: میرے والد بزرگوار (امام محمد باقر علیہ السلام) کے پاس ایک عورت تھی جو انہیں اذیت دیتی تھی لیکن وہ اسے معاف فرما دیا کرتے تھے۔[5]

---

[1] الکافی: ۵/۵۰۹ ح۲؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۱۲۳ ح۴۸۳؛ وسائل الشیعہ: ۳/۵۹ ح۴۲۵۷ و ۲۰/۱۶۹ ح۲۵۳۲۱؛ مکارم الاخلاق: ۹۳؛ الوافی: ۲۲/۸۵۸؛ بحار الانوار: ۷۳/۱۰۲؛ امالی طوسی: ۷۲۳ ح۹۷۶

[2] مرآۃ العقول: ۲۰/۳۲۲؛ الانوار اللوامع: ۱۰/۱۴۳؛ مصابیح الظلام: ۶/۱۵۳؛ الموسوعۃ الفقہیہ: ۹/۴۰۳؛ لوامع الاحکام: ۱/۲۴۵؛ لوامع صاحبقرانی: ۲/۹۱

[3] الکافی: ۵/۵۰۹ ح۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۶۷ ح۲۵۳۲۳؛ الوافی: ۲۲/۸۸۷؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۸۴؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۵۳۰ ح۳۷۱۹۱

[4] روضۃ المتقین: ۹/۲۳۸؛ مرآۃ العقول: ۲۰/۳۲۲

[5] الکافی: ۵/۵۱۰ ح۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۴۰ ح۴۵۲۶؛ الوافی: ۲۲/۸۳۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۶۹ ح۲۵۳۳۰؛ تفسیر کنز الدقائق: ۲/۴۴۳؛ مکارم الاخلاق: ۲۱۶؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۸۴

تحقیق:

حدیث موثق یا موثق کالصحیح ہے۔ [1]

{2382} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنِ الْعَلاَءِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ: أَوْصَانِي جَبْرَئِيلُ عَلَيْهِ السَّلاَمُ بِالْمَرْأَةِ حَتَّى ظَنَنْتُ أَنَّهُ لاَ يَنْبَغِي طَلاَقُهَا إِلاَّ مِنْ فَاحِشَةٍ مُبَيِّنَةٍ.

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جبرئیل علیہ السلام نے عورت کے متعلق مجھے اس قدر وصیت کی کہ مجھے گمان ہوا کہ کھلے عام فاشی (زناکاری) کے سوا کسی اور صورت میں عورت کو طلاق نہیں دینی چاہیے۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [3]

{2383} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبُو عَلِيٍّ الْأَشْعَرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ: إِنَّمَا مَثَلُ الْمَرْأَةِ مَثَلُ الضِّلَعِ الْمُعْوَجِّ إِنْ تَرَكْتَهُ انْتَفَعْتَ بِهِ وَإِنْ أَقَمْتَهُ كَسَرْتَهُ.

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عورت کی مثال ٹیڑھی پسلی جیسی ہے پس اگر تم نے اسے اس کے حال پر چھوڑ دیا تو اس سے فائدہ اٹھاؤ گے اور اگر سیدھا کرنے لگے تو توڑ ڈالو گے۔ [4]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [5]

{2384} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ سِنَانٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: أَلْهِمُوهُنَّ حُبَّ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلاَمُ وَ ذَرُوهُنَّ بُلْهاً.

عبداللہ بن سنان سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: عورتوں کے دلوں میں حضرت علی علیہ السلام کی محبت

---

[1] مرآۃ العقول: ۲۰/۲۳: روضۃ المتقین: ۸/۲۹۳: موسوعہ احکام الاطفال: ۲/۸۵: فقہ الصادقؑ: ۲۲/۳۱۳

[2] الکافی: ۵/۵۱۲ ح۶: من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۴۰ ح۴۵۲۵: الوافی: ۲۲/۷۸۷: وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۷۰ ح۲۵۳۳۳: عدۃ الداعی: ۹۱: بحار الانوار: ۱۰۰/۲۵۳: مکارم الاخلاق: ۲۱۶

[3] مرآۃ العقول: ۲۰/۳۲۶: روضۃ المتقین: ۸/۳۶۸

[4] الکافی: ۵/۵۱۳ ح۱: وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۷۲ ح۲۵۳۴۳: الوافی: ۲۲/۸۰۵: ھدایۃ الامہ: ۷/۸۵: بحار الانوار: ۱۲/۱۱۶ ح۵۰

[5] مرآۃ العقول: ۲۰/۳۲۷

ڈال دو اور انہیں بے عقل چھوڑ دو۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2385} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٌ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: ذَكَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ النِّسَاءَ فَقَالَ اِعْصُوهُنَّ فِي الْمَعْرُوفِ قَبْلَ أَنْ يَأْمُرْنَكُمْ بِالْمُنْكَرِ وَتَعَوَّذُوا بِاللَّهِ مِنْ شِرَارِهِنَّ وَكُونُوا مِنْ خِيَارِهِنَّ عَلَى حَذَرٍ.

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عورتوں کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا: نیکی میں بھی ان کی باتوں کو ماننے سے ٹال مٹول کرو قبل اس کے کہ وہ تمہیں برائی کا حکم دیں اور ان میں سے بری عورتوں سے اللہ کی پناہ مانگو اور ان میں سے نیک عورتوں سے بھی چوکنے رہو۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2386} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ وَمُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ شَاذَانَ جَمِيعاً عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الْحَمِيدِ عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ صَبِيحٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ: لَيْسَ لِلنِّسَاءِ مِنْ سَرَوَاتِ الطَّرِيقِ شَيْءٌ وَلَكِنَّهَا تَمْشِي فِي جَانِبِ الْحَائِطِ وَالطَّرِيقِ.

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عورتوں کو راستوں کے درمیان میں نہیں چلنا چاہیے بلکہ عورت کو باغ یا راستے کے ایک جانب چلنا چاہیے۔ [5]

تحقیق:

حدیث موثق یا حسن ہے۔ [6]

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۴۲ح ۴۵۳۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۷۷ح ۲۵۳۵۷؛ الوافی: ۲۲/۷۹۹؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۸۸؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۵۷۰ح ۳۷۲۷۲؛

[2] روضۃ المتقین: ۸/۳۷۵

[3] الکافی: ۵/۵۱۶ح ۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۷۸ح ۲۵۳۶۱؛ الوافی: ۲۲/۸۰۲؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۸۸؛ بحار الانوار: ۱۰۰/۲۲۷

[4] مرآۃ العقول: ۲۰/۳۳۳

[5] الکافی: ۵/۵۱۸ح ۱۱؛ الوافی: ۲۲/۸۱۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۱۸۳ح ۲۵۳۷۶؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۸۹؛ عوالی اللئالی: ۳/۳۰۹

[6] مرآۃ العقول: ۲۰/۳۳۶

{2387} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي هَاشِمٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ مُكْرَمٍ عَنْ سَعْدٍ الْإِسْكَافِ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سُئِلَ عَنِ الْقَرَامِلِ الَّتِي تَصْنَعُهَا النِّسَاءُ فِي رُءُوسِهِنَّ يَصِلْنَهُ بِشُعُورِهِنَّ فَقَالَ لاَ بَأْسَ عَلَى الْمَرْأَةِ بِمَا تَزَيَّنَتْ بِهِ لِزَوْجِهَا قَالَ فَقُلْتُ بَلَغَنَا أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ لَعَنَ الْوَاصِلَةَ وَ الْمَوْصُولَةَ فَقَالَ لَيْسَ هُنَاكَ إِنَّمَا لَعَنَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ الْوَاصِلَةَ وَ الْمَوْصُولَةَ الَّتِي تَزْنِي فِي شَبَابِهَا فَلَمَّا كَبِرَتْ قَادَتِ النِّسَاءَ إِلَى الرِّجَالِ فَتِلْكَ الْوَاصِلَةُ وَ الْمَوْصُولَةُ.

❁ سعد الاسکاف سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام سے عورتوں کے موباف (جوڑا ابندھن) کے بارے میں پوچھا گیا کہ جو وہ اپنے سروں میں بناتی ہیں اور انہیں اپنے بالوں سے مخلوط کر دیتی ہیں تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: عورت اپنے شوہر کے لئے جس چیز سے بھی زینت کرے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

میں نے عرض کیا: ہم تک یہ خبر پہنچی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے واصلہ اور موصلہ پر لعنت فرمائی ہے۔

آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہاں پر وہ لعنت نہیں ہے۔ یقیناً رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے واصلہ اور موصلہ پر لعنت فرمائی ہے اور وہ ایسی عورت ہوتی ہے جو اپنی جوانی میں زنا کرے اور جب بوڑھی ہو جائے تو عورتوں کی برائی کی طرف قیادت کرے پس وہ واصلہ اور موصلہ ہے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا معتبر ہے۔[2]

{2388} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٌ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عِيسَى عَنْ سَمَاعَةَ بْنِ مِهْرَانَ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ مُصَافَحَةِ الرَّجُلِ الْمَرْأَةَ قَالَ لاَ يَحِلُّ لِلرَّجُلِ أَنْ يُصَافِحَ الْمَرْأَةَ إِلاَّ امْرَأَةً يَحْرُمُ عَلَيْهِ أَنْ يَتَزَوَّجَهَا أُخْتٌ أَوْ بِنْتٌ أَوْ عَمَّةٌ أَوْ خَالَةٌ أَوِ ابْنَةُ أُخْتٍ أَوْ نَحْوُهَا فَأَمَّا الْمَرْأَةُ الَّتِي يَحِلُّ لَهُ أَنْ يَتَزَوَّجَهَا فَلاَ يُصَافِحْهَا إِلاَّ مِنْ وَرَاءِ الثَّوْبِ وَ لاَ يَغْمِزْ كَفَّهَا.

❁ سماعہ بن مہران سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے مرد کا عورت سے مصافحہ کرنے کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: مرد کا عورت سے مصافحہ کرنا حلال نہیں ہے سوائے اس عورت کے جس سے تزویج حرام ہے

---

[1] الکافی: ۵/۱۱۹ ح ۳ و ۵۲۰ ح ۴؛ تہذیب الاحکام: ۶/۳۶۰ ح ۱۰۳۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۱۳۲ ح ۲۲۱۷۵ و ۲۰/۱۸۷ ح ۲۵۳۸۷؛ الوافی: ۱۷/۲۰۲ و ۲۲/۸۵۷؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۵۰۰ ح ۳۷۱۳۳

[2] فقہ الحدود والتعزیرات: ۲/۱۵۱؛ شرح العروۃ: ۳۲/۹۱

جیسے بہن یا بیٹی یا پھوپھی یا خالہ یا بہن کی بیٹی وغیرہ البتہ وہ عورت کہ جس سے اس کا تزویج کرنا حلال ہے تو اس سے مصافحہ نہ کرے مگر یہ کہ کپڑے کے اوپر سے (جائز ہے) اور اس کی ہتھیلی کو بھی نہ دبائے۔ (۱)

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق ہے۔ (۲)

{2389} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْخَزَّازِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: يَسْتَأْذِنُ الرَّجُلُ إِذَا دَخَلَ عَلَى أَبِيهِ وَ لاَ يَسْتَأْذِنُ الْأَبُ عَلَى الاِبْنِ قَالَ وَ يَسْتَأْذِنُ الرَّجُلُ عَلَى ابْنَتِهِ وَ أُخْتِهِ إِذَا كَانَتَا مُتَزَوِّجَتَيْنِ.

ابو ایوب خزاز سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: آدمی جب اپنے باپ کے پاس جائے تو اجازت طلب کرے مگر جب باپ بیٹے کے پاس جائے تو اجازت نہیں مانگے گا۔ نیز فرمایا: آدمی اپنی بیٹی اور بہن کے پاس جانے کی اجازت مانگے گا جبکہ وہ دونوں شادی شدہ ہوں۔ (۳)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (۴)

{2390} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ يَحْيَى الْكَاهِلِيِّ قَالَ سَأَلَ أَحْمَدُ بْنُ النُّعْمَانِ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فَقَالَ لَهُ عِنْدِي جُوَيْرِيَةٌ لَيْسَ بَيْنِي وَ بَيْنَهَا رَحِمٌ وَ لَهَا سِتُّ سِنِينَ قَالَ لاَ تَضَعْهَا فِي حَجْرِكَ.

عبداللہ بن یحییٰ کاہلی سے روایت ہے کہ احمد بن نعمان نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے سوال کیا کہ میرے پاس ایک چھوٹی سی لڑکی ہے اور میرے اور اس کے درمیان کوئی رشتہ داری بھی نہیں ہے اور وہ چھ سال کی ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس کو اپنی گود میں نہ بٹھاؤ۔ (۵)

---

(۱) الکافی: ۵/۵۲۵ ح ۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۰۸ ح ۲۵۴۴۶؛ الوافی: ۲۲/۸۴۶؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۹۳؛ الفصول المہمہ: ۲/۳۴۲؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۶۳۸ ح ۳۷۴۲۷

(۲) شرح العروۃ: ۳۲/۸۳؛ مراۃ العقول: ۲۰/۳۵۵

(۳) الکافی: ۵/۵۲۸ ح ۳؛ الوافی: ۲۲/۸۳۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۱۴ ح ۲۵۴۵۹؛ تفسیر کنز الدقائق: ۹/۳۴۷؛ تفسیر نور الثقلین: ۳/۵۸۶

(۴) حدود الشریعہ: ۲/۴۷؛ جواہر الکلام: ۲۹/۲۲؛ کتاب نکاح شبیری: ۳/۹۴۷

(۵) من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۳۶ ح ۴۵۰۶؛ الوافی: ۲۲/۸۴۷؛ الکافی: ۵/۵۳۳ ح ۱؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۹۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۲۹ ح ۲۵۴۹۹؛ مکارم الاخلاق: ۲۲۳؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۹۴

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن کالصحیح ہے۔ [1]

{2391} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَيْمُونٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ آبَائِهِ عَلَيْهِمُ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ: اَلصَّبِيُّ وَ الصَّبِيُّ وَ الصَّبِيُّ وَ الصَّبِيَّةُ وَ الصَّبِيَّةُ وَ الصَّبِيَّةُ يُفَرَّقُ بَيْنَهُمْ فِي الْمَضَاجِعِ لِعَشْرِ سِنِينَ.

❂ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بچہ اور بچہ، بچہ اور بچی اور بچہ اور بچی جب دس سال کے ہوجائیں تو ان کے بستر جدا جدا کردیئے جائیں۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن کالصحیح ہے۔ [3]

{2392} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ غِيَاثِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَنَّهُ قَالَ: لاَ تُسَلِّمْ عَلَى الْمَرْأَةِ.

❂ غیاث بن ابراہیم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: عورتوں پر سلام نہ کرو۔ [4]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق ہے۔ [5]

{2393} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَمَّارٍ السَّابَاطِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَنَّهُ سَأَلَ عَنِ النِّسَاءِ كَيْفَ يُسَلِّمْنَ إِذَا دَخَلْنَ عَلَى الْقَوْمِ قَالَ (الْمَرْأَةُ تَقُولُ عَلَيْكُمُ السَّلاَمُ وَ الرَّجُلُ يَقُولُ السَّلاَمُ عَلَيْكُمْ).

❂ عمار ساباطی سے روایت ہے کہ انہوں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ عورتیں اگر لوگوں کے کسی گروہ کے پاس جائیں تو وہ کیسے سلام کریں؟

---

[1] فقہ الصادقؑ: ۲۱/۱۲۶؛ روضۃ المتقین: ۸/۳۴۶

[2] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۳۶ ح ۵۰۹۴؛ الوافی: ۲۳/۱۳۸۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۴۶۰ ح ۲۷۵۸۱؛ مکارم الاخلاق: ۲۲۳؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۹۶؛

[3] شرح العروۃ: ۳۲/۸۹؛ موسوعہ احکام الاطفال: ۳/۴۸۹؛ حدود الشریعہ: ۱۹۰؛ روضۃ المتقین: ۸/۳۵۷

[4] الکافی: ۵/۵۳۵ ح ۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۳۴ ح ۲۵۵۱۷؛ مشکاۃ الانوار: ۲۰۳؛ الوافی: ۲۲/۸۳۵؛ و ۵/۲۰۰

[5] شرح العروۃ: ۳۲/۸۴؛ مرآۃ العقول: ۲۰/۳۷۴

آپ علیہ السلام نے فرمایا: عورت کہے گی "علیکم السلام" اور مرد کہے گا "السلام علیکم"۔[1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔[2]

{2394} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ ابْنِ مُسْكَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: ثَلاَثَةٌ لاَ يُكَلِّمُهُمُ اللَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَ لاَ يَنْظُرُ إِلَيْهِمْ وَ لاَ يُزَكِّيهِمْ وَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ الشَّيْخُ الزَّانِي وَ الدَّيُّوثُ وَ الْمَرْأَةُ تُوطِئُ فِرَاشَ زَوْجِهَا.

❁ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: تین طرح کے لوگ ہیں جن سے اللہ قیامت کے دن کلام نہیں کرے گا اور نہ ان کی طرف نظر کرے گا اور نہ انہیں حسب سے پاک کرے گا اور ان کے لئے دردناک عذاب ہوگا (وہ تین لوگ یہ ہیں) بوڑھا زنا کار، دیوث (بے غیرت) اور وہ عورت جو اپنے شوہر کے بستر پر وطی (ہمبستری) کرواتی ہے۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[4]

{2395} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ هَارُونَ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ مَسْعَدَةَ بْنِ زِيَادٍ عَنْ جَعْفَرٍ عَنْ آبَائِهِ عَلَيْهِمُ السَّلاَمُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ قَالَ: لاَ تُجَامِعُوا فِي النِّكَاحِ عَلَى الشُّبْهَةِ يَقُولُ إِذَا بَلَغَكَ أَنَّكَ قَدْ رَضَعْتَ مِنْ لَبَنِهَا وَ أَنَّهَا لَكَ مَحْرَمٌ وَ مَا أَشْبَهَ ذَلِكَ فَإِنَّ الْوُقُوفَ عِنْدَ الشُّبْهَةِ خَيْرٌ مِنَ الاِقْتِحَامِ فِي الْهَلَكَةِ.

❁ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: شبہ والے نکاح کی بنا پر مباشرت نہ کرو۔ نیز فرماتے تھے کہ جب تمہیں یہ خبر ملے کہ تو نے اس عورت کا دودھ پیا ہے اور وہ (عورت) تمہاری محرم ہے یا اس قسم کی کوئی خبر ملے (جس سے نکاح میں کوئی شبہ پیدا ہو) تو ایسے مقام پر رک جانا چاہیے کیونکہ شبہات کے وقت رک جانا ہلاکت میں پڑنے سے بہتر ہے۔[5]

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۰۷ ۴ح ۴۳ ۷ ۴؛ الوافی: ۵/ ۹۰۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۲/ ۶۶ح ۵۲۲۰ و ۲۰ /۵ ۲۳ ح۲۵۵۱۹؛ مستدرک الوسائل: ۲۹۴/۱۴ ح۱۶۷۴۶؛ بحار الانوار: ۷۳/ ۱۷؛ مشکوۃ الانوار: ۱۹۹؛ مکارم الاخلاق: ۲۳۶؛ ھدایۃ الامہ: ۵/ ۱۳۶ح ۷/ ۹۷

[2] شرح العروۃ: ۱۵/ ۳۶۱؛ تنقیح مبانی العروۃ کتاب الصلاۃ: ۳/ ۲۲۲؛ حدود الشریعہ: ۲/ ۲۵۲؛ روضۃ المتقین: ۸/ ۵۲۳

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/ ۲۱ ح ۴۹۸۳؛ الکافی: ۵/ ۵۳۷ ح ۷؛ تفسیر کنز الدقائق: ۳/ ۱۳۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۳۲۷ ح ۲۵۷۳۹؛ الوافی: ۱۵/ ۲۱۴ و ۲۲/ ۷۶۵؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/ ۳۵۶؛ دعائم الاسلام: ۲/ ۴۴۸؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/ ۲۹۱ ح ۱۶۷۴۸؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/ ۵۸۳

[4] روضۃ المتقین: ۹/ ۴۳۹

[5] تہذیب الاحکام: ۷/ ۴۷۴ ح ۹۰۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۲۵۸ ح ۲۵۵۷۳ و ۲۷/ ۱۵۹ ح ۳۳۴۷۸؛ الوافی: ۲۱/ ۳۲۰

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق ہے۔ [1]

{2396} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ النَّضْرِ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي حَمْزَةَ عَنْ شُعَيْبٍ الْحَدَّادِ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ رَجُلٌ مِنْ مَوَالِيكَ يُقْرِئُكَ السَّلاَمَ وَ قَدْ أَرَادَ أَنْ يَتَزَوَّجَ امْرَأَةً قَدْ وَافَقَتْهُ وَ أَعْجَبَهُ بَعْضُ شَأْنِهَا وَ قَدْ كَانَ لَهَا زَوْجٌ فَطَلَّقَهَا ثَلاَثاً عَلَى غَيْرِ السُّنَّةِ وَ قَدْ كَرِهَ أَنْ يُقْدِمَ عَلَى تَزْوِيجِهَا حَتَّى يَسْتَأْمِرَكَ فَتَكُونَ أَنْتَ تَأْمُرُهُ فَقَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ هُوَ الْفَرْجُ وَ أَمْرُ الْفَرْجِ شَدِيدٌ وَ مِنْهُ يَكُونُ الْوَلَدُ وَ نَحْنُ نَحْتَاطُ فَلاَ يَتَزَوَّجْهَا.

❁ شعیب الحداد سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ آپ علیہ السلام کے موالیوں میں سے ایک شخص آپ علیہ السلام کو سلام عرض کرتا ہے اور وہ ایک عورت سے عقد و ازدواج کرنا چاہتا ہے جو اس کے مزاج کے موافق ہے اور اسے پسند بھی ہے مگر وہ پہلے ایک شخص کی زوجیت میں تھی جس نے غیر مسنون طریقے پر اسے طلاق دے دی اور آپ علیہ السلام کے موالی نے آپ علیہ السلام سے مشورہ کئے بغیر اس سے شادی کرنا مناسب نہیں سمجھا پس جب آپ علیہ السلام اسے حکم دیں گے تو وہ تب کرے گا۔

آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ فرج (شرمگاہ) ہے اور شرمگاہ کا معاملہ بہت سخت ہے اور اسی سے اولاد ہوتی ہے اور ہم احتیاط کرتے ہیں لہٰذا وہ شخص اس عورت سے شادی نہ کرے۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [3]

{2397} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَاصِمِ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ يَقُولُ: مَنْ كَانَتْ عِنْدَهُ امْرَأَةٌ فَلَمْ يَكْسُهَا مَا يُوَارِي عَوْرَتَهَا وَ يُطْعِمْهَا مَا يُقِيمُ صُلْبَهَا كَانَ حَقّاً عَلَى الْإِمَامِ أَنْ يُفَرِّقَ بَيْنَهُمَا.

---

[1] حدود الشریعہ: ۸۲۱/۲؛ المعجم الشامل: ۲۶۲/۱؛ مقامع الفضل: ۲۶۵؛ ملاذ الاخیار: ۳۸۵/۱۲؛ منتھی الدرایہ: ۳۲۶/۵؛ عمدۃ الاصول: ۵۶۰/۵؛ المحکم فی اصول الفقہ: ۶۹/۳؛ ھدایۃ الاصول: ۳۲۵/۳؛ دروس فی الرسائل؛ غلام معلی ۳۳۲/۲؛ التنقیح: ۱۱۷/۳

[2] الکافی: ۴۲۳/۵ ح۲؛ تہذیب الاحکام: ۴۷۰/۷ ح۸۸۵؛ الاستبصار: ۲۹۳/۳ ح۱۰۳۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۵۸/۲۰ ح۲۵۵۷۲؛ الوافی: ۲۶۸/۲۱

[3] مرآۃ العقول: ۱۸۰/۲۰؛ حدود الشریعہ: ۴۳۶/۲؛ المسائل المستحدثہ: ۲۰؛ ریاض المسائل: ۲۳۲/۱۲؛ ملاذ الاخیار: ۴۷۷/۱۲؛ فقہ الصادق: ۲۳۵/۲۲؛ الموسوعۃ الفقہیہ: ۲۸۱/۱۰

۞ ابوبصیر سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس شخص کے پاس بیوی ہو اور وہ اسے نہ تن ڈھانپنے کے لئے کپڑا دے اور نہ اس قدر روٹی دے کہ وہ اپنی کمر کو سیدھا رکھ سکے تو امام علیہ السلام پر لازم ہوگا کہ ان کے درمیان جدائی کردے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2398} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ هَاشِمٍ عَنْ نُوحِ بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ شِهَابِ بْنِ عَبْدِ رَبِّهِ قَالَ: قُلْتُ لَهُ مَا حَقُّ الْمَرْأَةِ عَلَى زَوْجِهَا قَالَ يَسُدُّ جَوْعَتَهَا وَ يَسْتُرُ عَوْرَتَهَا وَ لاَ يُقَبِّحُ لَهَا وَجْهاً فَإِذَا فَعَلَ ذَلِكَ فَقَدْ وَ اَللَّهِ أَدَّى إِلَيْهَا حَقَّهَا قُلْتُ فَالدُّهْنُ قَالَ غِبّاً يَوْماً وَ يَوْماً لاَ قَالَ قُلْتُ فَاللَّحْمُ قَالَ فِي كُلِّ ثَلاَثَةِ أَيَّامٍ مَرَّةً فِي الشَّهْرِ عَشْرَ مَرَّاتٍ لاَ أَكْثَرَ مِنْ ذَلِكَ (قُلْتُ فَالصِّبْغُ قَالَ فِي كُلِّ سِتَّةِ أَشْهُرٍ وَ يَكْسُوهَا فِي كُلِّ سَنَةٍ أَرْبَعَةَ أَثْوَابٍ ثَوْبَيْنِ لِلشِّتَاءِ وَ ثَوْبَيْنِ لِلصَّيْفِ وَ لاَ يَنْبَغِي أَنْ تُقْفِرَ بَيْتَكَ مِنْ ثَلاَثَةِ أَشْيَاءَ اَلْخَلِّ وَ اَلزَّيْتِ وَ دُهْنِ اَلرَّأْسِ وَ قُوتِهِنَّ بِالْمُدِّ فَإِنِّي أَقُوتُ عِيَالِي بِالْمُدِّ وَ لْيُقَدِّرْ كُلَّ إِنْسَانٍ مِنْهُمْ قُوتَهُ فَإِنْ شَاءَ أَكَلَهُ وَ إِنْ شَاءَ وَهَبَهُ وَ إِنْ شَاءَ تَصَدَّقَ بِهِ وَ لاَ يَكُونُ فَاكِهَةٌ عَامَّةٌ إِلاَّ أَطْعَمَ عِيَالَهُ مِنْهَا وَ لاَ يَدَعُ أَنْ يَكُونَ لِلْعِيدَيْنِ مِنْ عِيدِهِمْ فَضْلاً مِنَ الطَّعَامِ أَنْ يُنِيلَهُمْ مِنْ ذَلِكَ شَيْئاً لاَ يُنِيلُهُمْ فِي سَائِرِ اَلْأَيَّامِ.

۞ شہاب بن عبدربہ سے روایت ہے کہ میں نے ان (یعنی امام صادق علیہ السلام) سے عرض کیا کہ عورت کا اپنے شوہر پر کیا حق ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس کی بھوک کا سدباب کرے، اس کے بدن کو ڈھانپے اور اس کا چہرا نہ بگاڑے پس جب اس نے ایسا کرلیا تو خدا کی قسم! اس نے اس کا حق ادا کردیا۔

میں نے عرض کیا: اور تیل (کے بارے میں کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ایک دن دے اور دوسرے دن نہ دے۔

---

[1] من لایحضرہ الفقیہ: ۳/۴۴۱ ح ۴۵۲۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۵۰۹ ح ۲۷۷۱۵؛ مکارم الاخلاق: ۱/۲۱۷؛ الوافی: ۲۲/۸۹۷؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۳۴۶؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/۸۹۳ ح ۳۹۸۸۹

[2] تفصیل الشریعہ: ۲۳/۳۱۵؛ دراسات فی ولایۃ الفقیہ: ۴/۱۳۴؛ حدود الشریعہ: ۱/۲۷؛ الانوار اللوامع: ۱۰/۲۳؛ فقہ امام جعفر الصادق: ۶/۵۱؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۴/۸۲؛ اسارواۃ الفقیہ: ۲۰/۲۷۷؛ الموسوعہ الفقہیہ: ۵/۳۳۸؛ مصباح المنہاج کتاب الطہارۃ: ۳/۵۹۳؛ تکملۃ العروۃ: ۲/۷۵؛ نظام النکاح: ۲/۳۴۱؛ جواہر الکلام: ۳۰/۱۰۵

میں نے عرض کیا: اور گوشت؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہر تیسرے دن دے تو اس طرح ایک ماہ میں دس دن دے گا اور اس سے زیادہ نہ دے۔

میں نے عرض کیا: اور رنگ (منہاری وغیرہ)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہر چھ ماہ میں ایک بار دے اور سال میں چار بار اسے کپڑے لے کر دے دو جوڑے سردیوں کے لئے اور دو گرمیوں کے لئے اور خاوند کو چاہیے کہ تین چیزوں سے گھر کو خالی نہ رکھے، سرکہ، گھی اور سر پر ملنے کے لئے تیل اور اسے مد (خاص پیمانہ) سے ناپ کر غذا دے چنانچہ میں بھی خود کو اور اپنے عیال کو ناپ کر دیتا ہوں اور ہر انسان کو اپنی غذا پر قادر ہونا چاہیے اگر چاہے تو اسے کھالے اور اگر چاہے تو اسے بخش دے اور اگر چاہے تو اسے صدقہ کرے اور جو سالانہ پھل ہوں ان میں سے اپنے عیال کو کھلائے اور عید پر ان کو زیادہ کھانا دینا ترک نہ کرے اور ان کے لئے ان کھانوں کا بندوبست کرے کہ جن کا باقی ایام میں بندوبست نہیں کرتا۔ ①

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ ②

{2399} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لَيْسَ لِلْمَرْأَةِ أَمْرٌ مَعَ زَوْجِهَا فِي عِتْقٍ وَلاَ صَدَقَةٍ وَلاَ تَدْبِيرٍ وَلاَ هِبَةٍ وَلاَ نَذْرٍ فِي مَالِهَا إِلاَّ بِإِذْنِ زَوْجِهَا إِلاَّ فِي زَكَاةٍ أَوْ بِرٍّ وَالِدَيْهَا أَوْ صِلَةِ قَرَابَتِهَا.

❂ عبداللہ بن سنان سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: شوہر دار عورت کو اس کے اپنے مال میں بھی غلام کو آزاد کرنے، صدقہ دینے، غلام کو تدبیر دینے، ہبہ کرنے اور منت ماننے کی اجازت نہیں ہے جب تک کہ اس کا شوہر اجازت نہ دے ماسوائے زکوۃ دینے یا اس کے والدین سے نیکی کرنے یا اپنے رشتہ داروں سے صلہ رحمی کرنے کے۔ ③

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ④

{2400} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّوْفَلِيِّ عَنِ السَّكُونِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ: أَيُّمَا امْرَأَةٍ خَرَجَتْ مِنْ بَيْتِهَا بِغَيْرِ إِذْنِ زَوْجِهَا فَلاَ

---

① تہذیب الاحکام: ۷/۴۵۷ ح ۱۸۳۰؛ الکافی: ۵/۵۱۱ ح ۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۵۱۳ ح ۲۷۷۷۲؛ الوافی: ۲۲/۸۴۷؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۳۴۴

② جواہر الکلام: ۳۱/۳۴۰؛ تفصیل الشریعہ: ۲۲/۵۹۲؛ ملاذ الاخیار: ۲۲/۴۵۱

③ الکافی: ۵/۵۱۴ ح ۴؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۷۷ ح ۴۶۷۰؛ تہذیب الاحکام: ۷/۴۶۲ ح ۱۸۵۱؛ الوافی: ۱۰/۷۵۳ و ۲۲/۸۰۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۵۱۶ ح ۲۷۷۸۰ و ۲۳/۳۱۵ ح ۲۹۶۳۷؛ مکارم الاخلاق: ۲۱۴

④ مرآۃ العقول: ۲۰/۳۲۹؛ روضۃ المتقین: ۶/۵۰۸؛ الانوار اللوامع: ۱۰/۵؛ فقہ الصادقؑ: ۹/۲۸۰؛ حدود الشریعہ: ۲/۸۱۶؛ سند العروۃ کتاب الحج: ۱/۳۳۱؛ براہین الحج: ۲/۲۹؛ تعالیق مبسوطہ: ۸/۲۶۵؛ شرح العروۃ: ۲۶/۳۰۳؛ تنقیح مبانی الحج: ۱۸۰؛ معتمد العروۃ: ۵/۷۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/۵۱۳

نَفَقَةَ لَهَا حَتَّى تَرْجِعَ.

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو کوئی عورت اپنے شوہر کی اجازت کے بغیر اپنے گھر سے باہر نکلے تو اس کا کوئی نان ونفقہ نہیں ہے یہاں تک کہ واپس لوٹے۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق یا قوی ہے۔ [2]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث ضعیف علی المشہور ہے۔ [3]

{2401} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عِيسَى عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْمُغِيرَةِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي الرَّجُلِ يُطَلِّقُ امْرَأَتَهُ وَ هِيَ حُبْلَى قَالَ أَجَلُهَا أَنْ تَضَعَ حَمْلَهَا وَ عَلَيْهِ نَفَقَتُهَا حَتَّى تَضَعَ حَمْلَهَا.

عبداللہ بن سنان سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے اس شخص کے بارے میں فرمایا جو اپنی بیوی کو طلاق دیتا ہے جبکہ وہ حاملہ ہوتی ہے تو اس کی عدت اس کا وضع حمل ہے اور اس شوہر پر اس کا نان نفقہ واجب ہے جب تک کہ اس کا وضع حمل نہیں ہو جاتا۔ [4]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [5]

{2402} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: قُلْتُ لَهُ مَنِ الَّذِي أُجْبَرُ عَلَى نَفَقَتِهِ قَالَ الْوَالِدَانِ وَ الْوَلَدُ وَ الزَّوْجَةُ وَ الْوَارِثُ الصَّغِيرُ يَعْنِي الْأَخَ وَ ابْنَ الْأَخِ وَ غَيْرَهُ.

حلبی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ کون کون شخص ہے جس کے لئے مجھے (شرعاً) مجبور کیا جا سکتا ہے؟

---

[1] الکافی: ۵/۵۱۴ ح۵؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۳۹ ح۴۵۲۰؛ تہذیب الاحکام: ۷/۴۵۳ ح۱۸۱۳؛ الوافی: ۲۲/۷۷۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۵۱۷ ح۲۷۷۴۲؛ مکارم الاخلاق: ۲۱۵؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۳۴۷

[2] مسائل معاصرہ فی فقہ القضا: ۲۱۹؛ فقہ الصادقؑ: ۲۲/۳۲۲

[3] مرآۃ العقول: ۲۰/۳۲۹

[4] الکافی: ۶/۱۰۳ ح۳؛ تہذیب الاحکام: ۸/۱۳۴ ح۴۶۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۵۱۸ ح۲۷۷۴۴؛ الوافی: ۲۳/۱۲۳۱؛ تفسیر کنز الدقائق: ۱۳/۳۱۵؛ تفسیر نور الثقلین: ۵/۳۶۲؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۳۴۸

[5] مرآۃ العقول: ۲۱/۱۶۷؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/۲۶۵؛ الانوار اللوامع: ۱۰/۸۷؛ فقہ الصادقؑ: ۲۲/۳۳۲؛ مسالک الافہام: ۹/۳۲۱

آپ علیہ السلام نے فرمایا: والدین، اولاد اور بیوی اور روارثِ صغیر یعنی بھائی اور بھائی کی اولاد وغیرہ۔ (1)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (2)

{2403} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ كَانَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ صَلَوَاتُ اللَّهِ عَلَيْهِ يَقُولُ: ابْنَ آدَمَ إِنْ كُنْتَ تُرِيدُ مِنَ الدُّنْيَا مَا يَكْفِيكَ فَإِنَّ أَيْسَرَ مَا فِيهَا يَكْفِيكَ وَ إِنْ كُنْتَ إِنَّمَا تُرِيدُ مَا لاَ يَكْفِيكَ فَإِنَّ كُلَّ مَا فِيهَا لاَ يَكْفِيكَ.

ہشام بن سالم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: امیر المومنین علیہ السلام فرمایا کرتے تھے کہ اے ابن آدم! اگر تو دنیا سے اس قدر چاہتا ہے جو تیرے لئے کافی ہو تو پھر یقیناً تھوڑا بھی تجھے کافی ہو جائے گا اور اگر تو وہ چاہے گا جو تیرے لئے کافی نہ ہو (بلکہ زیادہ ہو) تو پھر پوری دنیا بھی کافی نہیں ہوگی۔ (3)

تحقیق:

حدیث حسن کالصحیح ہے۔ (4)

{2404} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ إِسْحَاقَ عَنْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْأَزْدِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ: قَالَ اللَّهُ عَزَّ وَ جَلَّ إِنَّ مِنْ أَغْبَطِ أَوْلِيَائِي عِنْدِي عَبْداً مُؤْمِناً ذَا حَظٍّ مِنْ صَلاَحٍ أَحْسَنَ عِبَادَةَ رَبِّهِ وَ عَبَدَ اللَّهَ فِي السَّرِيرَةِ وَ كَانَ غَامِضاً فِي النَّاسِ فَلَمْ يُشَرْ إِلَيْهِ بِالْأَصَابِعِ وَ كَانَ رِزْقُهُ كَفَافاً فَصَبَرَ عَلَيْهِ فَعُجِّلَتْ بِهِ الْمَنِيَّةُ فَقَلَّ تُرَاثُهُ وَ قَلَّتْ بَوَاكِيهِ.

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خداوند عالم فرماتا ہے کہ میرے دوستوں میں سے سب سے زیادہ قابل رشک وہ بندہ مومن ہے جس کا نیکی میں وافر حصہ ہو، احسن طریقے سے اپنے رب کی عبادت کرے اور اللہ کی عبادت بھی پوشیدہ طور پر کرے، وہ لوگوں میں گمنام ہو کہ اس کی طرف انگلیاں نہ اٹھتی ہوں اور اس کا رزق بقدر ضرورت ہو اور وہ اس پر صبر کرے اور جلدی موت آجائے تو اس کی وراثت بھی قلیل اور اس پر رونے والیاں بھی قلیل ہوں۔ (5)

---

(1) من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۱۰۵ ح ۳۴۴۳؛ الوافی: ۱۰/۳۴۳

(2) روضۃ المتقین: ۶/۵۱؛ موسوعہ احکام الاطفال: ۱: ۴۰۱؛ فقہ الصادقؑ: ۳۳/۳۷۴

(3) الکافی: ۲/۱۳۸ ح ۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۵۳۱ ح ۲۷۷۵۵؛ الوافی: ۴/۴۰۶؛ بحار الانوار: ۷۰/۱۷۹

(4) مرآۃ العقول: ۸/۳۲۵

(5) الکافی: ۲/۱۴۱ ح ۲؛ وسائل الشیعہ: ۱/۷۷ ح ۱۷۳ و ۲۱/۵۳۲ ح ۲۷۷۸۱؛ قرب الاسناد: ۴۰؛ مجموعہ ورام: ۲/۱۹۵؛ الوافی: ۴/۴۱۱؛ بحار الانوار: ۶۹/۲۷۴ و ۶۹/۱۰۹ و ۶۹/۹۲

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [1]

{2405} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: مَا نَعْلَمُ شَيْئاً يَزِيدُ فِي الْعُمُرِ إِلاَّ صِلَةَ الرَّحِمِ حَتَّى إِنَّ الرَّجُلَ يَكُونُ أَجَلُهُ ثَلاَثَ سِنِينَ فَيَكُونُ وَصُولاً لِلرَّحِمِ فَيَزِيدُ اللَّهُ فِي عُمُرِهِ ثَلاَثِينَ سَنَةً فَيَجْعَلُهَا ثَلاَثاً وَ ثَلاَثِينَ سَنَةً وَ يَكُونُ أَجَلُهُ ثَلاَثاً وَ ثَلاَثِينَ سَنَةً فَيَكُونُ قَاطِعاً لِلرَّحِمِ فَيَنْقُصُهُ اللَّهُ ثَلاَثِينَ سَنَةً وَ يَجْعَلُ أَجَلَهُ إِلَى ثَلاَثِ سِنِينَ.

❁ اسحاق بن عمار سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ہم صلہ رحمی کے سوا کوئی ایسی چیز نہیں جانتے جو عمر کو بڑھاتی ہو حتیٰ کہ ایک آدمی کی عمر صرف تین برس باقی رہ جاتی ہے مگر وہ صلہ رحمی کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی عمر میں تیس سال کا اضافہ کر کے اس تینتیس کر دیتا ہے اور کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ ایک شخص کی بقایا عمر تینتیس سال ہوتی ہے مگر وہ قطع رحمی کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس میں سے تیس سال کم کر کے صرف تین کر دیتا ہے۔ [2]

تحقیق:

حدیث حسن یا موثق ہے۔ [3]

{2406} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ عَلِيِّ بْنِ النُّعْمَانِ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ قَالَ بَلَغَنِي عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: أَنَّ رَجُلاً أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَهْلُ بَيْتِي أَبَوْا إِلاَّ تَوَثُّباً عَلَيَّ وَ قَطِيعَةً لِي وَ شَتِيمَةً فَأَرْفُضُهُمْ قَالَ إِذاً يَرْفُضَكُمُ اللَّهُ جَمِيعاً قَالَ فَكَيْفَ أَصْنَعُ قَالَ تَصِلُ مَنْ قَطَعَكَ وَ تُعْطِي مَنْ حَرَمَكَ وَ تَعْفُو عَمَّنْ ظَلَمَكَ فَإِنَّكَ إِذَا فَعَلْتَ ذَلِكَ كَانَ لَكَ مِنَ اللَّهِ عَلَيْهِمْ ظَهِيرٌ.

❁ اسحاق بن عمار سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے مجھ تک یہ بات پہنچی ہے کہ ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میرے خاندان والوں نے مجھ پر زیادتی کرے اور

---

[1] مرآۃ العقول: ۸/۳۳۲

[2] الکافی: ۲/۱۵۲ ح ۱۷؛ الزھد الاھوازی: ۴۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۵۳۶ ح ۲۷۷۰۴؛ الوافی: ۵/۵۰۹؛ تفسیر البرہان: ۴/۵۴۲؛ تفسیر نور الثقلین: ۴/۵۳۳؛ بحار الانوار: ۷۱/۱۰۳ و ۱۲۱؛ مستدرک الوسائل: ۱۵/۲۳۴ ح ۱۸۰۹۹؛ الاصول الستۃ عشر: ۲۹۷

[3] مرآۃ العقول: ۸/۳۷۳

مجھ سے قطع رحمی کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے تو کیا میں بھی ان سے قطع تعلقی کرلوں؟

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پھر تو خدا تم سب کو چھوڑ دے گا۔

اس نے عرض کیا: تو پھر میں کیا کروں؟

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو تجھ سے قطع رحمی کرے تو اس سے صلہ رحمی کر، جو تمہیں محروم کرے تو اسے عطا کر اور جو تجھ پر ظلم کرے تو اسے معاف کردے۔ پاس جب تو ایسا کرے گا تو ان کے برخلاف اللہ تیری مدد کرے گا۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [2]

{2407} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سِنَانٍ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ إِنَّ لِيَ ابْنَ عَمٍّ أَصِلُهُ فَيَقْطَعُنِي وَ أَصِلُهُ فَيَقْطَعُنِي حَتَّى لَقَدْ هَمَمْتُ لِقَطِيعَتِهِ إِيَّايَ أَنْ أَقْطَعَهُ أَ تَأْذَنُ لِي قَطْعَهُ قَالَ إِنَّكَ إِذَا وَصَلْتَهُ وَ قَطَعَكَ وَصَلَكُمَا اللَّهُ عَزَّ وَ جَلَّ جَمِيعاً وَ إِنْ قَطَعْتَهُ وَ قَطَعَكَ قَطَعَكُمَا اللَّهُ.

❁ عبداللہ بن سنان سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا کہ میرا ایک چچا زاد بھائی ہے جو برابر مجھ سے قطع تعلقی کرتا ہے حتیٰ کہ اب میں نے بھی اس سے قطع تعلقی کا ارادہ کرلیا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر اس کی قطع تعلقی کے باوجود تم نے اس سے تعلق قائم رکھا تو اللہ تم دونوں سے تعلق قائم رکھے گا اور اگر تو نے بھی اس سے تعلق توڑلیا تو پھر اللہ بھی تم دونوں سے تعلق توڑے گا۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2408} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَقُولُ: إِنَّ صِلَةَ الرَّحِمِ وَ الْبِرَّ لَيُهَوِّنَانِ الْحِسَابَ وَ يَعْصِمَانِ مِنَ الذُّنُوبِ فَصِلُوا أَرْحَامَكُمْ وَ بَرُّوا بِإِخْوَانِكُمْ وَ لَوْ بِحُسْنِ السَّلَامِ وَ رَدِّ الْجَوَابِ.

❁ اسحاق بن عمار سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا کہ صلہ رحمی کرنا اور نیکی کرنا حساب

---

[1] الکافی: ۲/۱۵۰ ح ۲؛ الوافی: ۵/۵۰۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۸ ۵۳ ح ۲۷۸۰۰؛ الاصول الستۃ عشر: ۲۴۴؛ مستدرک الوسائل: ۱۵/۲۵۲ ح ۱۸۱۴۵؛ بحارالانوار: ۷۱/۱۱۳

[2] مرآۃ العقول: ۸/۳۶۰

[3] الکافی: ۲/۱۵۵ ح ۲۴؛ مجموعہ ورام: ۲/۱۹۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۸ ۵۳ ح ۲۷۸۰۱؛ بحارالانوار: ۷۱/۱۲۸؛ الوافی: ۵/۵۱۴

[4] مرآۃ العقول: ۸/۳۸۴

کتاب کو آسان کرتے ہیں اور گناہوں سے بچاتے ہیں پس تم اپنے رشتہ داروں سے صلہ رحمی کیا کرو اور اپنے بھائیوں سے نیکی کیا کرو چاہے اچھے طریقے سے سلام کرے اور سلام کا جواب دے کر ہی کرو۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [2]

{2409} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ يَقُولُ: إِنَّ صِلَةَ الرَّحِمِ وَ الْبِرَّ لَيُهَوِّنَانِ الْحِسَابَ وَ يَعْصِمَانِ مِنَ الذُّنُوبِ فَصِلُوا أَرْحَامَكُمْ وَ بَرُّوا بِإِخْوَانِكُمْ وَ لَوْ بِحُسْنِ السَّلاَمِ وَ رَدِّ الْجَوَابِ.

❁ معمر بن خلاد سے روایت ہے کہ امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا: آدمی کو چاہیے کہ اپنے اہل وعیال کے (نان ونفقہ وغیرہ کے) پیمانے کو وسیع کرے تا کہ وہ اس کی موت کی تمنا نہ کریں۔ پھر امام علیہ السلام نے یہ آیت تلاوت فرمائی: ''اور وہ اس کی محبت پر مسکین، یتیم، اور اسیر کو کھانا کھلاتے ہیں (الدھر:۸)''

پھر فرمایا: آدمی کے اہل وعیال اس کے اسیر ہوتے ہیں پس آدمی کو چاہیے کہ جب اس کی نعمت میں اضافہ ہو تو وہ اپنے قیدیوں پر اسی گھڑی وسعت کردے۔

پھر فرمایا: اللہ نے فلاں شخص پر اپنی نعمت کا انعام کیا اور اس نے اسے اپنے اسیروں سے روک کر فلاں شخص کے لئے قرار دے دیا تو اللہ نے اس سے اسے دور کر دیا۔

معمر کا بیان ہے کہ وہ فلاں شخص اس وقت وہاں موجود تھا۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2410} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ وَ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ جَمِيعاً عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ عَطِيَّةَ عَنْ أَبِي حَمْزَةَ الثُّمَالِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ قَالَ: أَرْضَاكُمْ عِنْدَ اللَّهِ أَسْبَغُكُمْ عَلَى عِيَالِهِ.

---

[1] الکافی: ۲/۱۵۷ ح ۳۱؛ الوافی: ۵/۵۰۷؛ بحار الانوار: ۷۱/۱۳۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۵۳۹ ح ۲۷۸۰۳؛ عوالم العلوم: ۲۰/۲۷۲؛ ہدایۃ الامہ: ۷/۳۵۵؛ تحف العقول: ۳۷۶

[2] مرآۃ العقول: ۸/۳۸۷

[3] الکافی: ۴/۱۱ ح ۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۵۴۰ ح ۲۷۸۰۵؛ الوافی: ۱۰/۳۳۶؛ تفسیر کنز الدقائق: ۱۴/۵۸؛ تفسیر البرہان: ۵/۵۵۴؛ تفسیر نور الثقلین: ۵/۴۷۸؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/۹۶۴ ح ۳۹۹۴۵

[4] مرآۃ العقول: ۱۶/۱۳۶

ابوحمزہ ثمالی سے روایت ہے کہ امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا: اللہ کے نزدیک تم میں سے سب سے زیادہ پسندیدہ شخص وہ ہے جو اپنے اہل وعیال پر سب سے زیادہ وسعت دیتا ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2411} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ سَيْفِ بْنِ عَمِيرَةَ عَنْ أَبِي حَمْزَةَ قَالَ قَالَ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ: لَأَنْ أَدْخُلَ السُّوقَ وَ مَعِي دَرَاهِمُ أَبْتَاعُ بِهِ لِعِيَالِي لَحْماً وَ قَدْ قَرِمُوا أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ أُعْتِقَ نَسَمَةً.

ابوحمزہ سے روایت ہے کہ امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا: اگر میں بازار میں داخل ہوں اور میرے پاس چند درہم ہوں تو میں اس سے اپنے اہل وعیال کے لئے گوشت خریدوں جبکہ ان کو اس کی خواہش ہو تو یہ کام مجھے ایک کنیز آزاد کرنے سے زیادہ محبوب ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔ [4]

{2412} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ وَ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ جَمِيلِ بْنِ صَالِحٍ عَنْ بُرَيْدِ بْنِ مُعَاوِيَةَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ صَلَوَاتُ اللَّهِ عَلَيْهِمَا: لِيُنْفِقِ الرَّجُلُ بِالْقَصْدِ وَ بُلْغَةِ الْكَفَافِ وَ يُقَدِّمْ مِنْهُ فَضْلاً لِآخِرَتِهِ فَإِنَّ ذَلِكَ أَبْقَى لِلنِّعْمَةِ وَ أَقْرَبُ إِلَى الْمَزِيدِ مِنَ اللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ وَ أَنْفَعُ فِي الْعَافِيَةِ.

امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے کہ امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا: آدمی کو میانہ روی اختیار کرنی چاہیے اور بقدر ضرورت خرچ کرنا چاہیے اور جو بچ جائے اسے اپنی آخرت کے لئے آگے بھیج دے پس ایسا کرنا نعمت کے لئے بقاء ہے۔ اللہ سے مزید قربت کا باعث ہے اور عاقبت کے لئے سودمند ہے۔ [5]

---

[1] الکافی: ۴/۱۱ ح ۱؛ الوافی: ۱۰/۵۴۳؛ مجموعہ ورام: ۲/۴۶؛ بحارالانوار: ۱۰۱/۷۳؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۰۸ ح ۵۸۸۴؛ تحف العقول: ۲۰۷؛ مستدرک الوسائل: ۱۵/۲۵۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۵۴۰

[2] مرآۃ العقول: ۱۶/۱۳۶؛ روضۃ المتقین: ۱۳/۱۹۳

[3] الکافی: ۴/۱۲ ح ۱۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۵۴۳ ح ۲۷۸۱۷؛ الوافی: ۱۰۹/۸ ۴۳؛ بحارالانوار: ۴۶/۶۲؛ عوالم العلوم: ۱۸/۱۳۹

[4] مرآۃ العقول: ۱۶/۱۳۸

[5] الکافی: ۴/۵۲ ح ۱؛ الوافی: ۱۰/۴۹۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۵۵۰ ح ۲۷۸۳۱؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۳۵۸

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [1]

{2413} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ الْمُثَنَّى عَنْ سَدِيرٍ الصَّيْرَفِيِّ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ يَقُولُ: إِنَّ مِنْ سَعَادَةِ الرَّجُلِ أَنْ يَكُونَ لَهُ الْوَلَدُ يَعْرِفُ فِيهِ شِبْهَ خَلْقِهِ وَ خُلُقِهِ وَ شَمَائِلِهِ وَ إِنِّي لَأَعْرِفُ مِنِ ابْنِي هَذَا شِبْهَ خَلْقِي وَ خُلُقِي وَ شَمَائِلِي يَعْنِي أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ.

سدیر سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے سنا کہ آدمی کی خوش بختی ہے کہ اس کا ایسا بیٹا ہو کہ جس سے اس کی خلقت اور اس کے اخلاق اور شمائل کی مشابہت پہچانی جائے اور یقیناً میرے اس بیٹے میں میری خلقت، میرے خلق اور میرے شمائل کی پہچان ہے یعنی ابوعبداللہ علیہ السلام میں۔ [2]

تحقیق:

حدیث حسن علی الظاہر یا حسن کالصحیح ہے۔ [3]

{2414} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْخَطَّابِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ يَقْطِينٍ عَنْ يُونُسَ بْنِ يَعْقُوبَ عَنْ رَجُلٍ عَنْ أَبِي الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ سَمِعْتُهُ يَقُولُ: سَعِدَ امْرُؤٌ لَمْ يَمُتْ حَتَّى يَرَى خَلَفاً مِنْ نَفْسِهِ.

یونس بن یعقوب ایک شخص سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا: خوش بخت ہے وہ مرد جو نہ مرے یہاں تک کہ اپنے پیچھے اپنا جانشین نہ دیکھ لے۔ [4]

تحقیق:

حدیث قوی کالصحیح ہے۔ [5]

{2415} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَمَّنْ ذَكَرَهُ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ

---

[1] مرآۃ العقول: ۲۱/۱۸۳

[2] الکافی: ۱/۳۰۶ ح ۳؛ اثبات الھداۃ: ۴/۲۸۸؛ الوافی: ۲/۳۴۷؛ بہجۃ النظر: ۵۷

[3] مرآۃ العقول: ۳/۳۲۶؛ روضۃ المتقین: ۸/۵۹۰

[4] الکافی: ۶/۴ ح ۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۳۵۷ ح ۲۷۲۸۸؛ الوافی: ۲۳/۱۲۹۰؛ اثبات الھداۃ: ۴/۳۰۰؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۹۵؛ عوالم العلوم: ۲۲/۵۵؛ مستدرک الوسائل: ۱۵/۱۱۲ ح ۱۷۶۸۵

[5] روضۃ المتقین: ۸/۵۹۰

عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: إِنَّ اَللَّهَ لَيَرْحَمُ اَلْعَبْدَ لِشِدَّةِ حُبِّهِ لِوَلَدِهِ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: بندے کی اپنی اولاد سے سخت محبت کی وجہ سے اللہ اس پر ضرور رحم فرماتا ہے۔[1]

تحقیق:

حدیث حسن کالصحیح یا حسن ہے۔[2]

{2416} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ اِبْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ اَلْحَكَمِ عَنْ عُمَرَ بْنِ يَزِيدَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اَللَّهِ صَلَّى اَللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ: مَنْ عَالَ ثَلاَثَ بَنَاتٍ أَوْ ثَلاَثَ أَخَوَاتٍ وَجَبَتْ لَهُ اَلْجَنَّةُ فَقِيلَ يَا رَسُولَ اَللَّهِ صَلَّى اَللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ وَ اِثْنَتَيْنِ فَقَالَ وَ اِثْنَتَيْنِ فَقِيلَ يَا رَسُولَ اَللَّهِ وَ وَاحِدَةً فَقَالَ وَ وَاحِدَةً.

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص تین بیٹیوں یا تین بہنوں کی پرورش کرے تو اس کے لئے جنت واجب ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! اور جو دو کی کرے؟

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو دو کی کرے اس پر بھی جنت واجب ہے۔

پھر عرض کیا گیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! اور جو ایک کی کرے؟

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو ایک کی کرے اس پر بھی واجب ہے۔[3]

تحقیق:

حدیث حسن یا حسن کالصحیح ہے۔[4]

{2417} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَلْحَكَمِ عَنْ سَيْفِ بْنِ عَمِيرَةَ عَنْ أَبِي بَكْرٍ اَلْحَضْرَمِيِّ عَنِ اَلْحَارِثِ اَلنَّصْرِيِّ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ إِنِّي مِنْ أَهْلِ بَيْتٍ قَدِ اِنْقَرَضُوا وَ لَيْسَ لِي وَلَدٌ قَالَ اُدْعُ وَ أَنْتَ سَاجِدٌ رَبِّ هَبْ لِي مِنْ لَدُنْكَ وَلِيًّا يَرِثُنِي رَبِّ هَبْ لِي مِنْ لَدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً إِنَّكَ سَمِيعُ اَلدُّعَاءِ رَبِّ لاَ تَذَرْنِي فَرْداً وَ أَنْتَ خَيْرُ اَلْوَارِثِينَ قَالَ فَفَعَلْتُ فَوُلِدَ لِي عَلِيٌّ وَ

[1] الکافی: ۶/۵۰ ح ۵؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۸۲ ح ۴۶۹۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۴۸۳ ح ۲۷۶۵۱؛ الوافی: ۲۳/۱۳۸۸؛ عوالم العلوم: ۲۰/۴۳۸؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۹۱؛ عدۃ الداعی: ۸۸؛ ثواب الاعمال: ۲۰۱؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۳۰۴؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/۸۶۰

[2] روضۃ المتقین: ۸/۵۹۲؛ مرآۃ العقول: ۲۱/۸۷

[3] الکافی: ۶/۶ ح ۱۰؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۸۲ ح ۴۶۹۸؛ مکارم الاخلاق: ۲۱۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۳۶۱ ح ۲۷۳۰۵؛ عوالی اللئالی: ۳/۲۹۴؛ عدۃ الداعی: ۹۰؛ الوافی: ۲۳/۱۳۰۲؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۹۲؛ الفصول المہمہ: ۲/۳۶۲

[4] مرآۃ العقول: ۲۱/۱۴؛ روضۃ المتقین: ۸/۵۹۴

اَلْحُسَیْنُ.

۞ حارث نصری سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ میں ایک ایسے خانوادہ سے ہوں جو ختم ہو چکا ہے اور میری بھی کوئی اولاد نہیں ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: سجدے کی حالت میں یہ دعا پڑھا کرو "رَبِّ هَبْ لِي مِنْ لَدُنْكَ وَلِيًّا يَرِثُنِي رَبِّ هَبْ لِي مِنْ لَدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَاءِ رَبِّ لَا تَذَرْنِي فَرْداً وَ أَنْتَ خَيْرُ الْوَارِثِينَ" راوی کا بیان ہے کہ میں نے ایسا کیا تو میرے (دو بیٹے) علی اور حسین پیدا ہوئے۔ ①

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔ ②

{2418} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ هِشَامِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ أَنَّهُ شَكَا إِلَى أَبِي الْحَسَنِ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلَامُ سُقْمَهُ وَ أَنَّهُ لَا يُولَدُ لَهُ: فَأَمَرَهُ أَنْ يَرْفَعَ صَوْتَهُ بِالْأَذَانِ فِي مَنْزِلِهِ قَالَ فَفَعَلْتُ ذَلِكَ فَأَذْهَبَ اللَّهُ عَنِّي سُقْمِي وَ كَثُرَ وُلْدِي قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ وَ كُنْتُ دَائِمَ الْعِلَّةِ مَا أَنْفَكُّ مِنْهَا فِي نَفْسِي وَ جَمَاعَةٍ مِنْ خَدَمِي وَ عِيَالِي حَتَّى إِنِّي كُنْتُ أَبْقَى وَ مَا لِي أَحَدٌ يَخْدُمُنِي فَلَمَّا سَمِعْتُ ذَلِكَ مِنْ هِشَامٍ عَمِلْتُ بِهِ فَأَذْهَبَ اللَّهُ عَنِّي وَ عَنْ عِيَالِي الْعِلَلَ وَ الْحَمْدُ لِلَّهِ.

۞ ہشام بن ابراہیم سے روایت ہے کہ انہوں نے امام علی رضا علیہ السلام سے اپنے مرض کی شکایت کی اور یہ کہ اس کے ہاں کوئی بچہ پیدا نہیں ہوتا ہے تو آپ علیہ السلام نے اسے حکم دیا کہ وہ اپنے گھر میں با آواز بلند اذان دیا کرے۔

راوی کا بیان ہے کہ میں نے ایسا ہی کیا تو اللہ نے میری مرض کو دور کر دیا اور میری بہت سی اولاد ہوئی۔ محمد بن راشد کا بیان ہے کہ میں دائمی مریض تھا کہ جس سے مجھے، میرے خادموں کو اور میرے اہل وعیال میں سے کچھ لوگوں کو مرض سے چھٹکارا نہیں تھا اور نوبت یہاں تک پہنچی کہ میں تنہا باقی رہ گیا تھا اور میری کوئی خدمت کرنے والا بھی نہ تھا مگر جب میں نے ہشام سے یہ سنا تو میں نے بھی اس پر عمل کیا اور اللہ تعالیٰ نے بحمد للہ میرے اور میرے اہل وعیال کے سارے امراض دور کر دیئے۔ ③

---

① الکافی: ۸/۶ ح ۲؛ وسائل الشیعہ: ۶۹/۲۱ ح ۲۶۷۳۲؛ تفسیر کنز الدقائق: ۸۷/۳؛ تفسیر نور الثقلین: ۵۶/۳ و ۳۳۵/۵؛ الوافی: ۱۳۰۴/۲۳؛ مکارم الاخلاق: ۲۲۵؛ بحار الانوار: ۸۵/۱۰۱؛ تفسیر کنز الدقائق: ۴۶۷/۸؛ جامع احادیث الشیعہ: ۶/۲۶ ح ۳۸۳۹۲؛ مستدرک الوسائل: ۱۱۸/۱۵ ح ۱۷۷۱۹؛ طب الائمۃ: ۱۳۰

② مرآۃ العقول: ۱۶/۲۱

③ من لا یحضرہ الفقیہ: ۲۹۲/۱ ح ۹۰۳؛ الکافی: ۹/۶ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۵۹/۲ ح ۲۰۷؛ الکافی: ۳۰۸/۳ ح ۳۳؛ الوافی: ۵۶۲/۷؛ سلوۃ الحزین: ۱۸۹؛ بحار الانوار: ۱۵۶/۸۱؛ مستدرک الوسائل: ۳۹/۴ ح ۴۱۳۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۷۳/۲۱ ح ۲۷۳۳۴؛ روضۃ الواعظین: ۳۱۳/۲

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ ①

{2419} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ قَالَ: كُنْتُ أَنَا وَ اِبْنُ غَيْلاَنَ اَلْمَدَائِنِيُّ دَخَلْنَا عَلَى أَبِي الْحَسَنِ اَلرِّضَا عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ فَقَالَ لَهُ اِبْنُ غَيْلاَنَ أَصْلَحَكَ اللَّهُ بَلَغَنِي أَنَّهُ مَنْ كَانَ لَهُ حَمْلٌ فَنَوَى أَنْ يُسَمِّيَهُ مُحَمَّداً وُلِدَ لَهُ غُلاَمٌ فَقَالَ مَنْ كَانَ لَهُ حَمْلٌ فَنَوَى أَنْ يُسَمِّيَهُ عَلِيّاً وُلِدَ لَهُ غُلاَمٌ ثُمَّ قَالَ عَلِيٌّ مُحَمَّدٌ وَ مُحَمَّدٌ عَلِيٌّ شَيْئاً وَاحِداً قَالَ أَصْلَحَكَ اللَّهُ إِنِّي خَلَّفْتُ اِمْرَأَتِي وَ بِهَا حَبَلٌ فَادْعُ اللَّهَ أَنْ يَجْعَلَهُ غُلاَماً فَأَطْرَقَ إِلَى الْأَرْضِ طَوِيلاً ثُمَّ رَفَعَ رَأْسَهُ فَقَالَ لَهُ سَمِّهِ عَلِيّاً فَإِنَّهُ أَطْوَلُ لِعُمُرِهِ فَدَخَلْنَا مَكَّةَ فَوَافَانَا كِتَابٌ مِنَ الْمَدَائِنِ أَنَّهُ قَدْ وُلِدَ لَهُ غُلاَمٌ.

❁ حسین بن سعید سے روایت ہے کہ میں اور ابن غیلان مدائنی امام علی رضا علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے تو ابن غیلان نے آپ علیہ السلام سے عرض کیا: اللہ آپ علیہ السلام کا بھلا کرے! مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ جس کے ہاں حمل ہو اور وہ نیت کرے کہ وہ مولود کا نام محمد رکھے گا تو اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جس کے ہاں حمل ہو اور وہ نیت کرے کہ وہ مولود کا نام علی رکھے گا تو اس کے ہاں بھی لڑکا پیدا ہوتا ہے۔

پھر فرمایا: علی ومحمد اور محمد وعلی ایک ہی چیز ہے۔

اس نے عرض کیا: اللہ آپ علیہ السلام کا بھلا کرے! میں نے اپنی بیوی کو پیچھے چھوڑا ہے اور وہ حاملہ ہے پس آپ علیہ السلام اللہ سے دعا فرما دیجیے کہ وہ اسے بیٹا عطا فرمائے۔ چنانچہ آپ علیہ السلام نے کافی دیر سر زمین کی طرف جھکائے رکھا پھر اپنا سر بلند کیا اور اس سے فرمایا: اس کا نام علی رکھنا کیونکہ یہ اس کی طول عمر کا باعث ہے پس ہم مکہ میں داخل ہوئے تو مدائن سے خط موصول ہوا کہ اس (ابن غیلان) کے ہاں لڑکا پیدا ہوا ہے۔ ②

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ③

{2420} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عُمَرَ بْنِ يَزِيدَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ سَمِعْتُهُ يَقُولُ: كُلُّ اِمْرِءٍ مُرْتَهَنٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِعَقِيقَتِهِ وَ الْعَقِيقَةُ أَوْجَبُ مِنَ الْأُضْحِيَّةِ.

---

① لوامع صاحبقرانی: ۳/۵۷۳؛ روضۃ المتقین: ۲/۴۲۸

② الکافی: ۶/۱۱ح ۲؛ الوافی: ۲۳/۱۳۰۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۷۷۳ ح ۲۷۳۴۲؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/۶۶۸ ح ۳۹۳۴۶

③ مرآۃ العقول: ۲۱/۲۰

✿ عمر بن یزید سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا کہ قیامت کے دن ہر معاملہ عقیقہ پر منحصر ہے اور عقیقہ قربانی سے اوجب (یعنی زیادہ واجب) ہے۔ (1)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (2)

{2421} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عُمَرَ بْنِ يَزِيدَ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ وَ اللَّهِ مَا أَدْرِي أَ كَانَ أَبِي عَقَّ عَنِّي أَمْ لاَ فَأَمَرَنِي عَلَيْهِ السَّلاَمُ فَعَقَقْتُ عَنْ نَفْسِي وَ أَنَا شَيْخٌ.

✿ عمر بن یزید سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا: بخدا! میں نہیں جانتا کہ آیا میرے والد نے میری طرف سے عقیقہ کیا تھا یا نہیں؟

پس امام علیہ السلام نے مجھے (عقیقہ کرنے کا) حکم فرمایا اور میں نے اپنا عقیقہ کیا جبکہ میں بوڑھا آدمی تھا۔ (3)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (4)

{2422} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبُو عَلِيٍّ اَلْأَشْعَرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بُكَيْرٍ قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ فَجَاءَهُ رَسُولُ عَمِّهِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَلِيٍّ فَقَالَ لَهُ يَقُولُ لَكَ عَمُّكَ إِنَّا طَلَبْنَا اَلْعَقِيقَةَ فَلَمْ نَجِدْهَا فَمَا تَرَى نَتَصَدَّقُ بِثَمَنِهَا فَقَالَ لاَ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ إِطْعَامَ الطَّعَامِ وَ إِرَاقَةَ الدِّمَاءِ.

✿ عبداللہ بن بکیر سے روایت ہے کہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر تھا کہ ان کے چچا عبداللہ بن علی کا پیغام رساں آپ علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا کہ آپ علیہ السلام کے چچا پوچھتے ہیں کہ ہم نے عقیقہ کرنے کے لئے جانور طلب کی مگر ہمیں مل نہیں سکا تو کیا ہم اس کی قیمت صدقہ کر سکتے ہیں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں کیونکہ اللہ کو کھانا کھلانا اور (جانور کا) خون بہانا پسند کرتا ہے۔ (5)

---

(1) من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۸۳ ح ۴۷۱۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۴۱۲ ح ۲۷۴۴۲؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۱۲۰؛ مکارم الاخلاق: ۲۲۶؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۳۱۸؛ تہذیب الاحکام: ۷/۴۴۱ ح ۱۷۶۳

(2) روضۃ المتقین: ۸/۲۰۴

(3) من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۸۴ ح ۴۷۱۲؛ الکافی: ۶/۲۵ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/۴۴۱ ح ۱۷۶۴؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۱۲۰؛ مکارم الاخلاق: ۲۲۶؛ الوافی: ۲۳/۱۳۳۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۴۱۴ ح ۲۷۴۴۸

(4) روضۃ المتقین: ۸/۲۰۵

(5) الکافی: ۶/۲۵ ح ۶؛ تہذیب الاحکام: ۷/۴۴۱ ح ۱۷۶۴؛ الوافی: ۲۳/۱۳۳۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۴۱۵ ح ۲۷۴۵۱

تحقیق:

حدیث موثق کالصحیح یا موثق ہے۔ [1]

{2423} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيٍّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مَرَّارٍ عَنْ يُونُسَ وَ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ جَمِيعاً عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْخَزَّازِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ: وُلِدَ لِأَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ غُلاَمَانِ جَمِيعاً فَأَمَرَ زَيْدَ بْنَ عَلِيٍّ أَنْ يَشْتَرِيَ لَهُ جَزُورَيْنِ لِلْعَقِيقَةِ وَ كَانَ زَمَنَ غَلاَءٍ فَاشْتَرَى لَهُ وَاحِدَةً وَ عَسُرَتْ عَلَيْهِ الْأُخْرَى فَقَالَ لِأَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَدْ عَسُرَتْ عَلَيَّ الْأُخْرَى فَتَصَدَّقُ بِثَمَنِهَا فَقَالَ لاَ أَطْلُبْهَا حَتَّى تَقْدِرَ عَلَيْهَا فَإِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَ جَلَّ يُحِبُّ إِهْرَاقَ الدِّمَاءِ وَ إِطْعَامَ الطَّعَامِ.

محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ ایک بار امام محمد باقر علیہ السلام کے ہاں دو جڑواں بچے پیدا ہوئے تو آپ علیہ السلام نے زید بن علی کو حکم دیا کہ ان کے عقیقہ کے لئے دو اونٹ کے بچے خریدیں لیکن مہنگائی کا دور تھا تو انہوں نے ایک بچہ خریدا مگر دوسرا خریدنا مشکل ہو گیا لہٰذا انہوں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے عرض کیا کہ میرے لیے دوسرا خریدنا مشکل ہو گیا ہے (کیونکہ اونٹ ملنا مشکل ہیں) تو کیا اس کی قیمت صدقہ کردوں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں۔ ان کو تلاش کرو یہاں تک کہ ان کو حاصل کرلو کیونکہ اللہ تعالیٰ خون بہانے اور کھانا کھلانے کو پسند کرتا ہے۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [3]

{2424} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَمَّارٍ السَّابَاطِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: الْعَقِيقَةُ لاَزِمَةٌ لِمَنْ كَانَ غَنِيّاً وَ مَنْ كَانَ فَقِيراً إِذَا أَيْسَرَ فَعَلَ فَإِنْ لَمْ يَقْدِرْ عَلَى ذَلِكَ فَلَيْسَ عَلَيْهِ شَيْءٌ وَ إِنْ لَمْ يُعَقَّ عَنْهُ حَتَّى ضَحَّى عَنْهُ فَقَدْ أَجْزَأَتْهُ الْأُضْحِيَّةُ وَ كُلُّ مَوْلُودٍ مُرْتَهَنٌ بِعَقِيقَتِهِ وَ قَالَ فِي الْعَقِيقَةِ يُذْبَحُ عَنْهُ كَبْشٌ فَإِنْ لَمْ يُوجَدْ كَبْشٌ أَجْزَأَهُ مَا يُجْزِي فِي الْأُضْحِيَّةِ وَ إِلاَّ فَحَمَلٌ أَعْظَمُ مَا يَكُونُ مِنْ حُمْلاَنِ السَّنَةِ.

عمار ساباطی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: عقیقہ اس شخص کے لئے لازم ہے جو غنی (دولتمند) ہو اور

---

[1] مرآۃ العقول: ۲۱/۳۶؛ موسوعہ احکام الاطفال: ۲۰۶

[2] الکافی: ۶/۲۵ ح ۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۳۱۵ ح ۲۷۳۵۲؛ الوافی: ۲۳/۱۳۳۳؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/۸۰۷ ح ۳۹۵۶۲

[3] موسوعہ احکام الاطفال: ۲۰۶؛ مرآۃ العقول: ۲۱/۳۶

اگر کوئی فقیر (محتاج) ہو تو جب وہ خوشحال ہو تو کرے اور اگر اس پر کوئی قادر نہ ہو تو اس پر کوئی گناہ نہیں اور اگر کسی کا عقیقہ نہیں ہوا اور وہ اضحیٰ کے دن قربانی کرے تو وہ اس قربانی (یعنی عقیقہ) کا بدل ہو جائے گا اور ہر مولود عقیقہ میں رہن ہے نیز آپ علیہ السلام نے عقیقہ کے متعلق فرمایا کہ عقیقہ میں اس کی طرف سے کوئی بکرا ذبح کیا جائے اور اگر وہ میسر نہ آئے تو جو جانور قربانی میں جائز ہے وہ اس میں بھی جائز ہے ورنہ بکری کا وہ بچہ ہو جو اس سال نومولود سے عمر میں چند ماہ بڑا ہو۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [2]

{2425} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبُو عَلِيٍّ اَلْأَشْعَرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اَلْجَبَّارِ وَ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ عَنِ اَلْفَضْلِ بْنِ شَاذَانَ جَمِيعاً عَنْ صَفْوَانَ عَنْ مَنْصُورِ بْنِ حَازِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: اَلْعَقِيقَةُ فِي اَلْغُلاَمِ وَ اَلْجَارِيَةِ سَوَاءٌ.

منصور بن حازم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: عقیقہ میں بچہ اور بچی برابر ہیں۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2426} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبُو عَلِيٍّ اَلْأَشْعَرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اَلْجَبَّارِ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ: فِي اَلْمَوْلُودِ قَالَ يُسَمَّى فِي اَلْيَوْمِ اَلسَّابِعِ وَ يُعَقُّ عَنْهُ وَ يُحْلَقُ رَأْسُهُ وَ يُتَصَدَّقُ بِوَزْنِ شَعْرِهِ فِضَّةً وَ يُبْعَثُ إِلَى اَلْقَابِلَةِ بِالرِّجْلِ مَعَ اَلْوَرِكِ وَ يُطْعَمُ مِنْهُ وَ يُتَصَدَّقُ.

ابو بصیر سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے مولود کے بارے میں فرمایا: اس کا نام ساتویں دن رکھا جائے، اس کا عقیقہ کیا جائے، اس کا سر منڈوا دے اور اس کے بالوں کے ہم وزن چاندی صدقہ کی جائے اور عقیقہ کی ایک ران دایہ کو بھیجی جائے اور باقی بطور صدقہ کھلایا جائے۔ [5]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [6]

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۸۵ ح ۴۷۱۳

[2] روضۃ المتقین: ۸/۲۰۶

[3] الکافی: ۶/۲۶ ح ۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۴۱۷ ح ۲۷۴۵۷؛ الوافی: ۲۳/۱۳۰۸؛ قرب الاسناد: ۳۱۱؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۳۱۹

[4] مرآۃ العقول: ۲۱/۴۷؛ تفصیل الشریعہ: ۲۲/۸۵۳؛ الانوار اللوامع: ۱۰/۳۰۵؛ جواہر الکلام: ۳۱/۲۶۵؛ فقہ الصادقؑ: ۲۲/۲۸۶

[5] الکافی: ۶/۲۹ ح ۱۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۴۲۰ ح ۲۷۴۶۸؛ الوافی: ۲۳/۱۳۴۱؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۳۲۰؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/۹۰۷ ح ۳۹۵۰۵

[6] مرآۃ العقول: ۲۱/۵۲

{2427} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ عَنْ مُصَدِّقِ بْنِ صَدَقَةَ عَنْ عَمَّارِ بْنِ مُوسَى عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الْعَقِيقَةِ عَنِ الْمَوْلُودِ كَيْفَ هِيَ قَالَ إِذَا أَتَى لِلْمَوْلُودِ سَبْعَةُ أَيَّامٍ يُسَمَّى بِالاِسْمِ الَّذِي سَمَّاهُ اللَّهُ عَزَّ وَ جَلَّ بِهِ ثُمَّ يُحْلَقُ رَأْسُهُ وَ يُتَصَدَّقُ بِوَزْنِ شَعْرِهِ ذَهَباً أَوْ فِضَّةً وَ يُذْبَحُ عَنْهُ كَبْشٌ وَ إِنْ لَمْ يُوجَدْ كَبْشٌ أَجْزَأَهُ مَا يُجْزِئُ فِي الْأُضْحِيَّةِ وَ إِلاَّ فَحَمَلٌ أَعْظَمُ مَا يَكُونُ مِنْ حُمْلاَنِ السَّنَةِ وَ يُعْطَى الْقَابِلَةَ رُبُعَهَا وَ إِنْ لَمْ تَكُنْ قَابِلَةٌ فَلِأُمِّهِ تُعْطِيهَا مَنْ شَاءَتْ وَ تُطْعِمُ مِنْهُ عَشَرَةً مِنَ الْمُسْلِمِينَ فَإِنْ زَادُوا فَهُوَ أَفْضَلُ وَ تَأْكُلُ مِنْهُ وَ الْعَقِيقَةُ لاَزِمَةٌ إِنْ كَانَ غَنِيّاً أَوْ فَقِيراً إِذَا أَيْسَرَ وَ إِنْ لَمْ يُعَقَّ عَنْهُ حَتَّى ضُحِّيَ عَنْهُ فَقَدْ أَجْزَأَتْهُ الْأُضْحِيَّةُ وَ قَالَ إِنْ كَانَتِ الْقَابِلَةُ يَهُودِيَّةً لاَ تَأْكُلُ مِنْ ذَبِيحَةِ الْمُسْلِمِينَ أُعْطِيَتْ قِيمَةَ رُبُعِ الْكَبْشِ.

عمار بن موسیٰ سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے نومولود کے عقیقہ کے بارے میں پوچھا کہ وہ کیسے ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب نومولود کو سات دن گزر جائیں تو اللہ تعالیٰ کے معین طریقے کے مطابق اس کا نام رکھا جائے پھر اس کا سر مونڈا جائے اور اس کے بالوں کے وزن کے برابر سونا یا چاندی صدقہ کی جائے اور (عقیقہ کے لئے) اس پر سے جانور ذبح کیا جائے اور اگر جانور نہ ملے تو اس کے لئے کافی ہوگا جو قربانی کے لئے کافی ہوتا ہے بصورت دیگر وہ حاصل کرے کہ جو ایک سال سے زائد کا ہو اور دائیہ کو اس کا چوتھا حصہ دے اور اگر دائیہ نہ ہو تو اس کی ماں کو جتنا وہ چاہے دو اور اس میں سے دس مسلمانوں کو کھانا دے اور اگر زیادہ ہو جائیں تو افضل ہے اور اس میں سے تم کھاؤ اور عقیقہ لازم ہے اگر صاحب ثروت ہو یا فقیر ہو اس وقت کہ جب اس کے لئے آسانی ہو اس کا عقیقہ کرے (اور اگر عقیقہ نہ کر سکے) اور اس کی قربانی کرے تو مجزی ہوگی۔

پھر فرمایا: اگر دائیہ یہودی عورت ہو اور مسلمانوں کے ذبیحہ سے نہ کھائے تو اسے جانور کی قیمت کا چوتھا حصہ دیا جائے۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [2]

{2428} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ حُمَيْدُ بْنُ زِيَادٍ عَنِ ابْنِ سَمَاعَةَ عَنِ ابْنِ جَبَلَةَ وَ عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ صَالِحِ بْنِ أَبِي حَمَّادٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ جَبَلَةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: عُقَّ عَنْهُ وَ

---

[1] الکافی: ۶/ ۲۸ ح ۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/ ۴۲۱ ح ۲۷۴۷۱؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۴۴۳ ح ۱۷۷۱؛ الوافی: ۲۳/ ۴۲/ ۱۳؛ ھدایۃ الامہ: ۷/ ۳۲۰؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/ ۷۵۸ ح ۳۹۵۰۰

[2] مرآۃ العقول: ۲۱/ ۲۸؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/ ۴۲۲

اِحْلِقْ رَأْسَهُ يَوْمَ اَلسَّابِعِ وَ تَصَدَّقْ بِوَزْنِ شَعْرِهِ فِضَّةً وَ اِقْطَعِ اَلْعَقِيقَةَ جَذَاوِيَ وَ اُطْبُخْهَا وَ اُدْعُ عَلَيْهَا رَهْطاً مِنَ اَلْمُسْلِمِينَ.

✪ عبداللہ بن سنان سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ساتویں دین اس (نومولود) کا عقیقہ کرو اور اس کے بال مونڈو اور اس کے بالوں کے وزن کے برابر چاندی صدقہ کرو اور عقیقہ (کے جانور کے گوشت) کو جوڑوں سے جدا کرو اور اسے پکاؤ اور اس پر مسلمانوں کی ایک جماعت کو دعوت دو۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [2]

{2429} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ اَلْحَسَنِ عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ عَنْ مُصَدِّقِ بْنِ صَدَقَةَ عَنْ عَمَّارِ بْنِ مُوسَى عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: إِذَا أَرَدْتَ أَنْ تَذْبَحَ اَلْعَقِيقَةَ قُلْتَ: يَا قَوْمِ إِنِّي بَرِيءٌ مِمَّا تُشْرِكُونَ إِنِّي وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ اَلسَّمٰاوٰاتِ وَ اَلْأَرْضَ حَنِيفاً مُسْلِماً وَ مٰا أَنَا مِنَ اَلْمُشْرِكِينَ إِنَّ صَلاٰتِي وَ نُسُكِي وَ مَحْيٰايَ وَ مَمٰاتِي لِلّٰهِ رَبِّ اَلْعٰالَمِينَ لاٰ شَرِيكَ لَهُ وَ بِذٰلِكَ أُمِرْتُ وَ أَنَا مِنَ اَلْمُسْلِمِينَ اَللَّهُمَّ مِنْكَ وَ لَكَ بِسْمِ اَللَّهِ وَ اَللَّهُ أَكْبَرُ اَللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ وَ تَقَبَّلْ مِنْ فُلاَنِ بْنِ فُلاَنٍ وَ تُسَمِّي اَلْمَوْلُودَ بِاسْمِهِ ثُمَّ تَذْبَحُ.

✪ عمار بن موسیٰ سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب عقیقہ کا جانور ذبح کرنے لگو تو یہ دعا پڑھو: "يَا قَوْمِ إِنِّي بَرِيءٌ مِمَّا تُشْرِكُونَ إِنِّي وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ اَلسَّمٰاوٰاتِ وَ اَلْأَرْضَ حَنِيفاً مُسْلِماً وَ مٰا أَنَا مِنَ اَلْمُشْرِكِينَ إِنَّ صَلاٰتِي وَ نُسُكِي وَ مَحْيٰايَ وَ مَمٰاتِي لِلّٰهِ رَبِّ اَلْعٰالَمِينَ لاٰ شَرِيكَ لَهُ وَ بِذٰلِكَ أُمِرْتُ وَ أَنَا مِنَ اَلْمُسْلِمِينَ اَللَّهُمَّ مِنْكَ وَ لَكَ بِسْمِ اَللَّهِ وَ اَللَّهُ أَكْبَرُ اَللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَ آلِ مُحَمَّدٍ وَ تَقَبَّلْ مِنْ فُلاَنِ بْنِ فُلاَنٍ" اور یہاں (یعنی فلاں بن فلاں) پر نومولود کا نام (معہ ولدیت) لو اور پھر ذبح کرو۔ [3]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [4]

{2430} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ آدَمَ

---

[1] الکافی: ۶/ ۲۷ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۴۴۲ ح ۱۷۶۶؛ الوافی: ۲۳/ ۱۳۴۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/ ۴۲۲ ح ۲۷۴۷۵

[2] مرآۃ العقول: ۲۱/ ۳۹؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/ ۴۱۹

[3] الکافی: ۶/ ۳۱ ح ۴؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۴۸۷ ح ۴۷۲۲؛ الوافی: ۲۳/ ۱۳۵۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/ ۴۲۶ ح ۲۷۴۹۲؛ مکارم الاخلاق: ۲۲۷؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/ ۳۲۱؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/ ۷۸۶

[4] مرآۃ العقول: ۲۱/ ۵۶؛ روضۃ المتقین: ۸/ ۶۱۳

عَنِ الْكَاهِلِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ : فِي الْعَقِيقَةِ قَالَ لاَ تَطْعَمُ الْأُمُّ مِنْهَا شَيْئاً.

۞ کاہلی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے عقیقہ کے بارے میں فرمایا: نومولود کی ماں اس میں سے کچھ نہ کھائے۔ [1]

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔ [2]

قول مؤلف:

اور اسی سلسلے میں وہ حدیث بھی ہے جسے ابوخدیجہ نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کیا ہے کہ آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ (یعنی نومولود کا باپ) اور اس کے اہل وعیال عقیقہ کے گوشت سے نہ کھائیں۔ نیز فرمایا: عقیقہ کا ایک ثلث دایہ کے لئے ہے اور اگر اس شخص کی ماں (یعنی نومولود کی دادی) یا اہل وعیال میں سے کوئی عورت دایہ ہو تو پھر اسے کوئی حصہ نہیں ملے گا اور جوڑ سے جوڑ الگ کر کے گوشت کھایا جائے اور تقسیم کیا جائے اور صرف اہل ولایت کو دیا جائے۔ نیز فرمایا: عقیقہ سے ہر کوئی کھائے مگر ماں نہ کھائے۔ [3] البتہ اس حدیث کی سند ضعیف ہے [4] اور باپ کے لئے گوشت کھانے کا جواز پہلے گزر چکا ہے لہٰذا جس حدیث پر چاہے عمل کرے امید ہے گنہگار نہیں ہوگا (واللہ اعلم)

{2431} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عِيسَى عَنْ عَاصِمٍ الْكُوزِيِّ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ يَذْكُرُ عَنْ أَبِيهِ: أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ عَقَّ عَنِ الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ بِكَبْشٍ وَ عَنِ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ بِكَبْشٍ وَ أَعْطَى الْقَابِلَةَ شَيْئاً وَ حَلَقَ رُءُوسَهُمَا يَوْمَ سَابِعِهِمَا وَ وَزَنَ شَعْرَهُمَا فَتَصَدَّقَ بِوَزْنِهِ فِضَّةً قَالَ فَقُلْتُ لَهُ يُؤْخَذُ الدَّمُ فَيُلَطَّخُ بِهِ رَأْسُ الصَّبِيِّ فَقَالَ ذَاكَ شِرْكٌ فَقُلْتُ سُبْحَانَ اللَّهِ شِرْكٌ فَقَالَ لَوْ لَمْ يَكُنْ ذَاكَ شِرْكاً فَإِنَّهُ كَانَ يُعْمَلُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ وَ نُهِيَ عَنْهُ فِي الْإِسْلاَمِ.

۞ عاصم الکوزی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کو اپنے والد بزرگوار (امام محمد باقر علیہ السلام) کے حوالے سے تذکرہ کرتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امام حسن علیہ السلام کا عقیقہ ایک دنبہ سے کیا اور امام حسین علیہ السلام کا بھی ایک دنبہ سے کیا اور دایہ کو کوئی چیز عطا فرمائی اور ان دونوں کے سر ساتویں روز منڈوائے اور ان کے بالوں کا وزن کیا اور ان کے وزن

[1] الکافی: ۶/۳۲ ح ۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۴۲۸ ح ۲۷۴۹۸؛ الوافی: ۲۳/۱۳۴۴؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/۷۸۸ ح ۳۹۵۷۴

[2] مرآۃ العقول: ۲۱/۵۸

[3] الکافی: ۶/۳۲ ح ۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۴۲۸ ح ۲۷۴۹۷؛ الوافی: ۲۳/۱۳۴۳؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۳۲۲

[4] مرآۃ العقول: ۲۱/۵۷

کے برابر چاندی صدقہ کی۔ میں نے آپ علیہ السلام سے عرض کیا: عقیقے کا خون لے کر کیا بچے کے سر پر ملا جا سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ شرک ہے۔

میں نے عرض کیا: سبحان اللہ! یہ شرک ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر وہ کام جو جاہلیت کے زمانے میں کیا جاتا تھا وہ شرک نہ ہوتا تو اسلام اس سے منع نہ کرتا۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2432} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى وَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ جَعْفَرٍ: أَنَّهُ كَتَبَ إِلَى أَبِي مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَنَّهُ رُوِيَ عَنِ الصَّادِقِينَ عَلَيْهِمُ السَّلاَمُ أَنِ اخْتِنُوا أَوْلاَدَكُمْ يَوْمَ السَّابِعِ يَطَّهَّرُوا وَ إِنَّ الْأَرْضَ تَضِجُّ إِلَى اللَّهِ مِنْ بَوْلِ الْأَغْلَفِ وَ لَيْسَ جُعِلْتُ فِدَاكَ لِحَجَّامِي بَلَدِنَا حِذْقٌ بِذَلِكَ وَ لاَ يَخْتِنُونَهُ يَوْمَ السَّابِعِ وَ عِنْدَنَا حَجَّامُ الْيَهُودِ فَهَلْ يَجُوزُ لِلْيَهُودِ أَنْ يَخْتِنُوا أَوْلاَدَ الْمُسْلِمِينَ أَمْ لاَ إِنْ شَاءَ اللَّهُ فَوَقَّعَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ السُّنَّةُ يَوْمَ السَّابِعِ فَلاَ تُخَالِفُوا السُّنَنَ إِنْ شَاءَ اللَّهُ.

✪ عبداللہ بن جعفر علیہ السلام سے روایت ہے کہ انہوں نے امام حسن عسکری علیہ السلام کو خط لکھا کہ صادقین علیہ السلام سے روایت کی گئی ہے کہ اپنی اولاد کا ساتویں دن ختنہ کرو اور انہیں پاک بناؤ کیونکہ زمین غیر مختون کے پیشاب سے اللہ تعالیٰ کے حضور چیخ و پکار کرتی ہے تو میں آپ علیہ السلام پر فدا ہوں! ہمارے شہر میں کوئی حجام نہیں ہے جو اس سلسلے میں قابل (ماہر) ہو اور نہ وہ ساتویں دن ختنہ کرتے ہیں البتہ ہمارے ہاں یہودی حجام موجود ہیں تو کیا جائز ہے کہ یہودی سے مسلمانوں کی اولاد کا ختنہ کروالیں یا نہیں ان شاء اللہ؟

آپ علیہ السلام نے جواب لکھا کہ ساتویں دین (ختنہ کرنا) سنت ہے پس سنتوں کی مخالفت نہ کرو ان شاء اللہ۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2433} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ غِيَاثُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: (لاَ بَأْسَ أَنْ لاَ تُخْتَتَنَ الْمَرْأَةُ فَأَمَّا الرَّجُلُ فَلاَ بُدَّ مِنْهُ).

---

[1] الکافی: ۶/ ۳۳ ح ۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/ ۴۲۹ ح ۲۷۵۰۱؛ الوافی: ۲۳/ ۱۳۳۶؛ ھدایۃ الامہ: ۷/ ۳۲۲

[2] مرآۃ العقول: ۲۱/ ۵۹

[3] الکافی: ۶/ ۳۵ ح ۳؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۴۸۸ ح ۴۷۲۵؛ الوافی: ۲۳/ ۱۳۵۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/ ۴۳۳ ح ۲۷۵۱۲؛ بحار الانوار: ۱۰۱/ ۱۲۳؛ مکارم الاخلاق: ۲۲۹؛ ھدایۃ الامہ: ۷/ ۳۲۳

[4] مرآۃ العقول: ۲۱/ ۶۳؛ الانوار اللوامع: ۱/ ۲۸۷؛ روضۃ المتقین: ۸/ ۶۲۰

❁ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: عورت کا ختنہ نہ کیا جائے تو کوئی حرج نہیں ہے لیکن مرد کے لئے لازم ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [2]

{2434} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبْدُوسٍ النَّيْسَابُورِيُّ الْعَطَّارُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ بِنَيْسَابُورَ فِي شَعْبَانَ سَنَةَ اِثْنَتَيْنِ وَ خَمْسِينَ وَ ثَلاَثِمِائَةٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ قُتَيْبَةَ النَّيْسَابُورِيُّ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ شَاذَانَ عَنِ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ: أَنَّهُ كَتَبَ إِلَى الْمَأْمُونِ وَ الْخِتَانُ سُنَّةٌ وَاجِبَةٌ لِلرِّجَالِ وَمَكْرُمَةٌ لِلنِّسَاءِ.

❁ فضل بن شاذان سے روایت ہے کہ امام علی رضا علیہ السلام نے مامون کی طرف (طویل) خط لکھا جس (کے ضمن) میں فرمایا: مردوں کے لئے ختنہ سنت واجبہ ہے اور عورتوں کے لئے مکرمت ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [4] یا اگر اسے اصطلاح میں صحیح نہ بھی کہا جا سکے پھر بھی صحیح سے کم نہیں ہے [5] یا یہ کہ حدیث حسن ہے [6] یا یہ کہ حدیث معتبر ہے [7]

قول مؤلف:

حدیث کی مزید وضاحت کے لئے حدیث نمبر 1191؛ 1203 اور 1570 کی طرف رجوع کیجیے۔ نیز حدیث نمبر 1712 بھی دیکھئے جس میں ہے کہ عورت ختنہ کے بغیر طواف کر سکتی ہے لیکن مرد کے لئے جائز نہیں ہے (واللہ اعلم)

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۴۸۷ ح ۴۷۴۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/ ۴۳۳ ح ۲۷۵۱۹؛ الوافی: ۲۳/ ۱۳۱۱؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/ ۳۲۳؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/ ۷۹۷ ح ۳۹۵۹۲

[2] روضۃ المتقین: ۸/ ۶۱۸

[3] عیون اخبار الرضاؑ: ۲/ ۱۲۱ الباب ۳۵ ح ۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/ ۴۳۷ ح ۲۷۵۲۰؛ بحار الانوار: ۱۰۱/ ۱۱۰ و ۱۰/ ۳۵۲؛ عوالم العلوم: ۲۰/ ۵۷۹؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/ ۳۲۴؛ مکاتیب الائمۃ: ۵/ ۸۳

[4] الانوار اللوامع: ۱۰/ ۲۸۹ و ۲۸۷ و ۳۲۰/۱۴؛ سداد العباد: ۵۴۳؛ عیون اخبار الرضاؑ: ایضاً ح ۲؛

[5] شرح مکاسب: ۲/ ۴۶۱

[6] حدود الشریعہ: ۲/ ۲۵۷

[7] جواہر الکلام فی شرح شرائع الاسلام: ۱۰/ ۲۸۵؛ الآراء الفقہیہ: ۱/ ۱۱۰ و ۸۲ و ۳/ ۳۰۷؛ فقہ الصادق ؑ: ۲/ ۱۱۲؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۲/ ۱۴؛ بحار الانوار: ۸۵/ ۲۷؛ جواہر الکلام فی ثوبہ الجدید: ۵/ ۵۴۶

{2435} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ يَقْطِينٍ عَنْ أَخِيهِ الْحُسَيْنِ عَنْ أَبِيهِ عَلِيِّ بْنِ يَقْطِينٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ خِتَانِ الصَّبِيِّ لِسَبْعَةِ أَيَّامٍ مِنَ السُّنَّةِ هُوَ أَوْ يُؤَخَّرُ وَأَيُّهُمَا أَفْضَلُ قَالَ لِسَبْعَةِ أَيَّامٍ مِنَ السُّنَّةِ وَإِنْ أُخِّرَ فَلاَ بَأْسَ.

۞ علی بن یقطین سے روایت ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ کیا بچے کے ختنے ساتویں روز کرنا سنت ہیں یا ان کو مؤخر کیا جاسکتا ہے اور ان دونوں میں سے افضل کیا ہے؟ آپ علیہ السلام نے فرمایا: ساتویں دن کرنا سنت ہے اور اگر مؤخر ہوجائیں تو کوئی حرج نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2436} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّوْفَلِيِّ عَنِ السَّكُونِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: إِذَا أَسْلَمَ الرَّجُلُ اخْتَتَنَ وَلَوْ بَلَغَ ثَمَانِينَ.

۞ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: جب آدمی اسلام لائے تو اس کا ختنہ کیا جائے اگرچہ وہ اسی سال کا ہی کیوں نہ ہو۔ [3]

تحقیق:

حدیث قوی ہے۔ [4]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث ضعیف علی المشہور ہے [5] کیونکہ سند میں نوفلی اور سکونی موجود ہیں لیکن تحقیق سے یہ بات ثابت ہوئی ہے کہ علمأ نے ان دونوں راویوں کی اس سند کو قابل اعتبار اور موثق قرار دیا ہے چنانچہ اس حدیث میں موجود سند کو دیگر کئی مقامات پر موثق کہا گیا ہے [6] یا بعض مقامات پر معتبر کہا گیا ہے [7] نیز حدیث نمبر 2681 کی طرف بھی رجوع کیجیے (واللہ اعلم)

---

[1] الکافی: ۶/۳۶ ح ۷؛ تہذیب الاحکام: ۷/۴۴۵ ح ۱۷۸۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۴۳۸ ح ۲۷۵۲۵؛ الوافی: ۲۳/۱۳۵۲؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/۳۲۴

[2] مرآۃ العقول: ۲۱/۲۵؛ فقہ الصادقؑ: ۲۲/۲۸۲؛ اللوامع الانوار: ۱۰/۲۹۳؛ جواہر الکلام: ۳۱/۲۶۰؛ جامع الشتات: ۴/۲۰۷؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۴۲۸

[3] الکافی: ۶/۳۷ ح ۱۰؛ تہذیب الاحکام: ۷/۴۴۵ ح ۱۷۸۱؛ الوافی: ۲۳/۱۳۵۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۴۴۰ ح ۲۷۵۲۹؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/۳۲۴

[4] فقہ الصادقؑ: ۲۲/۲۸۴

[5] مرآۃ العقول: ۲۱/۲۵؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۴۲۸

[6] تفصیل الشریعہ: الوقف، الوصیۃ: ۴۷۳؛ احکام الشریعۃ علی ضوء القرآن: ۵۹۴ و ۲۵۴؛ تراث الشیعہ الفقہی والاصولی: ۲/۱۳۶

[7] تنقیح مبانی الاحکام: ۴/۱۰۹؛ فقہ الصادقؑ: ۲۶/۲۳۶؛ مبانی تکملۃ المنھاج: ۲/۱۳

{2437} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنِ ابْنِ رِئَابٍ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الْجَارِيَةِ تُسْبَى مِنْ أَرْضِ الشِّرْكِ فَتُسْلِمُ فَتُطْلَبُ لَهَا مَنْ يَخْفِضُهَا فَلاَ تَقْدِرُ عَلَى امْرَأَةٍ فَقَالَ أَمَّا السُّنَّةُ فِي الْخِتَانِ عَلَى الرِّجَالِ وَلَيْسَ عَلَى النِّسَاءِ.

ابو بصیر سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے اس کنیز کے بارے میں پوچھا کہ جسے شرکین کے علاقے سے قید کر کے لایا گیا پس اس نے اسلام قبول کرلیا تو ہم نے اس کے ختنہ کرنے کے لئے عورت تلاش کی مگر ہمیں کوئی عورت نہ مل سکی؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ختنہ میں جو سنت ہے وہ مردوں پر ہے اور عورتوں پر نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2438} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ الشَّيْبَانِيِّ وَ عَلِيِّ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ الدَّقَّاقِ وَ الْحُسَيْنِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ هِشَامٍ الْمُؤَدِّبِ وَ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْوَرَّاقِ عَنْ أَبُو الْحُسَيْنِ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْأَسَدِيُّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ وَرَدَ عَلَيْهِ مِنَ التَّوْقِيعِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُثْمَانَ الْعَمْرِيِّ فِي جَوَابِ مَسَائِلِهِ عَنْ صَاحِبِ الزَّمَانِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: وَ أَمَّا مَا سَأَلْتَ عَنْهُ مِنْ أَمْرِ الْمَوْلُودِ الَّذِي تَنْبُتُ غُلْفَتُهُ بَعْدَ مَا يُخْتَنُ هَلْ يُخْتَنُ مَرَّةً أُخْرَى فَإِنَّهُ يَجِبُ أَنْ تُقْطَعَ غُلْفَتُهُ فَإِنَّ الْأَرْضَ تَضِجُّ إِلَى اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ مِنْ بَوْلِ الْأَغْلَفِ أَرْبَعِينَ صَبَاحاً.

ابو الحسین محمد بن جعفر الاسدی سے روایت ہے کہ جناب محمد بن عثمان عمریؒ کے مسائل کے جواب میں جو توقیع امام زمانہ علیہ السلام کی طرف سے وارد ہوئی اس میں آپ علیہ السلام نے لکھا کہ تم نے جو یہ سوال کیا ہے کہ اگر مولود کے ختنہ کے بعد دوبارہ گوشت اگ آئے تو اس کا دوبارہ ختنہ کیا جائے گا؟ پس یہ واجب ہے کہ اس کا وہ گوشت کاٹا جائے کیونکہ غیر ختنہ شدہ آدمی کے پیشاب کرنے سے زمین چالیس دن تک اللہ سے فریاد کرتی ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

---

[1] الکافی: ۶/ ۳۷ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۴۴۶ ح ۸۴۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/ ۴۴۰ ح ۲۷۵۳۱؛ الوافی: ۲۳/ ۱۳۶۱؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/ ۸۱۰

[2] مرآۃ العقول: ۲۱/ ۹۶؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/ ۳۲۹؛ الانوار اللوامع: ۱۰/ ۲۹۲

[3] کمال الدین وتمام النعمہ: ۲/ ۵۲۰ باب ۴۵ ح ۴۹؛ الاحتجاج: ۲/ ۴۷۹؛ بحار الانوار: ۵۳/ ۱۸۲ و ۱۰۱/ ۱۰۷؛ الخرائج والجرائح: ۳/ ۱۱۱۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/ ۴۴۲ ح ۲۷۵۳۴؛ ھدایۃ الامہ: ۷/ ۳۲۴

[4] حدود الشریعہ: ۲/ ۵۷؛ الانوار اللوامع: ۱۰/ ۲۹۱

{2439} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُرَازِمِ بْنِ حَكِيمٍ الْأَزْدِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ: فِي الصَّبِيِّ إِذَا خُتِنَ قَالَ يَقُولُ: اللَّهُمَّ هَذِهِ سُنَّتُكَ وَ سُنَّةُ نَبِيِّكَ صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَ آلِهِ وَ اتِّبَاعٌ مِنَّا لَكَ وَ لِنَبِيِّكَ بِمَشِيَّتِكَ وَ بِإِرَادَتِكَ وَ قَضَائِكَ لِأَمْرٍ أَنْتَ أَرَدْتَهُ وَ قَضَاءٍ حَتَمْتَهُ وَ أَمْرٍ أَنْفَذْتَهُ فَأَذَقْتَهُ حَرَّ الْحَدِيدِ فِي خِتَانِهِ وَ حِجَامَتِهِ لِأَمْرٍ أَنْتَ أَعْرَفُ بِهِ مِنِّي اللَّهُمَّ فَطَهِّرْهُ مِنَ الذُّنُوبِ وَ زِدْ فِي عُمُرِهِ وَ ادْفَعِ الْآفَاتِ عَنْ بَدَنِهِ وَ الْأَوْجَاعَ عَنْ جِسْمِهِ وَ زِدْهُ مِنَ الْغِنَى وَ ادْفَعْ عَنْهُ الْفَقْرَ فَإِنَّكَ تَعْلَمُ وَ لَا نَعْلَمُ وَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ: أَيُّ رَجُلٍ لَمْ يَقُلْهَا عِنْدَ خِتَانِ وَلَدِهِ فَلْيَقُلْهَا عَلَيْهِ مِنْ قَبْلِ أَنْ يَحْتَلِمَ فَإِنْ قَالَهَا كُفِيَ حَرَّ الْحَدِيدِ مِنْ قَتْلٍ أَوْ غَيْرِهِ.

❂ مرازم بن حکیم الازدی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: بچے کا ختنہ کرتے وقت یہ دعا پڑھو: ”اَللّٰهُمَّ هٰذِهِ سُنَّتُكَ وَ سُنَّةُ نَبِيِّكَ صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَ آلِهِ وَ اِتِّبَاعٌ مِنَّا لَكَ وَ لِنَبِيِّكَ بِمَشِيَّتِكَ وَ بِإِرَادَتِكَ وَ قَضَائِكَ لِأَمْرٍ أَنْتَ أَرَدْتَهُ وَ قَضَاءٍ حَتَمْتَهُ وَ أَمْرٍ أَنْفَذْتَهُ فَأَذَقْتَهُ حَرَّ الْحَدِيدِ فِي خِتَانِهِ وَ حِجَامَتِهِ لِأَمْرٍ أَنْتَ أَعْرَفُ بِهِ مِنِّي اَللّٰهُمَّ فَطَهِّرْهُ مِنَ الذُّنُوبِ وَ زِدْ فِي عُمُرِهِ وَ ادْفَعِ الْآفَاتِ عَنْ بَدَنِهِ وَ الْأَوْجَاعَ عَنْ جِسْمِهِ وَ زِدْهُ مِنَ الْغِنَى وَ ادْفَعْ عَنْهُ الْفَقْرَ فَإِنَّكَ تَعْلَمُ وَ لَا نَعْلَمُ“

نیز امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو کوئی اپنے لڑکے کے ختنے کے وقت یہ نہ کہہ سکے تو اس کو چاہیے کہ اس لڑکے کے احتلام ہونے سے پہلے یہ کہہ لے پس اگر کہے گا تو وہ لڑکا لوہے کی گرمی یعنی قتل وغیرہ سے بچا رہے گا۔ [1]

تحقیق:

حدیث حسن کالصحیح ہے۔ [2]

{2440} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنِ الْعَمْرَكِيِّ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ أَخِيهِ أَبِي الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ مَوْلُودٍ يُحْلَقُ رَأْسُهُ بَعْدَ يَوْمِ السَّابِعِ فَقَالَ إِذَا مَضَى سَبْعَةُ أَيَّامٍ فَلَيْسَ عَلَيْهِ حَلْقٌ.

❂ علی بن جعفر علیہ السلام سے روایت ہے کہ میں نے اپنے بھائی امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ کیا نومولود کا سر ساتویں دن کے بعد بھی مونڈا جا سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب سات دن گزر جائیں تو اس پر سر مونڈنا (ضروری) نہیں ہے۔ [3]

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۸۸ ح ۴۲۷۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۴۳۴ ح ۲۷۵۳۸؛ الوافی: ۲۳/۱۳۶۲؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۳۲۵

[2] روضۃ المتقین: ۸/۴۲۰

[3] الکافی: ۶/۳۸ ح ۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۸۹ ح ۴۷۶۴؛ الوافی: ۲۳/۱۳۴۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۴۴۴ ح ۲۷۵۳۹؛ مکارم الاخلاق: ۲۲۹؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۱۲۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/۴۴۶ ح ۱۷۸۶؛ مسائل علی بن جعفر و مستدرکاتھا: ۲۷۹؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۳۲۶

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ①

{2441} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ إِدْرِيسَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ مَوْلُودٍ يُولَدُ فَيَمُوتُ يَوْمَ السَّابِعِ هَلْ يُعَقُّ عَنْهُ قَالَ إِنْ كَانَ مَاتَ قَبْلَ الظُّهْرِ لَمْ يُعَقَّ عَنْهُ وَإِنْ مَاتَ بَعْدَ الظُّهْرِ عُقَّ عَنْهُ.

ادریس بن عبداللہ سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس مولود کے بارے میں پوچھا جو پیدا ہونے کے ساتویں دن مر جاتا ہے تو کیا اس کا عقیقہ کیا جائے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر وہ ظہر سے پہلے مرجائے تو اس کا عقیقہ نہ کیا جائے اور اگر ظہر کے بعد مرے تو اس کا عقیقہ کیا جائے۔ ②

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ③

{2442} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَيْمُونٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ آبَائِهِ عَلَيْهِمُ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ: اَلصَّبِيُّ وَ اَلصَّبِيُّ وَ اَلصَّبِيُّ وَ اَلصَّبِيَّةُ وَ اَلصَّبِيَّةُ وَ اَلصَّبِيَّةُ يُفَرَّقُ بَيْنَهُمْ فِي الْمَضَاجِعِ لِعَشْرِ سِنِينَ.

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بچے کو بچے سے اور بچے کو بچی سے اور بچی کو بچی سے دس سال کی عمر میں الگ سلایا جائے۔ ④

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن کالصحیح ہے۔ ⑤

{2443} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ يُونُسَ عَنْ رَجُلٍ عَنْ

---

① مرآۃ العقول: ۲۱/۶۸؛ الانوار اللوامع: ۱۰/۲۹۷؛ روضۃ المتقین: ۸/۶۲۴؛ ریاض المسائل: ۱۲/۱۳۳؛ جواہر الکلام: ۳۱/۲۵۸؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۳۳۰

② الکافی: ۶/۳۹ ح ۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۸۷ ح ۴۷۲۱؛ تہذیب الاحکام: ۷/۴۴۷ ح ۱۷۸۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۴۴۵ ح ۲۷۵۴۲؛ الوافی: ۲۳/۱۳۳۲؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/۳۲۱

③ مرآۃ العقول: ۲۱/۶۸؛ الانوار اللوامع: ۱۰/۳۰۵؛ روضۃ المتقین: ۸/۶۱۳؛ ریاض المسائل: ۱۲/۱۳۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۳۳۰

④ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۳۶ ح ۴۵۰۹؛ الوافی: ۲۳/۱۳۸۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۲۳۱ ح ۲۵۵۰۶ و ۲۱/۴۶۰ ح ۲۷۵۸۱

⑤ شرح العروۃ: ۳۲/۸۹؛ موسوعہ احکام الاطفال: ۳/۳۸۹؛ حدود الشریعہ: ۱۹۰؛ روضۃ المتقین: ۸/۳۵۷

أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: دَعِ اِبْنَكَ يَلْعَبُ سَبْعَ سِنِينَ وَ أَلْزِمْهُ نَفْسَكَ سَبْعاً فَإِنْ أَفْلَحَ وَ إِلاَّ فَإِنَّهُ مِمَّنْ لاَ خَيْرَ فِيهِ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: سات سال تک اپنے بیٹے کو اس حال پر چھوڑ کر اسے کھیلنے دے اور (بعد ازاں) سات سال تک اسے اپنے ساتھ پابند رکھ (یعنی اسے نگرانی میں رکھ) پس اگر وہ فلاح پا جائے تو ٹھیک ورنہ وہ ان میں سے ہے جن میں کوئی بھلائی نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث مرسل ہے۔ [3]

{2444} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ اَلْعَاصِمِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَلْحَسَنِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَسْبَاطٍ عَنْ عَمِّهِ يَعْقُوبَ بْنِ سَالِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: اَلْغُلاَمُ يَلْعَبُ سَبْعَ سِنِينَ وَ يَتَعَلَّمُ اَلْكِتَابَ سَبْعَ سِنِينَ وَ يَتَعَلَّمُ اَلْحَلاَلَ وَ اَلْحَرَامَ سَبْعَ سِنِينَ.

یعقوب بن سالم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: بچہ سات سال تک کھیلتا ہے اور سات سال تک کتاب کی تعلیم حاصل کرتا ہے اور سات سال تک حلال وحرام کی تعلیم حاصل کرتا ہے۔ [4]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [5]

{2445} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَلْحَكَمِ عَنْ كُلَيْبٍ اَلصَّيْدَاوِيِّ قَالَ قَالَ لِي أَبُو اَلْحَسَنِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ: إِذَا وَعَدْتُمُ اَلصِّبْيَانَ فَفُوا لَهُمْ فَإِنَّهُمْ يَرَوْنَ أَنَّكُمُ اَلَّذِينَ تَرْزُقُونَهُمْ إِنَّ اَللَّهَ عَزَّ وَ جَلَّ لَيْسَ يَغْضَبُ لِشَيْءٍ كَغَضَبِهِ لِلنِّسَاءِ وَ اَلصِّبْيَانِ.

کلیب صیداوی سے روایت ہے کہ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے فرمایا: جب تم بچوں سے وعدہ کرو تو اسے ان کے لئے پورا کرو

---

[1] الکافی: ۶/۴۶ ح ۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۴۷۳ ح ۲۷۸۱۶؛ الوافی: ۲۳/۱۳۷۹؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۹۵؛ مکارم الاخلاق: ۲۲۲

[2] روضۃ المتقین: ۸/۶۴۳

[3] مرآۃ العقول: ۲۱/۸۲

[4] الکافی: ۶/۴۷ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۸/۱۱۱ ح ۳۸۰؛ الوافی: ۲۳/۱۳۷۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۷/۳۳۱ ح ۲۲۶۸۸، ۲۱/۴۷۳ ح ۲۷۶۲۱

[5] مرآۃ العقول: ۲۱/۸۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/۲۲۱

کیونکہ وہ تو یہی خیال کرتے ہیں کہ تم ہی ان کو رزق دیتے ہو، یقیناً اللہ تعالیٰ کسی وجہ سے اس طرح ناراض نہیں ہوتا جس طرح عورتوں اور بچوں کی وجہ سے ناراض ہوتا ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔ [2]

{2446} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنِ ابْنِ فَضَّالٍ عَنْ أَبِي جَمِيلَةَ عَنْ سَعْدِ بْنِ طَرِيفٍ عَنِ الْأَصْبَغِ بْنِ نُبَاتَةَ قَالَ قَالَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: مَنْ كَانَ لَهُ وَلَدٌ صَبَا.

❁ اصبغ بن نباتہ سے روایت ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: جس شخص کا کوئی بچہ ہو تو وہ بچہ بن جائے (یعنی اس کے ساتھ اسی کی طرح کھیلے)۔ [3]

تحقیق:

حدیث حسن کالصحیح ہے۔ [4]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث ضعیف ہے۔ [5]

{2447} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ رِفَاعَةَ بْنِ مُوسَى عَنْ أَبِي الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الرَّجُلِ يَكُونُ لَهُ بَنُونَ وَ أُمُّهُمْ لَيْسَتْ بِوَاحِدَةٍ أَ يُفَضِّلُ أَحَدَهُمْ عَلَى الْآخَرِ قَالَ نَعَمْ لاَ بَأْسَ بِهِ وَ قَدْ كَانَ أَبِي عَلَيْهِ السَّلاَمُ يُفَضِّلُنِي عَلَى عَبْدِ اللَّهِ.

❁ رفاعہ بن موسیٰ سے روایت ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص کے بہت سے بچے ہیں مگر ایک ماں کی اولاد نہیں ہیں تو کیا وہ ایک کو دوسرے پر ترجیح دے سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں اس میں کوئی حرج نہیں اور میرے والد علیہ السلام مجھے عبداللہ پر فضیلت دیا کرتے تھے۔ [6]

---

[1] الکافی: ۶/۵۰ ح ۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۳۸۴ ح ۲۷۴۵۲؛ الوافی: ۲۳/۱۳۸۷؛ عدۃ الداعی: ۸۳؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/۳۳۹؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/۸۶۲ ح ۳۹۷۳۶

[2] مرآۃ العقول: ۲۱/۸۷؛ روضۃ المتقین: ۸/۵۹۶

[3] الکافی: ۶/۴۹ ح ۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۴۸۶ ح ۲۷۴۵۸؛ الوافی: ۲۳/۱۳۸۸؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/۳۳۹؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/۸۶۶

[4] روضۃ المتقین: ۸/۵۹۹

[5] مرآۃ العقول: ۲۱/۸۶

[6] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۸۳ ح ۴۷۰۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۴۸۷ ح ۲۷۴۶۱؛ الوافی: ۲۳/۱۳۹۶؛ عوالم العلوم: ۲۰/۹۲۳؛ مکارم الاخلاق: ۲۲۰؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۹۳؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/۸۷۰ ح ۳۹۷۵۴

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ①

{2448} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى وَ عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ جَمِيعاً عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ أَبِي وَلَّادٍ الْحَنَّاطِ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ قَوْلِ اللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ:)وَ بِالْوالِدَيْنِ إِحْساناً (مَا هَذَا الْإِحْسَانُ فَقَالَ الْإِحْسَانُ أَنْ تُحْسِنَ صُحْبَتَهُمَا وَ أَنْ لاَ تُكَلِّفَهُمَا أَنْ يَسْأَلاَكَ شَيْئاً مِمَّا يَحْتَاجَانِ إِلَيْهِ وَ إِنْ كَانَا مُسْتَغْنِيَيْنِ أَ لَيْسَ يَقُولُ اللَّهُ عَزَّ وَ جَلَّ:)لَنْ تَنالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوا مِمّٰا تُحِبُّونَ) قَالَ ثُمَّ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ وَ أَمَّا قَوْلُ اللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ:)إِمّٰا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ أَحَدُهُمٰا أَوْ كِلاٰهُمٰا فَلاٰ تَقُلْ لَهُمٰا أُفٍّ وَ لاٰ تَنْهَرْهُمٰا) قَالَ إِنْ أَضْجَرَاكَ فَلاَ تَقُلْ لَهُمَا أُفٍّ وَ لاَ تَنْهَرْهُمَا إِنْ ضَرَبَاكَ قَالَ (وَ قُلْ لَهُمٰا قَوْلاً كَرِيماً) قَالَ إِنْ ضَرَبَاكَ فَقُلْ لَهُمَا غَفَرَ اللَّهُ لَكُمَا فَذَلِكَ مِنْكَ قَوْلٌ كَرِيمٌ قَالَ (وَ اخْفِضْ لَهُمٰا جَنٰاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ) قَالَ لاَ تَمْلَأْ عَيْنَيْكَ مِنَ النَّظَرِ إِلَيْهِمَا إِلاَّ بِرَحْمَةٍ وَ رِقَّةٍ وَ لاَ تَرْفَعْ صَوْتَكَ فَوْقَ أَصْوَاتِهِمَا وَ لاَ يَدَكَ فَوْقَ أَيْدِيهِمَا وَ لاَ تَقَدَّمْ قُدَّامَهُمَا.

ابوولاد حناط سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے خدا کے قول: ''اور والدین کے ساتھ احسان کرو (الاسراء: ۲۳)'' کے بارے میں پوچھا کہ یہ احسان سے کیا مراد ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: احسان یہ ہے کہ ان دونوں کی صحبت (ہم نشینی) کو بہترین بناؤ اور اگر ان کو کسی چیز کی ضرورت ہو تو ان کو سوال کرنے کی زحمت نہ دے (بلکہ بلا طلب دے) اگرچہ وہ مالدار ہی کیوں نہ ہوں۔ کیا اللہ فرماتا نہیں ہے کہ: ''جب تک تم اپنی پسند کی چیزوں میں سے خرچ نہ کرو تب تک کبھی نیکی کو نہیں پہنچ سکتے (آل عمران: ۹۲)''

راوی کہتا ہے کہ پھر امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: نیز ارشاد خداوندی ہے کہ: ''اگر ان میں سے ایک یا دونوں تمہارے پاس ہوں اور بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو انہیں اُف تک نہ کہنا اور نہ انہیں جھڑکنا (الاسراء: ۲۳)''

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر وہ تمہیں تنگ بھی کریں تو تب بھی تو اُف تک نہ کر اور اگر وہ تمہیں ماریں پیٹیں تب بھی انہیں جھڑکی مت دے۔ اللہ فرماتا ہے کہ: ''اور ان سے عزت وتکریم سے بات کرنا (الاسراء: ۲۳)''

امام علیہ السلام نے فرمایا: اگر وہ تمہیں مریں تو ان کے لئے کہہ کہ اللہ تم دونوں کو معاف فرمائے پس یہ تمہارے طرف سے قول کریم (عزت وتکریم والی بات) ہے

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ: ''اور مہر ومحبت کے ساتھ ان کے آگے انکساری کا پہلو جھکائے رکھو (الاسراء: ۲۴)''

امام علیہ السلام نے فرمایا: مہربانی اور شفقت کے سوا آنکھیں بھر کر ان کی طرف نہ دیکھ اور اپنی آواز کو ان کی آواز پر بلند نہ

① روضۃ المتقین: ۸/۵۹۶

کراور اپنے ہاتھ کو ان کے ہاتھ پر بلند نہ کر اور نہ ان کے آگے چل۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2449} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ مُعَمَّرِ بْنِ خَلاَّدٍ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي اَلْحَسَنِ اَلرِّضَا عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ أَدْعُو لِوَالِدَيَّ إِذَا كَانَا لاَ يَعْرِفَانِ اَلْحَقَّ قَالَ اُدْعُ لَهُمَا وَ تَصَدَّقْ عَنْهُمَا وَ إِنْ كَانَا حَيَّيْنِ لاَ يَعْرِفَانِ اَلْحَقَّ فَدَارِهِمَا فَإِنَّ رَسُولَ اَللَّهِ صَلَّى اَللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ قَالَ إِنَّ اَللَّهَ بَعَثَنِي بِالرَّحْمَةِ لاَ بِالْعُقُوقِ.

معمر بن خلاد سے روایت ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام سے عرض کیا کہ کیا میں اپنے والدین کے لئے دعا کر سکتا ہو جبکہ وہ حق کی معرفت نہ رکھتے ہوں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ان کے لئے دعا کرو اور ان کی طرف سے صدقہ دو اور اگر وہ حیات ہیں اور حق کے عارف بھی نہیں ہیں تب بھی ان سے مدارت (حسن سلوک) کرو کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اللہ نے مجھے رحمت کے ساتھ بھیجا ہے نہ کہ عقوق (نافرمانی) کے ساتھ۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2450} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ اِبْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى اَلنَّبِيِّ صَلَّى اَللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ فَقَالَ يَا رَسُولَ اَللَّهِ مَنْ أَبَرُّ قَالَ أُمَّكَ قَالَ ثُمَّ مَنْ قَالَ أُمَّكَ قَالَ ثُمَّ مَنْ قَالَ أُمَّكَ قَالَ ثُمَّ مَنْ قَالَ أَبَاكَ.

ہشام بن سالم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت

---

[1] الکافی: ۲/۱۵۷ ح ۱؛ تفسیر الصافی: ۳/۱۸۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۴۸۷ ح ۲۷۶۹۳؛ تفسیر البرہان: ۳/۵۱۸؛ مستدرک الوسائل: ۱۵/۱۷۳ ح ۱۷۹۹۶؛ مشکاۃ الانوار: ۱۶۳؛ بحار الانوار: ۷۱/۷۹؛ تفسیر نور الثقلین: ۳/۱۴۸؛ تفسیر العیاشی: ۲/۲۸۵؛ تفسیر کنز الدقائق: ۷/۳۸۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/۴۰۷ ح ۵۸۵۳؛ الوافی: ۵/۴۹۳

[2] مفاتیح الشرائع: ۲/۸؛ مراۃ العقول: ۸/۳۹۲؛ روضۃ المتقین: ۱۳/۱۹۲

[3] الکافی: ۲/۱۵۹ ح ۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۴۹۰ ح ۲۷۶۹۲؛ تفسیر نور الثقلین: ۴/۲۰۰؛ تفسیر کنز الدقائق: ۷/۳۸۵؛ مشکاۃ الانوار: ۱۵۹؛ الوافی: ۵/۴۹۸؛ بحار الانوار: ۷۱/۴؛ مستدرک الوسائل: ۱۵/۱۷۹ ح ۱۷۹۲۸؛ تفسیر الصافی: ۴/۱۴۴؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۳۳۵؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/۸۹۶

[4] مراۃ العقول: ۸/۴۱۷؛ حدود الشریعہ: ۴۷۴

میں حاضر ہوا اور عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ! کس سے نیکی کروں؟

آپ ﷺ نے فرمایا: اپنی ماں سے۔

اس نے عرض کیا: پھر کس سے؟

آپ ﷺ نے فرمایا: اپنی ماں سے

اس نے عرض کیا: پھر کس سے

آپ ﷺ نے فرمایا: اپنی ماں سے

اس نے عرض کیا: پھر کس سے؟

آپ ﷺ نے فرمایا: اپنے باپ سے [1]

تحقیق:

حدیث حسن کالصحیح یا حسن ہے۔ [2]

{2451} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَلْحُسَيْنِ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ يَزِيدَ عَنِ اِبْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ: كُنْتُ جَالِساً عِنْدَ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ إِذْ دَخَلَ يُونُسُ بْنُ يَعْقُوبَ فَرَأَيْتُهُ يَئِنُّ فَقَالَ لَهُ أَبُو عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ مَا لِي أَرَاكَ تَئِنُّ قَالَ طِفْلٌ لِي تَأَذَّيْتُ بِهِ اَللَّيْلَ أَجْمَعَ فَقَالَ لَهُ أَبُو عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ يَا يُونُسُ حَدَّثَنِي أَبِي مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ عَنْ آبَائِهِ عَلَيْهِمُ اَلسَّلاَمُ عَنْ جَدِّي رَسُولِ اَللَّهِ صَلَّى اَللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ أَنَّ جَبْرَئِيلَ نَزَلَ عَلَيْهِ وَ رَسُولُ اَللَّهِ وَ عَلِيٌّ صَلَوَاتُ اَللَّهِ عَلَيْهِ يَئِنَّانِ فَقَالَ جَبْرَئِيلُ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ يَا حَبِيبَ اَللَّهِ مَا لِي أَرَاكَ تَئِنُّ فَقَالَ رَسُولُ اَللَّهِ صَلَّى اَللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ طِفْلاَنِ لَنَا تَأَذَّيْنَا بِبُكَائِهِمَا فَقَالَ جَبْرَئِيلُ مَهْ يَا مُحَمَّدُ فَإِنَّهُ سَيُبْعَثُ لِهَؤُلاَءِ اَلْقَوْمِ شِيعَةٌ إِذَا بَكَى أَحَدُهُمْ فَبُكَاؤُهُ لاَ إِلَهَ إِلاَّ اَللَّهُ إِلَى أَنْ يَأْتِيَ عَلَيْهِ سَبْعُ سِنِينَ فَإِذَا جَازَ اَلسَّبْعَ فَبُكَاؤُهُ اِسْتِغْفَارٌ لِوَالِدَيْهِ إِلَى أَنْ يَأْتِيَ عَلَى اَلْحَدِّ فَإِذَا جَازَ اَلْحَدَّ فَمَا أَتَى مِنْ حَسَنَةٍ فَلِوَالِدَيْهِ وَ مَا أَتَى مِنْ سَيِّئَةٍ فَلاَ عَلَيْهِمَا.

محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر تھا کہ یونس بن یعقوب وہاں داخل ہوئے اور میں نے دیکھا کہ وہ رو رہے ہیں۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے اس سے فرمایا: میں تمہیں روتا ہوا کیوں دیکھ رہا ہوں؟ اس نے عرض کیا: میرا ایک بچہ

---

[1] الکافی: ۲/۱۵۹ ح۹؛ الوافی: ۵/۴۹۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۴۹۱ ح ۲۷۶۰۲؛ بحار الانوار: ۷۱/۴۹؛ تفسیر کنز الدقائق: ۷/۸۵۳؛ تفسیر الصافی: ۴/۱۴۴؛ تفسیر نور الثقلین: ۴/۲۰۰

[2] مرآۃ العقول: ۸/۴۱۹؛ غنائم الایام: ۵/۴۳۹

(بیمار) ہے جس کی وجہ سے ساری رات اذیت اٹھائی ہے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے اس سے فرمایا: اے یونس! مجھے میرے والد بزرگوار محمد بن علی علیہ السلام نے اپنے آباء طاہرین علیہ السلام کے حوالے سے یہ حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بیان فرمائی کہ ایک مرتبہ جبرئیل علیہ السلام جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل ہوئے جبکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت علی علیہ السلام دونوں رو رہے تھے۔ جبرئیل نے عرض کیا: یا حبیب اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو روتا ہوا کیوں دیکھ رہا ہوں؟

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہمارے دو بچے ہیں جن کے رونے کی وجہ سے ہمیں تکلیف ہوئی ہے۔

جبرئیل علیہ السلام نے عرض کیا: ٹھہریئے اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! عنقریب ان کے لئے قوم شیعہ مبعوث ہوگی تو جب بھی ان کا بچہ روئے گا تو ان کا رونا لا الہ الا اللہ ہوگا اور جب سال سال گزر جائیں گے تو اس کا رونا اس کے والدین کے لئے استغفار ہوگا یہاں تک کہ وہ ایک حد (یعنی بلوغت) تک پہنچے اور جب حد سے آگے بڑھے گا تو جو وہ نیکی کرے گا وہ اس کے والدین کے لئے ہوگی اور جو برائی کرے گا وہ والدین پر نہ ہوگی۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2452} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اَللَّهِ بْنِ اَلْمُغِيرَةِ عَنْ أَبِي اَلْحَسَنِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اَللَّهِ صَلَّى اَللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ: كُنْ بَارّاً وَ اِقْتَصِرْ عَلَى اَلْجَنَّةِ وَ إِنْ كُنْتَ عَاقّاً فَظّاً فَاقْتَصِرْ عَلَى اَلنَّارِ.

امام علی رضا علیہ السلام سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: (والدین سے) نیکی کرنے والا بن جا اور جنت پر اکتفاء کر اور اگر تو عاق اور بدتمیز ہے تو آگ (جہنم) پر اکتفاء کر۔ [3]

تحقیق:

حدیث حسن کالصحیح ہے۔ [4]

{2453} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ اِبْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ

---

[1] الکافی: ۶/۵۲ ح ۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۳۹۵ ح ۲۷۶۸۲؛ الوافی: ۲۳/۱۲۹۴؛ عوالی اللئالی: ۳/۲۸۳؛ بحار الانوار: ۵۷/۳۳۴؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/۸۶۸

[2] مرآۃ العقول: ۲۱/۹۱

[3] الکافی: ۲/۳۴۸ ح ۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۵۰۰ ح ۲۷۶۹۲؛ الوافی: ۵/۹۱۱؛ بحار الانوار: ۷۱/۶۰؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۳۳۶

[4] مرآۃ العقول: ۱۰/۷۱

عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: كَفَرَ بِاللّٰهِ مَنْ تَبَرَّأَ مِنْ نَسَبٍ وَإِنْ دَقَّ.

۞ ابوبصیر سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اس شخص نے اللہ سے کفر کیا جس نے کسی نسب سے بیزاری اختیار کی اگرچہ وہ نسب ضعیف ہو۔ [1]

تحقیق:

حدیث حسن کالصحیح ہے۔ [2]

{2454} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ اَلْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ رِفَاعَةَ بْنِ مُوسَى قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا اَلْحَسَنِ مُوسَى بْنَ جَعْفَرٍ عَلَيْهِمَا اَلسَّلاَمُ قُلْتُ أَشْتَرِي اَلْجَارِيَةَ فَتَمْكُثُ عِنْدِي اَلْأَشْهُرَ لاَ تَطْمَثُ وَ لَيْسَ ذَلِكَ مِنْ كِبَرٍ قُلْتُ وَ أُرِيهَا اَلنِّسَاءَ فَيَقُلْنَ لَيْسَ بِهَا حَبَلٌ أَفَلِي أَنْ أَنْكِحَهَا فِي فَرْجِهَا قَالَ فَقَالَ إِنَّ اَلطَّمْثَ قَدْ تَحْبِسُهُ اَلرِّيحُ مِنْ غَيْرِ حَمْلٍ فَلاَ بَأْسَ أَنْ تَمَسَّهَا فِي اَلْفَرْجِ قُلْتُ فَإِنْ كَانَ حَمْلاً فَمَا لِي مِنْهَا إِنْ أَرَدْتُ فَقَالَ) لَكَ مَا دُونَ اَلْفَرْجِ إِلَى أَنْ تَبْلُغَ فِي حَمْلِهَا أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَ عَشَرَةَ أَيَّامٍ فَإِذَا جَازَ حَمْلُهَا أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَ عَشَرَةَ أَيَّامٍ فَلاَ بَأْسَ بِنِكَاحِهَا فِي اَلْفَرْجِ (قُلْتُ إِنَّ اَلْمُغِيرَةَ وَ أَصْحَابَهُ يَقُولُونَ لاَ يَنْبَغِي لِلرَّجُلِ أَنْ يَنْكِحَ اِمْرَأَتَهُ وَهِيَ حَامِلٌ وَ قَدِ اسْتَبَانَ حَمْلُهَا حَتَّى تَضَعَ فَتَغْذُوَ وَلَدَهُ قَالَ هَذَا مِنْ أَفْعَالِ اَلْيَهُودِ.

۞ رفاعہ بن موسیٰ سے روایت ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے عرض کیا: میں ایک کنیز خریدتا ہوں جو میرے پاس چند ماہ رہتی ہے مگر اسے حیض نہیں آتا حالانکہ وہ بزرگ (یائسہ) بھی نہیں ہے۔ نیز میں نے عرض کیا کہ میں اسے (ماہر) عورتوں کو دکھاتا ہوں اور وہ کہتی ہیں کہ اسے حمل بھی نہیں ہے تو کیا میں اس کی شرمگاہ میں مناکحت (مجامعت) کرسکتا ہوں؟ آپ علیہ السلام نے فرمایا: بعض اوقات ریح (وغیرہ) بغیر حمل کے بھی حیض کو روک دیتی ہے تو کوئی حرج نہیں ہے کہ تم اس کی فرج میں تمسک (مجامعت) کرو۔

میں نے عرض کیا: پس اگر وہ حاملہ ہو تو میں اس سے کس چیز کا ارادہ کروں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: فرج کے علاوہ سب تمہارے لئے (صحیح) ہے جب تک کہ اس کے حمل کو چار ماہ دس دن گزر جائیں اور جب چار ماہ دس دن اس کے حمل کے گزر جائیں تو پھر اس کی فرج میں بھی مناکحت (مجامعت) کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ میں نے عرض کیا: مغیرہ اور اس کے ساتھی کہتے ہیں کہ آدمی کو اپنی عورت سے مناکحت (مجامعت) نہیں کرنی چاہیے جبکہ وہ حاملہ

---

[1] الکافی: ۵۰/۲ ح ۳ او ۲؛ مجموعہ ورام: ۲۰۸/۲؛ وسائل الشیعہ: ۵۰۶/۲۱ ح ۲۷۷۱۰؛ الوافی: ۲۷/۵ ۱۰۶ او ۱۹/۵۷۳؛ بحار الانوار: ۱۳۸/۷۱؛ ھدایۃ الامہ: ۳۳۸/۷

[2] مرآۃ العقول: ۳۷۶/۱۰

ہو اور اس کا حمل ظاہر ہو چکا ہو یہاں تک کہ وہ اسے وضع کرے اور اپنے بچے کو غذا دے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ (خیال کرنا) یہودیوں کے افعال میں سے ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2455} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ عَطِيَّةَ عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ وَجَدْنَا فِي كِتَابِ عَلِيٍّ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ رَسُولُ اَللَّهِ صَلَّى اَللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ: إِذَا كَثُرَ اَلزِّنَا مِنْ بَعْدِي كَثُرَ مَوْتُ اَلْفَجْأَةِ.

ابوعبیدہ سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: ہم نے کتاب علی علیہ السلام میں یہ پایا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب میرے بعد زنا کی کثرت ہوگی تو ناگہانی اموات میں بھی کثرت ہوگی۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2456} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَلْحَكَمِ عَنْ أَبِي حَمْزَةَ قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ عَلِيِّ بْنِ اَلْحُسَيْنِ عَلَيْهِمَا اَلسَّلاَمُ فَجَاءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ لَهُ يَا أَبَا مُحَمَّدٍ إِنِّي مُبْتَلًى بِالنِّسَاءِ فَأَزْنِي يَوْماً وَأَصُومُ يَوْماً فَيَكُونُ ذَا كَفَّارَةً لِذَا فَقَالَ لَهُ عَلِيُّ بْنُ اَلْحُسَيْنِ عَلَيْهِمَا اَلسَّلاَمُ إِنَّهُ لَيْسَ شَيْءٌ أَحَبَّ إِلَى اَللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ أَنْ يُطَاعَ وَلاَ يُعْصَى فَلاَ تَزْنِ وَلاَ تَصُمْ فَاجْتَذَبَهُ أَبُو جَعْفَرٍ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ إِلَيْهِ فَأَخَذَ بِيَدِهِ فَقَالَ يَا أَبَا زَنَّةَ تَعْمَلُ عَمَلَ أَهْلِ اَلنَّارِ وَتَرْجُو أَنْ تَدْخُلَ اَلْجَنَّةَ.

ابوحمزہ سے روایت ہے کہ ہم امام زین العابدین علیہ السلام کی خدمت میں حاضر تھے کہ ایک شخص حاضر ہوا اور اس نے آپ علیہ السلام سے عرض کیا: اے ابو محمد علیہ السلام! میں عورتوں میں مبتلا ہوں پس میں ایک دن زنا کرتا ہوں اور ایک دن (سنتی) روزہ رکھ لیتا ہوں تو کیا یہ (روزہ) اس (زنا) کا کفارہ بن جائے گا؟

امام زین العابدین علیہ السلام نے اس سے فرمایا: اللہ تعالیٰ کو اس سے زیادہ کوئی چیز پسند نہیں ہے کہ اس کی اطاعت کی جائے

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/۴۶۸ ح ۱۸۷؛ الوافی: ۲۳/۱۲۷۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۸۶ ح ۲۶۵۹۴ و ۹۲ ح ۲۶۶۱۰

[2] ملاذ الاخیار: ۱۲/۷۳۴؛ الانوار اللوامع: ۱۰/۲۱۳

[3] الکافی: ۵/۵۴۱ ح ۴؛ المحاسن: ۱/۱۹۳ ح ۲۹۴؛ بحار الانوار: ۷۶/۲۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۳۰۷ ح ۲۵۶۸۵؛ الوافی: ۱۵/۲۱۰؛ روضۃ الواعظین: ۲/۴۶۳؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/۱۴۹

[4] مرآۃ العقول: ۲۰/۳۸۶

اور معصیت نہ کی جائے پس تم زنا نہ کرو اور نہ روزہ رکھو۔ اس پر امام محمد باقر علیہ السلام اسے اپنے پاس کھینچا اور اس کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا: یا ابا زنہ (اے بندر کے باپ)! تو جہنمیوں والے کام کرتا ہے اور امید رکھتا ہے کہ جنت میں داخل ہو جائے گا۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2457} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْعَلاَءِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ قَالَ أَبُو جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: إِذَا زَنَى الزَّانِي خَرَجَ مِنْهُ رُوحُ الْإِيمَانِ فَإِنِ اسْتَغْفَرَ عَادَ إِلَيْهِ قَالَ وَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ لاَ يَزْنِي الزَّانِي حِينَ يَزْنِي وَ هُوَ مُؤْمِنٌ وَ لاَ يَشْرَبُ الشَّارِبُ حِينَ يَشْرَبُ وَ هُوَ مُؤْمِنٌ وَ لاَ يَسْرِقُ السَّارِقُ حِينَ يَسْرِقُ وَ هُوَ مُؤْمِنٌ قَالَ أَبُو جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ وَ كَانَ أَبِي عَلَيْهِ السَّلاَمُ يَقُولُ إِذَا زَنَى الزَّانِي فَارَقَهُ رُوحُ الْإِيمَانِ قُلْتُ فَهَلْ يَبْقَى فِيهِ مِنَ الْإِيمَانِ شَيْءٌ مَا أَوْ قَدِ انْخَلَعَ مِنْهُ أَجْمَعُ قَالَ لاَ بَلْ فِيهِ فَإِذَا قَامَ عَادَ إِلَيْهِ رُوحُ الْإِيمَانِ.

محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: جب زانی زنا کرتا ہے تو اس سے ایمان کی روح نکل جاتی ہے پس اگر استغفار کرتا ہے تو اس کی طرف لوٹ آتی ہے۔

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: زانی زنا کرتے وقت مومن نہیں رہتا اور شرابی شراب پیتے وقت مومن نہیں رہتا اور چور چوری کرتے وقت مومن نہیں رہتا اور امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ میرے پدر بزرگوار علیہ السلام فرمایا کرتے تھے کہ جب زانی زنا کرتا ہے تو ایمان کی روح اس سے جدا ہو جاتی ہے۔

میں نے عرض کیا: اس میں کچھ باقی بھی رہ جاتی ہے یا ساری نکل جاتی ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں بلکہ جب وہ زنا کر کے کھڑا ہوتا ہے تو پھر اس میں روح ایمان پلٹ کر آ جاتی ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2458} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عِيسَى عَنِ ابْنِ مُسْكَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: ثَلاَثَةٌ لاَ يُكَلِّمُهُمُ اللَّهُ وَ لاَ يُزَكِّيهِمْ وَ لَهُمْ

[1] الکافی: ۵/۵۴۱ ح ۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۳۰۷ ح ۲۵۶۸۲؛ الوافی: ۱۵/۲۱۱؛ عدۃ الداعی: ۳۱۳؛ بحار الانوار: ۷۶/۲۸؛ الفصول المہمہ: ۱/۲۸۴

[2] مراۃ العقول: ۲۰/۳۸۷؛ فقہ الحدود: ۱۱۸

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/۲۲ ح ۴۹۸۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۳۱۰ ح ۲۵۶۹۴؛ الوافی: ۱۵/۲۱۵؛ الفصول المہمہ: ۱/۳۸۳؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۴۰۷ ح ۳۷۵۴۷

[4] روضۃ المتقین: ۹/۳۴۲

عَذَابٌ أَلِيمٌ (مِنْهُمُ الْمَرْأَةُ تُوطِئُ فِرَاشَ زَوْجِهَا.

محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: تین اشخاص ایسے ہیں کہ جن سے نہ اللہ کلام کرے گا اور نہ ان کا تذکیہ کرے گا اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے اور ان میں سے ایک وہ عورت ہے جو اپنے شوہر کے بستر پر (غیر مرد سے) وطی کرواتی ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [2]

{2459} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ وَ عِدَّةٌ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِي الْعَبَّاسِ الْكُوفِيِّ جَمِيعاً عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: اِجْتَمَعَ الْحَوَارِيُّونَ إِلَى عِيسَى عَلَيْهِ السَّلاَمُ فَقَالُوا لَهُ يَا مُعَلِّمَ الْخَيْرِ أَرْشِدْنَا فَقَالَ لَهُمْ إِنَّ مُوسَى كَلِيمَ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَمَرَكُمْ أَنْ لاَ تَحْلِفُوا بِاللَّهِ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى كَاذِبِينَ وَ أَنَا آمُرُكُمْ أَنْ لاَ تَحْلِفُوا بِاللَّهِ كَاذِبِينَ وَ لاَ صَادِقِينَ قَالُوا يَا رُوحَ اللَّهِ زِدْنَا فَقَالَ إِنَّ مُوسَى نَبِيَّ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَمَرَكُمْ أَنْ لاَ تَزْنُوا وَ أَنَا آمُرُكُمْ أَنْ لاَ تُحَدِّثُوا أَنْفُسَكُمْ بِالزِّنَا فَضْلاً عَنْ أَنْ تَزْنُوا فَإِنَّ مَنْ حَدَّثَ نَفْسَهُ بِالزِّنَا كَانَ كَمَنْ أَوْقَدَ فِي بَيْتٍ مُزَوَّقٍ فَأَفْسَدَ التَّزَاوِيقَ الدُّخَانُ وَ إِنْ لَمْ يَحْتَرِقِ الْبَيْتُ.

عبداللہ بن سنان سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: حواری جمع ہو کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس آئے اور انہوں نے آپ علیہ السلام سے عرض کیا: اے بھلائی کے معلم! ہماری ہدایت فرمایئے آپ علیہ السلام نے ان سے فرمایا: موسیٰ کلیم اللہ نے تمہیں حکم دیا کہ تم اللہ کی جھوٹی قسمیں مت کھاؤ اور میں تمہیں حکم دیتا ہوں کہ تم اللہ کی نہ جھوٹی قسمیں کھاؤ اور نہ سچی۔

انہوں نے عرض کیا: اے روح اللہ! ہمارے لئے مزید فرمایئے۔

آپ علیہ السلام نے فرمایا: موسیٰ نبی اللہ علیہ السلام نے تمہیں حکم دیا کہ تم زنا نہ کرو اور میں تمہیں حکم دیتا ہوں کہ تم اپنے اندر زنا کے لئے سوچو بھی مت چہ جائیکہ تم زنا کرو کیونکہ جو اپنے اندر زنا کے لئے سوچتا ہے وہ گویا ایسے ہے کہ جس نے آراستہ گھر میں آگ لگائی ہو اور اس کی آرائش کو دھوئیں نے خراب کر دیا اگرچہ گھر نہ بھی جلے۔ [3]

---

[1] الکافی: ۵/۵۴۳ ح ۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۳۱۴ ح ۲۵۷۰۹؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/۳۵۶؛ تفسیر کنز الدقائق: ۳/۱۳۷؛ الوافی: ۱۵/۲۱۲؛ المحاسن: ۱/۱۰۸؛ بحار الانوار: ۷۶/۲۵؛ ثواب الاعمال: ۲۶۳؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۵۰۱؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۸۵۷

[2] مرآۃ العقول: ۲۰/۳۸۸

[3] الکافی: ۵/۵۴۲ ح ۷؛ بحار الانوار: ۱۴/۳۳۱؛ عوالی اللئالی: ۳/۵۴۶؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۳۱۸ ح ۲۵۷۱۹؛ الوافی: ۱۵/۲۱۰؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۵۱؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۳۰۷ ح ۳۷۵۹۰

تحقیق:

حدیث حسن کالموثق ہے۔ [1]

{2460} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ وَ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْمَاعِيلَ بْنِ بَزِيعٍ عَنْ مَنْصُورِ بْنِ يُونُسَ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ مَا لِصَاحِبِ الْمَرْأَةِ الْحَائِضِ مِنْهَا فَقَالَ كُلُّ شَيْءٍ مَا عَدَا الْقُبُلَ بِعَيْنِهِ.

✪ عبدالملک بن عمرو سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ حیض والی عورت کے صاحب (یعنی شوہر) کے لئے اس میں سے کیا (حلال) ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: صرف اگلی شرمگاہ کے علاوہ سب کچھ (حلال) ہے۔ [2]

تحقیق:

حدیث حسن یا موثق ہے۔ [3]

{2461} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ أَبِي بَكْرٍ الْحَضْرَمِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ: مَنْ جَامَعَ غُلاَماً جَاءَ جُنُباً يَوْمَ الْقِيَامَةِ لاَ يُنَقِّيهِ مَاءُ الدُّنْيَا وَ غَضِبَ اللَّهُ عَلَيْهِ وَ لَعَنَهُ وَ أَعَدَّ لَهُ جَهَنَّمَ وَ سَاءَتْ مَصِيراً ثُمَّ قَالَ إِنَّ الذَّكَرَ لَيَرْكَبُ الذَّكَرَ فَيَهْتَزُّ الْعَرْشُ لِذَلِكَ وَ إِنَّ الرَّجُلَ لَيُؤْتَى فِي حَقَبِهِ فَيَحْبِسُهُ اللَّهُ عَلَى جِسْرِ جَهَنَّمَ حَتَّى يَفْرُغَ مِنْ حِسَابِ الْخَلاَئِقِ ثُمَّ يُؤْمَرُ بِهِ إِلَى جَهَنَّمَ فَيُعَذَّبُ بِطَبَقَاتِهَا طَبَقَةً طَبَقَةً حَتَّى يُرَدَّ إِلَى أَسْفَلِهَا وَ لاَ يَخْرُجُ مِنْهَا.

✪ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص کسی لڑکے سے مجامعت (بدفعلی) کرے تو وہ قیامت کے دن جب آئے گا (کیونکہ) اسے دنیا کا پانی پاک ہی نہیں کرے گا اور اس پر اللہ کا غضب اور اس کی لعنت ہے اور اس کے لئے جہنم تیار کردی گئی ہے جو بہت برا انجام ہے۔

پھر فرمایا: جب کوئی مذکر کسی ذکر پر سوار ہوتا ہے تو اس سے عرش (الٰہی) کانپ جاتا ہے اور اگر کوئی مرد اپنی عقب (یعنی دبر) میں جماع کرائے تو اللہ اسے جہنم کے پل پر قید کردے گا یہاں تک کہ وہ مخلوق کے حساب سے فارغ ہوجائے گا پھر اس

---

[1] مرآۃ العقول: ۲۰/ ۳۸۷

[2] الکافی: ۵/ ۵۳۸ ح ا؛ تہذیب الاحکام: ۱/ ۱۵۴ ح ۴۳۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/ ۳۲۶ ح ۲۵۷۳۳؛ الوافی: ۲۲/ ۵۷۳؛ الفصول المہمہ: ۲/ ۳۰۴؛ تفسیر الصافی: ۱/ ۲۵۲؛ ھدایۃ الامہ: ۷/ ۲۰۳

[3] مرآۃ العقول: ۲۰/ ۳۸۱؛ مصابیح الظلام: ۱/ ۲۰۱؛ فقہ الصادقؑ: ۲/ ۷۴؛ مدارک العروۃ: ۳/ ۲۰۴؛ مستمسک العروۃ: ۳/ ۲۹۱؛ ملاذ الاخیار: ۲/ ۱۷

کے بارے میں جہنم کو حکم دے گا اور پھر اسے جہنم کے ہر طبقے میں عذاب دے گا یہاں تک کہ سب سے نیچے والے طبقے میں ڈالا جائے گا اور وہ اس سے باہر نہیں آئے گا۔ [1]

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔ [2]

{2462} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ طَلْحَةَ بْنِ زَيْدٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ: مَنْ قَبَّلَ غُلاَماً مِنْ شَهْوَةٍ أَلْجَمَهُ اللَّهُ يَوْمَ اَلْقِيَامَةِ بِلِجَامٍ مِنْ نَارٍ.

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص کسی لڑکے کو شہوت سے بوسہ دے گا تو اللہ اسے قیامت کے دن (اس کے منہ میں) آگ کی لجام کے ساتھ جمع کرے گا۔ [3]

تحقیق:

حدیث کالموثق ہے۔ [4]

{2463} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَلْحَكَمِ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ جَرِيرٍ قَالَ: سَأَلَتْنِي اِمْرَأَةٌ أَنْ أَسْتَأْذِنَ لَهَا عَلَى أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ فَأَذِنَ لَهَا فَدَخَلَتْ وَ مَعَهَا مَوْلاَةٌ لَهَا فَقَالَتْ يَا أَبَا عَبْدِ اللَّهِ قَوْلُ اللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ:)زَيْتُونَةٍ لاٰ شَرْقِيَّةٍ وَ لاٰ غَرْبِيَّةٍ(مَا عَنَى بِهَذَا فَقَالَ أَيَّتُهَا اَلْمَرْأَةُ إِنَّ اللَّهَ لَمْ يَضْرِبِ اَلْأَمْثَالَ لِلشَّجَرِ إِنَّمَا ضَرَبَ اَلْأَمْثَالَ لِبَنِي آدَمَ سَلِي عَمَّا تُرِيدِينَ فَقَالَتْ أَخْبِرْنِي عَنِ اَللَّوَاتِي مَعَ اَللَّوَاتِي مَا حَدُّهُنَّ فِيهِ قَالَ حَدُّ اَلزِّنَا إِنَّهُ إِذَا كَانَ يَوْمُ اَلْقِيَامَةِ يُؤْتَى بِهِنَّ قَدْ أُلْبِسْنَ مُقَطَّعَاتٍ مِنْ نَارٍ وَ قُنِّعْنَ بِمَقَانِعَ مِنْ نَارٍ وَ سُرْوِلْنَ مِنَ اَلنَّارِ وَ أُدْخِلَ فِي أَجْوَافِهِنَّ إِلَى رُءُوسِهِنَّ أَعْمِدَةٌ مِنْ نَارٍ وَ قُذِفَ بِهِنَّ فِي اَلنَّارِ أَيَّتُهَا اَلْمَرْأَةُ إِنَّ أَوَّلَ مَنْ عَمِلَ هَذَا اَلْعَمَلَ قَوْمُ لُوطٍ فَاسْتَغْنَى اَلرِّجَالُ بِالرِّجَالِ فَبَقِيَ اَلنِّسَاءُ بِغَيْرِ رِجَالٍ فَفَعَلْنَ كَمَا فَعَلَ رِجَالُهُنَّ.

اسحاق بن جریر سے روایت ہے کہ مجھ سے ایک عورت نے سوال کیا کہ میں اس کے لئے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اجازت مانگوں پس آپ علیہ السلام نے اس عورت کو اجازت دی اور وہ داخل ہوئی تو اس کے ساتھ اس کی کنیز بھی تھی اور اس نے

---

[1] الکافی: ۵/۵۴۴ ح ۲؛ الوافی: ۱۵/۲۱۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۳۲۹ ح ۲۵۷۴۴ و ۳۳۳ ح ۲۵۷۵۷؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۵۲۷

[2] مرآۃ العقول: ۲۰/۳۹۰

[3] الکافی: ۵/۵۴۸ ح ۱۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۳۴۰ ح ۲۵۷۷۲؛ الفصول المہمہ: ۲/۳۴۱؛ بحارالانوار: ۷۶/۲۷؛ الوافی: ۱۵/۲۲۵

[4] مرآۃ العقول: ۲۰/۳۹۶

عرض کیا: اے ابوعبداللہ علیہ السلام! اللہ نے اپنے قول: ''زَيْتُونَةٍ لَا شَرْقِيَّةٍ وَلَا غَرْبِيَّةٍ (النور: ۳۵)'' سے کیا مراد لیا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اے عورت! اللہ نے درخت کے بارے میں مثال نہیں دی بلکہ بنی آدم کے لئے مثال دی ہے تم مجھ سے وہ پوچھو جو پوچھنا چاہتی ہو۔

اس عورت نے عرض کیا: مجھے بتایئے کہ جو عورتیں عورتوں سے لواطت (بدفعلی/چپٹی) کرتی ہیں تو اس میں ان کے لئے حد کیا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: زنا والی حد ہے۔ جب قیامت والے دن انہیں لایا جائے گا تو انہوں نے آگ کے دوپٹے پہن رکھے ہوں گے اور آگ کی اوڑھنی اوڑھ رکھی ہوگی اور آگ کی شلواریں پہنی ہوں گی اور ان کے پیٹ سے لے کر ان کے سر تک آگ کی سلاخیں داخل کی گئی ہوں گی اور انہیں آگ کے کوڑے مارے جائیں گے۔ اے عورت! سب سے پہلے جنہوں نے یہ عمل کیا تو وہ قوم لوط علیہ السلام تھی پس مردوں نے مردوں پر اکتفاء کیا تو عورتیں بغیر مردوں کے رہ گئیں لہٰذا انہوں نے بھی ایسے ہی کیا جیسے ان کے مردوں نے کیا۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [2]

{2464} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ عَنْ مُصَدِّقِ بْنِ صَدَقَةَ عَنْ عَمَّارِ بْنِ مُوسَى عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ: فِي الرَّجُلِ يَنْكِحُ بَهِيمَةً أَوْ يَدْلُكُ فَقَالَ كُلُّ مَا أَنْزَلَ بِهِ الرَّجُلُ مَاءَهُ فِي هَذَا وَ شِبْهِهِ فَهُوَ زِنًى.

❂ عمار بن موسیٰ نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں پوچھا جو کسی جانور سے مناکحت (مجامعت) کرتا ہے یا اپنے آلہ کو رگڑتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہر وہ چیز جس کے ذریعے آدمی اپنا پانی (یعنی منی) اس میں یا اس جیسی کسی چیز میں انزال کرے تو وہ زنا ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [4]

---

[1] الکافی: ۵/۵۵۱ ح ۲؛ السرائر: ۳/۶۱۰؛ بحار الانوار: ۷۶/۷۵؛ الوافی: ۱۵/۲۳۳؛ المحاسن: ۱/۱۱۳؛ ثواب الاعمال و عقاب الاعمال: ۲۶۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۳۴۴ ح ۲۵۷۸۶؛ تفسیر کنز الدقائق: ۹/۳۰۶؛ تفسیر نور الثقلین: ۳/۶۰۴؛ السرائر: ۳/۶۱۰

[2] مرآۃ العقول: ۲۰/۴۰۱

[3] الکافی: ۵/۵۴۰ ح ۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۳۴۹ ح ۲۵۷۹۷؛ الوافی: ۵/۱۰۶۸؛ الفصول المہمہ: ۲/۳۴۱؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۱۵۷

[4] مرآۃ العقول: ۲۰/۳۸۵؛ حدود الشریعہ: ۶۳۷؛ ریاض المسائل: ۱۶/۷۹؛ فقہ الحدود: ۲/۲۳۰؛ تفصیل الشریعہ: ۲۵/۷۲۹؛ فقہ الصادقؑ: ۲۵/۵۵۲؛ مستند مبانی الحج: ۲/۲۸۶؛ اسس الحدود: ۴۵۳؛ جواہر الکلام: ۴۱/۶۳۸

{2465} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: سُئِلَ عَنِ الرَّجُلِ يَكُونُ عِنْدَهُ امْرَأَتَانِ إِحْدَاهُمَا أَحَبُّ إِلَيْهِ مِنَ الْأُخْرَى أَ لَهُ أَنْ يُفَضِّلَ إِحْدَاهُمَا عَلَى الْأُخْرَى قَالَ نَعَمْ يُفَضِّلُ بَعْضَهُنَّ عَلَى بَعْضٍ مَا لَمْ يَكُنَّ أَرْبَعاً وَ قَالَ إِذَا تَزَوَّجَ الرَّجُلُ بِكْراً وَ عِنْدَهُ ثَيِّبٌ فَلَهُ أَنْ يُفَضِّلَ الْبِكْرَ بِثَلَاثَةِ أَيَّامٍ.

حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے سوال کیا گیا کہ ایک شخص کے پاس دو بیویاں ہیں جن میں سے ایک اسے زیادہ پیاری ہے تو کیا وہ دونوں میں سے ایک کو دوسری پر ترجیح دے سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں۔ جب تک اس کی چار بیویاں نہ ہوں وہ بعض کو بعض پر ترجیح دے سکتا ہے۔

نیز آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب کوئی شخص باکرا سے تزویج کرتا ہے اور اس کے پاس ثیبہ بھی ہو تو اس کے لئے (جائز) ہے کہ وہ تین دنوں تک باکرا کو ترجیح دے سکتا ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2466} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ غَيْرِ وَاحِدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ: قُلْتُ لَهُ الرَّجُلُ تَكُونُ عِنْدَهُ الْمَرْأَةُ يَتَزَوَّجُ أُخْرَى أَ لَهُ أَنْ يُفَضِّلَهَا قَالَ نَعَمْ إِنْ كَانَتْ بِكْراً فَسَبْعَةَ أَيَّامٍ وَ إِنْ كَانَتْ ثَيِّباً فَثَلَاثَةَ أَيَّامٍ.

محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ میں نے ان (امام علیہ السلام) سے عرض کیا کہ ایک شخص کے پاس بیوی موجود ہے اور وہ دوسری سے تزویج کرتا ہے تو کیا اس کے لئے جائز ہے کہ اسے ترجیح دے؟ آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں (جائز ہے) اگر وہ باکرا ہے تو سات دن اور اگر وہ ثیبہ ہے تو تین دن (ترجیح دے سکتا ہے)۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

قول مؤلف:

یہ تین دن اور سات دنوں کا اختلاف ممکن ہے کم سے کم اور زیادہ سے زیادہ پر محمول ہو یا جواز اور فضیلت پر محمول ہو (واللہ اعلم)

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/ ۴۲۰ ح ۱۶۸۱؛ الاستبصار: ۳/ ۲۴۲ ح ۸۶۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/ ۳۴۳ ح ۲۷۲۴۳؛ الوافی: ۲۲/ ۶۹۳؛

[2] ملاذ الاخیار: ۱۲/ ۱۷۳؛ حدود الشریعہ: ۲/ ۶۵۲

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۴۴۲ ح ۴۲۸۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/ ۳۴۳ ح ۲۷۲۴۳؛ الوافی: ۲۲/ ۶۹۳؛ ھدایۃ الامہ: ۷/ ۲۹۹

[4] روضۃ المتقین: ۸/ ۲۹۳؛ جواہر الکلام: ۳۱/ ۱۷؛ فقہ الصادقؑ: ۲۲/ ۲۳۹؛ تفصیل الشریعہ: ۲۲/ ۳۷۴؛ حدود الشریعہ: ۲/ ۶۵۸

{2467} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُتْبَةَ الْهَاشِمِيِّ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الرَّجُلِ يَكُونُ لَهُ امْرَأَتَانِ يُرِيدُ أَنْ يُؤْثِرَ إِحْدَاهُمَا بِالْكِسْوَةِ وَالْعَطِيَّةِ أَيَصْلُحُ ذَلِكَ قَالَ لاَ بَأْسَ بِذَلِكَ وَاجْتَهِدْ فِي الْعَدْلِ بَيْنَهُمَا.

❂ عبدالملک بن عتبہ ہاشمی سے روایت ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص کی دو بیویاں ہیں اور وہ ان میں سے ایک کو چادر (کپڑے وغیرہ) اور دوسرا کوئی عطیہ (زیادہ) دے کر متاثر کرنا چاہتا ہے تو کیا یہ اس کے لئے درست ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے مگر وہ ان دونوں کے درمیان عدل کرنے میں کوشش کرے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2468} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ الْكَرْخِيِّ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ لَهُ أَرْبَعُ نِسْوَةٍ فَهُوَ يَبِيتُ عِنْدَ ثَلاَثٍ مِنْهُنَّ فِي لَيَالِيهِنَّ وَ يَمَسُّهُنَّ فَإِذَا بَاتَ عِنْدَ الرَّابِعَةِ فِي لَيْلَتِهَا لَمْ يَمَسَّهَا فَهَلْ عَلَيْهِ فِي هَذَا إِثْمٌ قَالَ إِنَّمَا عَلَيْهِ أَنْ يَبِيتَ عِنْدَهَا فِي لَيْلَتِهَا وَ يَظَلَّ عِنْدَهَا صَبِيحَتَهَا وَلَيْسَ عَلَيْهِ أَنْ يُجَامِعَهَا إِذَا لَمْ يُرِدْ ذَلِكَ.

❂ ابراہیم کرخی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص کے پاس چار بیویاں ہیں پس وہ تین کے پاس ان کی راتوں میں ان سے مجامعت کرتا ہے مگر جب چوتھی کی رات میں اس کے پاس ہوتا ہے تو اس سے مجامعت نہیں کرتا تو کیا اس میں اس پر کوئی گناہ ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس پر (لازم) ہے کہ وہ اس کی رات اس کے پاس رہے اور صبح بھی اسی کے پاس کرے مگر اس پر یہ (لازم) نہیں ہے کہ وہ اس سے مجامعت بھی کرے جبکہ اس کا ارادہ بھی نہ ہو۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/۴۲۲ ح ۱۶۸۷؛ الاستبصار: ۳/۲۴۱ ح ۸۶۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۳۴۱ ح ۲۷۲۴۲؛ الوافی: ۲۲/۴۹۶؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۲۹۹؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/۶۱۳ ح ۳۹۴۳۲

[2] ملاذ الاخیار: ۱۲/۳۷۵

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۲۷ ح ۴۴۸۱؛ الکافی: ۵/۵۶۴ ح ۳۴؛ تہذیب الاحکام: ۷/۴۲۲ ح ۱۶۸۹؛ عوالی اللئالی: ۳/۱۶۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۳۴۲ ح ۲۷۲۴۴؛ الوافی: ۲۲/۴۹۷؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۳۰۰

[4] روضۃ المتقین: ۸/۲۹۴؛ فقہ الصادقؑ: ۲۲/۲۳۳

{2469} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ الْعَلَوِيِّ عَنِ الْعَمْرَكِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ أَخِيهِ مُوسَى بْنِ جَعْفَرٍ عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ لَهُ امْرَأَتَانِ قَالَتْ إِحْدَاهُمَا لَيْلَتِي وَ يَوْمِي لَكَ يَوْماً أَوْ شَهْراً أَوْ مَا كَانَ أَ يَجُوزُ ذَلِكَ قَالَ إِذَا طَابَتْ نَفْسُهَا وَ اشْتَرَى ذَلِكَ مِنْهَا فَلاَ بَأْسَ.

۞ علی بن جعفر علیہ السلام سے روایت ہے کہ میں نے اپنے بھائی امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص کی دو بیویاں ہیں جن میں سے ایک دوسری سے کہتی ہے کہ میرے حصے کی رات اور میرے حصے کا دن ایک دن کے لئے یا ایک ماہ کے لئے یا کم وبیش مدت کے لئے تمہارے لئے ہے تو کیا ایسا کرنا جائز ہوگا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب اس کی اپنی خوشی سے ہو اور وہ (مرد) اس سے (کچھ دے دلا کر اس کی مرضی) خرید لے گا تو کوئی حرج نہیں ہے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث مجہول ہے۔[3]

{2470} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ حَمَّادٌ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ قَوْلِ اللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ: فَابْعَثُوا حَكَماً مِنْ أَهْلِهِ وَ حَكَماً مِنْ أَهْلِهَا قَالَ لَيْسَ لِلْحَكَمَيْنِ أَنْ يُفَرِّقَا حَتَّى يَسْتَأْمِرَا الرَّجُلَ وَ الْمَرْأَةَ وَ يَشْتَرِطَانِ عَلَيْهِمَا إِنْ شَاءَا جَمَعَا وَ إِنْ شَاءَا فَرَّقَا فَإِنْ جَمَعَا فَجَائِزٌ وَ إِنْ فَرَّقَا فَجَائِزٌ.

۞ حلبی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اللہ کے قول: "پس ایک حکم مرد کے رشتہ داروں میں سے اور ایک حکم عورت کے رشتہ داروں میں سے مقرر کرو (النساء:۳۵) کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: حکمین کو اس کا اختیار نہیں کہ ان دونوں کی اجازت کے بغیر دونوں کو جدا کر دیں اور دونوں اس شرط پر حکم نہیں کہ اگر چاہیں تو دونوں کو جمع

[1] تہذیب الاحکام: ۷/۴۷۴ ح ۱۹۰۲؛ مسائل علی بن جعفرؑ: ۱۷۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۳۴۳ ح ۲۷۲۵۳؛ الوافی: ۲۲/۹۷۴؛ هدایۃ الامہ: ۷/۳۰۰؛ موسوعہ الشہید الاول: ۱۴/۳۷۴
[2] الانوار اللوامع: ۱۰/۱۴۳ و ۱۴۴
[3] ملاذ الاخیار: ۱۲/۴۸۴

کردیں اور اگر چاہیں تو دونوں کو جدا کردیں پس اگر وہ دونوں کو جمع کریں تو بھی جائز اور اگر جدا کردیں تو بھی جائز ہوگا۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2471} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ قَوْلِ اللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ:)وَ إِنِ امْرَأَةٌ خافَتْ مِنْ بَعْلِها نُشُوزاً أَوْ إِعْراضاً(فَقَالَ هِيَ الْمَرْأَةُ تَكُونُ عِنْدَ الرَّجُلِ فَيَكْرَهُهَا فَيَقُولُ لَهَا إِنِّي أُرِيدُ أَنْ أُطَلِّقَكِ فَتَقُولُ لَهُ لاَ تَفْعَلْ إِنِّي أَكْرَهُ أَنْ تُشْمِتَ بِي وَ لَكِنِ انْظُرْ فِي لَيْلَتِي فَاصْنَعْ بِهَا مَا شِئْتَ وَ مَا كَانَ سِوَى ذَلِكَ مِنْ شَيْءٍ فَهُوَ لَكَ وَ دَعْنِي عَلَى حَالَتِي فَهُوَ قَوْلُهُ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى:)فَلا جُناحَ عَلَيْهِما أَنْ يُصْلِحا بَيْنَهُما صُلْحاً(وَ هُوَ هَذَا الصُّلْحُ.

❁ حلبی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اللہ کے قول: ''اور اگر کسی عورت کو اپنے شوہر کی طرف سے بے اعتدالی یا بے رخی کا اندیشہ ہو (النسا:۱۲۸)'' کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس سے مراد وہ عورت ہے جو کسی شخص کے پاس (اس کی زوجیت میں) ہے اور وہ اسے ناپسند کرتا ہے اور وہ اس سے کہتا ہے کہ میں تمہیں طلاق دینا چاہتا ہوں تو وہ اس سے کہتی ہے کہ تم ایسا نہ کرو کیونکہ مجھے ناپسند ہے کہ میرے اوپر طعن و تشنیع ہو لیکن تم میری (حصے کی) رات میں نظر کرو پس اس کے ساتھ جو چاہو کرو (میں تمہیں اپنا حق چھوڑتی ہوں اور اس کے علاوہ جو چیز بھی ہے وہ بھی تمہارے لئے ہے اور مجھے میرے حال پر چھوڑ دو (اور طلاق نہ دو) اور یہی ارشاد خداوندی ہے کہ: ''پس کوئی مضائقہ نہیں کہ دونوں آپس میں بہترین طریقہ سے مصالحت کرلیں (النساء:۱۲۸)'' اور یہ وہی صلح ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [4]

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۵۲۱ ح ۴۸۱۷؛ الکافی: ۶/۱۳۶ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۸/۱۰۳ ح ۳۵۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۳۴۸ ح ۲۷۴۶۳؛ الوافی: ۲۲/۸۸۳؛ مستدرک الوسائل: ۱۵/۱۰۵ ح ۱۷۶۷۵؛ تفسیر البرہان: ۲/۱۷۵؛ تفسیر کنز الدقائق: ۳/۳۰۰؛ دعائم الاسلام: ۲/۲۰۷؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/۸۷۴؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/۳۰۱

[2] روضۃ المتقین: ۹/۱۳۵؛ فقہ الصادق: ۲۲/۲۵۴؛ جواہر الکلام: ۳۱/۲۱۰؛ تفصیل الشریعہ: ۲۲/۴۹۳

[3] الکافی: ۶/۱۴۵ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۸/۱۰۳ ح ۳۴۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۳۴۹ ح ۲۷۴۶۵؛ الوافی: ۲۲/۸۸۱؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/۵۵۸؛ تفسیر کنز الدقائق: ۳/۵۵۶؛ تفسیر البرہان: ۲/۱۸۱؛ تفسیر العیاشی: ۱/۲۷۹؛ تفسیر الصافی: ۱/۵۰۷؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/۲۰۶ ح ۳۹۲۳۳

[4] کتاب نکاح شبیری: ۲۵/۷۷۵۶؛ تفصیل الشریعہ: ۲۲/۴۹۰؛ میراث حوزہ اصفہان: ۷/۲۸؛ جواہر الکلام: ۳۱/۲۰۸؛ کتاب النکاح الانصاری: ۴۷۵؛ فقہ الصادق: ۲۲/۲۲۷؛ ریاض المسائل: ۱۲/۹۵؛ مسالک الافہام: ۳/۲۹۳؛ مرآۃ العقول: ۲۱/۲۴۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/۲۰۳

{2472} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْبَزَوْفَرِيِّ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ إِدْرِيسَ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: أَيُّمَا رَجُلٍ وَقَعَ عَلَى وَلِيدَةِ قَوْمٍ حَرَاماً ثُمَّ اشْتَرَاهَا فَادَّعَى وَلَدَهَا فَإِنَّهُ لاَ يُورَثُ مِنْهُ فَإِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ قَالَ اَلْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَ لِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ وَ لاَ يُورِثُ وَلَدَ الزِّنَى إِلاَّ رَجُلٌ يَدَّعِي ابْنَ وَلِيدَتِهِ.

۞ حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو کوئی شخص کسی قوم کی کنیز سے فعل حرام (یعنی زنا) کرے پھر اسے خرید لے پس وہ (اس فعل حرام کے نتیجے میں) اپنا بچہ ہونے کا دعویٰ کرے تو وہ اس کا وارث نہیں ہوگا کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ بچہ صاحب فراش (شوہر یا مالک) کا ہوگا اور زانی کے لئے پتھر ہے اور ولد الزنا کا کوئی وارث نہیں ہوگا مگر وہی شخص جو اپنی کنیز کے بیٹے کا دعویٰ کرتا ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

﴿دودھ پلانے کے احکام﴾

{2473} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ طَلْحَةَ بْنِ زَيْدٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: مَا مِنْ لَبَنٍ يُرْضَعُ بِهِ الصَّبِيُّ أَعْظَمَ بَرَكَةً عَلَيْهِ مِنْ لَبَنِ أُمِّهِ.

۞ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: جس بھی دودھ سے بچے کی رضاعت ہوتی ہے وہ اس کی ماں کے دودھ سے زیادہ برکت والا نہیں ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [4]

---

[1] تہذیب الاحکام: ۸/۲۰۷ ح ۷۴۳؛ الکافی: ۷/۱۶۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۱۹۳ ح ۲۶۸۷۲؛ الوافی: ۲۵/۸۸۷

[2] ملاذ الاخیار: ۱۳/۴۰۷؛ الانوار اللوامع: ۱۰/۲۵۹؛ المبسوط: ۱/۳۳۱؛ نظام الارث: ۲۰۷؛ مصباح المنہاج کتاب الطہارۃ: ۴/۵۸؛ سند العروۃ کتاب الطہارۃ: ۲/۱۴۲؛ جواہر الکلام: ۳۹/۲۷۵؛ فقہ الصادق: ۲۱/۲۱۶؛ المسائل المستحدثہ: ۲۳؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۳/۶۱؛ موسوعہ احکام الاطفال: ۳/۹۸؛ ریاض المسائل: ۱۴/۲۲۷

[3] الکافی: ۶/۴۰ ح ۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۷۵ ح ۴۶۶۳؛ تہذیب الاحکام: ۸/۱۰۸ ح ۳۶۵؛ تفسیر الصافی: ۱/۲۶۱؛ الوافی: ۲۳/۱۳۴۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۴۵۲ ح ۲۷۵۵۹؛ ہدایۃ الامہ: ۷/۳۲۷

[4] روضۃ المتقین: ۸/۵۵۶؛ تذکرۃ الفقہاء: ۲/۶۲۷؛ جامع المقاصد: ۱۲/۲۰۸

{2747} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمَاعَةَ بْنِ مِهْرَانَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: الرَّضَاعُ وَاحِدٌ وَ عِشْرُونَ شَهْراً فَمَا نَقَصَ فَهُوَ جَوْرٌ عَلَى الصَّبِيِّ.

۞ سماعہ بن مہران سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: رضاعت اکیس ماہ ہے پس اس میں کمی ہوتو وہ بچے پر ظلم ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [2]

{2475} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ أَبِي الْمَغْرَاءِ عَنِ الْحَلَبِيِّ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: لَيْسَ لِلْمَرْأَةِ أَنْ تَأْخُذَ فِي رَضَاعِ وَلَدِهَا أَكْثَرَ مِنْ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ فَإِنْ أَرَادَا الْفِصَالَ قَبْلَ ذَلِكَ عَنْ تَرَاضٍ مِنْهُمَا فَهُوَ حَسَنٌ وَ الْفِصَالُ الْفِطَامُ.

۞ حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: عورت کے لئے (درست) نہیں ہے کہ وہ اپنے بچے کو کامل دوسال سے زیادہ دودھ پلائے اور اگر اس (مدت) سے پہلے دودھ چھڑانے کا ارادہ ہوتو دونوں (میاں بیوی) کی رضامندی سے ہوتو خوب ہے اور فصل (دودھ چھڑانا) ہی فطام (بچے کا جدا کرنا) ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2476} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ سَعْدٍ الْأَشْعَرِيِّ عَنْ أَبِي الْحَسَنِ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الصَّبِيِّ هَلْ يُرْضَعُ أَكْثَرَ مِنْ سَنَتَيْنِ فَقَالَ عَامَيْنِ قُلْتُ فَإِنْ زَادَ عَلَى سَنَتَيْنِ هَلْ عَلَى أَبَوَيْهِ مِنْ ذَلِكَ شَيْءٌ قَالَ لاَ.

۞ سعد بن سعد الاشعری سے روایت ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام سے پوچھا کہ کیا بچے کو دوسال سے زیادہ دودھ پلایا جاسکتا ہے؟

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۷۴ ح ۴۶۶۱؛ الکافی: ۶/۴۰ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۸/۱۰۶ ح ۳۵۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۴۵۵ ح ۲۷۶۶۷؛ الوافی: ۲۳/۱۳۶۴؛ هدایۃ الامہ: ۷/۳۲۸؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/۸۲۴ ح ۳۹۶۳۹

[2] روضۃ المتقین: ۸/۵۵۴؛ فقہ الصادقؑ: ۲۲/۲۹۸

[3] تہذیب الاحکام: ۸/۱۰۵ ح ۳۵۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۴۵۴ ح ۲۷۵۲۳؛ الوافی: ۲۳/۱۳۷۳؛ هدایۃ الامہ: ۷/۳۲۷؛

[4] ملاذ الاخیار: ۱۳/۲۰۹؛ انوار الفقاہۃ کتاب النکاح: ۴۹۹؛ کتاب نکاح شبیری: ۲۵/۷۹۴۳؛ الانوار اللوامع: ۱۰/۳۱۰؛ فقہ الصادقؑ: ۲۲/۲۹۹؛ تراث الشیعہ الفقہی والاصولی: ۲/۵۰۷؛ تفصیل الشریعہ النکاح: ۵۵۴

آپ علیہ السلام نے فرمایا: دو سال

میں نے عرض کیا: اور اگر دو سال سے زیادہ ہو جائے تو کیا والدین پر اس سلسلے میں کچھ (گناہ وغیرہ) ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2477} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيٍّ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ بَعْضِ أَصْحَابِنَا عَنِ ابْنِ أَبِي يَعْفُورٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: قَضَى أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ فِي رَجُلٍ تُوُفِّيَ وَ تَرَكَ صَبِيّاً فَاسْتُرْضِعَ لَهُ فَقَالَ أَجْرُ رَضَاعِ الصَّبِيِّ مِمَّا يَرِثُ مِنْ أَبِيهِ وَ أُمِّهِ.

ابن ابی یعفور سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: امیر المومنین علیہ السلام نے ایک شخص کے بارے میں فیصلہ فرمایا جو مر گیا اور اس نے ایک چھوٹا بچہ چھوڑا جس کی رضاعت کی گئی۔ چنانچہ آپ علیہ السلام نے (فیصلہ میں) فرمایا: اس بچے کی رضاعت کی اجرت اس مال سے ہوگی جو وہ اپنے باپ اور اپنی ماں سے وراثت میں پائے گا۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [4]

{2478} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيٍّ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: الْحُبْلَى الْمُطَلَّقَةُ يُنْفَقُ عَلَيْهَا حَتَّى تَضَعَ حَمْلَهَا وَ هِيَ أَحَقُّ بِوَلَدِهَا إِنْ تُرْضِعْهُ بِمَا تَقْبَلُهُ امْرَأَةٌ أُخْرَى إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَ جَلَّ يَقُولُ:)لاَ تُضَارَّ وَالِدَةٌ بِوَلَدِهَا وَ لاَ مَوْلُودٌ لَهُ بِوَلَدِهِ وَ عَلَى الْوَارِثِ مِثْلُ ذٰلِكَ(قَالَ كَانَتِ الْمَرْأَةُ مِنَّا تَرْفَعُ يَدَهَا إِلَى زَوْجِهَا إِذَا أَرَادَ مُجَامَعَتَهَا فَتَقُولُ لاَ أَدَعُكَ لِأَنِّي أَخَافُ أَنْ أَحْمِلَ عَلَى

---

[1] الکافی: ۶/ ۴۱ح ۸؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۴۷۵ح ۴۶۶۲؛ تہذیب الاحکام: ۸/ ۱۰۷ح ۳۶۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/ ۴۵۴ح ۲۷۵۶۶؛ الوافی: ۲۳/ ۱۳۶۵؛ مسند الامام الرضاؑ: ۲/ ۲۷۷

[2] مرآۃ العقول: ۲۱/ ۴۷؛ کتاب نکاح شبیری: ۲۵/ ۷۹۴۳؛ تراث الشیعہ: ۲/ ۴۴۳؛ فقہ الصادقؑ: ۲۲/ ۲۹۹؛ موسوعہ احکام الاطفال: ۱/ ۲۳۱؛ تفصیل الشریعہ: ۲۲/ ۵۵۵؛ مسالک الافہام: ۸/ ۴۱۷؛ روضۃ المتقین: ۸/ ۵۵۵

[3] الکافی: ۶/ ۴۱ح ۵؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۴۸۰ح ۴۶۸۵؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۴۴۷ح ۱۷۹۲؛ الوافی: ۲۳/ ۱۳۷۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/ ۴۵۶ح ۲۷۵۷۱؛ ہدایۃ الامۃ: ۷/ ۳۲۸

[4] فقہ الصادقؑ: ۲۲/ ۲۹۳؛ تراث الشیعہ: ۲/ ۴۴۶؛ جواہر الکلام: ۳۱/ ۲۷۴؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/ ۴۳۲؛ ریاض المسائل: ۱۲/ ۱۴۸؛ روضۃ المتقین: ۸/ ۵۸۲؛ مرآۃ العقول: ۲۱/ ۴۷

وَلَدِی وَ يَقُولُ الرَّجُلُ لاَ أُجَامِعُكِ إِنِّي أَخَافُ أَنْ تَعْلَقِي فَأَقْتُلَ وَلَدِي فَنَهَى اللَّهُ عَزَّ وَ جَلَّ أَنْ تُضَارَّ الْمَرْأَةُ الرَّجُلَ وَ أَنْ يُضَارَّ الرَّجُلُ الْمَرْأَةَ وَ أَمَّا قَوْلُهُ)وَ عَلَى الْوارِثِ مِثْلُ ذٰلِكَ(فَإِنَّهُ نَهَى أَنْ يُضَارَّ بِالصَّبِيِّ أَوْ يُضَارَّ أُمُّهُ فِي رَضَاعِهِ وَ لَيْسَ لَهَا أَنْ تَأْخُذَ فِي رَضَاعِهِ فَوْقَ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ وَ إِنْ)أَرادا فِصالاً عَنْ تَراضٍ مِنْهُما(قَبْلَ ذٰلِكَ كَانَ حَسَناً وَ الْفِصَالُ هُوَ الْفِطَامُ.

۞ حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: مطلقہ حاملہ کونان ونفقہ دیا جائے گا یہاں تک کہ وہ اپنا حمل وضع کرے اور وہ اپنے بیٹے کی رضاعت کی اس اجرت پر زیادہ حقدار ہے جوکوئی دوسری عورت لے۔ یقیناً اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ”بچے کی وجہ سے نہ ماں کو تکلیف میں ڈالا جائے اور نہ باپ کو اس بچے کی وجہ سے کوئی ضرر پہنچایا جائے اور اسی طرح کی ذمہ داری وارث پر بھی ہے (النسا: ۲۳۳)“

امام علیہ السلام نے فرمایا: ہماری عورتوں میں سے ایک عورت اپنے شوہر کی طرف ہاتھ اٹھاتی ہے جب وہ (شوہر) اس سے مجامعت کا ارادہ کرتا ہے اور اسے کہتی کہ میں تمہیں نہیں چھوڑوں گی کیونکہ مجھے خوف ہے کہ میرے بیٹے پر حمل ہو جائے اور آدمی کہتا ہے کہ میں تم سے جماع نہ کروں گا کیونکہ مجھے بھی خوف ہے کہ میں جماع کروں (اور تم حاملہ ہو جاؤ) پس میں اپنے بیٹے کا قاتل بن جاؤں چنانچہ اللہ تعالیٰ نے عورت کے مرد کو نقصان دینے اور مرد کے عورت کو نقصان دینے کو منع فرما دیا اور جہاں تک وارث پر بھی اسی طرح کے قول کا تعلق ہے تو اللہ تعالیٰ نے اس میں بچے کو نقصان پہنچانے یا اس کی رضاعت میں اس کی ماں کو نقصان پہنچانے سے منع فرمایا ہے اور عورت کے لئے (حق) نہیں ہے کہ وہ بچے کی رضاعت میں دو سال سے زیادہ عرصہ لے اور اگر وہ اس سے پہلے دونوں کی رضامندی سے دودھ چھڑانے کا ارادہ کریں تو اچھا ہے اور فصال ہی فطام ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔ [2]

{2479} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبُو عَلِيٍّ الْأَشْعَرِيُّ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَامِرٍ عَنْ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ:)وَ الْوالِداتُ يُرْضِعْنَ أَوْلادَهُنَّ(قَالَ مَا دَامَ الْوَلَدُ فِي الرَّضَاعِ فَهُوَ بَيْنَ الْأَبَوَيْنِ بِالسَّوِيَّةِ فَإِذَا فُطِمَ فَالْأَبُ أَحَقُّ بِهِ مِنَ الْأُمِّ فَإِذَا مَاتَ الْأَبُ فَالْأُمُّ أَحَقُّ بِهِ مِنَ الْعَصَبَةِ فَإِنْ وَجَدَ الْأَبُ مَنْ يُرْضِعُهُ بِأَرْبَعَةِ دَرَاهِمَ وَ قَالَتِ الْأُمُّ لاَ أُرْضِعُهُ إِلاَّ بِخَمْسَةِ دَرَاهِمَ فَإِنَّ لَهُ

[1] الکافی: ۶/۱۰۳ ح ۳؛ تفسیر کنز الدقائق: ۲/۵۴ ۳؛ تفسیر البرہان: ۱/۸۴ ۴؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/۲۲۷؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۵۱۰ ح ۴۷۸۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۴۷۲ ح ۲۷۶۱۵؛ الوافی: ۲۳/۱۳۷۳

[2] مرآۃ العقول: ۲۱/۱۷۴

أَنْ يَنْزِعَهُ مِنْهَا إِلاَّ أَنَّ ذَلِكَ خَيْرٌ لَهُ وَ أَرْفَقُ بِهِ أَنْ يُتْرَكَ مَعَ أُمِّهِ.

❁ داؤد بن حصین سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے (خدا کے قول) ''اور مائیں اپنی اولاد کو دودھ پلائیں گی (النساء: ۲۳۳)'' کے متعلق فرمایا: جب تک بچہ رضاعت میں ہے اس پر والدین کا حق برابر ہے اور جب دودھ چھوڑ دے تو باپ اس پر ماں کی نسبت زیادہ حقدار ہے اور جب باپ مرجائے تو ماں دوسرے رشتہ داروں کی نسبت زیادہ حقدار ہے پس اگر باپ ایسی عورت پائے کہ جو اس بچے کو چار درہم میں دودھ پلائے اور ماں کہے کہ وہ اس بچے کو پانچ درہم کے علاوہ پر دودھ نہیں پلائے گی تو باپ کو حق حاصل ہے کہ اس سے بچہ لے لے مگر یہ کہ یہ (ماں کا دودھ پلانا) اس (بچے) کے لئے بہتر ہے اور اس پر زیادہ مہربانی یہی ہے کہ وہ اپنی ماں کے ساتھ چھوڑ دیا جائے۔[1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔[2]

{2480} مُحَمَّدُ بْنُ إِدْرِيسَ عَنِ الْجَوْهَرِيِّ وَ الْحِمْيَرِيِّ عَنْ أَيُّوبَ بْنِ نُوحٍ عَنْ أَبَا الْحَسَنِ عَلِيَّ بْنَ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: كَتَبَ إِلَيْهِ مَعِي بِشْرِ بْنِ بَشَّارٍ جُعِلْتُ فِدَاكَ رَجُلٌ تَزَوَّجَ امْرَأَةً فَوَلَدَتْ مِنْهُ ثُمَّ فَارَقَهَا مَتَى يَجِبُ لَهُ أَنْ يَأْخُذَ وَلَدَهُ فَكَتَبَ إِذَا صَارَ لَهُ سَبْعُ سِنِينَ فَإِنْ أَخَذَهُ فَلَهُ وَ إِنْ تَرَكَهُ فَلَهُ.

❁ ایوب بن نوح سے روایت ہے کہ میرے ہمراہ بشر بن بشار نے امام علی نقی علیہ السلام کو خط لکھا کہ میں آپ علیہ السلام پر فدا ہوں! ایک شخص ایک عورت سے شادی کرتا ہے تو اس سے ایک بچہ پیدا ہوا پھر اس نے اسے جدا کر دیا (یعنی طلاق دے دی) تو اس پر کب واجب ہوگا کہ وہ اس سے اپنا بچہ لے سکے؟

امام علیہ السلام نے جواب لکھا کہ جب اس کے لئے سات سال گزر جائیں تو اس کی مرضی ہے کہ اسے لے لے اور اس کی مرضی ہو تو رہنے دے۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[4]

---

[1] الکافی: ۶/۴۵ ح۴؛ تفسیر العیاشی: ۱/۱۲۰؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۳۴ ح۴۵۰۱؛ تہذیب الاحکام: ۸/۱۰۴ ح۳۵۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۴۷۰ ح۲۷۶۱۱؛ عوالی اللئالی: ۳/۴۹ ۳؛ مستدرک الوسائل: ۱۵/۱۶۲؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۱۳۳

[2] مرآۃ العقول: ۲۱/۸۰؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/۲۰۷؛ روضۃ المتقین: ۸/۳۳۹

[3] السرائر (المستطرفات): ۳/۵۸۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۴۷۲ ح۲۷۶۱۷؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۱۳۴؛ موسوعہ الامام الہادیؑ: ۳/۱۳۴؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/۸۴۰ ح۳۹۶۸۷؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/۳۳۲

[4] فقہ الصادقؑ: ۲۲/۳۰۳؛ موسوعہ احکام الاطفال: ۷/۳۲

﴿دودھ پلا کر محرم بننے کی شرائط﴾

قول مؤلف:

یہ ساری شرائط ہم قبل ازیں نقل کر چکے ہیں لہٰذا حدیث نمبر 2176 اور 2179 سے 2195 کی طرف رجوع فرمایا جائے۔ یہاں دوبارہ نقل کرنا طوالت کا باعث ہوگا۔ (واللہ اعلم)

﴿دودھ پلانے کے آداب﴾

{2481} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنِ الْعَمْرَكِيِّ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ أَخِيهِ أَبِي الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ امْرَأَةٍ وَلَدَتْ مِنْ زِنًى هَلْ يَصْلُحُ أَنْ يُسْتَرْضَعَ بِلَبَنِهَا قَالَ لاَ يَصْلُحُ وَ لاَ لَبَنِ ابْنَتِهَا الَّتِي وُلِدَتْ مِنَ الزِّنَى.

❂ علی بن جعفر علیہ السلام سے روایت ہے کہ میں نے اپنے بھائی امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ جو عورت زنا سے پیدا ہوئی (یعنی ولد الزنا ہے) تو کیا اس کے دودھ سے (بچے کی) رضاعت درست ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: درست نہیں ہے اور نہ اس کی اس بیٹی کا دودھ پلانا درست ہے جو زنا سے پیدا ہوئی۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2482} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ ابْنِ مُسْكَانَ عَنِ الْحَلَبِيِّ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ دَفَعَ وَلَدَهُ إِلَى ظِئْرٍ يَهُودِيَّةٍ أَوْ نَصْرَانِيَّةٍ أَوْ مَجُوسِيَّةٍ تُرْضِعُهُ فِي بَيْتِهَا أَوْ تُرْضِعُهُ فِي بَيْتِهِ قَالَ تُرْضِعُهُ لَكَ الْيَهُودِيَّةُ وَ النَّصْرَانِيَّةُ وَ تَمْنَعُهَا مِنْ شُرْبِ الْخَمْرِ وَ مَا لاَ يَحِلُّ مِثْلَ لَحْمِ الْخِنْزِيرِ وَ لاَ يَذْهَبْنَ بِوَلَدِكَ إِلَى بُيُوتِهِنَّ وَ الزَّانِيَةُ لاَ تُرْضِعُ وَلَدَكَ فَإِنَّهُ لاَ يَحِلُّ لَكَ وَ الْمَجُوسِيَّةُ لاَ تُرْضِعُ لَكَ وَلَدَكَ إِلاَّ أَنْ تُضْطَرَّ إِلَيْهَا.

❂ حلبی سے روایت ہے کہ میں نے ان (امام علیہ السلام) سے پوچھا کہ ایک شخص نے اپنے بچے کو ایک یہودیہ یا نصرانیہ یا مجوسیہ دایہ کے حوالے کر دیا کہ وہ اس کو دودھ پلائے چاہے اپنے گھر لے جا کر پلائے یا چاہے اس کے گھر آ کر پلائے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: تم یہودیہ اور نصرانیہ سے دودھ پلواؤ مگر اس کو منع کر دو کہ وہ شراب نہیں پیئے گی اور جو چیزیں حلال

---

[1] الکافی: ۶/۴۳ ح ۱۱؛ تہذیب الاحکام: ۸/۱۰۸ ح ۳۶۸؛ الاستبصار: ۳/۳۲۱ ح ۱۱۴۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۴۶۲ ح ۲۷۵۸۷؛ الوافی: ۲۳/۱۳۶۸؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۷۸ ح ۴۶۷۸؛ قرب الاسناد: ۲۷۶

[2] مرآۃ العقول: ۲۱/۷۷؛ تراث الشیعہ: ۲/۸۳۳؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۳/۵۳۱؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/۲۱۶؛ روضۃ المتقین: ۸/۵۷۷

نہیں مثلاً سور کا گوشت نہیں کھائے گی اور تمہارے بچے کو اپنے گھر نہیں لے جائے گی اور زانیہ عورت سے اپنے بچے کو دودھ نہ پلواؤ کیونکہ یہ تمہارے لئے حلال نہیں ہے اور کسی مجوسی عورت سے اپنے بچے کو جو دودھ نہ پلاؤ مگر یہ کہ تم اس سلسلے میں مجبور ہو جاؤ۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2483} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ غِيَاثِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِي عَبْدِ ٱللَّهِ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ قَالَ قَالَ أَمِيرُ ٱلْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ: اُنْظُرُوا مَنْ تُرْضِعُ أَوْلاَدَكُمْ فَإِنَّ ٱلْوَلَدَ يَشِبُّ عَلَيْهِ.

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: اس عورت کو اچھی طرح دیکھ بھال کر لو جو تمہاری اولاد کو دودھ پلائے گی کیونکہ بچہ اس دودھ پر جوان ہوتا ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق ہے۔ [4]

{2484} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ٱبْنِ أَبِي نَجْرَانَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ قَالَ قَالَ رَسُولُ ٱللَّهِ صَلَّى ٱللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ: لاَ تَسْتَرْضِعُوا ٱلْحَمْقَاءَ فَإِنَّ ٱللَّبَنَ يُعْدِي وَإِنَّ ٱلْغُلاَمَ يَنْزِعُ إِلَى ٱللَّبَنِ يَعْنِي إِلَى ٱلظِّئْرِ فِي ٱلرُّعُونَةِ وَٱلْحُمْقِ.

امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے بچوں کو احمق عورتوں سے دودھ نہ پلواؤ اس لئے کہ دودھ کا اثر پھیلتا ہے اور لڑکا دودھ کی طرف کھنچ جاتا ہے یعنی دایہ کے دودھ کی طرف رعونت اور حماقت میں (کھنچ جاتا ہے)۔ [5]

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۷۹ ح ۴۶۸۰؛ تہذیب الاحکام: ۸/۱۱۶ ح ۴۰۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۴۶۵ ح ۲۷۵۹۷؛ الوافی: ۲۳/۱۳۶۶؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۳۲۹؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/۸۳۲

[2] روضۃ المتقین: ۸/۲۵۷؛ ریاض المسائل: ۱۱/۱۵۵؛ فقہ الصادق: ۲۱/۳۲۲؛ تراث الشیعہ: ۲/۳۴۰؛ الانوار اللوامع: ۱۰/۳۲۶؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/۳۳۲

[3] الکافی: ۶/۴۴ ح ۱۰؛ الوافی: ۲۳/۱۳۷۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۴۶۶ ح ۲۷۶۰۰؛ تفسیر الصافی: ۱/۲۶۳

[4] التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۳/۵۲۸؛ تراث الشیعہ: ۲/۳۳۷؛ مرآۃ العقول: ۲۱/۷۷

[5] الکافی: ۶/۴۳ ح ۸؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۷۸ ح ۴۶۷۹؛ تہذیب الاحکام: ۸/۱۱۰ ح ۳۷۵؛ الوافی: ۲۳/۱۳۶۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۴۶۷ ح ۲۷۶۰۱؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/۸۳۶

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن کالصحیح یا حسن ہے۔ [1]

{2485} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ مَعْرُوفٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى عَنْ رِبْعِيٍّ عَنْ فُضَيْلٍ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: عَلَيْكُمْ بِالْوِضَاءِ مِنَ الظُّؤُرَةِ فَإِنَّ اللَّبَنَ يُعْدِي.

✪ زرارہ سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: تم پر (لازم) ہے کہ (بچوں کو) حسین و صاف ستھری عورتوں کا دودھ پلواؤ کیونکہ دودھ (کا اثر) پھیلتا ہے۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [3]

{2486} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ جَمِيلِ بْنِ صَالِحٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ خَالِدٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ : فِي رَجُلٍ اِسْتَأْجَرَ ظِئْراً فَغَابَتْ بِوَلَدِهِ سِنِينَ ثُمَّ إِنَّهَا جَاءَتْ بِهِ فَأَنْكَرَتْهُ أُمُّهُ وَ زَعَمَ أَهْلُهَا أَنَّهُمْ لاَ يَعْرِفُونَهُ قَالَ لَيْسَ عَلَيْهَا شَيْءٌ اَلظِّئْرُ مَأْمُونَةٌ.

✪ سلیمان بن خلاد نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں روایت کیا ہے جس نے دودھ پلانے کے لئے ایک عورت سے اجرت پر معاملہ کیا اور وہ عورت اس کے بچے کو لے کر دو سال (یا چند سالوں) تک غائب رہی پھر وہ اس بچے کو لے کر آ گئی مگر بچے کی ماں نے بچے سے انکار کر دیا اور اس کے گھر والے گمان کرتے ہیں کہ وہ اس بچے کو نہیں پہچانتے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس دودھ پلانے والی عورت پر کچھ نہیں ہے وہ مامونہ (یعنی بمنزلہ امین کے) ہے۔ [4]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [5]

{2487} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ جَمِيلِ بْنِ دَرَّاجٍ وَ حَمَّادٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ خَالِدٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ اِسْتَأْجَرَ ظِئْراً فَدَفَعَ إِلَيْهَا

---

[1] التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۵۲۹/۳؛ روضۃ المتقین: ۵۷۷/۸؛ مراۃ العقول: ۷۷/۲۱؛ ملاذ الاخیار: ۲۱۸/۱۳؛ تراث الشیعہ: ۳۳۷/۲

[2] الکافی: ۴۴/۶ ح ۱۳؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۴۷۸ ح ۴۶۷۷؛ تہذیب الاحکام: ۱۱۰/۸ ح ۳۷۷؛ الوافی: ۲۳/ ۱۳۴۰؛ وسائل الشیعہ: ۴۶۸/۲۱ ح ۲۷۶۰۷؛ ھدایۃ الامہ: ۳۳۰/۷

[3] مراۃ العقول: ۷۸/۲۱؛ روضۃ المتقین: ۵۷۷/۸؛ تراث الشیعہ: ۳۴۰/۲؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۵۲۸/۳؛ الانوار اللوامع: ۳۲۵/۱۰؛ ملاذ الاخیار: ۲۱۹/۱۳

[4] الکافی: ۴۲/۶ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۱۱۵/۸ ح ۴۰۰؛ وسائل الشیعہ: ۴۶۹/۲۱ ح ۲۷۶۰۸؛ الوافی: ۱۳۴۳/۲۳؛ ھدایۃ الامہ: ۳۳۸/۷؛ جامع احادیث الشیعہ: ۸۳۶/۲۶ ح ۳۹۶۸۱

[5] مراۃ العقول: ۷۵/۲۱؛ اسس القضا: ۲۳۴؛ تنقیح مبانی الاحکام: ۲۴۳؛ ملاذ الاخیار: ۲۳۱/۱۳

وَلَدَهُ فَانْطَلَقَتِ الظِّئْرُ فَدَفَعَتْ وَلَدَهُ إِلَى ظِئْرٍ أُخْرَى فَغَابَتْ بِهِ حِيناً ثُمَّ إِنَّ الرَّجُلَ طَلَبَ وَلَدَهُ مِنَ الظِّئْرِ الَّتِي كَانَ أَعْطَاهَا إِيَّاهُ فَأَقَرَّتْ أَنَّهَا اسْتَأْجَرَتْهُ وَ أَقَرَّتْ بِقَبْضِهَا وَلَدَهُ وَ أَنَّهَا كَانَتْ دَفَعَتْهُ إِلَى ظِئْرٍ أُخْرَى فَقَالَ عَلَيْهَا الدِّيَةُ أَوْ تَأْتِيَ بِهِ.

سلیمان بن خالد سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے اجرت پر دودھ پلانے والی عورت سے اجرت طے کی اور اپنا بچہ اس کے حوالے کر دیا پس وہ دودھ پلانے والی چلی گئی اور اس نے اس کا بچہ کسی اور عورت کو اجرت پر دودھ پلانے والی کے حوالے کر دیا پس وہ دوسری عورت اس بچے کو لے کر اس وقت غائب ہو گئی پھر اس شخص نے اس دودھ پلانے والی سے اپنے بچے کو طلب کیا کہ جس کے اس نے حوالے کیا تھا تو اس عورت نے اقرار کیا کہ اس شخص نے اسے اجرت پر لیا تھا اور یہ بھی اقرار کرتی ہے کہ کہ اس نے اس کے بچے کو اپنے قبضے میں لیا تھا اور اس نے اس کے بچے کو دوسری اجرت پر دودھ پلانے والی کے حوالے کر دیا تھا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس عورت پر دیت (واجب) ہے یا وہ اس بچے کو لائے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

﴿دودھ پلانے کے مختلف مسائل﴾

{2488} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّوْفَلِيِّ عَنِ السَّكُونِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: انْهَوْا نِسَاءَكُمْ أَنْ يُرْضِعْنَ يَمِيناً وَ شِمَالاً فَإِنَّهُنَّ يَنْسَيْنَ.

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: تم لوگ اپنی عورتوں کو منع کرو کہ دائیں بائیں ادھر اُدھر (ہر ایرے غیرے کو) دودھ نہ پلائیں کیونکہ وہ بھول جائیں گی (کہ کس کس کو پلایا تھا)۔[3]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔[4]

---

[1] الکافی: ۶/۴۲ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۸/۱۱۵ ح ۳۹۹؛ الوافی: ۲۳/۱۳۰۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۴۶۹ ح ۲۷۶۰۹؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/۳۳۸

[2] مرآۃ العقول: ۲۱/۴۷؛ مبانی تکملۃ المنہاج: ۲/۲۹۷؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/۲۳۱

[3] الکافی: ۶/۴۴ ح ۱۳؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۷۸ ح ۴۶۷۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۴۸۲ ح ۲۵۸۸۴ و ۲۱/۴۵۳ ح ۲۷۵۶۴؛ الوافی: ۲۱/۲۲۶؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/۳۲۷

[4] تراث الشیعہ الفقہی والاصولی: ۲/۱۳۶

{2489} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَقَالَ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ إِنَّ امْرَأَتِي حَلَبَتْ مِنْ لَبَنِهَا فِي مَكُّوكٍ فَأَسْقَتْهُ جَارِيَتِي فَقَالَ أَوْجِعِ امْرَأَتَكَ وَ عَلَيْكَ بِجَارِيَتِكَ وَ هُوَ هَكَذَا فِي قَضَاءِ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ.

❁ حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ایک شخص امیر المومنین علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: اے امیر المومنین علیہ السلام! میری بیوی نے اپنا دودھ ایک برتن میں دوہا اور میری کنیز کو پلا دیا (تا کہ وہ میرے اوپر حرام ہو جائے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اپنی بیوی کو درد پہنچاؤ اور تمہاری کنیز تمہارے ہی لیے ہے (وہ حرام نہیں ہے) اور یہی امیر المومنین علیہ السلام کے فیصلے میں ہے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔[2]

{2490} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنِ ابْنِ سِنَانٍ قَالَ: سُئِلَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ أَنَا حَاضِرٌ عَنِ امْرَأَةٍ أَرْضَعَتْ غُلَاماً مَمْلُوكاً لَهَا مِنْ لَبَنِهَا حَتَّى فَطَمَتْهُ هَلْ يَحِلُّ لَهَا بَيْعُهُ قَالَ فَقَالَ لَا هُوَ ابْنُهَا مِنَ الرَّضَاعِ حَرُمَ عَلَيْهَا بَيْعُهُ وَ أَكْلُ ثَمَنِهِ قَالَ ثُمَّ قَالَ أَلَيْسَ قَدْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ يَحْرُمُ مِنَ الرَّضَاعِ مَا يَحْرُمُ مِنَ النَّسَبِ.

❁ عبداللہ بن سنان سے روایت ہے کہ میری موجودگی میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ ایک عورت نے اپنے مملوکہ بچے کو دودھ چھڑانے کی مدت (یعنی دو سال) تک دودھ پلایا تو کیا اب اسے فروخت کرنا اس کے لئے حلال ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں کیونکہ وہ اس کا رضاعی بیٹا ہے جسے بیچنا اور اس کی قیمت کھانا اس پر حرام ہے۔

راوی کہتا ہے کہ پھر آپ علیہ السلام نے فرمایا: کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ ارشاد نہیں فرمایا کہ رضاعت سے وہ سب حرام ہو جاتا ہے جو نسب سے حرام ہوتا ہے۔[3]

---

[1] الکافی: ۵/۴۴۵ ح ۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۳۹۳ ح ۲۵۹۱۲؛ الوافی: ۲۱/۲۵۵؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/۱۷؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۵/۸۵۰

[2] حدود الشریعۃ: ۱۰۷؛ انوار الفقاھۃ کتاب النکاح: ۳۸۱؛ الفقہ و مسائل طبیہ: ۱۰۳؛ مرآۃ العقول: ۲۰/۲۱۸

[3] تہذیب الاحکام: ۷/۳۲۶ ح ۱۳۴۲؛ الکافی: ۵/۴۴۶ ح ۱۶؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۴۰۵ ح ۲۵۹۴۴؛ الوافی: ۲۱/۲۲۶

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (1)

قول مؤلف:

رضاعت کے سلسلے میں ایک وہ روایت بھی ہے جسے ام اسحاق بنت سلیمان نے روایت کیا ہے کہ ایک بار امام جعفر صادق علیہ السلام نے مجھے اپنے دو بیٹوں محمد اور اسحاق میں سے ایک بیٹے کو دودھ پلاتے دیکھا تو فرمایا: اے ام اسحاق! اسے صرف ایک پستان سے نہ پلایا کر بلکہ دونوں سے پلایا کر کیونکہ ان میں سے ایک میں کھانا ہوتا ہے اور دوسرے میں پانی ہوتا ہے۔ (2)

البتہ اس حدیث کی سند ضعیف ہے (3) نیز اس طرح کی بعض احادیث پہلے گزر چکی ہیں اور بعض آئندہ بھی گزریں گی۔ ان شاءاللہ (واللہ اعلم)

﴿طلاق کے احکام﴾

{2491} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ غَيْرِ وَاحِدٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: مَا مِنْ شَيْءٍ مِمَّا أَحَلَّهُ اللَّهُ تَعَالَى أَبْغَضَ إِلَيْهِ مِنَ الطَّلاَقِ وَإِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ يُبْغِضُ الْمِطْلاَقَ الذَّوَّاقَ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: کوئی بھی چیز جسے اللہ تعالیٰ نے حلال قرار دیا ہے وہ اس کے نزدیک طلاق سے زیادہ مبغوض (بری) نہیں ہے اور یقیناً اللہ زیادہ طلاقیں دینے والے اور زیادہ نکاح کرنے والے سے بغض رکھتا ہے۔ (4)

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔ (5)

{2492} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عِيسَى عَنْ عُمَرَ بْنِ أُذَيْنَةَ عَنْ زُرَارَةَ وَ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ وَ بُكَيْرِ بْنِ أَعْيَنَ وَ بُرَيْدٍ وَ فُضَيْلٍ وَ إِسْمَاعِيلَ الْأَزْرَقِ وَ مَعْمَرِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ وَ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ أَنَّهُمَا قَالاَ: إِذَا طَلَّقَ الرَّجُلُ فِي دَمِ النِّفَاسِ أَوْ طَلَّقَهَا بَعْدَ مَا يَمَسُّهَا

---

(1) ملاذ الاخیار: ۱۲/۳۷۳؛ القواعد الفقہیہ: ۴/۳۴۴؛ غایۃ المراد: ۲/۵۹؛ ریاض المسائل: ۱۱/۲۴۱؛ تذکرۃ الفقہاء: ۱۰/۳۰۸؛ احکام الرضاع: ۴۴۳؛ مجمع الرسائل: ۲۲؛ غایۃ المرام: ۲/۱۰۰؛ مسالک الافہام: ۱۰/۳۵۰؛ تراث الشیعہ: ۲/۲۵۶

(2) الکافی: ۶/۴۰ ح ۴؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۷۵ ح ۴۶۶۳؛ تہذیب الاحکام: ۸/۱۰۸ ح ۳۶۲؛ فقہ القرآن: ۲/۱۲۰؛ الوافی: ۲۳/۱۳۹۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۱/۴۵۳ ح ۲۷۵۹۰؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۳۲۷

(3) مرآۃ العقول: ۲۱/۷۱؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/۲۱۵

(4) الکافی: ۶/۵۴ ح ۲؛ عوالی اللئالی: ۳/۳۷۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۸ ح ۲۷۸۷۴؛ الفصول المہمہ: ۲/۳۶۵؛ الوافی: ۲۳/۹۹۵

(5) مرآۃ العقول: ۲۱/۹۴

فَلَيْسَ طَلاَقُهُ إِيَّاهَا بِطَلاَقٍ وَإِنْ طَلَّقَهَا فِي اِسْتِقْبَالِ عِدَّتِهَا طَاهِراً مِنْ غَيْرِ جِمَاعٍ وَلَمْ يُشْهِدْ عَلَى ذَلِكَ رَجُلَيْنِ عَدْلَيْنِ فَلَيْسَ طَلاَقُهُ إِيَّاهَا بِطَلاَقٍ.

امام محمد باقر علیہ السلام اور امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا: جب آدمی خون نفاس (کے دنوں) میں طلاق دے یا اس سے مباشرت کرنے کے بعد (اسی طہر میں) دے تو اس کی یہ طلاق کوئی طلاق نہیں ہے اور اگر وہ اس کی عدت کے شروع میں جماع کئے بغیر طہارت کی حالت میں طلاق دے لیکن دو عادل آدمی گواہ نہ بنائے اور اس کی یہ طلاق بھی کوئی طلاق نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [2]

{2493} عَبْدُ اللَّهِ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي نَصْرٍ عَنِ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ اِمْرَأَتَهُ بَعْدَ مَا غَشِيَهَا بِشَاهِدَيْنِ عَدْلَيْنِ قَالَ لَيْسَ هَذَا طَلاَقاً فَقُلْتُ لَهُ فَكَيْفَ طَلاَقُ السُّنَّةِ فَقَالَ يُطَلِّقُهَا إِذَا طَهُرَتْ مِنْ حَيْضِهَا قَبْلَ أَنْ يَغْشَاهَا بِشَاهِدَيْنِ عَدْلَيْنِ فَإِنْ خَالَفَ ذَلِكَ رُدَّ إِلَى كِتَابِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ قُلْتُ فَإِنَّهُ طَلَّقَ عَلَى طُهْرٍ مِنْ غَيْرِ جِمَاعٍ بِشَهَادَةِ رَجُلٍ وَ اِمْرَأَتَيْنِ قَالَ لاَ تَجُوزُ شَهَادَةُ النِّسَاءِ فِي الطَّلاَقِ.

احمد بن محمد بن ابو نصر سے روایت ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے اپنی عورت سے شب باشی (مباشرت) کی بعد ازاں (اسی طہر میں) اسے دو عادل گواہوں کی موجودگی میں طلاق دے دی؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ کوئی طلاق نہیں ہے۔

میں نے آپ علیہ السلام سے عرض کیا: طلاق سنت کیسے ہوتی ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: عورت جب اپنے حیض سے پاک ہو جائے تو مباشرت کرنے سے پہلے دو عادل گواہوں کی موجودگی میں شوہر اسے طلاق دے گا پس اگر اس کے خلاف ہو گا تو وہ اللہ کی کتاب کی طرف پلٹایا جائے گا۔

میں نے عرض کیا: اگر وہ عورت کو اس کے طہر میں بغیر جماع کئے ایک مرد اور دو عورتوں کی گواہی سے طلاق دے (تو کیا حکم ہے)؟

---

[1] الکافی: ۶/ ۶۰ ح ۱۱؛ تہذیب الاحکام: ۸/ ۴۷ ح ۱۴۷؛ الوافی: ۲۳/ ۱۰۰۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/ ۲۰ ح ۲۷۹۱۴ و ۲۶ ح ۲۷۹۲۹

[2] فقہ الصادقؑ: ۲۲/ ۸۴؛ مبانی تکملۃ المنہاج: ۲۶۲؛ تفصیل الشریعہ: ۲۳/ ۵۴؛ نظام الطلاق فی الشریعہ: ۳۰؛ الانوار اللوامع: ۱۰/ ۲۲۳؛ مرآۃ العقول: ۲۱/ ۱۰۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/ ۱۰۰

آپ علیہ السلام نے فرمایا: طلاق میں عورتوں کی گواہی جائز (نافذ) نہیں ہے۔ (۱)

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ (۲)

{2494} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ زُرَارَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ طَلاَقَ إِلاَّ لِمَنْ أَرَادَ الطَّلاَقَ.

ہشام بن سالم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: طلاق نہیں ہوتی مگر یہ کہ جو طلاق دینے کا ارادہ کرے۔ (۳)

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق ہے۔ (۴)

{2495} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ حَمَّادٌ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: أَنَّهُ سُئِلَ عَنْ رَجُلٍ قَالَ لِامْرَأَتِهِ إِنْ تَزَوَّجْتُ عَلَيْكِ أَوْ بِتُّ عَنْكِ فَأَنْتِ طَالِقٌ فَقَالَ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ قَالَ مَنْ شَرَطَ شَرْطاً سِوَى كِتَابِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ يَجُزْ ذَلِكَ عَلَيْهِ وَلاَ لَهُ. قَالَ وَسُئِلَ عَنْ رَجُلٍ قَالَ كُلُّ امْرَأَةٍ أَتَزَوَّجُهَا مَا عَاشَتْ أُمِّي فَهِيَ طَالِقٌ فَقَالَ لاَ طَلاَقَ إِلاَّ بَعْدَ نِكَاحٍ وَلاَ عِتْقَ إِلاَّ بَعْدَ مِلْكٍ.

حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ ایک شخص نے اپنی عورت سے کہا کہ اگر میں تجھ پر نکاح کروں (یعنی سوکن لاؤں) یا تجھے چھوڑ کر کسی عورت سے شب باشی کروں تو تجھے طلاق ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ جو شخص کتاب اللہ کے سوا کوئی شرط مقرر کرے تو وہ نہ اس کے خلاف جائز ہوتی ہے اور نہ اس کے لئے جائز ہوتی ہے۔

راوی کہتا ہے کہ پھر امام علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ ایک شخص نے کہا جب تک میری ماں زندہ ہے میں جس بھی عورت سے

---

(۱) قرب الاسناد: ۲۵ ح۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۱۸ ح۹۰۹۷۲؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۴۷ ح۱۳؛ مسند الامام الرضاؑ: ۲/۲۸۵ ح۲؛ الکافی: ۶/۶۷ ح۶؛ تہذیب الاحکام: ۸/۴۹ ح۵۲؛ الوافی: ۲۳/۱۰۱۸

(۲) تنقیح مبانی الاحکام: ۸/۵۴۸؛ تفصیل الشریعہ: ۲۳/۵۵؛ تنقیح مبانی العروہ: ۲/۲۹۳؛ جواہر الکلام فی ثوبہ الجدید: ۷/۲۱۵؛ الدرر النجفیہ: ۴/۳۶؛ جواہر الکلام: ۱۳/۸۲؛ مرآۃ العقول: ۲۱/۴؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/۱۰۳

(۳) تہذیب الاحکام: ۸/۵۱ ح۶۱ و۶۲ و۱۶۲؛ الکافی: ۶/۶۲ ح۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۳۰ ح۲۷۹۴۳ و۳۱ ح۲۷۹۴۴ و۳۰ ح۲۷۹۴۱؛ الوافی: ۲۳/۱۰۳۴؛ الفصول المہمہ: ۲/۲۸ ح۳؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۳۲۳

(۴) ھدی الطالب: ۴/۹۳؛ الانوار اللوامع: ۱۰/۲۴۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/۱۰۶

نکاح کروں گا اسے طلاق ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نکاح سے پہلے کوئی طلاق نہیں ہے اور ملکیت سے پہلے کوئی آزادی نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [2]

{2496} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ أَبِي حَمْزَةَ الثُّمَالِيِّ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ قَالَ لِرَجُلٍ اُكْتُبْ يَا فُلاَنُ إِلَى امْرَأَتِي بِطَلاَقِهَا أَوِ اُكْتُبْ إِلَى عَبْدِي بِعِتْقِهِ يَكُونُ ذَلِكَ طَلاَقاً أَوْ عِتْقاً فَقَالَ لاَ يَكُونُ طَلاَقاً وَ لاَ عِتْقاً حَتَّى يَنْطِقَ بِهِ لِسَانُهُ أَوْ يَخُطَّهُ بِيَدِهِ وَ هُوَ يُرِيدُ الطَّلاَقَ أَوِ الْعِتْقَ وَ يَكُونَ ذَلِكَ مِنْهُ بِالْأَهِلَّةِ وَ الشُّهُودِ وَ يَكُونَ غَائِباً عَنْ أَهْلِهِ.

ابوحمزہ ثمالی سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے دوسرے شخص سے کہا کہ اے فلاں! میری بیوی کی طرف اس کی طلاق لکھو یا میرے غلام کی طرف اس کی آزادی لکھو تو کیا وہ طلاق یا آزادی (اس طرح) ہو جائے گی؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہ طلاق ہوگی اور نہ ہی آزادی ہوگی یہاں تک کہ وہ اپنی زبان سے بولے یا اپنے ہاتھ سے لکھے بشرطیکہ وہ طلاق یا آزادی دینے کا ارادہ رکھتا ہو اور یہ سب ہو بھی مہینوں اور گواہوں کے ساتھ اور وہ اپنی اہلیہ سے بھی دور رہو۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2497} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْمَاعِيلَ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ أُذَيْنَةَ عَنْ زُرَارَةَ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ كَتَبَ إِلَى امْرَأَتِهِ

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۴۹۶ ح ۴۷۵۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۵۳ ح ۲۷۹۵۸ و ۲۴۳ ح ۲۷۹۸۱؛ الوافی: ۲۳/۱۰۵۴؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/۵۸۲ ح ۳۹۱۸۸

[2] روضۃ المتقین: ۹/۳۵؛ موسوعہ الامام الخوئی: ۳۳/۵۷؛ کتاب الصوم خمینی: ۵/۲۴۵؛ فقہ الصادق: ۲۲/۳۲۵؛ الانوار اللوامع: ۱۰/۲۹۴؛ ارشاد الطالب: ۴/۸۵؛ القواعد الفقہیہ سبزواری: ۵/۴۷۱؛ دراسات من الفقہ الجعفری: ۴/۳۷۴

[3] الکافی: ۶/۶۴ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۸/۳۸ ح ۱۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۵۰۳ ح ۴۷۶۶؛ الوافی: ۲۳/۱۰۳۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۳۷ ح ۲۷۹۴۲؛ عوالی اللئالی: ۳/۳۷۷

[4] مرآۃ العقول: ۲۱/۱۰۸؛ فقہ الصادق: ۲۲/۳۱۵؛ مسالک الافہام: ۹/۷۱؛ جواہر الکلام: ۳۲/۶۲؛ نظام الطلاق: ۷۵؛ المجمع: ۱۰/۶؛ الاخبار الدخیلہ: ۳/۸۹؛ ریاض المسائل: ۱۳/۱۳؛ روضۃ المتقین: ۹/۵۷؛ التنقیح الرائع: ۳/۵۰۳؛ الانوار اللوامع: ۱۰/۲۴۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/۸۵

بِطَلاَقِهَا أَوْ كَتَبَ بِعِتْقِ مَمْلُوكِهِ وَلَمْ يَنْطِقْ بِهِ لِسَانُهُ قَالَ لَيْسَ بِشَيْءٍ حَتَّى يَنْطِقَ بِهِ.

۞ زرارہ سے روایت ہے کہ میں نے ان (امام علیہ السلام) سے پوچھا کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کی طرف طلاق نامہ لکھا یا اپنے غلام کی طرف آزادی کا پروانہ لکھا لیکن اس نے اسے زبان سے نہیں بولا (تو کیا حکم ہوگا)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب تک زبان سے نہ بولے یہ کوئی شے نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2498} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عِيسَى أَوِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنِ ابْنِ أُذَيْنَةَ عَنْ زُرَارَةَ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ رَجُلٌ كَتَبَ بِطَلاَقِ امْرَأَتِهِ أَوْ بِعِتْقِ غُلاَمِهِ ثُمَّ بَدَا لَهُ فَمَحَاهُ قَالَ لَيْسَ ذَلِكَ بِطَلاَقٍ وَلاَ عَتَاقٍ حَتَّى يَتَكَلَّمَ بِهِ.

۞ زرارہ سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے عرض کیا کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو طلاق لکھی یا اپنے غلام کو آزادی لکھی پھر اس کا اس سے ارادہ بدل گیا تو اس نے اسے مٹا دیا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہ تو یہ طلاق ہے اور نہ ہی آزادی ہے جب تک کہ اس سلسلے میں تکلم نہ کرے (یعنی زبان سے جاری نہ کرے)۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [4]

{2499} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ حَمَّادِ بْنِ عُثْمَانَ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ قَالَ لِامْرَأَتِهِ أَنْتِ مِنِّي خَلِيَّةٌ أَوْ بَرِيئَةٌ أَوْ بَتَّةٌ أَوْ بَائِنٌ أَوْ حَرَامٌ فَقَالَ لَيْسَ بِشَيْءٍ.

۞ حلبی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے اپنی بیوی سے کہا کہ تو میری طرف سے فارغ ہے یا بری ہے یا جدا ہے یا بائن ہے یا حرام ہے (تو کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ کوئی شے نہیں ہے۔ [5]

---

[1] تہذیب الاحکام: ۷/ ۴۵۳ ح ۱۸۱۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/ ۳۶ ح ۲۷۹۶۰؛ الوافی: ۲۳/ ۱۰۳۶؛ السرائر: ۳/ ۶۳۰؛ ھدایۃ الامہ: ۷/ ۵۱۱

[2] ملاذ الاخیار: ۱۲/ ۴۴۳؛ فقہ الصادقؑ: ۲۲/ ۱۵۴؛ نظام الطلاق: ۵۷؛ مصطلحات الفقہ: ۶۴۳؛ الانوار اللوامع: ۱۰/ ۲۸۵

[3] الکافی: ۶/ ۶۴ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۸/ ۳۸ ح ۱۱۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/ ۳۶ ح ۲۷۹۶۱؛ الوافی: ۲۳/ ۱۰۳۶؛ ھدایۃ الامہ: ۷/ ۳۷۴

[4] نظام الطلاق: ۵۷؛ مرآۃ العقول: ۲۱/ ۱۰۸؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/ ۸۴؛ عوالی اللئالی: ۳/ ۳۷۷

[5] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۵۴۹ ح ۴۸۸۹؛ الکافی: ۶/ ۱۳۶ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۸/ ۴۰ ح ۱۲۲؛ الوافی: ۲۲/ ۹۵۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/ ۳۷ ح ۲۷۹۶۳؛ دعائم الاسلام: ۲/ ۲۶۶؛ مستدرک الوسائل: ۱۵/ ۲۹۳ ح ۱۸۲۸۹؛ ھدایۃ الامہ: ۷/ ۳۷۴

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [1]

{2500} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ حُمَيْدُ بْنُ زِيَادٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَمَاعَةَ عَنِ ابْنِ رِبَاطٍ وَ عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ جَمِيعاً عَنِ ابْنِ أُذَيْنَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ: أَنَّهُ سَأَلَ أَبَا جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ قَالَ لاِمْرَأَتِهِ أَنْتِ عَلَيَّ حَرَامٌ أَوْ بَائِنَةٌ أَوْ بَتَّةٌ أَوْ بَرِيئَةٌ أَوْ خَلِيَّةٌ قَالَ هَذَا كُلُّهُ لَيْسَ بِشَيْءٍ إِنَّمَا اَلطَّلاَقُ أَنْ يَقُولَ لَهَا فِي قُبُلِ اَلْعِدَّةِ بَعْدَ مَا تَطْهُرُ مِنْ مَحِيضِهَا قَبْلَ أَنْ يُجَامِعَهَا أَنْتِ طَالِقٌ أَوِ اِعْتَدِّي يُرِيدُ بِذَلِكَ اَلطَّلاَقَ وَ يُشْهِدُ عَلَى ذَلِكَ رَجُلَيْنِ عَدْلَيْنِ.

محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ انہوں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے اپنی بیوی سے کہا کہ تو مجھ پر حرام ہے یا بائن ہے یا جدا ہے یا بری ہے یا فارغ ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ سب کچھ (کہنا) کوئی شئے نہیں ہے کیونکہ طلاق صرف تب ہوتی ہے جب وہ عورت کے حیض سے پاک ہونے کے بعد ایام طہر میں مجامعت کئے بغیر اس سے کہے کہ "أنتِ طَالِق (تجھے طلاق ہے) یا (کہے) إعتَدِّي (عدت گزار)" بشرطیکہ وہ طلاق دینے کا ارادہ رکھتا ہو اور اس پر دو عادل آدمی گواہ مقرر کرے۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن یا موثق ہے۔ [3]

{2501} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ اَلْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: اَلطَّلاَقُ أَنْ يَقُولَ لَهَا اِعْتَدِّي أَوْ يَقُولَ لَهَا أَنْتِ طَالِقٌ.

حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: طلاق یہ ہے کہ وہ شوہر عورت سے کہے گا "إعتَدِّي" یا وہ اس سے کہے گا "أنتِ طَالِق"۔ [4]

---

[1] روضۃ المتقین: ۹/۲۲۰؛ جواہر الکلام: ۳۲/۵۶؛ تفصیل الشریعہ: ۲۳/۴۲؛ فقہ الصادقؑ: ۲۲/۴۰۷

[2] الکافی: ۶/۶۹ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۸/۳۶ ح ۱۰۸؛ الاستبصار: ۳/۲۷۷ ح ۹۸۳؛ تفسیر کنز الدقائق: ۱۳/۲۹۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۴۱ ح ۲۷۹۷۵؛ تفسیر نور الثقلین: ۵/۳۴۹؛ الوافی: ۲۳/۱۰۳۳؛ عوالی اللئالی: ۳/۳۷۴؛ دعائم الاسلام: ۲/۲۶۶؛ مستدرک الوسائل: ۱۵/۲۹۵ ح ۱۸۲۹۲

[3] جواہر الکلام: ۳۲/۵۶؛ نظام الطلاق: ۶۳؛ فقہ الصادقؑ: ۲۲/۴۰۶ و ۴۰۰؛ الفقہ المقارن (العبادات والاحوال الشخصیہ): ۳۲۷

[4] الکافی: ۶/۶۹ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۸/۳۷ ح ۱۰۹؛ الاستبصار: ۳/۲۷۷ ح ۹۸۴؛ الوافی: ۲۳/۱۰۳۳؛ عوالی اللئالی: ۳/۳۷۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۴۲ ح ۲۷۹۷۶

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [1]

{2502} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي نَصْرٍ الْبَزَنْطِيِّ: أَنَّهُ سَأَلَ أَبَا الْحَسَنِ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ تَكُونُ عِنْدَهُ الْمَرْأَةُ يَصْمُتُ وَ لاَ يَتَكَلَّمُ قَالَ أَخْرَسُ هُوَ قُلْتُ نَعَمْ فَنَعْلَمُ مِنْهُ بُغْضاً لاِمْرَأَتِهِ وَ كَرَاهَةً لَهَا أَ يَجُوزُ أَنْ يُطَلِّقَ عَنْهُ وَلِيُّهُ قَالَ لاَ وَ لَكِنْ يَكْتُبُ وَ يُشْهِدُ عَلَى ذَلِكَ (قُلْتُ أَصْلَحَكَ اللَّهُ فَإِنَّهُ لاَ يَكْتُبُ وَ لاَ يَسْمَعُ كَيْفَ يُطَلِّقُهَا قَالَ بِالَّذِي يُعْرَفُ بِهِ مِنْ أَفْعَالِهِ مِثْلَ مَا ذَكَرْتَ مِنْ كَرَاهَتِهِ وَبُغْضِهِ لَهَا۔

❁ احمد بن محمد بن ابونصر بزنطی سے روایت ہے کہ انہوں نے امام علی رضا علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص کے پاس بیوی ہے مگر وہ چپ رہتا ہے اور بولتا نہیں ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: گونگا ہے وہ؟

میں نے عرض کیا: ہاں مگر ہمیں معلوم ہے کہ وہ اپنی بیوی سے نفرت کرتا ہے اور اس سے کراہت کرتا ہے تو کیا اس کے ولی کے لئے جائز ہے کہ وہ اس کی طرف سے اس کی بیوی کو طلاق دے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں بلکہ وہ لکھے گا اور اس پر گواہ مقرر کرے گا میں نے عرض کیا: اللہ آپ علیہ السلام کا بھلا کرے! وہ نہ لکھ سکتا ہے اور نہ سن سکتا ہے تو وہ کیسے طلاق دے گا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اپنے ان افعال کے ذریعے جن سے اس کی اپنی بیوی سے نفرت و کراہت معلوم ہوتی ہے۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [3]

{2503} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي نَصْرٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ اِمْرَأَتَهُ عَلَى طُهْرٍ مِنْ غَيْرِ جِمَاعٍ وَ أَشْهَدَ الْيَوْمَ رَجُلاً ثُمَّ مَكَثَ خَمْسَةَ أَيَّامٍ ثُمَّ أَشْهَدَ آخَرَ فَقَالَ إِنَّمَا أُمِرَ أَنْ يُشْهَدَا جَمِيعاً.

---

[1] فقہ الصادقؑ: ۲۲/۴۰۸؛ الانوار اللوامع: ۱۰/۲۸۰؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۴/۳۱۴؛ جواہر الکلام: ۳۲/۵۷؛ رسائل المیرزا القمی: ۱/۳۱۱؛ مجموعہ فتاویٰ ابن جنید: ۲۶۸؛ مراۃ العقول: ۲۱/۱۱۷؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/۸۱؛ عوالی اللئالی: ۳/۳۷۵

[2] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۵۱۵ ح ۴۸۰۶؛ الکافی: ۶/۱۲۸ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۸/۷۴ ح ۲۴۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۴۷ ح ۲۷۹۸۸؛ عوالی اللئالی: ۳/۳۷۸؛ الوافی: ۲۳/۱۱۱۳؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۴۷۹؛ الاستبصار: ۳/۳۰۱

[3] روضۃ المتقین: ۹/۱۱۲؛ فقہ الصادقؑ: ۲۲/۴۱۹؛ الانوار اللوامع: ۱۰/۲۸۴؛ منہاج الفقاہۃ: ۳/۱۹۴؛ سند العروۃ کتاب الطہارۃ: ۵/۱۱۴؛ الفقہ وسائل طبیہ: ۲/۷۹

۞ احمد بن محمد بن ابونصر سے روایت ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو اس طہر میں طلاق دی جس میں جماع نہیں کیا مگر اس دن ایک گواہ پیش کیا پھر پانچ دنوں بعد دوسرا گواہ پیش کیا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: حکم یہ ہے کہ دونوں گواہ اکٹھے ہوں۔ (1)

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ (2)

{2504} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيٍّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَبِي الْحَسَنِ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سُئِلَ عَنْ رَجُلٍ طَهُرَتِ امْرَأَتُهُ مِنْ حَيْضِهَا فَقَالَ فُلاَنَةُ طَالِقٌ وَ قَوْمٌ يَسْمَعُونَ كَلاَمَهُ وَ لَمْ يَقُلْ لَهُمُ اشْهَدُوا أَ يَقَعُ الطَّلاَقُ عَلَيْهَا قَالَ نَعَمْ هَذِهِ شَهَادَةٌ.

۞ صفوان بن یحییٰ سے روایت ہے کہ امام علی رضا علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ ایک شخص کی بیوی اپنے حیض سے پاک ہوئی تو اس شخص نے کہا "فلانہ طلاق" جبکہ کچھ لوگ اس کا یہ کلام سن رہے تھے مگر اس نے ان لوگوں سے نہیں کہا کہ وہ گواہ ہوں و کیا عورت پر طلاق واقع ہو جائے گی؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں یہی گواہی ہے۔ (3)

تحقیق:

حدیث حسن کالصحیح یا حسن ہے۔ (4)

{2505} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ بُكَيْرٍ عَنْ زُرَارَةَ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ مَا تَقُولُ فِي رَجُلٍ أَحْضَرَ شَاهِدَيْنِ عَدْلَيْنِ وَ أَحْضَرَ امْرَأَتَيْنِ لَهُ وَ هُمَا طَاهِرَتَانِ مِنْ غَيْرِ جِمَاعٍ ثُمَّ قَالَ اشْهَدَا أَنَّ امْرَأَتَيَّ هَاتَيْنِ طَالِقٌ وَ هُمَا طَاهِرَتَانِ أَ يَقَعُ الطَّلاَقُ قَالَ نَعَمْ.

۞ زرارہ سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے عرض کیا کہ آپ علیہ السلام اس شخص کے بارے میں کیا فرماتے ہیں جس نے دو عادل گواہوں کو حاضر کیا اور اپنی دو بیویوں کو حاضر کیا جبکہ وہ دونوں غیر جماع والے طہر میں تھیں پھر کہا کہ تم گواہ رہنا: "إِنَّ امرأتي هَاتينِ طَالِقٍ وَهُمَا طَاهِرَتَانِ" (یعنی میری دونوں بیویوں کو طلاق ہے جبکہ وہ دونوں طہر میں ہیں)

---

(1) الکافی: ۶/ ۷۱ ح۱؛ تہذیب الاحکام: ۸/ ۵۰ ح۱۵۷؛ الاستبصار: ۳/ ۲۸۵ ح۱۰۰۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/ ۴۹ ح۲۷۹۹۳؛ الوافی: ۲۳/ ۱۰۳۹؛ ھدایۃ الامہ: ۷/ ۳۷۸؛ مسند الامام الرضاؑ: ۲/ ۲۸۵

(2) نظام الطلاق: ۸/ ۱۳؛ فقہ الصادقؑ: ۲۲/ ۴۳؛ جواہر الکلام: ۳۲/ ۱۱۳؛ مرآۃ العقول: ۲۱/ ۲۱؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/ ۱۰۴

(3) الکافی: ۶/ ۷۲ ح۴؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۵۶ ح۳۳۲۴؛ تہذیب الاحکام: ۸/ ۴۹ ح۱۵۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/ ۵۰ ح۲۷۹۹۶؛ الوافی: ۲۳/ ۱۰۳۹؛ مسند الامام رضاؑ: ۲/ ۲۸۶

(4) روضۃ المتقین: ۹/ ۱۵۷؛ فقہ الصادقؑ: ۲۲/ ۴۹؛ مرآۃ العقول: ۲۱/ ۲۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/ ۱۰۴

تو کیا طلاق واقع ہو جائے گی؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں۔ [1]

تحقیق:

حدیث حسن یا موثق ہے۔ [2]

{2506} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ فَضَّالٍ عَنْ حَجَّاجٍ الْخَشَّابِ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ كَانَ فِي سَفَرٍ فَلَمَّا دَخَلَ الْمِصْرَ جَاءَ مَعَهُ بِشَاهِدَيْنِ فَلَمَّا اِسْتَقْبَلَتْهُ اِمْرَأَتُهُ عَلَى الْبَابِ أَشْهَدَهُمَا عَلَى طَلاَقِهَا قَالَ لاَ يَقَعُ بِهَا طَلاَقٌ.

❁ حجاج الخشاب سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص سفر میں تھا تو جب وہ اپنے شہر پہنچا تو اپنے ساتھ دو گواہ بھی لیتا آیا چنانچہ جب اس کی بیوی دروازے پر اس کے استقبال کے لئے آئی تو اس نے اس کی طلاق پر ان کو گواہ بنا دیا (تو کیا طلاق واقع ہوگئی)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس طرح طلاق واقع نہیں ہوگی۔ [3]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [4]

قول مؤلف:

طلاق واقع نہ ہونے کی وجہ معاملہ کی مشکوکیت ہے کیونکہ ممکن ہے کہ اس کی بیوی طہر میں نہ ہو لہٰذا اسے پوری طرح تحقیق سے طلاق دینی چاہیے تاکہ شک پیدا نہ ہو (واللہ اعلم)

{2507} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ بَأْسَ بِطَلاَقِ خَمْسٍ عَلَى كُلِّ حَالٍ الْغَائِبِ عَنْهَا زَوْجُهَا وَ الَّتِي لَمْ تَحِضْ وَ الَّتِي لَمْ يَدْخُلْ بِهَا زَوْجُهَا وَ الْحُبْلَى وَ الَّتِي قَدْ يَئِسَتْ مِنَ الْمَحِيضِ.

❁ حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: پانچ عورتوں کو ہر حالت میں طلاق دینے میں کوئی حرج

---

[1] الکافی: ۶/ ۲۷ ح ۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/ ۵۱ ح ۲۷۹۹۸؛ الوافی: ۲۳/ ۱۰۴۰؛ تہذیب الاحکام: ۸/ ۵۰ ح ۵۶؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/ ۳۸۰

[2] مرآۃ العقول: ۲۱/ ۲۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/ ۱۰۴؛ الانوار اللوامع: ۱۰/ ۳۱۰

[3] الکافی: ۶/ ۸۷ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۸/ ۹۳ ح ۲۰۷؛ الاستبصار: ۳/ ۲۹۶ ح ۱۰۴۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/ ۵۳ ح ۲۸۰۰۲؛ الوافی: ۲۳/ ۱۰۷۲؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/ ۳۸۱

[4] مرآۃ العقول: ۲۱/ ۱۳۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/ ۲۹؛ الانوار اللوامع: ۱۰/ ۲۷۶

نہیں ہے وہ جس سے اس کا شوہر غائب ہو، وہ جسے (ہنوز) حیض نہیں آیا (یعنی صغیرۃ السن)، وہ جس سے اس کے شوہر نے دخول نہیں کیا، حاملہ اور وہ جو حیض سے مایوس ہو چکی ہو (یعنی یائسہ)۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [2]

{2508} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ عَنِ الْعَلاَءِ بْنِ رَزِينٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَحَدِهِمَا عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الرَّجُلِ يُطَلِّقُ امْرَأَتَهُ وَهُوَ غَائِبٌ قَالَ يَجُوزُ طَلاَقُهُ عَلَى كُلِّ حَالٍ وَ تَعْتَدُّ امْرَأَتُهُ مِنْ يَوْمَ طَلَّقَهَا.

محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ میں نے امامین علیہ السلام میں سے ایک امام علیہ السلام سے پوچھا کہ کیا کوئی غائب شخص بیوی کو طلاق دے سکتا ہے؟ آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس کی طلاق ہر حال میں جائز ہوگی اور اس کی بیوی طلاق والے دن سے عدت گزارے گی۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2509} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ رِبَاطٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْمُكَارِي عَنْ أَبِي بَصِيرٍ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ الرَّجُلُ يُطَلِّقُ امْرَأَتَهُ وَهُوَ غَائِبٌ فَيَعْلَمُ أَنَّهُ يَوْمَ طَلَّقَهَا كَانَتْ طَامِثاً قَالَ يَجُوزُ.

ابوبصیر سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ ایک غائب شخص اپنی بیوی کو طلاق دیتا ہے پس (بعد میں) اسے معلوم ہوتا ہے کہ جس دن اس نے اسے طلاق دی اس دن وہ حیض سے تھی؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: طلاق جائز (نافذ) ہوگی۔ [5]

---

[1] الکافی: ۶/۹۷ ح ۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۵۵ ح ۲۸۰۰۵؛ الوافی: ۲۳/۱۰۹۷؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۳۸۱

[2] نظام الطلاق فی الشریعہ: ۲۵۰؛ فقہ الصادقؑ: ۲۲/۸۵ و ۳۹۹؛ مصباح المنہاج کتاب الطہارۃ: ۵/۲۹؛ مرآۃ العقول: ۲۱/۱۳۵

[4] روضۃ المتقین: ۹/۸۹؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۷/۹۲۳؛ جواہر الکلام: ۳۲/۲۷۸؛ فقہ الصادقؑ: ۲۳/۹۳

اس کی ایک بیوی ہوتی ہے جس سے اس نے دخول نہیں کیا ہوتا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس عورت کے لئے نصف حق مہر ہے اور اس کے لئے پوری میراث ہے اور اس پر پوری عدت ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2550} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ سَمَاعَةَ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثُمَّ إِنَّهُ مَاتَ قَبْلَ أَنْ تَنْقَضِيَ عِدَّتُهَا قَالَ تَعْتَدُّ عِدَّةَ الْمُتَوَفَّى عَنْهَا زَوْجُهَا وَ لَهَا الْمِيرَاثُ.

سماعہ سے روایت ہے کہ میں نے ان (امام علیہ السلام) سے پوچھا کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو طلاق دی پھر اس سے پہلے کہ عورت کی عدت گزرتی وہ شخص مر گیا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: عورت اپنے شوہر کی عدت وفات گزارے گی اور اس کے لئے وراثت ہوگی۔ [3]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [4]

﴿طلاق بائن اور طلاق رجعی﴾

قول مؤلف:

طلاق بائن وہ طلاق ہے کہ جس کے بعد مرد اپنی عورت کی طرف رجوع کرنے کا حق نہیں رکھتا یعنی یہ کہ بغیر نکاح کے دوبارہ اسے اپنی بیوی نہیں بنا سکتا اور اس طلاق کی چھ قسمیں ہیں

(۱) اس عورت و دی گئی طلاق جس کی عمر ابھی نو سال نہ ہوئی ہو،

(۲) اس عورت کو دی گئی طلاق جو یائسہ ہو،

(۳) اس عورت کو دی گئی طلاق جس کے شوہر نے نکاح کے بعد اس سے جماع نہ کیا ہو،

(۴) جس عورت کو تین دفعہ طلاق دی گئی ہو اسے دی جانے والی تیسری طلاق،

(۵) خلع اور مبارات کی طلاق اور

---

[1] الکافی: ۶/۱۱۸ ح ۱۱؛ تہذیب الاحکام: ۸/۱۴۳ ح ۴۹۹؛ الاستبصار: ۳/۳۳۹ ح ۱۲۰۷؛ عوالی اللئالی: ۳/۳۴۳ ح ۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۲۴۷ ح ۲۸۵۰۷؛ الوافی: ۲۲/۴۹۹

[2] مرآۃ العقول: ۲۱/۲۰۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/۲۸۳؛ مجمع الفائدہ: ۱۱/۳۴۳؛ فقہ الصادقؑ: ۲۳/۷۴؛ حدود الشریعہ: ۲/۷۴۳؛ عوالی اللئالی: ۳/۳۴۳

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۵۴۵ ح ۴۸۷۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۲۵۱ ح ۲۸۵۲۰؛ الوافی: ۲۳/۱۱۹۲

[4] روضۃ المتقین: ۹/۲۱۰؛ نظام الطلاق: ۲۷۸؛ فقہ الثقلین: ۱/۱۲/۳۴؛ الانوار اللوامع: ۱۰/۱۹۱؛ فقہ الصادقؑ: ۲۳/۳۳۴؛ رسائل فقہیہ: ۵۵۵

(۶) حاکم شرع کا اس عورت کو طلاق دینا جس کا شوہر نہ اس کے اخراجات برداشت کرتا ہو نہ اسے طلاق دیتا ہو۔۔۔۔

اوران طلاقوں کے علاوہ جو طلاقیں ہیں وہ رجعی ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ جب تک عورت عدت میں ہو شوہر اس سے رجوع کر سکتا ہے۔ ①

مؤلف عرض کرتا ہے کہ ہم نے ان اقسام کے مختلف احکام مختلف مقامات پر ذکر کر دیئے ہیں اور کچھ آئندہ ذکر کریں گے ان شاءاللہ (واللہ اعلم)

رجوع کرنے کے احکام

{2551} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ عَنِ الْعَلاَءِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَحَدِهِمَا عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ اِمْرَأَتَهُ وَاحِدَةً قَالَ هُوَ أَمْلَكُ بِرَجْعَتِهَا مَا لَمْ تَنْقَضِ الْعِدَّةُ قُلْتُ فَإِنْ لَمْ يُشْهِدْ عَلَى رَجْعَتِهَا قَالَ فَلْيُشْهِدْ قُلْتُ فَإِنْ غَفَلَ عَنْ ذَلِكَ قَالَ فَلْيُشْهِدْ حِينَ يَذْكُرُ وَإِنَّمَا جُعِلَ الشُّهُودُ لِمَكَانِ الْمِيرَاثِ.

۞ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ میں نے امامین علیہ السلام میں سے ایک امام علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک نے اپنی بیوی کو ایک طلاق دی؟ آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ زیادہ مالک ومختار ہے کہ اس سے رجوع کرے جبکہ عدت ابھی ختم نہ ہوئی ہو۔

میں نے عرض کیا: اگر وہ عورت سے رجوع کرنے پر گواہ مقرر نہ کرے تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ گواہ مقرر کرے۔

میں نے عرض کیا: اگر وہ اس سے غفلت کرے تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب یاد آجائے تب مقرر کرے اور یقیناً گواہ اس لئے مقرر کئے جاتے ہیں تا کہ میراث ثابت کی جا سکے۔ ②

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ③

{2552} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ أُذَيْنَةَ عَنْ زُرَارَةَ وَمُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِنَّ الطَّلاَقَ لاَ يَكُونُ بِغَيْرِ شُهُودٍ وَإِنَّ الرَّجْعَةَ بِغَيْرِ

---

① توضیح المسائل آقا سیستانی: ۳۸۱ ف ۲۴۸۱

② الکافی: ۶/ ۷۳ ح ۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/ ۱۳۴ ح ۲۸۲۰۵؛ الوافی: ۲۳/ ۱۰۴۴؛ مسند الامام الباقرؑ: ۵/ ۳۰

③ مرآۃ العقول: ۲۱/ ۱۲۴؛ مہذب الاحکام: ۲۶/ ۱۰۵؛ الانوار اللوامع: ۱۰/ ۴۴۳؛ الحدائق الناضرۃ: ۲۵/ ۳۹۰؛ مستمسک العروۃ: ۱۳/ ۱۴۲

شُهُودٍ رَجْعَةٌ وَلَكِنْ لَيُشْهِدْ بَعْدُ فَهُوَ أَفْضَلُ.

✪ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: طلاق بغیر گواہوں کے نہیں ہوسکتی اور رجوع بغیر گواہوں کے بھی رجوع ہے لیکن گواہ مقرر کئے جائیں تو یہ افضل ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [2]

{2553} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ أَبِي وَلاَّدٍ الْحَنَّاطِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ امْرَأَةٍ ادَّعَتْ عَلَى زَوْجِهَا أَنَّهُ طَلَّقَهَا تَطْلِيقَةً طَلاَقَ الْعِدَّةِ طَلاَقاً صَحِيحاً يَعْنِي عَلَى طُهْرٍ مِنْ غَيْرِ جِمَاعٍ وَ أَشْهَدَ لَهَا شُهُوداً عَلَى ذَلِكَ ثُمَّ أَنْكَرَ الزَّوْجُ بَعْدَ ذَلِكَ فَقَالَ إِنْ كَانَ إِنْكَارُهُ الطَّلاَقَ قَبْلَ انْقِضَاءِ الْعِدَّةِ فَإِنَّ إِنْكَارَهُ لِلطَّلاَقِ رَجْعَةٌ لَهَا وَ إِنْ كَانَ أَنْكَرَ الطَّلاَقَ بَعْدَ انْقِضَاءِ الْعِدَّةِ فَإِنَّ عَلَى الْإِمَامِ أَنْ يُفَرِّقَ بَيْنَهُمَا بَعْدَ شَهَادَةِ الشُّهُودِ بَعْدَ أَنْ يَسْتَحْلِفَ أَنَّ إِنْكَارَهُ لِلطَّلاَقِ بَعْدَ انْقِضَاءِ الْعِدَّةِ وَهُوَ خَاطِبٌ مِنَ الْخُطَّابِ.

✪ ابوولاد الحناط سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک عورت نے یہ دعویٰ کیا کہ اس کے شوہر نے اسے صحیح طریقہ سے ایک طلاق عدی (رجعی) دی ہے یعنی ایسے طہر میں دی ہے مگر بعد ازاں شوہر نے اس سے انکار کر دیا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر اس کا طلاق سے انکار عدت کے گزر جانے سے پہلے ہے تو پھر اس کا طلاق سے یہ انکار اس سے رجوع ہے اور اگر طلاق کا انکار عدت گزر جانے کے بعد ہے تو پھر امام علیہ السلام پر لازم ہے کہ ان دونوں کے درمیان جدائی ڈال دے مگر گواہوں کی گواہی کے بعد اور عورت سے اس بات کا حلف لینے کے بعد کہ اس نے یہ انکار عدت گزرنے کے بعد کیا ہے اور پھر بعد ازاں یہ شخص بھی رشتہ طلب کرنے والوں میں سے ایک ہوگا۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

---

[1] الکافی: ۶/۷۳ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۸/۴۲ ح ۱۲۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۱۳۴ ح ۲۸۲۰۷؛ الوافی: ۲۳/۱۰۴۳

[2] الحدائق الناضرة: ۲۵/۵۹؛ مہذب الاحکام: ۲۶/۱۷۱؛ جواہر الکلام: ۱۶/۳۲۵؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۴/۶۴؛ جامع المدارک: ۴/۵۴۰؛ مراۃ العقول: ۲۱/۱۲۳

[3] الکافی: ۶/۷۴ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۸/۴۲ ح ۱۲۹؛ الوافی: ۲۳/۱۰۵۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۱۳۶ ح ۲۸۲۱۱؛ هدایۃ الامہ: ۷/۴۰۶

[4] ملاذ الاخیار: ۱۳/۹۲؛ دروس فقہ مظاہری: ۸۵؛ ریاض المسائل: ۱۲/۲۷۸؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۷/۳۱۰؛ فقہ الثقلین: ۱/۴۴۱؛ مہذب الاحکام: ۲۶/۱۶۱؛ مسالک الافہام: ۹/۱۸۷؛ الحدائق الناضرة: ۲۵/۵۹؛ کشف اللثام: ۸/۱۷؛ فقہ الصادقؑ: ۲۲/۳۴۷

قول مؤلف:

مراۃ العقول (۱۲۶/۲۱) پر حدیث کو "مرسل" لکھا گیا ہے جو شاید کتابت کی غلطی ہے (واللہ اعلم)

{2554} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ سَعْدٍ عَنِ الْمَرْزُبَانِ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا الْحَسَنِ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ قَالَ لِامْرَأَتِهِ اِعْتَدِّي فَقَدْ خَلَّيْتُ سَبِيلَكِ ثُمَّ أَشْهَدَ عَلَى رَجْعَتِهَا بَعْدَ ذَلِكَ بِأَيَّامٍ ثُمَّ غَابَ عَنْهَا قَبْلَ أَنْ يُجَامِعَهَا حَتَّى مَضَتْ لِذَلِكَ أَشْهُرٌ بَعْدَ الْعِدَّةِ أَوْ أَكْثَرُ فَكَيْفَ تَأْمُرُهُ قَالَ إِذَا أَشْهَدَ عَلَى رَجْعَتِهِ فَهِيَ زَوْجَتُهُ.

۞ مرزبان سے روایت ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے اپنی بیوی سے کہا اعتدی یعنی عدت گزار پس میں نے تمہارا راستہ جدا کر دیا ہے پھر کچھ دنوں بعد گواہوں کے ساتھ اس سے رجوع کر لیا پھر اس عورت سے مجامعت کرنے سے پہلے اس سے غائب ہو گیا حتیٰ کہ عدت گزرنے کے بعد بھی ایک ماہ یا کچھ زیادہ گزر گیا تو اس کے بارے کیا حکم دیتے ہیں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب اس نے اپنے رجوع پر گواہ مقرر کیے ہیں تو وہ عورت اس کی بیوی ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [2]

{2555} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيٍّ عَنْ أَبِيهِ وَ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ شَاذَانَ جَمِيعاً عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَجَّاجِ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي رَجُلٍ يُطَلِّقُ امْرَأَتَهُ: لَهُ أَنْ يُرَاجِعَ وَ قَالَ لاَ يُطَلِّقُ التَّطْلِيقَةَ الْأُخْرَى حَتَّى يَمَسَّهَا.

۞ عبدالرحمٰن بن حجاج سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے اس شخص کے بارے میں فرمایا جو اپنی عورت کو طلاق دیتا ہے تو وہ اس سے رجوع کرنے کا حق رکھتا ہے۔

پھر فرمایا: وہ اس عورت کو دوسری طلاق نہیں دے سکتا جب تک کہ اس سے مجامعت نہ کرے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن کالصحیح ہے۔ [4]

---

[1] الکافی: ۶/۷۴ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۸/۴۳ ح ۱۳۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۱۳۷ ح ۲۸۲۱۲؛ الوافی: ۲۳/۱۰۳۵؛ ہدایۃ الامہ: ۷/۲۰۶

[2] الحدائق الناضرۃ: ۲۵/۲۶۹؛ موسوعہ الفقہ الاسلامی: ۵/۱۳۰؛ الدرر النجفیہ: ۲/۴۷۱؛ فقہ الثقلین: ۷/۴۳؛ الانوار اللوامع: ۱۰/۳۴۶؛ فقہ الصادقؑ: ۲۲/۳۹۳؛ مراۃ العقول: ۲۱/۱۲۶؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/۹۳

[3] الکافی: ۶/۷۳ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۸/۴۴ ح ۱۳۳؛ الاستبصار: ۳/۲۸۰ ح ۹۹۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۱۴۱ ح ۲۸۲۲۲؛ الوافی: ۲۳/۱۰۳۶؛ ہدایۃ الامہ: ۷/۹۱؛ عوالی اللئالی: ۲/۲۸۱

[4] مفاتیح الشرائع: ۲/۳۱۹؛ ریاض المسائل: ۱۲/۲۵۷؛ مراۃ العقول: ۲۱/۱۲۴؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/۹۵

{2556} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنِ ابْنِ أَبِي نَصْرٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الرَّجْعَةِ بِغَيْرِ جِمَاعٍ تَكُونُ رَجْعَةً قَالَ نَعَمْ.

محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے رجوع کرنے کے بارے میں پوچھا کہ کیا جماع کئے بغیر رجوع ہو جائے گا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2557} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ جَمِيلِ بْنِ دَرَّاجٍ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ عَوَّاضٍ وَ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ قَالاَ: سَأَلْنَا أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ اِمْرَأَتَهُ وَ أَشْهَدَ عَلَى رَجْعَتِهَا وَ لَمْ يُجَامِعْ ثُمَّ طَلَّقَ فِي طُهْرٍ آخَرَ عَلَى السُّنَّةِ أَ تَثْبُتُ التَّطْلِيقَةُ الثَّانِيَةُ بِغَيْرِ جِمَاعٍ قَالَ نَعَمْ إِذَا هُوَ أَشْهَدَ عَلَى الرَّجْعَةِ وَ لَمْ يُجَامِعْ كَانَتِ التَّطْلِيقَةُ ثَانِيَةً.

عبدالحمید بن عواض اور محمد بن مسلم (دونوں) سے روایت ہے کہ ہم نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو طلاق دی اور گواہوں کی موجودگی میں اس سے رجوع کر لیا لیکن مجامعت نہیں کی اور پھر دوسرے طہر میں سنت کے مطابق طلاق دے دی تو کیا بغیر جماع کئے اس کی دوسری طلاق واقع ہو جائے گی؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں جب وہ رجوع پر گواہ مقرر کرے تو چاہے مجامعت نہ کرے پھر بھی دوسری طلاق واقع ہو جائے گی۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2558} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ النَّضْرِ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سِنَانٍ

---

[1] تہذیب الاحکام: ۸/۴۵ ح ۳۸۱؛ الاستبصار: ۳/۲۸۱ ح ۹۹۶؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۱۴۳ ح ۲۸۲۲۷؛ الوافی: ۲۳/۱۰۴۷

[2] ملاذ الاخیار: ۱۳/۹۶؛ نہایۃ المرام: ۲/۵۷؛ مختلف الشیعہ: ۷/۳۴۳؛ الانوار اللوامع: ۱۰/۳۳۹؛ مسالک الافہام: ۹/۱۴۹؛ ایضاح الفوائد: ۳/۳۱۹

[3] تہذیب الاحکام: ۸/۴۵ ح ۱۳۹؛ الاستبصار: ۳/۲۸۱ ح ۹۹۷؛ عوالی اللئالی: ۲/۱۸۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۱۴۳ ح ۲۸۲۲۸؛ الوافی: ۲۳/۱۰۴۸؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۳۹۲

[4] ملاذ الاخیار: ۱۳/۹۷؛ ایضاح الفوائد: ۳/۳۱۹؛ رسائل فقہیہ: ۸۵۴؛ ریاض المسائل: ۲/۱۷۹؛ مختلف الشیعہ: ۷/۳۴۳؛ الدرر النجفیہ: ۲/۹۱؛ دروس فقہ مظاہری: ۹۲؛ جامع المدارک: ۴/۵۲۶؛ جواہر الکلام: ۳۲/۱۳۷؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۷/۵۷؛ فقہ الصادقؑ: ۲۲/۲۶۳

عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ : إِذَا أَرَادَ الرَّجُلُ الطَّلاَقَ طَلَّقَهَا قُبُلَ عِدَّتِهَا فِي غَيْرِ جِمَاعٍ فَإِنَّهُ إِذَا طَلَّقَهَا وَاحِدَةً ثُمَّ تَرَكَهَا حَتَّى يَخْلُوَ أَجَلُهَا أَوْ بَعْدَهُ فَهِيَ عِنْدَهُ عَلَى تَطْلِيقَةٍ فَإِنْ طَلَّقَهَا الثَّانِيَةَ وَ شَاءَ أَنْ يَخْطُبَهَا مَعَ الْخُطَّابِ إِنْ كَانَ تَرَكَهَا حَتَّى خَلاَ أَجَلُهَا وَ إِنْ شَاءَ رَاجَعَهَا قَبْلَ أَنْ يَنْقَضِيَ أَجَلُهَا فَإِنْ فَعَلَ فَهِيَ عِنْدَهُ عَلَى تَطْلِيقَتَيْنِ فَإِنْ طَلَّقَهَا ثَلاَثاً فَلاَ تَحِلُّ لَهُ ... حَتَّى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَهُ وَ هِيَ تَرِثُ وَ تُورَثُ مَا دَامَتْ فِي التَّطْلِيقَتَيْنِ الْأَوَّلَتَيْنِ.

❁ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا جب کوئی شخص عورت کو طلاق دینے کا ارادہ کرے تو وہ اسے اس طہر میں طلاق دے جس میں جماع نہ کیا ہو پس جب اسے ایک طلاق دے پھر اسے چھوڑ دے (اور رجوع نہ کرے) یہاں تک کہ اس کی عدت گزر جائے یا اس کے بعد اس سے نکاح کرے تو وہ عورت اس مرد کے پاس ایک طلاق پر ہوگی پس اگر وہ اسے دوسری طلاق دے (اور رجوع نہ کرے اور عدت گزر جائے) اور وہ چاہے کہ وہ بھی اس کا رشتہ مانگنے والوں میں سے ایک ہو (یعنی پھر نکاح کرنا چاہے) جبکہ اس نے اس سے رجوع نہ کیا یہاں تک کہ اس کی عدت گزر گئی اور اگر چاہے کہ عدت گزرنے سے پہلے اس سے رجوع کرے (تو ایسا کرسکتا ہے) اور اگر ایسا کرے تو وہ اس کے پاس دو طلاقوں پر ہوگی پس اگر وہ اسے تیسری طلاق دے دیتا ہے تو پھر وہ اس پر اس وقت تک حلال نہ ہوگی جب تک کسی اور شخص (محلل) سے نکاح نہ کرے اور جب تک وہ دو طلاقوں میں ہے تب تک خود بھی وارث بنے گی اور اپنا بھی وارث بنائے گی۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2559} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنِ ابْنِ أُذَيْنَةَ عَنِ ابْنِ بُكَيْرٍ وَ غَيْرِهِ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَنَّهُ قَالَ: إِنَّ الطَّلاَقَ الَّذِي أَمَرَ اللَّهُ عَزَّ وَ جَلَّ بِهِ فِي كِتَابِهِ وَ الَّذِي سَنَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ أَنْ يُخَلِّيَ الرَّجُلُ عَنِ الْمَرْأَةِ فَإِذَا حَاضَتْ وَ طَهُرَتْ مِنْ مَحِيضِهَا أَشْهَدَ رَجُلَيْنِ عَدْلَيْنِ عَلَى تَطْلِيقَةٍ وَ هِيَ طَاهِرٌ مِنْ غَيْرِ جِمَاعٍ وَ هُوَ أَحَقُّ بِرَجْعَتِهَا مَا لَمْ تَنْقَضِ ثَلاَثَةُ قُرُوءٍ وَ كُلُّ طَلاَقٍ مَا خَلاَ هَذَا فَبَاطِلٌ لَيْسَ بِطَلاَقٍ.

❁ ابن بکیر وغیرہ سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: وہ طلاق جس کا حکم اللہ نے اپنی کتاب میں دیا ہے اور جو کو

[1] تہذیب الاحکام: ۸/۲۹ ح ۸۹؛ الکافی: ۶/۶۹ ح ۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۱۰۶ ح ۲۸۱۳۸؛ الاستبصار: ۳/۲۷۰ ح ۹۶۱؛ الوافی: ۲۳/۱۰۲۰؛ بحارالانوار: ۱۰۱/۱۵۷؛ مستدرک الوسائل: ۱۵/۳۲۲ ح ۱۸۳۷۹؛ تفسیر العیاشی: ۱/۱۱۹؛ تفسیر البرہان: ۱/۴۸۱

[2] ملاذ الاخیار: ۱۳/۶۷

رسول اللہ ﷺ نے مسنون قرار دیا ہے وہ یہ ہے کہ آدمی عورت سے اس طرح جدا ہوگا (یعنی طلاق دے گا) کہ جب اسے حیض آئے اور اپنے حیض سے پاک ہو تو دو عادل آدمیوں کی گواہی سے اسے ایک طلاق دے جبکہ عورت سے اس طہر میں اس نے جماع نہ کیا ہو اور جب تک تین طہر نہ گزر جائیں وہ اس عورت سے رجوع کا زیادہ حقدار ہے اور ہر وہ طلاق جو اس طریقہ پر نہیں ہے وہ باطل ہے اور کوئی طلاق نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث حسن یا موثق ہے۔ [2]

﴿طلاق خلع﴾

{2560} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ يَحِلُّ خُلْعُهَا حَتَّى تَقُولَ لِزَوْجِهَا وَ اللَّهِ لاَ أُبِرُّ لَكَ قَسَماً وَ لاَ أُطِيعُ لَكَ أَمْراً وَ لاَ أَغْتَسِلُ لَكَ مِنْ جَنَابَةٍ وَ لَأُوطِئَنَّ فِرَاشَكَ وَ لَآذَنَنَّ عَلَيْكَ بِغَيْرِ إِذْنِكَ وَ قَدْ كَانَ النَّاسُ يُرَخِّصُونَ فِيمَا دُونَ هَذَا فَإِذَا قَالَتِ الْمَرْأَةُ ذَلِكَ لِزَوْجِهَا حَلَّ لَهُ مَا أَخَذَ مِنْهَا فَكَانَتْ عِنْدَهُ عَلَى تَطْلِيقَتَيْنِ بَاقِيَتَيْنِ وَ كَانَ الْخُلْعُ تَطْلِيقَةً وَ قَالَ يَكُونُ الْكَلاَمُ مِنْ عِنْدِهَا وَ قَالَ لَوْ كَانَ الْأَمْرُ إِلَيْنَا لَمْ نُجِزْ طَلاَقاً إِلاَّ لِلْعِدَّةِ.

حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: عورت کے لئے خلع حلال نہیں ہوگا یہاں تک کہ وہ اپنے شوہر سے کہے کہ اللہ کی قسم میں تم سے کسی قسم کی نیکی نہیں کروں گی نہ تمہارے حکم کو مانوں گی، نہ تمہارے لئے غسل جنابت کروں گی اور تیرے بستر پر غیر کو لاؤں گی اور تیری اجازت کے بغیر اس پر اس (غیر) کو اجازت دوں گی اور لوگ تو اس سے کم باتوں پر بھی رخصت دے دیتے تھے۔ پس جب عورت نے اپنے شوہر سے یہ کہہ دیا تو شوہر نے جو کچھ اس سے لیا ہے وہ حلال ہو گیا اور عورت اس کے پاس دو طلاقوں پر ہوئی کیونکہ خلع ایک طلاق ہے۔

اور آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ کلام (یعنی اظہار برات) عورت کی اپنی طرف سے ہو (اور کسی نے پٹی نہ پڑھائی ہو)۔

نیز فرمایا: اگر امر (حکومت) ہمارے ہاتھ میں ہوتا تو ہم عدی طلاق کے علاوہ کوئی طلاق جائز قرار نہ دیتے۔ [3]

---

[1] الکافی: ۶/۶۸ ح ۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۱۰۶ ح ۲۸۱۳۲؛ تفسیر کنز الدقائق: ۱۳/۲۹۲؛ الوافی: ۲۳/۱۰۲۰؛ تفسیر نور الثقلین: ۵/۳۴۹

[2] مرآۃ العقول: ۲۱/۱۱۵

[3] الکافی: ۶/۱۳۹ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۸/۹۵ ح ۲۲۳؛ الاستبصار: ۳/۳۱۵ ح ۱۱۲۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۵۲۳ ح ۴۸۲۱؛ الوافی: ۲۲/۸۸۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۲۸۰ ح ۲۸۵۹۰ و ۲۸۳ ح ۲۸۶۰۰

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ ①

{2561} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: اَلْمُخْتَلِعَةُ الَّتِي تَقُولُ لِزَوْجِهَا اِخْلَعْنِي وَ أَنَا أُعْطِيكَ مَا أَخَذْتُ مِنْكَ فَقَالَ لاَ يَحِلُّ لَهُ أَنْ يَأْخُذَ مِنْهَا شَيْئاً حَتَّى تَقُولَ وَ اللَّهِ لاَ أُبِرُّ لَكَ قَسَماً وَ لاَ أُطِيعُ لَكَ أَمْراً وَ لَآذَنَنَّ فِي بَيْتِكَ بِغَيْرِ إِذْنِكَ وَ لَأُوطِئَنَّ فِرَاشَكَ غَيْرَكَ فَإِذَا فَعَلَتْ ذَلِكَ مِنْ غَيْرِ أَنْ يُعَلِّمَهَا حَلَّ لَهُ مَا أَخَذَ مِنْهَا وَ كَانَتْ تَطْلِيقَةً بِغَيْرِ طَلاَقٍ يَتْبَعُهَا فَكَانَتْ بَائِناً بِذَلِكَ وَ كَانَ خَاطِباً مِنَ الْخُطَّابِ.

✪ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: خلع والی عورت وہ ہے جو اپنے شوہر سے کہے کہ مجھے خلع دو اور میں تجھے وہ دیتی ہوں جو میں نے تم سے حاصل کیا ہے۔

آپ علیہ السلام نے فرمایا: مرد کے لئے عورت سے کوئی چیز لینا حلال نہیں ہوتا حتیٰ کہ وہ عورت کہے کہ اللہ کی قسم میں تم سے کسی قسم کی نیکی نہیں کروں گی اور میں تمہارا حکم نہیں مانوں گی اور تمہارے گھر میں تمہاری اجازت کے بغیر اجازت دوں گی اور تمہارے بستر پر غیر کو لاؤں گی پس جب عورت کسی اور کے سکھائے پڑھائے بغیر ایسا کردے تو مرد کے لئے وہ حلال ہو گیا جو کچھ اس نے اس سے لیے اور اس کے بعد بغیر طلاق کے یہ (خلع) ایک طلاق ہوگی اور عورت اس سے بائن ہو جائے گی اور وہ شخص خواستگاری کرنے والوں میں سے ایک ہوگا۔ ②

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ ③

{2562} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: عِدَّةُ الْمُخْتَلِعَةِ عِدَّةُ الْمُطَلَّقَةِ وَ خُلْعُهَا طَلاَقُهَا وَ هِيَ تُجْزِي مِنْ غَيْرِ أَنْ يُسَمِّيَ طَلاَقاً الْحَدِيثَ.

---

① التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۴/۴۷۳؛ مہذب الاحکام: ۲۶/۷۹؛ فقہ الثقلین: ۳۵۸؛ دراسات فقہیہ: ۳۵۳؛ مسالک الافہام: ۴/۸۷؛ مقامع الفضل: ۲/۲۱؛ مختلف الشیعہ: ۷/۳۸۴؛ المہذب البارع: ۳/۵۱۲؛ جامع المدارک: ۴/۵۸۴؛ الحدائق الناضرۃ: ۲۵/۵۶۷؛ مرآۃ العقول: ۲۱/۲۳۴؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/۸۸؛ روضۃ المتقین: ۹/۱۳۸

② الکافی: ۶/۱۴۰ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۸/۹۵ ح ۳۲۴؛ الاستبصار: ۳/۳۱۵ ح ۱۱۲۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۲۸۴ ح ۲۸۶۰۱؛ الوافی: ۲۲/۸۸۶؛ عوالی اللئالی: ۳/۳۹۴

③ تفصیل الشریعہ: ۲۳/۲۲۶؛ ریاض المسائل: ۲/۱۹۶؛ نظام الطلاق: ۳۹۵؛ فقہ الثقلین: ۳۸۲؛ جامع المدارک: ۴/۵۸۴؛ الحدائق الناضرۃ: ۲۵/۵۶۷؛ فقہ الصادقؑ: ۲۳/۳۱۴؛ انوار الفقاہۃ: ۲۰/۸۴؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/۱۹۰؛ مرآۃ العقول: ۲۱/۲۳۵؛ مسالک الافہام: ۹/۳۲۸؛ عوالی اللئالی: ۳/۳۹۴

❁ حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: خلع یافتہ عورت کی عدت بھی طلاق یافتہ عورت کی عدت کے برابر ہے اور اس کا خلع طلاق کا نام لئے بغیر اس کی طلاق ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2563} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ خَالِدٍ قَالَ: قُلْتُ أَرَأَيْتَ إِنْ هُوَ طَلَّقَهَا بَعْدَ مَا خَلَعَهَا أَ يَجُوزُ عَلَيْهَا قَالَ وَلِمَ يُطَلِّقُهَا وَ قَدْ كَفَاهُ الْخُلْعُ وَ لَوْ كَانَ الْأَمْرُ إِلَيْنَا لَمْ نُجِزْ طَلَاقاً.

❁ سلیمان بن خالد سے روایت ہے کہ میں نے (امام علیہ السلام سے) عرض کیا: آپ علیہ السلام کی کیا رائے ہے کہ اگر مرد عورت کو اس کے خلع لینے کے بعد طلاق دے تو کیا یہ اس پر جائز ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ عورت کو کیوں طلاق دے گا اور تحقیق اس کے لئے خلع کافی ہے اور اگر معاملہ ہمارے ہاتھ میں ہوتا تو ہم طلاق کو جائز ہی قرار نہ دیتے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2564} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْمَاعِيلَ بْنِ بَزِيعٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا الْحَسَنِ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلَامُ عَنِ الْمَرْأَةِ تُبَارِي زَوْجَهَا أَوْ تَخْتَلِعُ مِنْهُ بِشَهَادَةِ شَاهِدَيْنِ عَلَى طُهْرٍ مِنْ غَيْرِ جِمَاعٍ هَلْ تَبِينُ مِنْهُ بِذَلِكَ أَوْ هِيَ امْرَأَتُهُ مَا لَمْ يُتْبِعْهَا بِطَلَاقٍ فَقَالَ تَبِينُ مِنْهُ وَ إِنْ شَاءَتْ أَنْ يَرُدَّ إِلَيْهَا مَا أَخَذَ مِنْهَا وَ تَكُونَ امْرَأَتَهُ فَعَلَتْ (فَقُلْتُ إِنَّهُ قَدْ رُوِيَ لَنَا أَنَّهَا لَا تَبِينُ مِنْهُ حَتَّى يُتْبِعَهَا بِطَلَاقٍ قَالَ لَيْسَ ذَلِكَ إِذاً خُلْعٌ فَقُلْتُ تَبِينُ مِنْهُ قَالَ نَعَمْ.

❁ محمد بن اسماعیل بن بزیع سے روایت ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک عوت اپنے شوہر سے دو گواہوں کی گواہی کے ساتھ اس طہر میں جس میں جماع نہ ہوا ہو مبارات کرتی ہے یا اس سے خلع لیتی ہے تو کیا وہ اسی پر اس سے

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۵۲۳ ح ۴۸۲۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۲۸۵ ح ۲۸۶۰۲؛ الوافی: ۲۲/۸۸۹

[2] روضۃ المتقین: ۹/۸ ۱۳؛ جواہر الکلام: ۳۳/۵؛ مقامع الفضل: ۲/۶ ۳؛ الانوار اللوامع: ۱۰/۵۵ ۳؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۷/۱۳۲؛ تفصیل الشریعہ: ۲۳/۲۲۲

[3] تہذیب الاحکام: ۸/۹۹ ح ۳۳۳؛ الاستبصار: ۳/۳۱۸ ح ۱۱۳۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۲۸۶ ح ۲۸۶۰۶؛ الوافی: ۲۲/۸۹۲

[4] ملاذ الاخیار: ۱۳/۱۹۶؛ القواعد الفقہیہ: ۵/۱۱۱؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۷/۱۳۱؛ فقہ الصادقؑ: ۲۳/۹۲؛ الحدائق الناضرۃ: ۲۵/۵۶۱؛ التعلیقۃ الاستدلالی: ۴/۳۶۸؛ تفصیل الشریعہ: ۲۳/۲۲۳؛ التعلیقات علی شرح اللمعہ: ۳۱۸؛ الانوار اللوامع: ۱۰/۶۳ ۳؛ جواہر الکلام: ۷/۹؛ جامع المدارک: ۴/۵۸۲

بائن ہو جائے گی یا وہ اس کی بیوی رہے گی جب تک کہ اس کے بعد طلاق جاری نہ کی جائے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس سے بائن ہو جائے گی اور اگر چاہے کہ جو مواخذہ اس سے لیا گیا وہ واپس لے لے اور اس مرد کی بیوی رہے تو ایسا کرے۔

میں نے آپ علیہ السلام سے عرض کیا: ہمارے لئے روایت کی گئی ہے کہ وہ مرد پر بائن نہیں ہوتی حتیٰ کہ اس کے بعد طلاق جاری کی جائے؟ آپ علیہ السلام نے فرمایا: خلع ہو جائے تو اس کی ضرورت نہیں ہے۔ میں نے عرض کیا: تو وہ عورت اس مرد سے بائن ہو جائے گی؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2565} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْمَاعِيلَ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ مُوسَى عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ يَكُونُ الْخُلْعُ حَتَّى تَقُولَ لاَ أُطِيعُ لَكَ أَمْراً وَ لاَ أُبِرُّ لَكَ قَسَماً وَ لاَ أُقِيمُ لَكَ حَدّاً فَخُذْ مِنِّي وَ طَلِّقْنِي فَإِذَا قَالَتْ ذَلِكَ فَقَدْ حَلَّ لَهُ أَنْ يَخْلَعَهَا بِمَا تَرَاضَيَا عَلَيْهِ مِنْ قَلِيلٍ أَوْ كَثِيرٍ وَ لاَ يَكُونُ ذَلِكَ إِلاَّ عِنْدَ سُلْطَانٍ فَإِذَا فَعَلَتْ ذَلِكَ فَهِيَ أَمْلَكُ بِنَفْسِهَا مِنْ غَيْرِ أَنْ يُسَمِّيَ طَلاَقاً.

❁ زرارہ سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: خلع نہیں ہوگا حتیٰ کہ عورت مرد سے کہے گی کہ میں تیرا حکم نہیں مانوں گی اور میں تیرے ساتھ کسی قسم کی نیکی نہیں کروں گی اور میں تیرے کسی حدود و قیود کو قائم نہیں کروں گی بس مجھ سے مواخذہ لو اور مجھے طلاق دے دو۔ چنانچہ جب عورت نے یہ کہہ دیا کہ مرد کے لئے حلال ہو گیا کہ وہ دونوں جس قلیل یا کثیر (مواخذہ) پر راضی ہو جائیں وہ لے کر اسے خلع دے دے اور سلطان کے پاس جائے بغیر ایسا نہیں ہو گا پس جب عورت ایسا کرے تو وہ طلاق کا نام لئے بغیر اپنے نفس کی زیادہ مالک ہو جائے گی۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [4]

---

[1] تہذیب الاحکام: ۹۸/۸ ح ۳۳۲؛ الاستبصار: ۳۱۸/۳ ح ۱۱۳۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۸۶/۲۲ ح ۲۸۶۰۷؛ الکافی: ۱۴۳/۶؛ الوافی: ۸۹۲/۲۲ و ۸۹۳؛ عوالی اللئالی: ۳۹۳/۳

[2] ملاذ الاخیار: ۱۹۶/۱۳؛ دروس تمہیدیہ: ۳۴۹/۲؛ فقہ الصادقؑ: ۳۴۲/۲۳؛ تفصیل الشریعہ: ۲۲۲/۲۳؛ دروس فقہ مظاہری: ۲۰۵؛ نہایۃ المرام: ۱۴۳/۲؛ الحجۃ: ۳۲۵/۹؛ مسالک الافہام: ۳۶۸/۹؛ القواعد الفقہیہ: ۱۱۰/۵

[3] تہذیب الاحکام: ۹۸/۸ ح ۳۳۱؛ الاستبصار: ۳۱۸/۳ ح ۱۱۳۱؛ الوافی: ۸۹۱/۲۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۸۶/۲۲ ح ۲۸۶۰۸

[4] مہذب الاحکام: ۱۸۹/۲۶؛ فقہ الثقلین: ۴۷۵/۱؛ فقہ الصادقؑ: ۳۴۹/۲۳

{2566} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ فَضَّالٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ وَ إِبْرَاهِيمَ بْنِ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَبِي سَمَّالٍ عَنْ مُوسَى بْنِ بَكْرٍ عَنْ أَبِي الْحَسَنِ الْأَوَّلِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: (اَلْمُخْتَلِعَةُ يَتْبَعُهَا الطَّلاَقُ مَا دَامَتْ فِي عِدَّتِهَا).

✿ موسیٰ بن بکر سے روایت ہے کہ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے فرمایا: خلع یافتہ عورت کو بعد میں طلاق دی جاسکتی جب تک کہ وہ اپنی عدت میں ہو۔[1]

تحقیق:

حدیث مجہول کالموثق ہے۔[2]

{2567} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى عَنْ بُنَانِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رِئَابٍ قَالَ سَمِعْتُ حُمْرَانَ يَرْوِي عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ يَكُونُ خُلْعٌ وَ لاَ تَخْيِيرٌ وَ لاَ مُبَارَاةٌ إِلاَّ عَلَى طُهْرٍ مِنَ الْمَرْأَةِ مِنْ غَيْرِ جِمَاعٍ وَ شَاهِدَيْنِ يَعْرِفَانِ الرَّجُلَ وَ يَرَيَانِ الْمَرْأَةَ وَ يَحْضُرَانِ التَّخْيِيرَ وَ إِقْرَارَ الْمَرْأَةِ أَنَّهَا عَلَى طُهْرٍ مِنْ غَيْرِ جِمَاعٍ مِنْ يَوْمَ خَيَّرَهَا قَالَ فَقَالَ لَهُ مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ أَصْلَحَكَ اللَّهُ مَا إِقْرَارُ الْمَرْأَةِ هَاهُنَا فَقَالَ تُشْهِدُ الشَّاهِدَيْنِ عَلَيْهَا بِذَلِكَ لِلرَّجُلِ حَذَراً أَنْ تَأْتِيَ بَعْدُ فَتَدَّعِيَ أَنَّهُ خَيَّرَهَا وَ هِيَ طَامِثٌ فَيَشْهَدَانِ عَلَيْهَا بِمَا سَمِعَا مِنْهَا وَ إِنَّمَا يَقَعُ عَلَيْهَا الطَّلاَقُ إِذَا اخْتَارَتْ نَفْسَهَا قَبْلَ أَنْ تَقُومَ وَ أَمَّا الْخُلْعُ وَ الْمُبَارَاةُ فَإِنَّهُ يَلْزَمُهَا إِذَا أَشْهَدَتْ عَلَى نَفْسِهَا بِالرِّضَا فِيمَا بَيْنَهَا وَ بَيْنَ زَوْجِهَا بِمَا يَفْتَرِقَانِ عَلَيْهِ فِي ذَلِكَ الْمَجْلِسِ وَ إِذَا افْتَرَقَا عَلَى شَيْءٍ وَ رَضِيَا بِهِ كَانَ ذَلِكَ جَائِزاً عَلَيْهِمَا وَ كَانَتْ تَطْلِيقَةً بَائِنَةً لاَ رَجْعَةَ لَهُ عَلَيْهَا سَمَّى طَلاَقاً أَوْ لَمْ يُسَمِّ وَ لاَ مِيرَاثَ بَيْنَهُمَا فِي الْعِدَّةِ قَالَ وَ الطَّلاَقُ وَ التَّخْيِيرُ مِنْ قِبَلِ الرَّجُلِ وَ الْخُلْعُ وَ الْمُبَارَاةُ يَكُونُ مِنْ قِبَلِ الْمَرْأَةِ.

✿ حمران روایت کرتے ہیں کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: خلع تخییر اور مبارات نہیں ہوں گے مگر یہ کہ عورت کے اس طہر میں جس میں جماع نہ ہوا اور دو گواہ جو کہ مرد کو جانتے ہوں اور عورت کو دیکھتے ہیں اور دونوں تخیر کے وقت اور عورت کے اقرار کے وقت موجود ہوں (جس میں عورت کہے) کہ جس دن اسے اختیار دیا گیا وہ بغیر جماع والے طہر میں تھی۔ راوی کہتا ہے کہ محمد بن مسلم نے امام علیہ السلام سے عرض کیا: اللہ آپ علیہ السلام کا بھلا کرے! یہاں عورت کے اقرار سے کیا مراد ہے؟

---

[1] تہذیب الاحکام: ۸/ ۹۷ ح ۳۲۹؛ الاستبصار: ۳/ ۳۱۷ ح ۱۱۲۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/ ۲۸۳ ح ۲۸۵۹۹؛ الوافی: ۲۲/ ۸۹۱؛ عوالی اللئالی: ۲/ ۸۹ و ۳/ ۳۹۳؛ ھدایۃ الامہ: ۷/ ۳۴۲؛ الکافی: ۶/ ۱۴۱ ح ۹

[2] ملاذ الاخیار: ۱۳/ ۱۹۳؛ مرآۃ العقول: ۲۱/ ۲۳۷

آپ علیہ السلام نے فرمایا: دو گواہ عورت پر مرد کے لئے اس بات کی گواہی دیں گے کہ عورت کو اختیار دینے کا دعویٰ کرنے کے بعد وہ اس کے پاس آنے سے محتاط رہا جبکہ وہ پاک تھی پس دو گواہ عورت پر گواہی دیں گے جو کچھ انہوں نے اس سے سنا چنانچہ عورت کے لئے طلاق واقعہ ہو جائے گی جب اس سے اٹھنے سے پہلے خود کو مختار کر لیا اور خلع اور مبارات لازم ہو جاتے ہیں جب عورت اپنی مرضی سے خود پر گواہی دے پس اس میں اور اس کے شوہر میں اسی مجلس میں جدائی ہو جائے گی اور جب جدائی کسی چیز (مواخذ وغیرہ) پر ہو جس پر وہ دونوں راضی ہو جائیں تو یہ دونوں کے لئے جائز ہے اور عورت ایک ہی طلاق سے بائن ہو جائے گی جس میں مرد کے لئے اس سے رجوع نہیں ہے چاہے طلاق کا نام لیا جائے یا نہ لیا جائے اور عدت میں ہی دونوں کے درمیان میراث نہیں ہے۔

پھر فرمایا: اور طلاق وتخییر مرد کی طرف سے ہے جبکہ خلع ومبارات کی طرف سے ہوگا۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [2]

{2568} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ بَعْضِ أَصْحَابِهِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: فِي اَلْمُخْتَلِعَةِ إِنَّهَا لاَ تَحِلُّ لَهُ حَتَّى تَتُوبَ مِنْ قَوْلِهَا اَلَّذِي قَالَتْ لَهُ عِنْدَ اَلْخُلْعِ.

❁ امام جعفر صادق علیہ السلام نے خلع یافتہ عورت کے بارے میں فرمایا کہ وہ شوہر پر اس وقت تک حلال نہیں ہوتی حتیٰ کہ وہ اپنی اس بات سے توبہ کرے جو اس نے خلع کے وقت کہی تھی۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [4]

{2569} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَلْحَسَنِ عَنِ اَلْعَبَّاسِ بْنِ عَامِرٍ عَنْ أَبَانِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ فَضْلٍ أَبِي اَلْعَبَّاسِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: اَلْمُخْتَلِعَةُ إِنْ رَجَعَتْ فِي شَيْءٍ مِنَ اَلصُّلْحِ يَقُولُ لَأَرْجِعَنَّ فِي بُضْعِكِ.

❁ فضل بن ابو العباس سے روایت ہے کہ خلع یافتہ عورت اگر صلح سے کچھ (مال میں سے) واپس لے لے تو مرد کہے گا کہ میں بھی ضرور تجھ سے رجوع کروں گا۔ [5]

---

[1] تہذیب الاحکام: ۸/۹۹ ح ۳۳۴؛ الوافی: ۲۲/۸۹۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۲۹۱ ح ۲۸۶۲۳

[2] ملاذ الاخیار: ۱۳/۱۹۷؛ تفصیل الشریعہ: ۲۳/۵۸؛ فقہ الصادقؑ: ۲۲/۳۴۳؛ جواہر الکلام: ۳۲/۱۰۵

[3] الکافی: ۶/۱۴۱ ح ۱۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۲۹۳ ح ۲۸۶۲۷؛ الوافی: ۲۲/۸۹۵؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۳۴۴

[4] دراسات فی الفقہ الاسلامی: ۳/۲۵۰؛ مجموعۃ المقالات حب اللہ: ۴۰۱؛ مراۃ العقول: ۲۱/۲۳۸

[5] تہذیب الاحکام: ۸/۱۰۰ ح ۳۳۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۲۹۳ ح ۲۸۶۲۹؛ الوافی: ۲۲/۸۹۵؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۳۴۴

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [1]

{2570} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ حُمَيْدٌ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ سَمَاعَةَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ سِرْحَانَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ :فِي الْمُخْتَلِعَةِ قَالَ عِدَّتُهَا عِدَّةُ الْمُطَلَّقَةِ وَ تَعْتَدُّ فِي بَيْتِهَا وَ الْمُخْتَلِعَةُ بِمَنْزِلَةِ الْمُبَارِئَةِ.

داؤد بن سرحان سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے خلع یافتہ عورت کے بارے میں فرمایا کہ اس کی عدت مطلقہ کی عدت جیسی ہے اور وہ اپنے (شوہر والے) گھر میں عدت گزارے گی اور خلع یافتہ بمنزلہ مبارات والی کے (بائن) ہے۔ [2]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [3]

{2571} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ حُمَيْدُ بْنُ زِيَادٍ عَنِ ابْنِ سَمَاعَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: عِدَّةُ الْمُخْتَلِعَةِ عِدَّةُ الْمُطَلَّقَةِ وَ خُلْعُهَا طَلاَقُهَا قَالَ وَ سَأَلْتُهُ هَلْ تُمَتَّعُ بِشَيْءٍ قَالَ لاَ.

عبداللہ بن سنان سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: طلاق یافتہ کی عدت مطلقہ کی عدت جیسی ہے اور اس کا خلع ہی اس کی طلاق ہے۔

راوی کہتا ہے کہ میں نے آپ علیہ السلام سے پوچھا کہ کیا بطور تمتع عورت کو کچھ دیا جائے گا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں۔ [4]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [5]

---

[1] ملاذ الاخیار: ۱۳/۱۹۸؛ جواہر الکلام: ۳۳/۶۲؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۷/۶۳؛ الانوار اللوامع: ۱۰/۸۳؛ ریاض المسائل: ۲/۱۹۶؛ دروس تمہیدیہ: ۲/۳۴۰؛ فقہ الصادقؑ: ۲۳/۳۲۶

[2] الکافی: ۶/۱۴۴ ح ۶؛ تہذیب الاحکام: ۸/۱۳۶ ح ۴۷۳؛ الاستبصار: ۳/۳۳۶ ح ۱۱۹۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۱۹۳ ح ۲۸۳۰۲؛ الوافی: ۲۳/۱۲۵۷؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۳۳۳

[3] مرآۃ العقول: ۲۱/۲۴۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/۲۶۹؛ مہذب الاحکام: ۲۶/۲۰۶

[4] الکافی: ۶/۱۴۴ ح ۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۲۹۷ ح ۲۸۶۳۰؛ الوافی: ۲۳/۱۲۵۷

[5] مرآۃ العقول: ۲۱/۲۴۲

{2572} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنِ ابْنِ رِئَابٍ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ اخْتَلَعَتْ مِنْهُ امْرَأَتُهُ أَ يَحِلُّ لَهُ أَنْ يَخْطُبَ أُخْتَهَا مِنْ قَبْلِ أَنْ تَنْقَضِيَ عِدَّةُ الْمُخْتَلِعَةِ قَالَ نَعَمْ قَدْ بَرِئَتْ عِصْمَتُهَا مِنْهُ وَلَيْسَ لَهُ عَلَيْهَا رَجْعَةٌ.

۞ ابو بصیر سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص کی بیوی اس سے خلع لے لیتی ہے تو کیا اس مرد کے لئے حلال ہے کہ خلع یافتہ کی عدت ختم ہونے سے پہلے اس کی بہن سے شادی کر لے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں کیونکہ اس عورت کی عصمت اس مرد سے بری ہو چکی اور اس کا اس عورت کی طرف رجوع کا حق ہی نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2573} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ رِفَاعَةَ بْنِ مُوسَى: أَنَّهُ سَأَلَ (أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ) عَنِ الْمُخْتَلِعَةِ أَ لَهَا سُكْنَى وَنَفَقَةٌ فَقَالَ لاَ سُكْنَى لَهَا وَلاَ نَفَقَةٌ الْحَدِيثَ.

۞ رفاعہ بن موسیٰ سے روایت ہے کہ انہوں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے خلع یافتہ کے بارے میں پوچھا کہ کیا اس کے لئے سکونت اور نان ونفقہ ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس کے لئے نہ سکونت ہے اور نہ نان ونفقہ ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

﴿طلاق مبارات﴾

{2574} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبُو عَلِيٍّ الْأَشْعَرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ وَ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ شَاذَانَ وَ أَبُو الْعَبَّاسِ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ أَيُّوبَ بْنِ نُوحٍ وَ حُمَيْدُ بْنُ زِيَادٍ عَنِ ابْنِ سَمَاعَةَ جَمِيعاً عَنْ سُفْيَانَ عَنِ ابْنِ مُسْكَانَ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: الْمُبَارَاةُ تَقُولُ الْمَرْأَةُ

---

[1] الکافی: ۶/۱۴۴ ح۹؛ تہذیب الاحکام: ۸/۱۳۷ ح۷۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۲۷۰ ح۲۸۵۱۹ و ۳۰۰ ح۲۸۶۵۰؛ الوافی: ۲۱/۱۹۱؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/۳۴۵

[2] مرآۃ العقول: ۲۱/۲۴۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/۲۷۰؛ جامع الشتات: ۴/۵۳۳؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۶/۲۶۰؛ کشف اللثام: ۸/۱۹۱؛ فقہ الصادقؑ: ۲۳/۱۲۰؛ مہذب الاحکام: ۲۶/۱۶۳؛ سند العروۃ النکاح: ۳/۷۹؛ ریاض المسائل: ۱۲/۶۶؛ جامع المدارک: ۴/۸۴؛ نظام الطلاق: ۳۹۹

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۵۲۳ ح۴۸۲۲؛ الکافی: ۶/۱۴۴ ح۷؛ الوافی: ۲۳/۲۵۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۳۰۰ ح۲۸۶۵۱؛ جامع احادیث الشیعہ: ۲۶/۸۹۳

[4] روضۃ المتقین: ۹/۱۴۴؛ فقہ الصادقؑ: ۲۳/۱۳۴؛ موسوعۃ الفقہ الاسلامی: ۸/۴۷؛ الحدائق الناضرۃ: ۲۵/۶۱۹؛ سند العروۃ النکاح: ۳/۷۹

لِزَوْجِهَا لَكَ مَا عَلَيْكَ وَ اُتْرُكْنِي أَوْ تَجْعَلُ لَهُ مِنْ قِبَلِهَا شَيْئاً فَيَتْرُكُهَا إِلاَّ أَنَّهُ يَقُولُ فَإِنِ ارْتَجَعْتِ فِي شَيْءٍ فَأَنَا أَمْلَكُ بِبُضْعِكِ وَ لاَ يَحِلُّ لِزَوْجِهَا أَنْ يَأْخُذَ مِنْهَا إِلاَّ الْمَهْرَ فَمَا دُونَهُ.

❁ ابوبصیر سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: مبارات یہ ہے کہ عوت اپنے شوہر سے کہے گی کہ جو تجھ پر ہے وہ تیرے لئے ہے اور تم مجھے چھوڑ دو یا وہ مرد اس کے لئے کوئی چیز اپنی طرف سے متقرر کرے تو وہ اس عورت کو چھوڑ دے مگر یہ کہ وہ شخص کہے کہ اگر تو نے کسی شئے میں رجوع کیا تو میں تیری بضع (عزت) کا مالک ہوں گا اور اس عورت کے شوہر کے لئے حلال نہیں ہوگا کہ وہ اس سے حق مہر یا اس سے کم کے علاوہ کچھ لے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2575} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عِيسَى عَنْ سَمَاعَةَ بْنِ مِهْرَانَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ وَ أَبِي الْحَسَنِ عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الْمُبَارَاةِ كَيْفَ هِيَ قَالَ يَكُونُ لِلْمَرْأَةِ عَلَى زَوْجِهَا شَيْءٌ مِنْ صَدَاقِهَا أَوْ مِنْ غَيْرِهِ وَ يَكُونُ قَدْ أَعْطَاهَا بَعْضَهُ وَ يَكْرَهُ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا صَاحِبَهُ فَتَقُولُ الْمَرْأَةُ مَا أَخَذْتُ مِنْكَ فَهُوَ لِي وَ مَا بَقِيَ عَلَيْكَ فَهُوَ لَكَ وَ أُبَارِئُكَ فَيَقُولُ لَهَا الرَّجُلُ فَإِنْ أَنْتِ رَجَعْتِ فِي شَيْءٍ مِمَّا تَرَكْتِ فَأَنَا أَحَقُّ بِبُضْعِكِ.

❁ سماعہ سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام یا امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ مبارات کیسے ہوتی ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: عورت کے لئے شوہر پر کوئی چیز از قسم حق مہر وغیرہ (واجب الادا) ہو اور وہ اس کو کچھ ادا کر چکا ہو پس دونوں ایک دوسرے کو ناپسند کرتے ہوں اور وہ عورت اپنے شوہر سے کہے کہ جو مال میں تم سے لے چکی ہوں وہ میرا ہے اور جو تم پر باقی ہے وہ تیرے لئے ہے اور میں تم سے مبارات کرتی ہوں اور مرد اس عورت سے کہے کہ (آج) تو نے جو کچھ مجھے چھوڑا ہے اگر تو اس میں سے کس شئے کی طرف رجوع کرے گی تو پھر میں بھی تمہاری عزت کا زیادہ حقدار رہوں گا۔ [3]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [4]

---

[1] الکافی: ۶/ ۱۴۳ ح ۵؛ تہذیب الاحکام: ۸/ ۱۰۰ ح ۹ ۳۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/ ۲۹۵ ح ۴ ۲۸۹۳؛ الوافی: ۲۲/ ۸۹۸؛ عوالی اللئالی: ۳/ ۳۹۵

[2] مرآۃ العقول: ۲۱/ ۲۳۹؛ جامع المدارک: ۴/ ۵۹۳؛ الحدائق الناضرۃ: ۲۵/ ۶۲۲؛ المہذب البارع: ۳/ ۵۱۶؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۴/ ۴۷۹؛ نظام الطلاق: ۴۱۱؛ الجعہ: ۹/ ۳۴۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/ ۱۹۹؛ جواہر الکلام: ۳۳/ ۳؛ مختلف الشیعہ: ۷/ ۳۹۱؛ ریاض المسائل: ۲/ ۱۹۷

[3] تہذیب الاحکام: ۸/ ۱۰۱ ح ۳۴۳؛ الکافی: ۶/ ۱۴۲ ح ۱؛ الوافی: ۲۲/ ۸۹۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/ ۲۹۴ ح ۲۸۹۳۳؛ ہدایۃ الامہ: ۷/ ۳۴۳

[4] ملاذ الاخیار: ۱۳/ ۲۰۱؛ الانوار اللوامع: ۱۰/ ۶۰۳؛ ریاض المسائل: ۱۲/ ۳۶۹؛ مرآۃ العقول: ۲۱/ ۲۳۸؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۷/ ۱۷۳؛ الحدائق الناضرۃ: ۲۵/ ۶۲۱؛ دروس تمہیدیہ: ۲/ ۳۴۴؛ تفصیل الشریعہ: ۲۳/ ۲۵۲

{2576} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: الْمُبَارَأَةُ أَنْ تَقُولَ الْمَرْأَةُ لِزَوْجِهَا لَكَ مَا عَلَيْكَ وَ اُتْرُكْنِي فَتَرَكَهَا إِلاَّ أَنَّهُ يَقُولُ لَهَا إِنِ ارْتَجَعْتِ فِي شَيْءٍ مِنْهُ فَأَنَا أَمْلَكُ بِبُضْعِكِ.

۞ حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: مبارات یہ ہے کہ عوت اپنے شوہر سے کہے کہ جو کچھ میرا تیرے ذمے ہے وہ سب تیرا ہے اور مجھے چھوڑ دے پس اس کے شوہر نے اسے چھوڑ دیا مگر یہ کہ وہ مرد اپنی عورت سے کہے کہ اگر تو نے اس میں سے کسی چیز کی طرف رجوع کیا تو میں تیری عزت کا مالک رہوں گا۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{2577} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ جَمِيلٍ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: الْمُبَارِئَةُ يُؤْخَذُ مِنْهَا دُونَ الصَّدَاقِ وَ الْمُخْتَلِعَةُ يُؤْخَذُ مِنْهَا مَا شَاءَ أَوْ مَا تَرَاضَيَا عَلَيْهِ مِنْ صَدَاقٍ أَوْ أَكْثَرَ وَ إِنَّمَا صَارَتِ الْمُبَارِئَةُ يُؤْخَذُ مِنْهَا دُونَ الْمَهْرِ وَ الْمُخْتَلِعَةُ يُؤْخَذُ مِنْهَا مَا شَاءَ لِأَنَّ الْمُخْتَلِعَةَ تَعْتَدِي فِي الْكَلاَمِ وَ تَكَلَّمُ بِمَا لاَ يَحِلُّ لَهَا.

۞ زرارہ سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: مبارات والی عورت سے مرد حق مہر سے کم لے گا اور خلع والی عورت سے مرد جو چاہے لے یا جس پر وہ دونوں راضی ہو جائیں خواہ صرف حق مہر ہو یا اس سے زیادہ ہو اور بے شک مبارات لینے والی عورت سے حق مہر سے کم لیا جائے گا اور خلع لینے والی عورت سے جو مرد چاہے (وہ لے) اور یہ (فرق) اس لئے ہے کہ خلع والی عورت کلام میں حد سے تجاوز کرتی ہے اور وہ کلام کرتی ہے جو اس کے لئے حلال نہیں ہوتا۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔[4]

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۵۱۹ ح ۴۸۱۶؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۲۹۴ ح ۲۸۳۱۲؛ الوافی: ۲۲/۸۹۸

[2] روضۃ المتقین: ۹/۲۸؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۷/۳۲۲؛ الحدائق الناضرۃ: ۲۵/۶۲۲؛ ریاض المسائل: ۲/۱۹۷؛ فقہ الثقلین: ۹۹۴؛ الانوار اللوامع: ۱۰/۶۰۳؛ کشف اللثام: ۸/۲۲۷؛ نہایۃ المرام: ۲/۱۳۶؛ وفقہ الصادقؑ: ۲۳/۴۴۴

[3] الکافی: ۶/۱۴۲ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۸/۱۰۱ ح ۳۴۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۲۸۷ ح ۲۸۲۹۱؛ الوافی: ۲۲/۸۹۶؛ عوالی اللئالی: ۳/۳۹۶؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۳۳۴

[4] جواہر الکلام: ۳۳/۱۹؛ فقہ الثقلین: ۴۷۴؛ ریاض المسائل: ۲/۱۹۷؛ فقہ الصادقؑ: ۲۳/۴۰۱؛ دروس تمہیدیہ: ۲/۴۴۰؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۴/۸۷؛ فقہ الحیاۃ: ۸/۱۰۷؛ مہذب الاحکام: ۲۶/۲۰۳؛ نظام الطلاق: ۱۱۴؛ الحدائق الناضرۃ: ۲۵/۶۲۳؛ مختلف الشیعہ: ۷/۳۹۱؛ مرآۃ العقول: ۲۱/۲۳۹؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/۲۰۰؛ عوالی اللئالی: ۳/۳۹۶

{2578} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُسْكَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ وَ صَفْوَانُ عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ مُصْعَبٍ عَنْ سَمَاعَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ يَكُونُ طَلاَقٌ وَلاَ تَخْيِيرٌ وَلاَ مُبَارَاةٌ إِلاَّ عَلَى طُهْرٍ مِنْ غَيْرِ جِمَاعٍ بِشُهُودٍ.

محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا اور سماعہ سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: بغیر جماع والے طہر اور بغیر گواہوں کے نہ طلاق ہوتی ہے، نہ تخییر ہوتی ہے اور نہ مبارات ہوتی ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2579} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رِئَابٍ عَنْ حُمْرَانَ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ يَتَحَدَّثُ قَالَ: اَلْمُبَارِئَةُ تَبِينُ مِنْ سَاعَتِهَا مِنْ غَيْرِ طَلاَقٍ وَلاَ مِيرَاثَ بَيْنَهُمَا لِأَنَّ اَلْعِصْمَةَ مِنْهُمَا قَدْ بَانَتْ سَاعَةَ كَانَ ذَلِكَ مِنْهَا وَمِنَ اَلزَّوْجِ.

حمران سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا کہ مبارات والی عورت بغیر طلاق کے اور دونوں (شوہر بیوی) کے درمیان میراث کے بغیر اسی وقت بائن ہو جاتی ہے کیونکہ ان دونوں سے وہ رشتہ اسی وقت ٹوٹ جاتا ہے جو عورت اور شوہر کے درمیان تھا۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن یا موثق ہے۔ [4]

قول مؤلف:

اس طرح کی بعض حدیثیں قبل ازیں بھی گزر چکی ہیں اور بعض آئندہ بھی گزریں گی ان شاءاللہ۔ (واللہ اعلم)

﴿طلاق کے مختلف احکام﴾

{2580} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيٍّ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنِ ابْنِ رِئَابٍ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَحَدِهِمَا

---

[1] الکافی: ۶/ ۱۴۳ ح ۱۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/ ۹۱ ح ۲۸۱۲۲؛ الوافی: ۲۲/ ۸۸۹

[2] مرآۃ العقول: ۲۱/ ۲۳۱؛ الجعیہ: ۵/ ۳۳۳

[3] تہذیب الاحکام: ۸/ ۱۰۲ ح ۳۴۵؛ الاستبصار: ۳/ ۳۱۹ ح ۱۱۳۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/ ۹۵ ح ۲۸۱۱۳

[4] دروس فقہ مظاہری: ۶/ ۲۳۲؛ دراسات فقہیہ: ۵۱۶؛ مہذب الاحکام: ۲۶/ ۲۰۲؛ فقہ الصادق: ۲۳/ ۱۲۱؛ ریاض المسائل: ۱۲/ ۳۶۷؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/ ۲۰۱؛ عوالی اللئالی: ۳/ ۳۷۹

عَلَيْهِمَا اَلسَّلاَمُ قَالَ: لَيْسَ لِلْمَرِيضِ أَنْ يُطَلِّقَ وَ لَهُ أَنْ يَتَزَوَّجَ فَإِنْ هُوَ تَزَوَّجَ وَ دَخَلَ بِهَا فَهُوَ جَائِزٌ وَ إِنْ لَمْ يَدْخُلْ بِهَا حَتَّى مَاتَ فِي مَرَضِهِ فَنِكَاحُهُ بَاطِلٌ وَ لاَ مَهْرَ لَهَا وَ لاَ مِيرَاثَ.

❁ زراہ سے روایت ہے کہ امامین علیہما السلام میں سے ایک امام علیہ السلام نے فرمایا مریض کو طلاق نہیں دینی چاہیے البتہ اس کے لئے تزویج جائز ہے پس اگر وہ نکاح کرے اور عورت سے دخول کرے تو وہ نکاح جائز (نافذ) ہوگا اور اگر وہ عورت سے دخول نہ کرے حتیٰ کہ اپنی مرض میں فوت ہو جائے تو اس کا نکاح باطل ہے اور عورت کے لئے نہ حق مہر ہے اور نہ میراث ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [2]

{2581} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدٌ عَنْ أَحْمَدَ عَنِ اَلْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ أَخِيهِ اَلْحَسَنِ عَنْ زُرْعَةَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ سَمَاعَةَ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ اِمْرَأَتَهُ وَ هُوَ مَرِيضٌ قَالَ تَرِثُهُ مَا دَامَتْ فِي عِدَّتِهَا وَ إِنْ طَلَّقَهَا فِي حَالِ إِضْرَارٍ فَهِيَ تَرِثُهُ إِلَى سَنَةٍ فَإِنْ زَادَ عَلَى اَلسَّنَةِ يَوْماً وَاحِداً لَمْ تَرِثْهُ وَ تَعْتَدُّ مِنْهُ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَ عَشْراً عِدَّةَ اَلْمُتَوَفَّى عَنْهَا زَوْجُهَا.

❁ سماعہ سے روایت ہے کہ میں نے ان (امام علیہ السلام) سے پوچھا کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو طلاق دے دی جبکہ وہ مریض تھا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب تک عورت اپنی عدت میں ہے وہ اس کی وارث بنے گی اور اگر اس نے عورت کو ضرر پہنچانے کے لئے (یعنی وراثت سے محروم کرنے کے لئے) طلاق دی تو پھر وہ ایک سال تک اس کی وارث بنے گی پس اگر سال سے ایک دن بھی زیادہ ہوا تو وہ وارث نہیں بنے گی اور وہ اپنے شوہر کی وفات پر چار ماہ دس دن عدت گزارے گی۔ [3]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [4]

---

[1] الکافی: ۶/ ۱۲۳ ح ۱۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/ ۳۵۴ ح ۱۴۴۱ و ۳۷۸ ح ۱۸۹۶؛ الاستبصار: ۳/ ۱۹۲ ح ۶۹۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/ ۱۴۹ ح ۲۸۲۴۵ و ۲۶/ ۲۳۲ ح ۳۲۸۹۹؛ الوافی: ۲۱/ ۳۳۳؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/ ۱۹۱

[2] مستند الشیعہ: ۱۹/ ۳۸۹؛ فقہ الصادقؑ: ۲۲/ ۵۰۵؛ کفایۃ الفقہ: ۲/ ۸۲۶؛ تذکرۃ الفقہاء: ۲۲/ ۸۵؛ مراۃ العقول: ۲۱/ ۲۰۹؛ جامع المدارک: ۴/ ۵۳۱؛ الحدائق الناضرۃ: ۲۵/ ۱۵۳؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۷/ ۷۰؛ فقہ الثقلین: ۲/ ۴۰۲؛ مہذب الاحکام: ۳۰/ ۹۸؛ مفتاح الکرامہ: ۸/ ۸۷؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/ ۳۸۲

[3] الکافی: ۶/ ۱۲۲ ح ۹؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۵۴۶ ح ۴۸۸۱؛ تہذیب الاحکام: ۸/ ۷۸ ح ۲۶۴؛ الاستبصار: ۳/ ۳۰۷ ح ۱۰۹۱؛ مستدرک الوسائل: ۱۵/ ۳۳۴ ح ۱۸۴۲۳؛ عوالی اللئالی: ۳/ ۱۱۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/ ۱۵۲ ح ۲۸۲۵۲؛ الوافی: ۲۳/ ۱۱۱۸؛ ھدایۃ الامۃ: ۷/ ۳۰۷

[4] مراۃ العقول: ۲۱/ ۲۰۹؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۷/ ۷۸؛ فقہ الصادقؑ: ۲۲/ ۵۰۱؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/ ۱۵۸؛ روضۃ المتقین: ۹/ ۲۱۲

{2582} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ جَمِيلِ بْنِ دَرَّاجٍ عَنْ أَبِي الْعَبَّاسِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِذَا طَلَّقَ الرَّجُلُ الْمَرْأَةَ فِي مَرَضِهِ وَرِثَتْهُ مَا دَامَ فِي مَرَضِهِ ذَلِكَ وَإِنِ انْقَضَتْ عِدَّتُهَا إِلاَّ أَنْ يَصِحَّ مِنْهُ قُلْتُ فَإِنْ طَالَ بِهِ الْمَرَضُ قَالَ) تَرِثُهُ مَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ سَنَةٍ.

۞ ابوالعباس سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب کوئی شخص اپنی مرض میں بیوی کو طلاق دے تو وہ اس کی وارث بنے گی جب تک کہ وہ شخص اس مرض میں رہے (اور مر جائے) اگرچہ عورت کی عدت گزر چکی ہو مگر یہ کہ وہ شخص اس بیماری سے ٹھیک ہو جائے۔

میں نے عرض کیا: اگر اس کا مرض طویل ہو جائے تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ایک سال تک اس کی وارث بنے گی۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن کالصحیح یا حسن ہے۔ [2]

{2583} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ إِسْحَاقَ الطَّالَقَانِيُّ عَنْ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ فَضَّالٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ: سَأَلْتُ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ أَجْلِهَا لاَ تَحِلُّ الْمُطَلَّقَةُ لِلْعِدَّةِ لِزَوْجِهَا حَتَّى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَهُ فَقَالَ إِنَّ اللَّهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى إِنَّمَا أَذِنَ فِي الطَّلاَقِ مَرَّتَيْنِ فَقَالَ تَعَالَى الطَّلاَقُ مَرَّتَانِ فَإِمْسَاكٌ بِمَعْرُوفٍ أَوْ تَسْرِيحٌ بِإِحْسَانٍ يَعْنِي فِي التَّطْلِيقَةِ الثَّالِثَةِ وَلِدُخُولِهِ فِيمَا كَرِهَ اللَّهُ تَعَالَى لَهُ مِنَ الطَّلاَقِ الثَّالِثِ حَرَّمَهَا عَلَيْهِ فَلاَ تَحِلُّ لَهُ حَتَّى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَهُ لِئَلاَّ يُوقِعَ النَّاسَ الاِسْتِخْفَافُ بِالطَّلاَقِ وَلاَ تُضَارَّ النِّسَاءُ.

۞ علی بن حسن بن علی بن فضال نے اپنے باپ سے روایت کیا ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام سے پوچھا کہ وہ کیا سبب ہے جس کی بنا پر تین طلاق دی ہوئی عورت اپنے شوہر کے لئے اس وقت تک حلال نہیں جب تک کوئی دوسرا مرد اس سے نکاح نہ کرے؟ آپ علیہ السلام نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے دو مرتبہ طلاق کی اجازت دی ہے چنانچہ ارشاد فرماتا ہے کہ: "طلاق دوبار ہے پھر یا تو شائستہ طور پر عورتوں کو اپنی زوجیت میں رکھ لیا جائے یا اچھے پیرائے میں انہیں رخصت کیا جائے (البقرۃ:۲۲۹)" یعنی تیسری طلاق میں اس لئے کہ وہ اس حد میں داخل ہو گیا ہے جسے اللہ پسند نہیں کرتا تو تیسری طلاق کے بعد عورت کو اس پر حرام

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۱۱ ح ۵۲۲۸؛ الکافی: ۶/ ۱۲۲ ح ۷؛ تہذیب الاحکام: ۸/ ۸۵ ح ۲۷۳ ۱۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۲۶/۲۶ ح ۳۲۸۸۲؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/ ۴؛ الوافی: ۲۳/ ۱۱۱؛ الفصول المہمہ: ۲/ ۳/ ۷۳؛ الکافی: ۷/ ۱۳۴ ح ۵

[2] روضۃ المتقین: ۱۱/ ۳۳۰؛ دلیل تحریر الوسیلہ: ۳۲۴؛ دروس فقہ مظاہری: ۲۹۸؛ الحدائق الناضرۃ: ۲۵/ ۲۰۳؛ مرآۃ العقول: ۲۱/ ۲۰۸؛ ملاذ الاخیار: ۱۵/ ۳۲۵

کردیا جب تک وہ عورت کسی دوسرے شوہر کے نکاح میں نہ جائے تا کہ لوگ طلاق کو ہلکی اور خفیف بات نہ سمجھیں اور اس طرح عورتوں کو ضرر نہ پہنچائیں۔ (1)

تحقیق

حدیث موثق ہے۔ (2)

{2584} أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ ٱلنَّضْرِ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ عَاصِمِ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا جَعْفَرٍ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ يَقُولُ: مَنْ طَلَّقَ اِمْرَأَتَهُ ثَلاَثاً وَ لَمْ يُرَاجِعْ حَتَّى تَبِينَ فَلاَ تَحِلُّ لَهُ حَتَّى تَنْكِحَ زَوْجاً غَيْرَهُ فَإِذَا تَزَوَّجَتْ زَوْجاً وَ دَخَلَ بِهَا حَلَّتْ لِزَوْجِهَا ٱلْأَوَّلِ.

محمد بن قیس سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص اپنی بیوی کو تین بار طلاق دے اور رجوع نہ کرے یہاں تک کہ طلاق بائن ہو جائے تو وہ عورت اس کے لئے حلال نہیں ہو گی حتیٰ کہ اس کے علاوہ کوئی دوسرا شوہر (محلل) اس سے نکاح کرے پس جب دوسرا شخص (محلل) اس سے تزویج کرے اور اس سے دخول بھی کرے تب وہ اپنے پہلے شوہر کے لئے حلال ہو گی۔ (3)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (4)

{2585} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عِيسَى عَنْ حَرِيزٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَحَدِهِمَا عَلَيْهِمَا ٱلسَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ اِمْرَأَتَهُ ثَلاَثاً ثُمَّ تَمَتَّعَ فِيهَا رَجُلٌ آخَرُ هَلْ تَحِلُّ لِلْأَوَّلِ قَالَ لاَ.

محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ میں نے امامین علیہما السلام میں سے ایک امام علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو تین مرتبہ طلاق دی (جس سے وہ بائن ہو گئی) پھر اس عورت میں سے ایک دوسرے شخص نے متعہ کرلیا تو کیا (متعہ والا شوہر محلل قرار پائے گا اور) وہ عورت پہلے شوہر کے لئے حلال ہو جائے گی؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں۔ (5)

---

(1) علل الشرائع: ۲/۵۰۷؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۵۰۲ ح ۴۷۶۳؛ عیون اخبار الرضاؑ: ۲/۸۵؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/۲۲۴؛ الوافی: ۲۳/۱۰۲۴؛ تفسیر البرہان: ۱/۴۷۶؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۱۲۱ ح ۲۸۱۶۵؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۱۵۱؛ مسند الامام الرضاؑ: ۲/۲۹۰

(2) روضۃ المتقین: ۹/۵۵؛ لوامع صاحبقرانی: ۴/۲۳۳ (?) الانوار اللوامع: ۱۰/۲۳۴

(3) النوادر اشعری: ۱۱۱؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۱۳۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۱۲۹ ح ۲۸۱۹۲

(4) الزبدۃ الفقہیہ: ۷/۹۳؛ فقہ الصادقؑ: ۲۲/۳۴۹؛ فقہ الثقلین: ۲۲۵

(5) الکافی: ۵/۴۲۵ ح ۳؛ النوادر اشعری: ۱۱۱ ح ۲۷۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۱۳۱؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۱۳۸ ح ۵؛ تفسیر نور الثقلین: ۲۲۵؛ تفسیر کنز الدقائق: ۲/۳۵۰؛ الوافی: ۲۱/۲۸۷

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔[1]

{2586} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلاَثاً فَبَانَتْ مِنْهُ فَأَرَادَ مُرَاجَعَتَهَا فَقَالَ لَهَا إِنِّي أُرِيدُ أَنْ أُرَاجِعَكِ فَتَزَوَّجِي زَوْجاً غَيْرِي فَقَالَتْ لَهُ قَدْ تَزَوَّجْتُ زَوْجاً غَيْرَكَ وَ حَلَّلْتُ لَكَ نَفْسِي أَ يُصَدِّقُ قَوْلَهَا وَ يُرَاجِعُهَا وَ كَيْفَ يَصْنَعُ قَالَ (إِذَا كَانَتِ الْمَرْأَةُ ثِقَةً صُدِّقَتْ فِي قَوْلِهَا).

❁ حماد سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے اس شخص کے بارے میں فرمایا جس نے اپنی بیوی کو تین دفعہ طلاق دی پس وہ اس سے بائن ہو گئی مگر اب اس نے ارادہ کیا کہ وہ اس عورت سے رجوع کرلے تو اس نے اسے کہا کہ میں تم سے رجوع کرنا چاہتا ہوں پس تم میرے علاوہ کسی دوسرے شخص (محلل) سے نکاح کرو تو اس عورت نے اسے کہا کہ میں تمہارے علاوہ دوسرے شوہر سے تزویج کر چکی ہوں اور خود کو تمہارے لئے حلال کر چکی ہوں تو کیا وہ عورت کے قول کی تصدیق کرے گا اور اس کی طرف رجوع کر سکتا ہے اور وہ کیا کرے گا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب عورت ثقہ (قابل وثوق) ہو تو اس کے قول کی تصدیق کی جائے گی۔[2]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[3]

{2587} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عُمَرَ بْنِ أُذَيْنَةَ عَنْ بُرَيْدِ بْنِ مُعَاوِيَةَ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الْمَفْقُودِ كَيْفَ تَصْنَعُ امْرَأَتُهُ قَالَ مَا سَكَتَتْ عَنْهُ وَ صَبَرَتْ يُخَلَّى عَنْهَا وَ إِنْ هِيَ رَفَعَتْ أَمْرَهَا إِلَى الْوَالِي أَجَّلَهَا أَرْبَعَ سِنِينَ ثُمَّ يَكْتُبُ إِلَى الصُّقْعِ الَّذِي فُقِدَ فِيهِ فَيُسْأَلُ عَنْهُ فَإِنْ خُبِّرَ عَنْهُ بِحَيَاةٍ صَبَرَتْ وَ إِنْ لَمْ يُخْبَرْ عَنْهُ بِحَيَاةٍ حَتَّى تَمْضِيَ الْأَرْبَعُ سِنِينَ دُعِيَ وَلِيُّ الزَّوْجِ الْمَفْقُودِ فَقِيلَ لَهُ هَلْ لِلْمَفْقُودِ مَالٌ فَإِنْ كَانَ لَهُ مَالٌ أُنْفِقَ عَلَيْهَا حَتَّى تُعْلَمَ حَيَاتُهُ مِنْ مَوْتِهِ وَ إِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ قِيلَ لِلْوَلِيِّ أَنْفِقْ عَلَيْهَا فَإِنْ فَعَلَ فَلاَ سَبِيلَ لَهَا إِلَى أَنْ تَتَزَوَّجَ مَا أَنْفَقَ عَلَيْهَا وَ إِنْ أَبَى أَنْ يُنْفِقَ عَلَيْهَا أَجْبَرَهُ

---

[1] فقہ الثقلین: ۲۲۹؛ فقہ الصادقؑ: ۲۲/۱۷۱؛ آیات الاحکام: ۹۸/۲؛ جواہر الکلام: ۹۲/۳۲؛ ریاض المسائل: ۱۲/۱۷۱؛ مرآۃ العقول: ۱۸۳/۲۰

[2] تہذیب الاحکام: ۸/۳۴ ح ۱۰۵؛ الاستبصار: ۳/۲۷۵ ح ۹۸۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۱۳۳ ح ۲۸۲۰۳؛ عوالی اللئالی: ۲/۸۴؛ الوافی: ۲۱/۲۹۰؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۳۹۹

[3] ملاذ الاخیار: ۱۳/۷۷؛ سوال و جواب یزدی: ۲/۳۰۲؛ الموسوعۃ الفقہیہ: ۸/۱۲۹؛ سند العروۃ النکاح: ۱/۲۱۲؛ تفصیل الشریعہ: ۲۳/۸۵؛ بحوث فی القواعد: ۲/۹۱؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۷/۷۳؛ رسائل فی ولایۃ الفقیہ: ۲۱۲؛ مقامع الفضل: ۲۰۰؛ جواہر الکلام: ۳۲/۱۷۳

اَلْوَالِي عَلَى أَنْ يُطَلِّقَ تَطْلِيقَةً فِي اِسْتِقْبَالِ الْعِدَّةِ وَ هِيَ طَاهِرٌ فَيَصِيرُ طَلَاقُ الْوَلِيِّ طَلَاقَ الزَّوْجِ فَإِنْ جَاءَ زَوْجُهَا قَبْلَ أَنْ تَنْقَضِيَ عِدَّتُهَا مِنْ يَوْمَ طَلَّقَهَا الْوَلِيُّ فَبَدَا لَهُ أَنْ يُرَاجِعَهَا فَهِيَ اِمْرَأَتُهُ وَ هِيَ عِنْدَهُ عَلَى تَطْلِيقَتَيْنِ وَإِنِ انْقَضَتِ الْعِدَّةُ قَبْلَ أَنْ يَجِيءَ وَيُرَاجِعَ فَقَدْ حَلَّتْ لِلْأَزْوَاجِ وَلَا سَبِيلَ لِلْأَوَّلِ عَلَيْهَا.

❁ برید بن معاویہ سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص گم ہو گیا ہے تو اس کی عورت کیا کرے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب تک وہ صبر کرے اور خاموش رہے تم اسے اپنے حال پر چھوڑ دو اور اگر وہ اپنا مقدمہ حاکم کے پاس لے جائے تو وہ اسے چار سال کی مہلت دے گا اور پھر وہ گردونواح میں خط لکھے گا جہاں وہ گم ہوا ہے پس اگر پتہ چل گیا کہ وہ زندہ ہے تو پھر عورت صبر کرے گی اور اگر اس کا کوئی اتہ پتہ نہ چل سکا یہاں تک کہ چار سال گزر گئے تو پھر حاکم اس شخص کے ولی کو بلا کر کہے گا کہ کیا گم ہونے والے کا کچھ مال ہے؟ چنانچہ اگر مال ہوا تو ولی سے کہا جائے گا کہ وہ یہ مال اس عورت کی ضروریات پر صرف کرے حتیٰ کہ اس کے شوہر کی موت یا حایت کا کوئی پتہ چلے اور اگر اس کا کوئی مال نہ ہوا تو پھر ولی سے کہا جائے گا کہ تو اپنی گرہ سے خرچ کر پس اگر وہ اس بات پر آمادہ ہو جائے تو پھر عورت کے لئے صبر کے بغیر کوئی چارہ کار نہیں ہے اور اگر وہ اس سے انکار کرے تو پھر حاکم اسے طلاق دینے پر مجبور کرے گا کہ وہ طہر میں طلاق دے کر عورت کو فارغ کردے پس ولی کی طلاق خود شوہر کی طلاق سمجھی جائے گی۔ پھر اگر عدت کے اندر شوہر آ گیا اور اس نے رجوع کرنا چاہا تو کرے گا اور یہ اس کی بیوی متصور ہو گی اور اگر اس کے آنے اور رجوع کرنے سے پہلے عدت ختم ہو گئی تو وہ شوہروں کے لئے حلال ہو جائے گی اور (سابقہ) شوہر کا اس پر کوئی حق نہ ہو گا۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2588} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ وَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ جَمِيعاً عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ جَمِيلِ بْنِ صَالِحٍ عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ قَالَ: سُئِلَ أَبُو جَعْفَرٍ ع عَنْ خَصِيٍّ تَزَوَّجَ امْرَأَةً وَ

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۵۴۷ ح ۴۸۸۳؛ الکافی: ۶/۱۴۷ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۷/۴۷۹ ح ۱۹۲۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۱۵۶ ح ۲۸۲۶۳؛ عوالی اللئالی: ۳/۳۸۸؛ الوافی: ۲۲/۹۶۳؛ مستدرک الوسائل: ۱۵/۳۳۷ ح ۱۸۴۳۳؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۴۹۳؛ دعائم الاسلام: ۲/۲۳۸

[2] روضۃ المتقین: ۹/۲۱۵؛ رسائل فی ولایۃ الفقیہ: ۴۱۴؛ جواہر الکلام: ۱۶/۴۹۳؛ القواعد الفقہیہ: ۵/۲۸؛ ریاض المسائل: ۲/۱۸۸؛ حدود الشریعہ: ۲/۳۷۹؛ المہذب البارع: ۳/۴۹۶؛ نظام الطلاق: ۳۰۶؛ دروس تمہیدیہ: ۲/۳۵۳؛ سند العروہ (الطہارۃ) ۵/۱۱۵؛ بحوث فی القواعد: ۵۲۸؛ ایضاح الفوائد: ۳/۳۵۶؛ الانوار اللوامع: ۱۰/۱۷۵

فَرَضَ لَهَا صَدَاقاً وَ هِيَ تَعْلَمُ أَنَّهُ خَصِيٌّ فَقَالَ جَائِزٌ فَقِيلَ فَإِنَّهُ مَكَثَ مَعَهَا مَا شَاءَ اللَّهُ ثُمَّ طَلَّقَهَا هَلْ عَلَيْهَا عِدَّةٌ قَالَ نَعَمْ أَلَيْسَ قَدْ لَذَّ مِنْهَا وَ لَذَّتْ مِنْهُ الْحَدِيثَ.

❁ ابوعبیدہ سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام سے خصی شخص کے بارے میں پوچھا گیا جس نے عورت سے تزویج کی اور اس کے لئے حق مہر مقرر کیا جبکہ عورت جانتی تھی کہ وہ خصی ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: (نکاح) جائز ہے۔

پھر عرض کیا گیا کہ جب تک اللہ نے چاہا وہ عورت اس کے ساتھ رہی پھر اس نے اسے طلاق دے دی تو کیا اس عورت پر عدت ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں کیا اس شخص نے اس عورت سے اور اس عورت نے اس شخص سے لذت نہیں لی؟[1]

تحقیق

حدیث صحیح ہے۔[2]

{2589} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ جَرِيرٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: قُلْتُ لَهُ الرَّجُلُ يَفْجُرُ بِالْمَرْأَةِ ثُمَّ يَبْدُو لَهُ فِي تَزْوِيجِهَا هَلْ يَحِلُّ لَهُ ذَلِكَ قَالَ نَعَمْ إِذَا هُوَ اجْتَنَبَهَا حَتَّى تَنْقَضِيَ عِدَّتُهَا بِاسْتِبْرَاءِ رَحِمِهَا مِنْ مَاءِ الْفُجُورِ فَلَهُ أَنْ يَتَزَوَّجَهَا.

❁ اسحاق بن جریر سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ ایک شخص کسی عورت سے بدکاری کرتا ہے بعد ازاں اس سے نکاح کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو کیا یہ اس کے لئے حلال ہوگا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں بشرطیکہ وہ اس سے (اسقدر) اجتناب کرے یہاں تک کہ اس کے رحم کی زنا کے پانی سے استبرا کی عدت گزر جائے تو پھر اس کے لئے جائز ہے کہ وہ اس عورت سے نکاح کرے۔[3]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔[4]

قول مؤلف:

---

[1] الکافی: ۶/۱۵۱ ح ۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۲۵۵ ح ۲۸۵۲۹؛ الوافی: ۲۳/۱۸۱۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۲۴ ح ۴۷۲۳؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۳۲۵

[2] مراۃ العقول: ۲۱/۲۵۲؛ لوامع الانوار اللوامع: ۱۰/۱۱۲؛ الحدائق الناضرۃ: ۲۵/۹۵، ۳؛ القواعد الفقہیہ: ۵/۹۱؛ دروس فقہ مظاہری: ۱۰۹؛ جواہر الکلام: ۳۲/۲۱۳؛ مہذب الاحکام: ۲۶/۸۷؛ فقہ الصادق: ۲۳/۹؛ ریاض المسائل: ۲/۱۸۳؛ ثلاث رسائل موحدی: ۲۱۵؛ کلمات سدیدہ: ۱۱۳؛ روضۃ المتقین: ۸/۲۸۲؛ تفصیل الشریعہ: ۲۳/۹۲؛ مصباح المنہاج

[3] تہذیب الاحکام: ۷/۳۲۷ ح ۱۳۴۶؛ الکافی: ۵/۳۵۶ ح ۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۰/۴۳۴ ح ۲۶۰۲۱ و ۲۲/۲۶۵ ح ۲۸۵۵۸؛ الوافی: ۲۱/۱۳۸

[4] ملاذ الاخیار: ۱۲/۱۷۷

الکافی میں حدیث کے آخر میں ان الفاظ کا اضافہ بھی ہے "اس کے بعد اسے عورت کی (بدکاری سے) توبہ کا بھی علم ہو (تب نکاح جائز ہے)"۔ (واللہ اعلم)

﴿غصب کے احکام﴾

قول مؤلف:

غصب کے معنی یہ ہیں کہ کوئی شخص کسی کے مال پر یا حق پر ظلم (اور دھونس یا دھاندلی کے ذریعے قابض ہو جائے۔۔۔(واللہ اعلم)

{2590} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَلْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: أَرْبَعٌ لاَ تَجُوزُ فِي أَرْبَعَةٍ اَلْخِيَانَةُ وَ اَلْغُلُولُ وَ اَلسَّرِقَةُ وَ اَلرِّبَا لاَ يَجُزْنَ فِي حَجٍّ وَ لاَ عُمْرَةٍ وَ لاَ جِهَادٍ وَ لاَ صَدَقَةٍ.

✪ ابان بن عثمان سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: چار چیزیں چار چیزوں میں جائز نہیں ہیں چنانچہ خیانت، دھوکہ، چوری اور سود نہ حج میں، نہ عمرہ میں، نہ جہاد میں اور نہ ہی صدقہ میں جائز ہیں۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق کالصحیح ہے۔ [2]

{2591} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ اِبْنِ فَضَّالٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ عُقْبَةَ عَنْ مُوسَى بْنِ أُكَيْلٍ اَلنُّمَيْرِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ: فِي رَجُلٍ اِكْتَرَى دَاراً وَ فِيهَا بُسْتَانٌ فَزَرَعَ فِي اَلْبُسْتَانِ وَ غَرَسَ نَخْلاً وَ أَشْجَاراً وَ فَوَاكِهَ وَ غَيْرَ ذَلِكَ وَ لَمْ يَسْتَأْمِرْ فِي ذَلِكَ صَاحِبَ اَلْبُسْتَانِ فَقَالَ عَلَيْهِ اَلْكِرَاءُ وَ يُقَوِّمُ صَاحِبُ اَلدَّارِ اَلْغَرْسَ وَ اَلزَّرْعَ قِيمَةَ عَدْلٍ فَيُعْطِيهِ اَلْغَارِسَ وَ إِنْ كَانَ اِسْتُؤْمِرَ فَعَلَيْهِ اَلْكِرَاءُ وَ لَهُ اَلْغَرْسُ وَ اَلزَّرْعُ يَقْلَعُهُ وَ يَذْهَبُ بِهِ حَيْثُ شَاءَ.

✪ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے اس شخص کے بارے میں فرمایا جس نے ایک گھر کرایہ پر لیا جس میں ایک باغ بھی تھا تو اس نے باغ میں کھیتی لگادی اور اس میں کھجور کے اور مختلف پھلوں کے درخت لگادیئے جبکہ اس کے لئے مالک مکان سے اجازت نہیں لی؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس کی اجرت کا حقدار مالک مکان ہے اور مالک ہی درختوں اور کھیتوں کی قیمت لگوائے گا اور

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۱۹۱ ح ۳۵۹۰؛ الکافی: ۵/۱۲۳ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۶/۳۶۸ ح ۱۰۶۳؛ الخصال: ۱/۲۱۶؛ وسائل الشیعہ: ۲۵/۳۸۹ ح ۳۲۱۹۷؛ الوافی: ۷/۶۰؛ بحار الانوار: ۹۳/۲۶ و ۹۷/۲۱

[2] روضۃ المتقین: ۶/۴۴۴

درخت کھیتی لگانے والے کودے گا اگر اس نے اس کی اجازت سے یہ سب لگایا ہے اور اگر اس نے اس کی اجازت نہیں لی تھی تو مالک مکان اپنا کرایہ وصول کرے گا اور درخت اور کھیتی لگانے والے کے لئے یہ ہے کہ وہ انہیں اکھاڑ کر جہاں چاہے لے جائے۔ [1]

تحقیق:

حدیث حسن یا موثق کالصحیح یا موثق ہے۔ [2]

{2592} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عِيسَى عَنْ سَمَاعَةَ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: أَوْعَدَ اللَّهُ عَزَّ وَ جَلَّ فِي مَالِ الْيَتِيمِ بِعُقُوبَتَيْنِ إِحْدَاهُمَا عُقُوبَةُ الْآخِرَةِ النَّارُ وَ أَمَّا عُقُوبَةُ الدُّنْيَا فَقَوْلُهُ عَزَّ وَ جَلَّ: (وَ لْيَخْشَ الَّذِينَ لَوْ تَرَكُوا مِنْ خَلْفِهِمْ ذُرِّيَّةً ضِعَافاً خَافُوا عَلَيْهِمْ) الْآيَةَ يَعْنِي لِيَخْشَ أَنْ أَخْلُفَهُ فِي ذُرِّيَّتِهِ كَمَا صَنَعَ بِهَؤُلاَءِ الْيَتَامَى.

سماعہ سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے یتیم کا مال کھانے پر دو طرح کی سزاؤں کا وعدہ فرمایا ہے ان میں ایک سزا جو آخرت میں ملے گی وہ جہنم ہے اور وہ سزا جو دنیا میں ملے گی اس کے متعلق اللہ نے اپنے قول میں فرمایا ہے: ”اور لوگوں کو اس بات پر خوف پیش رہنا چاہیے کہ اگر وہ خود اپنے پیچھے بے بس اولاد چھوڑ جاتے جن کے بارے میں فکر لاحق ہوتی (النساء:۹)“ [3]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [4]

{2593} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ أَبِي وَلاَّدٍ الْحَنَّاطِ قَالَ: اِكْتَرَيْتُ بَغْلاً إِلَى قَصْرِ ابْنِ هُبَيْرَةَ ذَاهِباً وَ جَائِياً بِكَذَا وَ كَذَا وَ خَرَجْتُ فِي طَلَبِ غَرِيمٍ لِي فَلَمَّا صِرْتُ قُرْبَ قَنْطَرَةِ الْكُوفَةِ خُبِّرْتُ أَنَّ صَاحِبِي تَوَجَّهَ إِلَى النِّيلِ فَتَوَجَّهْتُ نَحْوَ النِّيلِ فَلَمَّا أَتَيْتُ النِّيلَ خُبِّرْتُ أَنَّ صَاحِبِي تَوَجَّهَ إِلَى بَغْدَادَ فَاتَّبَعْتُهُ وَ ظَفِرْتُ بِهِ وَ فَرَغْتُ مِمَّا بَيْنِي وَ بَيْنَهُ وَ رَجَعْنَا إِلَى الْكُوفَةِ وَ

---

[1] الکافی: ۵/۲۹۷ ح ۲؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۴۶ ح ۳۸۹۶؛ تہذیب الاحکام: ۷/۲۰۶ ح ۹۰۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۵/۳۸۷ ح ۳۲۱۹۳؛ الوافی: ۱۸/۱۰۷۵

[2] مرآۃ العقول: ۱۹/۴۰۵؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۳۸۵؛ روضۃ المتقین: ۷/۱۹۰؛ جامع المدارک: ۵/۲۲۶؛ جواہر الکلام: ۳۷/۲۰۴؛ مفتاح الکرامہ: ۱۸/۳۶۴؛ ارشاد الطالب: ۴/۲۱۲؛ محصل المطالب: ۳/۴۰۸؛ حاشیۃ المکاسب: ۱۷۹

[3] الکافی: ۲/۱۰۱ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۸/۱۹۵ ح ۵۷۵؛ الاستبصار: ۳/۵۶ ح ۳۷۲؛ وسائل الشیعہ: ۲/۵۸ ح ۳۵۷؛ ۲۳/۲۲۲/۲۲ ح ۳۹۴۳۸۳؛ الوافی: ۲۳/۱۲۶۱؛ ھدایۃ الامہ: ۷/۴۲۱

[4] مرآۃ العقول: ۱۹/۹۴؛ روضۃ المتقین: ۹/۲۸۱؛ الحدائق الناضرۃ: ۱۸/۳۴۳

كَانَ ذَهَابِي وَ مَجِيئِي خَمْسَةَ عَشَرَ يَوْماً فَأَخْبَرْتُ صَاحِبَ الْبَغْلِ بِعُذْرِي وَ أَرَدْتُ أَنْ أَتَحَلَّلَ مِنْهُ مِمَّا صَنَعْتُ وَ أُرْضِيَهُ فَبَذَلْتُ لَهُ خَمْسَةَ عَشَرَ دِرْهَماً فَأَبَى أَنْ يَقْبَلَ فَتَرَاضَيْنَا بِأَبِي حَنِيفَةَ فَأَخْبَرْتُهُ بِالْقِصَّةِ وَ أَخْبَرَهُ الرَّجُلُ فَقَالَ لِي وَ مَا صَنَعْتَ بِالْبَغْلِ فَقُلْتُ قَدْ دَفَعْتُهُ إِلَيْهِ سَلِيماً قَالَ نَعَمْ بَعْدَ خَمْسَةَ عَشَرَ يَوْماً فَقَالَ مَا تُرِيدُ مِنَ الرَّجُلِ قَالَ أُرِيدُ كِرَاءَ بَغْلِي فَقَدْ حَبَسَهُ عَلَيَّ خَمْسَةَ عَشَرَ يَوْماً فَقَالَ مَا أَرَى لَكَ حَقّاً لِأَنَّهُ اكْتَرَاهُ إِلَى قَصْرِ ابْنِ هُبَيْرَةَ فَخَالَفَ وَ رَكِبَهُ إِلَى النِّيلِ وَ إِلَى بَغْدَادَ فَضَمِنَ قِيمَةَ الْبَغْلِ وَ سَقَطَ الْكِرَاءُ فَلَمَّا رَدَّ الْبَغْلَ سَلِيماً وَ قَبَضْتَهُ لَمْ يَلْزَمْهُ الْكِرَاءُ قَالَ فَخَرَجْنَا مِنْ عِنْدِهِ وَ جَعَلَ صَاحِبُ الْبَغْلِ يَسْتَرْجِعُ فَرَحِمْتُهُ مِمَّا أَفْتَى بِهِ أَبُو حَنِيفَةَ فَأَعْطَيْتُهُ شَيْئاً وَ تَحَلَّلْتُ مِنْهُ فَحَجَجْتُ تِلْكَ السَّنَةَ فَأَخْبَرْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِمَا أَفْتَى بِهِ أَبُو حَنِيفَةَ فَقَالَ فِي مِثْلِ هَذَا الْقَضَاءِ وَ شِبْهِهِ تَحْبِسُ السَّمَاءُ مَاءَهَا وَ تَمْنَعُ الْأَرْضُ بَرَكَتَهَا قَالَ فَقُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَمَا تَرَى أَنْتَ قَالَ أَرَى لَهُ عَلَيْكَ مِثْلَ كِرَاءِ بَغْلٍ ذَاهِباً مِنَ الْكُوفَةِ إِلَى النِّيلِ وَ مِثْلَ كِرَاءِ بَغْلٍ رَاكِباً مِنَ النِّيلِ إِلَى بَغْدَادَ وَ مِثْلَ كِرَاءِ بَغْلٍ مِنْ بَغْدَادَ إِلَى الْكُوفَةِ تُوَفِّيهِ إِيَّاهُ قَالَ فَقُلْتُ جُعِلْتُ فِدَاكَ إِنِّي قَدْ عَلَفْتُهُ بِدَرَاهِمَ فَلِي عَلَيْهِ عَلَفُهُ فَقَالَ لَا لِأَنَّكَ غَاصِبٌ فَقُلْتُ أَ رَأَيْتَ لَوْ عَطِبَ الْبَغْلُ وَ نَفَقَ أَ لَيْسَ كَانَ يَلْزَمُنِي قَالَ نَعَمْ قِيمَةُ بَغْلٍ يَوْمَ خَالَفْتَهُ قُلْتُ فَإِنْ أَصَابَ الْبَغْلَ كَسْرٌ أَوْ دَبَرٌ أَوْ غَمْزٌ فَقَالَ عَلَيْكَ قِيمَةُ مَا بَيْنَ الصِّحَّةِ وَ الْعَيْبِ يَوْمَ تَرُدُّهُ عَلَيْهِ قُلْتُ فَمَنْ يَعْرِفُ ذَلِكَ قَالَ أَنْتَ وَ هُوَ إِمَّا أَنْ يَحْلِفَ هُوَ عَلَى الْقِيمَةِ فَتَلْزَمَكَ فَإِنْ رَدَّ الْيَمِينَ عَلَيْكَ فَحَلَفْتَ عَلَى الْقِيمَةِ لَزِمَهُ ذَلِكَ أَوْ يَأْتِيَ صَاحِبُ الْبَغْلِ بِشُهُودٍ يَشْهَدُونَ أَنَّ قِيمَةَ الْبَغْلِ حِينَ أُكْرِيَ كَذَا وَ كَذَا فَيَلْزَمَكَ قُلْتُ إِنِّي كُنْتُ أَعْطَيْتُهُ دَرَاهِمَ وَ رَضِيَ بِهَا وَ حَلَّلَنِي فَقَالَ إِنَّمَا رَضِيَ بِهَا وَ حَلَّلَكَ حِينَ قَضَى عَلَيْهِ أَبُو حَنِيفَةَ بِالْجَوْرِ وَ الظُّلْمِ وَ لَكِنِ ارْجِعْ إِلَيْهِ فَأَخْبِرْهُ بِمَا أَفْتَيْتُكَ بِهِ فَإِنْ جَعَلَكَ فِي حِلٍّ بَعْدَ مَعْرِفَتِهِ فَلَا شَيْءَ عَلَيْكَ بَعْدَ ذَلِكَ قَالَ أَبُو وَلَّادٍ فَلَمَّا انْصَرَفْتُ مِنْ وَجْهِي ذَلِكَ لَقِيتُ الْمُكَارِيَ فَأَخْبَرْتُهُ بِمَا أَفْتَانِي بِهِ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ قُلْتُ لَهُ قُلْ مَا شِئْتَ حَتَّى أُعْطِيَكَهُ فَقَالَ قَدْ حَبَّبْتَ إِلَيَّ جَعْفَرَ بْنَ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ وَقَعَ فِي قَلْبِي لَهُ التَّفْضِيلُ وَ أَنْتَ فِي حِلٍّ وَ إِنْ أَحْبَبْتَ أَنْ أَرُدَّ عَلَيْكَ الَّذِي أَخَذْتُ مِنْكَ فَعَلْتُ.

❂ ابوولادحناط سے روایت ہے کہ میں نے ایک خچر کو قصر ابن ہبیرہ تک آنے جانے کے لئے معین کرائے پر لیا اور اپنے مقروض کی تلاش میں نکلا پس جب میں کوفہ کے قریب پہنچا تو معلوم ہوا کہ وہ نیل کی طرف گیا ہے چنانچہ میں نیل کی طرف گیا اور

جب میں وہاں پہنچا تو خبر دی گئی کہ وہ بغداد چلا گیا ہے۔ میں نے اس کا تعاقب کیا اور اپنے مقصد میں کامیاب ہو گیا اور جب مجھے مقروض کے معاملہ سے فراغت ہوئی تو ہم کوفہ کی طرف واپس آئے اور آنے جانے میں پندرہ دن گزر گئے تو میں نے خچر کے مالک سے اپنی مجبوری ظاہر کی اور اسے پندرہ درہم دیئے جو اس نے قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ پس دونوں نے اس پر اتفاق کیا کہ ابوحنیفہ سے فیصلہ کرائیں گے میں نے قاضی کو واقعہ سے آگاہ کیا اور خچر والے نے بھی اپنا موقف پیش کیا تو قاضی ابوحنیفہ نے مجھ سے کہا: تم نے خچر کے ساتھ کیا (سلوک) کیا؟

میں نے کہا: میں نے خچر کو صحیح و سالم حالت میں مالک کو واپس کر دیا۔

(قاضی نے خچر کے مالک سے پوچھا کہ ایسا ہی ہے؟ تو) اس نے کہا: ہاں لیکن پندرہ دن کے بعد میرے سپرد کیا ہے۔

قاضی نے خچر کے مالک سے کہا: تم اس شخص سے کیا چاہتے ہو؟

خچر کے مالک نے کہا: میں اپنے خچر کا پندرہ روزہ کا کرایہ چاہتا ہوں جو اس نے روک رکھا ہے۔

قاضی نے کہا: میری رائے ہے کہ تم کرایہ کے حقدار نہیں ہو اس لیے کہ اس نے خچر کو قصر ابن ہبیرہ تک کے لئے کہا تھا پس اس نے معاہدہ کی خلاف ورزی کرتے ہوئے مقام نیل اور اس کے بعد بغداد تک بطور سواری کے کام لیا تو وہ خچر کی قیمت کا ضامن اور ذمہ دار ہوا اور کرایہ ساقط ہو گیا لیکن جب اس نے خچر کو صحیح و سالم تمہارے سپرد کر دیا اور تم نے قبضہ لے لیا تو اس پر تمہیں (پندرہ دن کا) کرایہ دینا واجب نہیں رہا۔

راوی کہتا ہے کہ ہم ابوحنیفہ کے یہاں سے چلے آئے اور خچر کے مالک نے میری طرف رجوع کیا تو مجھے ابوحنیفہ کے فتویٰ کی وجہ سے اس پر ترس آیا پس میں نے اسے کچھ دے کر راضی کر لیا۔

پھر اسی سال حج کے موقع پر میں نے اس مسئلہ کو جس کے متعلق ابوحنیفہ نے فتویٰ دیا تھا، امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں پیش کیا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس قسم کے فیصلوں کی وجہ سے آسمان بارش روک لیتا ہے اور زمین اپنی برکت روک لیتی ہے۔

راوی کہتا ہے کہ میں نے عرض کیا: اس مسئلہ پر آپ علیہ السلام کیا فرماتے ہیں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: تم پر لازم ہے کہ خچر والے کو جیسا کوفہ سے نیل تک کا کرایہ اور نیل سے بغداد تک کی سواری کا کرایہ ہے ویسا ہی بغداد سے کوفہ تک کرایہ دو۔

میں نے عرض کیا: میں آپ علیہ السلام پر فدا ہوں! میں نے بھی اس جانور کے چارہ پر خرچہ کیا ہے تو کیا جانور کا نفقہ میرے ذمے ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: تم پر نہیں ہے اس لئے کہ تم غاصب ہو۔

میں نے عرض کیا: آپ علیہ السلام کیا فرماتے ہیں اگر خچر ہلاک ہو جاتا اور مر جاتا تو کیا اس کی ذمہ داری میرے اوپر نہ تھی؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں۔ خچر کی قیمت (تمہارے ذمہ تھی) جس دن سے تم نے (معاہدہ کی) خلاف ورزی کی تھی۔

میں نے عرض کیا: اگر خچر سست یا زخمی یا لنگڑا ہو جاتا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: تم اور وہ (مالک) یا اگر وہ قیمت پر قسم کھالیتا تو تم پر اس کی ادائیگی لازم ہوتی اور اگر وہ تم سے ہی قسم کھانے کو کہے تو پھر اسے تمہاری قسم کے مطابق ادئیگی قبول کرنی ہوگی یا پھر خچر والا گواہوں کو لائے جو گواہی دیں کہ جب خچر کو کرائے پر لیا گیا تو اس کی قیمت اتنی اتنی تھی تب تم پر اس کی ادئیگی لازم ہوگی۔

میں نے عرض کیا: میں نے اسے درہم دیئے تو وہ راضی ہوگیا اور میرے لیے حلال کردیا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اصل بات یہ ہے کہ ابوحنیفہ نے جور اور ظلم سے جو فیصلہ کیا تھا اس کے بعد وہ اس پر راضی ہوا اور تمہارے لئے حلال کیا لیکن اب اس کے پاس جاؤ اور اسے بتاؤ جو میں نے تمہیں فتویٰ دیا ہے اور پھر یہ جاننے کے بعد بھی وہ تمہارے لیے حلال رکھے تو تم پر کوئی شے نہیں ہے۔

ابوولاد کا بیان ہے کہ اس فیصلہ کے بعد میں واپس ہوا اور اس سے کہا کہ جو تم چاہو وہ میں تمہیں دوں گا۔

وہ کہنے لگا: میرے نزدیک جعفر بن محمد علیہ السلام محبوب قرار پا چکے ہیں اور ان کی فضیلت میرے دل میں بیٹھ چکی ہے اور جو کچھ ہو چکا وہ تم پر حلال ہے اور میں پسند کرتا ہوں کہ جو کچھ میں نے تم سے لیا تھا وہ تمہیں واپس کردوں پس اس نے ایسا ہی کیا۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{2594} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ النَّضْرِ بْنِ سُوَيْدٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ سُلَيْمَانَ عَنْ جَرَّاحٍ الْمَدَائِنِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: لَا يَصْلُحُ شِرَاءُ السَّرِقَةِ وَالْخِيَانَةِ إِذَا عُرِفَتْ.

جراح المدائنی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا چوری اور خیانت کاری کا مال خریدنا جائز نہیں ہے جبکہ تمہیں اس کا علم ہو۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[4]

---

[1] الکافی: ۲۹۰/۵ ح ۶؛ تہذیب الاحکام: ۲۱۵/۷ ح ۹۴۳؛ الاستبصار: ۱۳۴/۳ ح ۸۴۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۱۹/۱۹ ح ۲۴۲۷۲؛ الوافی: ۹۳۱/۱۸؛ بحار الانوار: ۳۷۵/۴۷؛ عوالم العلوم: ۱۰۹۴/۲۰

[2] مرآۃ العقول: ۳۹۲/۱۹؛ المجمعہ: ۹۵/۱۰؛ القواعد الفقہیہ: ۱۳۲/۲؛ کتاب الغصب حبیب اللہ الرشتی: ۶۵؛ المکاسب: ۱۳۱/۷؛ ملاذ الاخیار: ۳۱۰/۱۱

[3] الکافی: ۲۲۸/۵ ح ۴؛ تہذیب الاحکام: ۷۴/۶ ح ۱۰۸۹؛ وسائل الشیعہ: ۳۳۶/۱۷ ح ۲۲۶۹۸ و ۹۲/۲۵ ح ۳۲۲۰۰؛ الوافی: ۲۹۱/۱۷؛ الفصول المہمہ: ۳۵۵/۲

[4] بحوث فی الفقہ (خمس): ۳۰۱

{2595} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ أَبَانٍ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الرَّجُلِ يَشْتَرِي مِنَ الْعَامِلِ وَ هُوَ يَظْلِمُ قَالَ يَشْتَرِي مِنْهُ مَا لَمْ يَعْلَمْ أَنَّهُ ظَلَمَ فِيهِ أَحَداً.

❁ اسحاق بن عمار سے روایت ہے کہ میں نے ان (یعنی امام علیہ السلام) سے پوچھا کہ کیا کوئی شخص ظالم عامل سے کوئی چیز خرید سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس سے اس وقت تک خرید سکتا ہے جب تک اس کا اس مال میں کسی پر ظلم کرنے کا علم نہ ہو۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [2]

{2596} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ يَقُولُ: لَوْ أَنَّ النَّاسَ أَخَذُوا مَا أَمَرَهُمُ اللَّهُ عَزَّ وَ جَلَّ بِهِ فَأَنْفَقُوهُ فِيمَا نَهَاهُمُ اللَّهُ عَنْهُ مَا قَبِلَهُ مِنْهُمْ وَ لَوْ أَخَذُوا مَا نَهَاهُمُ اللَّهُ عَنْهُ فَأَنْفَقُوهُ فِيمَا أَمَرَهُمُ اللَّهُ بِهِ مَا قَبِلَهُ مِنْهُمْ حَتَّى يَأْخُذُوهُ مِنْ حَقٍّ وَ يُنْفِقُوهُ فِي حَقٍّ.

❁ اسماعیل بن جابر سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا کہ اگر لوگ (رقم وغیرہ) وہاں سے حاصل کرے جہاں سے حاصل کرنے کا خدا نے ان کو حکم دیا ہے مگر خرچ وہاں کرتے جہاں پر خدا نے منع کیا ہے تو خدا اسے قبول نہ کرتا اور اگر حاصل وہاں سے کرتے جہاں سے خدا نے منع کیا ہے اور خرچ وہاں کرتے جہاں اس نے حکم دیا ہے تب بھی خدا قبول نہ کرتا جب تک بطریق حق حاصل کر کے حق کی راہ میں خرچ نہ کریں۔ [3]

تحقیق:

حدیث کالصحیح ہے۔ [4]

قول مؤلف:

اور اسی سلسلے میں کچھ دیگر احادیث بھی وارد ہوئی ہیں چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حدیث مناہی میں فرمایا کہ جو شخص

---

[1] الکافی: ۵/۲۲۸ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۶/۳۷۵ ح ۲۱۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۵/۳۹۲ ح ۲۲۰۱۳؛ الوافی: ۱۷/۲۹۲

[2] مرآۃ العقول: ۱۹/۲۷۰؛ بلغۃ الفقیہ: ۳۰۸؛ دراسات فی ولایۃ الفقیہ: ۳/۲۲۷؛ فقہ الصادق ۲۲/۲۷۱؛ مستند تحریر الوسیلہ: ۱۵/۳۱۵؛ الآراء الفقہیہ: ۳/۳۹۱؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/۳۸۶

[3] الکافی: ۴/۳۲ ح ۴؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/۵۷ ح ۱۶۹۴؛ وسائل الشیعہ: ۱۶/۲۹۸ ح ۲۱۵۹۵؛ الوافی: ۱۰/۴۰۹؛ الفصول المہمہ: ۲/۸۰

[4] لوامع صاحبقرانی: ۴/۴۹

اپنے پڑوسی کی ایک بالشت زمین خیانت کاری سے ہتھیا لے تو اللہ اسے اس کی سات بطقں سمیت اس کے گلے میں ڈالے گا مگر یہ کہ توبہ کرے اور اس سے باز آ جائے۔ (1)

اور امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا کہ کسی عمارت میں ایک غصبی پتھر اس کی خرابی کا ضامن ہے۔ (2)

اور امام زمانہ علیہ السلام نے فرمایا کسی کے لئے حلال نہیں ہے کہ کسی کے مال میں اس کی اجازت کے بغیر تصرف کرے (3)

نیز یہ کہ اس طرح کی بعض حدیثیں پہلے گزر چکی ہیں اور بعض آئندہ بھی گزریں گی انشاءاللہ (واللہ اعلم)

﴿ گمشدہ مال پانے کے احکام ﴾

{2597} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ فَضَالَةَ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ أَبِي الْعَلاَءِ قَالَ: ذَكَرْنَا لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ اللُّقَطَةَ فَقَالَ لاَ تَعَرَّضْ لَهَا فَإِنَّ النَّاسَ لَوْ تَرَكُوهَا لَجَاءَ صَاحِبُهَا حَتَّى يَأْخُذَهَا.

ابوالعلاء سے روایت ہے کہ ہم نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے لقط (گمشدہ مال) کا ذکر کیا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس کے درپے مت ہو پس اگر لوگ اسے چھوڑ دیتے (اور نہ اٹھاتے) تو اس کی مالک آ ہی جاتا یہاں تک کہ اسے لے جاتا۔ (4)

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ (5)

{2598} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مَسْعَدَةَ بْنِ زِيَادٍ عَنِ الصَّادِقِ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَنَّ عَلِيّاً صَلَوَاتُ اللَّهِ وَ سَلاَمُهُ عَلَيْهِ قَالَ: إِيَّاكُمْ وَ اللُّقَطَةَ فَإِنَّهَا ضَالَّةُ الْمُؤْمِنِ وَ هِيَ حَرِيقٌ مِنْ حَرِيقِ جَهَنَّمَ.

امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: لقطہ سے بچو کیونکہ یہ مومن کا گمشدہ مال ہے اور جہنم کے شعلوں میں سے ایک شعلہ ہے۔ (6)

---

(1) من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/ ۳ ح ۴۹۶۸؛ امالی صدوق: ۴۲۲ مجلس ۶۶؛ مجموعہ ورام: ۲/ ۲۵۶؛ مکارم الاخلاق: ۴۲۴؛ بحارالانوار: ۱۵۰/۷۱؛ الوافی: ۱۰۶۸/۵؛ وسائل الشیعہ: ۳۸۶/۲۵ ح ۳۲۱۸۸

(2) نہج البلاغہ: ۵۱۰ حکم ۲۴۰؛ وسائل الشیعہ: ۳۸۶/۲۵ ح ۳۲۱۹۱؛ بحارالانوار: ۲۵۸/۱۰۱

(3) کمال الدین: ۵۲۰/۲؛ الاحتجاج: ۴۹۷/۲؛ بحارالانوار: ۱۸۲/۵۳؛ وسائل الشیعہ: ۴۲۳/۲۴ ح ۳۲۱۹۰؛ الفصول المہمہ: ۴۳۳/۲ و ۴۵۳

(4) تہذیب الاحکام: ۳۹۰/۶ ح ۱۱۶۶؛ وسائل الشیعہ: ۴۳۹/۲۵ ح ۳۲۲۹۷؛ الوافی: ۳۴۵/۱۷

(5) تذکرۃ الفقہاء (اماروائی النکاح): ۲۵۱؛ الانوار اللوامع: ۹۷/۱۳؛ دلیل تحریر الوسیلہ (احیاء الموت واللقطہ): ۷۴؛ مسالک الافہام: ۵۱۳/۱۲؛ الحدائق الناضرۃ: ۵۴۳/۱۸؛ ملاذ الاخیار: ۴۲۴/۱۰

(6) من لا یحضرہ الفقیہ: ۲۹۲/۳ ح ۴۰۸۴؛ وسائل الشیعہ: ۴۴۰/۲۵ ح ۳۲۳۰۴؛ الوافی: ۳۴۱/۱۷

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (1)

{2599} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي اللُّقَطَةِ يَجِدُهَا الرَّجُلُ الْفَقِيرُ أَ هُوَ فِيهَا بِمَنْزِلَةِ الْغَنِيِّ قَالَ نَعَمْ وَ اللُّقَطَةُ يَجِدُهَا الرَّجُلُ وَ يَأْخُذُهَا قَالَ يُعَرِّفُهَا سَنَةً فَإِنْ جَاءَ لَهَا طَالِبٌ وَ إِلاَّ فَهِيَ كَسَبِيلِ مَالِهِ وَ كَانَ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ يَقُولُ لِأَهْلِهِ لاَ تَمَسُّوهَا.

حلبی نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے لُقطہ کے بارے میں روایت کیا ہے کہ وہ جب کسی فقیر آدمی کو ملتا ہے تو کیا وہ آدمی اس سلسلے میں بمنزلہ غنی کے ہوگا (کہ اسے نہ اٹھائے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں۔

(پھر پوچھا کہ) اگر کسی آدمی کو لقطہ ملتا ہے اور وہ اسے اٹھالیتا ہے (تو کیا کرے)؟

اپ علیہ السلام نے فرمایا: ایک سال تک اس کا تعارف کرائے پس اگر اس کا طلبگار آ گیا تو ٹھیک ورنہ وہ اس کے اپنے مال کی طرح ہے اور امام زین العابدین علیہ السلام اپنے اہل وعیال سے فرمایا کرتے تھے کہ وہ اسے (یعنہ لقطہ کو) چھوئیں بھی نہیں۔ (2)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (3)

{2600} عَبْدُ اللَّهِ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ جَدِّهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ أَخِيهِ مُوسَى بْنِ جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الرَّجُلِ يُصِيبُ اللُّقَطَةَ فَيُعَرِّفُهَا سَنَةً ثُمَّ يَتَصَدَّقُ بِهَا فَيَأْتِي صَاحِبُهَا مَا حَالُ الَّذِي تَصَدَّقَ بِهَا وَ لِمَنِ الْأَجْرُ هَلْ عَلَيْهِ أَنْ يَرُدَّ عَلَى صَاحِبِهَا أَوْ قِيمَتَهَا قَالَ هُوَ ضَامِنٌ لَهَا وَ الْأَجْرُ لَهُ إِلاَّ أَنْ يَرْضَى صَاحِبُهَا فَيَدَعُهَا وَ الْأَجْرُ لَهُ.

علی بن جعفر علیہ السلام سے روایت ہے کہ میں نے اپنے بھائی امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص کو لقطہ ملتا ہے تو وہ اس کا ایک سال تک اعلان کرتا ہے پھر اس کا صدقہ کر دیتا ہے اور بعد ازاں اس کا مالک آ جاتا ہے تو اب اس کی حالت کیا ہے جس نے اسے صدقہ دیا اور اجر کس کے لئے ہے اور کیا اس پر واجب ہے کہ وہ اس کے مالک کو مال یا اس کی قیمت واپس لوٹائے؟

---

(1) روضۃ المتقین: ۷/۳۳۱

(2) تہذیب الاحکام: ۶/۳۸۹ ح ۱۱۶۳؛ الاستبصار: ۳/۶۸ ح ۲۲۷؛ الوافی: ۱۷/۳۴۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۵/۴۴۱ ح ۳۲۲۴۳ و ۳۲۲۹۶

(3) ملاذ الاخیار: ۱۰/۲۲۴؛ مجمع الصطلحات: ۱۰۷؛ تذکرۃ الفقہاء: ۲/۲۷۱؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۸/۹۳؛ دروس تمہیدیہ: ۳/۹۵؛ مسوره الاام: ۲/۸۲؛ جواہر الکلام: ۱۹/۳۹۱

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ اس کا ضامن ہے اور اجر اس کے لئے ہے مگر یہ کہ اس کا مالک اس پر راضی ہو جائے اور اسے جانے دے تو پھر اجر اس کے لئے بھی ہے۔ (1)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (2)

{2601} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ أَخِيهِ مُوسَى بْنِ جَعْفَرٍ عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الرَّجُلِ يُصِيبُ دِرْهَماً أَوْ ثَوْباً أَوْ دَابَّةً كَيْفَ يَصْنَعُ قَالَ يُعَرِّفُهَا سَنَةً فَإِنْ لَمْ يَعْرِفْ جَعَلَهَا فِي عَرْضِ مَالِهِ حَتَّى يَجِيءَ طَالِبُهَا فَيُعْطِيَهَا إِيَّاهُ وَإِنْ مَاتَ أَوْصَى بِهَا وَهُوَ لَهَا ضَامِنٌ.

❁ علی بن جعفر علیہ السلام سے روایت ہے کہ میں نے اپنے بھائی امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے کہیں گرا پڑا (گمشدہ) ایک درہم یا ایک کپڑا یا ایک جانور پایا تو وہ کیا کرے گا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ ایک سال تک لوگوں سے اس کی شناخت کرائے پس اگر کوئی نہیں پہچانے گا تو پھر اپنے مال میں رکھے جب تک کہ اس کا تلاش کرنے والا نہ آ جائے اور وہ اس کو دے دے اور اگر وہ مرنے لگے تو اس کی وصیت کر جائے اور وہ اس کا ضامن ہے۔ (3)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (4)

{2602} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ وَأَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ جَمِيعاً عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ جَمِيلِ بْنِ صَالِحٍ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ رَجُلٌ وَجَدَ فِي مَنْزِلِهِ دِينَاراً قَالَ يَدْخُلُ مَنْزِلَهُ غَيْرُهُ قُلْتُ نَعَمْ كَثِيرٌ قَالَ هَذَا لُقَطَةٌ قُلْتُ فَرَجُلٌ وَجَدَ فِي صُنْدُوقِهِ دِينَاراً قَالَ يُدْخِلُ أَحَدٌ يَدَهُ فِي

---

(1) قرب الاسناد: ۲۷۰؛ بحارالانوار: ۲۴۹/۱۰۱ و ۲۴۹/۱۰؛ مسائل علی بن جعفرؑ: ۱۹۵؛ وسائل الشیعہ: ۴۴۳/۲۵ ح

(2) تعالیق مبسوطہ: ۵۱/۷؛ الادارۃ الفقیہ: ۵۰۱/۴؛ مہذب الاحکام: ۳۲۲/۲۳؛ موسوعہ الفقہ الاسلامی: ۵۷/۱۷؛ دروس تمہیدیہ: ۹۴/۳؛ فقہ الصادقؑ: ۳۹۰/۱۹

(3) من لایحضرہ الفقیہ: ۲۹۲/۳ ح ۴۰۴۹؛ تہذیب الاحکام: ۳۹۷/۶ ح ۱۱۹۸؛ وسائل الشیعہ: ۴۶۶/۲۵ ح ۳۲۳۶۳؛ الوافی: ۳۳۱/۱۷؛ بحارالانوار: ۲۴۹/۱۰۱؛ قرب الاسناد: ۲۹۶؛ مسائل علی بن جعفرؑ: ۱۹۵

(4) روضۃ المتقین: ۳۳۳/۷؛ مورد الانام: ۶۰/۲؛ حدود الشریعہ: ۵۵۱/۲؛ دروس تمہیدیہ: ۹۶/۳؛ جامع المدارک: ۲۶۳/۵؛ جواہر الکلام: ۲۷۵/۳۹؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۲۸/۸؛ ملاذ الاخیار: ۴۳۵/۱۰

صُنْدُوقِهِ غَيْرُهُ أَوْ يَضَعُ غَيْرُهُ فِيهِ شَيْئاً قُلْتُ لاَ قَالَ فَهُوَ لَهُ.

❁ جمیل بن صالح سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ ایک شخص نے اپنے مکان میں ایک دینار پایا تو (کیا کرے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کیا اس کے مکان میں اس کے علاوہ بھی کوئی داخل ہوتا ہے؟

میں نے عرض کیا: جی ہاں بہت سے لوگ۔

آپ علیہ السلام نے فرمایا: پھر یہ لقطہ ہے۔

میں نے عرض کیا: ایک شخص اپنے صندوق میں ایک دینار پاتا ہے تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کیا اس صندوق میں اس کے علاوہ کوئی اور شخص بھی ہاتھ داخل کرتا ہے یا اس میں کچھ رکھتا ہے؟

میں نے عرض کیا: نہیں

آپ علیہ السلام نے فرمایا: پھر وہ اس کا اپنا مال ہے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{2603} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الصَّفَّارِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ يُونُسَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ: سُئِلَ أَبُو الْحَسَنِ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ وَ أَنَا حَاضِرٌ فَقَالَ جُعِلْتُ فِدَاكَ تَأْذَنُ لِي فِي السُّؤَالِ فَإِنَّ لِي مَسَائِلَ قَالَ سَلْ عَمَّا شِئْتَ قَالَ لَهُ جُعِلْتُ فِدَاكَ رَفِيقٌ كَانَ لَنَا بِمَكَّةَ فَرَحَلَ عَنْهَا إِلَى مَنْزِلِهِ وَ رَحَلْنَا إِلَى مَنَازِلِنَا فَلَمَّا أَنْ صِرْنَا فِي الطَّرِيقِ أَصَبْنَا بَعْضَ مَتَاعِهِ مَعَنَا فَأَيَّ شَيْءٍ نَصْنَعُ بِهِ قَالَ فَقَالَ تَحْمِلُونَهُ حَتَّى تَحْمِلُوهُ إِلَى الْكُوفَةِ قَالَ لَسْنَا نَعْرِفُهُ وَ لاَ نَعْرِفُ بَلَدَهُ وَ لاَ نَعْرِفُ كَيْفَ نَصْنَعُ قَالَ إِذَا كَانَ كَذَا فَبِعْهُ وَ تَصَدَّقْ بِثَمَنِهِ قَالَ لَهُ عَلَى مَنْ جُعِلْتُ فِدَاكَ قَالَ عَلَى أَهْلِ الْوَلاَيَةِ.

❁ یونس بن عبدالرحمن سے روایت ہے کہ امام علی رضا علیہ السلام سے میری موجودگی میں سوال کیا گیا اور ایک شخص نے عرض کیا:

---

[1] الکافی: ۵/ ۱۳۷ ح ۳؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۲۹۳ ح ۴۰۵۰؛ تہذیب الاحکام: ۶/ ۳۹۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۵/ ۴۴۶

[2] مرآۃ العقول: ۹/ ۱۰۹؛ القواعد الفقہیہ: ۳/ ۱۳؛ ماوراء الفقہ: ۳/ ۲۴۸؛ المحکم فی اصول الفقہ: ۵/ ۲۹۶؛ بیان الاصول: ۸/ ۲۹۳؛ مبانی مثاوی فی الاموال: ۱۹۴؛ جواہر الکلام: ۸/ ۳۳۷؛ ہدایۃ الفقیہ: ۳/ ۳۱۸؛ القواعد الفقہیہ: ۱۵۴؛ فقہ الصادقؑ: ۲۹/ ۲۰۱؛ تذکرۃ الفقہاء: ۱۷/ ۲۷۵؛ زبدۃ الاصول: ۲/ ۱۷۰؛ مصباح المنہاج (الخمس): ۹۲؛ روضۃ المتقین: ۷/ ۳۳۴؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/ ۳۲۵

میں آپ علیہ السلام پر فدا ہوں! کیا مجھے سوال کرنے کی اجازت دیتے ہیں کہ میں اپنے لئے مسئلہ پوچھ لوں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جو چاہو پوچھ لو۔

اس نے آپ علیہ السلام سے عرض کیا: میں آپ علیہ السلام پر فدا ہوں! ایک شخص مکہ میں ہمارا رفیق تھا پھر وہ اپنے گھر چلا گیا اور ہم اپنے گھروں کی طرف چلے گئے پس ہم نے اثنائے راہ میں دیکھا کہ اس کا کچھ مال ومتاع ہمارے سامان میں موجود ہے تو اب ہم کیا کریں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: تم وہ مال اٹھاؤ اور اٹھا کر کوفہ اس کی طرف لے جاؤ۔ اس نے کہا: ہم نہ اسے جانتے ہیں، نہ اس کے شہر کا علم ہے اور نہ یہ جانتے ہیں کہ ہم کیا کرے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر یہ صورت حال ہے تو پھر اسے فروخت کر کے اس کی قیمت صدقہ کردے۔

اس شخص نے آپ علیہ السلام سے عرض کیا: میں آپ علیہ السلام پر فدا ہوں! کس کس کو دے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اہل ولایت کو دے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2604} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ: كَتَبْتُ إِلَى الرَّجُلِ أَسْأَلُهُ عَنْ رَجُلٍ اشْتَرَى جَزُوراً أَوْ بَقَرَةً لِلْأَضَاحِيِّ فَلَمَّا ذَبَحَهَا وَجَدَ فِي جَوْفِهَا صُرَّةً فِيهَا دَرَاهِمُ أَوْ دَنَانِيرُ أَوْ جَوْهَرَةٌ لِمَنْ يَكُونُ ذَلِكَ فَوَقَّعَ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَرِّفْهَا الْبَائِعَ فَإِنْ لَمْ يَكُنْ يَعْرِفُهَا فَالشَّيْءُ لَكَ رَزَقَكَ اللَّهُ إِيَّاهُ.

❂ عبداللہ بن جعفر علیہ السلام سے روایت ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کو خط لکھا کہ ایک شخص نے قربانی کے لئے اونٹ کا بچہ خریدا یا کوئی گائے خریدی اور جب اس نے اسے ذبح کیا تو اس کے پیٹ سے ایک تھیلی نکلی جس میں چند درہم یا چند دینار یا کوئی جوہر تھا تو وہ کس کا متصور ہوگا؟

امام علیہ السلام نے جواب لکھا کہ فروخت کرنے والے کو بتا پس اگر وہ اس کی پہچان نہ کر سکے تو وہ مال تمہارا ہے جو اللہ نے تمہیں رزق دیا ہے۔ [3]

---

[1] تہذیب الاحکام: ۶/۳۹۵ ح ۱۱۸۹؛ الکافی: ۵/۳۰۹ ح ۲۲ (بفرق الفاظ)؛ وسائل الشیعہ: ۲۵/۴۵۰ ح ۳۲۳۳۲؛ الوافی: ۱۷/۳۶۳

[2] ملاذالاخیار: ۱۰/۳۴۰؛ انوارالفقاہۃ: ۲۰۸؛ حدودالشریعہ: ۲/۴۴۵؛ رسائل فقہیہ: ۲۲۲؛ مراۃ العقول: ۱۹/۴۲۵؛ ارشادالطالب: ۲/۲۰۳؛ المکاسب: ۷۰؛ مصباح الہدیٰ: ۱۱/۴۷؛ تشریح المطالب: ۴/۲۲۶؛ مشارق الاحکام: ۳۰؛ غنائم الایام: ۴/۳۴۴

[3] الکافی: ۵/۱۳۹ ح ۹؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۹۶ ح ۴۰۶۲؛ تہذیب الاحکام: ۶/۳۹۲ ح ۱۱۷۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۵/۴۵۲ ح ۳۲۳۳۶؛ الوافی: ۱۷/۳۳۸

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (1)

{2605} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ:) جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي وَجَدْتُ شَاةً فَقَالَ) هِيَ لَكَ أَوْ لِأَخِيكَ أَوْ لِلذِّئْبِ (فَقَالَ إِنِّي وَجَدْتُ بَعِيراً فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ (خُفُّهُ حِذَاؤُهُ وَكَرِشُهُ سِقَاؤُهُ فَلاَ تَهِجْهُ).

✪ حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! مجھے ایک (گمشدہ) بکری ملی ہے (تو کیا کروں)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ تیرے لئے ہے یا تیرے کسی بھائی کے لئے یا پھر بھیڑیئے کے لئے ہے۔

اس نے عرض کیا: مجھے ایک اونٹ ملا ہے (تو کیا کروں)؟

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب اس کا موزہ یعنی خضر اور اس کا پالن یعنی مقدہ اس کے ہمراہ ہے تو پھر اسے چھو بھی نہیں۔ (2)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (3)

{2606} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ وَسَهْلِ بْنِ زِيَادٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: مَنْ أَصَابَ مَالاً أَوْ بَعِيراً فِي فَلاَةٍ مِنَ الْأَرْضِ قَدْ كَلَّتْ وَقَامَتْ وَسَيَّبَهَا صَاحِبُهَا مِمَّا لَمْ يَتْبَعْهُ فَأَخَذَهَا غَيْرُهُ فَأَقَامَ عَلَيْهَا وَأَنْفَقَ نَفَقَةً حَتَّى أَحْيَاهَا مِنَ الْكَلاَلِ وَمِنَ الْمَوْتِ فَهِيَ لَهُ وَلاَ سَبِيلَ لَهُ عَلَيْهَا وَإِنَّمَا هِيَ مِثْلُ الشَّيْءِ الْمُبَاحِ.

✪ عبداللہ بن سنان سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو شخص جنگل میں کچھ مال یا کوئی اونٹ پائے جو

---

(1) مرآۃ العقول: ۱۹/۱۱۲؛ مصباح الہدیٰ: ۱۱/۳۲؛ انوار الفقاہۃ: ۱۲۱؛ المرتقیٰ الی الفقہ: ۱۰۲؛ مفتاح الکرامہ: ۱۷/۸۲؛ فقہ الصادقؑ: ۱۱/۱۳۳؛ الروضۃ البہیہ: ۷/۳؛ مہذب الاحکام: ۲۳/۳۳؛ ریاض المسائل: ۱۳/۱۸۸؛ دلیل تحریر الوسیلہ (خمس): ۱۳۹؛ مصباح المنہاج (خمس): ۹۳؛ روضۃ المتقین: ۷/۳۱؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/۳۲۹

(2) تہذیب الاحکام: ۶/۳۹۴ ح ۱۱۸۳؛ الکافی: ۵/۱۴۰ ح ۱۲؛ الوافی: ۱۷/۳۵۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۵/۳۵۷ ح ۳۲۳۴۷؛ دعائم الاسلام: ۲/۴۹۷؛ مستدرک الوسائل: ۱۷/۱۳۰ ح ۲۰۹۶۱

(3) ملاذ الاخیار: ۱۰/۳۳۶؛ جواہر الکلام: ۳۸/۲۴۶؛ مسالک الافہام: ۱۲/۴۶۰؛ فقہ المعاملات: ۵۰۴؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۵/۹۷۸؛ ریاض المسائل: ۱۴/۱۵۶

تھک ہار چکا ہو اور اس کے مالک نے اسے اس طرح چھوڑ دیا ہو کہ اس کا پیچھا نہ کیا ہو اور پھر اسے کوئی اور شخص پکڑے اور اس کی نگہداشت کرے اور اس پر خرچ بھی کرے یہاں تک کہ اسے تھکاوٹ اور مرنے سے بچالے تو وہ اسی شخص کا ہے اور (اصلی) مالک کو اس پر کوئی حق نہیں ہے اور وہ بمنزلہ مباح مال کے ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2607} عَبْدُ اَللَّهِ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عَبْدِ اَللَّهِ بْنِ اَلْحَسَنِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ أَخِيهِ مُوسَى بْنِ جَعْفَرٍ عَلَيْهِمَا اَلسَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ أَصَابَ شَاةً فِي اَلصَّحْرَاءِ هَلْ تَحِلُّ لَهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اَللَّهِ صَلَّى اَللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ هِيَ لَكَ أَوْ لِأَخِيكَ أَوْ لِلذِّئْبِ فَخُذْهَا وَ عَرِّفْهَا حَيْثُ أَصَبْتَهَا فَإِنْ عَرَفْتَ فَرُدَّهَا إِلَى صَاحِبِهَا وَ إِنْ لَمْ تَعْرِفْ فَكُلْهَا وَ أَنْتَ ضَامِنٌ لَهَا إِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا يَطْلُبُ ثَمَنَهَا أَنْ تَرُدَّهَا عَلَيْهِ.

❁ علی بن جعفر علیہ السلام سے روایت ہے کہ میں نے اپنے بھائی امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص کو صحرا میں ایک بکری ملی تو کیا وہ اس کے لئے حلال ہے؟ آپ علیہ السلام نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ وہ تیرے لئے ہے یا تیرے بھائی کے لئے ہے یا پھر بھیڑیئے کے لئے ہے۔

پس اسے پکڑ لو اور جہاں سے ملی ہے وہاں اس کا اعلان کرو پس اگر پہچان لی جائے تو اسے اس کے مالک کو لوٹا دو اور اگر پہچانی نہ جائے تو اسے کھا جاؤ اور اگر اس کا مالک آ گیا اور طلب کرے تو وہ ضامن ہے کہ اس بکری کی قیمت اسے واپس کرے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2608} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَلْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ اَلْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى اَلْجَمَّالِ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ يَقُولُ: مَنْ وَجَدَ ضَالَّةً فَلَمْ يُعَرِّفْهَا ثُمَّ وُجِدَتْ عِنْدَهُ فَإِنَّهَا لِرَبِّهَا وَ مِثْلُهَا مِنْ مَالِ اَلَّذِي كَتَمَهَا.

---

[1] الکافی: ۵/۱۴۰ ح ۱۳؛ تہذیب الاحکام: ۶/۳۹۲ ح ۱۱۷۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۵/۴۵۸ ح ۳۲۳۸۴؛ الوافی: ۱۷/۳۵۳

[2] مرآۃ العقول: ۱۹/۱۱۴؛ جواہر الکلام: ۳۸/۲۰۳؛ موسوعۃ الامام: ۲/۵۸؛ وسائل العباد: ۸/۲۴۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/۳۴۲؛ ریاض المسائل: ۲/۳۲۶؛ مہذب الاحکام: ۲۳/۳۱۰؛ مستند الشیعہ: ۱۵/۳۶۹؛ قواعد فقہ: ۸۴

[3] قرب الاسناد: ۲۷۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۵/۴۵۹ ح ۳۲۳۵۳؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۲۴۹؛ مسائل علی بن جعفرؑ: ۱۰۴؛ دعائم الاسلام: ۲/۴۹۷؛ مستدرک الوسائل: ۱۷/۱۳۰ ح ۲۰۹۹۲

[4] فقہ الصادقؑ: ۱۹/۷۶؛ جواہر الکلام: ۳۸/۲۳۶؛ مہذب الاحکام: ۲۳/۳۰۸؛ سوال وجواب یزدی: ۲/۵۴۳؛ مفتاح الکرامہ: ۶/۱۳۲؛ موسوعۃ الامام: ۲/۲۰؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۸/۹۴؛ جامع المدارک: ۵/۲۵۹؛ ریاض المسائل: ۲/۳۲۷؛ وسائل العباد: ۲/۳۴۹؛ القواعد الفقہیہ: ۶/۲۳۳

✪ صفوان بن یحییٰ الجمال سے روایت ہے کہ انہوں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص کوئی گمشدہ (مال جانور وغیرہ) پائے اور اس کا اعلان نہ کروائے پھر وہ اس کے ہاں پایا جائے تو وہ اپنے مالک کا مال ہے اور (تلف ہونے کی صورت میں) وہ اس مال کے مثل کا ضامن ہے جو اس نے چھپایا تھا۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2609} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي نَصْرٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا الْحَسَنِ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الرَّجُلِ يَصِيدُ الطَّيْرَ الَّذِي يَسْوِي دَرَاهِمَ كَثِيرَةً وَ هُوَ مُسْتَوِي الْجَنَاحَيْنِ وَ هُوَ يَعْرِفُ صَاحِبَهُ أَ يَحِلُّ لَهُ إِمْسَاكُهُ فَقَالَ إِذَا عَرَفَ صَاحِبَهُ رَدَّهُ عَلَيْهِ وَ إِنْ لَمْ يَكُنْ يَعْرِفُهُ وَ مَلَكَ جَنَاحَيْهِ فَهُوَ لَهُ وَ إِنْ جَاءَكَ طَالِبٌ لاَ تَتَّهِمُهُ رَدَّهُ عَلَيْهِ.

✪ احمد بن محمد بن ابو نصر سے روایت ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص ایسے پرندے کا شکار کرتا ہے جو کئی درہموں کے برابر ہے اور اس کے دونوں پر برابر ہیں اور وہ اس کے مالک کو جانتا ہے تو کیا اس کے لئے اس کا روک رکھنا حلال ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب وہ اس کے مالک کو جانتا ہے تو اس کو واپس لوٹائے اور اگر وہ اسے نہیں جانتا اور وہ (پرندہ) اپنے پروں کا مالک ہے (یعنی اڑ سکتا ہے) تو پھر وہ اسی کا ہے اور اگر طلب کرنے والا آ گیا جو متہم نہ ہو تو پھر اسے لوٹا دے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2610} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ كَانَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ يَقُولُ: فِي الضَّالَّةِ يَجِدُهَا الرَّجُلُ فَيَنْوِي أَنْ يَأْخُذَ لَهَا

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۹۳ ح ۴۰۵۲؛ تہذیب الاحکام: ۶/۳۹۳ ح ۱۱۸۰؛ الکافی: ۵/۱۴۱ ح ۱۷؛ الوافی: ۱۷/۵۵۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۵/۴۶۰ ح ۳۲۳۵۴

[2] روضۃ المتقین: ۷/۳۴۵؛ ریاض المسائل: ۱۴/۱۵۷؛ مورد الانام: ۲/۵۷؛ حدود الشریعہ: ۲/۵۲۶؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/۳۳۳؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۸/۹۶؛ فقہ الصادقؑ: ۲۹/۱۱۵

[3] تہذیب الاحکام: ۶/۳۹۴ ح ۱۱۸۶؛ وسائل الشیعہ: ۲۵/۴۶۱ ح ۳۲۳۵۵؛ الوافی: ۱۷/۳۵۶

[4] ملاذ الاخیار: ۱۰/۳۴۷؛ تذکرۃ الفقہاء: ۷/۲۴۹؛ الاراضی فیاض: ۳۲۱؛ حدود الشریعہ: ۲/۵۶۷؛ الانوار اللوامع: ۱۳/۵۱۳؛ کشف اللثام: ۹/۲۰۹؛ منہاج الفقاہۃ: ۳/۲۸۶؛ الآراء الفقہیہ: ۳/۳۳۹؛ ارشاد الطالب: ۵/۳۹

جُعْلاً فَتَنْفُقُ قَالَ هُوَ ضَامِنٌ لَهَا فَإِنْ لَمْ يَنْوِ أَنْ يَأْخُذَ لَهَا جُعْلاً فَنَفَقَتْ فَلاَ ضَمَانَ عَلَيْهِ.

امیر المومنین علیہ السلام فرماتے ہیں کہ اگر کوئی گمشدہ جانور کوئی آدمی پا جائے اور وہ نیت کرے کہ وہ اس پر انعام لے گا (پھر واپس کرے گا) پس وہ تلف ہو جائے تو وہ اس کا ضامن ہے اور اگر وہ انعام لینے کی نیت نہ کرے اور وہ تلف ہو جائے تو پھر اس پر کوئی ضمانت نہیں ہے۔ (1)

تحقیق:

حدیث حسن کالصحیح ہے۔ (2)

{2611} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْعَزْرَمِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَنْ أَبِيهِ عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ قَالَ: الْمَنْبُوذُ حُرٌّ فَإِذَا كَبِرَ فَإِنْ شَاءَ تَوَلَّى إِلَى الَّذِي الْتَقَطَهُ وَإِلاَّ فَلْيَرُدَّ عَلَيْهِ النَّفَقَةَ وَلْيَذْهَبْ فَلْيُوَالِ مَنْ شَاءَ.

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ ان کے والد بزرگوار (امام محمد باقر علیہ السلام) نے فرمایا: لاوارث بچہ (لقیطہ) آزاد ہے پس جب بڑا ہو اور اگر چاہے تو جس نے اسے اٹھایا (پرورش کی) اسی کو اپنا سرپرست مان لے ورنہ اپنے اوپر ہونے والے اخراجات لوٹا کر چلا جائے جو جسے چاہے اپنا سرپرست بنائے۔ (3)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (4)

{2612} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ حَرِيزٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ بَأْسَ بِلُقَطَةِ الْعَصَا وَ الشِّظَاظِ وَ الْوَتِدِ وَ الْحَبْلِ وَ الْعِقَالِ وَ أَشْبَاهِهِ قَالَ وَ قَالَ أَبُو جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ لَيْسَ لِهَذَا طَالِبٌ.

حریز سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ڈنڈا، لاٹھی، نوک دار لکڑی، کھونٹی (یا میخ) اور وہ رسی جس سے اونٹوں کی ٹانگ کو باندھا جاتا ہے اور ان جیسی اور (معمولی) چیزیں لقطہ ہوں تو (ان کے اٹھانے میں) کوئی حرج نہیں ہے پھر

---

(1) من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۹۶ ح ۴۰۱۲؛ تہذیب الاحکام: ۶/۳۹۶ ح ۱۱۹۲؛ الوافی: ۷/۵۵۱ ۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۵/۴۶۳ ح ۳۲۳۶۲

(2) روضۃ المتقین: ۷/۳۴۰

(3) الکافی: ۵/۲۲۵ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/۸ ح ۳۳۶؛ الوافی: ۹۳/۲۵ ۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۵/۴۶۷ ح ۳۲۳۶۸

(4) مرآۃ العقول: ۹/۶۲۲؛ ریاض المسائل: ۱۴/۲۷۴؛ مفتاح الکرامہ: ۶/۱۰۶؛ وسائل العباد: ۲/۵۳۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۱/۵۵؛ ذخیرۃ الصالحین: ۵/۱۱۸

فرمایا کہ امام محمد باقر علیہ السلام کا فرمان ہے کہ ان چیزوں کا کوئی طلبگار ہی نہیں ہوتا۔ (۱)

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ (۲)

﴿حیوانات کو شکار اور ذبح کرنے کے احکام﴾

{2613} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي نَصْرٍ قَالَ: سَأَلْتُ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ طُرُوقِ الطَّيْرِ بِاللَّيْلِ فِي وَكْرِهَا فَقَالَ لاَ بَأْسَ بِذَلِكَ.

۞ احمد بن محمد بن ابونصر سے روایت ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام سے رات کے وقت پرندہ کا اس کے آشیانہ میں شکار کرنے کے بارے پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ (۳)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (۴)

{2614} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ غِيَاثِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي الرَّجُلِ يَضْرِبُ الصَّيْدَ فَيَقُدُّهُ بِنِصْفَيْنِ قَالَ يَأْكُلُهُمَا جَمِيعاً فَإِنْ ضَرَبَهُ وَ أَبَانَ مِنْهُ عُضْواً لَمْ يَأْكُلْ مِنْهُ مَا أَبَانَ مِنْهُ وَ أَكَلَ سَائِرَهُ.

۞ غیاث بن ابراہیم نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں روایت کی ہے جس نے شکار کو دو ٹکڑے کر دیا تھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ ان دونوں حصوں کو کھائے گا اور اگر وہ ضرب لگائے اور حیوان سے صرف کوئی ایک عضو الگ کرے تو وہ حصہ نہیں کھائے گا اور باقی سارے کو کھائے گا۔ (۵)

تحقیق:

حدیث موثق یا صحیح ہے۔ (۶)

---

(۱) الکافی: ۵/۱۴۰ ح۱۵؛ تہذیب الاحکام: ۶/۹۳ ح۹۷۰۱۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۵/۵۹ ح۴۴۳۲۳؛ الفصول المہمہ: ۲/۷۶؛ الوافی: ۱۷/۴۰۳؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۹۵ ح۴۰۵۶

(۲) ریاض المسائل: ۱۳/۸۲؛ جواہر الکلام: ۱۹/۳۷۴؛ دلیل تحریر الوسیلہ (احیا الموات واللقطہ): ۲۱۹؛ حاشیہ المکاسب ایروانی: ۲/۱؛ تذکرۃ الفقہا: ۱۷/۲۰۹؛ الجعہ: ۱۰/۲۱؛ جامع المدارک: ۵/۲۶۹؛ مراۃ العقول: ۱۹/۱۵؛ ملاذ الاخیار: ۱۰/۴۳۳؛ روضۃ المتقین: ۷/۳۳

(۳) الکافی: ۶/۲۱۵ ح۱؛ تہذیب الاحکام: ۹/۱۴ ح۵۴؛ الاستبصار: ۴/۶۵ ح۳۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/۸۲ ح۲۹۸۰۱؛ الوافی: ۱۹/۱۸۳

(۴) مراۃ العقول: ۲۱/۵۶؛ عوائد الایام: ۲۹؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/۱۴۲

(۵) الکافی: ۶/۲۵۵ ح۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/۸۶ ح۲۹۸۱۰؛ الوافی: ۱۹/۱۰۹

(۶) مراۃ العقول: ۲۲/۵۰؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۸/۲۲۱؛ فقہ الصادق: ۲۳/۴۱۶؛ ذخیرۃ الصالحین: ۷/۶۲۰؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۵/۵۴۶؛ دلیل تحریر الوسیلہ (الصید والذباحہ): ۹۰

{2615} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَعْقُوبَ عَنِ ابْنِ فَضَّالٍ عَنِ ابْنِ بُكَيْرٍ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِذَا مَلَكَ الطَّيْرُ جَنَاحَهُ فَهُوَ لِمَنْ أَخَذَهُ.

❁ زرارہ سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب پرندہ اپنے پروں کا مالک ہو (یعنی اڑنے کے قابل ہو) تو وہ اس شخص کا ہے جو اسے شکار کرے۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق کالصحیح یا موثق ہے۔ [2]

{2616} مُحَمَّدُ بْنُ إِدْرِيسَ عَنْ جَامِعِ الْبَزَنْطِيِّ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ اَلطَّيْرُ يَقَعُ فِي الدَّارِ فَنَصِيدُهُ وَ حَوْلَنَا لِبَعْضِهِمْ حَمَامٌ فَقَالَ إِذَا مَلَكَ جَنَاحَهُ فَهُوَ لِمَنْ أَخَذَهُ قَالَ قُلْتُ فَيَقَعُ عَلَيْنَا فَنَأْخُذُهُ وَقَدْ نَعْرِفُ لِمَنْ هُوَ قَالَ إِذَا عَرَفْتَهُ فَرُدَّهُ عَلَى صَاحِبِهِ.

❁ اسحاق بن عمار سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ ایک پرندہ دیوار پر آ گرا تو ہم نے اسے شکار کرلیا اور وہ ہمارے اردگرد ہی کسی کا کبوتر ہے (تو کیا حکم ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب وہ اپنے پروں کا مالک ہو تو وہ اسی کا ہے جو اسے پکڑے۔

راوی کہتا ہے کہ میں نے عرض کیا: وہ ہم پر گرا اور ہم نے اسے پکڑ لیا جبکہ ہم جانتے ہیں کہ وہ کس کا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب اس کا مالک معلوم ہے تو اسے لوٹا دو۔ [3]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [4]

{2617} اَلْحَسَنُ بْنُ يُوسُفَ بْنِ الْمُطَهَّرِ عَنْ عَمَّارِ بْنِ مُوسَى عَنِ الصَّادِقِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: خُرْءُ الْخُطَّافِ لاَ بَأْسَ بِهِ هُوَ مِمَّا يُؤْكَلُ لَحْمُهُ وَ لَكِنْ كُرِهَ أَكْلُهُ لِأَنَّهُ اِسْتَجَارَ بِكَ وَ أَوَى فِي مَنْزِلِكَ وَ كُلُّ طَيْرٍ يَسْتَجِيرُ بِكَ فَأَجِرْهُ.

❁ عمار بن موسیٰ سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: خطاف (ایک لمبے بازوؤں والا اور چھوٹے پاؤں والا سیاہ رنگ کا پرندہ) کی بیٹ میں کوئی حرج نہیں کیونکہ یہ وہ پرندہ ہے جس کا گوشت کھایا جاسکتا ہے مگر اس کا گوشت مکروہ قرار دیا

---

[1] تہذیب الاحکام: ۹/۶۱ ح ۲۵۹؛ الکافی: ۶/۲۲۲ ح ۲؛ الوافی: ۱۹/۱۹۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/۳۸۹ ح ۲۹۸۱۸

[2] ملاذ الاخیار: ۱۴/۲۴۲؛ جواہر الکلام: ۳۶/۲۲۶؛ الانوار اللوامع: ۱۱/۱۸۹

[3] السرائر: ۳/۵۷۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/۳۹۰ ح ۲۹۸۲۳؛ بحار الانوار: ۶۲/۲۹۲

[4] تفصیل الشریعہ: ۲۰/۳۴۷

گیا ہے کیونکہ وہ تم سے پناہ لیتا ہے اور تمہارے گھروں میں پناہ گزین ہوتا ہے اور ہر وہ پرندہ جو تم سے پناہ مانگے تو اسے پناہ دو۔ (1)

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ (2)

{2618} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ يَزِيدَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَخِي مُوسَى عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الْهُدْهُدِ وَ قَتْلِهِ وَ ذَبْحِهِ فَقَالَ لاَ يُؤْذَى وَ لاَ يُذْبَحُ فَنِعْمَ الطَّيْرُ هُوَ.

❁ علی بن جعفر علیہ السلام سے روایت ہے کہ میں نے اپنے بھائی امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے ہدہد کو مارنے اور اس کے ذبح کرنے کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: اسے اذیت نہ دی جائے اور نہ اسے ذبح کیا جائے پس وہ کتنا ہی اچھا پرندہ ہے۔ (3)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (4)

{2619} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحَلَبِيِّ أَنَّهُ سَأَلَ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: عَنْ قَتْلِ الْحَيَّاتِ فَقَالَ اُقْتُلْ كُلَّ شَيْءٍ تَجِدُهُ فِي الْبَرِّيَّةِ إِلاَّ الْجَانَّ وَ نَهَى عَنْ قَتْلِ عَوَامِرِ الْبُيُوتِ وَ قَالَ لاَ تَدَعُوهُنَّ مَخَافَةَ تَبِعَاتِهِنَّ فَإِنَّ الْيَهُودَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ قَالَتْ مَنْ قَتَلَ عَامِرَ بَيْتٍ أَصَابَهُ كَذَا وَ كَذَا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ مَنْ تَرَكَهُنَّ مَخَافَةَ تَبِعَاتِهِنَّ فَلَيْسَ مِنِّي وَ إِنَّمَا تَتْرُكُهَا لِأَنَّهَا لاَ تُرِيدُكَ وَ قَالَ رُبَّمَا قَتَلْتُهُنَّ فِي بُيُوتِهِنَّ.

❁ حلبی سے روایت ہے کہ انہوں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے سانپوں کے قتل کے متعلق پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: سوائے الجان (ایک قسم کا سفید سانپ) کے باقی ہر شئے جو خشکی پر پاؤ اسے مار دو اور آپ علیہ السلام نے گھروں میں رہنے والے (عمر رسیدہ) سانپوں کو مارنے کی ممانعت فرمائی۔ نیز فرمایا کہ قتل کے نتائج و اثرات کے ڈر سے انہیں مت چھوڑو (کہ انہیں مارو گے تو تمہیں نقصان ہوگا) کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے میں یہود کہا کرتے تھے کہ گھر میں بسنے والے سانپ

---

(1) المختلف: ۹/ ۷۶؛ بحار الانوار: ۶۱/ ۸۳ و ۷۷/ ۱۰۹؛ وسائل الشیعہ: ۳/ ۱۱ ح ۳۰۱۳ و ۲۳/ ۹۳ ح ۲۹۸۲۹؛ الفصول المہمہ: ۲/ ۳۲۰

(2) سند العروۃ (الطہارۃ): ۹/ ۷۳؛ جواہر الکلام: ۳۶/ ۳۱۲؛ مستند الشیعہ: ۱۵/ ۸۹؛ موسوعہ الفقہ الاسلامی: ۱۳/ ۱۱۶

(3) الکافی: ۶/ ۲۲۴ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۱۹ ح ۷۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/ ۹۳ ح ۲۹۸۳۱؛ الوافی: ۱۹/ ۲۰۳

(4) مرآۃ العقول: ۲۱/ ۷۰۳؛ مجمع الفائدہ: ۱۱/ ۱۸۰؛ حاشیہ جامع المدارک: ۱۲/ ۷۲؛ موسوعہ الفقہ الاسلامی: ۱۳/ ۱۷۱؛ جواہر الکلام: ۳۶/ ۳۱۰؛ مسالک الافہام: ۱۲/ ۴۳؛ المنہج طباطبائی: ۲/ ۹۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۱۵۲

کو جو مارے گا وہ ایسی ایسی مصیبت میں مبتلا ہو گا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جوان گھروں میں بسنے والے کو محض ان کے نتائج و اثرات کے خوف سے چھوڑ دے گا تو وہ ہم میں سے نہیں ہے اور یقیناً تم بھی ان کو اس لئے چھوڑ دیتے ہو کہ تمہیں کوئی گزند نہیں پہنچاتے۔ نیز فرمایا کہ کبھی کبھی تو تم ان کو سوراخوں میں قتل کر دیتے ہو۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2620} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ اَلْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ فَضَّالٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ عَنْ مُصَدِّقِ بْنِ صَدَقَةَ عَنْ عَمَّارِ بْنِ مُوسَى عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ: أَنَّهُ سُئِلَ عَنِ اَلشِّقِرَّاقِ فَقَالَ كُرِهَ قَتْلُهُ لِحَالِ اَلْحَيَّاتِ قَالَ وَ كَانَ اَلنَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ يَوْماً يَمْشِي فَإِذَا شِقِرَّاقٌ قَدِ اِنْقَضَّ فَاسْتَخْرَجَ مِنْ خُفِّهِ حَيَّةً.

عمار بن موسیٰ سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے شقراق (فاختہ سے بڑا ایک پرندہ) کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس کا مارنا سانپوں کی وجہ سے مکروہ ہے (کیونکہ یہ سانپوں کا شکار کرتا ہے)

نیز فرمایا: ایک بار رسول اللہ ﷺ تشریف لے جا رہے تھے کہ اچانک ایک شقراق گرا پس اس کی خف (ٹاپ) سے ایک سانپ نکالا گیا۔ [3]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [4]

﴿حیوانات کو ذبح کرنے کا طریقہ﴾

{2621} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ اِبْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ: اَلنَّحْرُ فِي اَللَّبَّةِ وَ اَلذَّبْحُ فِي اَلْحَلْقِ.

معاویہ بن عمار سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: نحر سینہ کے بالائی حصہ میں ہے اور ذبح حلق میں ہے۔ [5]

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۵۱۳ ح ۴۳۲۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/۳۹۷ ح ۲۹۸۳۹؛ الوافی: ۱۹/۲۱۱؛ بحار الانوار: ۶۱/۲۶۰

[2] روضۃ المتقین: ۷/۵۰۵

[3] تہذیب الاحکام: ۹/۲۱ ح ۸۵؛ بحار الانوار: ۶۱/۲۸۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/۳۹۷ ح ۲۹۸۴۰؛ الوافی: ۱۹/۲۰۶

[4] ملاذ الاخیار: ۱۴/۱۵۸؛ ریاض المسائل: ۲/۲۸۵

[5] الکافی: ۴/۲۹۷ ح ۳؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/۵۰۲ ح ۳۰۷۹؛ تہذیب الاحکام: ۹/۵۳ ح ۲۱۷؛ الوافی: ۱۴/۱۵۷ و ۱۹/۲۱۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/۱۴۹ ح ۱۸۸۴۱ و ۲۴/۱۰ ح ۲۹۸۵۵؛ مستدرک الوسائل: ۱۰/۱۰۹ ح ۱۱۶۰۰؛ بحار الانوار: ۶۲/۳۵۸

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ (1)

{2622} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هَاشِمٍ الْجَعْفَرِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ حُمْرَانَ بْنِ أَعْيَنَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الذَّبْحِ فَقَالَ إِذَا ذَبَحْتَ فَأَرْسِلْ وَ لاَ تَكْتِفْ وَ لاَ تَقْلِبِ السِّكِّينَ لِتُدْخِلَهَا مِنْ تَحْتِ الْحُلْقُومِ وَ تَقْطَعَهُ إِلَى فَوْقُ وَ الْإِرْسَالُ لِلطَّيْرِ خَاصَّةً فَإِنْ تَرَدَّى فِي جُبٍّ أَوْ وَهْدَةٍ مِنَ الْأَرْضِ فَلاَ تَأْكُلْهُ وَ لاَ تُطْعِمْهُ فَإِنَّكَ لاَ تَدْرِي التَّرَدِّي قَتَلَهُ أَوِ الذَّبْحُ وَ إِنْ كَانَ شَيْءٌ مِنَ الْغَنَمِ فَأَمْسِكْ صُوفَهُ أَوْ شَعْرَهُ وَ لاَ تُمْسِكَنَّ يَداً وَ لاَ رِجْلاً وَ أَمَّا الْبَقَرُ فَاعْقِلْهَا وَ أَطْلِقِ الذَّنَبَ وَ أَمَّا الْبَعِيرُ فَشُدَّ أَخْفَافَهُ إِلَى آبَاطِهِ وَ أَطْلِقْ رِجْلَيْهِ وَ إِنْ أَفْلَتَكَ شَيْءٌ مِنَ الطَّيْرِ وَ أَنْتَ تُرِيدُ ذَبْحَهُ أَوْ نَدَّ عَلَيْكَ فَارْمِهِ بِسَهْمِكَ فَإِذَا هُوَ سَقَطَ فَذَكِّهِ بِمَنْزِلَةِ الصَّيْدِ.

حمران بن اعین سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے ذبح کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب ذبح کرو تو کھلا چھوڑ دو اور باندھ کر نہ رکھو اور چھری کو اس طرح نہ الٹو کہ حلقوم کے نیچے کی طرف سے داخل کرو اور اسے اوپر کی طرف سے ہی ذبح کرو اور پرندے کو تو بالخصوص کھلا چھوڑو پس اگر وہ کسی کنویں یا زمین کے کسی گڑھے میں گر جائے تو اسے نہ خود کھاؤ اور نہ اسے کسی کو کھلاؤ کیونکہ تم نہیں جانتے کہ وہ گرنے سے مرا یا ذبح ہوا اور اگر ذبح ہونے والا بھیڑ بکری (کی قسم سے) ہو تو اس کی اون اور اس کے بال پکڑ کر رکھو اور نہ اس کے ہاتھ کو اور نہ اس کے پاؤں کو پکڑو اور جہاں تک گائے (بیل) کا تعلق ہے تو اس کے ہاتھ پاؤں باندھ دو لیکن اس کی دم کو کھلا رکھو اور جہاں تک اونٹ کا تعلق ہے تو اس کی خف (یعنی اس کے پیر) گھٹنوں کی طرف باندھ دو اور اس کے (پچھلے) پاؤں کھلے چھوڑ دو اور اگر پرندوں میں سے کوئی چیز تم سے فرار ہو جائے جبکہ تم اسے ذبح کرنے کا ارادہ رکھتے ہو یا تم پر بدک جائے تو اسے اپنے تیر کے ساتھ مارو اور جب وہ گر جائے تو اس کا تذکیہ (ذبح) بمنزلہ شکار کے کرو۔ (2)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (3)

قول مؤلف:

---

(1) التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۳/۸۲؛ براھین الحج: ۳/۲۸۳؛ دلیل تحریر الوسیلہ (الصید والزباحۃ): ۸۱؛ روضۃ المتقین: ۵/۹۷؛ جواہر الکلام: ۳۶/۱۲۰؛ مہذب الاحکام: ۲۳/۶۶؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/۲۵؛ مراۃ العقول: ۲۲/۷

(2) الکافی: ۶/۲۲۹ ح ۴؛ تہذیب الاحکام: ۹/۵۵ ح ۲۲۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۱۰ ح ۲۹۸۵۲؛ الوافی: ۱۹/۲۱۲

(3) ماوراء الفقہ: ۷/۳۰۲؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۵/۵۶۹ و ۳/۹۱؛ دلیل تحریر الوسیلہ (الصید والزباحۃ): ۹۷

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث مجہول ہے۔ [1]

{2623} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبُو عَلِيٍّ الْأَشْعَرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ عَنْ صَفْوَانَ عَنِ ابْنِ مُسْكَانَ عَنْ مُحَمَّدٍ الْحَلَبِيِّ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ: لَا تَنْخَعِ الذَّبِيحَةَ حَتَّى تَمُوتَ فَإِذَا مَاتَتْ فَانْخَعْهَا.

حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ذبح کے حرام مغز کو نہ کاٹو (یعنی اس تک چھری نہ پہنچاؤ) یہاں تک کہ وہ مر جائے پس جب مر جائے تو پھر کاٹو۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [3]

﴿حیوان کو ذبح کرنے کی شرائط﴾

{2624} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ سَيْفِ بْنِ عَمِيرَةَ عَنْ أَبِي بَكْرٍ الْحَضْرَمِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ أَنَّهُ قَالَ: لَا يُؤْكَلُ مَا لَمْ يُذْبَحْ بِحَدِيدَةٍ.

ابوبکر الحضرمی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو ذبح لوہے سے نہیں کیا جائے گا اسے مت کھاؤ۔ [4]

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔ [5]

{2625} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ زَيْدٍ الشَّحَّامِ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَنْ رَجُلٍ لَمْ يَكُنْ بِحَضْرَتِهِ سِكِّينٌ أَيَذْبَحُ بِقَصَبَةٍ فَقَالَ اذْبَحْ بِالْقَصَبَةِ وَ بِالْحَجَرِ وَ بِالْعَظْمِ وَ بِالْعُودِ إِذَا لَمْ تُصِبِ الْحَدِيدَةَ إِذَا قَطَعَ الْحُلْقُومَ وَ خَرَجَ الدَّمُ فَلَا بَأْسَ.

زید الشحام سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں پوچھا جسے چھری دستیاب نہ ہو

[1] مرآۃ العقول: ۲۲/۸؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/۲۲۷

[2] الکافی: ۶/۲۲۹ ح ۶؛ تہذیب الاحکام: ۹/۵۵ ح ۲۲۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۱۶ ح ۲۹۸۶۷؛ الوافی: ۱۹/۲۱۳

[3] مرآۃ العقول: ۲۲/۹؛ ریاض المسائل: ۲/۲۷۴؛ کشف اللثام: ۹/۲۳۳؛ الجمعہ: ۱۰/۸۶؛ الروضۃ البہیۃ: ۷/۲۳۱؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۸/۲۵۳؛ جامع المدارک: ۵/۱۲۸؛ مستند الشیعہ: ۱۵/۳۳۹؛ حدود الشریعہ: ۲۲۵؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/۲۲۸

[4] الکافی: ۶/۲۲۸ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۹/۵۱ ح ۲۰۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۸ ح ۲۹۸۴۳؛ الوافی: ۱۹/۲۰۷

[5] مرآۃ العقول: ۲۲/۶؛ مسالک الافہام: ۱۱/۴۷۱؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/۳۱۶؛ جواہر الکلام: ۳۶/۱۰۰؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/۲۱۸

ہو سکے تو کیا وہ بانس کے چھلکے (وغیرہ) سے ذبح کر سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: بانس کے چھلکے سے اور پتھر سے اور ہڈی سے اور شیشے (وغیرہ) سے ذبح کرو جب تمہیں لوہا دستیاب نہ ہو سکے جبکہ وہ حلقوم کو کاٹ دے اور خون نکل جائے تو پھر کوئی حرج نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2626} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي رَجُلٍ ضَرَبَ بِسَيْفِهِ جَزُوراً أَوْ شَاةً فِي غَيْرِ مَذْبَحِهَا وَ قَدْ سَمَّى حِينَ ضَرَبَ فَقَالَ لاَ يَصْلُحُ أَكْلُ ذَبِيحَةٍ لاَ تُذْبَحُ مِنْ مَذْبَحِهَا يَعْنِي إِذَا تَعَمَّدَ لِذَلِكَ وَ لَمْ تَكُنْ حَالُهُ حَالَ اضْطِرَارٍ فَأَمَّا إِذَا اضْطُرَّ إِلَيْهَا وَ اسْتَصْعَبَتْ عَلَيْهِ مَا يُرِيدُ أَنْ يَذْبَحَ فَلاَ بَأْسَ بِذَلِكَ.

✪ حلبی نے امام جعفر جعفر صادق علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں روایت کیا ہے کہ جس نے اونٹ کے بچے یا بکری کو اس کے ذبح کے مقام کے علاوہ اپنی تلوار سے ضرب لگائی اور ضرب لگاتے وقت اللہ کا نام بھی لیا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس ذبح کا کھانا درست نہیں ہے جسے اس کے مقام ذبح سے ذبح نہ کیا گیا ہو یعنی جب ایسا عمداً کیا گیا ہو اور اس کی حالت حالت اضطرار نہ ہو البتہ جب وہ اس پر مجبور ہو اور اس پر اس طرح ذبح کرنا مشکل ہو جائے جس طریقہ پر وہ ذبح کرنا چاہتا ہے تو پھر اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [4]

{2627} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيٍّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ صَفْوَانَ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ ذَبْحِ الْبَقَرِ فِي الْمَنْحَرِ فَقَالَ لِلْبَقَرِ الذَّبْحُ وَ مَا نُحِرَ فَلَيْسَ بِذَكِيٍّ.

---

[1] الکافی: ۶/ ۲۲۸ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۵۱ ح ۲۱۳؛ الاستبصار: ۴/ ۸۰ ح ۲۹۶؛ عوالی اللئالی: ۳/ ۴۵۶؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۲۵ ح ۲۹۸۹۵؛ ھدایۃ الامہ: ۸/ ۳۰۱؛ الوافی: ۱۹/ ۲۰۹؛ بحار الانوار: ۶۲/ ۳۰۵

[2] مرآۃ العقول: ۲۲/ ۷؛ المجعہ: ۱۰/ ۸۱؛ دلیل تحریر الوسیلہ: ۱۳۹؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۸/ ۲۳۵؛ الجواہر الفخریہ: ۱۴/ ۲۵۴؛ الروضۃ البہیہ: ۴/ ۸۰؛ مفتاح الشرائع: ۲/ ۲۷۳؛ جامع المدارک: ۵/ ۱۱۷؛ مسالک الافہام: ۱۱/ ۴۷۴؛ مہذب الاحکام: ۲۳/ ۶۱؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/ ۳۵۶؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۳/ ۸۰؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۲۲۰؛ جواہر الکلام: ۸/ ۸۵۳؛ عوالی اللئالی: ۳/ ۴۵۶؛ بحار الانوار: ایضاً

[3] الکافی: ۶/ ۲۳۱ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۵۳ ح ۲۲۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/ ۳۸۳ ح ۲۹۸۰۴ و ۲۴/ ۱۲ ح ۲۹۸۶۰؛ الوافی: ۱۹/ ۲۱۸؛ ھدایۃ الامہ: ۸/ ۲۳ و ۳۱

[4] مستند الشیعہ: ۱۵/ ۳۲۵؛ فقہ الخلاف: ۶/ ۹۳؛ دلیل تحریر الوسیلہ (الصید والذباحۃ): ۸۱؛ حدود الشریعہ: ۶۵؛ مفاتیح الشرائع: ۲/ ۱۹۵؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/ ۳۰۷؛ مستمسک العروۃ: ۵/ ۸/ ۲۳؛ مجمع الفائدۃ: ۱۱/ ۱۱۲؛ مسالک الافہام: ۱۱/ ۴۷۳؛ مرآۃ العقول: ۲۲/ ۱۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۲۲۳

✪ صفوان سے روایت ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے گائے کو (اونٹ کی طرح سینے کے بالائی حصے سے) بذریعہ نحر ذبح کرنے کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: گائے کے لئے ذبح (مقرر) ہے اور نحر (مقرر) نہیں ہے پس وہ پاک (حلال) نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [2]

{2628} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ رَزِينٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الذَّبِيحَةِ فَقَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اِسْتَقْبِلْ بِذَبِيحَتِكَ الْقِبْلَةَ وَ لَا تَنْخَعْهَا حَتَّى تَمُوتَ وَ لَا تَأْكُلْ مِنْ ذَبِيحَةٍ مَا لَمْ تُذْبَحْ مِنْ مَذْبَحِهَا.

✪ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے ذبح کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: اپنے ذبح کو قبلہ رخ کرو اور حرام مغز تک چھری نہ لے جاؤ جب تک مر نہ جائے اور اس ذبح کا گوشت مت کھاؤ جسے اس کے مقام ذبح سے ذبح نہ کیا گیا ہو۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2629} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: سُئِلَ عَنِ الذَّبِيحَةِ تُذْبَحُ لِغَيْرِ الْقِبْلَةِ قَالَ لَا بَأْسَ إِذَا لَمْ يَتَعَمَّدْ وَ عَنِ الرَّجُلِ يَذْبَحُ فَيَنْسَى أَنْ يُسَمِّيَ أَتُؤْكَلُ ذَبِيحَتُهُ فَقَالَ نَعَمْ إِذَا كَانَ لَا يُتَّهَمُ وَ كَانَ يُحْسِنُ الذَّبْحَ قَبْلَ ذَلِكَ وَ لَا يَنْخَعُ وَ لَا يَكْسِرُ الرَّقَبَةَ حَتَّى تَبْرُدَ الذَّبِيحَةُ.

---

[1] الکافی: ۶/۲۲۸ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۹/۵۳ ح ۲۱۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۱۴ ح ۲۹۸۶۳؛ الوافی: ۱۹/۲۱۱؛ مستدرک الوسائل: ۱۶/۱۲۵ ح ۱۳۷۸۱؛ ھدایۃ الامۃ: ۸/۳۲

[2] جامع المدارک: ۵/۱۱۹؛ جواہر الکلام: ۳۶/۱۱۷؛ فقہ الصادق: ۲۴/۳۶؛ دلیل تحریر الوسیلہ (الصید والذباحۃ): ۱۸۳؛ موسوعۃ الفقہ الاسلامی: ۲۱/۹۹؛ تفصیل الشریعہ: ۲۰/۸۹؛ آیات الاحکام: ۱۵۱؛ ریاض المسائل: ۲/۲۷۴؛ دروس تمہیدیہ: ۳/۱۲۰؛ القواعد الفقہیہ: ۵/۳۲۷؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/۲۲۲؛ مرآۃ العقول: ۲۲/۸؛ روضۃ المتقین: ۷/۴۲۸

[3] الکافی: ۶/۲۲۹ ح ۵؛ تہذیب الاحکام: ۹/۵۳ ح ۲۲۰؛ الوافی: ۱۹/۲۱۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۱۵ ح ۲۹۸۶۶

[4] مرآۃ العقول: ۲۲/۹؛ ریاض المسائل: ۲/۲۷۴؛ الجعبہ: ۱۰/۸۷؛ مقالات فقہیہ: ۴۳؛ حدود الشریعہ: ۲۶۵؛ کتاب الصلاۃ داماد: ۳۱۷؛ جامع المدارک ۵/۱۲۸؛ جواہر الکلام: ۳۶/۱۰۷؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/۲۲۳

❂ حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس ذبیحہ کے بارے میں پوچھا گیا جسے بغیر قبلہ رخ کے ذبح کیا گیا ہو تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب عمداً ایسا نہ کیا گیا ہو تو کوئی حرج نہیں ہے اور اس شخص کے بارے میں پوچھا گیا جو ذبح کرتا ہے مگر اللہ کا نام لینا بھول جاتا ہے تو کیا اس کا ذبح کھایا جائے گا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں جبکہ وہ متہم (تہمت زدہ) نہ ہو اور اس سے پہلے احسن طریقے سے ذبح کر لیتا ہو اور ذبیحہ کے ٹھنڈا ہونے سے پہلے نہ حرام مغز تک چھری پہنچاتا ہو اور اس کی گردن توڑتا ہو۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [2]

{2630} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ أُذَيْنَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ ذَبَحَ ذَبِيحَةً فَجَهِلَ أَنْ يُوَجِّهَهَا إِلَى الْقِبْلَةِ قَالَ كُلْ مِنْهَا فَقُلْتُ لَهُ فَإِنَّهُ لَمْ يُوَجِّهْهَا قَالَ فَلاَ تَأْكُلْ مِنْهَا وَ لاَ تَأْكُلْ مِنْ ذَبِيحَةٍ مَا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ عَلَيْهَا وَ قَالَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ إِذَا أَرَدْتَ أَنْ تَذْبَحَ فَاسْتَقْبِلْ بِذَبِيحَتِكَ الْقِبْلَةَ.

❂ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر ع سے پوچھا کہ ایک شخص ذبیحہ کو ذبح کرتا ہے لیکن جہالت کی بنا پر اس کا منہ قبلہ رخ نہیں کرتا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں سے کھا سکتے ہو اور اس ذبح میں سے نہ کھاؤ جس پر اللہ کا نام ذکر نہیں کیا جاتا۔

نیز آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب ذبح کرنے کا ارادہ کرو تو اپنے ذبح کو قبلہ رخ کرو۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [4]

{2631} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عِيسَى عَنْ حَرِيزٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ ذَبِيحَةٍ ذُبِحَتْ لِغَيْرِ الْقِبْلَةِ فَقَالَ كُلْ وَ لاَ بَأْسَ بِذَلِكَ

---

[1] الکافی: ۶/ ۲۳۳ ح ۳؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۳۳۳ ح ۱۸۸ ۴؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۵۹ ح ۲۵۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۲۸ ح ۲۹۹۰۰ و ۲۹۹۰۵ ح ۲۹۹۰۵

[2] ریاض المسائل: ۱۳/ ۵ ۳۳؛ جواہر الکلام: ۳۶/ ۱۱۴؛ حاشیہ جامع المدارک: ۲/ ۲۶۷؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۳/ ۱۱۷؛ سوال وجواب یزدی: ۲/ ۲۲۲؛ جامع المدارک: ۵/ ۱۲۱؛ روضۃ المتقین: ۷/ ۴۴۲؛ مستند الشیعہ: ۱۵/ ۴۱۳؛ مختلف الشیعہ: ۸/ ۳۲۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۲۳۹؛ مرآۃ العقول: ۲۲/ ۵۱

[3] الکافی: ۶/ ۲۳۳ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۶۰ ح ۵۳ ۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۲۷ ح ۲۹۸۹۹؛ الوافی: ۱۹/ ۲۲۵؛ بحار الانوار: ۶۲/ ۳۱۳

[4] تفصیل الشریعہ: ۲۰/ ۷۷ ۳؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۳/ ۱۱۷؛ موسوعہ الامام الخوئی: ۱۲/ ۵۸؛ سند العروۃ (الصلاۃ): ۳۳ ۳؛ قراءات فقہیہ: ۲/ ۷ ۳؛ جواہر الکلام: ۶/ ۳۱۰؛ مرآۃ العقول: ۲۲/ ۱۴؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۲۴۰

مَا لَمْ يَتَعَمَّدْهُ قَالَ وَ سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ ذَبَحَ وَ لَمْ يُسَمِّ فَقَالَ إِنْ كَانَ نَاسِياً فَلْيُسَمِّ حِينَ يَذْكُرُ وَ يَقُولُ بِسْمِ اَللَّهِ عَلَى أَوَّلِهِ وَ عَلَى آخِرِهِ.

محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس ذبیحہ کے بارے پوچھا جسے قبلہ رخ کئے بغیر ذبح کیا گیا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: اسے کھاؤ اور کوئی حرج نہیں ہے جب عمداً ایسا نہ کیا گیا ہو اور میں نے اس شخص کے بارے میں پوچھا جس نے ذبح کیا اور اللہ کا نام نہ لیا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر وہ بھول گیا تو اسے جب یاد آجائے وہ اللہ کا نام لے اور یہ کہے: بِسْمِ اَللَّهِ عَلَى أَوَّلِهِ وَ عَلَى آخِرِهِ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [2]

{2632} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ اَلْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنِ اَلْعَلاَءِ بْنِ رَزِينٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ ذَبَحَ فَسَبَّحَ أَوْ كَبَّرَ أَوْ هَلَّلَ أَوْ حَمِدَ اَللَّهَ عَزَّ وَ جَلَّ قَالَ هَذَا كُلُّهُ مِنْ أَسْمَاءِ اَللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ وَ لاَ بَأْسَ بِهِ.

محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ میں نے ان (امام علیہ السلام) سے پوچھا کہ ایک شخص نے ذبح کے وقت صرف تسبیح یا تکبیر یا تہلیل یا تحمید کی (تو کیا یہ کافی ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ سب اللہ کے اسما میں سے ہیں اور اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

---

[1] الکافی: ۶/ ۲۳۳ ح ۴؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۳۳۲ ح ۴۱۸۶؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۵۹ ح ۲۵۰؛ الوافی: ۱۹/ ۲۲۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/ ۲۸ ح ۲۹۹۰۱ و ۳۰ ح ۲۹۹۰۶؛ مسائل علی بن جعفرؑ: ۱۴۲؛ بحار الانوار: ۶۲/ ۳۱۳

[2] جامع المدارک: ۵/ ۱۲۱؛ فقہ الخلاف: ۶/ ۲۶؛ موسوعہ الامام الخوئی: ۳۰/ ۸۵؛ موسوعہ کتب الامام الشہید: ۱۷/ ۸۷؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۸/ ۲۴۰؛ ریاض المسائل: ۱۲/ ۷۳؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/ ۳۴؛ کتاب الصلاۃ داماد: ۲۱۷؛ روضۃ المتقین: ۷/ ۳۴۱؛ مرآۃ العقول: ۲۲/ ۱۶؛ المحجہ: ۱۰/ ۱۸۰؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۲۳۸

[3] الکافی: ۶/ ۲۳۴ ح ۵؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۳۳۳ ح ۴۱۸۷؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۵۹ ح ۲۴۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۳۱ ح ۲۹۹۰۹؛ تفسیر الصافی: ۲/ ۱۵۳؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/ ۷۶۳؛ تفسیر کنز الدقائق: ۴/ ۴۳۷؛ الوافی: ۱۹/ ۲۲۹

[4] مرآۃ العقول: ۲۲/ ۱۶؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۸/ ۲۴۰؛ التعلیقہ: ۳/ ۸۷؛ المحجہ: ۱۰/ ۱۸۰؛ موسوعہ الفقہ الاسلامی: ۳۲/ ۴۱۵؛ فقہ الخلاف: ۶/ ۱۱؛ ریاض المسائل: ۱۳/ ۲۳۳؛ مجمع الفائدہ: ۱۱/ ۸۱؛ مہذب الاحکام: ۲۳/ ۷۷؛ حدود الشریعہ: ۶۹۲؛ جواہر الکلام: ۱۸/ ۹۳؛ روضۃ المتقین: ۷/ ۳۴۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۲۳۸

{2633} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: أَنَّهُ سُئِلَ عَنْ رَجُلٍ ذَبَحَ طَيْراً فَقَطَعَ رَأْسَهُ أَيُؤْكَلُ مِنْهُ قَالَ (نَعَمْ وَلَكِنْ لاَ يَتَعَمَّدُ قَطْعَ رَأْسِهِ).

حلبیؒ سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ ایک شخص نے پرندہ ذبح کیا اور اس کا سر کاٹ کر رکھ دیا تو کیا اسے کھایا جاسکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں لیکن وہ اس کا عمداً سر نہ کاٹے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2634} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ هَارُونَ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ مَسْعَدَةَ بْنِ صَدَقَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: وَ قَدْ سُئِلَ عَنِ الرَّجُلِ يَذْبَحُ فَتُسْرِعُ السِّكِّينُ فَتُبِينُ الرَّأْسَ فَقَالَ الذَّكَاةُ الْوَحِيَّةُ لاَ بَأْسَ بِأَكْلِهِ إِذَا لَمْ يَتَعَمَّدْ بِذَلِكَ.

مسعدہ بن صدقہ سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے سنا جبکہ آپ علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ ایک شخص ذبح کرتا ہے اور چھری تیزی سے چل جاتی ہے اور سر کو جدا کر دیتی ہے تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ جلدی کا تذکیہ ہے اسے کھانے میں کوئی حرج نہیں ہے جبکہ عمداً ایسا نہ کیا گیا ہو۔ [3]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [4]

{2635} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبُو عَلِيٍّ الْأَشْعَرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ وَ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ شَاذَانَ عَنْ صَفْوَانَ عَنِ ابْنِ مُسْكَانَ عَنْ مُحَمَّدٍ الْحَلَبِيِّ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي ثَوْرٍ تَعَاصَى فَابْتَدَرُوهُ بِأَسْيَافِهِمْ وَ سَمَّوْا وَ أَتَوْا عَلِيّاً عَلَيْهِ السَّلاَمُ فَقَالَ هَذِهِ ذَكَاةٌ وَحِيَّةٌ وَ لَحْمُهُ حَلاَلٌ.

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۲۸ ح ۴۱۷۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۱۸ ح ۲۹۸۷۴؛ بحار الانوار: ۶۲/۳۲۱؛ الوافی: ۱۹/۲۱۵؛ عوالی اللئالی: ۳/۴۵۹

[2] روضۃ المتقین: ۷/۲۲۳؛ مختلف الشیعہ: ۸/۳۲۲؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۸/۲۵۵؛ المہذب البارع: ۴/۱۷۲؛ مجمع الحاسن: ۵/۵۰؛ فقہ الخلاق: ۲/۱۳۷؛ القرقان صادق: ۸/۹۳؛ التنقیح الرائع: ۴/۲۲؛ الجواہر الفخریہ: ۱۴/۲۸۳؛ ایضاح الفوائد: ۴/۱۳۷؛ دلیل تحریر الوسیلہ (الصید والذباحۃ) ۲۱۲؛ الروضۃ البہیہ: ۲/۲۷۱؛ غایۃ المرام: ۴/۱۹؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/۳۹

[3] الکافی: ۶/۲۳۰ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۹/۵۶ ح ۲۳۱؛ الوافی: ۱۹/۲۱۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۱۸ ح ۲۹۸۷۲

[4] المسائل المستحدثہ: ۱۸۰؛ ریاض المسائل: ۲/۲۷۵؛ فقہ الصادق: ۲۴/۱۲۷؛ جواہر الکلام: ۳۶/۱۲۱؛ القرقان صادق: ۸/۹۳؛ وسائل العباد: ۲/۲۷۸؛ فقہ المسائل المستحدثہ: ۱۸۰

۞ حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے اس بیل کے بارے میں فرمایا جو (بوقت ذبح) بھاگ کھڑا ہوا پس لوگ اپنی تلواروں کے ساتھ اس پر ٹوٹ پڑے البتہ انہوں نے اللہ کا نام لے لیا (اور اسے گرالیا) اور پھر وہ امیر المومنین علیہ السلام کی خدمت میں (اس کی حلت یا حرمت پوچھنے کے لئے) حاضر ہوئے تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ جلدی کا ذکیہ ہے اور اس کا گوشت حلال ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2636} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ زِيَادٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَمَاعَةَ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ الْمِيثَمِيِّ عَنْ أَبَانٍ عَنْ إِسْمَاعِيلَ الْجُعْفِيِّ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ بَعِيرٌ تَرَدَّى فِي بِئْرٍ كَيْفَ يُنْحَرُ قَالَ تُدْخِلُ الْحَرْبَةَ فَتَطْعُنُهُ بِهَا وَ تُسَمِّي وَ تَأْكُلُ.

۞ اسماعیل الجعفی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک اونٹ کنویں میں گر گیا تو اسے کیسے نحر کیا جائے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کنویں کے اندر ہتھیار داخل کرو اور اسے گھونپ دو اور اللہ کا نام لو اور کھاؤ۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا موثق ہے۔ [4]

{2637} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ أُذَيْنَةَ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: كُلْ كُلَّ شَيْءٍ مِنَ الْحَيَوَانِ غَيْرَ الْخِنْزِيرِ وَ النَّطِيحَةِ وَ الْمُتَرَدِّيَةِ وَ مَا أَكَلَ السَّبُعُ وَ هُوَ قَوْلُ اللَّهِ إِلاَّ مٰا ذَكَّيْتُمْ فَإِنْ أَدْرَكْتَ شَيْئاً مِنْهَا وَ عَيْنٌ تَطْرِفُ أَوْ قَائِمَةٌ تَرْكُضُ أَوْ ذَنَبٌ يَمْصَعُ فَقَدْ أَدْرَكْتَ ذَكَاتَهُ فَكُلْهُ الْحَدِيثَ

۞ زرارہ سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: حیوان میں سے ہر (حلال) شئے کھاؤ سوائے خنزیر، نطیحہ (جسے سینگ سے ٹکر لگے)، متردیہ (چھیت یا دیوار سے گرا ہوا) اور درندے کے کھائے ہوئے کے اور وہ اللہ کا قول ہے کہ: ''سوائے

---

[1] الکافی: ۶/ ۲۳۱ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۵۴ ح ۲۲۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۱۹ ح ۲۹۸۷۷؛ الوافی: ۱۹/ ۲۱۸

[2] مراۃ العقول: ۲۲/ ۱۱؛ بیان الفقہ: ۱۹۹؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۵/ ۵۴۴؛ مفاتیح الشرائع: ۲/ ۳۱؛ جامع المدارک: ۵/ ۱۰۵؛ جواہر الکلام: ۳۶/ ۵۰؛ کشف اللثام: ۹/ ۲۰۰؛ مستمسک العروۃ: ۵/ ۲۳۸؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۸/ ۲۲۰؛ دلیل تحریر الوسیلہ (الصید والذباحۃ): ۸۷؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۲۲۵

[3] الکافی: ۶/ ۲۳۱ ح ۵؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۵۴ ح ۲۲۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۲۰ ح ۲۹۸۸۰؛ الوافی: ۱۹/ ۲۱۸

[4] دلیل تحریر الوسیلہ (الصید والذباحۃ): ۹۱؛ مراۃ العقول: ۲۲/ ۱۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۲۲۴

اس کے جسے تم تذکیہ (ذبح) کرلو (المائدہ: ۳)" پس اگر اس میں سے کوئی شئے پاؤ جبکہ آنکھ حرکت کررہی ہو یا ٹانگ ہل رہی ہو یا دم حرکت کررہی ہو تو تم نے اس کا تذکیہ پالیا پس اسے کھاؤ۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2638} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ عَنِ ابْنِ أَبِي نَجْرَانَ عَنْ مُثَنَّى الْحَنَّاطِ عَنْ أَبَانِ بْنِ تَغْلِبَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِذَا شَكَكْتَ فِي حَيَاةِ شَاةٍ وَرَأَيْتَهَا تَطْرِفُ عَيْنَهَا أَوْ تُحَرِّكُ أُذُنَيْهَا أَوْ تَمْصَعُ بِذَنَبِهَا فَاذْبَحْهَا فَإِنَّهَا لَكَ حَلاَلٌ.

ابن بن تغلب سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب تمہیں بکری (وغیرہ) کی حیات میں شک ہو اور تم دیکھو کہ اس کی آنکھ حرکت کررہی ہے یا وہ اپنے کانوں کو حرکت دے رہی ہے یا وہ اپنی دم کو ہلاتی ہے تو اسے ذبح کرلو کیونکہ وہ تمہارے لئے حلال ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث ضعیف ہے۔ [5]

{2639} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ عَاصِمِ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الشَّاةِ تُذْبَحُ فَلاَ تَحَرَّكُ وَ يُهَرَاقُ مِنْهَا دَمٌ كَثِيرٌ عَبِيطٌ فَقَالَ)لاَ تَأْكُلْ إِنَّ عَلِيّاً عَلَيْهِ السَّلاَمُ كَانَ يَقُولُ)إِذَا رَكَضَتِ الرِّجْلُ أَوْ طَرَفَتِ الْعَيْنُ فَكُلْ((.

ابوبصیر سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک بکری کو ذبح کیا جاتا ہے مگر وہ حرکت

---

[1] تہذیب الاحکام: ۵۸/۹ ح ۲۴۱؛ تفسیر العیاشی: ۲۹۱/۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۲۴ ح ۲۹۸۸۶؛ الوافی: ۲۳۶/۱۹؛ تفسیر نور الثقلین: ۵۸۷/۱؛ تفسیر البرہان ۲۲۱/۲؛ بحار الانوار: ۳۲۲/۶۲

[2] ملاذ الاخیار: ۲۳۴/۱۴؛ جامع المدارک: ۱۲۲/۵؛ الموسوعہ الفقہیہ: ۴۰۸/۸؛ سند العروۃ: (الطہارۃ): ۴۸۳؛ مہذب الاحکام: ۸۰/۲۳؛ فقہ الخلاف: ۱۳۴/۶؛ الدروس الشرعیہ: ۴۱۴/۲؛ موسوعہ الشہید الاول: ۳۴۲/۱۰؛ مسالک الافہام: ۴۹۵/۱۱

[3] الکافی: ۲۳۲/۶ ح ۴؛ تہذیب الاحکام: ۵۷/۹ ح ۲۳۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/۲۴ ح ۲۹۸۹۰؛ الوافی: ۲۲۲/۱۹

[4] التعلیقہ الاستدلالیہ: ۵۶۴/۵

[5] مرآۃ العقول: ۱۴/۲۲؛ ملاذ الاخیار: ۲۳۳/۱۴

نہیں کرتی البتہ اس سے کثرت سے عبیط (گہرا رنگ دار یا ثقیل) خون نکلتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اسے نہ کھاؤ کیونکہ حضرت علی علیہ السلام فرمایا کرتے تھے کہ جب (ذبح کے بعد حیوان) پاؤں مارے یا آنکھ (وغیرہ) حرکت کرے تو پھر کھاؤ۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{**2640**} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ أُذَيْنَةَ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ فِي حَدِيثٍ قَالَ: إِنْ ذَبَحْتَ ذَبِيحَةً فَأَجَدْتَ الذَّبْحَ فَوَقَعَتْ فِي النَّارِ أَوْ فِي الْمَاءِ أَوْ مِنْ فَوْقِ بَيْتِكَ أَوْ جَبَلٍ إِذَا كُنْتَ قَدْ أَجَدْتَ الذَّبْحَ فَكُلْ.

❁ زراہ سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: اگر تم ذبیحہ کو ذبح کرو اور ذبح کو پالو (یعنی اچھی طرح ذبح کر لو) اور پھر وہ آگ میں یا پانی میں یا تمہارے گھر کی چھت سے گر جائے (اور مر جائے) تو جب تم نے ذبح کو پالیا تو اسے کھاؤ۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

قول مؤلف:

یعنی جب یقین ہو کہ اچھی طرح ذبح کیا ہے تو پھر اس حدیث پر عمل کرے گا اور اگر اشتباہ ہو جائے کہ جانور کی موت ذبح کرنے سے ہوئی ہے یا ذبح کرنے کے بعد اس کے گرنے کی وجہ سے ہوئی ہے تو پھر حدیث نمبر 2622 کے ضمن میں بیان کردہ حکم پر عمل کرے گا (واللہ اعلم)

{**2641**} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ بَعْضِ أَصْحَابِهِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ بَأْسَ أَنْ يَذْبَحَ الرَّجُلُ وَ هُوَ جُنُبٌ.

❁ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اگر جب آدمی ذبح کرے تو کوئی حرج نہیں ہے۔ [5]

---

[1] تہذیب الاحکام: ۹/ ۵۷ ح ۲۴۰؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۳۲۷ ح ۴۱۷۱؛ الوافی: ۱۹/ ۲۲۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۲۴ ح ۲۹۸۹۳

[2] ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۲۳۳؛ جامع المدارک: ۵/ ۱۲۲؛ مجمع الفائدہ: ۱۱/ ۱۰۵؛ المحکم فی اصول الفقہ: ۵۳۰؛ بدائع البحوث: ۲/ ۱۶۱؛ الکافی فی اصول الفقہ: ۲۵۵؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۸/ ۲۴۷؛ کشف اللثام: ۹/ ۲۳۰؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۵/ ۵۶۵؛ دراسات فقہیہ: ۴۳۱؛ روضۃ المتقین: ۷/ ۴۲۰

[3] حدیث 2637 کے حوالہ جات کی طرف رجوع کیجئے

[4] حدیث 2637 کی تحقیق کے حوالہ جات کی طرف رجوع کیجئے

[5] الکافی: ۶/ ۲۳۳ ح ۶؛ الوافی: ۱۹/ ۲۳۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۳۲ ح ۲۹۹۱۰

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔ [1]

{2642} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبُو عَلِيٍّ ٱلْأَشْعَرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ ٱلْجَبَّارِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْمَاعِيلَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ ٱلنُّعْمَانِ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ شُعَيْبٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ ٱللَّهِ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ عَنِ ٱلْحُوَارِ تُذَكَّى أُمُّهُ أَيُؤْكَلُ بِذَكَاتِهَا فَقَالَ إِذَا كَانَ تَمَاماً وَ نَبَتَ عَلَيْهِ ٱلشَّعْرُ فَكُلْ.

یعقوب بن شعیب سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اونٹنی کے اس بچے کے بارے میں پوچھا جس کی ماں کا تذکیہ کر دیا جاتا ہے تو کیا اس کے تذکیہ کے ساتھ اسے کھایا جا سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب وہ مکمل ہو اور اس پر بال اگ چکے ہوں تو پھر کھاؤ۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [3]

{2643} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ أُذَيْنَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَحَدَهُمَا عَلَيْهِمَا ٱلسَّلاَمُ عَنْ قَوْلِ ٱللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ: (أُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِيمَةُ ٱلْأَنْعَامِ) فَقَالَ ٱلْجَنِينُ فِي بَطْنِ أُمِّهِ إِذَا أَشْعَرَ وَ أَوْبَرَ فَذَكَاتُهُ ذَكَاةُ أُمِّهِ فَذَلِكَ ٱلَّذِي عَنَى ٱللَّهُ عَزَّ وَ جَلَّ.

محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ میں نے امامین علیہما السلام میں سے ایک امام علیہ السلام سے اللہ تعالیٰ کے قول: ''تمہارے لئے چرنے والے مویشی حلال کیے گئے ہیں (المائدہ:۱)'' کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: جو بچہ اپنی ماں کے پیٹ میں ہو اور اس پر بال اور ریشم اگ آئے تو اس کا تذکیہ (ذبح) اس کی ماں کا ذبح ہوتا ہے پس اللہ تعالیٰ نے یہی معنی مراد لیا ہے۔ [4]

---

[1] مرآۃ العقول: ۲۲/۱۶

[2] الکافی: ۶/۲۳۴ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۹/۵۹ ح ۲۴۶؛ عوالی اللئالی: ۳/۴۶۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۳۳ ح ۲۹۹۱۳؛ الوافی: ۱۹/۲۳۲

[3] مرآۃ العقول: ۲۲/۱۸؛ فقہ الامام جعفر الصادقؑ: ۴/۲۶۳؛ ایضاح الفوائد: ۴/۱۳۴؛ ریاض المسائل: ۲/۲۷۹؛ مجمع الفائدہ: ۱۱/۱۵۲؛ الروضۃ البہیہ: ۲۷۲/۸؛ القواعد الاصولیہ: ۲/۵۴۲؛ جامع المدارک: ۵/۱۳۴؛ جواہر الکلام: ۳۶/۱۸۰؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/۲۳؛ مستند الشیعہ: ۱۵/۵۷؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/۷۶

[4] الکافی: ۶/۲۳۴ ح ۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۲۸ ح ۴۱۷۵؛ تہذیب الاحکام: ۹/۵۸ ح ۲۴۴؛ الوافی: ۱۹/۲۳۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۳۳ ح ۲۹۹۱۵؛ بحار الانوار: ۶۱/۹۸؛ تفسیر البرہان: ۲/۲۱۶؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/۵۸۳؛ تفسیر العیاشی: ۱/۲۹۰؛ مستدرک الوسائل: ۱۶/۱۳۹ ح ۱۹۴۰۵؛ عوالی اللئالی: ۳/۴۶۱؛ دعائم الاسلام: ۲/۱۷۸

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [1]

{2644} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ عَنْ مُصَدِّقِ بْنِ صَدَقَةَ عَنْ عَمَّارِ بْنِ مُوسَى عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ ع فِي حَدِيثٍ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الشَّاةِ تُذْبَحُ فَيَمُوتُ وَلَدُهَا فِي بَطْنِهَا قَالَ كُلْهُ فَإِنَّهُ حَلَالٌ لِأَنَّ ذَكَاتَهُ ذَكَاةُ أُمِّهِ فَإِنْ هُوَ خَرَجَ وَ هُوَ حَيٌّ فَاذْبَحْهُ وَ كُلْ فَإِنْ مَاتَ قَبْلَ أَنْ تَذْبَحَهُ فَلَا تَأْكُلْهُ وَ كَذَلِكَ الْبَقَرُ وَ الْإِبِلُ.

عمار بن موسیٰ سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس بکری کے بارے میں پوچھا جسے ذبح کیا جاتا ہے جبکہ اس کا بچہ اس کے پیٹ میں مر جاتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اسے کھاؤ پس وہ حلال ہے کیونکہ اس کی ماں کا تذکیہ (ذبح ہونا) اس کا تذکیہ (ذبح ہونا) ہے اور اگر وہ زندہ برآمد ہو تو اسے ذبح کرو اور کھاؤ اور اگر (پیٹ سے زندہ نکلے لیکن) ذبح کرنے سے پہلے مر جائے تو اسے مت کھاؤ اور یہی حکم گائے اور اونٹ (وغیرہ اور ان کے بچوں) کے لئے بھی ہے۔ [2]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [3]

{2645} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ ابْنِ مُسْكَانَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ خَالِدٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَنْ ذَبِيحَةِ الْغُلَامِ وَ الْمَرْأَةِ هَلْ تُؤْكَلُ فَقَالَ إِذَا كَانَتِ الْمَرْأَةُ مُسْلِمَةً وَ ذَكَرَتِ اسْمَ اللَّهِ عَلَى ذَبِيحَتِهَا حَلَّتْ ذَبِيحَتُهَا وَ الْغُلَامُ إِذَا قَوِيَ عَلَى الذَّبِيحَةِ وَ ذَكَرَ اسْمَ اللَّهِ تَعَالَى حَلَّتْ ذَبِيحَتُهُ وَ ذَلِكَ إِذَا خِيفَ فَوْتُ الذَّبِيحَةِ وَ لَمْ يُوجَدْ مَنْ يَذْبَحُ غَيْرُهُمَا.

سلیمان بن خالد سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے لڑکے اور عورت کے ذبیحہ کے متعلق پوچھا کہ کیا اسے کھایا جا سکتا ہے؟ آپ علیہ السلام نے فرمایا: عورت جب مسلمہ ہو اور اپنے ذبیحہ پر اللہ کا نام لے تو اس کا ذبیحہ حلال ہے اور لڑکا

---

[1] ملاذ الاخیار: ۱۴/۲۳۶؛ الموسوعہ الفقہیہ: ۸/۳۳۹؛ المنتخب من التفسیر الوضوئی: ۳۸۶؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/۷۶؛ جامع المدارک: ۵/۱۳۵؛ مسالک الافہام: ۱۱/۵۱۰؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۸/۲۷۲؛ روضۃ المتقین: ۷/۳۲۵؛ دلیل تحریر الوسیلہ (الصید و الذباحہ): ۲۲۵؛ مستند الشیعہ: ۱۵/۳۵۸؛ مراۃ العقول: ۲۲/۷؛ مختلف الشیعہ: ۸/۳۲۹

[2] تہذیب الاحکام: ۹/۸۰ ح ۳۴۵؛ الوافی: ۱۹/۲۳۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۳۵ ح ۲۹۹۲۰

[3] دلیل تحریر الوسیلہ (الصید و الذباحہ): ۲۲۵؛ دلیل العروۃ الوثقیٰ: ۳۹۶؛ القواعد الفقہیہ: ۳۹۵؛ وسائل العباد: ۲/۳۸۸؛ ریاض المسائل: ۲/۲۷۹؛ مستند الشیعہ: ۱۵/۳۵۹؛ آیات الاحکام: ۳/۸۷۲؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۳/۹۴؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/۲۸۷؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۸/۲۷۳؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/۱۸۳

جب ذبح کرنے کی طاقت رکھتا ہو اور اللہ کا نام لے تو اس کا ذبیحہ بھی حلال ہے اور یہ اس وقت ہے کہ جب ذبیحہ کے مرنے کا خوف ہو اور ان دونوں کے سوا کوئی ذبح کرنے والا نہ مل سکے۔ ①

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ②

{2646} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ أُذَيْنَةَ عَنْ غَيْرِ وَاحِدٍ رَوَوْهُ عَنْهُمَا جَمِيعاً عَلَيْهِمَا اَلسَّلاَمُ: أَنَّ ذَبِيحَةَ اَلْمَرْأَةِ إِذَا أَجَادَتِ اَلذَّبْحَ وَ سَمَّتْ فَلاَ بَأْسَ بِأَكْلِهِ وَ كَذَلِكَ اَلْأَعْمَى إِذَا سُدِّدَ.

❂ عمر بن اذنیہ نے راویوں کے ایک گروہ سے اور انہوں نے امامین علیہما السلام سے روایت کیا ہے کہ عورت کا ذبیحہ جبکہ وہ اچھی طرح ذبح کرے اور اللہ کا نام بھی لے تو اسے کھانے میں کوئی حرج نہیں اور یہی حکم اندھے کا بھی ہے جبکہ اس کی تسدید کی جائے (یعنی اسے قبلہ رخ کر دیا جائے)۔ ③

تحقیق:

حدیث صحیح یا کالحسن ہے۔ ④

{2647} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ اَلْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ أَبِي اَلْبِلاَدِ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ عَنْ ذَبِيحَةِ اَلْخَصِيِّ فَقَالَ لاَ بَأْسَ.

❂ ابراہیم بن ابی بلاد سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے خصی کے ذبیحہ کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: کوئی حرج نہیں۔ ⑤

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ⑥

{2648} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَلْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى قَالَ سَأَلَ اَلْمَرْزُبَانُ أَبَا اَلْحَسَنِ عَلَيْهِ

---

① من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۳۴ ح ۴۱۹۲؛ الکافی: ۶/۲۳۷ ح ۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۴۵ ح ۲۹۹۴۶

② روضۃ المتقین: ۷/۴۴۴؛ مقالات فقہیہ: ۴۰۳؛ قرأت فقہیہ: ۲/۴۳۲؛ مجمع الفائدۃ: ۱۱/۸۴؛ ریاض المسائل: ۱۳/۴۰۱؛ مفاتیح الشرائع: ۲/۴۵۳؛ حدود الشریعہ: ۶۳؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/۴۹؛ موسوعہ احکام الاطفال: ۷/۸۷

③ الکافی: ۶/۲۳۸ ح ۵؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۳۴ ح ۴۱۹۱؛ الوافی: ۱۹/۲۳۹؛ تہذیب الاحکام: ۹/۳۷ ح ۱۱۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۴۵ ح ۲۹۹۴۷

④ دلیل تحریر الوسیلہ (الامرۃ): ۲۳۷ و (الصید والذباحۃ): ۱۳۴؛ روضۃ المتقین: ۷/۴۴۴؛ قرأت فقہیہ: ۲/۴۳۲؛ مفاتیح الشرائع: ۲/۴۳۲؛ مرآۃ العقول: ۲۲/۲۳

⑤ الکافی: ۶/۲۳۸ ح ۶؛ تہذیب الاحکام: ۹/۳۷ ح ۴۷؛ الوافی: ۱۹/۲۴۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۴۷ ح ۲۹۹۵۲

⑥ مرآۃ العقول: ۲۲/۲۳؛ مسالک الافہام: ۱۱/۴۶۶؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۸/۲۳۴؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/۲۶۶؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/۲۸

اَلسَّلاَمُ: عَنْ ذَبِيحَةِ وَلَدِ اَلزِّنَا وَ قَدْ عَرَفْنَاهُ بِذَلِكَ قَالَ لاَ بَأْسَ بِهِ وَ اَلْمَرْأَةُ وَ اَلصَّبِيُّ إِذَا اُضْطُرُّوا إِلَيْهِ.

صفوان بن یحییٰ سے روایت ہے کہ مرزبان نے امام علی رضا علیہ السلام سے ولد الزنا کے ذبیحہ کے بارے میں پوچھا جبکہ ہم اس کے ولد الزنا ہونے کو جانتے ہوں تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے اور حالت اضطرار میں عورت اور بچے کے لئے بھی کوئی حرج نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن کالصحیح ہے۔ [2]

{2649} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبُو عَلِيٍّ اَلْأَشْعَرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اَلْجَبَّارِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْمَاعِيلَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَلنُّعْمَانِ عَنِ اِبْنِ مُسْكَانَ عَنْ قُتَيْبَةَ اَلْأَعْشَى قَالَ: سَأَلَ رَجُلٌ أَبَا عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ وَ أَنَا عِنْدَهُ فَقَالَ لَهُ اَلْغَنَمُ يُرْسَلُ فِيهَا اَلْيَهُودِيُّ وَ اَلنَّصْرَانِيُّ فَتَعْرِضُ فِيهَا اَلْعَارِضَةُ فَيَذْبَحُ أَ نَأْكُلُ ذَبِيحَتَهُ فَقَالَ أَبُو عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ لاَ تُدْخِلْ ثَمَنَهَا مَالَكَ وَ لاَ تَأْكُلْهَا فَإِنَّمَا هُوَ اَلاِسْمُ وَ لاَ يُؤْمَنُ عَلَيْهِ إِلاَّ مُسْلِمٌ فَقَالَ لَهُ اَلرَّجُلُ قَالَ اَللَّهُ تَعَالَى: ﴿اَلْيَوْمَ أُحِلَّ لَكُمُ اَلطَّيِّبَاتُ وَ طَعَامُ اَلَّذِينَ أُوتُوا اَلْكِتَابَ حِلٌّ لَكُمْ﴾ فَقَالَ لَهُ أَبُو عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ كَانَ أَبِي عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ يَقُولُ إِنَّمَا هُوَ اَلْحُبُوبُ وَ أَشْبَاهُهَا.

قتیبہ الاعشیٰ سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے ایک شخص نے میری موجودگی میں سوال کیا اور آپ علیہ السلام سے عرض کیا کہ بھیڑ بکریاں (چرانے کے لئے) لے جانے والوں میں یہودی اور نصرانی بھی ہوتے ہیں پس کسی بھیڑ یا بکری کو کوئی عارضہ ہو جاتا ہے تو وہ ذبح کر دیتے ہیں تو کیا ہم اس ذبیحہ کو کھا سکتے ہیں؟

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: نہ اس کی قیمت اپنے مال میں شامل کرو اور نہ اسے کھاؤ کیونکہ یہ ایک خاص اسم ہے اور اس میں مسلمان کے سوا کسی پر اطمینان نہیں ہو سکتا۔

اس شخص نے آپ علیہ السلام سے عرض کیا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ: ”آج تمہارے لئے تمام پاکیزہ چیزیں حلال کر دی گئی ہیں اور اہل کتاب کا کھانا تمہارے لئے حلال ہے (المائدۃ:۵)“؟

آپ علیہ السلام نے اس سے فرمایا: میرے والد بزرگوار (امام محمد باقر علیہ السلام) فرمایا کرتے تھے کہ اس سے مراد دانے اور ان

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۲۹ ح ۸/۴۱۷۱؛ الوافی: ۱۹/۲۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۴۳ ح ۲۹۹۵۵

[2] موسوعہ احکام الاطفال: ۷/۸۸؛ الموسوعہ القضائیہ العامہ: ۲۶۱؛ دلیل تحریر الوسیلہ (الصید والذباحۃ): ۱۳۶؛ تنقیح مبانی الاحکام: ۴/۴۳؛ روضۃ المتقین: ۷/۴۲۹

جیسی چیزیں ہیں۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2650} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ النَّضْرِ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ زُرْعَةَ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ يَقُولُ: ذَبِيحَةُ النَّاصِبِ لاَ تَحِلُّ.

❂ ابوبصیر سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا کہ ناصبی کا ذبیحہ حلال نہیں ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [4]

{2651} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عِيسَى عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ الْمُخْتَارِ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَنَّهُ قَالَ: لَمْ تَحِلَّ ذَبَائِحُ الْحَرُورِيَّةِ.

❂ ابوبصیر سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: حروریہ کا ذبح کیا ہوا حلال نہیں ہوتا۔ [5]

تحقیق:

حدیث موثق یا صحیح ہے۔ [6]

{2652} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ أُذَيْنَةَ عَنِ الْفُضَيْلِ وَزُرَارَةَ وَمُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ: أَنَّهُمْ سَأَلُوا أَبَا جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ شِرَاءِ اللَّحْمِ مِنَ الْأَسْوَاقِ وَلاَ يُدْرَى مَا يَصْنَعُ الْقَصَّابُونَ قَالَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ كُلْ إِذَا كَانَ ذَلِكَ فِي أَسْوَاقِ الْمُسْلِمِينَ وَلاَ تَسْأَلْ عَنْهُ

❂ فضیل، زرارہ اور محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ ان سب نے امام محمد باقر علیہ السلام سے بازاروں سے گوشت خریدنے کے

---

[1] الکافی: ۶/ ۲۴۰ ح ۱۰؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۶۴ ح ۲۷۰؛ عوالی اللآلی: ۳/ ۴۵۴؛ الوافی: ۱۹/ ۲۵۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۳۸ ح ۲۹۹۵۶؛ تفسیر البرہان: ۲/ ۲۵۱؛ تفسیر کنز الدقائق: ۴/ ۳۳؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/ ۶۲۷؛ تحریم ذبائح اهل الکتاب: ۳۰؛ تفسیر العیاشی: ۱/ ۲۹۵؛ بحار الانوار: ۶۳/ ۲۴؛ مستدرک الوسائل: ۱۶/ ۱۴۷ ح ۱۹۴۲۴

[2] مرآۃ العقول: ۲۲/ ۲۶؛ فقہ الصادق ؑ: ۲۴/ ۹۰؛ ریاض المسائل: ۲/ ۲۰۷؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۳/ ۷۷؛ کشف اللثام: ۹/ ۲۱۴؛ مجمع الفائدہ: ۱۱/ ۷۱؛ مستند الشیعہ: ۱۵/ ۳۸۳؛ بحوث فی القواعد: ۵۷؛ فقہ الخلاف: ۶/ ۷؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۲۳۸

[3] تہذیب الاحکام: ۹/ ۷۱ ح ۳۰۱؛ الاستبصار: ۴/ ۸۷ ح ۳۳۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۶۷ ح ۳۰۰۱۴؛ الوافی: ۱۹/ ۲۴۴

[4] ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۲۶۲؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۳/ ۸۷؛ مستند الشیعہ: ۱۵/ ۳۸۸

[5] تہذیب الاحکام: ۹/ ۷۱ ح ۳۰۲؛ الاستبصار: ۴/ ۸۷ ح ۳۳۳؛ الوافی: ۱۹/ ۲۴۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۶۷ ح ۳۰۰۱۵

[6] ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۲۶۲؛ ریاض المسائل: ۲/ ۲۰۷؛ ذخیرۃ الصالحین: ۷/ ۶۲۵

برے میں پوچھا جبکہ وہ نہیں جانتے کہ قصابوں نے کیا کیا (یعنی کیسے ذبح کیا) ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب مسلمانوں کے بازار میں ہو تو کھاؤ اور اس بارے سوال نہ کرو۔ ①

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ ②

{2653} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْكَاهِلِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلَهُ رَجُلٌ وَ أَنَا عِنْدَهُ عَنْ قَطْعِ أَلَيَاتِ الْغَنَمِ قَالَ لاَ بَأْسَ بِقَطْعِهَا إِذَا كُنْتَ إِنَّمَا تُصْلِحُ بِهِ مَالَكَ ثُمَّ قَالَ إِنَّ فِي كِتَابِ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَنَّ مَا قُطِعَ مِنْهَا مَيِّتٌ لاَ يُنْتَفَعُ بِهِ

✿ کاہلی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے ایک شخص نے میری موجودگی میں دنبوں کی چکیاں (لائیں) کاٹنے کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر ان کا کاٹنا تمہارے مال کی اصلاح و درستگی کے لئے ہے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

پھر فرمایا: حضرت علی علیہ السلام کی کتاب میں تحریر ہے کہ جو ٹکڑا ان سے کاٹا جائے وہ مردار ہے اس سے نفع نہیں اٹھایا جائے گا۔ ③

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن کالصحیح ہے۔ ④

{2654} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنِ ابْنِ سِنَانٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ يَقُولُ: إِذَا ذَبَحَ الْمُسْلِمُ وَ لَمْ يُسَمِّ وَ نَسِيَ فَكُلْ مِنْ ذَبِيحَتِهِ وَ سَمِّ اللَّهَ عَلَى مَا تَأْكُلُ.

✿ ابن سنان سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا کہ جب کوئی مسلمان ذبح کرے اور اللہ کا نام لینا بھول جائے تو اس کے ذبیح کو کھاؤ اور کھاتے وقت اللہ کا نام لے لو۔ ⑤

---

① الکافی: ۶/ ۲۳۷ ح ۲؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۳۳۲ ح ۴۱۸۵؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۷۲ ح ۳۰۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۷۰ ح ۳۰۰۲۳؛ الوافی: ۱۹/ ۴۰۴؛ الفصول المہمہ: ۲/ ۳۴۴

② الحدائق الناضرۃ: ۱/ ۳۴۶؛ تفصیل الشریعہ: ۳/ ۸۶ ۳؛ مصباح الہدیٰ: ۲/ ۴۲۱؛ دروس تمہیدیہ: ۱/ ۱۱۹؛ کتاب الطہارۃ خمینی: ۴/ ۲۵۷؛ جامع الاصول: ۲۰۶؛ روضۃ المتقین: ۷/ ۴۰۴؛ الدرر النجفیہ: ۲/ ۹۵ ۳؛ الموسوعۃ الفقہیہ: ۹/ ۳۹۴؛ القواعد الفقہیہ: ۵/ ۱۷ ۳؛ کتاب الطہارۃ طاہری: ۲۷۷؛ بحوث فی القواعد: ۲۷؛ فقہ الخلاف: ۹/ ۲۹؛ فقہ الصادقؑ: ۲۳/ ۹۱؛ التعلیقۃ الاستدلالی: ۳/ ۷۹؛ مرآۃ العقول: ۲۲/ ۲۱؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۲۶۳

③ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۳۲۹ ح ۴۱۷۶؛ الکافی: ۶/ ۲۵۴ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۸۷ ح ۳۳۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۷۱ ح ۳۰۰۲۴؛ الوافی: ۱۹/ ۱۰۷؛ بحار الانوار: ۶۱/ ۲۲۴

④ سند العروۃ (الطہارۃ): ۹۴؛ روضۃ المتقین: ۷/ ۴۲۶

⑤ تہذیب الاحکام: ۵/ ۲۲۲ ح ۷۴۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۴/ ۱۵۴ ح ۱۸۸۵۱؛ الوافی: ۱۹/ ۲۲۹؛ تفسیر الصافی: ۲/ ۱۵۳

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ⓵

﴿اونٹ کو نحر کرنے کا طریقہ﴾

قول مؤلف:

حدیث نمبر 2621، 2622 اور 2636 کی طرف رجوع کیجئے۔ (واللہ اعلم)

﴿حیوانات کو ذبح کرنے کے مستحبات﴾

{2655} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ وَ اِبْنِ فَضَّالٍ عَنْ ثَعْلَبَةَ بْنِ مَيْمُونٍ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: إِنَّ اَللَّهَ عَزَّ وَ جَلَّ يُحِبُّ إِطْعَامَ اَلطَّعَامِ وَ إِرَاقَةَ اَلدِّمَاءِ.

❂ زرارہ سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: یقیناً اللہ تعالیٰ (لوگوں کو) کھانا کھلانے اور (حلال جانور کا) خون بہانے کو پسند کرتا ہے۔ ⓶

تحقیق:

حدیث موثق کالصحیح ہے۔ ⓷

قول مؤلف:

ہم نے دیگر تمام احکام ذبح کی شرائط کے ساتھ ہی ذکر کر دیئے ہیں رجوع فرمالیا جائے (واللہ اعلم)

﴿حیوانات کو ذبح کرنے کے مکروہات﴾

{2656} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ غِيَاثِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ أَنَّ أَمِيرَ اَلْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: لاَ تَذْبَحِ اَلشَّاةَ عِنْدَ اَلشَّاةِ وَ لاَ اَلْجَزُورَ عِنْدَ اَلْجَزُورِ وَ هُوَ يَنْظُرُ إِلَيْهِ.

❂ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: بکری کو بکری کے پاس اور اونٹ کے بچے کو اونٹ

⓵ ملاذ الاخیار: ۴۹/۸؛ تذکرۃ الفقہاء: ۳۱۹/۸

⓶ الکافی: ۵۱/۴ ح ۸؛ وسائل الشیعہ: ۴۶۹/۹ ح ۱۲۵۱۶؛ الوافی: ۵۰۶/۱۰؛ بحارالانوار: ۲۹۸/۹۶ و ۳۶۱/۷۱؛ المحاسن: ۳۸۸/۲

⓷ مرآۃ العقول: ۱۸۱/۲۲

کے بچے کے سامنے ذبح نہ کرو جبکہ وہ اس کی طرف دیکھ رہے ہوں۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [2]

قول مؤلف:

اس سلسلے کے تمام احکام حیوانات کو ذبح کرنے کی شرائط میں ذکر کر دیے گئے ہیں (واللہ اعلم)

﴿ہتھیاروں سے شکار کرنے کے احکام﴾

{2657} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي نَجْرَانَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: مَنْ جَرَحَ صَيْداً بِسِلاَحٍ وَ ذَكَرَ اِسْمَ اَللَّهِ عَلَيْهِ ثُمَّ بَقِيَ لَيْلَةً أَوْ لَيْلَتَيْنِ لَمْ يَأْكُلْ مِنْهُ سَبُعٌ وَ قَدْ عَلِمَ أَنَّ سِلاَحَهُ هُوَ اَلَّذِي قَتَلَهُ فَلْيَأْكُلْ مِنْهُ إِنْ شَاءَ اَلْحَدِيثَ.

✪ محمد بن قیس سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: جو شخص کسی شکار کو اسلحہ سے زخم لگائے اور اس پر اللہ کا نام بھی لے پھر وہ ایک یا دو راتوں تک یونہی پڑا ہے جبکہ اس میں سے کوئی درندہ نہ کھائے اور یہ معلوم ہو کہ اس کی موت اسی اسلحہ (کی ضرب) سے ہوئی ہے تو آدمی اگر چاہے تو اس کو گوشت کھا سکتا ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2658} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ اَلْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ اَلنَّضْرِ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ خَالِدٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ عَنِ اَلرَّمِيَّةِ يَجِدُهَا صَاحِبُهَا أَ يَأْكُلُهَا قَالَ إِنْ كَانَ يَعْلَمُ أَنَّ رَمْيَتَهُ هِيَ اَلَّتِي قَتَلَتْهُ فَلْيَأْكُلْ.

✪ سلیمان بن خالد سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے تیر مارے گئے شکار کے بارے میں پوچھا جسے

---

[1] الکافی: ۶/۲۲۹ ح ۷؛ تہذیب الاحکام: ۹/۵۶ ح ۲۳۲؛ الوافی: ۱۹/۲۱۳؛ عوالی اللئالی: ۲/۲۲۱ و ۳/۵۹ ۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۱۶ ح ۲۹۸۲۸

[2] مرآۃ العقول: ۲۲/۹؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/۲۳۰

[3] الکافی: ۶/۲۱۰ ح ۴؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۱۹ ح ۴۱۳۹؛ تہذیب الاحکام: ۹/۳۴ ح ۱۳۸؛ الوافی: ۱۹/۱۹۱؛ الفصول المہمہ: ۲/۳۱۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/۳۶۲ ح ۲۹۷۵۰

[4] مرآۃ العقول: ۲۱/۳۴۷؛ دروس تمہیدیہ: ۳/۱۷۱؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/۸۲؛ مہذب الاحکام: ۲۳/۲۰؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۸/۲۲۱؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/۱۸۶

بعد میں شکار کرنے والا پالیتا ہے تو کیا وہ اس کو کھا سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر وہ جانتا ہو کہ اس کے ہی تیر سے وہ مرا ہے تو پھر اس کو کھا سکتا ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2659} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ أَبِي نَجْرَانَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ قَالَ أَمِيرُ اَلْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ: فِي صَيْدٍ وُجِدَ فِيهِ سَهْمٌ وَ هُوَ مَيِّتٌ لاَ يُدْرَى مَنْ قَتَلَهُ قَالَ لاَ تَطْعَمْهُ.

امام محمد باقر علیہ السلام نے امیر المومنین علیہ السلام سے اس شکار کے بارے میں روایت کیا ہے جس میں تیر پایا جائے اور وہ مرا ہو جبکہ وہ نہ جانتا ہو کہ اسے کس نے مارا ہے تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: اسے مت کھاؤ۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2660} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَلْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ حَمَّادُ بْنُ عِيسَى عَنْ حَرِيزٍ قَالَ: سُئِلَ أَبُو عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ عَنِ اَلرَّمِيَّةِ يَجِدُهَا صَاحِبُهَا مِنَ اَلْغَدِ أَ يَأْكُلُ مِنْهَا قَالَ إِنْ كَانَ يَعْلَمُ أَنَّ رَمْيَتَهُ هِيَ قَتَلَتْهُ فَلْيَأْكُلْ وَ ذَلِكَ إِذَا كَانَ قَدْ سَمَّى.

حریز سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے تیر مارے گئے شکار کے بارے میں پوچھا گیا جسے تیر مارنے والا اگلے روز پاتا ہے تو کیا وہ اس میں سے کھا سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر اسے علم ہے کہ اس کے شکار کو اسی کے تیر نے مارا ہے تو وہ اس میں سے کھا سکتا ہے بشرطیکہ اس نے (تیر مارتے وقت) اللہ کا نام لیا ہو۔ [5]

---

[1] الکافی: ۶/۲۱۰ ح ۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/۶۵ ح ۲۹۷۵۹؛ الوافی: ۱۹/۱۶۳

[2] مرآۃ العقول: ۲۱/۳۴۸؛ القواعد الفقہیہ: ۳/۱۲؛ عوائد الایام: ۷۰۶؛ حاشیہ مجمع الفائدۃ: ۷۶۳؛ کتاب الطہارۃ گلپائیگانی: ۱/۷۳؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/۸۳؛ تفصیل الشریعہ: ۲۰/۵۳۳؛ ریاض المسائل: ۱۳/۵۲؛ موسوعۃ الفقہ الاسلامی: ۴/۳۹

[3] الکافی: ۶/۲۱۱ ح ۸؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۱۹ ح ۳۴۱۳؛ تہذیب الاحکام: ۹/۵ ح ۱۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/۶۸ ح ۲۹۷۶۶؛ الوافی: ۱۹/۱۶۳

[4] مرآۃ العقول: ۲۱/۴۹؛ جواہر الکلام: ۳۶/۵۱؛ مستند الشیعہ: ۱۵/۳۴۳؛ ریاض المسائل: ۱۳/۵۲؛ وسائل العباد: ۲/۴۰۶؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/۱۸۷

[5] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۱۶ ح ۳۴۰۷؛ الکافی: ۶/۲۱۰ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۹/۳۴ ح ۱۳۵؛ الوافی: ۱۹/۱۶۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/۶۵ ح ۲۹۷۶۰

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ ①

{2661} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ سَمَاعَةَ بْنِ مِهْرَانَ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الرَّجُلِ يَرْمِي الصَّيْدَ وَ هُوَ عَلَى الْجَبَلِ فَيَخْرِقُهُ السَّهْمُ حَتَّى يَخْرُجَ مِنَ الْجَانِبِ الْآخَرِ قَالَ كُلْهُ قَالَ فَإِنْ وَقَعَ فِي مَاءٍ أَوْ تَدَهْدَهَ مِنْ جَبَلٍ فَمَاتَ فَلاَ تَأْكُلْهُ.

❁ سماعہ بن مہران سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص شکار کو تیر مارتا ہے جبکہ شکار پہاڑ پر موجود ہوتا ہے پس تیر اس میں سے چھید کر دیتا ہے حتیٰ کہ اس کی دوسری جانب سے نکل جاتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اسے کھاؤ۔

نیز فرمایا: اگر وہ پانی میں گر جائے یا پہاڑ سے گرے اور مر جائے تو اسے مت کھاؤ۔ ②

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ ③

{2662} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ أَبِي الْمَغْرَاءِ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الصَّيْدِ يُصِيبُهُ السَّهْمُ مُعْتَرِضاً وَ لَمْ يُصِبْهُ بِحَدِيدَةٍ وَ قَدْ سَمَّى حِينَ رَمَى قَالَ يَأْكُلُهُ إِذَا أَصَابَهُ وَ هُوَ يَرَاهُ وَ عَنْ صَيْدِ الْمِعْرَاضِ فَقَالَ إِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ نَبْلٌ غَيْرُهُ وَ كَانَ قَدْ سَمَّى حِينَ رَمَى فَلْيَأْكُلْ مِنْهُ وَ إِنْ كَانَ لَهُ نَبْلٌ غَيْرُهُ فَلاَ.

❁ حلبی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس شکار کے بارے میں پوچھا جسے تیر عرض (چوڑائی) میں لگتا ہے اور لوہا اسے نہیں لگتا ہے البتہ تیر مارتے وقت شکاری اللہ کا نام لیتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب وہ اسے تیر لگتا دیکھے تو اسے کھا سکتا ہے

اور پھر معراض ④ کے شکار کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر اس کے پاس اس کے علاوہ کوئی تیر نہ ہو اور

---

① روضۃ المتقین: ۷/۸۵۳؛ جواہر الکلام: ۳۶/۱۳؛ تفصیل الشریعہ: ۲۰/۵۳۳؛ مجمع الفائدہ: ۱۱/۱۹؛ مختلف الشیعہ: ۸/۲۹۳؛ القواعد الفقہیہ: ۵/۳۳۹؛ مفاتیح الشرائع: ۲/۲۱۳؛ مستند الشیعہ: ۱۵/۲۷۷؛ مسالک الافہام: ۱۱/۴۲۵؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/۵۵؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۸/۲۱۸؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/۱۸۵

② الکافی: ۶/۲۱۱ ح ۱۱؛ تہذیب الاحکام: ۹/۳۴ ح ۴۰؛ الوافی: ۱۹/۷۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/۳۶۹ ح ۲۹۷۶۷

③ مرآۃ العقول: ۲۱/۳۹۳؛ دلیل تحریر الوسیلہ (الصید والذباحۃ): ۵۷؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/۸۷؛ مستند الشیعہ: ۱۵/۳۳۳

④ معراض بغیر پر کے تیر کو کہتے ہیں جس کا درمیانی حصہ موٹا ہو (دیکھیے المنجد)

مارتے وقت اس نے اللہ کا نام بھی لیا ہو تو اس میں سے کھا سکتا ہے اور اگر اس کے پاس اس کے علاوہ تیر موجود ہو تو پھر نہیں (کھا سکتا)۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2663} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٌ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ وَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ جَمِيعاً عَنِ اِبْنِ مَحْبُوبٍ عَنِ اِبْنِ رِئَابٍ عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: إِذَا رَمَيْتَ بِالْمِعْرَاضِ فَخَرَقَ فَكُلْ وَإِنْ لَمْ يَخْرِقْ وَاِعْتَرَضَ فَلاَ تَأْكُلْ.

❂ ابو عبید سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب معراض پھینکا جائے اور وہ شگافتہ کردے تو کھاؤ اور اگر شگافتہ نہ کرے اور چوڑائی میں لگے تو پھر مت کھاؤ۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2664} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ غِيَاثِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ: أَنَّهُ كَرِهَ اَلْجُلاَهِقَ.

❂ غیاث بن ابراہیم نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کیا ہے کہ آپ علیہ السلام نے غلیل کے ساتھ شکار کرنے کو ناپسند فرمایا۔ [5]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [6]

{2665} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ اَلْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ اَلنَّضْرِ بْنِ

---

[1] الکافی: ۶/ ۲۱۳ ح ۵؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۳۶ ح ۱۴۶؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/ ۳۷۱ ح ۲۹۷۷۲؛ الوافی: ۱۹/ ۱۶۹

[2] مرآۃ العقول: ۲۱/ ۵۱ ۳؛ مستند الشیعہ: ۱۵/ ۳۱۳؛ مہذب الاحکام: ۲۳/ ۲۳؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/ ۵۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۱۹۰؛ کفایۃ الفقہ: ۲/ ۵۷۶

[3] الکافی: ۶/ ۲۱۲ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۵ ۳ ح ۱۴۳؛ الوافی: ۱۹/ ۱۶۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/ ۳۷۰ ح ۲۹۷۷۰؛ بحار الانوار: ۶۲/ ۲۷۱ و ۲۷۲

[4] مرآۃ العقول: ۲۱/ ۵۱ ۳؛ کشف اللثام: ۹/ ۱۹۵؛ التعلیقۃ الاستدلالیۃ: ۳/ ۹۲؛ ریاض المسائل: ۱۳/ ۲۵۴؛ وسیلۃ تحریر الوسیلۃ (الصید والذباحۃ): ۹۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۱۸۹؛ مفاتیح الشرائع: ۲/ ۲۰۸؛ مستند الشیعہ: ۵/ ۳۱۲

[5] الکافی: ۶/ ۲۱۳ ح ۶؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۳۶ ح ۱۴۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/ ۳۷۴ ح ۲۹۷۸۲؛ الوافی: ۱۹/ ۱۷۲

[6] مرآۃ العقول: ۲۱/ ۳۵۲

سُوَيْدٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ خَالِدٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَمَّا قَتَلَ الْحَجَرُ وَ الْبُنْدُقُ أَ يُؤْكَلُ مِنْهُ قَالَ لاَ.

❁ سلیمان بن خالد سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پتھر اور بندوق سے شکار مارنے کے بارے میں پوچھا کہ کیا اس میں سے کھایا جاسکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2666} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ وَ ابْنِ أَبِي نَجْرَانَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: مَا أَخَذَتِ الْحِبَالَةُ مِنْ صَيْدٍ فَقَطَعَتْ مِنْهُ يَداً أَوْ رِجْلاً فَذَرُوهُ فَإِنَّهُ مَيِّتٌ وَ كُلُوا مَا أَدْرَكْتُمْ حَيّاً وَ ذَكَرْتُمُ اسْمَ اللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ عَلَيْهِ.

❁ امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: جو شکار تم پھندے سے پکڑو پس اس سے اس کا ہاتھ یا پاؤں (وغیرہ) کٹ جائے تو اسے چھوڑ دو کیونکہ وہ مردار ہے اور وہ کھاؤ جو تم زندہ پاؤ اور (بوقت ذبح) اس پر اللہ کا نام لو۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [4]

{2667} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ عِيسَى الْقُمِّيِّ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَرْمِي بِسَهْمٍ فَلاَ أَدْرِي أَ سَمَّيْتُ أَمْ لَمْ أُسَمِّ فَقَالَ كُلْ وَ لاَ بَأْسَ فَقُلْتُ أَرْمِي فَيَغِيبُ عَنِّي فَأَجِدُ سَهْمِي فِيهِ فَقَالَ كُلْ مَا لَمْ يُؤْكَلْ مِنْهُ وَ إِنْ أُكِلَ مِنْهُ فَلاَ تَأْكُلْ مِنْهُ.

❁ عیسیٰ قمی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ میں نے شکار پر تیر چلایا مگر مجھے یاد نہیں کہ میں نے اللہ کا نام لیا تھا یا نہیں؟

---

[1] الکافی: ۲/۲۱۳ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۹/۳۶ ح ۱۵۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۱۸ ح ۴۱۳۸؛ الوافی: ۱۹/۷۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/۳۷۳ ح ۲۹۷۸۱

[2] مرآۃ العقول: ۲۱/۳۵۲؛ القواعد الفقہیہ: ۵/۳۰۸؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۸/۲۲۲؛ دلیل تحریر الوسیلہ (الصید والذباحۃ): ۲۵؛ الانوار البحریہ: ۲۲؛ مسالک الافہام: ۱۱/۴۱۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/۱۹۲

[3] الکافی: ۶/۲۱۴ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۹/۳۸ ح ۱۴۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/۳۷۷ ح ۲۹۷۸۲؛ الوافی: ۱۹/۱۷۲

[4] التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۶۰۱؛ مہذب الاحکام: ۲۳/۳۰؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/۱۹۲؛ مرآۃ العقول: ۲۱/۳۵۳

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کھاؤ کوئی حرج نہیں ہے۔
پھر میں نے عرض کیا کہ میں نے تیر چلایا تو وہ (شکار) مجھ سے غائب ہو گیا پھر میں نے اپنے تیر کو اس میں پیوست پایا؟
آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر اس شکار میں سے کسی (درندے وغیرہ) نے نہ کھایا ہو تو اسے کھالو اور اگر اس میں سے کھایا گیا ہو تو پھر اسے مت کھاؤ۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق کالصحیح ہے۔ [2]

{2668} عَبْدُ اَللَّهِ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عَبْدِ اَللَّهِ بْنِ اَلْحَسَنِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ أَخِيهِ مُوسَى بْنِ جَعْفَرٍ عَلَيْهِمَا اَلسَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ ظَبْيٍ أَوْ حِمَارِ وَحْشٍ أَوْ طَيْرٍ صَرَعَهُ رَجُلٌ ثُمَّ رَمَاهُ غَيْرُهُ بَعْدَ مَا صَرَعَهُ فَقَالَ كُلْ مَا لَمْ يَتَغَيَّبْ إِذَا سَمَّى وَ رَمَاهُ.

علی بن جعفر علیہ السلام سے روایت ہے کہ میں نے اپنے بھائی امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے ہرن یا وحشی گدھے یا پرندے کو گرایا پھر اس کے گرانے کے بعد کسی دوسرے آدمی نے اسے تیر مارا؟
آپ علیہ السلام نے فرمایا: اسے کھاؤ بشرطیکہ وہ غائب نہ ہوا اور تیر مارنے والے نے خدا کا نام بھی لیا ہو۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

﴿شکاری کتے سے شکار کرنا﴾

{2669} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ سَالِمٍ وَ عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ وَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ جَمِيعاً عَنِ اِبْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رِئَابٍ عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ اَلْحَذَّاءِ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ عَنِ اَلرَّجُلِ يُسَرِّحُ كَلْبَهُ اَلْمُعَلَّمَ وَ يُسَمِّي إِذَا سَرَّحَهُ فَقَالَ يَأْكُلُ مِمَّا أَمْسَكَ عَلَيْهِ فَإِذَا أَدْرَكَهُ قَبْلَ قَتْلِهِ ذَكَّاهُ وَ إِنْ وَجَدَ مَعَهُ كَلْباً غَيْرَ مُعَلَّمٍ فَلاَ يَأْكُلْ مِنْهُ فَقُلْتُ فَالْفَهْدُ قَالَ إِذَا أَدْرَكْتَ ذَكَاتَهُ فَكُلْ وَ إِلاَّ فَلاَ قُلْتُ أَلَيْسَ اَلْفَهْدُ بِمَنْزِلَةِ اَلْكَلْبِ فَقَالَ لِي لَيْسَ شَيْءٌ مُكَلِّبٌ إِلاَّ اَلْكَلْبُ.

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۳۱۷ ح ۴۱۲۹؛ الکافی: ۶/ ۲۱۰ ح ۵؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۳۳ ح ۱۳۴؛ الوافی: ۱۹/ ۹۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/ ۳۷۷ ح ۲۹۷۹۳

[2] روضۃ المتقین: ۷/ ۳۸۶؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۱۸۴

[3] قرب الاسناد: ۲۷۸؛ بحار الانوار: ۶۲/ ۲۷۳؛ مسائل علی بن جعفرؑ: ۱۷۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/ ۳۷۶ ح ۲۹۷۹۵، ۲۹۸۰۳ ح ۲۹۷۹۸

[4] دروس تمہیدیہ: ۳/ ۱۲۳؛ دلیل تحریر الوسیلہ (الصید والذباحۃ): ۱۶۸ و ۱۷

۞ ابوعبیدہ الحذاء سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص اپنا معلم (سدھایا ہوا) کتا شکار پر چھوڑتا ہے اور اسے چھوڑتے وقت اللہ کا نام بھی لیتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس کا پکڑا ہوا شکار کھایا جاسکتا ہے اور اگر شکار کو مرنے سے پہلے پالے تو اس کا تذکیہ کرے (یعنی ذبح کرے) اور اگر اس (معلم کتے) کے ساتھ کوئی غیر معلم کتا بھی پائے تو پھر اسے نہ کھائے۔

میں نے عرض کیا: اور چیتے سے (شکار کیسا ہے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر اسے ذبح کرسکو تو کھاؤ ورنہ نہیں۔

میں نے عرض کیا: کیا چیتا کتے کی جگہ پر نہیں ہے؟

آپ علیہ السلام نے مجھے فرمایا: سوائے سدھائے ہوئے کتے کے کوئی شئے (حلال) نہیں ہے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{2670} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ اَلْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: إِنَّهُ سُئِلَ عَنْ صَيْدِ اَلْبَازِي وَ اَلْكَلْبِ إِذَا صَادَ وَ قَدْ قَتَلَ صَيْدَهُ وَ أَكَلَ مِنْهُ آكُلُ فَضْلَهُمَا أَمْ لاَ فَقَالَ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ أَمَّا مَا قَتَلَتْهُ اَلطَّيْرُ فَلاَ تَأْكُلْهُ إِلاَّ أَنْ تُذَكِّيَهُ وَ أَمَّا مَا قَتَلَهُ اَلْكَلْبُ وَ قَدْ ذَكَرْتَ اِسْمَ اَللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ عَلَيْهِ فَكُلْ وَ إِنْ أَكَلَ مِنْهُ.

۞ حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے باز اور کتے کے شکار کے بارے میں پوچھا گیا کہ جب وہ شکار کریں اور اپنے شکار کو ماردیں اور اس میں سے کھالیں تو کیا ان کا بچایا ہوا کھایا جاسکتا ہے یا نہیں؟ آپؑ نے فرمایا: وہ کہ جسے پرندہ مارڈالے اسے مت کھاؤ مگر یہ کہ (زندہ پاکر) اس کو ذبح کرلو (تو پھر حلال ہے) اور وہ کہ جسے کتا ماردے اور اس پر (چھوڑتے وقت) اللہ کا نام لیا گیا ہو تو تم اسے کھاسکتے ہو اگرچہ وہ (کتا) اس میں سے کھا بھی چکا ہو۔[3]

---

[1] الکافی: ۶/ ۲۰۳ ح ۴؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۲۶ ح ۱۰۲؛ الوافی: ۱۹/ ۴۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/ ۳۳۲ ح ۲۹۶۶۸؛ عوالی اللئالی: ۳/ ۴۵۲

[2] مرآۃ العقول: ۲۱/ ۳۳۷؛ دروس تمہیدیہ: ۳/ ۲۱۵؛ فقہ الصادق: ۲۴/ ۹؛ مستند الشیعہ: ۱۵/ ۲۹۱؛ مفاتیح الشرائع: ۲/ ۵۰؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۵/ ۱۵۳؛ ایضاح الفوائد: ۴/ ۱۱۵؛ القواعد الفقہیہ: ۵/ ۸۸؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۱۷؛ ریاض المسائل: ۱۳/ ۲۵۷؛ کشف اللثام: ۹/ ۱۸۶؛ مسالک الافہام: ۱۱/ ۴۲۱

[3] الکافی: ۶/ ۲۰۵ ح ۱۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/ ۳۴۶ ح ۲۹۶۷۹ و ۲۹۷۱۴ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۲۵ ح ۹۹؛ الاستبصار: ۴/ ۶۸ ح ۲۴۷؛ الوافی: ۱۹/ ۱۴۷

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [1]

{2671} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ سَيْفِ بْنِ عَمِيرَةَ عَنْ أَبِي بَكْرٍ الْحَضْرَمِيِّ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ صَيْدِ الْبُزَاةِ وَ الصُّقُورِ وَ الْكَلْبِ وَ الْفَهْدِ فَقَالَ لاَ تَأْكُلْ صَيْدَ شَيْءٍ مِنْ هَذِهِ إِلاَّ مَا ذَكَّيْتُمُوهُ إِلاَّ الْكَلْبَ الْمُكَلَّبَ قُلْتُ فَإِنْ قَتَلَهُ قَالَ كُلْ لِأَنَّ اللَّهَ عَزَّ وَ جَلَّ يَقُولُ ﴿وَ مَا عَلَّمْتُمْ مِنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِينَ (...) فَكُلُوا مِمَّا أَمْسَكْنَ عَلَيْكُمْ وَ اذْكُرُوا اسْمَ اللَّهِ عَلَيْهِ﴾.

ابوبکر الحضرمی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے باز، شقرے، کتے اور بھیڑیئے کے شکار کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: ان میں سے کسی کے شکار کی کوئی شے نہ کھاؤ سوائے اس کے کہ جسے تم ذبح کرلو مگر یہ کہ سکھائے گئے کتے کا کھاسکتے ہو۔ میں نے عرض کیا: چاہے وہ (کتا) اسے قتل کردے؟

أَيُّ نَصِيبٍ لَكَ وَ هُوَ قُرْبَانٌ لِرَبِّي وَ فِدَاءٌ لِابْنِي فَأَوْحَى اَللَّهُ تَعَالَى إِلَيْهِ أَنَّ لَهُ فِيهِ نَصِيباً وَ هُوَ اَلطِّحَالُ لِأَنَّهُ مَجْمَعُ اَلدَّمِ وَ حُرِّمَ اَلْخُصْيَتَانِ لِأَنَّهُمَا مَوْضِعٌ لِلنِّكَاحِ وَ مَجْرًى لِلنُّطْفَةِ فَأَعْطَاهُ إِبْرَاهِيمُ اَلطِّحَالَ وَ اَلْأُنْثَيَيْنِ وَ هُمَا اَلْخُصْيَتَانِ قَالَ فَقُلْتُ فَكَيْفَ حُرِّمَ اَلنُّخَاعُ قَالَ لِأَنَّهُ مَوْضِعُ اَلْمَاءِ اَلدَّافِقِ مِنْ كُلِّ ذَكَرٍ وَ أُنْثَى وَ هُوَ اَلْمُخُّ اَلطَّوِيلُ اَلَّذِي يَكُونُ فِي فَقَارِ اَلظَّهْرِ قَالَ أَبَانٌ ثُمَّ قَالَ أَبُو عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ يُكْرَهُ مِنَ اَلذَّبِيحَةِ عَشَرَةُ أَشْيَاءَ مِنْهَا اَلطِّحَالُ وَ الأنثيين [اَلْأُنْثَيَانِ] وَ اَلنُّخَاعُ وَ اَلدَّمُ وَ اَلْجِلْدُ وَ اَلْعَظْمُ وَ اَلْقَرْنُ وَ اَلظِّلْفُ وَ اَلْغُدَدُ وَ اَلْمَذَاكِيرُ وَ أُطْلِقَ فِي اَلْمَيْتَةِ عَشَرَةُ أَشْيَاءَ اَلصُّوفُ وَ اَلشَّعْرُ وَ اَلرِّيشُ وَ اَلْبَيْضَةُ وَ اَلنَّابُ وَ اَلْقَرْنُ وَ اَلظِّلْفُ وَ اَلْإِنْفَحَةُ وَ اَلْإِهَابُ وَ اَللَّبَنُ وَ ذَلِكَ إِذَا كَانَ قَائِماً فِي اَلضَّرْعِ.

ابان بن عثمان سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ طحال (تلی) کیسے حرام ہوگئی جبکہ ذبیحہ کا ایک جزو ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس جب ثبیر میں ایک دنبہ اترا اور وہ مکہ میں ایک پہاڑ ہے، تاکہ اس کی قربانی کریں تو ابلیس ان کے پاس آیا اور کہنے لگا: اس دنبے میں سے میرا حصہ بھی دیجیے۔

انہوں نے فرمایا: تیرا حصہ کیا ہے؟ یہ تو میرے رب کے لئے قربانی ہے اور میرے فرزند کا فدیہ ہے تو اللہ تعالیٰ نے ان پر وحی فرمائی کہ اس میں اس کا بھی حصہ ہے اور وہ طحال ہے اس لئے کہ وہ جما ہوا خون ہے اور خصیے بھی حرام ہیں اس لئے کہ مجامعت کی جگہ اور نطفہ جاری ہونے کا مقام ہیں پس انہوں نے طحال اور خصیے اس کو دے دیے۔

راوی کا بیان ہے کہ پھر میں نے عرض کیا: اور حرام مغز کیوں حرام ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس لئے کہ یہ ہر نر و مادہ کے اچھل کر نکلنے والے پانی (یعنی منی) کی جگہ ہے اور حرام مغز ایک طویل چیز ہے جو پشت کی ریڑھ کی ہڈی کے اندر رہتا ہے۔

ابان کا بیان ہے کہ پھر امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ذبیحہ میں سے دس چیزیں ناپسندیدہ ہیں: طحال، خصیے، خون، جلد، ہڈی، سینگ، غدود، ذکر، کھر اور حرام مغز اور مردار میں سے دس چیزیں چھوڑی ہوئی (یعنی پاک) ہیں، اون، بال، پر، انڈا، دانت، سینگ، کھر، بکری کے بچے کے معدے کا پنیر، کھال اور دودھ جبکہ پستان میں موجود ہو۔ [1]

تحقیق:

حدیث قوی کالصحیح ہے۔ [2]

{2717} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنِ اَلْحُسَيْنِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُعَلَّى بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ اَلْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا

---

[1] علل الشرائع: ۲/۵۶۲ باب ۳۸۷ ح ۱؛ بحار الانوار: ۱۲/۱۳۰ و ۶۲/۳۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۱۷۵ ح ۳۰۲۷۵

[2] روضۃ المتقین: ۷/۳۸۷

اَلْحَسَنِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ فَقُلْتُ لَهُ جُعِلْتُ فِدَاكَ إِنَّ أَهْلَ اَلْجَبَلِ تَثْقُلُ عِنْدَهُمْ أَلْيَاتُ اَلْغَنَمِ فَيَقْطَعُونَهَا فَقَالَ حَرَامٌ هِيَ فَقُلْتُ جُعِلْتُ فِدَاكَ فَنَصْطَبِحُ بِهَا فَقَالَ أَ مَا عَلِمْتَ أَنَّهُ يُصِيبُ اَلْيَدَ وَ اَلثَّوْبَ وَ هُوَ حَرَامٌ.

❁ حسن بن علی سے روایت ہے کہ میں نے امام ابوالحسن علیہ السلام سے پوچھا کہ پہاڑی لوگوں کے ہاں بھیڑوں کی لاٹین بھاری بھرکم ہوجائیں تو وہ انہیں کاٹ دیتے ہیں تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ حرام ہیں۔

میں نے عرض کیا: ہم اس کا گھی بنا سکتے ہیں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کیا تم نہیں جانتے کہ وہ ہاتھ اور کپڑے کو لگ جائے تو وہ حرام ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [2] یا پھر معتبر ہے [3]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث ضعیف علی المشہور ہے۔ [4]

{2718} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ حَرِيزٍ قَالَ: قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ لِزُرَارَةَ وَ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ اَللَّبَنُ وَ اَللِّبَأُ وَ اَلْبَيْضَةُ وَ اَلشَّعْرُ وَ اَلصُّوفُ وَ اَلْقَرْنُ وَ اَلنَّابُ وَ اَلْحَافِرُ وَ كُلُّ شَيْءٍ يُفْصَلُ مِنَ اَلشَّاةِ وَ اَلدَّابَّةِ فَهُوَ ذَكِيٌّ وَ إِنْ أَخَذْتَهُ مِنْهَا بَعْدَ أَنْ تَمُوتَ فَاغْسِلْهُ وَ صَلِّ فِيهِ.

❁ حریز سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے زرارہ اور محمد بن مسلم سے فرمایا: دودھ، پہلا دودھ (بوہلی)، انڈہ، بال، اون، سینگ، داڑھ، کھر اور ہر وہ چیز جو بکری اور چوپائے سے علیحدہ کی جائے وہ پاک ہے اور اگر تم اسے اس کے مرنے کے بعد حاصل کرو تو اسے دھولو اور اس میں نماز پڑھو۔ [5]

---

[1] الکافی: ۶/ ۲۵۵ ح ۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۱۷۸ ح ۳۰۲۸۵؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۷۷ ح ۳۲۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۱۷ ح ۳۰۰۲۵؛ الوافی: ۱۹/ ۱۰۷ ح ۱۹۰۲۴

[2] موسوعہ الامام الخوئی: ۲/ ۴۷۴؛ مستند العروہ (الطہارۃ): ۱/ ۴۵۹ و ۵۴۰؛ التنقیح فی شرح العروۃ: ۲/ ۵۶۱؛ بدائع البحوث: ۵/ ۲۹۸؛ موسوعہ الفقہ الاسلامی: ۳/ ۳۲۵؛ کتاب الطہارۃ طاہری: ۲۹۴؛ المکاسب شہیدی: ۱/ ۸۰

[3] مصباح المنہاج (الطہارۃ): ۹/ ۱۱۰

[4] مرآۃ العقول: ۲۲/ ۴۹؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۲۷۹

[5] الکافی: ۶/ ۲۵۸ ح ۴؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۷۵ ح ۳۲۱؛ الاستبصار: ۴/ ۸۸ ح ۳۳۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۱۸۰ ح ۳۰۲۸۸؛ الوافی: ۱۹/ ۱۰۰ ح ۱۹۰۰۷

تحقیق:

حدیث صحیح ہے[1] یا پھر حسن ہے۔[2]

{2719} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ غِيَاثِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ : فِي بَيْضَةٍ خَرَجَتْ مِنِ اِسْتِ دَجَاجَةٍ مَيْتَةٍ فَقَالَ إِنْ كَانَتِ الْبَيْضَةُ اِكْتَسَتِ الْجِلْدَ الْغَلِيظَ فَلاَ بَأْسَ بِهَا.

❁ غیاث بن ابراہیم نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس انڈے کے بارے میں روایت کی ہے جو مردہ مرغی سے باہر نکلے تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر انڈے کی جلد موٹی ہو چکی (پک چکی) ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں۔[3]

تحقیق:

حدیث موثق ہے[4] یا پھر صحیح ہے۔[5]

{2720} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ الْبَرْقِيُّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ الْبَرْقِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عُمَيْرٍ يَرْفَعُهُ إِلَى أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: عَشَرَةُ أَشْيَاءَ مِنَ الْمَيْتَةِ ذَكِيَّةٌ اَلْعَظْمُ وَ الشَّعْرُ وَ الصُّوفُ وَ الرِّيشُ وَ الْقَرْنُ وَ الْحَافِرُ وَ الْبَيْضُ وَ الْإِنْفَحَةُ وَ اللَّبَنُ وَ السِّنُّ.

❁ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: مردہ جانور کی دس چیزیں پاک ہیں، ہڈی، بال، اون، پر، سینگ، سُم، انڈہ، شیر دان، دودھ اور دانت۔[6]

---

[1] مجمع الفائدة: ۱/۳۰۲؛ تفصیل الشریعہ: ۳/ ۶۴۳؛ رسائل الشیخ بہاءالدین: ۹۹؛ موسوعہ البرغانی: ۵/ ۲۴؛ جواہر الکلام: ۵/ ۲۹۹؛ لوامع الاحکام: ۱۲۰؛ التنقیح فی شرح العروة: ۲/ ۵۰۳؛ مدارک الاحکام: ۲/ ۲۶۸؛ مصباح الفقیہ: ۲۲۱/۱۰؛ موسوعہ الامام الخوئی: ۲/ ۴۲۳؛ تنقیح مبانی العروہ (الطہارة): ۲/ ۸/۷؛ جامع المدارک: ۱/ ۲۷۰؛ العمل الابقی: ۱/ ۲۶۳؛ فقہ الصادق: ۳/ ۸۰؛ الفقہ ومسائل: ۱/ ۲۹۴

[2] مرآة العقول: ۲۲/ ۵۴؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۲۷۵؛ الحدائق الناضرة: ۵/ ۸۷؛ ذخیرة المعاد: ۱/ ۱۴۷؛ غنائم الایام: ۱/ ۴۰۲؛ مصباح الفقیہ: ۷/ ۸۴؛ کتاب الطہارة اراکی: ۱/ ۹۴۳؛ معالم الدین: ۲/ ۸۷۳؛ مفتاح البصیرة: ۲/ ۱۱۰

[3] الکافی: ۶/ ۲۵۸ ح ۵؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۷۶ ح ۳۲۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۱۸۱ ح ۳۰۲۹۱

[4] مرآة العقول: ۲۲/ ۵۴؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۲۷۵؛ کتاب الطہارة خمینی: ۳/ ۱۵۸؛ دراسات فقہیہ: ۲۲۸؛ التنقیح فی شرح العروة: ۲/ ۵۰۴؛ سند العروة (الطہارة): ۱/ ۴۴۹؛ لوامع الاحکام: ۱۲۱؛ کتاب الطہارة طاہری: ۲۵۹

[5] مصباح المنہاج (الطہارة): ۸/ ۳۱۹

[6] الخصال: ۲/ ۴۳۴ باب ۱۰ ح ۱۹؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۳۴۷ ح ۴۲۱۷؛ الوافی: ۱۹/ ۱۰۲ ح ۱۹۰۱۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۱۸۲ ح ۳۰۲۹۴؛ بحار الانوار: ۶۳/ ۸۴؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/ ۵۴۱؛ تفسیر کنز الدقائق: ۲/ ۲۲۰؛ مستدرک الوسائل: ۲/ ۶۰۱؛ ۱۶/ ۱۹۰

تحقیق:

حدیث قوی کالصحیح ہے۔ [1]

{2721} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَلْحُسَيْنِ عَنِ اَلْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رِئَابٍ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ اَلْإِنْفَحَةِ تَخْرُجُ مِنَ اَلْجَدْيِ اَلْمَيِّتِ قَالَ لاَ بَأْسَ بِهِ قُلْتُ اَللَّبَنُ يَكُونُ فِي ضَرْعِ اَلشَّاةِ وَ قَدْ مَاتَتْ قَالَ لاَ بَأْسَ بِهِ قُلْتُ فَالصُّوفُ وَ اَلشَّعْرُ وَ عِظَامُ اَلْفِيلِ وَ اَلْبَيْضَةُ تُخْرَجُ مِنَ اَلدَّجَاجَةِ فَقَالَ كُلُّ هَذَا ذَكِيٌّ لاَ بَأْسَ بِهِ.

❁ زرارہ سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے بکری کے مردہ بچے کے پیٹ سے نکلے ہوئے بیز (شیر مایہ) کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

میں نے عرض کیا: دودھ جو بکری کے تھنوں میں ہو اور وہ مر جائے تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں بھی کوئی حرج نہیں ہے۔

میں نے عرض کیا: اون، بال، ہاتھی کی ہڈیاں، کھال اور مرغی کے پیٹ کا انڈہ؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ سب کچھ پاک ہے اور اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [3]

{2722} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ اَلْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى عَنِ اَلْحُسَيْنِ بْنِ زُرَارَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ: فِي جِلْدِ شَاةٍ مَيْتَةٍ يُدْبَغُ فَيُصَبُّ فِيهِ اَللَّبَنُ أَوِ اَلْمَاءُ فَأَشْرَبُ مِنْهُ وَ أَتَوَضَّأُ قَالَ نَعَمْ وَ قَالَ يُدْبَغُ فَيُنْتَفَعُ بِهِ وَ لاَ يُصَلَّى فِيهِ قَالَ حُسَيْنٌ وَ سَأَلَهُ أَبِي عَنِ اَلْإِنْفَحَةِ تَكُونُ فِي بَطْنِ اَلْعَنَاقِ أَوِ اَلْجَدْيِ وَ هُوَ مَيِّتٌ فَقَالَ لاَ بَأْسَ بِهِ قَالَ حُسَيْنٌ وَ سَأَلَهُ أَبِي وَ أَنَا حَاضِرٌ عَنِ اَلرَّجُلِ يَسْقُطُ سِنُّهُ

---

[1] روضۃ المتقین: ۷/۳۸۸

[2] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۴۲ ح ۴۲۱۲؛ تہذیب الاحکام: ۹/۷۶ ح ۵۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۱۸۲ ح ۳۰۲۹۵؛ الاستبصار: ۴/۸۹ ح ۳۳۹؛ الوافی: ۱۹/۱۰۲ ح ۱۹۰۱۲؛ عوالی اللئالی: ۲/۳۲۶

[3] روضۃ المتقین: ۷/۵۷۴؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/۷۶۲؛ دلیل العروۃ: ۱/۷۳۳؛ غنائم الایام: ۱/۴۰۲؛ الفقہ وسائل: ۱/۲۹۶؛ مجموع الرسائل: ۸۰۳؛ مدارک العروۃ: ۲/۹۱؛ الحجۃ: ۱۰/۲۲۶؛ المباحث الفقہیہ: ۲۴/۷۷۲؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۱/۵۷۹؛ جواہر الکلام: ۵/۳۲۷؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۸/۳۳۰؛ معتصم الشیعہ: ۲/۷۶؛ تفصیل الشریعہ: ۴/۳۹۳؛ بحوث فی شرح: ۳/۹۳؛ تنقیح مبانی العروۃ (الطہارۃ): ۲/۸۴؛ مستمسک العروۃ: ۱/۳۰۶؛ القواعد الفقہیہ: ۱/۷۷؛ مصباح المنہاج (الطہارۃ): ۸/۲۴۳؛ ذخیرۃ المعاد: ۱/۷۴؛ موسوعۃ البرغانی: ۲/۲۲۶؛ مسالک الافہام: ۱۲/۵۵

فَيَأْخُذُ سِنَّ إِنْسَانٍ مَيِّتٍ فَيَضَعُهُ مَكَانَهُ قَالَ لاَ بَأْسَ وَ قَالَ عِظَامُ اَلْفِيلِ تُجْعَلُ شِطْرَنْجاً قَالَ لاَ بَأْسَ بِمَسِّهَا وَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ اَلْعَظْمُ وَ اَلشَّعْرُ وَ اَلصُّوفُ وَ اَلرِّيشُ كُلُّ ذَلِكَ نَابِتٌ لاَ يَكُونُ مَيِّتاً وَ قَالَ سَأَلْتُهُ عَنِ اَلْبَيْضَةِ تَخْرُجُ مِنْ بَطْنِ اَلدَّجَاجَةِ اَلْمَيْتَةِ فَقَالَ لاَ بَأْسَ بِأَكْلِهَا

۞ حسین بن زرارہ نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے مردہ بکری کی کھال کے بارے میں روایت کیا ہے جو دباغت کی جاتی ہے اور میں اس میں دودھ اور پانی ڈالتا ہوں اور اس سے پیتا ہوں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں۔ نیز فرمایا: اسے دباغت کر کے اس سے نفع اٹھایا جا سکتا ہے مگر اس میں نماز نہیں پڑھی جا سکتی ہے۔ [1]

حسین کا بیان ہے کہ میرے والد نے امام علیہ السلام سے اس پیز کے بارے میں پوچھا جو (بکری وغیرہ کے) مردہ بچے کے پیٹ میں ہوتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

حسین کا بیان ہے کہ میری موجودگی میں میرے والد نے امام علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک آدمی کا دانت گر جاتا ہے اور وہ ایک مردہ انسان کا دانت لے کر اس کی جگہ لگا دیتا ہے تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کوئی حرج نہیں ہے۔

نیز انہوں نے عرض کیا کہ ہاتھی کی ہڈیوں سے شطرنج بنائی جاتی ہے تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ان کو چھونے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

اور امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ہڈیاں، بال، اون اور پر، یہ سب اگنے والی چیزیں ہیں جو مردار نہیں ہوتی ہیں۔

راوی کا بیان ہے کہ میں نے امام علیہ السلام سے اس انڈے کے بارے میں پوچھا جو مردار مرغی کے پیٹ سے نکلتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس کے کھانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [3] یا پھر حسن ہے۔ [4]

قول مؤلف:

[1] علماء کی ایک جماعت نے اس حصے کو تقیہ پر محمول کر دیا ہے (واللہ اعلم)

[2] تہذیب الاحکام: ۹/۷۸ ح ۶۷؛ الوافی: ۱۹/۱۰۳ ح ۱۹۰۱۶؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۱۸۳ ح ۳۰۲۹۷ (مختصراً)

[3] مصابیح الظلام: ۴/۸۱؛ مستمسک العروۃ: ۱/۳۰۵؛ مصباح المنہاج (الطہارۃ): ۳۱۸/۸؛ الحاشیہ علی مدارک: ۲/۱۰۷؛ دروس فقہ: ۱/۷۹؛ شرح طہارۃ القواعد: ۳۲۴؛ سند العروۃ (الصلاۃ): ۴/۱۱

[4] مشارق الشموس: ۳/۲۷ و ۱۲۸؛ سند العروۃ (الطہارۃ) ۱/۵۴۰

علامہ مجلسی نے حدیث کو مجہول یا حسن کہا ہے [1] نیز بعض علما نے اسے ضعیف قرار دیا ہے اور بعض نے مجہول [2] (واللہ اعلم)

{2723} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ : أَنَّهُ سُئِلَ عَنْ رَجُلٍ كَانَتْ لَهُ غَنَمٌ وَ بَقَرٌ وَ كَانَ يُدْرِكُ الذَّكِيَّ مِنْهَا فَيَعْزِلُهُ وَ يَعْزِلُ الْمَيْتَةَ ثُمَّ إِنَّ الْمَيْتَةَ وَ الذَّكِيَّ اخْتَلَطَا فَكَيْفَ يَصْنَعُ بِهِ فَقَالَ يَبِيعُهُ مِمَّنْ يَسْتَحِلُّ الْمَيْتَةَ وَ يَأْكُلُ ثَمَنَهُ فَإِنَّهُ لاَ بَأْسَ بِهِ.

۞ حلبی سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا، آپ نے فرمایا: جب تذکیہ شدہ مردار کے ساتھ خلط ملط ہو جائے تو اس کو فروخت کر دو جو مردار کو کھانا حلال جانتا ہو اور تم اس کی قیمت کو کھاؤ۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2724} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ النَّضْرِ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ عَاصِمِ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ يَعْنِي الْمُرَادِيَّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الذُّبَابِ يَقَعُ فِي الدُّهْنِ وَ السَّمْنِ وَ الطَّعَامِ فَقَالَ لاَ بَأْسَ كُلْ.

۞ ابو بصیر سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ اگر مکھی تیل، گھی اور طعام میں پڑ جائے تو؟ آپ علیہ السلام نے فرمایا: کوئی حرج نہیں اسے کھاؤ۔ [5]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [6]

---

[1] مراۃ العقول: ۱۴/ ۲۸۲

[2] المناظر الناضرۃ (الطہارۃ): ۹/ ۲۷؛ فقہ الشیعہ (کتاب الطہارۃ): ۲/ ۴۴۴؛ مدارک الاحکام: ۲/ ۳۸۶؛ مفتاح البصیرۃ: ۲/ ۱۴۳

[3] الکافی: ۶/ ۲۶۰ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۴۸ ح ۱۹۹؛ الوافی: ۱۹/ ۸۹ ح ۸۹۹۶؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۱۸۷ ح ۳۰۳۰۸

[4] مراۃ العقول: ۲۲/ ۵۶؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۲۱۳؛ دراسات فی المکاسب: ۱/ ۲۶۵؛ الدرر النجفیہ: ۲/ ۳۹؛ مفاتیح الشرائع: ۲/ ۲۷؛ المکاسب: ۱/ ۱۰۰؛ دراسات فی ولایۃ الفقیہ: ۳/ ۵۳۴؛ تعلیقہ شریعہ: ۱/ ۲۰۳؛ غایۃ المرام: ۴/ ۶۲؛ مستند الشیعہ: ۱۵/ ۱۵۳؛ ذخیرۃ المعاد: ۱/ ۱۷۲؛ کفایۃ الفقہ: ۱/ ۴۴۳؛ بحوث فقہیہ: ۲۰۶؛ لوامع الاحکام: ۲۰۹؛ ایصال الطالب: ۱/ ۲۷؛ مفتاح الکرامہ: ۴/ ۲۰؛ الموسوعۃ الفقہیہ: ۸/ ۳۳۴؛ فقہ الشیعہ (کتاب الطہارۃ): ۲/ ۳۷۴؛ کشف اللثام: ۹/ ۲۷۵؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۳/ ۱۷۴؛ منیۃ الطالب: ۱/ ۷؛ اوثق الوسائل: ۳۳۳؛ ایضاح الفوائد: ۴/ ۱۵۳

[5] تہذیب الاحکام: ۹/ ۸۶ ح ۹۸؛ الوافی: ۱۹/ ۱۲۰ ح ۱۹۰۵۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۱۹۹ ح ۳۰۳۳۶؛ بحار الانوار: ۶۱/ ۳۱۱

[6] ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۳۰۱؛ المناظر الناضرۃ: ۹/ ۱۴؛ جواہر الکلام: ۱۸/ ۵۵۸؛ الحدائق الناضرۃ: ۵/ ۶۹

{2725} مُحَمَّدُ بْنُ ٱلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ ٱلْحَسَنِ عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ عَنْ مُصَدِّقٍ عَنْ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ ٱللَّهِ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ فِي حَدِيثٍ: أَنَّهُ سُئِلَ عَنِ ٱلْعَظَايَةِ تَقَعُ فِي ٱللَّبَنِ قَالَ يَحْرُمُ ٱللَّبَنُ وَ قَالَ إِنَّ فِيهَا ٱلسَّمَّ.

⦿ عمار ساباطی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے (ایک حدیث کے ضمن میں) پوچھا گیا کہ اگر عظایہ (چھپکلی جیسا ایک جانور) دودھ میں پڑ جائے تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: دودھ حرام ہو جائے گا۔ پھر فرمایا: یقیناً اس میں زہر ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [2]

{2726} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ ٱلْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ عَنْ مُصَدِّقِ بْنِ صَدَقَةَ عَنْ عَمَّارِ بْنِ مُوسَى عَنْ أَبِي عَبْدِ ٱللَّهِ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ وَ قَدْ قَالَ: سُئِلَ عَنِ ٱلْجِرِّيِّ يَكُونُ فِي ٱلسَّفُّودِ مَعَ ٱلسَّمَكِ فَقَالَ يُؤْكَلُ مَا كَانَ فَوْقَ ٱلْجِرِّيِّ وَ يُرْمَى مَا سَالَ عَلَيْهِ ٱلْجِرِّيُّ قَالَ وَ سُئِلَ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ عَنِ ٱلطِّحَالِ فِي سَفُّودٍ مَعَ ٱللَّحْمِ وَ تَحْتَهُ خُبْزٌ وَ هُوَ ٱلْجُوذَابُ أَ يُؤْكَلُ مَا تَحْتَهُ قَالَ نَعَمْ يُؤْكَلُ ٱللَّحْمُ وَ ٱلْجُوذَابُ وَ يُرْمَى بِٱلطِّحَالِ لِأَنَّ ٱلطِّحَالَ فِي حِجَابٍ لاَ يَسِيلُ مِنْهُ فَإِنْ كَانَ ٱلطِّحَالُ مَثْقُوباً أَوْ مَشْقُوقاً فَلاَ تَأْكُلْ مِمَّا يَسِيلُ عَلَيْهِ ٱلطِّحَالُ.

⦿ عمار بن موسیٰ سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے سوال کیا گیا کہ جری (بام یا ملی یا بغیر چھلکے والی مچھلی) گوشت بھوننے کے سیخ میں دوسری (چھلکے دار) مچھلی کے ساتھ بھونی جائے تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: جو جری کے اوپر ہو وہ کھایا جائے گا اور جس پر جری کا مادہ بہے گا اسے پھینک دیا جائے گا۔

اور آپ علیہ السلام سے تلی کے بارے میں پوچھا گیا جو سیخ میں گوشت کے ساتھ بھونی جائے اور اس کے نیچے روٹی ہو کہ جس کھانے کا نام جوذاب ہے تو اس تلی کے نیچے ہے کیا اسے کھایا جا سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں گوشت اور جوذاب کھایا جائے گا اور تلی کو پھینک دیا جائے گا کیونکہ تلی ایک پردے میں ہوتی ہے جس میں سے کچھ نہیں بہہ سکتا اور اگر تلی چھتری ہوئی یا کاٹی ہوئی ہو تو جس پر تلی کا مادہ بہے گا اسے نہیں کھایا جائے گا۔ [3]

---

[1] تہذیب الاحکام: ۱/۲۸۵ ح ۸۳۲؛ الوافی: ۱۹/۱۱۹ ح ۱۹۰۵۰؛ عوالی اللئالی: ۳/۵۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۲۰۰ ح ۳۰۳۳۷

[2] ملاذ الاخیار: ۲/۴۴۰؛ ینابیع الاحکام: ۱/۸۸۳؛ کتاب الطہارۃ خمینی: ۳/۱۲۰؛ لوامع الاحکام: ۸۰؛ مصباح المنہاج (الطہارۃ): ۱/۴۹۵؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۵/۱۰۶

[3] الکافی: ۶/۲۶۲ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۹/۸۱ ح ۸۰؛ الوافی: ۱۹/۱۱۵ ح ۱۹۰۳۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۲۰۲ ح ۳۰۳۴۲؛ بحار الانوار: ۶۲/۲۵۷

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [1]

{2727} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَبْدِ الْعَظِيمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْحَسَنِيِّ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَنَّهُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَمَّا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللَّهِ بِهِ فَقَالَ مَا ذُبِحَ لِصَنَمٍ أَوْ وَثَنٍ أَوْ شَجَرٍ حَرَّمَ اللَّهُ ذَلِكَ كَمَا حَرَّمَ الْمَيْتَةَ وَ الدَّمَ وَ لَحْمَ الْخِنْزِيرِ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَ لاَ عَادٍ فَلاَ إِثْمَ عَلَيْهِ أَنْ يَأْكُلَ الْمَيْتَةَ الْحَدِيثَ.

عبدالعظیم بن عبداللہ الحسنی سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد تقی علیہ السلام سے ایسے ذبح کے بارے میں پوچھا جسے غیر خدا کے نام پر ذبح کیا جائے تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ جانور جو کسی بت، مورتی یا درخت کے لئے ذبح کیا جائے اس کو اللہ تعالیٰ نے اسی طرح حرام قرار دیا ہے جس طرح مردار، خون اور خنزیر کے گوشت کو حرام قرار دیا ہے البتہ جو (اس کے کھانے پر) بالکل مجبور ہو جائے جو باغی اور سرکش نہ ہو تو اس پر کوئی گناہ نہیں ہے کہ وہ مردار کو کھا لے۔ [2]

تحقیق:

حدیث قوی کالصحیح ہے [3] یا پھر موثق ہے [4] یا پھر معتبر ہے۔ [5]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث ضعیف ہے۔ [6]

{2728} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى الْخَثْعَمِيِّ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي قَوْلِ اللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ) فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَ لاَ عَادٍ) قَالَ الْبَاغِي بَاغِي الصَّيْدِ وَ الْعَادِي السَّارِقُ لَيْسَ لَهُمَا أَنْ يَأْكُلاَ الْمَيْتَةَ إِذَا اضْطُرَّا هِيَ حَرَامٌ عَلَيْهِمَا كَمَا هِيَ عَلَى الْمُسْلِمِينَ وَ لَيْسَ لَهُمَا أَنْ يَقْصُرَا فِي الصَّلاَةِ.

---

[1] مرآۃ العقول: ۲۲/۵۹؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/۲۸۷؛ جامع المدارک: ۵/۱۶۷؛ جواہر الکلام: ۳۶/۲۵۲؛ ریاض المسائل: ۱۳/۴۲۷؛ روضۃ المتقین: ۷/۳۶۲

[2] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۴۳ ح ۴۲۱۳؛ تہذیب الاحکام: ۹/۸۳ ح ۸۹؛ الوافی: ۱۹/۹۱ ح ۸۹۹۹؛ تفسیر البرہان: ۲/۲۱۹؛ بحار الانوار: ۶۲/۱۴۷؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/۵۸۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۲۱۲ ح ۳۰۴۷۱؛ عوالم العلوم: ۲۳/۴۹۱

[3] روضۃ المتقین: ۷/۴۸۰

[4] مدارک العروۃ: ۱۹/۱۰۸

[5] القول الفاخر: ۱۰۴

[6] ملاذ الاخیار: ۱۴/۲۹۶

◈ حماد بن عثمان سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے خدا کے قول: ''پس جو شخص مجبوری کی حالت میں ہو اور وہ بغاوت کرنے اور ضرورت سے تجاوز کرنے والا نہ ہو(البقرۃ:۱۷۳؛ الانعام:۱۴۵؛ النحل:۱۱۵)'' کے بارے میں فرمایا: باغی سے مراد شکاری ہے اور عادی سے مراد چور ہے چنانچہ اگر مضطر ہو جائیں تو ان کے لئے مردار کھانا حلال نہیں ہے جیسے یہ مسلمانوں پر حلال ہے اور یہ ان دونوں پر حرام ہے اور نہ ہی ان دونوں پر قصر کرنے کا حق ہے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2] یا پھر موثق ہے۔[3]

{2729} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَبِي الْحُسَيْنِ الْأَسَدِيِّ عَنْ سَهْلٍ عَنْ عَبْدِ الْعَظِيمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْحَسَنِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلَامُ فِي حَدِيثٍ قَالَ: قُلْتُ لَهُ مَتَى يَحِلُّ لِلْمُضْطَرِّ الْمَيْتَةُ فَقَالَ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ أَبِيهِ عَنْ آبَائِهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ سُئِلَ فَقِيلَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّا نَكُونُ بِأَرْضٍ فَتُصِيبُنَا الْمَخْمَصَةُ فَمَتَى يَحِلُّ لَنَا الْمَيْتَةُ قَالَ مَا لَمْ تَصْطَبِحُوا أَوْ تَغْتَبِقُوا أَوْ تَحْتَفُوا بَقْلاً فَشَأْنُكُمْ بِهَا الْحَدِيثَ.

◈ عبدالعظیم بن عبداللہ الحسنی سے روایت ہے کہ میں نے (اک حدیث کے ضمن میں) امام محمد تقی علیہ السلام سے پوچھا کہ مضطر کے لئے مردار کھانا کب حلال ہوتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: بیان کیا مجھ سے میرے والد بزرگوار علیہ السلام نے اور ان سے بیان کیا ان کے والد بزرگوار علیہ السلام نے اور انہوں نے اپنے آبائے کرام علیہ السلام سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ سوال کیا گیا اور عرض کیا گیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! ہم ایسی زمین پر ہوتے ہیں جہاں کھانے کو کچھ نہ ملے اور ہمیں بھوک لگ جائے تو ہم پر مردار کھانا کب حلال ہوگا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر تم لوگوں کو صبح کھانے لئے، دوپہر غذا کے لئے اور رات کھانے کے لئے سبزی (وغیرہ) میسر نہ آئے تو پھر جو چاہو کھاؤ تمہیں اختیار ہے۔[4]

---

[1] تہذیب الاحکام:۹/۷۸ ح۹۲ و ۳/۲۱۷ ح۵۳۸؛ الکافی:۳/۴۳۸ ح۷؛ الوافی:۷/۱۷۵ ح۵۵۱۱ و ۱۹/۹۴ ح۱۹۰۰۰؛ وسائل الشیعہ:۸/۴۷۶ ح۱۱۲۱۱ و ۲۴/۲۱۵ ح۳۰۴۷۵؛ تفسیر البرہان:۱/۳۷۳؛ تفسیر نور الثقلین:۱/۱۵۵؛ تفسیر کنز الدقائق:۲/۲۲۱

[2] حدود الشریعہ:۱/۶۰ و ۲۱۴؛ مصابیح الظلام:۲/۱۲۰؛ سند العروہ (صلاۃ المسافر):۱۱۴؛ رسالہ ہائے فقہی و اصولی:۲/۳۴۳؛ مدارک العروۃ:۱۹/۱۰۶

[3] ملاذ الاخیار:۱۴/۲۸۳

[4] من لا یحضرہ الفقیہ:۳/۳۴۳ ح۴۲۱۳؛ تہذیب الاحکام:۹/۸۳ ح۸۹؛ الوافی:۱۹/۹۱ ح۱۸۹۹۹؛ وسائل الشیعہ:۲۴/۲۱۴ ح۳۰۴۷۳؛ تفسیر البرہان:۲/۲۱۹؛ بحار الانوار:۶۲/۱۴۷؛ تفسیر نور الثقلین:۱/۵۸۵

تحقیق:

تحقیق کے لئے حدیث 2727 کی طرف رجوع کریں۔

{2730} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٌ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَ جَلَّ خَلَقَ آدَمَ مِنَ الطِّينِ فَحَرَّمَ أَكْلَ الطِّينِ عَلَى ذُرِّيَّتِهِ.

۞ ہشام بن سالم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو مٹی سے خلق کیا پس اس کی ذریت پر مٹی کا کھانا حرام قرار دیا۔ (1)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے (2) یا پھر موثق کالصحیح ہے۔ (3)

{2731} جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ قُولَوَيْهِ عَنْ سَمَاعَةُ بْنُ مِهْرَانَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: كُلُّ طِينٍ حَرَامٌ عَلَى بَنِي آدَمَ مَا خَلاَ طِينَ قَبْرِ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ مَنْ أَكَلَهُ مِنْ وَجَعٍ شَفَاهُ اللَّهُ تَعَالَى.

۞ سماعہ بن مہران سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ہر مٹی بنی آدم پر حرام ہے سوائے امام حسین علیہ السلام کی قبر کی مٹی کے اگر کوئی اسے بیماری کے لئے کھائے تو اللہ تعالیٰ اسے شفا دیتا ہے۔ (4)

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ (5)

{2732} أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ الْبَرْقِيُّ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَلاَءِ بْنِ رَزِينٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: أَنَّهُ نَهَى عَنْ آنِيَةِ الذَّهَبِ وَ الْفِضَّةِ.

۞ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے سونے اور چاندی کے برتنوں (میں کھانے پینے) سے منع فرمایا

---

(1) الکافی: ۶/۲۶۵ ح ۴؛ تہذیب الاحکام: ۹/۸۹ ح ۱۱۵؛ علل الشرائع: ۲/۵۳۲ باب ۳۱۷؛ المحاسن: ۲/۵۶۵؛ الوافی: ۱۹/۱۳۳ ح ۱۹۰۸۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۲۲۱ ح ۳۰۴۹۰؛ بحارالانوار: ۵۷/۱۵۲

(2) مستند الشیعہ: ۱۵/۱۶۰؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۵/۶۰۲؛ عمدۃ الاصول: ۶/۴۴۹؛ حاشیہ جامع المدارک: ۲/۲۸۱

(3) مرآۃ العقول: ۲۲/۶۴

(4) کامل الزیارات: ۲۸۶ باب ۹۵ ح ۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۲۲۸ ح ۳۰۴۰۴؛ مستدرک الوسائل: ۱۶/۲۰۳؛ بحارالانوار: ۵۷/۱۵۴ و ۹۸/۱۳۰

(5) فقہ الصادقؑ: ۲۶/۳۲۸ و ۲۴/۱۶۹

ہے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{2733} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ تَأْكُلْ فِي آنِيَةٍ مِنْ فِضَّةٍ وَلاَ فِي آنِيَةٍ مُفَضَّضَةٍ.

حلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: چاندی کے برتنوں میں مت کھاؤ اور نہ اس برتن میں کھاؤ جس میں چاندی ملی ہوئی ہو۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔[4]

{2734} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ هَارُونَ بْنِ الْجَهْمِ قَالَ: كُنَّا مَعَ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ بِالْحِيرَةِ حِينَ قَدِمَ عَلَى أَبِي جَعْفَرٍ الْمَنْصُورِ فَخَتَنَ بَعْضُ الْقُوَّادِ ابْناً لَهُ وَ صَنَعَ طَعَاماً وَ دَعَا النَّاسَ وَ كَانَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ فِيمَنْ دُعِيَ فَبَيْنَا هُوَ عَلَى الْمَائِدَةِ يَأْكُلُ وَ مَعَهُ عِدَّةٌ عَلَى الْمَائِدَةِ فَاسْتَسْقَى رَجُلٌ مِنْهُمْ مَاءً فَأُتِيَ بِقَدَحٍ فِيهِ شَرَابٌ لَهُمْ فَلَمَّا أَنْ صَارَ الْقَدَحُ فِي يَدِ الرَّجُلِ قَامَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الْمَائِدَةِ فَسُئِلَ عَنْ قِيَامِهِ فَقَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ مَلْعُونٌ مَنْ جَلَسَ عَلَى مَائِدَةٍ يُشْرَبُ عَلَيْهَا الْخَمْرُ.

---

[1] المحاسن: ۲۱۸۵/۱؛ الکافی: ۶/ ۲۶۷ ح ۴؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۹۰ ح ۳۸۴؛ وسائل الشیعہ: ۳/ ۵۰۶ ح ۴۳۰۲ و ۲۴/ ۲۳۱ ح ۳۰۴۱۳؛ الوافی: ۲۰/ ۴۹۳ ح ۱۹۸۶۳؛ بحار الانوار: ۶۳/ ۵۲۹

[2] فقہ الشیعہ (کتاب الطہارۃ): ۶/ ۲۲۰؛ کتاب الطہارۃ خمینی: ۳/ ۵۰۴؛ فقہ الصادقؑ: ۲/ ۲۴۹؛ مفتاح البصیرۃ: ۴/ ۲۹۶؛ تفصیل الشریعہ: ۳/ ۵۵؛ مستمسک العروۃ: ۲/ ۱۶۵؛ شرح العروۃ: ۲/ ۹۱؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۱/ ۳۱۶؛ کتاب الطہارۃ طاہری: ۲۱۰؛ التنقیح فی شرح العروۃ: ۴/ ۳۱۶؛ محاضرات فی اصول الفقہ: ۳/ ۱۹۸؛ موسوعہ الامام الخوئی: ۴/ ۲۸۳

[3] الکافی: ۶/ ۲۶۷ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۹۰ ح ۳۸۶؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۲۳۱ ح ۳۰۴۱۱؛ الوافی: ۲۰/ ۴۹۳ ح ۱۹۸۶۲؛ عوالی اللئالی: ۳/ ۴۱؛ الفصول المہمہ: ۲/ ۳۴۳؛ بحار الانوار: ۶۳/ ۵۳۸

[4] جواہر الکلام: ۶/ ۳۲۸؛ جامع المدارک: ۱/ ۲۳۰؛ فقہ الشیعہ (کتاب الطہارۃ): ۶/ ۲۲۰؛ کتاب الطہارۃ گلپائیگانی: ۲۶۵؛ شرح العروۃ: ۲/ ۴۶۱؛ فقہ الصادقؑ: ۵/ ۲۵۳؛ وسائل العباد: ۱/ ۱۶۰؛ الحدائق الناضرۃ: ۵/ ۵۰۵؛ مستمسک العروۃ: ۲/ ۱۶۵؛ مصباح الفقہ: ۸/ ۳۵۱؛ حدود الشریعہ: ۱/ ۴۷؛ موسوعہ البرغانی: ۲/ ۱۶۳؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۱/ ۳۱۶؛ الدرر الباہرہ: ۵۰۰؛ مصباح الہدیٰ: ۲/ ۳۵۴؛ مراۃ العقول: ۲۲/ ۱۷

✪ ہارون بن الجہم سے روایت ہے کہ ہم حیرہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کے ساتھ تھے جبکہ آپ علیہ السلام ابوجعفر منصور (عباسی) کے ہاں آئے ہوئے تھے پس اس کے کسی فوجی جرنیل نے اپنے بیٹے کا ختنہ کیا اور کھانا تیار کروایا اور لوگوں کو دعوت دی چنانچہ امام جعفر صادق علیہ السلام بھی ان بلائے جانے والے لوگوں میں سے ایک تھے پس جب آپ علیہ السلام دستر خوان پر بیٹھ کر کھانا کھا رہے تھے اور آپ علیہ السلام کے ساتھ دستر خوان پر اور بھی بہت سے لوگ تھے تو اس دوران ایک شخص نے پانی مانگا پس ایک برتن لایا گیا جس میں ان لوگوں کے لئے شراب تھی۔ جب وہ برتن اس شخص کے ہاتھ میں آیا تو امام جعفر صادق علیہ السلام ستر خوان سے کھڑے ہو گئے۔ پس آپ علیہ السلام سے کھڑے ہونے کے بارے میں پوچھا گیا تو فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ ملعون ہے وہ شخص جو ایسے دستر خوان پر بیٹھے کہ جس پر شراب پی جاتی ہو۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2735} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ اَلنَّوْفَلِيِّ عَنِ اَلسَّكُونِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: إِذَا دُعِيَ أَحَدُكُمْ إِلَى طَعَامٍ فَلاَ يَسْتَتْبِعَنَّ وَلَدَهُ فَإِنَّهُ إِنْ فَعَلَ أَكَلَ حَرَاماً وَ دَخَلَ غَاصِباً .

✪ سکونی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب تم میں سے کسی ایک شخص کو کھانے کی دعوت دی جائے تو وہ اپنے بیٹے کو بھی ساتھ نہ لے جائے پس اگر اس نے ایسا کیا تو اس نے حرام کھایا اور غاصب (کے طور پر) وارد ہوا۔ [3]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [4]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث ضعیف علی المشہور ہے۔ [5]

{2736} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَنْ أَبِيهِ وَ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ اَلنَّضْرِ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ عَنْ أَحَدِهِمَا عَلَيْهِمَا اَلسَّلاَمُ قَالَ: إِنَّ اَللَّهَ عَزَّ وَ

---

[1] الکافی: ۶/۲۶۸ ح۱؛ تہذیب الاحکام: ۹/۹۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۲۳۲ ح۳۰۴۱۵؛ المحاسن: ۲/۵۸۵؛ الوافی: ۲۰/۴۹۷ ح۱۹۸۶۹؛ بحار الانوار: ۴۷/۳۹ و ۶۳/۱ و ۴۱؛ عوالم العلوم: ۲۰/۵۷ و ۶۲

[2] مرآۃ العقول: ۲۲/۶۸؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/۲۶۳؛ مجمع الفائدۃ: ۱۱/۳۳۱؛ الحدائق الناضرۃ: ۶/۲۱۸؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/۲۴۳؛ جواہر الکلام: ۳۶/۲۴۶؛ المناہل: ۸۷۶؛ ذخیرۃ الصالحین: ۷/۲۶۶؛ مفاتیح الشرائع: ۲/۲۷۳؛ موسوعہ الفقہ الاسلامی: ۵/۲۱۶

[3] الکافی: ۶/۲۷۰ ح۱؛ تہذیب الاحکام: ۹/۹۲ ح۳۹۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۲۳۴ ح۳۰۴۲۱ و ۲۴۸ ح۳۰۴۶۰؛ الدعوات راوندی: ۱۴۲

[4] موسوعہ الفقہ الاسلامی: ۱۱/۴۸

[5] مرآۃ العقول: ۲۲/۷۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/۳۱۴

جَلَّ جَعَلَ لِلْمَعْصِيَةِ بَيْتاً ثُمَّ جَعَلَ لِلْبَيْتِ بَاباً ثُمَّ جَعَلَ لِلْبَابِ غَلَقاً ثُمَّ جَعَلَ لِلْغَلَقِ مِفْتَاحاً فَمِفْتَاحُ الْمَعْصِيَةِ الْخَمْرُ.

ابوبصیر سے روایت ہے کہ امامین علیہما السلام میں سے ایک امام علیہ السلام نے فرمایا: اللہ نے تمام گناہوں کا ایک گھر قرار دیا ہے پھر اس گھر کا ایک دروازہ قرار دیا ہے پھر اس دروازہ کا ایک تالا قرار دیا ہے اور پھر اس تالے کی ایک چابی قرار دی ہے پس گناہ کی اس چابی کا نام شراب ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2737} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ أُذَيْنَةَ عَنِ الْفُضَيْلِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ: اِبْتَدَأَنِي أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ يَوْماً مِنْ غَيْرِ أَنْ أَسْأَلَهُ فَقَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ قَالَ قُلْتُ أَصْلَحَكَ اللَّهُ كُلُّهُ حَرَامٌ فَقَالَ نَعَمْ الْجُرْعَةُ مِنْهُ حَرَامٌ.

فضیل بن یسار سے روایت ہے کہ ایک دن امام جعفر صادق علیہ السلام نے میری سوال کئے بغیر خود ہی ابتدا کرتے ہوئے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔

راوی کا بیان ہے کہ میں نے عرض کیا: خدا آپ علیہ السلام کا بھلا کرے! کیا وہ ساری کی ساری مقدار حرام ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں اس کا ایک گھونٹ بھی حرام ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [4]

{2738} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبُو عَلِيٍّ الْأَشْعَرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ عَنْ صَفْوَانَ عَنِ الْعَلاَءِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَحَدِهِمَا عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ قَالَ قَالَ: مُدْمِنُ الْخَمْرِ يَلْقَى اللَّهَ عَزَّ وَ جَلَّ حِينَ يَلْقَاهُ كَعَابِدِ وَثَنٍ.

---

[1] الکافی: ۶/ ۴۰۳ ح ۶؛ ثواب الاعمال: ۲۴۴؛ بحار الانوار: ۷۶/ ۱۳۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۵/ ۳۱۴ ح ۳۱۹۹۱

[2] مرآۃ العقول: ۲۲/ ۲۶۰

[3] الکافی: ۶/ ۴۰۹ ح ۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۵/ ۳۲۵ ح ۳۲۰۲۵؛ الوافی: ۲۰/ ۶۲۶ ح ۲۰۱۴۸؛ دعائم الاسلام: ۲/ ۱۳۲؛ بحار الانوار: ۶۳/ ۴۹۳؛ مستدرک الوسائل: ۱۷/ ۵۹ ح ۲۰۷۴۴

[4] حدود الشریعہ: ۱/ ۶۸۳؛ دراسات فی المکاسب: ۱/ ۵۹۴؛ مفتاح البصیرۃ: ۲/ ۶۲؛ بحوث الہامہ: ۲/ ۲۱۵؛ الآراء الفقہیہ: ۱/ ۱۰۰؛ مکاسب محرمہ: ۱/ ۵۴۴؛ فقہ الصادقؑ: ۶/ ۳۴۳؛ رسائل فقہیہ: ۶/ ۲۷؛ مرآۃ العقول: ۲۲/ ۲۶۷

۞ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ امامین علیہ السلام میں سے ایک امام علیہ السلام نے فرمایا: مدمن الخمر (ہمیشہ شراب پینے والا) اللہ سے بتوں کے پجاری کی طرح ملاقات کرے گا۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2739} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ يُونُسَ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ أَبِي الْجَارُودِ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ يَقُولُ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ أَبِيهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ قَالَ: مُدْمِنُ الْخَمْرِ كَعَابِدِ وَثَنٍ قَالَ قُلْتُ لَهُ وَ مَا الْمُدْمِنُ قَالَ الَّذِي إِذَا وَجَدَهَا شَرِبَهَا.

۞ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مدمن الخمر (عادی شراب نوش) بتوں کے پجاری کی طرح ہے۔

راوی کا بیان ہے کہ میں نے عرض کیا: مدمن (عادی) سے کیا مراد ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ شخص جسے جب شراب ملے وہ پی لیتا ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح (علی الظاہر) ہے۔ [4]

{2740} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ يَقْطِينٍ عَنْ أَخِيهِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ يَقْطِينٍ عَنْ أَبِيهِ عَلِيِّ بْنِ يَقْطِينٍ عَنْ أَبِي الْحَسَنِ الْمَاضِي عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَ جَلَّ لَمْ يُحَرِّمِ الْخَمْرَ لِاسْمِهَا وَ لَكِنَّهُ حَرَّمَهَا لِعَاقِبَتِهَا فَمَا كَانَ عَاقِبَتُهُ عَاقِبَةَ الْخَمْرِ فَهُوَ خَمْرٌ.

۞ علی بن یقطین سے روایت ہے کہ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے خمر کو اس کے نام کی وجہ سے حرام قرار نہیں دیا بلکہ اسے اس کے انجام کی وجہ سے حرام قرار دیا ہے پس جس چیز کا انجام خمر جیسا ہو تو وہ خمر ہے۔ [5]

---

[1] الکافی: ۶/ ۴۰۳ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۱۰۹ ح ۴۷۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۵/ ۳۱۹ ح ۳۲۰۰۴؛ مستدرک الوسائل: ۱۷/ ۶۲ ح ۲۰۷۵۷؛ دعائم الاسلام: ۲/ ۱۳۱ ح ۴۵۹

[2] مراۃ العقول: ۲۲/ ۲۶۱

[3] الکافی: ۶/ ۴۰۵ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۱۰۹ ح ۴۷۶؛ وسائل الشیعہ: ۲۵/ ۳۳۵ ح ۳۲۰۵۶؛ الوافی: ۲۰/ ۶۲۱ ح ۲۰۱۳۵

[4] مراۃ العقول: ۲۲/ ۲۶۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۳۴۸

[5] الکافی: ۶/ ۴۱۲ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۱۱۲ ح ۴۲۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۵/ ۳۴۲ ح ۳۲۰۷۷؛ الوافی: ۲۰/ ۶۳۱ ح ۲۰۱۵۸

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [1]

{2741} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ أُذَيْنَةَ قَالَ: كَتَبْتُ إِلَى أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَسْأَلُهُ عَنِ الرَّجُلِ يُبْعَثُ لَهُ الدَّوَاءُ مِنْ رِيحِ الْبَوَاسِيرِ فَيَشْرَبُهُ بِقَدْرِ أُسْكُرُّجَةٍ مِنْ نَبِيذٍ صُلْبٍ لَيْسَ يُرِيدُ بِهِ اللَّذَّةَ وَإِنَّمَا يُرِيدُ بِهِ الدَّوَاءَ فَقَالَ لاَ وَلاَ جُرْعَةً ثُمَّ قَالَ إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ يَجْعَلْ فِي شَيْءٍ مِمَّا حَرَّمَ شِفَاءً وَلاَ دَوَاءً.

❂ عمر بن اذینہ سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کو خط لکھا اور مسئلہ پوچھا کہ ایک شخص کو ریح بواسیر کی دوا بھیجی جاتی ہے پس وہ تھوڑی سی ہلکی نبیذ (شراب) پیتا ہے وہ اس کے ذریعے لذت کا ارادہ نہیں رکھتا بلکہ فقط دوا کرنا چاہتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں اس میں سے ایک گھونٹ بھی نہیں۔

پھر فرمایا: یقیناً اللہ تعالیٰ نے جس چیز کو حرام قرار دیا ہے اس میں نہ شفا ہے اور نہ ہی دوا ہے۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ [3]

{2742} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ عَنْ مُصَدِّقٍ عَنْ عَمَّارِ بْنِ مُوسَى عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ فِي حَدِيثٍ: أَنَّهُ سَأَلَهُ عَنِ الرَّجُلِ أَصَابَهُ عَطَشٌ حَتَّى خَافَ عَلَى نَفْسِهِ فَأَصَابَ خَمْراً قَالَ يَشْرَبُ مِنْهُ قُوتَهُ.

❂ عمار بن موسیٰ سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے (ایک حدیث کے ضمن میں) سوال کیا گیا کہ ایک شخص کو اس قدر پیاس لگتی ہے یہاں تک کہ اسے اپنی جان کا خوف ہو جاتا ہے پس اسے شراب مل جاتی ہے تو؟

---

[1] مرآۃ العقول: ۲۲/۲۷۱؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/۵۲؛ مسالک الافہام: ۱۲/۷۸؛ مصطلحات الفقہ: ۲۲۸؛ جواہر الکلام: ۱۸/۵۳۸؛ لوامع الاحکام: ۱۳۰؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۸/۴۲۲؛ صراط النجاۃ: ۱/۸۵؛ موسوعۃ الفقہ الاسلامی: ۱۲/۳۹؛ ریاض المسائل: ۱۳/۴۳؛ من فقہ الزہراؑ: ۲/۳۳۱؛ مجمع الفائدہ: ۱۱/۹۲؛ ینابیع الاحکام: ۵/۳۰؛ مفتاح الکرامہ: ۱۲/۵۶؛ القواعد الفقہیہ: ۶/۲۰؛ جامع المدارک: ۵/۱۷۳

[2] الکافی: ۶/۴۱۳ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۹/۱۱۳ ح ۸۸۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۵/۳۴۳ ح ۳۲۰۸۱؛ الوافی: ۲۰/۶۴۲ ح ۲۰۱۸۵؛ بحار الانوار: ۵۹/۸۶

[3] الآراء الفقہیہ: ۱/۱۰۹؛ اسس الحدود: ۲۸۳؛ مستند الشیعہ: ۱۵/۳۶؛ تنقیح مبانی العروۃ: ۲/۲۵۱؛ ینابیع الاحکام: ۵/۳۰؛ حدود الشریعہ: ۱/۲۵۲؛ الرسائل الفقہیہ: ۲/۱۵۶؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۸/۷۷؛ جواہر الکلام: ۳/۴۳۵؛ غایۃ الآمال: ۱/۵۰؛ المکاسب: ۱/۲۳۳؛ مسالک الافہام: ۱۲/۸۲؛ مختلف الشیعہ: ۸/۳۵۷؛ کفایۃ الفقہ: ۲/۶۲۸؛ ینابیع الاحکام: ۵/۳۰؛ البحوث الہامہ: ۶/۲۲۳؛ مجمع الفائدہ: ۱۱/۳۲۰؛ المجیعہ: ۱۰/۳۰۸؛ المہذب البارع: ۴/۸۶؛ مرآۃ العقول: ۲۲/۲۷۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/۳۵۳

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس میں اسے اتنی پی سکتا ہے کہ کچھ قوت حاصل کرے۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [2]

{2743} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِي حَمْزَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ قَالَ: مَنْ أَطْعَمَ مُؤْمِناً مِنْ جُوعٍ أَطْعَمَهُ اللَّهُ مِنْ ثِمَارِ الْجَنَّةِ وَ مَنْ سَقَى مُؤْمِناً مِنْ ظَمَإٍ سَقَاهُ اللَّهُ مِنَ الرَّحِيقِ الْمَخْتُومِ.

ابو حمزہ سے روایت ہے کہ امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا: جو کسی بھوکے مومن کو کھانا کھلائے تو اللہ اسے جنت کے پھل کھلائے گا اور جو کسی پیاسے مومن کو سیراب کرے گا تو اللہ اسے رحیق مختوم سے سیراب کرے گا۔ [3]

تحقیق:

حدیث حسن کالصحیح ہے۔ [4]

قول مؤلف:

اور بعض احادیث میں مومن وغیر مومن کے لئے تاکید کے ساتھ ساتھ وعید بھی وارد ہوئی ہے چنانچہ وصافی نے امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ علیہ السلام نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے کہ وہ شخص مجھ (اللہ) پر ایمان نہیں لیا جو خود پیٹ بھر کر رات گزارے جبکہ اس کا پڑوسی بھوکا رات گزار رہا ہو۔ [5] اور حریز نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے کہ وہ شخص مجھ پر ایمان نہیں لیا جو پیٹ بھر کر رات گزارے جبکہ اس کے قریب اس کا مسلمان بھائی بھوکا موجود ہو۔ [6]

---

[1] تہذیب الاحکام:۹/۱۱۶ ح۲۳ ۵؛ الوافی:۲۰/۲۴۴ ح۲۰۱۹۳؛ وسائل الشیعہ:۲۵/۸ ح۳۲۱۷۰

[2] ملاذ الاخیار:۱۴/۳۹۴؛ فقہ الصادقؑ:۲۴/۴۰۵؛ مستند الشیعہ:۱۵/۲۱؛ الفقہ وسائل:۱/۴۱۷؛ غایۃ الآمال:۱/۵۰؛ المکاسب:۵/۲۳؛ تعلیقہ شریعہ علی فرائد الاصول:۱/۱۰۶

[3] الکافی:۲/۲۰۱ ح۵؛ ارشاد القلوب:۱/۱۴۷؛ الوافی:۵/۶۷۳ ح۲۸۴۶؛ وسائل الشیعہ:۲۴/۳۰۹ ح۳۰۶۲۴؛ بحار الانوار:۷۱/۳۷۳؛ تفسیر نور الثقلین:۵/۵۳۳؛ تفسیر کنز الدقائق:۱۴/۱۸۸؛ مستدرک الوسائل:۱۲/۳۸۹ ح۱۴۳۷۴؛ الاختصاص:۲۴۸؛ المومن:۶۳؛ امالی مفید:۹؛ ثواب الاعمال: ۱۳۶؛ بحار الانوار:۷۱/۳۸۴؛ مشکوۃ الانوار:۱۰۰

[4] مرآۃ العقول:۹/۱۲۵

[5] المحاسن:۹۸ ح۶۴؛ وسائل الشیعہ:۲۴/۳۲۷ ح۳۰۶۷۵؛ بحار الانوار:۷۱/۳۸۷؛ مسند الامام الباقرؑ:۲/۳۰۸؛ مستدرک سفینۃ البحار:۲/۲۱۴؛ مکارم الاخلاق:۱۳۷

[6] ثواب الاعمال وعقاب الاعمال:۲۹۸؛ وسائل الشیعہ:۲۴/۳۲۶ ح۳۰۶۷۴؛ جواہر السنیہ:۲۸۸؛ بحار الانوار:۷۱/۳۸۷؛ المحاسن:۹۸ ح۶۴؛ مستدرک الوسائل:۱۶/۲۶۴

﴿ کھانا کھانے کے آداب ﴾

قول مؤلف:

کھانا کھانے کے آداب میں چند چیزیں مستحب شمار کی گئی ہیں۔ [1]

{2744} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَلْحَكَمِ عَنْ أَبِي اَلْمَغْرَاءِ عَنْ هَارُونَ بْنِ خَارِجَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اَللَّهِ يَأْكُلُ أَكْلَ اَلْعَبْدِ وَ يَجْلِسُ جِلْسَةَ اَلْعَبْدِ وَ يَعْلَمُ أَنَّهُ عَبْدٌ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غلام کی طرح کھانا کھاتے تھے۔ غلام کی طرح بیٹھتے تھے اور وہ جانتے تھے کہ وہ (اللہ تعالیٰ کے) غلام ہیں۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [3]

{2745} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ غِيَاثِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اَللَّهِ صَلَّى اَللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ: طَعَامُ اَلْوَاحِدِ يَكْفِي اَلاِثْنَيْنِ وَ طَعَامُ اَلاِثْنَيْنِ يَكْفِي اَلثَّلاَثَةَ وَطَعَامُ اَلثَّلاَثَةِ يَكْفِي اَلْأَرْبَعَةَ.

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ایک شخص کا کھانا دو آدمیوں کے لئے کافی ہوتا ہے اور دو آدمیوں کا کھانا تین کے لئے کافی ہوتا ہے اور تین آدمیوں کا کھانا چار کے لئے کافی ہوتا ہے۔ [4]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [5]

{2746} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ اِبْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ اَلْحَكَمِ عَنْ

---

[1] توضیح المسائل آغا سیستانی: ۴۰۲

[2] الکافی: ۲/۱۷۱ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۹/۹۳ ح ۱۳۵؛ الوافی: ۲۰/۳۸۲ ح ۱۹۸۲۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۲۵۳ ح ۳۰۴۲۷؛ بحار الانوار: ۱۶/۲۶۲

موسوعہ اھل البیتؑ: ۱/۱۰۹

[3] مرآۃ العقول: ۲۲/۷۴

[4] الکافی: ۶/۲۷۳ ح ۲؛ المحاسن: ۲/۳۹۸؛ الوافی: ۲۰/۵۴۰ ح ۱۹۹۶۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۲۶۲ ح ۳۰۴۹۷؛ بحار الانوار: ۶۳/۳۴۸

[5] مرآۃ العقول: ۲۲/۷۸

شِهَابِ بْنِ عَبْدِ رَبِّهِ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: اِعْمَلْ طَعَاماً وَ تَنَوَّقْ فِيهِ وَ اُدْعُ عَلَيْهِ أَصْحَابَكَ.

شہاب بن عبد ربہ سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: کھانا پکاؤ اور اس میں عمدگی لاؤ (یعنی اچھا پکاؤ) اور اس پر اپنے اصحاب کو دعوت دو۔[1]

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔[2]

{2747} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ فَضَّالٍ عَنِ ابْنِ الْقَدَّاحِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ إِذَا أَكَلَ مَعَ قَوْمٍ طَعَاماً كَانَ أَوَّلَ مَنْ يَضَعُ يَدَهُ وَ آخِرَ مَنْ يَرْفَعُهَا لِيَأْكُلَ الْقَوْمُ.

ابن قداح سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب لوگوں کے ساتھ کھانا کھاتے تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پہلے ہوتے جو اپنا ہاتھ بڑھاتے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آخری ہوتے تھے جو اپنا ہاتھ اٹھاتے تھے تا کہ لوگ (تسلی سے) کھاتے رہیں۔[3]

تحقیق:

حدیث موثق ہے[4] یا پھر حسن ہے[5]

{2748} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٌ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ يَحْيَى عَنْ جَدِّهِ الْحَسَنِ بْنِ رَاشِدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: عَشَاءُ الْأَنْبِيَاءِ عَلَيْهِمُ السَّلاَمُ بَعْدَ الْعَتَمَةِ فَلاَ تَدَعُوهُ فَإِنَّ تَرْكَ الْعَشَاءِ خَرَابُ الْبَدَنِ.

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: انبیاؑ کا رات کا کھانا (نماز) عشا کے بعد ہوتا ہے

---

[1] الکافی: ۶/ ۲۸۰ ح ۶؛ المحاسن: ۲/ ۴۱۰؛ الوافی: ۲۰/ ۵۲۶ ح ۱۹۹۴۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۲۹۹ ح ۳۰۶۰۰؛ بحار الانوار: ۶۳/ ۳۱۷ و ۷۲/ ۴۵۳؛ مسند الامام الصادقؑ: ۱۷/ ۳۳؛ موسوعہ الشہید الاول: ۱۱/ ۴۱؛ منتقی الجمان: ۲/ ۴۶۹

[2] مرآۃ العقول: ۲۲/ ۸۹

[3] الکافی: ۶/ ۲۸۵ ح ۱؛ المحاسن: ۲/ ۴۴۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۳۲۰ ح ۳۰۶۵۳؛ الوافی: ۲۰/ ۵۴۳ ح ۱۹۹۶۹؛ بحار الانوار: ۶۳/ ۴۱۸ و ۷۲/ ۴۵۴؛ حلیۃ المتقین: ۱۵؛ مستدرک سفینۃ البحار: ۶/ ۴۸۸؛ مسند الامام الباقرؑ: ۵/ ۱۱۸

[4] مرآۃ العقول: ۲۲/ ۹۶

[5] الآداب الاسلامیہ: ۱۱/ ۱۵۸

پس تم بھی رات کا کھانا ترک نہ کرو کیونکہ اس سے بدن خراب ہوتا ہے۔ ①

تحقیق:

شیخ آصف محسنی نے اسے احادیث معتبرہ میں شمار کیا ہے۔ ②

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث ضعیف ہے۔ ③

{2749} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي نَصْرٍ عَنْ صَفْوَانَ الْجَمَّالِ عَنْ أَبِي حَمْزَةَ الثُّمَالِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ: يَا أَبَا حَمْزَةَ الْوُضُوءُ قَبْلَ الطَّعَامِ وَ بَعْدَهُ يُذْهِبَانِ الْفَقْرَ قُلْتُ بِأَبِي أَنْتَ وَ أُمِّي يَذْهَبَانِ بِالْفَقْرِ فَقَالَ نَعَمْ يَذْهَبَانِ بِهِ.

ابوحمزہ ثمالی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: اے ابوحمزہ! کھانے سے پہلے اور اس کے بعد وضو کرنا فقر کو دور کرتے ہیں۔

میں نے عرض کیا: میرے ماں باپ آپ علیہ السلام پر فدا ہوں! فقر کو دور کرتے ہیں؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں، اسے دور کر دیتے ہیں۔ ④

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ ⑤

{2750} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْأَشْعَرِيِّ عَنِ ابْنِ الْقَدَّاحِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: مَنْ غَسَلَ يَدَهُ قَبْلَ الطَّعَامِ وَ بَعْدَهُ عَاشَ فِي سَعَةٍ وَ عُوفِيَ مِنْ بَلْوَى فِي جَسَدِهِ.

---

① الکافی: ۶/ ۲۸۸ ح ۱؛ المحاسن: ۲/ ۴۲۰؛ مکارم الاخلاق: ۱۹۴؛ الوافی: ۲۰/ ۵۰۷ ح ۱۹۸۹۶؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۳۳۱ ح ۳۰۶۹۰؛ بحار الانوار: ۶۳/ ۳۴۲؛ مسند الامام الصادقؑ: ۷/ ۲۶۹؛ دار السلام نوری: ۴/ ۲۳۱

② معجم الاحادیث المعتبرۃ: ۱/ ۵۴۳ و ۸/ ۵۸۰ و ۷/ ۲۶۱

③ مرآۃ العقول: ۲۲/ ۱۰۰

④ الکافی: ۶/ ۲۹۰ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۹۸ ح ۴۲۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۳۳۴ ح ۳۰۷۰۳؛ الوافی: ۲۰/ ۵۱۵ ح ۱۹۹۲۷؛ المحاسن: ۲/ ۴۲۵؛ بحار الانوار: ۶۳/ ۳۵۶

⑤ مستمسک العروۃ: ۲/ ۶۸۳؛ مصباح المنہاج (الطہارۃ): ۳/ ۱۰۰؛ مرآۃ العقول: ۲۲/ ۱۰۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۳۲۶

ابن قداح سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو شخص کھانے سے پہلے اور اس کے بعد ہاتھوں کو دھوئے تو وہ وسعت (مالی) میں زندگی بسر کرتا ہے اور جسمانی بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث قوی ہے۔ [2]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث ضعیف علی المشہور ہے۔ [3]

{2751} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عِيسَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلاَنَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: اَلْوُضُوءُ قَبْلَ الطَّعَامِ يَبْدَأُ صَاحِبُ الْبَيْتِ لِئَلاَّ يَحْتَشِمَ أَحَدٌ فَإِذَا فَرَغَ مِنَ الطَّعَامِ بَدَأَ بِمَنْ عَنْ يَمِينِ صَاحِبِ الْبَيْتِ حُرّاً كَانَ أَوْ عَبْداً قَالَ وَفِي حَدِيثٍ آخَرَ يَغْسِلُ أَوَّلاً رَبُّ الْبَيْتِ يَدَهُ ثُمَّ يَبْدَأُ بِمَنْ عَلَى يَمِينِهِ وَإِذَا رُفِعَ الطَّعَامُ بَدَأَ بِمَنْ عَلَى يَسَارِ صَاحِبِ الْمَنْزِلِ وَيَكُونُ آخِرُ مَنْ يَغْسِلُ يَدَهُ صَاحِبَ الْمَنْزِلِ لِأَنَّهُ أَوْلَى بِالصَّبْرِ عَلَى الْغَمَرِ.

محمد بن عجلان سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: کھانا کھانے سے پہلے صاحب خانہ (یعنی میزبان) شروع کرے تاکہ کوئی بھی شرم محسوس نہ کرے اور جب طعام سے فارغ ہوں تو صاحب خانہ کی دائیں طرف بیٹھا شخص آزاد ہو یا غلام ہاتھ دھونے کی ابتدا کرے اور دوسری حدیث میں ہے کہ سب سے پہلے صاحب خانہ ہاتھ دھوئے پھر جو اس کے دائیں طرف ہو وہ ابتدا کرے گا اور جب کھانا ختم ہوجائے تو جو صاحب خانہ کے بائیں طرف ہو اس سے شروع کیا جائے اور آخر میں جو ہاتھ دھوئے وہ صاحب خانہ ہو کیونکہ چکناہٹ پر صبر کرنے کا وہ زیادہ حقدار ہے۔ [4]

تحقیق:

حدیث قوی کالصحیح ہے۔ [5]

---

[1] الکافی: ۶/۲۹۰ ح ۱؛ من لایحضرہ الفقیہ: ۳/۳۵۸ ح ۴۲۶۵؛ تہذیب الاحکام: ۹/۹۷ ح ۴۲۳؛ المحاسن: ۲/۴۲۴؛ الآداب الدینیہ: ۸۷؛ مفتاح الفلاح: ۲۷۴؛ الوافی: ۲۰/۴۶۵ ح ۱۹۷۷۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۳۳۶ ح ۳۰۷۰۷؛ بحار الانوار: ۶۳/۳۵۶

[2] روضۃ المتقین: ۷/۵۵۱

[3] مرآۃ العقول: ۲۲/۱۰۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/۳۲۶

[4] الکافی: ۶/۲۹۰ ح ۱؛ الوافی: ۲۰/۴۶۷ ح ۱۹۷۸۴

[5] روضۃ المتقین: ۷/۵۵۲

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث مجہول اور آخری حصہ مرسل ہے۔[1] لیکن جاننا چاہیے کہ حدیث کی سند میں محمد بن عجلان موجود ہے جس کے حالات معلوم نہیں ہیں اسی لیے علامہ مجلسی نے حدیث کو مجہول کہا ہے لیکن محمد بن عجلان کامل الزیارات[2] اور سلوۃ الحزین راوندی[3] کا راوی ہے اور یہ اس کی توثیق کے لئے کافی ہے کیونکہ دونوں حضرات نے اپنی اپنی کتب کے راویوں کی توثیق کی ہے شاید اسی وجہ سے آیت اللہ حکیم طباطبائی نے حدیث کو صحیح قرار دیا ہے۔[4] نیز خود علامہ مجلسی نے الکافی کی ایک حدیث کو حسن قرار دیا ہے جس میں محمد بن عجلان موجود ہے[5] نیز اسی حدیث کے مطابق بفرق الفاظ فتوی بھی موجود ہے۔[6]

{2752} أَحْمَدُ بْنُ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الْحَمِيدِ عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ صَبِيحٍ قَالَ: تَعَشَّيْنَا عِنْدَ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ لَيْلَةً جَمَاعَةً فَدَعَا بِوَضُوءٍ فَقَالَ تَعَالَ حَتَّى نُخَالِفَ الْمُشْرِكِينَ اللَّيْلَةَ نَتَوَضَّأُ جَمِيعاً.

⭘ ولید بن صبیح سے روایت ہے کہ ہم چند لوگوں نے ایک رات امام جعفر صادق علیہ السلام کے ہاں رات کا کھانا کھایا پس آپ علیہ السلام نے ہاتھ دھونے کے لئے پانی منگوایا اور فرمایا: آؤ تا کہ آج رات ہم مشرکین کے طریقہ کی خلاف ورزی کریں اور سب اکٹھے ہاتھ دھوئیں۔[7]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[8]

{2753} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ مُرَازِمٍ قَالَ: رَأَيْتُ أَبَا الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ إِذَا تَوَضَّأَ قَبْلَ الطَّعَامِ لَمْ يَمَسَّ الْمِنْدِيلَ وَإِذَا تَوَضَّأَ بَعْدَ الطَّعَامِ مَسَّ الْمِنْدِيلَ.

---

[1] مرآۃ العقول: ۱۰۴/۲۲

[2] کامل الزیارات: ۲۰۳ باب ۸ ح ۱۷

[3] سلوۃ الحزین (الدعوات): ۲۶۳

[4] مصباح المنہاج (الطہارۃ): ۱۰۲/۳

[5] الکافی: ۵۴۴/۶ ح ۵؛ مرآۃ العقول: ۳۶۵/۲۲

[6] توضیح المسائل آقا سیستانی: ۴۰۲ ف ۲۵۹۴

[7] المحاسن: ۴۲۸/۲ ح ۲۴۳؛ وسائل الشیعہ: ۳۴۲/۲۴ ح ۳۰۷۴۹؛ بحار الانوار: ۳۵۹/۶۳

[8] موسوعہ الامام الخوئی: ۴۲۶/۴؛ التنقیح فی شرح العروۃ: ۵۱۱/۴؛ مفتاح البصیرۃ: ۵۷/۵

۞ مرازم سے روایت ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کو دیکھا کہ جب کھانے سے پہلے ہاتھ دھوتے تھے تو تولیہ استعمال نہیں کرتے اور جب کھانے کے بعد ہاتھ دھوتے تھے تو پھر تولیہ استعمال کرتے تھے۔ [1]

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔ [2]

{2754} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبُو عَلِيٍّ اَلْأَشْعَرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اَلْجَبَّارِ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ كُلَيْبٍ اَلْأَسَدِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: إِنَّ اَلرَّجُلَ اَلْمُسْلِمَ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَطْعَمَ طَعَاماً فَأَهْوَى بِيَدِهِ فَقَالَ بِسْمِ اَللَّهِ وَ اَلْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ اَلْعَالَمِينَ غَفَرَ اَللَّهُ عَزَّ وَ جَلَّ لَهُ قَبْلَ أَنْ تَصِلَ اَللُّقْمَةُ إِلَى فِيهِ.

۞ کلیب اسدی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب کوئی مسلمان شخص کھانا کھانے کا ارادہ کرے پس اس کو اپنے ہاتھ میں لے اور کہے: بسم اللہ والحمد للہ رب العالمین تو قبل اس کے کہ لقمہ اس کے منہ تک پہنچے اللہ اسے بخش دیتا ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔ [4]

{2755} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ اَلنَّوْفَلِيِّ عَنِ اَلسَّكُونِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اَللَّهِ صَلَّى اَللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ : إِذَا وُضِعَتِ اَلْمَائِدَةُ حَفَّتْهَا أَرْبَعَةُ آلاَفِ مَلَكٍ فَإِذَا قَالَ اَلْعَبْدُ بِسْمِ اَللَّهِ قَالَتِ اَلْمَلاَئِكَةُ بَارَكَ اَللَّهُ عَلَيْكُمْ فِي طَعَامِكُمْ ثُمَّ يَقُولُونَ لِلشَّيْطَانِ اُخْرُجْ يَا فَاسِقُ لاَ سُلْطَانَ لَكَ عَلَيْهِمْ فَإِذَا فَرَغُوا فَقَالُوا اَلْحَمْدُ لِلَّهِ قَالَتِ اَلْمَلاَئِكَةُ قَوْمٌ أَنْعَمَ اَللَّهُ عَلَيْهِمْ فَأَدَّوْا شُكْرَ رَبِّهِمْ وَ إِذَا لَمْ يُسَمُّوا قَالَتِ اَلْمَلاَئِكَةُ لِلشَّيْطَانِ اُدْنُ يَا فَاسِقُ فَكُلْ مَعَهُمْ فَإِذَا رُفِعَتِ اَلْمَائِدَةُ وَ لَمْ يَذْكُرُوا اِسْمَ اَللَّهِ عَلَيْهَا قَالَتِ اَلْمَلاَئِكَةُ قَوْمٌ أَنْعَمَ اَللَّهُ عَلَيْهِمْ فَنَسُوا رَبَّهُمْ جَلَّ وَ عَزَّ.

۞ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب دسترخوان پر کھانا لگا دیا جاتا ہے تو اسے

---

[1] الکافی: ۶/ ۲۹۱ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۹۸ ح ۱۴۲؛ المحاسن: ۲/ ۴۲۸ ح ۲۴۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۳۴۳ ح ۳۰۷۳۰؛ الوافی: ۲۰/ ۴۶۸ ح ۸۸۷۹؛ مکارم الاخلاق: ۱۴۰؛ بحار الانوار: ۶۳/ ۳۶۰؛ عوالم العلوم: ۲۱/ ۲۰۶

[2] مرآۃ العقول: ۲۲/ ۵۰؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۲۸۳؛ مجمع الفائدۃ: ۱۱/ ۳۴۱

[3] الکافی: ۶/ ۲۹۳ ح ۷؛ المحاسن: ۲/ ۴۳۵ ح ۲۷۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۳۴۸ ح ۳۰۷۴۴؛ مفتاح الفلاح: ۲۷۰؛ بحار الانوار: ۵۹/ ۲۷۹ و ۶۳/ ۳۷۵؛ الوافی: ۲۰/ ۴۷۴ ح ۱۹۸۰۰

[4] مرآۃ العقول: ۲۲/ ۱۰۸

چار ہزار فرشتے گھیر لیتے ہیں پس جب بندہ "بسم اللہ" کہتا ہے تو فرشتے کہتے ہیں: اللہ تمہارے لئے تمہارے کھانے میں برکت دے۔ پھر فرشتے شیطان سے کہتے ہیں: اے فاسق! نکل جا! تیری ان پر کوئی حکومت نہیں اور جب کھانے سے فارغ ہو کر "الحمد للہ" کہتے ہیں تو فرشتے کہتے ہیں: ایسے لوگ ہیں کہ اللہ نے انہیں نعمتیں عطا فرمائیں اور انہوں نے اپنے پروردگار کا شکر ادا کر دیا اور جب وہ کھانے پر اللہ کا نام نہ لیں تو فرشتے شیطان سے کہتے ہیں: قریب ہو جا اے فاسق اور ان کے ساتھ کھانا کھا اور جب دستر خوان اٹھا دیا جائے اور اس پر اللہ کا نام نہیں لیا جاتا تو فرشتے کہتے ہیں: یہ ایسے لوگ ہیں کہ انہیں اللہ نے نعمتیں عطا فرمائیں اور یہ اپنے پروردگار کو بھول گئے۔ [1]

تحقیق:

حدیث قوی ہے۔ [2]

{2756} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ غِيَاثِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: مَنْ أَكَلَ طَعَاماً فَلْيَذْكُرِ اسْمَ اللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ عَلَيْهِ فَإِنْ نَسِيَ فَذَكَرَ اللَّهَ مِنْ بَعْدُ تَقَيَّأَ الشَّيْطَانُ لَعَنَهُ اللَّهُ مَا كَانَ أَكَلَ وَ اسْتَقَلَّ الرَّجُلُ الطَّعَامَ.

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: جو شخص کھانا کھائے تو وہ اللہ کا نام ضرور لے اور اگر بھول جائے تو بعد میں اللہ کا ذکر کرے اس سے شیطان نے جو (اس کے ساتھ) کھایا ہوتا ہے اسے اگل دیتا ہے اور آدمی کو ایسے لگتا ہے جیسے اس نے کھایا ہی نہیں۔ [3]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [4]

{2757} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبُو عَلِيٍّ الْأَشْعَرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ فَرْقَدٍ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ كَيْفَ أُسَمِّي عَلَى الطَّعَامِ قَالَ فَقَالَ إِذَا اخْتَلَفَتِ الْآنِيَةُ فَسَمِّ عَلَى كُلِّ إِنَاءٍ قُلْتُ فَإِنْ نَسِيتُ أَنْ أُسَمِّيَ قَالَ تَقُولُ بِسْمِ اللَّهِ عَلَى أَوَّلِهِ وَ آخِرِهِ.

داؤد بن فرقد سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ میں طعام پر کیسے اللہ کا نام لوں؟

---

[1] الکافی: ۶/۲۹۲ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۹/۹۸ ح ۴۲۷؛ المحاسن: ۲/۴۳۲ ح ۲۵۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۳۵۱ ح ۳۰۷۵۳؛ الوافی: ۲۰/۴۱۷ ح ۱۹۷۹۲

[2] فقہ الصادقؑ: ۲۱/۳۲۱

[3] الکافی: ۶/۲۹۳ ح ۵؛ المحاسن: ۲/۴۳۳ ح ۲۶۵؛ الوافی: ۲۰/۴۲۳ ح ۱۹۷۹۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۳۴۹ ح ۳۰۷۴۶؛ بحار الانوار: ۶۳/۳۷۴

[4] مرآۃ العقول: ۲۲/۱۰۷

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب مختلف برتن ہوں تو ہر برتن پر اللہ کا نام لو (یعنی بسم اللہ کہو)۔
میں نے عرض کیا: اگر میں اللہ کا نام لینا بھول جاؤں تو؟
آپ علیہ السلام نے فرمایا: پھر تم (یاد آنے پر) کہو گے: بسم اللہ علی اولہ وآخرہ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2758} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَجَّاجِ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ يَقُولُ: إِذَا حَضَرَتِ الْمَائِدَةُ وَ سَمَّى رَجُلٌ مِنْهُمْ أَجْزَأَ عَنْهُمْ أَجْمَعِينَ.

○ عبدالرحمٰن بن الحجاج سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا، آپ علیہ السلام فرما رہے تھے: جب کھانا سامنے آئے اور ان میں سے کوئی ایک شخص بھی اللہ کا نام لے لے تو وہ سب کی طرف سے کافی ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2759} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ فَضَّالٍ عَنْ دَاوُدَ بْنِ فَرْقَدٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ : ضَمِنْتُ لِمَنْ يُسَمِّي عَلَى طَعَامِهِ أَنْ لاَ يَشْتَكِيَ مِنْهُ فَقَالَ لَهُ ابْنُ الْكَوَّاءِ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ لَقَدْ أَكَلْتُ الْبَارِحَةَ طَعَاماً فَسَمَّيْتُ عَلَيْهِ وَ آذَانِي فَقَالَ لَعَلَّكَ أَكَلْتَ أَلْوَاناً فَسَمَّيْتَ عَلَى بَعْضِهَا وَلَمْ تُسَمِّ عَلَى بَعْضٍ يَا لُكَعُ.

○ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: جو اپنے طعام پر اللہ کا نام لے گا تو میں اسے

---

[1] الکافی: ۶/ ۲۹۵ ح ۲۰؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۹۹ ح ۱۴۳؛ المحاسن: ۲/ ۴۳۹ ح ۲۹۲؛ الوافی: ۲۰/ ۴۷۷ ح ۱۹۸۱۱؛ بحار الانوار: ۶۳/ ۳۷۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۳۵۶ ح ۳۰۷۶۵ و ح ۳۰۷۷۸

[2] مرآۃ العقول: ۲۲/ ۱۱۰؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۳۰۳؛ مجمع الفائدۃ: ۱۱/ ۳۷۳؛ موسوعہ الفقہ الاسلامی: ۲۷/ ۴۵۲؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/ ۳۲۱؛ المناہل: ۶۷۵؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۸/ ۳۸۷؛ کشف اللثام: ۹/ ۳۰۳؛ مسالک الافہام: ۱۲/ ۱۳۹؛ جواہر الکلام: ۳۶/ ۴۵۳

[3] الکافی: ۶/ ۲۹۳ ح ۹؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۹۹ ح ۴۲۹؛ المحاسن: ۲/ ۴۳۹ ح ۲۹۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۳۵۶ ح ۳۰۷۶۶؛ الوافی: ۲۰/ ۴۷۴ ح ۱۹۸۰۱؛ بحار الانوار: ۶۳/ ۳۸۰؛ حلیۃ المتقین: ۱۱۶

[4] مرآۃ العقول: ۲۲/ ۱۰۸؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۲۹؛ کشف اللثام: ۹/ ۳۰۳؛ المحجۃ البیضاء: ۳/ ۱۲؛ جواہر الکلام: ۳۶/ ۴۵۲ و ۱۸/ ۵۹۶؛ المناہل: ۶۷۶؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۸/ ۳۸۸؛ مجمع الفائدۃ: ۱۱/ ۳۳۸؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/ ۳۲۲

ضمانت دیتا ہوں کہ وہ کھانا اس کو نقصان نہیں دے گا۔ چنانچہ ابن الکوا نے آپ علیہ السلام سے کہا: اے امیر المومنین علیہ السلام! میں نے گزشتہ رات کھانا کھایا اور اپر اللہ کا نام بھی لیا مگر پھر بھی اس نے مجھے اذیت دی؟ آپ علیہ السلام نے فرمایا: اے بیوقوف! شائد تونے کئی قسم کا کھانا کھایا ہے اور بعض پر اللہ کا نام لیا اور بعض پر نہیں لیا۔[1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔[2]

{2760} أَحْمَدُ بْنُ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِذَا أَرَدْتَ أَنْ تَأْخُذَ فِي حَاجَةٍ فَكُلْ كِسْرَةً بِمِلْحٍ فَهُوَ أَعَزُّ لَكَ وَ أَقْضَى لِلْحَاجَةِ.

۞ حماد بن عثمان سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب تم کسی کام کے لئے (گھر سے باہر) جانا چاہو تو نمک کے ساتھ روٹی کا ٹکڑا کھا لو کہ یہ بات تمہارے لئے عزت اور قضائے حاجب کا باعث ہے۔[3]

تحقیق:

حدیث حسن ہے چنانچہ اسے برقی[4] نے اس سند سے روایت کیا ہے: عن ابیہ[5] عن ابن ابی عمیر[6] عن حماد بن عثمان[7] عن ابی عبداللہ علیہ السلام۔

{2761} أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَرْقِيُّ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ يَزِيدَ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ أَبِيهِ فِي حَدِيثٍ قَالَ: يَأْكُلُ كُلُّ إِنْسَانٍ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَ لاَ يَتَنَاوَلُ مِنْ قُدَّامِ الْآخَرِ اَلْحَدِيثَ.

۞ امام جعفر صادق علیہ السلام نے اپنے والد بزرگوار علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ انہوں نے (ایک حدیث کے ضمن میں) فرمایا:

---

[1] الکافی: ۶/ ۲۹۵ ح ۱۸؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۵۵ ح ۳۲۵۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۳۶۲ ح ۳۰۷۸۰؛ المحاسن: ۲/ ۴۳۷ ح ۲۵۳؛ مکارم الاخلاق: ۱۴۲؛ الوافی: ۲۰/ ۴۷۶ ح ۱۹۸۰۹؛ مستدرک الوسائل: ۱۶/ ۲۸۰ ح ۱۹۸۸۳؛ دعائم الاسلام: ۲/ ۱۱۸ ح ۳۹۳؛ بحار الانوار: ۶۳/ ۳۶۹؛ طب الائمہ: ۶۰

[2] مرآۃ العقول: ۲۲/ ۱۱۰؛ فقہ الصادقؑ: ۲۶/ ۳۲۲

[3] المحاسن: ۲/ ۴۳۹ ح ۵۵۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۳۶۳ ح ۳۰۷۸۳؛ المحاسن: ۲/ ۵۹۸ ح ۳؛ بحار الانوار: ۶۳/ ۳۹۱؛ سلوۃ الحزین: ۱۴۰

[4] یعنی احمد بن محمد بن خالد البرقی ثقہ اور کامل الزیارات کے راوی ہے (دیکھئے: المفید من معجم رجال الحدیث: ۴۲)

[5] یعنی محمد بن خالد البرقی ثقہ اور تفسیر القمی کا راوی ہے (دیکھیے ایضاً: ۵۲۳)

[6] یعنی محمد بن ابی عمیر زیاد الازدی جلیل القدر، عظیم المنزلۃ اور ثقہ ہے۔ یہ اصحاب اجماع میں سے ہیں (دیکھیے: ایضاً: ۴۸۸) اور ان پر اجماع ہے کہ یہ ثقہ کے علاوہ کسی سے روایت ہی نہیں کرتے اور نہ ثقہ کے علاوہ کسی سے ارسال کرتے ہیں چنانچہ ان کی مراسیل کو مسانید شمار کیا جاتا ہے۔

[7] حماد بن عثمان الناب ثقہ جلیل القدر ہیں (دیکھیے: ایضاً: ۱۹۵)

ہر آدمی اپنے سامنے کی طرف سے کھائے گا اور دوسرے شخص کے آگے سے نہیں کھائے گا۔ [1]

تحقیق:

حدیث حسن کالصحیح ہے۔ اسے برقی نے اس سند سے روایت کیا ہے: عن یعقوب بن یزید [2] عن ابن ابی عمیر [3] عن ابی سلمہ [4] عن ابی عبداللہ علیہ السلام

نیز یہ کہ اس کے مطابق فتویٰ بھی موجود ہے۔ [5]

{2672} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ يَحْيَى عَنْ جَدِّهِ الْحَسَنِ بْنِ رَاشِدٍ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ: إِذَا أَكَلَ أَحَدُكُمْ طَعَاماً فَمَصَّ أَصَابِعَهُ الَّتِي أَكَلَ بِهَا قَالَ اللَّهُ عَزَّ وَ جَلَّ بَارَكَ اللَّهُ فِيكَ.

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے جو بھی کھانا کھائے تو جن انگلیوں سے اس نے کھانا کھایا ہو انہیں چاٹے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اللہ نے تمہارے منہ میں برکت عطا فرمائی۔ [6]

تحقیق:

شیخ محسنی نے حدیث کو احادیث معتبرہ میں شمار کیا ہے۔ [7]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث ضعیف ہے۔ [8]

{2763} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي هَاشِمٍ عَنْ أَبِي

---

[1] المحاسن: ۲/ ۴۴۸ ح ۵۰۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۳۷۰ ح ۳۰۸۰۵؛ بحار الانوار: ۶۳/ ۴۱۸؛ الفصول المہمہ: ۲/ ۴۳۹؛ الکافی: ۶/ ۲۹۲ ح ۳؛ الوافی: ۲۰/ ۴۷۲ ح ۱۹۷۹۳

[2] یعقوب بن یزید بن حماد الانباری ثقہ صدوق ہے (دیکھیے: المفید من معجم رجال الحدیث: ۶۷۴)

[3] ابن ابی عمیر کے حالات گزشتہ حدیث کے تحت گزر چکے ہیں۔

[4] ابی سلمہ یعنی سالم بن مکرم بن عبداللہ ابوخدیجہ امام صادقؑ کے اصحاب میں سے ہیں اور ثقہ ہیں (دیکھیے: ایضاً ۲۴۲)

[5] توضیح المسائل آقا سیستانی: ۴۰۲ ف ۲۵۹۴ رقم ۷

[6] الکافی: ۶/ ۲۹۷ ح ۷؛ المحاسن: ۲/ ۴۴۳ ح ۳۱۵؛ الوافی: ۲۰/ ۴۸۷ ح ۱۹۸۳۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۳۷۰ ح ۳۰۸۰۷؛ بحار الانوار: ۶۳/ ۴۰۵؛ مستدرک الوسائل: ۱۶/ ۲۸۵ ح ۱۹۹۰۰؛ الخصال: ۲/ ۶۱۰؛ تحف العقول: ۱۰۰؛ مستدرک سفینۃ البحار: ۹/ ۲۵۸؛ مسند الامام الصادقؑ: ۱۷/ ۲۳۰

[7] معجم الاحادیث المعتبرۃ: ۷/ ۴۶۷ ح ۹۶۱۳

[8] مراۃ العقول: ۲۲/ ۱۱۳

خَدِيجَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ : أَنَّهُ كَانَ يَجْلِسُ جِلْسَةَ الْعَبْدِ وَ يَضَعُ يَدَهُ عَلَى الْأَرْضِ وَ يَأْكُلُ بِثَلاَثِ أَصَابِعَ وَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ كَانَ يَأْكُلُ هَكَذَا لَيْسَ كَمَا يَفْعَلُ الْجَبَّارُونَ أَحَدُهُمْ يَأْكُلُ بِإِصْبَعَيْهِ.

❂ ابوخدیجہ سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام غلاموں کی طرح بیٹھتے تھے اور تین انگلیوں سے تناول فرماتے تھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی اسی طرح تناول فرماتے تھے۔ ظالموں کی طرح نہیں کہ ان میں سے ہر ایک اپنی دو انگلیوں سے کھاتا ہے۔ [1]

تحقیق:

شیخ آصف محسنی نے حدیث کو احادیث معتبرہ میں شمار کیا ہے۔ [2]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث مختلف فیہ ہے۔ [3]

{2764} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عِيسَى عَنْ سَمَاعَةَ بْنِ مِهْرَانَ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الصَّلاَةِ تَحْضُرُ وَ قَدْ وُضِعَ الطَّعَامُ قَالَ إِنْ كَانَ فِي أَوَّلِ الْوَقْتِ يَبْدَأُ بِالطَّعَامِ وَ إِنْ كَانَ قَدْ مَضَى شَيْءٌ مِنَ الْوَقْتِ خَافَ تَأْخِيرَهُ فَلْيَبْدَأْ بِالصَّلاَةِ.

❂ سماعہ بن مہران سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ادھر نماز کا وقت داخل ہوتا ہے اور ادھر کھانا بھی لگا دیا جاتا ہے تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر نماز کا اوّل وقت ہے تو پھر پہلے کھانا کھاؤ اور اگر نماز کا کچھ وقت گزر چکا ہو اور اس کی تاخیر کا خوف ہو تو پھر پہلے نماز پڑھو۔ [4]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [5]

{2765} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ مُعَمَّرِ بْنِ خَلاَّدٍ قَالَ سَمِعْتُ

---

[1] الکافی: ۶/۲۹۷ ح ۶؛ الوافی: ۲۰/۸۶ ۳ ح ۱۹۸۳۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۲۷ ۳ ح ۳۰۸۱۱؛ بحارالانوار: ۶۳/۳۱۴

[2] معجم الاحادیث المعتبرۃ: ۷/۵۵ ۳ ح ۹۵۷

[3] مرآۃ العقول: ۲۲/۱۱۳

[4] تہذیب الاحکام: ۹/۱۰۰ ح ۴۳۳؛ المحاسن: ۲/۴۲۳ ح ۲۱۲؛ الکافی: ۶/۲۹۸ ح ۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۳۷۳ ح ۳۰۸۱۵؛ الوافی: ۲۰/۵۵۱ ح ۱۹۹۹؛ بحارالانوار: ۶۳/۴۲۷

[5] ملاذ الاخیار: ۱۴/۳۳۱

اَلرِّضَا عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ يَقُولُ: مَنْ أَكَلَ فِي مَنْزِلِهِ طَعَاماً فَسَقَطَ مِنْهُ شَيْءٌ فَلْيَتَنَاوَلْهُ وَ مَنْ أَكَلَ فِي ٱلصَّحْرَاءِ أَوْ خَارِجاً فَلْيَتْرُكْهُ لِطَائِرٍ أَوْ سَبُعٍ.

معمر بن خلاد سے روایت ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا، آپ علیہ السلام فرما رہے تھے: جو شخص اپنے گھر میں کھانا کھائے اور اس سے کوئی چیز گر جائے تو اسے اٹھا کر کھا لے اور جو شخص صحرا میں یا گھر سے باہر کھانا کھائے تو اسے پرندوں اور درندوں کے لئے چھوڑ دے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{2766} مُحَمَّدُ بْنُ ٱلْحَسَنِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي نَصْرٍ عَنِ ٱلرِّضَا عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ قَالَ: إِذَا أَكَلْتَ فَٱسْتَلْقِ عَلَى قَفَاكَ وَ ضَعْ رِجْلَكَ ٱلْيُمْنَى عَلَى ٱلْيُسْرَى.

محمد بن ابونصر سے روایت ہے کہ امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا: جب کھانا کھا چکو تو چت (پیٹھ کے بل) لیٹ جاؤ اور دایاں پاؤں بائیں پر رکھو۔[3]

تحقیق:

حدیث ضعیف (علی المشہور) ہے[4] لیکن میرے نزدیک حدیث موثق ہے کیونکہ سہل بن زیاد تحقیق سے ثقہ ثابت ہے اور یہ تفسیر قمی اور کامل الزیارات کا راوی بھی ہے۔ چونکہ یہ امامی نہیں ہے اس لئے اس کی احادیث کو موثق شمار کیا گیا ہے اور بعض کا خیال ہے کہ سہیل امامی ثابت ہے لہٰذا وہ سند میں اس کی موجودگی کے باوجود حدیث کو صحیح قرار دیتے ہیں۔[5] اور اسی مضمون کی ایک حدیث المحاسن میں بھی ہے[6] جس کی سند صحیح ہے کیونکہ البزنطی کا ارسال قادح نہیں ہوتا۔ نیز اسی کے مطابق فتویٰ بھی موجود ہے۔[7]

---

[1] الکافی: ۶/۳۰۰ ح ۸ و ۲۹۵ ح ۵؛ المحاسن: ۲/۴۴۵ ح ۳۲۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۳۷۵ ح ۳۰۸۱۹؛ الفصول المہمہ: ۲/۴۴۰؛ بحار الانوار: ۶۳/۴۲۹

[2] مرآۃ العقول: ۲۲/۱۱۸ و ۱۱۵

[3] تہذیب الاحکام: ۹/۱۰۰ ح ۴۳۵؛ الکافی: ۶/۲۹۹ ح ۲۱؛ الوافی: ۲۰/۴۹۰ ح ۱۹۸۴۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۳۷۶ ح ۳۰۸۲۲؛ مکارم الاخلاق: ۱۴۷

[4] ملاذ الاخیار: ۱۴/۳۳۲؛ مرآۃ العقول: ۲۲/۱۱۶

[5] التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۸/۲۱۰؛ مہذب الاحکام: ۲۵/۲۳۳؛ سند العروۃ (النکاح): ۳/۲۲۳؛ مدارک العروۃ: ۲۲/۳۸۳؛ الانوار اللوامع: ۱۰/۳۹۱؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۳/۳۳۹

[6] المحاسن: ۲/۴۳۹ ح ۲۵۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۳۷۷ ح ۳۰۸۲۴

[7] توضیح المسائل آغا سیستانی: ۴۰۳ ف ۲۵۹۴ رقم ۱۲

{2767} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ يَحْيَى عَنْ جَدِّهِ الْحَسَنِ بْنِ رَاشِدٍ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ : كُلُوا مَا يَسْقُطُ مِنَ الْخِوَانِ فَإِنَّهُ شِفَاءٌ مِنْ كُلِّ دَاءٍ بِإِذْنِ اللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ لِمَنْ أَرَادَ أَنْ يَسْتَشْفِيَ بِهِ.

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: دستر خوان سے جو (ٹکڑا وغیرہ) گرتا ہے اس کو (اٹھا کر) کھاؤ کیونکہ اس میں اللہ کے اذن سے ہر بیماری کے لئے شفا ہے اس شخص کے لئے جو اس سے شفا حاصل کرنا چاہے۔[1]

تحقیق:

شیخ آصف محسنی نے حدیث کو احادیث معتبرہ میں ذکر کیا ہے۔[2]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث ضعیف ہے۔[3]

{2768} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ يُونُسَ عَنْ أَبِي الْحَسَنِ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ تَقْطَعُوا الْخُبْزَ بِالسِّكِّينِ وَ لَكِنِ اكْسِرُوهُ بِالْيَدِ وَ خَالِفُوا الْعَجَمَ.

یونس سے روایت ہے کہ امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا: روٹی کو چھری سے مت کاٹو بلکہ اسے ہاتھ سے توڑو اور عجم کی مخالفت کرو۔[4]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[5]

{2769} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ يَقْطِينٍ قَالَ قَالَ أَبُو الْحَسَنِ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ: صَغِّرُوا رُغْفَانَكُمْ فَإِنَّ مَعَ كُلِّ رَغِيفٍ بَرَكَةً وَ قَالَ يَعْقُوبُ بْنُ يَقْطِينٍ رَأَيْتُ أَبَا الْحَسَنِ يَعْنِي الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ يَكْسِرُ الرَّغِيفَ إِلَى

---

[1] الکافی: ۶/ ۲۹۹ ح ۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۳۷۸ ح ۳۰۸۲۹؛ المحاسن: ۲/ ۴۴۳ ح ۳۲۳؛ الوافی: ۲۰/ ۵۰۳ ح ۱۹۸۸۵؛ الفصول المہمہ: ۳/ ۳۶؛ بحارالانوار: ۶۳/ ۴۳۳؛ مستدرک الوسائل: ۱۶/ ۲۹۱ ح ۱۹۹۲۰؛ الخصال: ۲/ ۶۱۰؛ تحف العقول: ۱۰۰؛ مستدرک سفینۃ البحار: ۱/ ۱۵۸

[2] معجم الاحادیث المعتبرۃ: ۷/ ۳۶۷ ح ۶۹۱۵

[3] مرآۃ العقول: ۲۲/ ۱۱۷

[4] الکافی: ۶/ ۳۰۴ ح ۱۴؛ المحاسن: ۲/ ۵۸۹ ح ۹۲؛ الوافی: ۲۰/ ۴۷۰ ح ۲۰۳۷۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۳۹۳ ح ۳۰۸۶۱؛ بحارالانوار: ۶۳/ ۲۷۰

[5] مرآۃ العقول: ۲۲/ ۱۲۲؛ حدود الشریعہ: ۱/ ۵۷۹

فَوْقُ.

۞ امام علی رضا علیہ السلام سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اپنی روٹیاں چھوٹی چھوٹی بناؤ کیونکہ ہر روٹی کے ساتھ برکت ہوتی ہے اور یعقوب بن یقطین کا بیان ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام کو دیکھا کہ وہ روٹی کو اوپر سے توڑتے تھے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2770} مُحَمَّدُ بْنُ إِدْرِيسَ عَنْ جَامِعِ ٱلْبَزَنْطِيِّ قَالَ: سُئِلَ أَبُو ٱلْحَسَنِ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ عَنِ ٱلسَّفِلَةِ فَقَالَ ٱلَّذِي يَأْكُلُ فِي ٱلْأَسْوَاقِ.

۞ محمد بن ادریس نے جامع البزنطی سے نقل کیا ہے کہ امام علی رضا علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ سفلہ کون ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جو بازار میں کھانا کھاتا ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2771} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ ٱللَّهِ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ قَالَ: اَللَّحْمُ يُنْبِتُ ٱللَّحْمَ وَ مَنْ تَرَكَ ٱللَّحْمَ أَرْبَعِينَ يَوْماً سَاءَ خُلُقُهُ وَ مَنْ سَاءَ خُلُقُهُ فَأَذِّنُوا فِي أُذُنِهِ.

۞ ہشام بن سالم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: گوشت گوشت کو اگاتا ہے اور جو چالیس دن تک گوشت نہ کھائے اس کا اخلاق بگڑ جاتا ہے اور جس کا اخلاق بگڑ جائے تو اس کے کان میں اذان کہو۔ [5]

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔ [6]

---

[1] الکافی: ۶/ ۳۰۳ ح ۸؛ الوافی: ۱۹/ ۲۷۱ ح ۱۹۳۸۱؛ بحارالانوار: ۶۳/ ۲۷۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۳۹۴ ح ۳۰۸۶۹ و ۳۰۸۷

[2] مرآۃ العقول: ۲۲/ ۱۲۱

[3] السرائر: ۳/ ۵۷۶؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۳۹۵ ح ۳۰۸۷۲؛ بحارالانوار: ۷۲/ ۳۰۱؛ مستدرک الوسائل: ۱۳/ ۲۶۹ ح ۱۵۳۲۱؛ مستدرک سفینۃ البحار: ۱/ ۱۵۷؛

[4] مصباح المنہاج (التجارۃ): ۲/ ۱۶

[5] الکافی: ۶/ ۳۰۹ ح ۱؛ المحاسن: ۲/ ۴۶۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۳۹۵ ح ۳۰۸۷۴ و ۲۵/ ۴۰ ح ۳۱۱۰۶؛ بحارالانوار: ۶۳/ ۶۷ و ۸۱/ ۵۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۱/ ۲۹۹ ح ۹۱۲ (مختصراً)؛ مکارم الاخلاق: ۲۲۸؛ الوافی: ۱۹/ ۲۸۶ ح ۱۹۴۱۹؛ حلیۃ المتقین: ۱۲۴؛ مسند الامام الصادقؑ: ۱۷/ ۲۸۰

[6] مرآۃ العقول: ۲۲/ ۱۲۹

{2772} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عِيسَى عَنْ حَرِيزٍ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ : أَنَّ رَسُولَ ٱللَّهِ صَلَّى ٱللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ نَهَى أَنْ يُؤْكَلَ ٱللَّحْمُ غَرِيضاً وَ قَالَ إِنَّمَا تَأْكُلُهُ ٱلسِّبَاعُ وَلَكِنْ حَتَّى تُغَيِّرَهُ ٱلشَّمْسُ أَوِ ٱلنَّارُ.

✿ زرارہ سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تازہ (یعنی کچا) گوشت کھانے کی ممانعت فرمائی ہے جب تک کہ اسے سورج یا آگ متغیر نہ کردے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔[2]

{2773} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ ٱللَّهِ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ ٱللَّهِ صَلَّى ٱللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ لِعَلِيٍّ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ يَا عَلِيُّ اِفْتَتِحْ طَعَامَكَ بِالْمِلْحِ وَ اِخْتِمْ بِالْمِلْحِ فَإِنَّ مَنِ افْتَتَحَ طَعَامَهُ بِالْمِلْحِ وَ خَتَمَ بِالْمِلْحِ عُوفِيَ مِنِ اثْنَيْنِ وَ سَبْعِينَ نَوْعاً مِنْ أَنْوَاعِ ٱلْبَلاَءِ مِنْهُ ٱلْجُذَامُ وَ ٱلْجُنُونُ وَ ٱلْبَرَصُ.

✿ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام سے فرمایا: یا علی علیہ السلام! اپنے کھانے کی ابتدا بھی نمک سے کرو اور اختتام بھی نمک سے کرو پس جو اپنے کھانی ابتدا بھی نمک سے کرے اور اختتام بھی نمک سے کرے تو اسے بہت قسم کی بلاؤں سے نجات حاصل ہوتی ہے جن میں جذام، جنون اور برص بھی ہیں۔[3]

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔[4]

{2774} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ وَهْبِ بْنِ عَبْدِ رَبِّهِ قَالَ: رَأَيْتُ أَبَا عَبْدِ ٱللَّهِ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ يَتَخَلَّلُ فَنَظَرْتُ إِلَيْهِ فَقَالَ إِنَّ رَسُولَ ٱللَّهِ صَلَّى ٱللَّهُ عَلَيْهِ

---

[1] الکافی: ۶/ ۳۱۳ ح ۱؛ المحاسن: ۲/ ۴۷۰ ح ۴۶۱؛ الوافی: ۱۹/ ۲۹۵ ح ۱۹۴۳۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۳۹۶ ح ۳۰۸۷۲؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۲۲۱ ح ۳۱۶؛ بحار الانوار: ۶۳/ ۷۱؛ حلیۃ المتقین: ۱۲۶

[2] مہذب الاحکام: ۲۳/ ۱۴۹؛ حدود الشریعہ: ۱/ ۸۶؛ مرآۃ العقول: ۲۲/ ۱۳۶

[3] الکافی: ۶/ ۳۲۶ ح ۲؛ المحاسن: ۲/ ۵۹۳ ح ۱۰۸؛ الوافی: ۱۹/ ۳۱۹ ح ۱۹۴۹۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۴۰۳ ح ۳۰۸۹۵؛ بحار الانوار: ۶۳/ ۳۹۸؛ حلیۃ المتقین: ۱۰۹؛ مسند الامام الصادقؑ: ۱۷/ ۳۸۹

[4] مرآۃ العقول: ۲۲/ ۱۵۴

وَ آلِهِ كَانَ يَتَخَلَّلُ وَ هُوَ يُطَيِّبُ ٱلْفَمَ.

۞ وھب بن عبدربہ سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کو خلال (Toothpick) کرتے دیکھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خلال فرمایا کرتے تھے اور یہ کام منہ کو خوشبودار بناتا ہے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{2775} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنِ ابْنِ سِنَانٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ ٱللَّهِ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ قَالَ: أَمَّا مَا يَكُونُ عَلَى ٱللِّثَةِ فَكُلْهُ وَ ٱزْدَرِدْهُ وَ مَا كَانَ بَيْنَ ٱلْأَسْنَانِ فَارْمِ بِهِ.

۞ ابن سنان سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو (ذرات) مسوڑوں میں ہوں انہیں نگل جاؤ اور جو دانتوں میں ہوں ان کو پھینک دو۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[4]

{2776} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ ٱلْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ ٱلْكَرْخِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ ٱللَّهِ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ عَنْ آبَائِهِ عَلَيْهِمُ ٱلسَّلاَمُ قَالَ قَالَ ٱلْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ: فِي ٱلْمَائِدَةِ ٱثْنَتَا عَشْرَةَ خَصْلَةً يَجِبُ عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ أَنْ يَعْرِفَهَا أَرْبَعٌ مِنْهَا فَرْضٌ وَ أَرْبَعٌ سُنَّةٌ وَ أَرْبَعٌ تَأْدِيبٌ فَأَمَّا ٱلْفَرْضُ فَالْمَعْرِفَةُ وَ ٱلرِّضَا وَ ٱلتَّسْمِيَةُ وَ ٱلشُّكْرُ وَ أَمَّا ٱلسُّنَّةُ فَالْوُضُوءُ قَبْلَ ٱلطَّعَامِ وَ ٱلْجُلُوسُ عَلَى ٱلْجَانِبِ ٱلْأَيْسَرِ وَ ٱلْأَكْلُ بِثَلاَثِ أَصَابِعَ وَ لَعْقُ ٱلْأَصَابِعِ وَ أَمَّا ٱلتَّأْدِيبُ فَالْأَكْلُ مِمَّا يَلِيكَ وَ تَصْغِيرُ ٱللُّقْمَةِ وَ تَجْوِيدُ ٱلْمَضْغِ وَ قِلَّةُ ٱلنَّظَرِ فِي وُجُوهِ ٱلنَّاسِ.

۞ امام حسن بن علی علیہ السلام نے فرمایا: دسترخوان کے بارہ خصائل (آداب) ہیں جن کا جاننا ہر مسلمان پر واجب ہے ان میں سے چار فرض ہیں اور چار سنت ہیں اور چار صرف ادب ہیں پس جو چار فرض ہیں وہ یہ ہیں: (حلال وحرام کی) معرفت،

---

[1] الکافی: ۶/ ۳۷۶ ح ۳؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۳۵۷ ح ۴۲۶۰؛ الوافی: ۲۰/ ۵۳۵ ح ۱۹۹۷۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۴۲۰ ح ۳۰۹۴۸؛ المحاسن: ۲/ ۵۵۹ ح ۹۳۱؛ مکارم الاخلاق: ۱۵۲؛ عوالم العلوم: ۲۰/ ۱۷۵؛ بحارالانوار: ۶۳/ ۴۳۹

[2] مرآۃ العقول: ۲۲/ ۲۲۳؛ روضۃ المتقین: ۷/ ۵۳۹

[3] الکافی: ۶/ ۳۷۷ ح ۲؛ المحاسن: ۲/ ۵۵۹ ح ۹۳۶؛ الوافی: ۲۰/ ۵۳۸ ح ۱۹۹۸۶؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۴۲۵ ح ۳۰۹۶۶؛ بحارالانوار: ۶۳/ ۴۰۸

[4] مرآۃ العقول: ۲۲/ ۲۲۵؛ مستند الشیعہ: ۱۵/ ۲۵۰

راضی (برضا خدا) رہنا، بسم اللہ پڑھنا اور شکر ادا کرنا۔

اور جو سنت ہیں وہ یہ ہیں: کھانے سے پہلے ہاتھ دھونا، (تیز بان کی) بائیں جانب بیٹھنا، تین انگلیوں سے کھانا اور انگلیوں کو چاٹنا اور جو ادب ہیں وہ یہ ہیں: اپنی جانب سے کھانا، لقمہ چھوٹا بنانا، لقمہ اچھی طرح چبانا اور لوگوں کے منہ کو کم دیکھنا۔ ①

تحقیق:

حدیث قوی کالصحیح ہے۔ ②

{2777} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ فَضَّالٍ عَنْ بَعْضِ أَصْحَابِنَا عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: مَا عَذَّبَ اللَّهُ عَزَّ وَ جَلَّ قَوْماً قَطُّ وَ هُمْ يَأْكُلُونَ وَ إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَ جَلَّ أَكْرَمُ مِنْ أَنْ يَرْزُقَهُمْ شَيْئاً ثُمَّ يُعَذِّبَهُمْ عَلَيْهِ حَتَّى يَفْرُغُوا مِنْهُ.

۞ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب کوئی قوم کھانا کھا رہی ہو تو (اس دوران) خدا اس پر کبھی عذاب نازل نہیں کرتا کیونکہ اللہ تعالیٰ اس سے کہیں اجل و اکرم ہے کہ انہیں کھانے کے لئے رزق دے اور پھر ان کو (کھانا کھانے کے دوران) عذاب کرے جب تک فارغ نہ ہو جائیں۔ ③

تحقیق:

حدیث مرسل ہے ④ لیکن اس کے مطابق فتویٰ موجود ہے۔ ⑤

قول مؤلف:

میرے نزدیک حدیث حسن ہے اور اس میں سال قادح نہیں ہے کیونکہ جب سند بنوفضال تک صحیح پہنچ جائے تو اس کے بعد ارسال یا ضعف معنی نہیں رکھتا اور اس کی وجہ امام حسن عسکری علیہ السلام کی وہ حدیث ہے جس میں آپ علیہ السلام نے فرمایا: بنوفضال جو کچھ روایت کریں وہ لے لو اور جو رائے دیں اسے چھوڑ دو۔ ⑥ اس قاعدے پر علمائے کرام نے عمل کیا ہے اور اس کی تفصیل

---

① من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۷۸؛ الخصال: ۲/۸۵۳ باب ۱۲؛ روضۃ الواعظین: ۲/۳۱۱؛ الآداب الدینیہ: ۸۷؛ مکارم الاخلاق: ۱۴۱؛ سلوۃ الحزین: ۱۳۷؛ اقبال الاعمال: ۱/۱۱۲؛ الامان فی اخطار الاسفار: ۵۹؛ الوافی: ۲۰/۸۷۴ ح ۱۹۸۱۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۴۳۱ ح ۳۰۹۸۴؛ بحار الانوار: ۹۳/۳۱۳ و ۹/۹۵؛ عوالم العلوم: ۱۱/۹۲۰؛ مسند الامام المجتبیٰ: ۶۹۹؛ حلیۃ المتقین: ۱۰۲

② روضۃ المتقین: ۷/۵۶۹

③ الکافی: ۶/۲۷۴ ح ۱؛ الوافی: ۲۰/۵۲۵ ح ۱۹۹۳۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۲۶۶ ح ۳۰۵۰۸؛ بحار الانوار: ۶۳/۳۱۷

④ مرآۃ العقول: ۲۲/۸۷

⑤ توضیح المسائل آغا سیستانی: ۴۰۳ ف ۲۵۹۴ رقم ۹

⑥ غیبۃ طوسی (ترجمہ از مؤلف): ۵۶۷ ح ۵۵۳ (مطبوعہ تراب پبلیکیشنز لاہور)؛ وسائل الشیعہ: ۲۷/۱۰۲ و ۱۴۲؛ الفصول المہمہ: ۱/۵۹۴؛ تہذیب الاصول خمینی: ۳/۱۶۸؛ تنقیح المقال: ۵/۳۴۶؛ مستدرک سفینۃ البحار: ۷/۲۰۳؛ بحار الانوار: ۲/۲۵۲ و ۵۱/۳۵۸؛ عوالم العلوم: ۳/۵۲۳؛ الوافی (ترجمہ از مؤلف): ۱/۸۲

کتاب الوافی مترجم جلد اول کے مقدمے میں دیکھی جا سکتی ہے۔[1]

{2778} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ: قَالَ رَجُلٌ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ إِنَّا نَجِدُ لِطَعَامِ الْعُرْسِ رَائِحَةً لَيْسَتْ بِرَائِحَةِ غَيْرِهِ فَقَالَ لَهُ مَا مِنْ عُرْسٍ يَكُونُ يُنْحَرُ فِيهِ جَزُورٌ أَوْ تُذْبَحُ بَقَرَةٌ أَوْ شَاةٌ إِلاَّ بَعَثَ اللَّهُ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى مَلَكاً مَعَهُ قِيرَاطٌ مِنْ مِسْكِ الْجَنَّةِ حَتَّى يُدِيفَهُ فِي طَعَامِهِمْ فَتِلْكَ الرَّائِحَةُ الَّتِي تُشَمُّ لِذَلِكَ.

معاویہ بن عمار سے روایت ہے کہ ایک شخص نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ ہم شادی والے کھانے میں ایسی خوشبو محسوس کرتے ہیں جو دوسرے کھانوں میں نہیں ہوتی؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب بھی کسی عروسی کے موقع پر کوئی اونٹ نحر کیا جائے یا کوئی گائے ذبح کی جائے تو اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ کو اتارتا ہے جس کے پاس کستوری کا ایک قیراط ہوتا ہے جو ان لوگوں کے طعام میں انڈیل دیتا ہے پس یہ خوشبو اسی کی وجہ سے ہے۔[2]

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔[3]

﴿وہ باتیں جو کھانا کھاتے وقت مذموم ہیں﴾

قول مؤلف:

کھانا کھاتے وقت چند باتیں مذموم شمار کی گئی ہیں۔[4]

{2779} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ زِيَادٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَمَاعَةَ عَنْ وُهَيْبِ بْنِ حَفْصٍ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: قَالَ لِي يَا أَبَا مُحَمَّدٍ إِنَّ الْبَطْنَ لَيَطْغَى مِنْ أَكْلِهِ وَ أَقْرَبُ مَا يَكُونُ الْعَبْدُ مِنَ اللَّهِ جَلَّ وَ عَزَّ إِذَا خَفَّ بَطْنُهُ وَ أَبْغَضُ مَا يَكُونُ الْعَبْدُ إِلَى اللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ إِذَا امْتَلَأَ بَطْنُهُ.

ابو بصیر سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے مجھ سے فرمایا: اے ابو محمد! پیٹ اپنے کھانے کی وجہ سے طاغوت بن جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے قریب ترین اور عزیز ترین بندہ تب ہوتا ہے جب اس کا پیٹ ہلکا پھلکا (یعنی بھوکا) ہو اور اللہ تعالیٰ

---

[1] الوافی فیض کاشانی (ترجمہ از مؤلف کتاب ھذا) ۱/۸۱ مطبوعہ مکتبہ احیاء الحدیث الامامیہ لاہور

[2] الکافی: ۶/۲۸۱ ح ۵؛ الوافی: ۲۰/۵۳۰ ح ۱۹۹۵۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۳۰۷ ح ۳۰۶۲۱؛ موسوعہ الشہید الاول: ۱۱/۳۱؛ مسند الامام الصادقؑ: ۱۷/۲۱۹

[3] مرآۃ العقول: ۲۲/۹۱

[4] توضیح المسائل آغا سیستانی: ۴۰۳

کے نزدیک مبغوض ترین بندہ تب ہوتا ہے جب اس کا پیٹ (زیادہ کھانے کی وجہ سے) پھولا ہوا ہو۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق کالصحیح یا موثق ہے۔ [2]

{2780} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عِيسَى عَنْ سَمَاعَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ الرَّجُلِ يَأْكُلُ بِشِمَالِهِ أَوْ يَشْرَبُ بِهَا فَقَالَ لاَ يَأْكُلُ بِشِمَالِهِ وَلاَ يَشْرَبُ بِشِمَالِهِ وَلاَ يَتَنَاوَلُ بِهَا شَيْئاً.

✪ سماعہ سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق ع سے پوچھا کہ ایک شخص بائیں ہاتھ سے کھاتا ہے اور اسی سے پیتا ہے تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہ بائیں ہاتھ سے کھائے اور نہ بائیں ہاتھ سے پیئے اور نہ ہی اس سے کوئی چیز پکڑے۔ [3]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [4]

{2781} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْمُغِيرَةِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ تَأْكُلْ وَأَنْتَ تَمْشِي إِلاَّ أَنْ تُضْطَرَّ إِلَى ذَلِكَ.

✪ عبداللہ بن سنان سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب تم چل رہے ہو کچھ مت کھاؤ مگر یہ کہ ایسا کرنے پر مضطر و مجبور ہو جاؤ۔ [5]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [6]

{2782} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ جَمِيلِ بْنِ دَرَّاجٍ عَنْ أَبِي

---

[1] الکافی: ۲۶۹/۶ ح ۴؛ المحاسن: ۴۴۶/۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۳۹/۲۴ ح ۳۰۴۳۱؛ الوافی: ۵۰۰/۲۰ ح ۱۹۸۷۲

[2] روضۃ المتقین: ۵۳۱/۷؛ مرآۃ العقول: ۲۲/۱۷

[3] الکافی: ۲۷۲/۶ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۹۳/۹ ح ۱۳۹؛ المحاسن: ۴۵۵/۲ ح ۳۸۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۵۸/۲۴ ح ۳۰۴۸۲؛ الوافی: ۳۸۶/۲۰ ح ۱۹۸۳۷؛ بحار الانوار: ۳۸۷/۶۳ و ۳۹۵؛ مستدرک الوسائل: ۲۲۹/۱۶

[4] مرآۃ العقول: ۷۷/۲۲؛ ملاذ الاخیار: ۳۱۹/۱۴

[5] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳۵۴/۳ ح ۴۲۴۷؛ مکارم الاخلاق: ۱۴۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۶۱/۲۴ ح ۳۰۴۹۳؛ الوافی: ۵۱۱/۲۰ ح ۱۹۹۱۱

[6] روضۃ المتقین: ۵۲۴/۷؛ مستند الشیعہ: ۲۶۲/۱۵

عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: اَلْمُؤْمِنُ لاَ يَحْتَشِمُ مِنْ أَخِيهِ وَ لاَ يُدْرَى أَيُّهُمَا أَعْجَبُ اَلَّذِي يُكَلِّفُ أَخَاهُ إِذَا دَخَلَ أَنْ يَتَكَلَّفَ لَهُ أَوِ اَلْمُتَكَلِّفُ لِأَخِيهِ.

❂ جمیل بن درج سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: مومن اپنے (مومن) بھائی سے شرم نہیں کرتا اور میں نہیں جانتا کہ ان دو شخصوں میں سے کون زیادہ قابل توجہ ہے: وہ جو اپنے بھائی کے پاس مہمان ہو تو اسے تکلیف دے کہ وہ اس کی خاطر تکلف کرے یا وہ جو خود اپنے بھائی کے لئے تکلف کرتا ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث حسن ہے [2] یا پھر صحیح ہے [3]

{2783} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ اِبْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ اَلْحَكَمِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: أَصْلُ خَرَابِ اَلْبَدَنِ تَرْكُ اَلْعَشَاءِ.

❂ ہشام بن حکم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: رات کا کھانا نہ کھانا بدن کی خرابی کی جڑ ہے۔ [4]

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔ [5]

{2784} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ اِبْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ بَعْضِ أَصْحَابِهِ عَنْ ذَرِيحٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: اَلشَّيْخُ لاَ يَدَعُ اَلْعَشَاءَ وَ لَوْ بِلُقْمَةٍ.

❂ ذریح سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: بزرگ آدمی رات کا کھانا ترک نہ کرے اگرچہ ایک لقمہ ہی کیوں نہ ہو۔ [6]

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔ [7]

---

[1] الکافی: ۲۷۶/۶ ح ۲؛ المحاسن: ۴۱۳/۲ ح ۱۶۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۷۵/۲۴ ح ۳۰۵۳۳؛ الوافی: ۵۱۷/۲۰ ح ۱۹۹۲۱؛ بحار الانوار: ۴۵۳/۷۲

[2] مرآۃ العقول: ۸۱/۲۲؛ المحجۃ البیضاء: ۲۹/۳ و ۲۳/۲

[3] مستدرک الشیعہ: ۲۶۳/۵

[4] الکافی: ۲۸۸/۶ ح ۲؛ المحاسن: ۴۲۱/۲؛ وسائل الشیعہ: ۳۲۸/۲۴ ح ۳۰۶۷۹؛ الوافی: ۵۰۸/۲۰ ح ۱۹۸۹۷؛ بحار الانوار: ۳۴۳/۶۳

[5] مرآۃ العقول: ۱۰۰/۲۲

[6] الکافی: ۲۸۹/۶ ح ۹؛ وسائل الشیعہ: ۳۳۳/۲۴ ح ۳۰۶۹۷؛ الوافی: ۵۰۹/۲۰ ح ۱۹۹۰۴؛ بحار الانوار: ۳۴۶/۶۳

[7] مرآۃ العقول: ۱۰۲/۲۲

{2785} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ مُرَازِمٍ قَالَ: رَأَيْتُ أَبَا الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ إِذَا تَوَضَّأَ قَبْلَ الطَّعَامِ لَمْ يَمَسَّ الْمِنْدِيلَ وَإِذَا تَوَضَّأَ بَعْدَ الطَّعَامِ مَسَّ الْمِنْدِيلَ.

۞ مرازم سے روایت ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کو دیکھا کہ آپ علیہ السلام جب کھانا کھانے سے پہلے ہاتھ دھوتے تھے تو تولیہ استعمال نہیں کرتے تھے اور جب کھانے کے بعد دھوتے تھے تو تولیہ استعمال کرتے تھے۔ [1]

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔ [2]

{2786} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ فَضَّالٍ عَنْ أَبِي الْمَغْرَاءِ عَنْ زَيْدٍ الشَّحَّامِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: أَنَّهُ كَرِهَ أَنْ يَمْسَحَ الرَّجُلُ يَدَهُ بِالْمِنْدِيلِ وَفِيهَا شَيْءٌ مِنَ الطَّعَامِ تَعْظِيماً لِلطَّعَامِ حَتَّى يَمَصَّهَا أَوْ يَكُونَ عَلَى جَنْبِهِ صَبِيٌّ يَمَصُّهَا.

۞ زید الشحام سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام کھانے کی تعظیم کے سبب اس بات سے کراہت فرماتے تھے کہ آدمی تولئے سے اپنے ہاتھ صاف کرے جبکہ اس میں کھانے میں سے کوئی چیز لگی ہوئی ہو یہاں تک کہ اسے خود چوس لے یا اس کے ساتھ بیٹھا ہوا بچہ اسے چوس لے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [4] یا پھر موثق ہے [5]

{2787} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ بُنْدَارَ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَنْ نُوحِ بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ نَادِرٍ الْخَادِمِ قَالَ: أَكَلَ الْغِلْمَانُ يَوْماً فَاكِهَةً فَلَمْ يَسْتَقْصُوا أَكْلَهَا وَرَمَوْا بِهَا فَقَالَ أَبُو الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ سُبْحَانَ اللَّهِ إِنْ كُنْتُمُ اسْتَغْنَيْتُمْ فَإِنَّ نَاساً لَمْ يَسْتَغْنُوا أَطْعِمُوهُ مَنْ يَحْتَاجُ إِلَيْهِ

۞ نادر الخادم سے روایت ہے کہ ایک دن غلاموں نے پھل کھائے اور ان کو پوری طرح نہیں کھایا اور پھینک دیا تو امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا: سبحان اللہ! اگر تمہیں ان کی حاجت نہیں رہی تو لوگوں کو تو ان کی حاجت ہے پس اسے کھلا دو جو

---

[1] الکافی: ۶/۲۹۱ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۹/۹۸ ح ۴۲۶؛ المحاسن: ۲/۴۲۸ ح ۲۴۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۳۴۳ ح ۳۰۷۳۰؛ الوافی: ۲۰/۳۶۸ ح ۸۸۷۴۹؛ مکارم الاخلاق: ۱۴۰؛ بحار الانوار: ۶۳/۳۶۰؛ عوالم العلوم: ۲۱/۲۰۶

[2] حدیث 2753 کی طرف رجوع کیجئے۔

[3] الکافی: ۶/۲۹۱ ح ۳؛ المحاسن: ۲/۴۲۹ ح ۲۴۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۳۴۴ ح ۳۰۷۳۲؛ الوافی: ۲۰/۳۶۸ ح ۸۹۷۴۹؛ بحار الانوار: ۶۳/۳۶۰ و ۴۰۵

[4] المحجۃ البیضاء: ۳/۱۷

[5] مرآۃ العقول: ۲۲/۱۰۵

اس کا محتاج ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث مجہول ہے [2] لیکن اسی کے مطابق فتویٰ موجود ہے کہ پھل پورا کھانے سے پہلے پھینک دینا مذموم باتوں میں سے ہے۔ [3]

{2788} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْوَشَّاءِ عَنِ الْمِيثَمِيِّ عَنْ أَبَانِ بْنِ تَغْلِبَ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: لاَ يُوضَعُ الرَّغِيفُ تَحْتَ الْقَصْعَةِ.

❁ ابان بن تغلب سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: روٹی کو پیالے کے نیچے مت رکھو [4]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [5]

{2789} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ فَضَّالٍ عَنِ ابْنِ الْقَدَّاحِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ بِطَعَامٍ حَارٍّ فَقَالَ إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ يُطْعِمْنَا النَّارَ نَحُّوهُ حَتَّى يَبْرُدَ فَتُرِكَ حَتَّى بَرَدَ.

❁ ابن قداح سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں گرم کھانا لایا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ہمیں آگ نہیں کھلاتا۔ اسے الگ کر دو یہاں تک کہ ٹھنڈا ہو جائے پس اسے نہیں کھایا گیا یہاں تک کہ ٹھنڈا ہو گیا۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [2]

---

[1] الکافی: ۶/۲۹۷ ح ۸؛ المحاسن: ۲/۴۴۳ ح ۳۰۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۴۲۷ ح ۳۰۸۱۳؛ الوافی: ۲۰/۴۸۷ ح ۱۹۸۴۳؛ بحار الانوار: ۶۳/۴۰۲؛ عوالم العلوم: ۲۲/۴۷ و ۲۱۰؛ مستدرک الوسائل: ۱۶/۲۸۷؛ دعائم الاسلام: ۲/۱۱۵

[2] مرآۃ العقول: ۲۲/۱۱۴

[3] توضیح المسائل آقا سیستانی: ۳۰۴ ف ۲۵۹۵ رقم ۱۱

[4] الکافی: ۶/۳۰۳ ح ۳؛ الوافی: ۱۹/۲۶۹ ح ۱۹۲۷۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۳۹۰ ح ۳۰۸۵۶؛ المحاسن: ۲/۵۸۹؛ مسند الامام الصادقؑ: ۱۷/۲۴۴

[5] مرآۃ العقول: ۲۲/۱۲۰؛ مستند الشیعہ: ۱۵/۲۶۴

[1] الکافی: ۶/۳۲۲ ح ۳؛ المحاسن: ۲/۴۰۶ ح ۱۱۵؛ الوافی: ۲۰/۴۹۲ ح ۱۹۸۵۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۳۹۸ ح ۳۰۸۸۰؛ بحار الانوار: ۶۳/۴۰۲

[2] مرآۃ العقول: ۲۲/۱۴۹

{2790} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى بْنِ عُبَيْدٍ الْيَقْطِينِيُّ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ يَحْيَى عَنْ جَدِّهِ الْحَسَنِ بْنِ رَاشِدٍ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ وَ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ جَدِّي عَنْ آبَائِهِ عَلَيْهِمُ السَّلاَمُ : أَنَّ أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ فِي حَدِيثِ الْأَرْبَعِمِائَةِ قَالَ: لاَ يَنْفُخْ فِي طَعَامِهِ وَلاَ فِي شَرَابِهِ.

امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: نہ اپنے کھانے میں پھونک مارو اور نہ اپنے پینے میں۔ [1]

تحقیق:

شیخ آصف محسنی سے حدیث کو احادیث معتبرۃ میں شمار کیا ہے۔ [2]

{2791} عَنْ أَبِيهِ قَالَ: صَنَعَ لَنَا أَبُو حَمْزَةَ طَعَاماً وَ نَحْنُ جَمَاعَةٌ فَلَمَّا حَضَرْنَا رَأَى رَجُلاً يَنْهَكُ عَظْماً فَصَاحَ بِهِ فَقَالَ لاَ تَفْعَلْ فَإِنِّي سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ يَقُولُ لاَ تَنْهَكُوا الْعِظَامَ فَإِنَّ فِيهَا لِلْجِنِّ نَصِيباً وَإِنْ فَعَلْتُمْ ذَهَبَ مِنَ الْبَيْتِ مَا هُوَ خَيْرٌ مِنْ ذَلِكَ.

❁ محمد بن الہیثم نے اپنے باپ سے روایت کی ہے اس کا بیان ہے کہ ابوحمزہ نے ہمارے لئے کھانا بنایا اور ہم ایک گروہ تھے پس جب ہم کھانا کھانے کے لئے پہنچے تو ابوحمزہ نے ایک شخص کو دیکھا کہ وہ ہڈیوں کو بالکل صاف کر رہا ہے پس انہوں نے جلا کر اسے کہا ایسا مت کرو کیونکہ میں نے امام زین العابدین علیہ السلام سے سنا ہے، آپ علیہ السلام فرماتے ہیں: ہڈیوں کو بالکل صاف نہ کیا کرو کیونکہ اس میں جنات کا حصہ ہوتا ہے اور اگر تم نے ایسا کیا تو گھر سے وہ چیز چلی جائے گی جو اس سے بہتر ہوگی۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث ضعیف ہے۔ [5]

---

[1] الخصال: ۲/۶۱۰؛ تحف العقول: ۱۰۰؛ بحار الانوار: ۱۰/۸۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۵/۲۸ح ۳۱۰۷۷؛ بحار الانوار: ۶۳/۵۸، ۳۴۶و۷/۶۳، ۲۱۱۲و۸۲/۵/۱۳؛ مستدرک سفینۃ البحار: ۱۰/۱۰۹

[2] معجم الاحادیث المعتبرۃ: ۵/۹۰و۸/۵۴۷

[3] الکافی: ۶/۳۲۲ح۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۵۰ح ۴۲۳۰؛ المحاسن: ۲/۴۷۲ح ۴۶۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۴۰۲ح ۳۰۸۹۲؛ الوافی: ۲۰/۸۷۴ح ۱۹۸۳۶؛ بحار الانوار: ۶۳/۷۲؛ مستدرک الوسائل: ۱۶/۳۰۹ح ۱۹۹۷۹

[4] روضۃ المتقین: ۷/۵۰۱

[5] مرآۃ العقول: ۲۲/۱۳۹

{2792} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ ٱلْحُسَيْنِ قَالَ أَبِي رَحِمَهُ ٱللَّهُ قَالَ حَدَّثَنِي سَعْدُ بْنُ عَبْدِ ٱللَّهِ قَالَ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي عَبْدِ ٱللَّهِ ٱلْبَرْقِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ ٱلْقَاسِمِ ٱلْبَجَلِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ أَخِيهِ مُوسَى بْنِ جَعْفَرٍ عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ ٱلْقِرَانِ بَيْنَ ٱلتِّينِ وَ ٱلتَّمْرِ وَ سَائِرِ ٱلْفَوَاكِهِ قَالَ نَهَى رَسُولُ ٱللَّهِ صَلَّى ٱللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ عَنِ ٱلْقِرَانِ فَإِنْ كُنْتَ وَحْدَكَ فَكُلْ كَيْفَ أَحْبَبْتَ وَ إِنْ كُنْتَ مَعَ قَوْمٍ مُسْلِمِينَ فَلاَ تَقْرُنْ.

۞ علی بن جعفر علیہ السلام سے روایت ہے کہ میں نے اپنے بھائی امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ انجیر اور کھجور بلکہ تمام پھلوں کو ساتھ ساتھ ملا کر کھایا جاسکتا ہے؟ آپ علیہ السلام نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (مختلف پھلوں کو) ملا کر کھانے سے منع فرمایا ہے پس اگر اکیلے ہوتو جیسے جی چاہے کھاؤ اور اگر مسلمانوں کی ایک جماعت کے ساتھ ہوتو ملا کر مت کھاؤ۔[1]

تحقیق:

شیخ آصف محسنی نے حدیث کو احادیث معتبرہ میں شمار کیا ہے۔[2]

{2793} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ ٱلْقَدَّاحِ عَنْ أَبِي عَبْدِ ٱللَّهِ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ: أَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ تَقْشِيرَ ٱلثَّمَرَةِ.

۞ ابن قداح سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام پھلوں کے چھلکے اتارنے کو مکروہ جانتے تھے۔[3]

تحقیق:

حدیث ضعیف علی المشہور ہے[4] لیکن فتویٰ اسی کے مطابق موجود ہے کہ اس پھل کا چھلکا اتارنا ہے جو چھلکے کے ساتھ کھایا جاتا ہے مذموم باتوں میں سے ہے۔[5]

{2794} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي عَبْدِ ٱللَّهِ عَنِ ٱلْحُسَيْنِ بْنِ ٱلْمُنْذِرِ عَمَّنْ ذَكَرَهُ عَنْ فُرَاتِ بْنِ أَحْنَفَ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ ٱللَّهِ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ: إِنَّ لِكُلِّ ثَمَرَةٍ سَمّاً فَإِذَا أَتَيْتُمْ بِهَا فَمَسُّوهَا بِٱلْمَاءِ أَوِ اغْمِسُوهَا فِي ٱلْمَاءِ يَعْنِي اغْسِلُوهَا.

۞ فرات بن احنف کا روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ہر پھل پر زہر ہوتی ہے پس جب تم پھل لاؤ تو اسے

---

[1] علل الشرائع: ۲/۵۱۹ باب ۲۹۴ ح ۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/۳۰۰ ح ۳۰۹۸۲؛ بحار الانوار: ۶۳/۱۱۸؛ مستدرک الوسائل: ۱۶/۳۲۳ ح ۲۰۰۳۴

[2] معجم الاحادیث المعتبر ۃ: ۷/۳۷۴ ح ۹۴۰

[3] الکافی: ۶/۳۵۰ ح ۳؛ المحاسن: ۲/۵۵۶ ح ۹۱۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۵/۱۴۷ ح ۳۱۴۷۳؛ بحار الانوار: ۶۳/۱۱۸

[4] مرآۃ العقول: ۲۲/۱۸۸

[5] توضیح المسائل آغا سیستانی: ۴۰۳ ف ۲۵۹۵ رقم ۱۰

پانی سے ملویا پانی میں ڈبوو یعنی اسے دھوو۔ [1]

تحقیق:

حدیث ضعیف ہے۔ [2] لیکن اس کے مطابق فتوی موجود ہے کہ پھل کھانے سے پہلے دھولے۔ [3]

{2795} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْمُغِيرَةِ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ زَيْدٍ عَنْ بَعْضِ أَصْحَابِنَا قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ: أَكْرِمُوا الْخُبْزَ فَقِيلَ يَا رَسُولَ اللَّهِ وَمَا إِكْرَامُهُ قَالَ إِذَا وُضِعَ لَمْ يُنْتَظَرْ بِهِ غَيْرُهُ.

❂ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: روٹی کا اکرام کرو۔ عرض کیا گیا: یا رسول اللہ ﷺ! اکرام سے کیا مراد ہے؟ آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب اسے (دسترخوان پر) لگا دیا جائے تو کسی اور چیز کا انتظار نہ کیا جائے۔ [4]

تحقیق:

حدیث مرفوع ہے [5] لیکن اسی کے مطابق فتویٰ بھی موجود ہے کہ دسترخوان پر کھانا لگ جانے کے بعد کسی اور چیز کا منتظر ہونا مذموم باتوں میں سے ہے۔ [6]

{2796} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ النَّضْرِ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الصَّلْتِ عَنِ ابْنِ أَخِي شِهَابِ بْنِ عَبْدِ رَبِّهِ قَالَ: شَكَوْتُ إِلَى أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ مَا أَلْقَى مِنَ الْأَوْجَاعِ وَالتُّخَمِ فَقَالَ لِي تَغَدَّ وَتَعَشَّ وَلاَ تَأْكُلْ بَيْنَهُمَا شَيْئاً فَإِنَّ فِيهِ فَسَادَ الْبَدَنِ أَمَا سَمِعْتَ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُولُ: لَهُمْ رِزْقُهُمْ فِيهَا بُكْرَةً وَعَشِيًّا.

❂ شہاب بن عبدربہ کے بھتیجے سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اپنے دردوں اور بدہضمی کی شکایت کی تو آپ علیہ السلام نے مجھ سے فرمایا: صبح اور شام کا کھانا کھا اور ان کے درمیان کوئی چیز نہ کھا کیونکہ اس میں بدن کی خرابی ہے۔ کیا

---

[1] الکافی: ۶/ ۳۵۰ ح ۴؛ المحاسن: ۲/ ۵۵۶ ح ۹۱۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۵/ ۱۴۷ ح ۳۱۴۷۲؛ الفصول المہمہ: ۳/ ۱۰۵؛ الوافی: ۲۰/ ۴۸۷ ح ۱۹۸۳۵؛ بحارالانوار: ۶۳/ ۱۱۸؛ حلیۃ المتقین: ۱۳۷

[2] مرآۃ العقول: ۲۲/ ۱۸۸

[3] توضیح المسائل آغا سیستانی: ۴۰۳ ف ۲۵۹۴ رقم ۱۸

[4] الکافی: ۶/ ۳۰۳ ح ۵؛ الوافی: ۱۹/ ۲۶۹ ح ۱۹۳۰۷؛ بحارالانوار: ۶۳/ ۲۶۴؛ مستدرک الوسائل: ۱۶/ ۳۰۳ ح ۱۹۹۵۹؛ مکارم الاخلاق: ۱۵۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۳۹۴ ح ۳۰۸۶۲

[5] مرآۃ العقول: ۲۲/ ۱۲۱

[6] توضیح المسائل آغا سیستانی: ۴۰۳ ف ۲۵۹۵ رقم ۲

تو نے اللہ تعالیٰ کا قول نہیں سنا کہ: "ان کے لئے اس میں ذبح و شام کا رزق ہے (مریم: ٦٢)"[1]

تحقیق:

حدیث مجہول ہے[2] لیکن اس کے مطابق فتویٰ موجود ہے کہ مستحب باتوں میں سے ہے کہ دن اور رات کی ابتدا میں کھانا کھائے اور دن کے درمیان میں ارر رات کے درمیان میں نہ کھائے۔[3]

﴿پانی پینے کے آداب﴾

{2797} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْأَشْعَرِيِّ عَنِ ابْنِ الْقَدَّاحِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ: مَصُّوا الْمَاءَ مَصّاً وَ لاَ تَعُبُّوهُ عَبّاً فَإِنَّهُ يُوجَدُ مِنْهُ الْكُبَادُ.

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پانی کو چوس چوس کر پیو اور اسے جانوروں کی منہ لگا کر مت پیو کیونکہ اس سے درد جگر پیدا ہوتا ہے۔[4]

تحقیق:

حدیث ضعیف علی المشہور ہے[5] لیکن اس کے مطابق فتویٰ بھی موجود ہے[6]

{2798} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّوْفَلِيِّ عَنِ السَّكُونِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: شُرْبُ الْمَاءِ مِنْ قِيَامٍ بِالنَّهَارِ أَقْوَى وَ أَصَحُّ لِلْبَدَنِ.

سکونی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: دن کے وقت کھڑے ہو کر پانی پینا بدن کے لئے زیادہ قوت اور صحت کا باعث ہے۔[7]

---

[1] الکافی: ٦/ ٢٨٨ ح٢؛ المحاسن: ٢/ ٣٢٠ ح١٩٢؛ وسائل الشیعہ: ٢٤/ ٣٢٧ ح٣٠٦٧٧؛ الوافی: ٢٠/ ٥٠٧ ح١٩٨٩٣؛ تفسیر البرہان: ٣/ ٢٥؛ بحار الانوار: ٦٣/ ٣٤٢؛ تفسیر نور الثقلین: ٣/ ٥١٣؛ تفسیر کنز الدقائق: ٨/ ٢٥١؛ عوالم العلوم: ٢٠/ ١٠٩٩؛ مستدرک الوسائل: ١٦/ ٢٦٥ ح١٩٨٢٣

[2] مرآۃ العقول: ٢٢/ ١٠٠

[3] توضیح المسائل آغا سیستانی: ٣٠٣ ف ٢٥٩٣ رقم ١٥

[4] الکافی: ٦/ ٣٨١ ح١؛ وسائل الشیعہ: ٢٥/ ٢٣٥ ح٣١٧٧٩؛ الوافی: ٢٠/ ٥٩٣ ح٢٠٠٠٩

[5] مرآۃ العقول: ٢٢/ ٢٣٠

[6] توضیح المسائل آغا سیستانی: ٣٠٤ ف ٢٥٩٦ رقم ١

[7] الکافی: ٦/ ٣٨٢ ح١؛ المحاسن: ٢/ ٥٨١ ح٥٧؛ وسائل الشیعہ: ٢٥/ ٢٣٩ ح٣١٧٩١؛ الوافی: ٢٠/ ٥٩٣ ح٢٠٠١٠

تحقیق:

حدیث قوی ہے اور شیخ طوسی نے اسے سکونی سے موثق کالصحیح سند سے روایت کیا ہے۔[1]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث ضعیف علی المشہور ہے[2] لیکن مضمون کے مطابق فتویٰ موجود ہے[3] جاننا چاہیے کہ یہ سند مشہور موثق ہے۔ہم اس پر کئی مرتبہ گفتگو کر آئے ہیں جس کی تفصیل حدیث 2755 کے تحت دیکھئے۔

{2799} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ يَزِيدَ عَنِ ابْنِ عَمٍّ لِعُمَرَ بْنِ يَزِيدَ عَنْ بِنْتٍ عُمَرَ بْنِ يَزِيدَ عَنْ أَبِيهَا عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِذَا شَرِبَ أَحَدُكُمُ الْمَاءَ فَقَالَ بِسْمِ اللَّهِ ثُمَّ شَرِبَ ثُمَّ قَطَعَهُ فَقَالَ الْحَمْدُ لِلَّهِ ثُمَّ شَرِبَ فَقَالَ بِسْمِ اللَّهِ ثُمَّ قَطَعَهُ فَقَالَ الْحَمْدُ لِلَّهِ ثُمَّ شَرِبَ فَقَالَ بِسْمِ اللَّهِ ثُمَّ قَطَعَهُ فَقَالَ الْحَمْدُ لِلَّهِ سَبَّحَ ذَلِكَ الْمَاءُ لَهُ مَا دَامَ فِي بَطْنِهِ إِلَى أَنْ يَخْرُجَ.

✪ عمر بن یزید کی بیٹی نے اپنے باپ سے روایت کی ہے، اس کا بیان ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی پانی پیے اور بسم اللہ کہے پھر پینا منقطع کردے اور الحمد للہ کہے، پھر پیے اور بسم اللہ کہے پھر پینا منقطع کردے اور الحمد اللہ کہے تو جب تک پانی اس کے پیٹ میں رہتا ہے اور باہر نکل نہیں جاتا تب تک وہ پانی اس شخص کے لئے تسبیح کرتا ہے۔[4]

تحقیق:

حدیث مجہول ہے[5] لیکن مضمون کے مطابق فتویٰ موجود ہے کہ پانی پینے سے پہلے بسم اللہ اور پینے کے بعد الحمد اللہ کہے تو پانی پینے کے آداب میں سے ہے۔[6]

{2800} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ النَّضْرِ عَنْ عَاصِمِ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ يَقُولُ: ثَلاَثَةُ أَنْفَاسٍ أَفْضَلُ فِي الشُّرْبِ مِنْ نَفَسٍ وَاحِدٍ وَ كَانَ يَكْرَهُ أَنْ يُتَشَبَّهَ بِالْهِيمِ وَ قَالَ الْهِيمُ النِّيبُ.

---

[1] روضۃ المتقین: ۵۲۰/۷

[2] مرآۃ العقول: ۲۳۲/۲۲

[3] توضیح المسائل آغا سیستانی: ص۴۰۴ف ۲۵۹۶ رقم ۲

[4] الکافی: ۳۸۴/۶ ح ۳؛ المحاسن: ۵۷۸/۲ ح ۴۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۵۱/۲۵ ح ۳۱۸۳۳؛ الوافی: ۵۷۲/۲۰ ح ۲۰۰۳۵؛ بحار الانوار: ۴۶۹/۶۳

[5] مرآۃ العقول: ۲۳۴/۲۲

[6] توضیح المسائل آغا سیستانی: ص۴۰۴ف ۲۵۹۶ رقم ۳

✪ ابوبصیر سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا، آپ علیہ السلام نے فرمایا: تین سانسوں سے پانی پینا ایک ہی سانس میں پانی پینے سے افضل ہے اور آپ علیہ السلام مکروہ جانتے تھے کہ اسے ھیم کے مشابہ کرلیا جائے اور فرمایا کہ ھیم سے مراد اونٹ کی طرح غٹا غٹ کرکے پینا ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2801} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ يَاسِرٍ الْخَادِمِ عَنِ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ بَأْسَ بِكَثْرَةِ شُرْبِ الْمَاءِ عَلَى الطَّعَامِ وَ لاَ تُكْثِرْ مِنْهُ عَلَى غَيْرِهِ وَ قَالَ أَ رَأَيْتَ لَوْ أَنَّ رَجُلاً أَكَلَ مِثْلَ ذَا وَ جَمَعَ يَدَيْهِ كِلْتَيْهِمَا لَمْ يَضُمَّهُمَا وَ لَمْ يُفَرِّقْهُمَا ثُمَّ لَمْ يَشْرَبْ عَلَيْهِ الْمَاءَ كَانَ يَنْشَقُّ مِعْدَتُهُ

✪ یاسر خادم سے روایت ہے کہ امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا: طعام کے بعد بکثرت پانی پینے میں کوئی حرج نہیں ہے مگر اس کے علاوہ کسی چیز کے بعد زیادہ نہ پیو۔ پھر فرمایا: کیا تم نے دیکھا کہ کوئی شخص اتنا کھائے اور آپ علیہ السلام نے اپنے دونوں ہاتھوں کو نہ بالکل ملایا اور نہ زیادہ دور رکھا، پھر وہ اس پر پانی نہ پیے تو اس کا معدہ پھٹ جائے۔ [3]

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔ [4]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث مجہول ہے۔ [5]

{2802} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ قَالَ أَبِي ره قَالَ حَدَّثَنِي سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ بِنْتِ إِلْيَاسَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سِنَانٍ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ : فِي سُؤْرِ الْمُؤْمِنِ شِفَاءٌ مِنْ سَبْعِينَ دَاءً.

---

[1] تہذیب الاحکام: ۹/ ۹۴ ح ۱۳۶؛ وسائل الشیعہ: ۲۵/ ۲۳۵ ح ۳۱۸۱۲؛ الوافی: ۲۰/ ۵۶۸ ح ۲۰۰۲۹؛ تفسیر البرہان: ۵/ ۲۶۹؛ تفسیر نور الثقلین: ۵/ ۲۲۳؛ تفسیر کنز الدقائق: ۱۳/ ۴۵؛ مکارم الاخلاق: ۱۸۰؛ حلیۃ المتقین: ۱۶۱

[2] ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۲۱۳؛ روضۃ المتقین: ۷/ ۵۲۳

[3] الکافی: ۶/ ۳۸۲ ح ۳؛ المحاسن: ۲/ ۵۷۲ ح ۱۶؛ وسائل الشیعہ: ۲۵/ ۲۳۶ ح ۳۱۸۰۷؛ الوافی: ۲۰/ ۵۶۰ ح ۲۰۰۰۵؛ بحار الانوار: ۶۳/ ۴۵۷؛ حلیۃ المتقین: ۱۶۰؛ مکارم الاخلاق: ۲۹۰

[4] مستند الشیعہ: ۱۵/ ۲۶۹

[5] مرآۃ العقول: ۲۲/ ۲۳۱

عبداللہ بن سنان سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: مومن کے جوٹھے میں ستر بیماروں کی شفا ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث آصف محسنی نے حدیث کو احادیث معتبرہ میں شمار کیا ہے۔ [2]

{2803} جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ قُولَوَيْهِ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّزَّازُ الْكُوفِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنِ الْخَشَّابِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ حَسَّانَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَثِيرٍ عَنْ دَاوُدَ الرَّقِّيِّ قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ أَبِي عَبْدِ اللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ إِذَا اسْتَسْقَى الْمَاءَ فَلَمَّا شَرِبَهُ رَأَيْتُهُ قَدِ اسْتَعْبَرَ وَاغْرَوْرَقَتْ عَيْنَاهُ بِدُمُوعِهِ ثُمَّ قَالَ لِي يَا دَاوُدُ لَعَنَ اللّٰهُ قَاتِلَ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَمَا مِنْ عَبْدٍ شَرِبَ الْمَاءَ فَذَكَرَ الْحُسَيْنَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَلَعَنَ قَاتِلَهُ إِلَّا كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ مِائَةَ أَلْفِ حَسَنَةٍ وَحَطَّ عَنْهُ مِائَةَ أَلْفِ سَيِّئَةٍ وَرَفَعَ لَهُ مِائَةَ أَلْفِ دَرَجَةٍ وَكَأَنَّمَا أَعْتَقَ مِائَةَ أَلْفِ نَسَمَةٍ وَحَشَرَهُ اللّٰهُ تَعَالَى يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثَلِجَ الْفُؤَادِ.

حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ الْحَضْرَمِيِّ عَنْ سَعْدِ بْنِ سَعْدٍ: مِثْلَهُ.

داؤد رقی سے روایت ہے کہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر تھا کہ آپ علیہ السلام نے پانی مانگا اور جب پانی پی لیا تو میں نے دیکھا کہ آپ علیہ السلام رو رہے ہیں اور آپ علیہ السلام کی آنکھوں سے آنسو بہہ رہے ہیں۔ پھر آپ علیہ السلام نے مجھ سے فرمایا: اے داؤد! اللہ تعالیٰ امام حسین علیہ السلام کے قاتل پر لعنت کرے پس جو آدمی بھی پانی پیئے پھر امام حسین علیہ السلام کو یاد کرے اور ان علیہ السلام کے قاتل پر لعنت کرے تو اللہ اس کے لئے ایک لاکھ نیکیاں لکھ دیتا ہے اور ایک لاکھ گناہوں کو مٹا دیتا ہے اور اسے ایک لاکھ درجے بلند کرتا ہے گویا کہ اس نے ایک لاکھ غلام آزاد کئے ہوں اور اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے ٹھنڈے دل کے ساتھ محشور فرمائے گا۔ [3]

---

[1] ثواب الاعمال: ۱۵۱؛ الاختصاص: ۱۸۹و۱۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۵/ ۲۶۳ ح ۳۱۸۶۷؛ الفصول المہمہ: ۳/ ۱۴۳؛ بحارالانوار: ۶۳/ ۳۳۳ و ۷۵/ ۳۳؛ مستدرک الوسائل: ۱۷/ ۱۹ ح ۲۰۶۱۹

[2] معجم الاحادیث المعتبر ۃ: ۷/ ۴۹۵ ح ۹۷۱۸

[3] کامل الزیارات: ۱۰۶ باب ۳۴ ح ۱؛ بحارالانوار: ۴۴/ ۳۰۳ و ۶۳/ ۴۳۶؛ عوالم العلوم: ۱۷/ ۴۰۲؛ امالی صدوق: ۱۴۲ مجلس ۲۹؛ روضۃ الواعظین: ۱/ ۱۷۰؛ جامع الاخبار: ۱۷۷؛ تاریخ امام حسینؑ موسوی: ۴۴/ ۲۰۱؛ ناسخ التواریخ: ۴/ ۳۰۶؛ تقبیل العبر ۃ: ۲۳۵؛ مقتل شیخ صدوق: ۲۲۹؛ الصحیح من مقتل ریشہری: ۲/ ۵۴۷؛ مسند الامام الصادقؑ: ۴/ ۲۶۱؛ الدمعۃ الساکبۃ: ۱/ ۹۸؛ مسند الامام الشہیدؑ: ۲/ ۴۹۹؛ نفس المہموم: ۴۴؛ اکسیر العبادات: ۱/ ۲۵۳؛ الانوار النعمانیہ: ۳/ ۱۷؛ مستدرک سفینۃ البحار: ۹/ ۴۹۱؛ موسوعۃ الشہید الاول: ۱۱/ ۵۵؛ المنتخب الطریحی: ۳۵۶؛ مفتاح الفلاح: ۳۹۵

تحقیق:

حدیث معتبر ہے۔ (1)

قول مؤلف:

یہ حدیث الکافی میں بھی اسی طرح ہے مگر اس میں امام حسین علیہ السلام کے ساتھ آپ علیہ السلام کی اہل بیت علیہ السلام کا تذکرہ بھی موجود ہے (2) اور وسائل الشیعہ میں اس کے ساتھ مزید یہ جملے اضافی ہیں کہ امام علیہ السلام نے فرمایا: امام حسین علیہ السلام کی یاد زندگی کو کس طرح منغص کرتی ہے چنانچہ میں جب بھی پانی پیتا ہوں تو امام حسین علیہ السلام کو یاد کرتا ہوں۔ (3) اور فتویٰ بھی مضمون کے مطابق موجود ہے۔ (4)

﴿وہ باتیں جو پانی پیتے وقت مذموم ہیں﴾

{2804} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جَنَاحٍ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ عُمَرَ الْحَلَبِيِّ قَالَ: قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ وَ هُوَ يُوصِي رَجُلاً فَقَالَ لَهُ أَقْلِلْ مِنْ شُرْبِ الْمَاءِ فَإِنَّهُ يَمُدُّ كُلَّ دَاءٍ وَاجْتَنِبِ الدَّوَاءَ مَا احْتَمَلَ بَدَنُكَ الدَّاءَ.

❂ احمد بن عمر الحلبی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے ایک شخص کو وصیت کرتے ہوئے فرمایا: پانی پینا کم کرو کیونکہ یہ (زیادہ پانی پینا) بیماری کو بڑھاتا ہے اور جب تک تمہارا بدن بیماری کو برداشت کرے تب تک دوا سے اجتناب کرو۔ (5)

تحقیق:

حدیث ضعیف علی المشہور ہے۔ (6) لیکن مضمون کے مطابق فتویٰ موجود ہے کہ زیادہ پانی پینا مذموم باتوں میں سے ہے۔ (7)

{2805} أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَرْقِيُّ عَنِ النَّوْفَلِيِّ بِإِسْنَادِهِ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ إِذَا أَكَلَ الدَّسَمَ أَقَلَّ شُرْبَ الْمَاءِ فَقِيلَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّكَ لَتُقِلُّ مِنْ شُرْبِ الْمَاءِ قَالَ هُوَ أَمْرَأُ لِطَعَامِي.

---

(1) منتہی الآمال قمی: ۱/۵۴۵؛ ابواب الجنان و بہ ضمیمہ باقیات الصالحات؛ الرضوان: ۲۸۳

(2) الکافی: ۶/۳۹۱ ح۶؛ الوافی: ۲۰/۵۷۲ ح ۲۰۰۳۷

(3) وسائل الشیعہ: ۲۵/۲۷۲ ح ۳۱۸۹۴

(4) توضیح المسائل آقا سیستانی: ۴۰۳ ف ۲۵۹۶ رقم ۶

(5) الکافی: ۶/۳۸۲ ح۲؛ المحاسن: ۲/۵۷۱ ح۱۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۵/۲۴۳ ح ۲۰۳۸۴؛ الفصول المہمہ: ۳/۳۴۰؛ بحارالانوار: ۶۳/۴۵۵؛ عوالم العلوم: ۲۰/۱۱۱؛ الوافی: ۲۰/۵۶۰ ح ۲۰۰۷

(6) مرآۃ العقول: ۲۲/۳۳۱

(7) توضیح المسائل آقا سیستانی: ۴۰۳ ف ۲۵۹۷

✪ نوفلی نے اپنی اسناد سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب چکناہٹ کھاتے تھے تو پانی کم پیتے تھے۔ پس آپ ﷺ سے عرض کیا گیا: یارسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ پانی بہت کم پیتے ہیں؟
آپ ﷺ نے فرمایا: یہ بات میرے طعام کے لئے خوشگواری کا باعث ہے۔ [1]

تحقیق:

میرے نزدیک حدیث موثق ہے اور یہ وہی سند ہے جس پر حدیث 2755 کے تحت گفتگو کی جا چکی ہے بہرحال مضمون کے مطابق فتویٰ موجود ہے صرف چکناہٹ کی جگہ مرغن کھانوں کا ذکر ہے۔ [2]

{2806} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي مَحْمُودٍ رَفَعَهُ إِلَى أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: شُرْبُ الْمَاءِ مِنْ قِيَامٍ بِالنَّهَارِ يُمْرِئُ الطَّعَامَ وَ شُرْبُ الْمَاءِ مِنْ قِيَامٍ بِاللَّيْلِ يُورِثُ الْمَاءَ الْأَصْفَرَ.

✪ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: دن کے وقت کھڑے ہو کر پانی پینا کھانے کو خوشگوار بناتا ہے اور رات کے وقت کھڑے ہو کر پینا صفرا کا باعث ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث قوی ہے۔ [4]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث مرفوع ہے۔ [5] اور مضمون کے مطابق فتویٰ بھی موجود ہے کہ رات کو کھڑے ہو کر پانی پینا مذموم باتوں میں سے ہے۔ [6]

{2807} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ غِيَاثِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ قَالَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: لاَ تَشْرَبُوا الْمَاءَ مِنْ ثُلْمَةِ الْإِنَاءِ وَلاَ مِنْ عُرْوَتِهِ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَقْعُدُ عَلَى الْعُرْوَةِ وَ الثُّلْمَةِ.

---

[1] المحاسن: ۲/۵۷۲ ح ۱۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۵/۲۳۹ ح ۳۱۷۸۹؛ بحار الانوار: ۶۳/۵۶۴؛ مکارم الاخلاق: ۱۹۴؛ مسند الامام الصادقؑ: ۱۸/۸؛ مستدرک سفینۃ البحار: ۲۷۸/۳

[2] توضیح المسائل آغا سیستانی: ۴۰۳ ف ۲۵۹۷

[3] الکافی: ۶/۳۸۳ ح ۲؛ الوافی: ۲۰/۵۱۳ ح ۲۰۰۱۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۵/۲۴۰ ح ۳۱۷۹۲؛ مکارم الاخلاق: ۱۵۷؛ بحار الانوار: ۶۳/۴۷۱

[4] روضۃ المتقین: ۷/۵۲۲

[5] مرآۃ العقول: ۲۲/۲۳۲

[6] توضیح المسائل آغا سیستانی: ۴۰۳ ف ۲۵۹۷

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: برتن میں شگاف والی جگہ سے پانی نہ پیو اور نہ ہی اس کے دستہ سے پیو کیونکہ شیطان برتن کے دستہ اور شگاف پر بیٹھتا ہے۔[1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔[2]

قول مؤلف:

بائیں ہاتھ سے پانی پینے کی ممانعت حدیث 2780 میں گزر چکی ہے رجوع فرمایا جائے۔

﴿منت اور عہد کے احکام﴾

{2808} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبُو عَلِيٍّ الْأَشْعَرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ مَنْصُورِ بْنِ حَازِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِذَا قَالَ الرَّجُلُ عَلَيَّ الْمَشْيُ إِلَى بَيْتِ اللَّهِ وَ هُوَ مُحْرِمٌ بِحَجَّةٍ أَوْ عَلَيَّ هَدْيُ كَذَا وَ كَذَا فَلَيْسَ بِشَيْءٍ حَتَّى يَقُولَ لِلَّهِ عَلَيَّ الْمَشْيُ إِلَى بَيْتِهِ أَوْ يَقُولَ لِلَّهِ عَلَيَّ أَنْ أُحْرِمَ بِحَجَّةٍ أَوْ يَقُولَ لِلَّهِ عَلَيَّ هَدْيُ كَذَا وَ كَذَا إِنْ لَمْ أَفْعَلْ كَذَا وَ كَذَا.

منصور بن حازم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب آدمی کہے کہ مجھ پر بیت اللہ کی طرف پیدل جانا واجب ہے جبکہ حج کا احرام باندھا ہو یا کہے کہ مجھ پر اتنی اتنی قربانی ہے تو یہ کوئی چیز نہیں ہے البتہ جب یہ کہے کہ مجھ پر واجب ہے کہ میں اللہ کے لئے حج کا احرام باندھوں گا یا کہے کہ اللہ کے لئے مجھ پر اتنی اتنی قربانی ہے اگر میں فلاں فلاں کام نہ کروں تو۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[4]

{2809} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ : فِي رَجُلٍ جَعَلَ لِلَّهِ عَلَيْهِ نَذْراً وَ لَمْ يُسَمِّهِ قَالَ إِنْ سَمَّى فَهُوَ الَّذِي سَمَّى وَ إِنْ لَمْ

---

[1] الکافی: ۶/۳۸۵ ح۵؛ المحاسن: ۲/۵۷۸ ح۴۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۵/۲۵۶ ح۳۱۸۳۹؛ بحارالانوار: ۶۳/۴۶۹

[2] مرآۃ العقول: ۲۲/۲۳۶

[3] الکافی: ۷/۴۵۴ ح۱؛ تہذیب الاحکام: ۸/۳۰۳ ح۱۱۲۴؛ الوافی: ۱۱/۵۰۵ ح۱۱۲۰۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/۲۹۳ ح۲۹۵۹۰؛ الفصول المہمہ: ۲/۳۱۳؛ بحارالانوار: ۱۰۱/۲۳۴؛ مستدرک الوسائل: ۱۶/۸۱ ح۱۹۲۱۰؛ النوادر اشعری: ۳۱

[4] ریاض المسائل: ۲/۲۵۴؛ فقہ الصادقؑ: ۲۳/۴۰۳؛ مفاتیح الشرائع: ۲/۴۰۳؛ حدود الشریعہ: ۲/۸۱۱؛ وسائل العباد: ۴/۳۸؛ کشف اللثام: ۹/۷۷؛ دراسات فقہیہ: ۳۶۲؛ الدرر النجفیہ: ۱/۸۸؛ کتاب الحج شاہرودی: ۱/۳۳۲؛ مصباح الہدیٰ: ۱۲/۴۲۱؛ المکمول: ۲/۲۸۴؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۳/۷۱؛ مہذب الاحکام: ۲۲/۲۸۵؛ کفایۃ الفقہ: ۲/۴۹۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/۶۱

يُسَمِّ فَلَيْسَ عَلَيْهِ شَيْءٌ.

❁ حلبی نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں روایت کی ہے جس نے اللہ کے لئے نذر مانی لیکن نام نہیں لیا (یعنی چیز معین نہیں) تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر اس نے نام تو وہی ہو گا جس کا اس نے نام لیا اور اگر نام نہیں لیا تو اس پر کچھ نہیں ہے۔ ①

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے۔ ②

{2810} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ صَفْوَانَ وَ فَضَالَةَ جَمِيعاً عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَحَدِهِمَا عَلَيْهِمَا السَّلَامُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ وَقَعَ عَلَى جَارِيَةٍ لَهُ فَارْتَفَعَ حَيْضُهَا وَ خَافَ أَنْ تَكُونَ قَدْ حَمَلَتْ فَجَعَلَ لِلَّهِ عِتْقَ رَقَبَةٍ وَ صَوْماً وَ صَدَقَةً إِنْ هِيَ حَاضَتْ وَ قَدْ كَانَتِ الْجَارِيَةُ طَمِثَتْ قَبْلَ أَنْ يَحْلِفَ بِيَوْمٍ أَوْ يَوْمَيْنِ وَ هُوَ لَا يَعْلَمُ قَالَ لَيْسَ عَلَيْهِ شَيْءٌ.

❁ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ میں نے امامین علیہما السلام میں سے ایک امام علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے اپنی کنیز سے جماع کیا تو اس کا حیض بند ہو گیا اور اسے خوف ہوا کہ اسے حمل نہ ہو گیا ہو پس اس نے اللہ کے لئے منت مانی کہ اگر کنیز کو حیض آجائے تو وہ ایک غلام آزاد کرے گا اور ایک روزہ رکھے گا اور صدقہ بھی دے گا جبکہ کنیز کو منت ماننے سے ایک یا دو دن پہلے ہی حیض آچکا تھا جو اس کو معلوم نہیں تھا تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس پر کچھ نہیں ہے۔ ③

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ ④

{2811} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي عَلِيِّ بْنِ رَاشِدٍ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي جَعْفَرٍ

---

① الکافی: ۷/ ۴۴۱ ح ۱۰؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۳۶۳ ح ۴۲۹۰؛ النوادر اشعری: ۷۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/ ۲۹۶ ح ۲۹۵۹۹؛ الفصول المہمہ: ۲/ ۳۱۴؛ بحار الانوار: ۱۰۱/ ۲۳۶؛ مستدرک الوسائل: ۱۶/ ۸۳ ح ۱۹۲۲۳

② عیون الحقائق: ۲/ ۲۳۲؛ حدود الشریعہ: ۲/ ۸۱۱؛ روضۃ المتقین: ۸/ ۳۰؛ غنائم الایام: ۵/ ۶۷؛ جواہر الکلام: ۸/ ۶۱۹؛ فقہ الصادقؑ: ۱۲/ ۲۱۹؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۳/ ۴۷۲؛ دراسات فقہیہ: ۲۸۳؛ مصباح الشریعہ: ۲۷؛ مشف الظلام: ۹/ ۷۷؛ مرآۃ العقول: ۲۴/ ۳۱۸

③ تہذیب الاحکام: ۸/ ۳۱۳ ح ۴؛ الاصول الستۃ عشر: ۱۶۵؛ النوادر اشعری: ۴۳؛ الوافی: ۱۱/ ۵۴۴ ح ۱۲۴۴۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/ ۳۰۲ ح ۲۹۶۱۲؛ مستدرک الوسائل: ۱۶/ ۸۶ ح ۱۹۲۳۲؛ بحار الانوار: ۱۰۱/ ۲۳۹

④ ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۸۸؛ جواہر الکلام: ۵/ ۳۶۵؛ مہذب الاحکام: ۲۲/ ۲۸۶؛ جامع المدارک: ۵/ ۸۵؛ ریاض المسائل: ۲/ ۲۵۹

الثَّانِي عَلَيْهِ السَّلاَمُ إِنَّ امْرَأَةً مِنْ أَهْلِنَا اعْتَلَّ صَبِيٌّ لَهَا فَقَالَتِ اللَّهُمَّ إِنْ كَشَفْتَ عَنْهُ فَفُلاَنَةُ جَارِيَتِي حُرَّةٌ وَ الْجَارِيَةُ لَيْسَتْ بِعَارِفَةٍ فَأَيُّمَا أَفْضَلُ تُعْتِقُهَا أَوْ أَنْ تَصْرِفَ ثَمَنَهَا فِي وَجْهِ الْبِرِّ فَقَالَ لاَ يَجُوزُ إِلاَّ عِتْقُهَا.

❂ ابوعلی بن راشد سے روایت ہے کہ میں نے امام ابوجعفر ثانی (محمد تقی علیہ السلام) سے پوچھا کہ ہمارے خاندان کی ایک عورت کا بچہ بیمار ہوگیا تو اس نے کہا: اے اللہ! اگر تو اس بچے کو صحت عطا فرمائے تو میری فلانہ کنیز آزاد ہوگی مگر وہ کنیز عارفہ (مومنہ) نہیں ہے تو اب افضل کیا ہے؟ وہ اسی کنیز کو آزاد کرے یا اس کی قیمت کار ہائے خیر میں کرچ کرے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس کے لئے جائز نہیں مگر یہ کہ اسے ہی آزاد کرے؟[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{2812} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ رِفَاعَةَ وَ حَفْصٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ نَذَرَ أَنْ يَمْشِيَ إِلَى بَيْتِ اللَّهِ حَافِياً قَالَ فَلْيَمْشِ فَإِذَا تَعِبَ فَلْيَرْكَبْ.

❂ رفاعہ اور حفص نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں روایت کی ہے جس نے ننگے پاؤں بیت اللہ تک چلنے کی نذر مانی تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ پیدل چلے اور جب تھک جائے تو سوار ہو جائے۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے[4] یا پھر حسن ہے۔[5]

---

[1] تہذیب الاحکام: ۸/ ۳۱۴ ح ۴۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/ ۳۰۶ ح ۲۹۶۲۰؛ الاستبصار: ۴/ ۴۹ ح ۱۶۵؛ الوافی: ۱۱/ ۵۳۰ ح ۱۲۵۹۶؛ تہذیب الاحکام: ۸/ ۲۲۸ ح ۵۶

[2] ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۹۱؛ ریاض المسائل: ۲/ ۲۲۲؛ عیون الحقائق: ۱/ ۱۹۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۳/ ۴۵۴

[3] الکافی: ۷/ ۴۵۸ ح ۱۹؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۲/ ۳۹۲ ح ۲۷۹۱؛ تہذیب الاحکام: ۵/ ۴۰۳ ح ۴۸؛ الاستبصار: ۴/ ۵۰ ح ۱۷۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/ ۳۰۷ ح ۲۹۶۲۴؛ بحار الانوار: ۹۶/ ۱۰۶؛ الوافی: ۱۱/ ۵۲۵ ح ۱۲۴۴۳؛ النوادر اشعری: ۷۴؛ مستدرک الوسائل: ۱۶/ ۸۹ ح ۱۹۲۳۹

[4] الحدائق الناضرۃ: ۱۴/ ۲۲۵؛ کتاب الحج وداماد: ۱/ ۱۱۳؛ تعالیق مبسوطہ: ۸/ ۳۱۱؛ سند العروۃ: ۱/ ۲۶۷؛ فقہ الحج: ۲/ ۲۵؛ فقہ الصادق: ۹/ ۱۸/ ۳؛ الشعائر الحسینیہ: ۳/ ۵۲؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/ ۵۶۹؛ موسوعۃ الامام الخوئی: ۲۶/ ۲۷۸؛ بحوث فی القواعد: ۳/ ۳۳۲؛ مدارک الاحکام: ۷/ ۱۰۲؛ منتہی المطلب: ۵/ ۸۷؛ کشف اللثام: ۵/ ۱۳۲؛ جواہر الکلام: ۱۷/ ۳۵۴؛ کتاب الحج شاہرودی: ۱/ ۳۲۹؛ تفصیل الشریعہ (کتاب الحج): ۱/ ۱۵۰؛ کتاب الحج (قمی): ۱/ ۲۲۰؛ مصباح الہدیٰ: ۱۲/ ۱۷۵؛ معتمد العروۃ: ۱/ ۲۶۸؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۳/ ۲۶۳؛ عیون الحقائق: ۲/ ۲۶۸

[5] مرآۃ العقول: ۲۴/ ۳۴۸؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۶۵

{2813} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ عَلِيِّ بْنِ مَهْزِيَارَ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ رَجُلٌ جَعَلَ عَلَى نَفْسِهِ نَذْراً إِنْ قَضَى اللَّهُ عَزَّ وَ جَلَّ حَاجَتَهُ أَنْ يَتَصَدَّقَ فِي مَسْجِدِهِ بِأَلْفِ دِرْهَمٍ نَذْراً فَقَضَى اللَّهُ عَزَّ وَ جَلَّ حَاجَتَهُ فَصَيَّرَ الدَّرَاهِمَ ذَهَباً وَ وَجَّهَهَا إِلَيْكَ أَ يَجُوزُ ذَلِكَ أَمْ يُعِيدُ قَالَ يُعِيدُ وَ كَتَبَ إِلَيْهِ يَا سَيِّدِي رَجُلٌ نَذَرَ أَنْ يَصُومَ يَوْماً مِنَ الْجُمُعَةِ دَائِماً مَا بَقِيَ فَوَافَقَ ذَلِكَ الْيَوْمُ يَوْمَ عِيدِ فِطْرٍ أَوْ أَضْحَى أَوْ يَوْمَ جُمُعَةٍ أَوْ أَيَّامَ التَّشْرِيقِ أَوْ سَفَراً أَوْ مَرَضاً هَلْ عَلَيْهِ صَوْمُ ذَلِكَ الْيَوْمِ أَوْ قَضَاؤُهُ أَوْ كَيْفَ يَصْنَعُ يَا سَيِّدِي فَكَتَبَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ إِلَيْهِ قَدْ وَضَعَ اللَّهُ الصِّيَامَ فِي هَذِهِ الْأَيَّامِ كُلِّهَا وَ يَصُومُ يَوْماً بَدَلَ يَوْمٍ إِنْ شَاءَ اللَّهُ تَعَالَى وَ كَتَبَ إِلَيْهِ يَسْأَلُهُ يَا سَيِّدِي رَجُلٌ نَذَرَ أَنْ يَصُومَ يَوْماً فَوَقَعَ ذَلِكَ الْيَوْمَ عَلَى أَهْلِهِ مَا عَلَيْهِ مِنَ الْكَفَّارَةِ فَكَتَبَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ إِلَيْهِ يَصُومُ يَوْماً بَدَلَ يَوْمٍ وَ تَحْرِيرُ رَقَبَةٍ مُؤْمِنَةٍ.

علی بن مہزیار سے روایت ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام کی خدمت میں عرض کیا ایک شخص نے نذر مانی کہ اگر اللہ اس کی حاجت پوری کردے تو وہ کچھ درہموں کا صدقہ کرے گا پس اللہ نے اس کی حاجت پوری کردی تو اس نے درہموں کو تڑوا کر سونا لے لیا اور اسے آپ علیہ السلام کی خدمت میں پیش کردیا تو کیا یہ اس کے لئے جائز ہے یا وہ اعادہ کرے (یعنی درہم ہی دے)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اعادہ کرے اور راوی نے امام علیہ السلام کی طرف خط لکھا کہ اے میرے سردار! ایک شخص نے منت مانی کہ وہ جب تک باقی ہے جمعہ کو روزہ رکھے گا پس اتفاق سے یہ دن عید الفطر یا عید الاضحیٰ یا ایام تشریق یا سفر میں آ گیا یا وہ مریض ہوگیا تو کیا اس پر اس دن کا روزہ واجب ہے یا اس کی قضا کرے یا کیا کرے گا؟

آپ علیہ السلام نے جواب لکھا: اللہ نے ان تمام دنوں کا روزہ اس سے ساقط کردیا ہے اور وہ اس دن کے بدلے کسی اور دن روزہ رکھے گا ان شاء اللہ۔

اور راوی نے آپ علیہ السلام کی طرف یہ بھی لکھا: اے میرے سید و سردار! ایک شخص نے مخصوص دن روزہ رکھنے کی منت مانی مگر اس دن اس نے اپنی اہلیہ سے مقاربت کرلی تو اس پر کیا کفارہ ہے؟

امام علیہ السلام نے اس کی طرف لکھا: وہ اس دن کے بدلے ایک دن کا روزہ رکھے اور ایک غلام بھی آزاد کرے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

---

[1] تہذیب الاحکام: ۸/۳۰۵ ح ۱۱۳۵

[2] ملاذ الاخیار: ۱۳/۱۹۹؛ جواہر الکلام: ۱۶/۳۲۵؛ ریاض المسائل: ۲/۲۵۸؛ مفاتیح الشرائع: ۱/۲۶۱؛ تنقیح مبانی العروۃ (الصوم): ۹۱؛ مدارک تحریر الوسیلہ (الصوم): ۸۱؛ مستمسک العروۃ: ۲/۲۴۱؛ موسوعہ الامام الخوئی: ۲۲/۲۴۶؛ حدود الشریعہ: ۲/۸۶؛ کتاب الصوم شبیری: ۳/۸۹۲؛ الحدائق الناضرۃ: ۱۳/۳۸۰؛ مصباح الہدیٰ: ۹/۹۳؛ غنائم الایام: ۲/۱۰۸؛ مہذب الاحکام: ۲۲/۳۱۷؛ مصباح الفقیہ: ۱۴/۴۸۳؛ دلیل تحریر الوسیلہ (الصوم): ۳۱۵؛ کتاب الزکاۃ منتظری: ۳/۲۹۰؛ کشف اللثام: ۹/۱۸؛ مدارک الاحکام: ۶/۸۵؛ تعالیق مبسوط: ۵/۲۲۱؛ انوار الفقاہۃ کتاب الصیام: ۴۰

{2814} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ فَضَالَةَ عَنْ أَبَانٍ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ : فِي رَجُلٍ قَالَ عَلَيْهِ بَدَنَةٌ وَ لَمْ يُسَمِّ أَيْنَ يَنْحَرُهَا قَالَ إِنَّمَا الْمَنْحَرُ بِمِنًى يَقْسِمُونَهَا بَيْنَ الْمَسَاكِينِ وَ قَالَ فِي رَجُلٍ قَالَ عَلَيْهِ بَدَنَةٌ يَنْحَرُهَا بِالْكُوفَةِ فَقَالَ إِذَا سَمَّى مَكَاناً فَلْيَنْحَرْ فِيهِ فَإِنَّهُ يُجْزِي عَنْهُ.

❁ محمد نے امام محمد باقر علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں روایت کی ہے جس نے قربانی کا ایک اونٹ نحر کرنے کی منت مانی مگر یہ بات معین نہ کی کہ نحر کہاں کرے گا؟

آپ نے فرمایا: نحر منیٰ میں ہی کیا جاتا ہے اور اس کا گوشت وہاں مساکین میں تقسیم کیا جائے گا۔

نیز اس شخص کے بارے میں امام علیہ السلام سے عرض کیا جس نے قربانی کا ایک اونٹ کوفہ میں نحر کرنے کی منت مانی؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جب اس نے جگہ معین کر دی تو پھر اسی جگہ نحر کرے گا تو اس کے لئے کافی ہوگا۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [2] یا پھر موثق کالصحیح ہے [3]

{2815} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ جَبَلَةَ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ : فِي رَجُلٍ يَجْعَلُ عَلَيْهِ صِيَاماً فِي نَذْرٍ فَلاَ يَقْوَى قَالَ يُعْطِي مَنْ يَصُومُ عَنْهُ كُلَّ يَوْمٍ مُدَّيْنِ.

❁ اسحاق بن عمار نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں روایت کی ہے جس نے روزے رکھنے کی منت مانی مگر بعد میں قوت نہ رہی تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ کسی اور شخص سے فی روزہ دو مد طعام دے رکھوائے۔ [4]

تحقیق:

حدیث موثق کالصحیح ہے۔ [5] یا پھر موثق ہے۔ [6]

---

[1] تہذیب الاحکام: ۸/۳۱۴ ح ۴۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/۳۱۱ ح ۲۹۶۳۰؛ الوافی: ۱۱/۵۳۹ ح ۱۲۷۸؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۲۲۳؛ مستدرک الوسائل: ۱۶/۹۱ ح ۱۹۲۴۴؛ النوادر اشعری: ۵۹

[2] مجمع الفقہ الجواہر: ۶/۵۶؛ ایضاح الفوائد: ۴/۷۳؛ آیات الاحکام: ۵/۸۰؛ جواہر الکلام: ۵/۱۳۴۳؛ عیون الحقائق: ۲/۲۸۰؛ مختلف الشیعہ: ۸/۲۲۴؛ مسالک الافہام: ۱۱/۷۷۳؛ غایۃ المراد: ۳/۵۳۴؛ موسوعہ الشہید الاول: ۳/۳۲۰

[3] ملاذ الاخیار: ۱۴/۸۹

[4] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۷۴ ح ۴۳۳۱؛ الکافی: ۷/۴۵۷ ح ۱۵؛ تہذیب الاحکام: ۸/۳۰۶ ح ۱۱۳۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/۳۱۲ ح ۲۹۶۳۲؛ عوالی اللئالی: ۲/۳۱۵؛ الوافی: ۱۱/۵۲۱ ح ۱۱۲۳۸

[5] روضۃ المتقین: ۸/۶۳

[6] حدود الشریعہ: ۲/۶۹۹؛ مصباح الہدیٰ: ۸/۲۱۷

{2816} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيٍّ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رِئَابٍ عَنْ زُرَارَةَ قَالَ: إِنَّ أُمِّي كَانَتْ جَعَلَتْ عَلَيْهَا نَذْراً نَذَرَتْ لِلَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ فِي بَعْضِ وُلْدِهَا فِي شَيْءٍ كَانَتْ تَخَافُهُ عَلَيْهِ أَنْ تَصُومَ ذَلِكَ الْيَوْمَ الَّذِي تَقَدَّمَ فِيهِ عَلَيْهَا مَا بَقِيَتْ فَخَرَجَتْ مَعَنَا إِلَى مَكَّةَ فَأَشْكَلَ عَلَيْنَا صِيَامُهَا فِي السَّفَرِ فَلَمْ تَدْرِ تَصُومُ أَوْ تُفْطِرُ فَسَأَلْتُ أَبَا جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ ذَلِكَ فَقَالَ لاَ تَصُومُ فِي السَّفَرِ إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَ جَلَّ قَدْ وَضَعَ عَنْهَا حَقَّهُ فِي السَّفَرِ وَ تَصُومُ هِيَ مَا جَعَلَتْ عَلَى نَفْسِهَا فَقُلْتُ لَهُ فَمَا ذَا إِذَا قَدِمَتْ إِنْ تَرَكَتْ ذَلِكَ قَالَ لاَ إِنِّي أَخَافُ أَنْ تَرَى فِي وَلَدِهَا الَّذِي نَذَرَتْ فِيهِ بَعْضَ مَا تَكْرَهُ.

✪ زرارہ سے روایت ہے کہ میری ماں نے اپنے بچوں میں سے کسی کے بارے میں منت مانی اس بات پر کہ جس کا اسے خوف تھا کہ وہ اس پر آنے والے دنوں مین روزہ رکھے گی جب تک زندہ رہے چنانچہ وہ ہمارے ساتھ مکہ کی طرف سفر ہو گئی تو ہمیں سفر میں اس کے روزہ رکھنے پر اشکال ہوا اور وہ خود بھی نہیں جانتی تھی کہ روزہ رکھے یا افطار کرے پس میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے اس بارے میں سوال کیا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ سفر میں روزہ نہیں رکھے گی۔ اللہ نے سفر میں اس سے اپنا حق اٹھالیا ہے لیکن اس نے جو اپنے اوپر واجب کیے ہیں وہ روزے رکھے گی

میں نے عرض کیا: تب کیا ہوگا کہ جب وہ واپس آئے اور روزے ترک کردے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں کیونکہ مجھے خوف ہے کہ اس نے جس بچے کے لئے نذر مانی تھی اس میں کوئی ایسی چیز دیکھے جسے وہ ناپسند کرتی ہو۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [2] یا پھر حسن ہے [3]

{2917} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى الْخَثْعَمِيِّ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ جَمَاعَةً إِذْ دَخَلَ عَلَيْهِ رَجُلٌ مِنْ مَوَالِي أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ ثُمَّ جَلَسَ وَ بَكَى ثُمَّ قَالَ لَهُ جُعِلْتُ فِدَاكَ إِنِّي كُنْتُ أَعْطَيْتُ اللَّهَ عَهْداً إِنْ عَافَانِيَ اللَّهُ مِنْ شَيْءٍ كُنْتُ أَخَافُهُ عَلَى نَفْسِي أَنْ أَتَصَدَّقَ بِجَمِيعِ مَا أَمْلِكُ وَ إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَ جَلَّ عَافَانِي مِنْهُ وَ قَدْ حَوَّلْتُ

---

[1] الکافی: ۷/۴۵۹ ح ۲۴؛ تہذیب الاحکام: ۴/۲۳۳ ح ۶۲؛ الوافی: ۱۱/۵۱۳ ح ۱۱۲۰۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/۳۱۳ ح ۲۹۶۳۵؛ بحارالانوار: ۲/۲۸۳ (مختصراً)؛ الاستبصار: ۲/۱۰۱ ح ۳۲۹؛ عوالی اللئالی: ۳/۱۳۹

[2] موسوعہ الامام الخوئی: ۲۰/۲۱۶؛ تعالیق مبسوطہ: ۵/۱۷۸؛ تفصیل الشریعہ: ۲۰/۲۶۱؛ مہذب الاحکام: ۲۲/۲۹۸؛ تاریخ آل زرارہ: ۹۳؛ القول الفاخر: ۲/۵۲؛ کتاب الصوم شبیری: ۳/۴۹۳؛ طہارۃ النساء: ۳۱۴؛ ضیاء الناظر: ۱۳۳؛ نموذج فی الفقہ الجعفری: ۳۷۴

[3] مرآۃ العقول: ۲۴/۳۵۰

عِيَالِي مِنْ مَنْزِلِي إِلَى قُبَّةٍ مِنْ خَرَابِ الْأَنْصَارِ وَ قَدْ حَمَلْتُ كُلَّ مَا أَمْلِكُ فَأَنَا بَائِعٌ دَارِي وَ جَمِيعَ مَا أَمْلِكُ فَأَتَصَدَّقُ بِهِ فَقَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ انْطَلِقْ وَ قَوِّمْ مَنْزِلَكَ وَ جَمِيعَ مَتَاعِكَ وَ مَا تَمْلِكُ بِقِيمَةٍ عَادِلَةٍ وَ اعْرِفْ ذَلِكَ ثُمَّ اعْمِدْ إِلَى صَحِيفَةٍ بَيْضَاءَ فَاكْتُبْ فِيهَا جُمْلَةَ مَا قَوَّمْتَ ثُمَّ انْظُرْ إِلَى أَوْثَقِ النَّاسِ فِي نَفْسِكَ فَادْفَعْ إِلَيْهِ الصَّحِيفَةَ وَ أَوْصِهِ وَ مُرْهُ إِنْ حَدَثَ بِكَ حَدَثُ الْمَوْتِ أَنْ يَبِيعَ مَنْزِلَكَ وَ جَمِيعَ مَا تَمْلِكُ فَيَتَصَدَّقَ بِهِ عَنْكَ ثُمَّ ارْجِعْ إِلَى مَنْزِلِكَ وَ قُمْ فِي مَالِكَ عَلَى مَا كُنْتَ فِيهِ فَكُلْ أَنْتَ وَ عِيَالُكَ مِثْلَ مَا كُنْتَ تَأْكُلُ ثُمَّ انْظُرْ بِكُلِّ شَيْءٍ تَصَدَّقُ بِهِ فِيمَا تَسْتَقْبِلُ مِنْ صَدَقَةٍ أَوْ صِلَةِ قَرَابَةٍ أَوْ فِي وُجُوهِ الْبِرِّ فَاكْتُبْ ذَلِكَ كُلَّهُ وَ أَحْصِهِ فَإِذَا كَانَ رَأْسُ السَّنَةِ فَانْطَلِقْ إِلَى الرَّجُلِ الَّذِي أَوْصَيْتَ إِلَيْهِ فَمُرْهُ أَنْ يُخْرِجَ إِلَيْكَ الصَّحِيفَةَ ثُمَّ اكْتُبْ فِيهَا جُمْلَةَ مَا تَصَدَّقْتَ وَ أَخْرَجْتَ مِنْ صِلَةِ قَرَابَةٍ أَوْ بِرٍّ فِي تِلْكَ السَّنَةِ ثُمَّ افْعَلْ ذَلِكَ فِي كُلِّ سَنَةٍ حَتَّى تَفِيَ لِلَّهِ بِجَمِيعِ مَا نَذَرْتَ فِيهِ وَ يَبْقَى لَكَ مَنْزِلُكَ وَ مَالُكَ إِنْ شَاءَ اللَّهُ قَالَ فَقَالَ الرَّجُلُ فَرَّجْتَ عَنِّي يَا ابْنَ رَسُولِ اللَّهِ جَعَلَنِيَ اللَّهُ فِدَاكَ.

❁ محمد بن یحییٰ خثعمی سے روایت ہے کہ ہم امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر تھے کہ امام محمد باقر علیہ السلام کے موالیوں میں سے ایک آدمی حاضر ہوا، اس نے امام علیہ السلام کو سلام کیا اور بیٹھ گیا اور پھر رو پڑا اور عرض کیا: میں آپ علیہ السلام پر فدا ہوں! میں نے اللہ تعالیٰ سے اس طرح عہد کیا کہ اگر وہ مجھے موجودہ خوفناک تکلیف سے صحت و عافیت عطا فرمائے تو میں اپنا سب کچھ راہ خدا میں صدقہ دے دوں گا۔ چنانچہ اللہ نے مجھے عافیت عطا فرمائی تو اب میں نے اپنے اہل وعیال کو انصار کے خراب آباد کی طرف ایک مکان میں منتقل کر دیا ہے اور اب میں گھر بار اور دیگر سب مال و اسباب کے بیچنے کا اردہ رکھتا ہوں تاکہ صدقہ کر سکوں؟

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: چل اور اپنے مکان اور دوسرے ساز وسامان کی متوسط قیمت مقرر کر اور پھر یہ سب کچھ ایک سفید کاغذ پر لکھ اور پھر اسے اپنے قابل وثوق ترین آدمی کے حوالے کر دے اور اسے وصیت کر کہ اگر تجھے کچھ ہو گیا (فوت ہو گیا) تو وہ یہ سب کچھ تیری طرف سے صدقہ کر دے اور اپنے گھر لوٹ آ اور اسی طرح کھا پی اور اپنے مال میں وہ سب تصرف کر جس طرح پہلے کرتا تھا اور اس سال جو کچھ صدقہ و خیرات دے یا صلہ رحمی پر کچھ رقم خرچ کرے تو وہ سب لکھ لے اور سال کے اختتام پر اس قابل وثوق آدمی کے پاس جا اور اس سے وہ کاغذ لے کر اس میں سے اتنی رقم منہا کرے جو خرچ کر چکا ہے اور وہ لکھ لے پس اسی طرح ہر سال کے اختتام پر جا اور جا کر حساب کتاب کر یہاں تک کہ سب حساب خدا سے بے باق ہو جائے اور اس طرح تیرا گھر اور دیگر سامان وغیرہ بچ جائے گا ان شاء اللہ۔ راوی کا بیان ہے کہ اس پر اس شخص نے عرض کیا: آپ علیہ السلام

نے میری پریشان دور کردی۔ اے ابن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! اللہ مجھے آپ علیہ السلام کا فدیہ قرار دے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [2] یا پھر حسن یا موثق ہے [3]

{2818} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ الْحَسَنُ بْنُ مَحْبُوبٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لَيْسَ لِلْمَرْأَةِ مَعَ زَوْجِهَا أَمْرٌ فِي عِتْقٍ وَلاَ صَدَقَةٍ وَلاَ تَدْبِيرٍ وَلاَ هِبَةٍ وَلاَ نَذْرٍ فِي مَالِهَا إِلاَّ بِإِذْنِ زَوْجِهَا إِلاَّ فِي زَكَاةٍ أَوْ بِرِّ وَالِدَيْهَا أَوْ صِلَةِ قَرَابَتِهَا.

❂ عبداللہ بن سنان سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: عورت کو اپنے شوہر کی اجازت کے بغیر اس کے مالی معاملات کے اندر غلام کے آزاد کرنے، صدقہ دینے، غلام کو ور بر کرے، کسی کو ہبہ کرنے اور کوئی منت ماننے کا کوئی اختیار نہیں سوائے حج، زکوۃ اور اپنے والدین کے ساتھ نیکی اور اپنے قرابتداروں کے ساتھ حسن سلوک کے۔ [4]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [5]

{2819} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحَسَنُ بْنُ مَحْبُوبٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رِئَابٍ عَنْ مِسْمَعٍ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ كَانَتْ لِي جَارِيَةٌ حُبْلَى فَنَذَرْتُ لِلَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ إِنْ وَلَدَتْ غُلاَماً أَنْ أُحِجَّهُ أَوْ أَحُجَّ عَنْهُ فَقَالَ إِنَّ رَجُلاً نَذَرَ لِلَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ فِي ابْنٍ لَهُ إِنْ هُوَ أَدْرَكَ أَنْ يُحِجَّهُ أَوْ يَحُجَّ عَنْهُ فَمَاتَ الْأَبُ وَ أَدْرَكَ الْغُلاَمُ

---

[1] الکافی: ۷/۴۵۸ ح ۲۳؛ تہذیب الاحکام: ۸/۳۰۷ ح ۲۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/۳۱۴ ح ۲۹۶۳۴؛ الوافی: ۱۱/۵۳۲ ح ۱۱۲۶۵

[2] عیون الحقائق: ۲/۲۹۴؛ جواہر الکلام: ۳۵/۳۴۲؛ الحدائق الناضرۃ: ۲۲/۴۵؛ آیات الاحکام: ۵/۴۰۷؛ مہذب الاحکام: ۲۲/۳۱۱؛ مسالک الافہام: ۱۱/۳۶۶؛ فقہ الصادقؑ: ۲۵/۳۹۹؛ الموسوعہ الفقہیہ: ۱۰/۱۲۳؛ جامع المدارک: ۵/۸۰؛ حدود الشریعہ: ۲/۸۰۸

[3] مرآۃ العقول: ۲۴/۳۴۹

[4] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۲۷۷ ح ۳۹۷۳ و ۳/۴۳۸ ح ۴۵۱۳؛ تہذیب الاحکام: ۷/۴۶۲ ح ۱۸۵۱ و ۸/۲۵۷ ح ۱۲۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/۸۰ ح ۲۹۱۳۹؛ الوافی: ۱۰/۷۵۳ ح ۱۰۰۵۷؛ الفصول المہمہ: ۲/۳۱۴؛ مکارم الاخلاق: ۲۱۴

[5] روضۃ المتقین: ۶/۵۰۸ و ۸/۳۶۱؛ ملاذ الاخیار: ۱۲/۵۹۴ و ۱۳/۵۱۳؛ التعلیقہ علی العروۃ: ۲/۸۷۴؛ حدود الشریعہ: ۲/۸۱۶؛ العروۃ الوثقیٰ: ۲/۲۶۷؛ بحوث فی القواعد: ۲/۳۶۵؛ الاجارہ قدیری: ۳۲۹؛ دروس فقہ مظاہری: ۸۱؛ ریاض المسائل: ۲/۳۵۳؛ کتاب الفقہ سبزواری: ۲/۴۹۱؛ معتمد العروۃ: ۱/۳۷۵؛ مہذب الاحکام: ۲۲/۸۱؛ فقہ الصادقؑ: ۳۵/۳۲۵؛ مستمسک العروۃ: ۱۰/۳۰۸؛ کتاب الحج قمی: ۱/۳۴۰؛ مطلع انوار: ۷/۳۱۴؛ التہذیب فی مناسک: ۱/۴۷؛ جواہر الکلام: ۷/۳۳۸؛ کتاب الحج شاہرودی: ۱/۳۵۹؛ تنقیح مبانی الحج: ۱/۸۱؛ الفقہ الاسلامی: ۲/۲۰۹؛ سند العروۃ (الاجتہاد والتقلید): ۲/۷۱؛ تعالیق مبسوطہ: ۸/۳۶۵

بَعْدُ فَأَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ ذٰلِكَ الْغُلَامُ فَسَأَلَهُ عَنْ ذٰلِكَ فَأَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ أَنْ يُحَجَّ عَنْهُ مِمَّا تَرَكَ أَبُوهُ.

❂ مسمع سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا: میری ایک کنیز کو حمل تھا پس میں نے اللہ تعالیٰ سے منت مانی کہ اگر اس نے بچے کو جنم دیا تو میں اسے حج کراؤں گا یا اس کی طرف سے خود حج کروں گا تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: (عہد رسالت میں) ایک شخص نے (اسی طرح) اپنے بیٹے کے بارے میں منت مانی کہ وہ جب بالغ ہو جائے گا تو یہ اس کی طرف سے حج کرے گا یا اسے حج کرائے گا مگر (بیٹے کی بلوغت سے پہلے ہی) باپ فوت ہو گیا اور جب بیٹا بالغ ہوا تو بارگاہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضر ہوا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مسئلہ پوچھا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حکم دیا کہ اس کے باپ کے ترکہ سے اس کی طرف سے حج کرایا جائے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2820} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الصَّفَّارِ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ يَزِيدَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ عَنْ حَفْصِ بْنِ سُوقَةَ وَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُكَيْرٍ عَنْ زُرَارَةَ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ أَيُّ شَيْءٍ لَا نَذْرَ فِي مَعْصِيَةٍ قَالَ كُلُّ مَا كَانَ لَكَ فِيهِ مَنْفَعَةٌ فِي دِينٍ أَوْ دُنْيَا فَلَا حِنْثَ عَلَيْكَ.

❂ زرارہ سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ کس وجہ سے معصیت کے کام میں نذر نہیں ہے۔

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہر وہ کام جس میں تیرے لئے کوئی دینی یا دنیاوی فائدہ ہو اس (کے توڑنے) میں تم پر کوئی گناہ نہیں ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

---

[1] تہذیب الاحکام: ۸/ ۳۰۷ ح ۲۰؛ الکافی: ۷/ ۴۵۹ ح ۲۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/ ۳۱۶ ح ۲۹۶۴۳؛ الوافی: ۱۱/ ۵۲۷ ح ۱۱۲۵۴

[2] ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۵۷؛ سند العروۃ (الصلاۃ): ۹۱؛ دروس فقہ مظاہری: ۸۵؛ جامع المدارک: ۲/ ۲۹۷؛ جواہر الکلام: ۱۷/ ۳۴۲؛ الحدائق الناضرۃ: ۱۴/ ۲۰۹؛ الحج فی الشریعہ: ۱/ ۲۱۶؛ فقہ الصادق: ۱۳/ ۲۸۰؛ حاشیہ المکاسب یزدی: ۲/ ۶؛ فقہ الحج صافی: ۱/ ۳۶۳؛ تنقیح مبانی الحج: ۱/ ۱۵۲؛ رسالہ فی منجزات المریض: ۵۸؛ دلیل تحریر الوسیلہ (الوصیۃ): ۱۰۱؛ کتاب الحج شاہرودی: ۱/ ۳۸۵؛ موسوعہ الامام الخوئی: ۲۶/ ۲۱۳؛ المہذب فی مناسک: ۱/ ۱۴۷؛ کتاب الحج انصاری: ۹۵؛ تعالیق مبسوطہ: ۸/ ۲۸۷

[3] تہذیب الاحکام: ۸/ ۳۰۰ ح ۱۱۱۴؛ الکافی: ۷/ ۴۶۲ ح ۱۴؛ الاستبصار: ۴/ ۴۵ ح ۱۴۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/ ۳۱۷ ح ۲۹۶۴۰؛ النوادر اشعری: ۵۳؛ الوافی: ۱۱/ ۵۴۴ ح ۱۱۲۹۰؛ مستدرک الوسائل: ۱۶/ ۹۳ ح ۱۹۲۵۲؛ بحار الانوار: ۱۰۱/ ۲۳۵

[4] ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۵۷؛ تراث الاصول: ۱۴/ ۲۷۶؛ کتاب الحج شاہرودی: ۱/ ۳۴۰؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۲/ ۶۹۷؛ مہذب الاحکام: ۲۲/ ۲۸۸؛ حدود الشریعہ: ۲/ ۸۱۴

{2821} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عِيسَى عَنْ سَمَاعَةَ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنِ امْرَأَةٍ تَصَدَّقَتْ بِمَالِهَا عَلَى الْمَسَاكِينِ إِنْ خَرَجَتْ مَعَ زَوْجِهَا ثُمَّ خَرَجَتْ مَعَهُ قَالَ لَيْسَ عَلَيْهَا شَيْءٌ

سماعہ سے روایت ہے کہ میں نے امام علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک عورت نے منت مانی کہ اگر وہ اپنے شوہر کے ساتھ گئی تو اپنا مال مساکین پر خرچ کردے گی پھر وہ اس کے ساتھ چلی گئی تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اس پر کوئی چیز نہیں ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [2]

{2822} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ جَمِيلِ بْنِ دَرَّاجٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: مَنْ جَعَلَ لِلَّهِ عَلَيْهِ أَنْ لاَ يَرْكَبَ مُحَرَّماً سَمَّاهُ فَرَكِبَهُ قَالَ وَلاَ أَعْلَمُ إِلاَّ قَالَ فَلْيُعْتِقْ رَقَبَةً أَوْ لِيَصُمْ شَهْرَيْنِ أَوْ لِيُطْعِمْ سِتِّينَ مِسْكِيناً.

عبدالملک بن عمرو سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو شخص منت مانے کہ وہ فلاں حرام کام کا مرتکب نہیں ہوگا اور اسے معین بھی کرے اور پھر مرتکب ہو جائے تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: نہیں۔ اور اگر ایسا کرے تو ایک غلام آزاد کرے گا یا دو ماہ کے مسلسل روزے رکھے گا یا ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلائے گا۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [4] یا پھر حسن کالصحیح ہے۔ [5]

{2823} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ فَضَالَةَ وَابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ رِفَاعَةَ قَالَ:

---

[1] تہذیب الاحکام: ۸ /۳۱۱ ح ۳۲؛ النوادر اشعری: ۳۰؛ الوافی: ۱۱ /۵۴۲ ح ۲۸۵۱۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۳ /۳۱۸ ح ۲۹۶۴۴؛ مستدرک الوسائل: ۱۶ /۹۳ ح ۱۹۲۵۰؛ بحارالانوار: ۱۰۱ /۲۳۳

[2] ملاذ الاخیار: ۱۴ /۸۳؛ فقہ الصادقؑ: ۲۳ /۲۸۵؛ مستند العروۃ (الحج): ۱ /۱۶۲

[3] تہذیب الاحکام: ۸ /۳۱۴ ح ۳۲؛ الاستبصار: ۴ /۵۴ ح ۱۸۸؛ النوادر اشعری: ۵۴؛ عوالی اللئالی: ۳ /۳۰۶؛ الوافی: ۱ /۵۴۹ ح ۱۱۳۰۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۳ /۳۲۲ ح ۲۹۶۵۳؛ بحارالانوار: ۱۰۱ /۲۴۰؛ مستدرک الوسائل: ۱۶ /۹۵ ح ۱۹۲۵۸

[4] التنقیح الرائع: ۳ /۴۹۳؛ ریاض المسائل: ۲ /۲۰۵؛ مہذب الاحکام: ۱۰ /۱۵۸؛ ایضاح الفوائد: ۴ /۷۸؛ جامع المدارک: ۵ /۲۷؛ فقہ الصادقؑ: ۵ /۳ /۲۸۳؛ جواہر الکلام: ۵ /۶۶ /۳ و ۳۱۸ /۲۶۸؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۵ /۵۰۲؛ مختلف الشیعہ: ۸ /۲۳۵؛ عوالی اللئالی: ۳ /۳۰۶

[5] ملاذ الاخیار: ۱۴ /۸۹

سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ حَجَّ عَنْ غَيْرِهِ وَ لَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ وَ عَلَيْهِ نَذْرٌ أَنْ يَحُجَّ مَاشِياً أَ يُجْزِي عَنْهُ عَنْ نَذْرِهِ قَالَ نَعَمْ.

✪ رفاعہ سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے اپنے لیے پیدل حج کرنے کی منت مانی ہوئی تھی مگر اس کے پاس مال (زادِراہ) نہ تھا لہٰذا اس نے کسی اور شخص کے لئے حج کیا تو کیا یہ اس کی منت کے لئے کافی ہوگا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{2824} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ جَمِيلِ بْنِ صَالِحٍ عَنْ أَبِي الْحَسَنِ مُوسَى عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَنَّهُ قَالَ: كُلُّ مَنْ عَجَزَ عَنْ نَذْرٍ نَذَرَهُ فَكَفَّارَتُهُ كَفَّارَةُ يَمِينٍ.

✪ جمیل بن صالح سے روایت ہے کہ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے فرمایا: ہر وہ شخص جو اپنی منت کی ادائیگی سے عاجز ہو تو اس کا کفارہ قسم والا کفارہ ہے۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[4]

قول مؤلف:

تفصیل قبل ازیں حدیث 2822 کے تحت گزر چکی ہے۔

---

[1] تہذیب الاحکام: ۸/ ۳۱۵ ح ۵۰؛ النوادر اشعری: ۴۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/ ۳۲۳ ح ۲۹۶۵۵؛ الوافی: ۱۱/ ۵۴۰ ح ۱۲۱۸۲؛ بحار الانوار: ۱۰۴/۲۲۶؛ مستدرک الوسائل: ۱۶/ ۹۵ ح ۱۹۲۶۰

[2] ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۹۲؛ جواہر الکلام: ۳۵/ ۳۹۲؛ کشف اللثام: ۹/ ۱۰۳؛ انوار الفقاہۃ: ۵/ ۴۱؛ ایضاح الفوائد: ۴/ ۷۰؛ کتاب الحج قمی: ۱/ ۳۹۰؛ التوضیح النافع: ۹/ ۲۳؛ مسالک الافہام: ۱۱/ ۳۳۶؛ نہایۃ المرام: ۲/ ۳۶۷؛ سوال وجواب یزدی: ۲/ ۲۲۷؛ مختلف الشیعہ: ۸/ ۲۳۱

[3] تہذیب الاحکام: ۸/ ۳۰۶ ح ۱۴؛ الکافی: ۷/ ۴۵۷ ح ۱۷؛ الاستبصار: ۴/ ۵۵ ح ۱۹۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/ ۳۹۳ ح ۲۸۸۷۴؛ عوالی اللئالی: ۳/ ۳۰۶؛ الوافی: ۱۱/ ۵۴۵ ح ۱۱۲۹۲

[4] ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۱۷؛ ایضاح الفوائد: ۴/ ۱۳؛ ریاض المسائل: ۲/ ۵۹؛ مختلف الشیعہ: ۸/ ۲۳۶؛ فقہ الصادقؑ: ۲۳/ ۳۱۲؛ جواہر الکلام: ۳۳/ ۱۹۲؛ وسائل العباد: ۴/ ۴۳؛ تکمیل مشارق الشموس: ۴۲۳

{2825} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ الْكُوفِيِّ عَنِ الْعَمْرَكِيِّ الْبُوفَكِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ أَخِيهِ مُوسَى بْنِ جَعْفَرٍ عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ عَاهَدَ اللَّهَ فِي غَيْرِ مَعْصِيَةٍ مَا عَلَيْهِ إِنْ لَمْ يَفِ بِعَهْدِهِ قَالَ يُعْتِقُ رَقَبَةً أَوْ يَتَصَدَّقُ بِصَدَقَةٍ أَوْ يَصُومُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ.

❁ علی بن جعفر علیہ السلام سے روایت ہے کہ میں نے اپنے بھائی امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے کسی غیر معصیت (یعنی جائز) کام کرنے کا خدا سے عہد کیا تو اس پر کیا کفارہ ہوگا اگر اسے پورا نہ کرے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ایک غلام آزاد کرے یا صدقہ کرے یا مسلسل دو ماہ کے روزے رکھے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [2] یا پھر معتبر ہے [3] یا پھر حسن ہے [4]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث مجہول ہے [5]

{2826} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَاصِمِ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: كُلُّ مَنْ عَجَزَ عَنِ الْكَفَّارَةِ الَّتِي تَجِبُ عَلَيْهِ مِنْ صَوْمٍ أَوْ عِتْقٍ أَوْ صَدَقَةٍ فِي يَمِينٍ أَوْ نَذْرٍ أَوْ قَتْلٍ أَوْ غَيْرِ ذَلِكَ مِمَّا تَجِبُ عَلَى صَاحِبِهِ فِيهِ الْكَفَّارَةُ فَالاِسْتِغْفَارُ لَهُ كَفَّارَةٌ مَا خَلاَ يَمِينَ الظِّهَارِ فَإِنَّهُ إِذَا لَمْ يَجِدْ مَا يُكَفِّرُ بِهِ حَرُمَتْ عَلَيْهِ أَنْ يُجَامِعَهَا وَفُرِّقَ بَيْنَهُمَا إِلاَّ أَنْ تَرْضَى الْمَرْأَةُ أَنْ يَكُونَ مَعَهَا وَلاَ يُجَامِعَهَا.

❁ ابو بصیر سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ہر وہ شخص جو اپنے اوپر واجب کفارہ (کی ادائیگی) سے عاجز ہو جائے جو روزہ رکھنے یا غلام آزاد کرنے یا قسم میں صدقہ دینے یا منت یا قتل یا اس کے علاوہ کسی وجہ سے اس پر واجب ہوتا ہے تو اس کے لئے کفارہ استغفار ہے ماسوائے ظہار والی قسم کے کہ اگر وہ کفارہ دینے والی چیز پر قادر نہ ہو تو اس پر بیوی سے جماع حرام ہوتا ہے اور ان کے درمیان علیحدگی ہو جاتی ہے سوائے اس صورت کے کہ جب عورت اس کے ساتھ اس شرط پر رہنے کے لئے راضی ہو جائے کہ وہ اس سے جماع نہیں کرے گا۔ [6]

---

[1] تہذیب الاحکام: ۸/۳۰۹ ح ۲۴؛ مسائل علی بن جعفرؑ: ۳۰۶؛ الاستبصار: ۴/۵۵ ح ۱۹۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۳۹۵ ح ۲۸۸۷۶؛ الوافی: ۱۱/۵۳۹ ح ۱۱۳۰۲

[2] مہذب الاحکام: ۲۲/۳۲۲

[3] مستند العروۃ: ۲/۲۴۲؛ موسوعہ الامام الخوئی: ۲۲/۲۴۸؛ تنقیح مبانی العروۃ (الصوم): ۲/۲۰۹؛ معجم الاحادیث المعتبرۃ: ۷/۳۸۸

[4] حدود الشریعہ: ۲/۲۹۷

[5] ملاذ الاخیار: ۱۴/۹۷

[6] تہذیب الاحکام: ۸/۱۶ ح ۵۰ و ۲۵۸/۳۲۰ ح ۵؛ الکافی: ۷/۴۶۱ ح ۵؛ الاستبصار: ۴/۵۴ ح ۱۹۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۳۶۷ ح ۲۸۷۹۹؛ الوافی: ۱۱/۵۹۰ ح ۱۱۴۰۷ و ۲۲/۹۳۶ ح ۲۲۳۴۹؛ الفصول المہمہ: ۲/۳۸۷

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [1]

﴿قسم کھانے کے احکام﴾

{2827} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ عَطِيَّةَ عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ الْحَذَّاءِ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ إِنَّ فِي كِتَابِ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: أَنَّ الْيَمِينَ الْكَاذِبَةَ وَ قَطِيعَةَ الرَّحِمِ تَذَرَانِ الدِّيَارَ بَلاَقِعَ مِنْ أَهْلِهَا وَ تُنْغِلُ الرَّحِمَ يَعْنِي انْقِطَاعَ النَّسْلِ.

امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: حضرت علی علیہ السلام کی کتاب میں ہے کہ جھوٹی قسم اور قطع رحمی گھروں کو ان میں رہنے والوں سے خالی کر دیتی ہیں اور رحم کو بانجھ بنا دیتی ہیں یعنی نسل منقطع ہو جاتی ہے۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [3]

{2828} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مَهْزِيَارَ قَالَ: كَتَبَ رَجُلٌ إِلَى أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ يَحْكِي لَهُ شَيْئاً فَكَتَبَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ إِلَيْهِ وَ اللَّهِ مَا كَانَ ذَاكَ وَ إِنِّي لَأَكْرَهُ أَنْ أَقُولَ وَ اللَّهِ عَلَى حَالٍ مِنَ الْأَحْوَالِ وَ لَكِنَّهُ غَمَّنِي أَنْ يَقُولَ مَا لَمْ يَكُنْ.

علی بن مہزیار سے روایت ہے کہ ایک شخص نے امام ابوجعفر (محمد تقی علیہ السلام) کی طرف خط لکھا کہ جس میں آپ علیہ السلام کی طرف منسوب کسی چیز کا تذکرہ کیا: امام علیہ السلام نے جواب میں لکھا: واللہ! ایسی کوئی بات نہیں ہے اور اگرچہ میں کسی بھی حالت میں واللہ کہنا (یعنی قسم کھانا) ناپسند کرتا ہوں مگر اس انہونی بات نے مجھے صدمہ پہنچایا (اس لئے قسم کھانا پڑی)۔ [4]

---

[1] ملاذ الاخیار: ۱۳/ ۹۳ و ۱۰۳/۱۴؛ ریاض المسائل: ۱۲/ ۳۹۹؛ فقہ الصادقؑ: ۲۳/ ۱۲۹؛ المعلقات علی العروۃ: ۳/ ۸۳؛ عیون الحقائق: ۱/ ۳۵؛ جواہر الکلام: ۱۲۲/۱۷؛ آیات الاحکام: ۲/۱۷؛ وسائل العباد: ۴/ ۷۰؛ سند العروۃ (الطہارۃ) ۴/ ۲۷۳؛ مستمسک العروۃ: ۸/ ۳۶۸؛ مصباح المنہاج (الطہارۃ) ۵/ ۵۸؛ دلیل تحریر الوسیلہ (الصوم): ۲۹۷؛

[2] الکافی: ۷/ ۴۳۶ ح ۹؛ ثواب الاعمال و عقاب الاعمال: ۲۲۷؛ الوافی: ۱۰۳۷/۱۶ ح ۱۶۶۵۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/ ۲۰۲ ح ۲۹۳۶۷؛ بحار الانوار: ۷۱/ ۱۳۶

[3] مراۃ العقول: ۲۴/ ۳۱۱؛ تنقیح مبانی الاحکام: ۱/ ۱۹۸

[4] تہذیب الاحکام: ۸/ ۲۹۰ ح ۶۴؛ النوادر اشعری: ۵۲؛ الوافی: ۱/ ۵۹۹ ح ۱۱۴۳۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/ ۱۹۷ ح ۲۹۳۵۳؛ بحار الانوار: ۱۰۱/ ۲۸۱؛ عوالم العلوم: ۲۳/ ۳۴۹ و ۳۸۷؛ مستدرک الوسائل: ۱۶/ ۳۶ ح ۱۹۰۴۳

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [1]

{2829} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عِيسَى عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْخَزَّازِ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ يَقُولُ: لاَ تَحْلِفُوا بِاللَّهِ صَادِقِينَ وَ لاَ كَاذِبِينَ فَإِنَّهُ عَزَّ وَ جَلَّ يَقُولُ: (وَ لاٰ تَجْعَلُوا اَللّٰهَ عُرْضَةً لِأَيْمٰانِكُمْ).

❁ ابوایوب خزاز سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا آپ علیہ السلام فرما رہے تھے کہ اللہ کے نام نہ سچا حلف دو اور نہ ہی جھوٹا کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "اور اللہ کو اپنی قسموں کا نشانہ مت بناؤ (البقرۃ: ۲۲۴)" [2]

تحقیق:

حدیث موثق کالصحیح ہے [3] یا پھر موثق ہے [4] یا پھر صحیح ہے [5]

{2830} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَبُو أَيُّوبَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: مَنْ حَلَفَ بِاللَّهِ فَلْيَصْدُقْ وَ مَنْ لَمْ يَصْدُقْ فَلَيْسَ مِنَ اللَّهِ فِي شَيْءٍ وَ مَنْ حُلِفَ لَهُ بِاللَّهِ فَلْيَرْضَ وَ مَنْ لَمْ يَرْضَ فَلَيْسَ مِنَ اللَّهِ فِي شَيْءٍ.

❁ ابوایوب سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جو اللہ کی قسم کھائے تو اس کی تصدیق کی جائے گی اور جو اس کی تصدیق نہیں کرے گا تو وہ اللہ کی طرف سے کسی شئے میں نہیں ہے اور جس (مدعی) کو اللہ کی قسم دی جائے تو وہ راضی ہو جائے اور اگر وہ راضی نہیں ہوتا تو وہ اللہ کی طرف سے کسی شئے میں نہیں ہے۔ [6]

---

[1] ملاذ الاخیار: ۱۴/۹۶؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۵/۴۹۸؛ عیون الحقائق: ۲/۱۳۸

[2] الکافی: ۷/۴۳۴ ح۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۶۲ ح۴۲۸۸؛ تہذیب الاحکام: ۸/۲۸۲ ح۱۰۳۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/۱۹۸ ح۲۹۳۵۷؛ تفسیر البرہان: ۱/۴۶۶؛ الوافی: ۱۲/۱۰۵۱ ح۲۲۶۷؛ بحار الانوار: ۳/۲۷۴؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/۲۱۸؛ تفسیر کنز الدقائق: ۲/۳۳۸؛ مستدرک الوسائل: ۱۶/۷۷ ح۱۹۲۰۲؛ تفسیر العیاشی: ۱/۱۱۲

[3] روضۃ المتقین: ۸/۱۴

[4] مرآۃ العقول: ۲۴/۳۰۷؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/۲۰

[5] مستند الشیعہ: ۱۷/۴۵۷؛ موسوعۃ العلامہ البلاغی: ۱/۳۵۷؛ آلاء الرحمٰن: ۱/۲۰۱

[6] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۶۲ ح۴۲۸۳؛ الکافی: ۷/۴۳۸ ح۲؛ الوافی: ۱۲/۱۰۵۵ ح۲۲۷۷۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/۲۱۱ ح۲۹۳۹۲؛ الفصول المہمہ: ۲/۴۰۶؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۲۱۱؛ مستدرک الوسائل: ۱۶/۳۱ ح۱۹۰۶۷؛ النوادر اشعری: ۵۱؛ المحاسن: ۱/۲۰؛ ثواب الاعمال وعقاب الاعمال: ۲۲۸؛ امالی صدوق: ۴۸۳ مجلس ۷۳

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [1]

{2831} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ ٱلْحُسَيْنِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْمَاعِيلَ عَنْ صَالِحِ بْنِ عُقْبَةَ عَنْ يُونُسَ بْنِ ظَبْيَانَ قَالَ قَالَ لِي: يَا يُونُسُ لاَ تَحْلِفْ بِٱلْبَرَاءَةِ مِنَّا فَإِنَّهُ مَنْ حَلَفَ بِٱلْبَرَاءَةِ مِنَّا صَادِقاً أَوْ كَاذِباً فَقَدْ بَرِءَ مِنَّا.

✪ یونس بن ظبیان سے روایت ہے کہ امام علیہ السلام نے مجھ سے فرمایا: اے یونس! ہم سے برات و بیزاری کی قسم نہ کھا کیونکہ جو شخص ہم سے بیزاری کی سچی یا جھوٹی قسم کھائے گا وہ ہم سے بیزار ہی تصور کیا جائے گا۔ [2]

تحقیق:

حدیث حسن ہے۔ [3]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث ضعیف ہے۔ [4]

{2832} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنِ ٱلْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ مُعَلَّى بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ٱلْوَشَّاءِ عَنْ عَبْدِ ٱللَّهِ بْنِ سِنَانٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا عَبْدِ ٱللَّهِ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ يَقُولُ: لاَ يَجُوزُ يَمِينٌ فِي تَحْلِيلِ حَرَامٍ وَلاَ تَحْرِيمِ حَلاَلٍ وَلاَ قَطِيعَةِ رَحِمٍ.

✪ عبداللہ بن سنان سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا، آپ علیہ السلام فرمار ہے تھے: جو قسم حلال کو حرام اور حرام کو حلال بنائے اور قطع رحمی کے لئے ہو وہ جائز نہیں ہوگی۔ [5]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [6]

---

[1] روضۃ المتقین: ۱۵/۸؛ حدود الشریعہ: ۴۰۲/۲؛ الدر المنضود من المأثور: ۵۳۳/۱؛ فقہ القضا: ۵۲۲/۲؛ مستند الشیعہ: ۴۲۶/۱۷؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۸/۱۷

[2] الکافی: ۴۳۸/۷ ح ۲؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳۷۵/۳ ح ۴۳۱۷؛ تہذیب الاحکام: ۲۸۴/۸ ح ۱۰۴۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۱۳/۲۳ ح ۲۹۴۳۹؛ الوافی: ۵۱۸/۱۱ ح ۱۱۳۵۸

[3] روضۃ المتقین: ۹۳/۸

[4] مرآۃ العقول: ۳۱۳/۲۲؛ ملاذ الاخیار: ۲۳/۱۳

[5] الکافی: ۴۳۹/۷ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۲۸۵/۸ ح ۱۰۴۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۱۹/۲۳ ح ۲۹۴۱۲؛ الفصول المہمہ: ۴۰۷/۲؛ مستند الامام الصادقؑ: ۳۸۳/۱۸

[6] مہذب الاحکام: ۲۶۰/۲۲

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث ضعیف ہے۔[1] نیز واضح ہونا چاہیے کہ اس حدیث کا متن اور اس سے پچھلی حدیث کا متن کئی صحیح، حسن اور موثق احادیث میں موجود ہے مگر ہم نے دونوں حدیثوں کو "مختصر مگر جامع" ہونے کی وجہ سے درج کیا ہے (واللہ اعلم)۔

{2833} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عِيسَى عَنْ سَمَاعَةَ بْنِ مِهْرَانَ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ جَعَلَ عَلَيْهِ أَيْمَاناً أَنْ يَمْشِيَ إِلَى ٱلْكَعْبَةِ أَوْ صَدَقَةً أَوْ عِتْقاً أَوْ نَذْراً أَوْ هَدْياً إِنْ هُوَ كَلَّمَ أَبَاهُ أَوْ أُمَّهُ أَوْ أَخَاهُ أَوْ ذَا رَحِمٍ أَوْ قَطَعَ قَرَابَةٍ أَوْ مَأْثَماً فِيهِ يُقِيمُ عَلَيْهِ أَوْ أَمْراً لاَ يَصْلُحُ لَهُ فِعْلُهُ فَقَالَ كِتَابُ ٱللَّهِ قَبْلَ ٱلْيَمِينِ وَ لاَ يَمِينَ فِي مَعْصِيَةٍ.

سماعہ بن مہران سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں سوال کیا جس نے قسم کھائی کہ اگر وہ اپنے باپ، اپنی ماں، اپنے بھائی، اپنے قریبی رشتہ دار سے کلام کرے گا یا قرابتدار سے قطع تعلق کرے گا یا گناہ کے کام پر قائم ہوگا یا ایسا کام کرے گا جو اس کے لئے کرنا درست نہیں ہے تو وہ کعبہ پیدل جائے گا یا صدقہ کرے گا یا منت دے گا یا قربانی کرے گا تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: قسم سے پہلے اللہ کی کتاب ہے اور معصیت (کے کاموں) میں کوئی قسم نہیں ہے۔[2]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔[3]

{2834} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ ٱلْحَكَمِ عَنْ سَيْفِ بْنِ عَمِيرَةَ عَنْ أَبِي ٱلصَّبَّاحِ قَالَ وَ ٱللَّهِ لَقَدْ قَالَ لِي جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ : إِنَّ ٱللَّهَ عَلَّمَ نَبِيَّهُ ٱلتَّنْزِيلَ وَ ٱلتَّأْوِيلَ فَعَلَّمَهُ رَسُولُ ٱللَّهِ صَلَّى ٱللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ عَلِيّاً عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ قَالَ وَ عَلَّمَنَا وَ ٱللَّهِ ثُمَّ قَالَ مَا صَنَعْتُمْ مِنْ شَيْءٍ أَوْ حَلَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ يَمِينٍ فِي تَقِيَّةٍ فَأَنْتُمْ مِنْهُ فِي سَعَةٍ.

ابو الصباح سے روایت ہے کہ واللہ! امام جعفر صادق علیہ السلام نے مجھ سے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تنزیل

---

[1] مرآۃ العقول: ۲۴/۱۶۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/۲۵

[2] الکافی: ۷/۴۴۰ح ۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/۲۲۰ح ۲۹۴۱۴؛ الوافی: ۱۱/۵۶۰ح ۱۱۳۳۱؛ تہذیب الاحکام: ۸/۳۱۱ح ۳۱؛ النوادر اشعری: ۷۴ح ۳؛ الاستبصار: ۴/۴۶ح ۲۸

[3] مرآۃ العقول: ۲۴/۱۷۳؛ جواہر الکلام: ۳۵/۲۶۸؛ الفرقان فی تفسیر القرآن صادقی: ۵/۸۰۱؛ الحج فی الشریعہ: ۱/۵۷۴؛ ریاض المسائل: ۲/۵۴۲؛ کتاب الحج شاہرودی: ۱/۳۳۶؛ فقہ الصادقؑ: ۲۳/۸۴؛ جامع المدارک: ۵/۳۷؛ مہذب الاحکام: ۲۲/۸۴؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/۸۲

اور تاویل کا علم دیا اور رسول اللہ ﷺ نے وہ علم حضرت علی علیہ السلام کو دے دیا اور واللہ! انہوں نے وہ علم ہمیں دے دیا پھر فرمایا: تم تقیہ کی حالت جو چیز کرتے ہو یا تم کو کوئی قسم اٹھاتے ہو تو تم وسعت میں ہو۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2835} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ فَضَّالٍ عَنِ ابْنِ بُكَيْرٍ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: قُلْتُ لَهُ اَلرَّجُلُ يَحْلِفُ بِالْأَيْمَانِ اَلْمُغَلَّظَةِ أَنْ لاَ يَشْتَرِيَ لِأَهْلِهِ شَيْئاً قَالَ فَلْيَشْتَرِ لَهُمْ وَ لَيْسَ عَلَيْهِ شَيْءٌ فِي يَمِينِهِ.

❁ زرارہ سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے عرض کیا کہ ایک شخص بڑی زبردست (بھاری) قسم اٹھاتا ہے کہ وہ اپنے اہل وعیال کے لئے کوئی چیز نہیں خریدے گا تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ ان کے لئے ضرور خریداری کرے اور قسم کی وجہ سے اس پر کوئی چیز نہیں ہے۔ [3]

تحقیق:

حدیث موثق ہے [4] یا موثق کالصحیح ہے [5]

{2836} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ اَلْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ صَفْوَانَ عَنْ مَنْصُورِ بْنِ حَازِمٍ قَالَ قَالَ لِي أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ : أَ مَا سَمِعْتَ بِطَارِقٍ إِنَّ طَارِقاً كَانَ نَخَّاساً بِالْمَدِينَةِ فَأَتَى أَبَا جَعْفَرٍ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ فَقَالَ يَا أَبَا جَعْفَرٍ إِنِّي هَالِكٌ إِنِّي حَلَفْتُ بِالطَّلاَقِ وَ اَلْعَتَاقِ وَ اَلنُّذُورِ فَقَالَ لَهُ يَا طَارِقُ إِنَّ هَذِهِ مِنْ خُطُوَاتِ اَلشَّيْطَانِ.

❁ منصور بن حازم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: کیا تو نے طارق کے بارے میں سنا ہے؟ اور طارق

---

[1] الکافی: ۷/۴۴۲ ح ۵؛ تہذیب الاحکام: ۸/۲۸۶ ح ۴۴؛ الوافی: ۱۱/۵۹۴ ح ۱۱۳۴۴ و ۱۰۶۷/۱۲ ح ۱۲۹۹۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۲۴/۲۳ ح ۲۹۴۲۶

[2] مراۃ العقول: ۱۹/۲۴۴؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/۲۸؛ منتقی الدرایہ: ۲/۵۰؛ بحوث فی القواعد: ۱/۹۴؛ الخلل فی الصلاۃ خمینی: ۸؛ المعلقات علی العروۃ: ۲/۸؛ ۲۷ مبانی الفقہ: ۲/۲۰۸؛ علوم القرآن حکیم: ۱۲۶؛ عمدۃ الاصول: ۶/۲۷؛ نامہ جامعہ (ماہنامہ) جمعی: ۱۰۰/۸؛ المکاسب المحرمہ: ۲/۱۲۶؛ دروس فقہ مظاہری: ۱۱/۷؛ الانصاف فی مسائل: ۲/۳۴۵؛ سند العروۃ: (الطہارۃ): ۳/۸۲؛ الآراء الفقہیہ: ۳/۲۹؛ ریاض المسائل: ۱۳/۱۹۷؛ مصباح المنہاج (الطہارۃ): ۲/۸۱؛ الاحکام کاشف الغطاء: ۳/۸۹؛ القواعد الفقہیہ: ۸/۵۵؛ الموسوعہ الفقہیہ: ۱۰/۵۰۲؛ رسالۃ القلم طلاب البحرین: ۶/۱۹۸

[3] الکافی: ۷/۴۴۲ ح ۱۴؛ تہذیب الاحکام: ۸/۲۸۴ ح ۴۴ و ۸/۲۸۸ ح ۵۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۲۹/۲۳ ح ۲۹۴۴۵

[4] مراۃ العقول: ۱۹/۲۴۴؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/۳۲؛ حدود الشریعہ: ۲/۲۳۳

[5] ملاذ الاخیار: ۱۴/۲۷

مدینہ میں جانوروں کی خرید وفروخت کرتا تھا پس وہ امام محمد باقر علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: اے ابوجعفر علیہ السلام! میں ہلاک ہو گیا میں نے طلاق دینے، غلام آزاد کرنے اور منت ماننے کا حلف لے لیا ہے؟

امام علیہ السلام نے فرمایا: اے طارق علیہ السلام! یہ بات شیطان کے نقوش پا میں سے ہے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [2]

{2837} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ السَّكُونِيِّ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِذَا قَالَ الرَّجُلُ أَقْسَمْتُ أَوْ حَلَفْتُ فَلَيْسَ بِشَيْءٍ حَتَّى يَقُولَ أَقْسَمْتُ بِاللَّهِ أَوْ حَلَفْتُ بِاللَّهِ.

❁ سکونی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب آدمی کہے کہ میں قسم کھاتا ہوں یا میں حلف اٹھاتا ہوں تو یہ کوئی چیز نہیں ہے یہاں تک کہ وہ یوں کہے گا: میں اللہ کی قسم کھاتا ہوں یا میں اللہ کے لئے حلف اٹھاتا ہوں (تو پھر قسم ہوگی)۔ [3]

تحقیق:

حدیث قوی ہے۔ [4]

قول مؤلف:

اس سند کی تفصیل کے لئے حدیث 2755 کی طرف رجوع کیجئے۔

{2838} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَوْلُ اللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ:)وَ اللَّيْلِ إِذَا يَغْشىٰ ()وَ النَّجْمِ إِذَا هَوىٰ (وَ مَا أَشْبَهَ ذَلِكَ فَقَالَ إِنَّ لِلَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ أَنْ يُقْسِمَ مِنْ خَلْقِهِ بِمَا شَاءَ وَ لَيْسَ لِخَلْقِهِ أَنْ يُقْسِمُوا إِلاَّ بِهِ.

❁ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے خدا کے قول: ”قسم رات کی جب وہ چھا جائے (اللیل: ۲)“ اور ستارے کی قسم جب وہ ٹوٹا (النجم: ۲)“ اور اس جیسی دیگر (قسموں) کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے

---

[1] تہذیب الاحکام: ۸/ ۲۸۷ ح ۵۰؛ النوادر اشعری: ۱۳؛ الوافی: ۱/ ۵۹۹ ح ۱۳۹۱۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/ ۲۳۱ ح ۲۹۴۵۰؛ تفسیر البرہان: ۱/ ۴۰۷؛ بحار الانوار: ۱۰۱/ ۲۳۴؛ مستدرک الوسائل: ۱۵/ ۲۹۶ ح ۱۸۲۹۵ و ۱۶/ ۳۸۱ ح ۱۹۰۹۹؛ تفسیر العیاشی: ۱/ ۷۳

[2] ملاذ الاخیار: ۱۴/ ۳۱؛ ریاض المسائل: ۱۳/ ۷۹؛ جواہر الکلام: ۳۴/ ۱۵۵؛ مہذب الاحکام: ۲۲/ ۲۷۸

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/ ۳۷۲ ح ۴۳۰۵؛ تہذیب الاحکام: ۸/ ۳۰۱ ح ۱۱۱۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/ ۲۳۴ ح ۲۹۴۶۰؛ الوافی: ۱۱/ ۵۷۰ ح ۱۱۳۹۳

[4] روضۃ المتقین: ۸/ ۵۸؛ ریاض المسائل: ۱۳/ ۱۷۴

فرمایا: اللہ تعالیٰ کو حق ہے کہ وہ اپنی مخلوق میں سے جس کی چاہے قسم دے لیکن اس کی مخلوق کو حق نہیں کہ وہ اس کے علاوہ کسی کی قسم کھائے۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [2] یا پھر حسن ہے [3]

{2839} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ هَارُونَ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ مَسْعَدَةَ بْنِ صَدَقَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ سَمِعْتُهُ يَقُولُ: فِي قَوْلِ اللَّهِ عَزَّ وَ جَلَّ:)لاٰ يُؤٰاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِي أَيْمٰانِكُمْ (قَالَ اللَّغْوُ قَوْلُ الرَّجُلِ لاَ وَ اللَّهِ وَ بَلَى وَ اللَّهِ وَ لاَ يَعْقِدُ عَلَى شَيْءٍ.

❁ مسعدہ بن صدقہ سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کو خدا کے قول: ''اللہ ان قسموں پر تمہاری گرفت نہیں کرتا جو تم بے توجہی میں کھاتے ہو (البقرۃ:۲۲۵)'' کے بارے میں فرمایا: لغو سے مراد بندے کا لاواللہ (نہیں اللہ کی قسم) اور بلیٰ واللہ (یقیناً اللہ کی قسم) کہنا ہے اور اس (طرح کی قسم) پر کوئی چیز واجب نہیں ہوتی۔ [4]

تحقیق:

حدیث موثق ہے۔ [5]

قول مؤلف:

---

[1] الکافی: ۷/۴۴۹ ح۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۷۶ ورضمن حدیث ۴۳۲۳؛ تہذیب الاحکام: ۸/۲۷۷ ح۱۰۰۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۲/۳۴۳ ح۲۸۷۴۶ و۲۳/۲۵۹ ح۲۹۵۲۱ و۲۷/۳۰۳ ح۳۳۸۰۱؛ الوافی: ۱۱/۵۷۱ ح۱۱۳۴۳ و۱۹/۱۰۵۶ ح۱۹۲۷۸؛ النوادر اشعری: ۵۱؛ تفسیر البرہان: ۵/۶۸۶ و۶۷۹؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۲۸۶؛ تفسیر نور الثقلین: ۵/۴۷۶ و۵۸۸؛ تفسیر کنز الدقائق: ۱۲/۴۶۹ و۱۴/۱۱۵ و۳۰۳؛ مستدرک الوسائل: ۱۶/۲۵ ح۱۹۱۷۱

[2] دروس تمہیدیہ: ۲/۵۰۲؛ القواعد الفقہیہ: ۷/۱۳۹؛ فقہ الصادقؑ: ۲۳/۲۴۲؛ انوار الفقاھۃ: ۲۳/۶۱؛ حدود الشریعہ: ۲/۲۳۱؛ اسس القضا: ۱۹۱؛ تفصیل الشریعہ: ۲۳/۸۱؛ مہذب الاحکام: ۲۶/۲۳؛ کتاب القضا آشتیانی: ۱/۳۴۳؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۳/۵۹؛ جواہر الکلام: ۴۰/۵۲؛ مبانی تحریر الوسیلہ: ۱/۲۷۴؛ تنقیح مبانی الاحکام: ۳/۹۹؛ شرح تبصرۃ المتعلمین (القضا): ۱۰۶؛ موسوعہ الامام الخوئی: ۴۱/۳۰؛ مستند الشیعہ: ۱۷/۴۴۶؛ عیون الحقائق: ۲/۲۷۴؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۸/۲۶؛ ایضاح الفوائد: ۴/۴؛ جامع المدارک: ۵/۵۱؛ البراہین الواضحات: ۱/۴۱۵؛ دراسات فقہیہ: ۳۴۲؛ القضا نجم آبادی: ۲/۳۷۴

[3] مسالک الافہام: ۱۳/۳۷۴؛ نہایۃ المرام: ۲/۳۲۶؛ مفاتیح الشرائع: ۱/۴۹۱ و۲/۳۰۷؛ المناھل: ۴۰۷؛ الدر المنثور من المأثور: ۱/۳۳۶؛ مراۃ العقول: ۲۴/۳۳۰؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/۸

[4] الکافی: ۷/۴۴۳ ح۱؛ تہذیب الاحکام: ۸/۲۸۰ ح۱۰۲۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/۸ ح۲۹۴۷۰؛ الوافی: ۱۱/۵۹۵ ح۱۱۳۴۲؛ دعائم الاسلام: ۲/۹۵؛ تفسیر البرہان: ۱/۴۶۷ و۲/۳۴۸؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۲۲۴؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/۲۲۵

[5] فقہ الصادقؑ: ۲۳/۲۵۰؛ ریاض المسائل: ۱۳/۱۹۷

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث ضعیف ہے [1] اور اسی مضمون کی ایک حدیث تفسیر عیاشی میں عبداللہ بن سنان سے مروی ہے [2] جس کو صحیح قرار دیا گیا ہے [3]

{2840} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَبُو عَلِيٍّ ٱلْأَشْعَرِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ ٱلْجَبَّارِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْمَاعِيلَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ ٱلنُّعْمَانِ عَنْ سَعِيدٍ ٱلْأَعْرَجِ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ ٱللَّهِ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ عَنِ ٱلرَّجُلِ يَحْلِفُ عَلَى ٱلْيَمِينِ فَيَرَى أَنَّ تَرْكَهَا أَفْضَلُ وَإِنْ لَمْ يَتْرُكْهَا خَشِيَ أَنْ يَأْثَمَ أَيَتْرُكُهَا فَقَالَ أَمَا سَمِعْتَ قَوْلَ رَسُولِ ٱللَّهِ صَلَّى ٱللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ إِذَا رَأَيْتَ خَيْراً مِنْ يَمِينِكَ فَدَعْهَا.

❁ سعید بن الاعرج سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص (کسی کام کی) قسم اٹھاتا ہے اور پھر دیکھتا ہے کہ اس کو چھوڑ دینا بہتر ہے اور اگر وہ نہیں چھوڑے گا تو اسے خوف ہے کہ گنہگار ہوگا تو کیا وہ اسے چھوڑ سکتا ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کیا تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قول نہیں سنا کہ اگر تم اپنی قسم سے بہتر (کوئی چیز) دیکھو تو قسم کو چھوڑ دو۔ [4]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [5]

{2841} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ٱبْنِ فَضَّالٍ عَنِ ٱبْنِ بُكَيْرٍ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ قَالَ: كُلُّ يَمِينٍ حَلَفْتَ عَلَيْهَا لَكَ فِيهَا مَنْفَعَةٌ فِي أَمْرِ دِينٍ أَوْ دُنْيَا فَلاَ شَيْءَ عَلَيْكَ فِيهَا وَإِنَّمَا تَقَعُ عَلَيْكَ ٱلْكَفَّارَةُ فِيمَا حَلَفْتَ عَلَيْهِ فِيمَا لِلَّهِ مَعْصِيَةٌ أَنْ لاَ تَفْعَلَهُ ثُمَّ تَفْعَلَهُ.

❁ زرارہ سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: ہر وہ قسم کہ جس پر تم حلف دو اور اس میں تمہارے لئے دین یا دنیا کے معاملے میں نفع ہو تو اس میں تم پر کچھ واجب نہیں ہے اور کفارہ تو فقط تم پر تب واجب ہوتا ہے کہ جب تم اللہ کی معصیت کے لئے حلف دو کہ اسے نہ بجالاؤ گے اور تم اسے بجالاؤ۔ [6]

---

[1] مرآۃ العقول: ۲۴/۳۲۱؛ ملاذ الاخیار: ۱۴/۱۵

[2] تفسیر العیاشی: ۱/۳۳۶

[3] عیون الحقائق الناظرۃ: ۱/۶۰

[4] الکافی: ۷/۴۴۴ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۸/۲۸۴ ح ۱۰۴۵؛ النوادر اشعری: ۹۳؛ الوافی: ۱۱/۵۵۶ ح ۱۱۳۲۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/۲۴۰ ح ۲۹۴۷۵؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۲۳۷؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/۲۶۵؛ تفسیر کنز الدقائق: ۲/۲۱۳؛ مستدرک الوسائل: ۱۶/۵۲ ح ۱۹۱۱۷

[5] مرآۃ العقول: ۲۴/۳۲۱؛ حدود الشریعہ: ۲/۲۰۶؛ دروس تمہیدیہ فی تفسیر: ۱/۲۵۴؛ فقہ الصادق: ۲۰۶/۳۵؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۴/۲۳؛ دروس تمہیدیہ فی الفقہ: ۲/۵۰۵

[6] الکافی: ۷/۴۴۵ ح ۱؛ الوافی: ۱۱/۵۵۲ ح ۱۱۳۰۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/۲۳۸ ح ۲۹۴۶۹

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [1] یا پھر موثق ہے [2]

{2842} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ يَحْلِفُ الرَّجُلُ إِلاَّ عَلَى عِلْمِهِ.

ہشام بن سالم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: آدمی حلف نہیں دے سکتا مگر اپنے علم پر [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2843} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْمُغِيرَةِ عَنْ خَالِدِ بْنِ أَيْمَنَ الْحَنَّاطِ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ يُسْتَحْلَفُ الرَّجُلُ إِلاَّ عَلَى عِلْمِهِ.

ابوبصیر سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: کسی آدمی سے حلف نہیں لیا جا سکتا مگر اس کے علم پر [5]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [6]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث مجہول ہے۔ [7]

{2844} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ سَعْدٍ الْأَشْعَرِيِّ عَنْ أَبِي الْحَسَنِ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ حَلَفَ وَ ضَمِيرُهُ عَلَى غَيْرِ مَا حَلَفَ قَالَ الْيَمِينُ عَلَى الضَّمِيرِ.

---

[1] جواہر الکلام: ۱۹۹/۱۸؛ عیون الحقائق: ۸۱/۲؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۲۲/۴

[2] حدود الشریعہ: ۵/۲ ۲۳؛ مراۃ العقول: ۳۲۰/۲۴؛ کفایۃ الفقہ: ۴۸۵/۲

[3] الکافی: ۲/ ۳۸۸ ح ۲؛ المحاسن: ۲/ ۳۴۰ ح ۱۹۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۴/ ۳۲۷ ح ۳۰۶۷۷؛ الوافی: ۲۰/ ۵۰۷ ح ۱۹۸۹۴؛ تفسیر البرہان: ۳/ ۲۲۵؛ بحار الانوار: ۹۳/ ۳۲ ح ۳؛ تفسیر نور الثقلین: ۵۱/۳؛ تفسیر کنز الدقائق: ۵۱/۸؛ عوالم العلوم: ۱۰۹/۲۰؛ مستدرک الوسائل: ۲۶۵/۱۶ ح ۱۹۸۲۳

[4] مراۃ العقول: ۲۴/ ۳۲۳؛ مہذب الاحکام: ۲۳/ ۱۱۷؛ نظام القضاء: ۱/ ۴۹۳؛ الانوار اللوامع: ۱۴/ ۳۴؛ مبانی تحریر الوسیلہ: ۱/ ۱۳۵؛ رسائل و مسائل: ۷/ ۱۹۳؛ فقہ القضاء اردبیلی: ۲/ ۲۳۱؛ فقہ الصادقؑ: ۲۲۸/۳۵؛ مستند الشیعہ: ۱۵۳/۱۶

[5] الکافی: ۷/ ۴۴۵ ح ۲؛ الوافی: ۱۰۶۵/۱۶ ح ۱۶۹۹۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۴۷/۲۳ ح ۲۹۴۹۲

[6] مبانی تحریر الوسیلہ: ۱۳۵/۱

[7] مراۃ العقول: ۳۲۳/۲۴

اسماعیل بن سعد الاشعری سے روایت ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے (کسی بات پر) حلف دیا مگر اس کا ضمیر حلف کے علاوہ بات پر تھا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: قسم ضمیر (کی بنیاد) پر ہوتی ہے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{2845} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ اَلنَّوْفَلِيِّ عَنِ اَلسَّكُونِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ قَالَ أَمِيرُ اَلْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ: مَنِ اِسْتَثْنَى فِي يَمِينٍ فَلاَ حِنْثَ وَلاَ كَفَّارَةَ.

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: جس نے قسم میں استثنٰی لے لیا (یعنی قسم کھانے وقت ان شاء اللہ کہہ دیا) تو اس پر نہ کوئی گناہ ہوگا اور نہ کفارہ ہوگا۔[3]

تحقیق:

حدیث قوی ہے[4] یا پھر معتبر ہے[5]

قول مؤلف:

یہ سند مشہور موثق ہے جس پر گفتگو کئی مقامات پر کی جا چکی ہے۔ تفصیل کے لئے حدیث 2755 کی طرف رجوع کیجئے نیز اسی سند کے ساتھ امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شخص پوشیدہ طور پر قسم کھائے تو وہ انشاء اللہ بھی پوشیدہ طور پر کہے اور جو شخص حلف اعلانیہ طور پر اٹھائے تو وہ ان شاء اللہ بھی اعلانیہ طور پر کہے[6] اور تفسیر القمی میں بسند موثق[7] امام جعفر صادق علیہ السلام سے ایک حدیث مروی ہے جس میں درج ہے کہ ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قریش کو کہا

---

[1] الکافی: ۷/۴۴۴ ح ۲؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۷۱ ح ۴۳۰۲؛ تہذیب الاحکام: ۸/۲۸۰ ح ۱۰۲۳؛ الوافی: ۱۲/۱۰۶۶ ح ۱۲۲۹۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/۲۴۶ ح ۲۹۴۸۹

[2] مراۃ العقول: ۲۴/۳۲۲؛ حدود الشریعہ: ۲/۲۳۲؛ فقہ الصادقؑ: ۳/۲۵۰؛ روضۃ المتقین: ۸/۵۴

[3] الکافی: ۷/۴۴۸ ح ۵؛ تہذیب الاحکام: ۸/۲۸۲ ح ۱۰۳۱؛ الوافی: ۱۱/۵۷۹ ح ۱۱۳۸۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/۲۵۶ ح ۲۹۵۱۰؛ الفصول المہمہ: ۲/۳۱۱

[4] ریاض المسائل: ۱۳/۱۷۷

[5] وسائل العباد: ۴/۲۶

[6] الکافی: ۷/۴۴۹ ح ۷؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۳/۳۷۱ ح ۴۳۰۱؛ تہذیب الاحکام: ۸/۲۸۲ ح ۱۰۳۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/۲۵۴ ح ۲۹۵۰۷؛ عوالی اللئالی: ۳/۴۴۶؛ دعائم الاسلام: ۲/۹۷؛ مستدرک الوسائل: ۱۶/۵۹ ح ۱۹۱۳۵

[7] عیون الحقائق: ۲/۱۶۵

کہ کل بتاؤں گا مگر ان شاءاللہ نہ کہا تو چالیس دن وحی کا سلسلہ منقطع ہو گیا اور پھر سورۃ الکہف آیت ۲۳ نازل ہوئی [1] اور اسی طرح کی حدیث یہود کے بارے میں بھی مروی ہے [2] جس کی سند صحیح ہے [3]

[2] الکافی: ۷/۴ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۹/۱۸۰ ح ۷۲۵؛ الوافی: ۲۴/۳۳ ح ۲۳۹۱۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۳۱۰ ح ۲۴۷۲۶؛ تفسیر البرہان: ۲/۵۷۳؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/۶۸۶

[3] مبانی تحریر الوسیلہ: ۱/۴۹۶؛ مستند الشیعہ: ۱۸/۷۳؛ دلیل تحریر الوسیلہ (الوصیۃ): ۲۴۷؛ موسوعۃ الفقہ الاسلامی: ۱۹/۸۹؛ اسس القضاء: ۴۳۷؛ مسالک الافہام: ۳/۲۱؛ فقہ الصادقؑ: ۸/۳۵۸؛ ریاض المسائل: ۱۰/۳۷۴

[4] مرآۃ العقول: ۲۳/۸

[5] مختلف الشیعہ: ۸/۵۲۱؛ کشف اللثام: ۱۰/۲۷۴؛ روضۃ المتقین: ۶/۷۶ حالال مختاری: ۱/۶۷

مشکوک مسلمہ ہو۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [2]

{2879} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ حَمَّادُ بْنُ عِيسَى عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِنْ أَوْصَى رَجُلٌ إِلَى رَجُلٍ وَ هُوَ غَائِبٌ فَلَيْسَ لَهُ أَنْ يَرُدَّ وَصِيَّتَهُ وَ إِنْ أَوْصَى إِلَيْهِ وَ هُوَ بِالْبَلَدِ فَهُوَ بِالْخِيَارِ إِنْ شَاءَ قَبِلَ وَ إِنْ شَاءَ لَمْ يَقْبَلْ.

❂ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب کوئی شخص کسی ایسے شخص کو وصی بنائے جو غائب (یعنی وہاں موجود نہ) ہو تو اس کے لئے جائز نہیں ہے کہ وہ اس کی وصیت کو رد کرے اور اگر اس شخص کو وصیت کی جائے جو شہر میں موجود ہو تو اسے اختیار ہے چاہے تو قبول کرے اور اگر چاہے تو قبول نہ کرے [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [4]

{2880} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّوْفَلِيِّ عَنِ السَّكُونِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: أَوَّلُ شَيْءٍ يُبْدَأُ بِهِ مِنَ الْمَالِ الْكَفَنُ ثُمَّ الدَّيْنُ ثُمَّ الْوَصِيَّةُ ثُمَّ الْمِيرَاثُ.

❂ سکونی سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: (مرنے والے کے) مال میں سے سب سے پہلے جس چیز سے ابتدا کی جائے گی وہ کفن ہے، پھر قرضہ اور پھر میراث ہے [5]

---

[1] تہذیب الاحکام: ۹/ ۱۸۰ ح ۷۲۲؛ الوافی: ۲۴/ ۹۹۳ ح ۲۴۹۰۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/ ۳۱۷ ح ۲۴۹۸۲

[2] مرآۃ العقول: ۱۵/ ۵۵؛ ریاض المسائل: ۱۰/ ۳۷؛ ذخیرۃ الصالحین: ۵/ ۵۸۴؛ اسس القضا: ۵۵۵؛ مفتاح الکرامہ: ۲۵/ ۳۱۱؛ القواعد الفقہیہ: ۷/ ۲۸۱؛ موسوعہ الامام الخوئی: ۳۱/ ۱۹۰؛ تنقیح مبانی الاحکام: ۱/ ۵۴۳؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۴/ ۱۹۱؛ تفصیل الشریعہ: ۲۰/ ۲۰۶

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/ ۱۹۵ ح ۵۴۴۵؛ الکافی: ۷/ ۶ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۲۰۵ ح ۸۰۴؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/ ۳۱۹ ح ۲۴۹۸۸؛ الوافی: ۲۴/ ۸۱ ح ۲۳۶۸۸؛ الفصول المہمہ: ۲/ ۳۱۶

[4] روضۃ المتقین: ۱۱/ ۹۱؛ الحدائق الناضرۃ: ۲۲/ ۵۷۴؛ الانوار اللوامع: ۱۳/ ۲۱۳؛ تذکرۃ الفقہا () الطہارۃ الی الجعالہ): ۲۲/ ۸۳؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۲/ ۸۴۳؛ جامع المقاصد: ۱۱/ ۲۸۳؛ مختلف الشیعہ: ۶/ ۴۰۵؛ فقہ الصادقؑ: ۳۰/ ۴۳۱؛ حدود الشریعہ: ۲/ ۵۹۳؛ جامع الشتات: ۴/ ۲۳۳؛ ریاض المسائل: ۱۰/ ۳۳۱؛ جامع المدارک: ۴/ ۸۱

[5] الکافی: ۷/ ۲۳ ح ۳؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/ ۱۹۳ ح ۵۴۳۷؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۱۷۱ ح ۶۹۸؛ الوافی: ۲۴/ ۱۵۵ ح ۲۳۸۱۳؛ الجعفریات: ۲۰۳؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/ ۳۲۹ ح ۲۴۷۰۰؛ الفصول المہمہ: ۲/ ۳۱۸؛ تفسیر البرہان: ۲/ ۳۷

تحقیق:

حدیث موثق ہے [1] یا پھر معتبر ہے [2] یا پھر قوی ہے [3]

{2881} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي نَجْرَانَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: قَضَى أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ فِي رَجُلٍ أَوْصَى لِآخَرَ وَ الْمُوصَى لَهُ غَائِبٌ فَتُوُفِّيَ الَّذِي أُوصِيَ لَهُ قَبْلَ الْمُوصِي قَالَ الْوَصِيَّةُ لِوَارِثِ الَّذِي أُوصِيَ لَهُ قَالَ وَ مَنْ أَوْصَى لِأَحَدٍ شَاهِداً كَانَ أَوْ غَائِباً فَتُوُفِّيَ الْمُوصَى لَهُ قَبْلَ الْمُوصِي فَالْوَصِيَّةُ لِوَارِثِ الَّذِي أُوصِيَ لَهُ إِلاَّ أَنْ يَرْجِعَ فِي وَصِيَّتِهِ قَبْلَ مَوْتِهِ.

محمد بن قیس سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: امیر المومنین علیہ السلام نے اس شخص کے بارے میں جسے دوسرے شخص نے اس کے غائب ہونے کی صورت میں وصیت کی پس جسے وصیت کی گئی وہ وصیت کرنے والے سے پہلے مرگیا، فیصلہ فرمایا:

وصیت اس شخص کے وارثوں کے لئے ہوجائے گی جسے وصیت کی گئی تھی پھر فرمایا: جو شخص بھی کسی حاضر یا غائب شخص کے لئے کوئی وصیت کرے اور جسے وصیت کی گئی وہ وصیت کرنے والے سے پہلے فوت ہوجائے تو وصیت جسے وصیت کی گئی اس کے ورثا کے لئے ہوجائے گی مگر یہ کہ وصیت کرنے والا اپنی موت سے پہلے اپنی وصیت سے رجوع کرلے [4]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [5] یا پھر حسن ہے [6]

{2882} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ عَنِ الْعَلاَءِ بْنِ رَزِينٍ

---

[1] المعتمد فی شرح المناسک: ۳/۲۸۱؛ دلیل تحریر الوسیلہ (الوصیۃ): ۱۳۲؛ سند العروۃ (الطہارۃ): ۵/۲۵۷؛ دروس فی فقہ مظاہری: ۵۵۵؛ کتاب الطہارۃ اراکی: ۲/۱۳۱؛ مصباح المنہاج (الطہارۃ): ۷/۸۲

[2] التعلیقہ الاستدلالی: ۳/۲۱۹؛ بحوث فی القواعد: ۳/۱۵۹؛ مبانی الفقہ الفصال: ۴/۵۱

[3] روضۃ المتقین: ۱۱/۵۵

[4] الکافی: ۷/۱۳ ح ۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/۲۱۰ ح ۵۴۸۹؛ تہذیب الاحکام: ۹/۲۳۰ ح ۹۰۳؛ الاستبصار: ۴/۱۳۷ ح ۵۱۵؛ الوافی: ۲۴/۹۹ ح ۲۳۷۲۰؛ عوالی اللئالی: ۳/۱۳۷؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۳۳۳ ح ۲۴۷۱۲

[5] تقریرات ثلاثہ: ۳۷؛ فقہ الصادق: ۲۰/۳۲۱؛ وسائل العباد: ۲/۸۹۳؛ کتاب الحج قمی: ۲/۲۷؛ مباحث فقہیہ: ۱۰۹؛ فقہ المعاملات: ۲/۵۷۲؛ ریاض المسائل: ۱۰/۳۰۷؛ دلیل تحریر الوسیلہ (الوصیۃ): ۹۲؛ موسوعہ الامام الخوئی: ۳۳/۳۱۲؛ دروس تمہیدیہ: ۲/۵۲۴؛ دراسات فقہیہ: ۳۷۳؛ التعلیقہ الاستدلالی: ۵/۴۶۳؛ دروس اصول مظاہری: ۸/۹۲؛ بلغۃ الفقیہ بحر العلوم: ۴/۳۱

[6] مرآۃ العقول: ۲۳/۲۳؛ روضۃ المتقین: ۱۱/۹۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۵/۱۵۵؛ الجعبہ: ۸/۲۱۱؛ کتاب الاجارہ والغصب والوصیۃ بروجردی: ۵۱۲

عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَحَدِهِمَا عَلَيْهِمَا اَلسَّلاَمُ : فِي رَجُلٍ أَوْصَى بِمَالِهِ فِي سَبِيلِ اَللَّهِ قَالَ أَعْطِ لِمَنْ أَوْصَى لَهُ بِهِ وَإِنْ كَانَ يَهُودِيّاً أَوْ نَصْرَانِيّاً إِنَّ اَللَّهَ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى يَقُولُ: (فَمَنْ بَدَّلَهُ بَعْدَ مَا سَمِعَهُ فَإِنَّمَا إِثْمُهُ عَلَى اَلَّذِينَ يُبَدِّلُونَهُ).

❁ محمد بن مسلم نے امامین علیہما السلام میں سے ایک امام علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں روایت کی ہے جس نے اپنے مال کو راہ خدا میں خرچ کرنے کی وصیت کی تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ مال اسے ہی دیا جائے گا جس کے بارے میں اس نے وصویت کی ہو خواہ وہ یہودی اور نصرانی ہی کیوں نہ ہو کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ”جو اس (وصیت) کو سن لینے کے بعد اسے بدل ڈالے تو اس کا گناہ ان بدلنے والوں پر ہوگا (البقرۃ:۱۸۱)“[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے[2]

{2883} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرٍ اَلرَّزَّازُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى وَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى بْنِ عُبَيْدٍ عَنِ اَلْحَسَنِ بْنِ رَاشِدٍ قَالَ : سَأَلْتُ اَلْعَسْكَرِيَّ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ بِالْمَدِينَةِ عَنْ رَجُلٍ أَوْصَى بِمَالٍ فِي سَبِيلِ اَللَّهِ فَقَالَ سَبِيلُ اَللَّهِ شِيعَتُنَا .

❁ حسن بن راشد سے روایت ہے کہ میں نے مدینہ میں امام حسن عسکری علیہ السلام سے سوال کیا کہ ایک شخص نے اپنے مال کو راہ خدا میں خرچ کرنے کی وصیت کی تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: راہ خدا (سے مراد) ہمارے شیعہ ہیں[3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے[4]

---

[1] الکافی: ۷/۱۴ ح۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/۲۰۰ ح۵۴۴۲؛ تہذیب الاحکام: ۹/۲۰۳ ح۸۰۸؛ الاستبصار: ۴/۱۲۹ ح۴۸۸؛ الوافی: ۲۴/۸۵ ح۲۳۶۹۶؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۳۴۳ ح۲۴۷۴۲؛ تفسیر البرہان: ۱/۳۸۱؛ عوالی اللئالی: ۳/۲۷۱؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۱۱۸ ح۱۶۲۵۰؛ تفسیر کنز الدقائق: ۲/۲۳۳؛ بحار الانوار: ۸۵/۳۱۶

[2] مراۃ العقول: ۲۳/۲۵؛ حدود الشریعہ: ۱/۱۴۴؛ الحجۃ: ۸/۲۵۳؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۲/۲۷۴؛ مفاتیح الشرائع: ۳/۲۲۲؛ دلیل تحریر الوسیلہ (الوصیۃ): ۸۹؛ ریاض المسائل: ۱۰/۲۸۱؛ تذکرۃ الفقہاء (الطہارۃ الی الجعلہ): ۲۱/۱۰۶؛ کتاب الزکاۃ و مختصری: ۳/۱۱۸؛ مسالک الافہام: ۶/۲۱۸؛ جامع المدارک: ۴/۵۹؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۶/۲۲؛ فقہ الصادقؑ: ۳۰/۳۰۸؛ الانوار اللوامع: ۱۳/۳۴۸

[3] الکافی: ۷/۱۵ ح۲؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۷/۲۰۶ ح۵۴۷؛ تہذیب الاحکام: ۹/۲۰۴ ح۸۱۱؛ الاستبصار: ۴/۱۳۰ ح۴۹۲؛ تفسیر کنز الدقائق: ۵/۸۵۔ ۴؛ معانی الاخبار: ۱۶۷؛ بحار الانوار: ۹۳/۶۹ و ۱۰۰/۲۱۱؛ تفسیر نور الثقلین: ۲/۲۳۳؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۱۱۷ ح۱۶۲۴۵؛ تفسیر العیاشی: ۲/۹۴ ح۸۱؛ فقہ القرآن: ۲/۳۱۴

[4] مراۃ العقول: ۲۳/۲۷؛ البعد: ۸/۲۵۵؛ ملاذ الاخیار: ۱۵/۱۰۵؛ روضۃ المتقین: ۱۱/۸۵

{2884} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ الْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَنَّهُ قَالَ: فِي رَجُلٍ تُوُفِّيَ فَأَوْصَى إِلَى رَجُلٍ وَ عَلَى الرَّجُلِ الْمُتَوَفَّى دَيْنٌ فَعَمَدَ الَّذِي أُوصِيَ إِلَيْهِ فَعَزَلَ الَّذِي لِلْغُرَمَاءِ فَرَفَعَهُ فِي بَيْتِهِ وَ قَسَمَ الَّذِي بَقِيَ بَيْنَ الْوَرَثَةِ فَيُسْرَقُ الَّذِي لِلْغُرَمَاءِ مِنَ اللَّيْلِ مِمَّنْ يُؤْخَذُ قَالَ هُوَ ضَامِنٌ حِينَ عَزَلَهُ فِي بَيْتِهِ يُؤَدِّي مِنْ مَالِهِ.

۞ حلبی نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں روایت کی ہے جس نے ایک شخص کو وصی بنایا اور خود فوت ہوگیا مگر اس پر قرض بھی تھا چنانچہ وصی نے اس مال میں سے قرض کی رقم نکال کر اپنے ہی گھر میں رکھ لی اور باقی وارثوں کے درمیان تقسیم کردیا پس ایک رات اس کے گھر چور گھس گئے اور وہ قرض کے لئے رکھی گئی رقم بھی چرا کر لے گئے تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ اس کا ضامن ہے کیونکہ اس نے خود ہی اسے نکال کر اپنے گھر میں رکھا تھا۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔[2]

{2885} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَبَّادِ بْنِ صُهَيْبٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي رَجُلٍ فَرَّطَ فِي إِخْرَاجِ زَكَاتِهِ فِي حَيَاتِهِ فَلَمَّا حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ حَسَبَ جَمِيعَ مَا كَانَ فَرَّطَ فِيهِ مِمَّا لَزِمَهُ مِنَ الزَّكَاةِ ثُمَّ أَوْصَى بِهِ أَنْ يُخْرَجَ ذَلِكَ فَيُدْفَعَ إِلَى مَنْ تَجِبُ لَهُ قَالَ فَقَالَ جَائِزٌ يُخْرَجُ ذَلِكَ مِنْ جَمِيعِ الْمَالِ إِنَّمَا هُوَ بِمَنْزِلَةِ الدَّيْنِ لَوْ كَانَ عَلَيْهِ لَيْسَ لِلْوَرَثَةِ شَيْءٌ حَتَّى يُؤَدَّى مَا أَوْصَى بِهِ مِنَ الزَّكَاةِ قِيلَ لَهُ فَإِنْ كَانَ أَوْصَى بِحَجَّةِ الْإِسْلاَمِ قَالَ جَائِزٌ يُحَجُّ عَنْهُ مِنْ جَمِيعِ الْمَالِ.

۞ عباد بن صہیب نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں روایت کی ہے جس نے اپنی زندگی میں اپنے مالی واجبات ادا کرنے میں کوتاہی کی تھی مگر جب مرنے لگا تو اس نے تمام کوتاہیوں کا حساب کیا جو اس نے زکوٰۃ کے سلسلے میں کی تھیں اور پھر وصیت کی کہ اسے ادا کیا جائے اور مستحقین تک پہنچائی جائے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ (وصیت) جائز (نافذ) ہے جسے اس کے تمام مال سے نکالا جائے گا کیونکہ یہ بمنزلہ قرضہ کے ہے۔ جب تک وصیت کے مطابق زکوٰۃ ادا نہیں کی جائے گی اس کے وارثوں کو کچھ نہیں ملے گا۔

عرض کیا گیا: اگر وہ حجۃ الاسلام (واجبی حج) کی وصیت کرے تو؟

---

[1] تہذیب الاحکام: ۱۶۸/۹ ح ۶۸۵؛ الاستبصار: ۱۱۷/۴ ح ۴۴۳؛ الوافی: ۹۸/۲۴ ح ۲۳۷۱۸؛ وسائل الشیعہ: ۴۰۶/۱۹ ح ۲۴۷۳۴

[2] ملاذ الاخیار: ۱۵/۷۶؛ الوصایا والمواریث انقری: ۲۱۵؛ کتاب الاجارہ والغصب والوصیہ بروجردی: ۲۴۷؛ بلغۃ الفقیہ: ۱۶۹/۴؛ مختلف الشیعہ: ۳۲۱/۶؛ مقابس الانوار: ۲۰۵؛ الانوار اللوامع: ۲۱۹/۱۳؛ المکاسب: ۴۵۸/۳

آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ بھی جائز (نافذ) ہے کہ اس کے تمام مال سے اس کی طرف سے حج ادا کی جائے گی۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے [2] یا پھر صحیح ہے [3]

{2886} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَلْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ مَاتَ وَ أَوْصَى أَنْ يُحَجَّ عَنْهُ قَالَ إِنْ كَانَ صَرُورَةً حُجَّ عَنْهُ مِنْ وَسَطِ اَلْمَالِ وَ إِنْ كَانَ غَيْرَ صَرُورَةٍ فَمِنَ اَلثُّلُثِ.

❁ معاویہ بن عمار سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے وصیت کی کہ اس کی طرف سے حج کرایا جائے اور مر گیا تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر وہ واجبی حج ہے تو اصل ترکہ سے کرایا جائے اور اگر مستحبی حج ہے تو پھر ایک ثلث مال سے کرایا جائے [4]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [5]

{2887} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَلْحُسَيْنِ قَالَ رَوَى مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ أَبِي اَلْمَغْرَاءِ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ أَنَّهُ قَالَ: إِذَا بَلَغَ اَلْغُلاَمُ عَشْرَ سِنِينَ فَأَوْصَى بِثُلُثِ مَالِهِ فِي حَقٍّ جَازَتْ وَصِيَّتُهُ وَ إِذَا كَانَ اِبْنَ سَبْعِ سِنِينَ فَأَوْصَى مِنْ مَالِهِ بِالْيَسِيرِ فِي حَقٍّ جَازَتْ وَصِيَّتُهُ.

❁ ابو بصیر سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب لڑکا دس سال کا ہو جائے اور کسی جائز کام کے لئے اپنے

---

[1] تہذیب الاحکام: ۹/ ۲۱۷ ح ۸۵۳؛ الوافی: ۱۰/ ۲۲۱ ح ۹۴۸۰؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/ ۳۵۷ ح ۲۴۷۵۵؛ الکافی: ۷/ ۱۳ ح ۵ (مختصراً)

[2] ملاذ الاخیار: ۱۵/ ۳۰۱؛ ہدایۃ الفقیہ: ۴/ ۹۷؛ ذخیرۃ المعاد: ۲/ ۴۴۴؛ القواعد الاصولیہ محسنی: ۳۴۹؛ کتاب الزکاۃ منتظری: ۲/ ۹۳؛ جواہر الکلام: ۱۳/ ۳۶۷؛ بحوث فی القواعد: ۳/ ۵۲؛ آیات الاحکام نجفی: ۲/ ۳۱۶؛ انوار الفقاہۃ: ۲۳/ ۸۱؛ مفتاح الکرامہ: ۵/ ۳۰۴؛ رسائل المیرزا القمی: ۲/ ۸۳۱؛ مقابس الانوار: ۲۰۴؛ مہذب الاحکام: ۱۲/ ۲۹۷؛ ینابیع الاحکام: ۴/ ۳۵۵؛ مستمسک العروۃ: ۱۱/ ۲۰؛ فقہ الصادق: ۹/ ۴۵۰؛ الارث فی الفقہ الجعفری: ۱/ ۳۸؛ مرآۃ العقول: ۱۶/ ۸۴

[3] ینابیع الاحکام: ۴/ ۳۵۵؛ الارث فی الفقہ الجعفری: ۱/ ۳۱؛ رسالہ فی الخمس: ۱۳؛ سند العروۃ: (الصلاۃ): ۵۹۳؛ رسالہ تعلیقہ سبحانی: ۲۳۰؛ براہین الحج: ۱/ ۲۸۳

[4] من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/ ۲۱۴ ح ۵۴۹۹؛ الکافی: ۷/ ۱۸ ح ۷؛ الوافی: ۲۴/ ۱۲۱ ح ۲۳۷۵۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۱/ ۶۷ ح ۱۴۲۵۹ و ۱۹/ ۳۵۷ ح ۲۴۷۵۶

[5] روضۃ المتقین: ۱۱/ ۱۰۰؛ کتاب الحج شاہرودی: ۲/ ۱۰۶؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۳/ ۲۰۷؛ فقہ الصادق: ۱۳/ ۸۳؛ المعتمد فی شرح المناسک: ۳/ ۱۲۴؛ براہین الحج: ۱/ ۲۹۵؛ الارث فی الفقہ الجعفری: ۱/ ۵۰؛ تذکرۃ الفقہاء (الطہارۃ الی الجعالہ): ۲۱/ ۲۳۳؛ مصباح الہدیٰ: ۱۲/ ۲۹۳؛ موسوعۃ الامام الخوئی: ۲۸/ ۹۲؛ مہذب الشریعہ: ۳۷۴؛ معتمد العروۃ: ۱/ ۲۹۷

مال کے ایک ثلث میں وصیت کرے تو یہ وصیت جاری (نافذ) ہوگی اور جب وہ سات سال کا ہو اور کسی جائز کام کے لئے اپنے مال میں سے تھوڑے سے مال کی وصیت کرے تو یہ وصیت بھی جاری ہوگی۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [2]

{2888} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَلْحَكَمِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَلنُّعْمَانِ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ يَقُولُ: إِنَّ اَلْغُلاَمَ إِذَا حَضَرَهُ اَلْمَوْتُ فَأَوْصَى وَلَمْ يُدْرِكْ جَازَتْ وَصِيَّتُهُ لِذَوِي اَلْأَرْحَامِ وَلَمْ تَجُزْ لِلْغُرَبَاءِ.

محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا فرمارہے تھے: جب کوئی لڑکا مرتے وقت وصیت کرے جبکہ وہ ابھی بالغ نہ ہوا ہو تو اس کی وصیت رشتہ داروں کے بارے میں جاری ہوگی مگر مسافروں کے بارے میں جائز نہیں ہوگی۔ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [4]

{2889} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ اِبْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنِ اَلْحَلَبِيِّ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ أَنَّ أَبَاهُ حَدَّثَهُ: أَنَّ أُمَامَةَ بِنْتَ أَبِي اَلْعَاصِ بْنِ اَلرَّبِيعِ وَ أُمُّهَا زَيْنَبُ بِنْتُ رَسُولِ اَللَّهِ صَلَّى اَللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ فَتَزَوَّجَهَا بَعْدَ عَلِيٍّ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ اَلْمُغِيرَةُ بْنُ نَوْفَلٍ أَنَّهَا وَجِعَتْ وَجَعاً شَدِيداً حَتَّى اُعْتُقِلَ لِسَانُهَا فَأَتَاهَا اَلْحَسَنُ وَ اَلْحُسَيْنُ عَلَيْهِمَا اَلسَّلاَمُ وَ هِيَ لاَ تَسْتَطِيعُ اَلْكَلاَمَ فَجَعَلاَ يَقُولاَنِ وَ اَلْمُغِيرَةُ كَارِهٌ لِمَا يَقُولاَنِ أَعْتَقْتِ فُلاَناً وَ أَهْلَهُ فَتُشِيرُ بِرَأْسِهَا نَعَمْ وَ كَذَا وَ كَذَا فَتُشِيرُ بِرَأْسِهَا نَعَمْ أَمْ لاَ قُلْتُ

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/۱۹۷ ح ۵۴۵۲؛ الکافی: ۷/۲۹ ح ۴؛ تہذیب الاحکام: ۹/۱۸۲ ح ۷۳۲؛ الوافی: ۲۴/۱۹۷ ح ۸۴۲۳؛ عوالی اللئالی: ۳/۲۷۰؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۳۶۱ ح ۲۴۷۲۲

[2] روضۃ المتقین: ۱۱/۶۳؛ ریاض المسائل: ۱۰/۲۷۲؛ غایۃ المراد: ۲/۴۶۵؛ مستمسک العروۃ: ۱۴/۵۸۱؛ مفتاح الکرامہ: ۹/۸۹۳؛ احکام وحقوق کودکان: ۲/۲۹۸؛ فقہ الصادق: ۲۰/۳۷۶؛ جواہر الکلام: ۱۴/۲۰۲؛ دروس فی علم الاصول: ۴/۳۰۲؛ مختلف الشیعہ: ۶/۳۹۲؛ ایضاح الفوائد: ۲/۴۸۷؛ التنقیح الرائع: ۲/۳۴۰؛ جامع المدارک: ۴/۵۶؛ موسوعہ احکام الاطفال: ۶/۳۸۳؛ موسوعہ الشہید الاول: ۲/۲۸۶؛ الارث فی الفقہ الجعفری: ۱/۱۷۰

[3] الکافی: ۷/۲۸ ح ۲؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/۱۳۶ ح ۵۰۴؛ تہذیب الاحکام: ۹/۱۸۱ ح ۷۲۸؛ الوافی: ۲۴/۱۹۷ ح ۲۳۸۴۱؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۳۶۰ ح ۲۴۷۶۱

[4] التنقیح الرائع: ۲/۳۶۵؛ جواہر الکلام: ۱۴/۲۰۳؛ وسائل العباد: ۲/۳۹۱؛ مہذب الاحکام: ۲۲/۱۶۶؛ القواعد الفقہیہ: ۳/۱۴۳؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۲/۴۷۰؛ ریاض المسائل: ۲/۴۷؛ الدر المنضود من الماثور: ۲/۸۳۷

فَأَجَازَ ذَلِكَ لَهَا قَالَ نَعَمْ.

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ ان کے والد بزرگوار علیہ السلام نے بیان فرمایا کہ امامہ بنت ابی العاص بن الربیع کہ جس کی ماں زینب بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام (کی شہادت) کے بعد مغیرہ بن نوفل سے شادی کی ان کو ایک شدید درد لاحق ہو گیا یہاں تک کہ ان کی زبان بند ہو گئی پس حسنین کریمین علیہما السلام ان کے پاس تشریف لائے جبکہ وہ کلام نہیں کر سکتی تھیں وہ دونوں (حسنین کریمین علیہما السلام) کلام کرنے لگے کہ فلاں غلام کو اور اس کی اہلیہ کو آزاد کر دیجئے لیکن مغیرہ ناپسند کر رہا تھا کہ وہ کلام کر رہے ہیں۔ بہر حال وہ (زینب) سر سے اشارہ کر رہی تھیں کہ ہاں اور ایسے اور ایسے اور وہ سر سے ہاں اور ناں کا اشارہ کر رہی تھیں (یعنی اشارے سے وصیت کر رہی تھیں)

میں نے عرض کیا: کیا یہ اس کے لئے جائز تھا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ہاں [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [2]

{2890} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ أَبِي وَلَّادٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَقُولُ: مَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ مُتَعَمِّداً فَهُوَ فِي نَارِ جَهَنَّمَ خَالِداً فِيهَا قِيلَ لَهُ أَ رَأَيْتَ إِنْ كَانَ أَوْصَى بِوَصِيَّةٍ ثُمَّ قَتَلَ نَفْسَهُ مِنْ سَاعَتِهِ تَنْفُذُ وَصِيَّتُهُ قَالَ فَقَالَ إِنْ كَانَ أَوْصَى قَبْلَ أَنْ يُحْدِثَ حَدَثاً فِي نَفْسِهِ مِنْ جِرَاحَةٍ أَوْ فِعْلٍ لَعَلَّهُ يَمُوتُ أُجِيزَتْ وَصِيَّتُهُ فِي الثُّلُثِ وَإِنْ كَانَ أَوْصَى بِوَصِيَّةٍ بَعْدَ مَا أَحْدَثَ فِي نَفْسِهِ مِنْ جِرَاحَةٍ أَوْ فِعْلٍ لَعَلَّهُ يَمُوتُ لَمْ تُجَزْ وَصِيَّتُهُ.

ابو ولاد سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا، آپ علیہ السلام فرما رہے تھے جو شخص جان بوجھ کر خودکشی کرے وہ ہمیشہ جہنم میں رہے گا۔ آپ علیہ السلام سے عرض کیا گیا: آپ علیہ السلام کیا فرماتے ہیں کہ اگر وہ کوئی وصیت کرے اور اس کے بعد خودکشی کر لے تو اس کی وصیت نافذ ہو گی؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر اس نے اپنے آپ کو ایسا زخم لگانے یا ایسا کام کرنے سے پہلے وصیت کی ہو کہ جس سے موت

---

[1] تہذیب الاحکام: ۸/۲۵۸ ح ۹۳۶ و ۹/۲۴۱ ح ۹۳۵؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/۱۹۸ ح ۵۴۵۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۳/۸۰ ح ۲۹۱۴۸ و ۱۹/۳۷۳ ح ۲۴۷۹۱؛ الوافی: ۲۴/۲۹۰ ح ۲۳۴۰۵؛ بحار الانوار: ۲۲/۵۷؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۱۲۶ ح ۱۶۲۷۲ و ۱۵/۳۷۴ ح

[2] ملاذ الاخیار: ۱۳/۵۱۳؛ مہذب الاحکام: ۲۶/۲۴۷؛ بحوث فی القواعد: ۲/۲۶۳؛ الانوار اللوامع: ۱۳/۲۴۵؛ تذکرۃ الفقہاء (الطہارۃ الی الجعالۃ): ۲۱/۱۳؛ المکاسب مامقانی: ۴/۱۸۳؛ ایضاح الفوائد: ۲/۴۷۳؛ جامع المقاصد: ۱۰/۱۹؛ جواہر الکلام: ۱۷/۳۲۰؛ سند العروۃ (النکاح): ۳/۳۱۴؛ جامع المدارک: ۴/۵۴؛ نہایۃ المرام: ۲/۲۵۰؛ الآراء الفقہیہ: ۴/۲۰۸؛ عیون الحقائق: ۱/۱۸۷؛ غایۃ الآمال: ۲/۲۱۵

واقع ہوئی ہوتو اس کی وصیت ایل ثلث میں جائز ہوگی اور اگر اس نے موت کا سبب بننے والے کام کرنے یا زخم لگانے کے بعد وصیت کی ہوتو اس کی وصیت جائز نہیں ہے [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [2]

{2891} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَلْحُسَيْنِ قَالَ كَتَبَ مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ اَلصَّفَّارُ رَضِيَ اَللَّهُ عَنْهُ إِلَى أَبِي مُحَمَّدٍ اَلْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ : رَجُلٌ كَانَ وَصِيَّ رَجُلٍ فَمَاتَ وَ أَوْصَى إِلَى رَجُلٍ آخَرَ هَلْ يَلْزَمُ اَلْوَصِيَّ وَصِيَّةُ اَلرَّجُلِ اَلَّذِي كَانَ هَذَا وَصِيَّهُ فَكَتَبَ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ يَلْزَمُهُ بِحَقِّهِ إِنْ كَانَ لَهُ قِبَلَهُ حَقٌّ إِنْ شَاءَ اَللَّهُ.

محمد بن حسن الصفار نے امام حسن عسکری علیہ السلام کی خدمت میں خط لکھا کہ ایک شخص کسی شخص کا وصی تھا پس وہ (وصی) مرنے لگا تو اس نے ایک دوسرے شخص کو وصی بنا دیا تو کیا اس (نئے) وصی پر بھی وصیت کی وہی پابندی لازم ہے جو پہلے وصی پر تھی؟

امام علیہ السلام نے جواب میں لکھا: اگر پہلے وصی پر پابندی حق تھی تو دوسرے پر بھی حق ہے ان شاء اللہ [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [4]

{2892} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَلْحُسَيْنِ قَالَ رَوَى اَلْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ اَلْوَشَّاءُ عَنْ عَبْدِ اَللَّهِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ يَزِيدَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: مَرِضَ عَلِيُّ بْنُ اَلْحُسَيْنِ عَلَيْهِمَا اَلسَّلاَمُ ثَلاَثَ مَرَضَاتٍ فِي كُلِّ مَرْضَةٍ يُوصِي بِوَصِيَّةٍ فَإِذَا أَفَاقَ أَمْضَى وَصِيَّتَهُ.

عمر بن یزید سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: امام علی بن حسین (زین العابدین علیہ السلام) تین مرتبہ بیمار ہوئے اور ہر مرض میں وصیت کرتے تھے اور جب تندرست ہوجاتے تو وصیت کو نافذ کر دیتے تھے [5]

---

[1] الکافی: ۷/۴۵ ح ۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/۲۰۲ ح ۵۴۷۰؛ تہذیب الاحکام: ۹/۲۰۷ ح ۸۲۰؛ الوافی: ۲۴/۱۹۸ ح ۲۳۸۴۴؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۳۷۸ ح ۲۴۱۰۰

[2] مرآۃ العقول: ۲۳/۷۹؛ ریاض المسائل: ۱۰/۲۷۳؛ المھذب: ۸/۲۱۷؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۲/۴۷۱؛ مسالک الافہام: ۶/۱۴۲؛ ذخیرۃ الصالحین: ۵/۵۲۹؛ تحریر الروضۃ: ۲/۹۸؛ المباحث الفقہیہ: ۱۲/۲۴۳؛ الروضۃ البہیہ: ۵/۲۲؛ الحدائق الناضرۃ: ۲۲/۴۱۳؛ القواعد الفقہیہ: ۳/۲۴۳؛ جامع المدارک: ۲/۵۷

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/۲۲۶ ح ۵۵۳۵؛ تہذیب الاحکام: ۹/۲۱۵ ح ۸۵۰؛ الوافی: ۲۴/۱۷۴ ح ۲۳۸۵۴؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۴۰۲ ح ۲۴۸۴۷

[4] روضۃ المتقین: ۱۱/۲۹؛ ملاذ الاخیار: ۱۵/۱۲۷؛ فقہ الصادقؑ: ۲۰/۴۴۴؛ ریاض المسائل: ۱۰/۴۴۶؛ جواہر الکلام: ۱۴/۲۴۷؛ جامع المدارک: ۴/۸۸؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۶/۸۰؛ آیات الاحکام: ۱۱/۳۰۸

[5] من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/۲۲۱ ح ۵۵۳۹؛ الکافی: ۷/۵۶ ح ۱۴؛ تہذیب الاحکام: ۹/۲۲۶ ح ۲۴؛ الوافی: ۲۴/۷۹ ح ۲۳۸۵۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۳۱۹ ح ۲۴۸۷۵؛ بحار الانوار: ۴۶/۵۹؛ عوالم العلوم: ۱۸/۱۴۲

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [1]

{2893} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ أَخِيهِ جَعْفَرِ بْنِ عِيسَى عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَقْطِينٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ أَوْصَى إِلَى امْرَأَةٍ فَأَشْرَكَ فِي الْوَصِيَّةِ مَعَهَا صَبِيّاً فَقَالَ يَجُوزُ ذَلِكَ وَ تُمْضِي الْمَرْأَةُ الْوَصِيَّةَ وَ لاَ يُنْتَظَرُ بُلُوغُ الصَّبِيِّ فَإِذَا بَلَغَ الصَّبِيُّ فَلَيْسَ لَهُ أَنْ لاَ يَرْضَى إِلاَّ مَا كَانَ مِنْ تَبْدِيلٍ أَوْ تَغْيِيرٍ فَإِنَّ لَهُ أَنْ يَرُدَّهُ إِلَى مَا أَوْصَى بِهِ الْمَيِّتُ.

علی بن یقطین سے روایت ہے کہ میں نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے عورت کو وصیت کی اور اس وصیت میں اس کے ساتھ بچے کو بھی شریک کر دیا تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ سب جائز ہے اور عورت کو چاہیے کہ وہ وصیت کا اجرا کر دے اور بچے کو بالغ ہونے کا انتظار نہ کرے پس جب بچہ بالغ ہو جائے تو اس کو حق نہیں کہ وہ راضی نہ ہو مگر یہ کہ کوئی تبدیلی یا تغیر ہوا ہو پس اگر ایسا ہو تو پھر میت کی وسیت کی وصیت کی طرف پلٹا سکتا ہے۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [3] یا پھر حسن ہے [4] یا پھر معتبر ہے [5]

{2894} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ قَالَ رَوَى أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ سَعْدِ بْنِ إِسْمَاعِيلَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ: سَأَلْتُ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ وَصِيِّ أَيْتَامٍ يُدْرِكُ أَيْتَامُهُ فَيَعْرِضُ عَلَيْهِمْ أَنْ يَأْخُذُوا الَّذِي لَهُمْ فَيَأْبَوْنَ عَلَيْهِ كَيْفَ يَصْنَعُ قَالَ يَرُدُّ عَلَيْهِمْ وَ يُكْرِهُهُمْ عَلَيْهِ.

سعید بن اسماعیل نے اپنے باپ سے روایت کی ہے، ان کا بیان ہے کہ میں نے امام علی رضا علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص یتیموں کا وصی تھا اور جب یتیموں کی یتیمی کی مدت پوری ہو گئی تو اس وصی نے ان سے کہا کہ اپنا مال واپس لو مگر انہوں نے انکار کر دیا تو اب وہ کیا کرے گا؟

---

[1] روضۃ المتقین: ۱۱/۱۳۶

[2] الکافی: ۷/۴۶ ح ۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/۲۰۹ ح ۵۴۸۶؛ تہذیب الاحکام: ۹/۱۸۴ ح ۷۴۳؛ الاستبصار: ۴/۱۴۰ ح ۵۲۲؛ الوافی: ۲۴/۱۶۹ ح ۲۳۸۴۵؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۱۸۷ ح ۲۴۴۹۸

[3] الاحکام کاشف الغطاء: ۴/۲۵۷؛ ہدایۃ الفقیہ: ۴/۱۶۳

[4] دلیل تحریر الوسیلہ (الاسرۃ): ۲۰۵؛ ہدایۃ الفقیہ: ۴/۱۶۳؛ موسوعہ احکام الاطفال: ۶/۵۲۱؛ مقابس الانوار: ۲۶۲؛ دلیل تحریر الوسیلہ (الوصیۃ): ۱۲۶؛ مرآۃ العقول: ۲۳/۷۷؛ روضۃ المتقین: ۱۱/۹۰

[5] فقہ المعاملات: ۵۹۵

آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ ان کو ان کا مال لوٹائے گا اور ان کو واپس لینے پر مجبور کرے گا۔ [1]

تحقیق:

حدیث قوی کالصحیح ہے [2] یا پھر صحیح ہے [3]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کہتے ہیں کہ حدیث مجہول ہے لیکن اسی پر فتویٰ دیا گیا ہے [4]

{2895} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُعَلَّى بْنِ مُحَمَّدٍ وَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ جَمِيعاً عَنِ الْوَشَّاءِ عَنْ حَمَّادِ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: مَنْ أَوْصَى بِالثُّلُثِ فَقَدْ أَضَرَّ بِالْوَرَثَةِ وَ الْوَصِيَّةُ بِالْخُمُسِ وَ الرُّبُعِ أَفْضَلُ مِنَ الْوَصِيَّةِ بِالثُّلُثِ وَ مَنْ أَوْصَى بِالثُّلُثِ فَلَمْ يَتْرُكْ.

حماد بن عثمان سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جس نے ایک تہائی کے لئے وصیت کی وا س نے وارثوں کو ضرر پہنچایا اور پانچویں حصے یا چوتھے حصے کی وصیت کرنا تیسرے حصے کی وصیت کرنے سے افضل ہے اور جس نے تیسرے حصے کے بارے میں وصیت کردی تو اس نے کچھ چھوڑا ہی نہیں [5]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [6]

﴿میراث کے احکام﴾

{2896} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ زِيَادٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَمَاعَةَ وَ عِدَّةٌ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ وَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ جَمِيعاً عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْخَزَّازِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ إِنَّ فِي كِتَابِ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلاَمُ : أَنَّ كُلَّ ذِي رَحِمٍ بِمَنْزِلَةِ الرَّحِمِ الَّذِي يَجُرُّ بِهِ إِلاَّ أَنْ

---

[1] من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/۲۲۲ ح ۵۵۲۵؛ الکافی: ۷/۶۸ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۹/۲۴۰ ح ۹۳۰ و ۲۴۵ ح ۹۵۱؛ الوافی: ۲۴/۱۸۳ ح ۲۳۸۶۹؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۱۷۳ ح ۲۴۳۸۸

[2] روضۃ المتقین: ۱۱/۱۱۶

[3] الانوار اللوامع: ۱۳/۱۵۹

[4] ملاذ الاخیار: ۱۵/۱۷۷؛ مرآۃ العقول: ۲۳/۱۰۸

[5] الکافی: ۷/۱۱ ح ۵؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/۱۸۵ ح ۵۴۲۳؛ تہذیب الاحکام: ۹/۱۹۱ ح ۷۶۹؛ الاستبصار: ۴/۱۱۹ ح ۴۵۱؛ الوافی: ۲۴/۳۰ ح ۲۳۶۲۲؛ وسائل الشیعہ: ۱۹/۲۶۹ ح ۲۴۵۶۷؛ مستدرک الوسائل: ۱۴/۹۳ ح ۱۶۱۸۰؛ دعائم الاسلام: ۲/۳۵۷ ح ۱۳۰۰

[6] مرآۃ العقول: ۲۳/۲۱؛ روضۃ المتقین: ۱۱/۲۵

يَكُونَ وَارِثٌ أَقْرَبَ إِلَى الْمَيِّتِ مِنْهُ فَيَحْجُبَهُ.

✪ ابوایوب خزاز سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: حضرت علی علیہ السلام کی کتاب میں ہے کہ ہر ذی رحم بمنزلہ اس رحم کے ہے جس سے وہ باہر آتا ہے مگر یہ کہ جب میت کا اس سے قریبی وارث موجود ہو تو وہ اس کو مانع ہوگا[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے[2]

{2897} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ وَ عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ وَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ جَمِيعاً عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ يَزِيدَ الْكُنَاسِيِّ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: اِبْنُكَ أَوْلَى بِكَ مِنِ ابْنِ ابْنِكَ وَ ابْنُ ابْنِكَ أَوْلَى بِكَ مِنْ أَخِيكَ قَالَ وَ أَخُوكَ لِأَبِيكَ وَ أُمِّكَ أَوْلَى بِكَ مِنْ أَخِيكَ لِأَبِيكَ قَالَ وَ أَخُوكَ لِأَبِيكَ أَوْلَى بِكَ مِنْ أَخِيكَ لِأُمِّكَ قَالَ وَ ابْنُ أَخِيكَ لِأَبِيكَ وَ أُمِّكَ أَوْلَى بِكَ مِنِ ابْنِ أَخِيكَ لِأَبِيكَ قَالَ وَ ابْنُ أَخِيكَ مِنْ أَبِيكَ أَوْلَى بِكَ مِنْ عَمِّكَ قَالَ وَ عَمُّكَ أَخُو أَبِيكَ مِنْ أَبِيهِ وَ أُمِّهِ أَوْلَى بِكَ مِنْ عَمِّكَ أَخِي أَبِيكَ مِنْ أَبِيهِ قَالَ وَ عَمُّكَ أَخُو أَبِيكَ لِأَبِيهِ أَوْلَى بِكَ مِنْ عَمِّكَ أَخِي أَبِيكَ لِأُمِّهِ قَالَ وَ ابْنُ عَمِّكَ أَخِي أَبِيكَ مِنْ أَبِيهِ وَ أُمِّهِ أَوْلَى بِكَ مِنِ ابْنِ عَمِّكَ أَخِي أَبِيكَ لِأَبِيهِ قَالَ وَ ابْنُ عَمِّكَ أَخِي أَبِيكَ مِنْ أَبِيهِ أَوْلَى بِكَ مِنِ ابْنِ عَمِّكَ أَخِي أَبِيكَ لِأُمِّهِ.

✪ یزید کناسی سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: تیرا بیٹا تیرے پوتے سے تیرے زیادہ قریب ہے اور تیرا پوتا تیرے بھائی سے زیادہ قریب ہے اور جو تیرا پدری و مادری (سگا) بھائی ہے وہ تیرے صرف پدری بھائی سے زیادہ قریب ہے اور جو تیرے سگے بھائی کا بیٹا ہے وہ تیرے صرف پدری بھائی کے بیٹے سے زیادہ تیرے قریب ہے اور جو تیرے پدری بھائی کا بیٹا ہے وہ تیرے چچا سے تیرے زیادہ قریب ہے اور تیرا وہ چچا جو تیرے باپ کا صرف پدری بھائی ہے وہ تیرے اس چچا سے تیرے زیادہ قریب ہے جو تیرے باپ کا صرف مادری بھائی ہے اور تیرے سگے چچا کا بیٹا تیرے سوتیلے چچا (تیرے باپ کے صرف پدری بھائی) کے بیٹے سے تیرے زیادہ قریب ہے اور تیرے اس سوتیلے چچا کا بیٹا (جو تیرے باپ کے صرف

---

[1] الکافی: ۷/۷۷ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۹/۳۲۵ ح ۱۱۷۰ و ۲۶۹ ح ۹۷۶؛ الاستبصار: ۴/۱۶۹ ح ۲۲۱؛ الوافی: ۲۵/۷۱۶ ح ۲۴۸۵۰ و ۸۳۱ ح ۲۵۰۸۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/۱۶۲ ح ۳۲۷۲۲ و ۱۸۸ ح ۳۲۷۹۲؛ الفصول المہمہ: ۲/۳۸۹

[2] مرآۃ العقول: ۲۳/۱۱۹؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۷/۸۷؛ وسائل العباد: ۳/۲۸۶؛ دراسات فقہیہ: ۷۶۴؛ مفتاح الکرامہ: ۲۳/۷۴۴؛ ریاض المسائل: ۱۴/۲۰۷؛ فقہ الصادق: ۲۴/۹۶؛ مستند الشیعہ: ۱۹/۱۸۸؛ موسوعۃ الامام: ۳/۲۴؛ نظام الارث فی الشریعہ: ۲۶۶؛ جواہر الکلام: ۴۰/۲۰؛ القواعد الفقہیہ: ۶/۳۰۰؛ کفایۃ الفقہ: ۲/۲۸۲

پدری بھائی کا بیٹا ہے) تیرے اس سوتیلے چچا کے بیٹے سے تیرے زیادہ قریب ہے جو تیرے باپ کا صرف مادری بھائی ہے [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [2]

{2898} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ وَ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ شَاذَانَ جَمِيعاً عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ أُذَيْنَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ وَ الْفُضَيْلِ بْنِ يَسَارٍ وَ بُرَيْدٍ الْعِجْلِيِّ وَ زُرَارَةَ بْنِ أَعْيَنَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: اَلسِّهَامُ لاَ تَعُولُ وَ لاَ تَكُونُ أَكْثَرَ مِنْ سِتَّةٍ.

امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: حصوں میں عول [3] نہیں ہو سکتا اور وہ چھے سے زائد نہیں ہو سکتے [4]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [5] یا پھر حسن کالصحیح ہے [6]

{2899} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْمُغِيرَةِ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: أَرْبَعَةٌ لاَ يَدْخُلُ عَلَيْهِمْ ضَرَرٌ فِي الْمِيرَاثِ الْوَالِدَانِ وَ الزَّوْجُ وَ الْمَرْأَةُ.

ابوبصیر سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: چار وارث ایسے ہیں کہ جن کو میراث میں کوئی ضرر نہیں پہنچتا: والدین، شوہر اور بیوی [7]

---

[1] الکافی: ۷/۹۷ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۹/۲۶۸ ح ۹۷۴؛ الوافی: ۲۵/۱۵۷ ح ۲۴۸۳۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/۴۳ ح ۳۲۴۹۵؛ الاختصاص: ۳۳۳؛ بحار الانوار: ۱۰۱/۳۳۱؛ مستدرک الوسائل: ۱۷/۱۵۱ ح ۲۱۰۱۳؛ دعائم الاسلام: ۲/۳۷۹

[2] بغیۃ الہداۃ: ۲/۲۰۳؛ فقہ الصادقؑ: ۲۱/۱۲؛ معجم المصطلحات: ۲۸۱؛ نظام الارث فی الشریعہ: ۲۶۴؛ کشف اللثام: ۹/۴۴۹؛ مفتاح الکرامہ: ۲۴/۳۰۵؛ مجمع الفائدہ: ۱۱/۳۱۳؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۷/۳۹۰؛ جواہر الکلام: ۴۰/۵۱؛ القواعد الفقہیہ: ۶/۳۶۸؛ بحوث فی القواعد: ۱/۵۲۲؛ جامع المدارک: ۱/۵۱۳؛ سند العروۃ (الطہارۃ): ۵/۱۰۹؛ المناظر الناضرۃ (الصلاۃ): ۱۲/۳۵۱؛ ایضاح الفوائض: ۱۲؛ مستند الشیعہ: ۱۹/۳۱۶؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۹/۳۶؛ کفایۃ الفقہ: ۲/۴۳۶؛ مرآۃ العقول: ۲۳/۱۱۷

[3] یعنی جہاں حصے زیادہ اور ترکہ کم ہو۔ برادران اسلامی اس سلسلے میں کہتے ہیں کہ یہاں جو کمی ہے وہ سب صاحبان فرائض پر ان کے فرض کے مطابق ہوگی لیکن مذہب حقہ میں وہ کمی صرف بعض فرائض پر واقع ہوگی اور بعض میں کمی واقع نہیں ہو سکتی جیسا کہ تفصیل آگے آ رہی ہے۔

[4] الکافی: ۷/۸۰ ح ۱؛ الوافی: ۲۵/۷۰۵ ح ۲۴۸۳۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/۷۲ ح ۳۲۵۱۰؛ الفصول المہمہ: ۲/۴۷۵

[5] القواعد الفقہیہ: ۶/۲۷۱

[6] مرآۃ العقول: ۲۳/۱۲۴

[7] الکافی: ۷/۸۲ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۹/۲۵۰ ح ۹۶۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/۷۷ ح ۳۲۵۲۷؛ الوافی: ۲۵/۷۱۰ ح ۲۴۸۳۳؛ الفصول المہمہ: ۲/۴۷۵

تحقیق:

حدیث حسن موثق ہے [1]

{2900} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى وَ عِدَّةٌ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ جَمِيعاً عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ اَلْخَزَّازِ وَ غَيْرِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: لاَ يَرِثُ مَعَ اَلْأُمِّ وَ لاَ مَعَ اَلْأَبِ وَ لاَ مَعَ اَلاِبْنِ وَ لاَ مَعَ اَلاِبْنَةِ إِلاَّ اَلزَّوْجُ وَ اَلزَّوْجَةُ وَ إِنَّ اَلزَّوْجَ لاَ يُنْقَصُ مِنَ اَلنِّصْفِ شَيْئاً إِذَا لَمْ يَكُنْ وَلَدٌ وَ لاَ تُنْقَصُ اَلزَّوْجَةُ مِنَ اَلرُّبُعِ شَيْئاً إِذَا لَمْ يَكُنْ وَلَدٌ فَإِذَا كَانَ مَعَهُمَا وَلَدٌ فَلِلزَّوْجِ اَلرُّبُعُ وَ لِلْمَرْأَةِ اَلثُّمُنُ.

✪ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: وراثت میں نہ ماں کے ساتھ، نہ باپ کے ساتھ، نہ بیٹے کے ساتھ اور نہ ہی بیٹی کے ساتھ کوئی شریک ہوسکتا ہے سوائے شوہر اور بیوی کے (کہ وہ سب کے ساتھ شریک ہیں) اور شوہر کا حصہ نصف ترکہ سے کم نہیں ہوتا جب اولاد نہ ہو اور بیوی کا حصہ ایک چوتھائی سے کم نہیں جب اولاد نہ ہو پس جب اولاد ہو تو شوہر کے لئے چوتھائی اور عورت کے لئے آٹھواں حصہ ہے [2]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [3]

{2901} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَلْحُسَيْنِ قَالَ رَوَى اَلْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ اَلْخَزَّازُ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ عَائِذٍ عَنْ أَبِي خَدِيجَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ: لاَ يَرِثُ اَلْكَافِرُ اَلْمُسْلِمَ وَ لِلْمُسْلِمِ أَنْ يَرِثَ اَلْكَافِرَ إِلاَّ أَنْ يَكُونَ اَلْمُسْلِمُ قَدْ أَوْصَى لِلْكَافِرِ بِشَيْءٍ.

✪ ابو خدیجہ سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: کافر مسلمان کی وراثت نہیں پاتا اور مسلمان کافر کی وراثت پاتا ہے مگر یہ کہ مسلمان نے کافر کے لئے کسی چیز کی وصیت کی ہو (تو وہ اسے ملے گی) [4]

---

[1] مراۃ العقول: ۲۳/۱۲۶؛ دلیل تحریر الوسیلہ (المواریث): ۲۱۸

[2] الکافی: ۷/۸۲ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۹/۲۵۱ ح ۹۶۹؛ الوافی: ۲۵/۷۱۱ ح ۲۴۸۳۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/۸۰ ح ۳۲۵۳۱؛ الفصول المہمہ: ۲/۷۶۴

[3] مراۃ العقول: ۲۳/۱۲۶؛ ملاذ الاخیار: ۱۵/۱۹۹؛ دلیل تحریر الوسیلہ (المواریث): ۲۱۸؛ کفایۃ الفقہ: ۲/۸۲۱؛ مستند الشیعہ: ۱۹/۱۵۷؛ جامع المدارک: ۵/۳۰۹؛ فقہ الصادق: ۲۴/۱۵۲؛ دروس تمہیدیہ: ۳/۲۵۷؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۷/۴۶۵؛ مہذب الاحکام: ۳۰/۱۳۳

[4] من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/۳۳۶ ح ۵۷۲۶؛ تہذیب الاحکام: ۹/۳۷۲ ح ۱۳۲۹؛ الوافی: ۲۵/۹۱۵ ح ۲۵۲۶۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/۱۲ ح ۳۲۳۷۵

تحقیق:

حدیث حسن ہے [1] یا پھر صحیح ہے [2] یا پھر معتبر ہے [3]

{2902} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ وَ عَبْدِ اَللَّهِ اِبْنَيْ مُحَمَّدٍ عَنِ اِبْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اَللَّهِ صَلَّى اَللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ: لاَ مِيرَاثَ لِلْقَاتِلِ.

❁ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قاتل کے لئے کوئی میراث نہیں ہے [4]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [5]

{2903} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ اَلصَّفَّارِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَلْحُسَيْنِ بْنِ أَبِي اَلْخَطَّابِ عَنْ عَبْدِ اَلرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي نَجْرَانَ عَنْ عَبْدِ اَللَّهِ بْنِ سِنَانٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ قَتَلَ أُمَّهُ أَ يَرِثُهَا قَالَ إِنْ كَانَ خَطَأً وَرِثَهَا وَ إِنْ كَانَ عَمْداً لَمْ يَرِثْهَا.

❁ عبداللہ بن سنان سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص نے اپنی ماں کو قتل کر دیا تو کیا اس کا وارث ہوگا؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اگر قتل خطا ہے تو وارث ہے اور قتل عمد ہے تو وارث نہیں ہوگا۔ [6]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [7]

---

[1] روضۃ المتقین: ۱۱/۳۸۴

[2] فقہ الصادقؑ: ۲۴/۳۱۱ (طبع ۲۸۶/۳۷)

[3] مہذب الاحکام: ۳۰/۱۳؛ دلیل تحریر الوسیلۃ (المواریث): ۲۶

[4] الکافی: ۷/۱۴۱ ح ۵؛ تہذیب الاحکام: ۹/۳۷۸ ح ۱۳۵۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/۳۰ ح ۳۲۴۱۷؛ الوافی: ۲۵/۸۷۴ ح ۲۵۱۹۱؛ الفصول المہمۃ: ۲/۴۱۷؛ عوالی اللئالی: ۲/۳۳۸ و ۳/۴۹۷

[5] مرآۃ العقول: ۲۳/۲۰۸؛ ملاذ الاخیار: ۱۵/۳۱۲؛ عوالی اللئالی: ۲/۳۳۸ و ۳/۴۹۷

[6] تہذیب الاحکام: ۹/۳۷۹ ح ۱۳۵۸؛ الاستبصار: ۴/۱۹۳ ح ۷۲۶؛ الوافی: ۲۵/۸۷۵ ح ۲۵۱۹۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/۳۴ ح ۳۲۴۲۹؛ عوالی اللئالی: ۳/۴۹۷

[7] ملاذ الاخیار: ۱۵/۳۱۴؛ مہذب الاحکام: ۲۹/۵۱۳؛ موسوعہ الامام الخوئی: ۴۲/۵۹۲؛ تنقیح مبانی الاحکام: ۸۱۳؛ موسوعہ الفقہ الاسلامی: ۹/۵۶؛ کشف اللثام: ۹/۳۶۰؛ مختلف الشیعہ: ۹/۸۵؛ مستند الشیعہ: ۱۹/۴۷؛ ذخیرۃ الصالحین: ۷/۲۴۷؛ مفاتیح الشرائع: ۷/۲۴۷؛ تفسیر موضوعی تبریزی: ۱۶/۱۲۹؛ کتاب الارث صانعی: ۲۹۰؛ تفصیل الشریعہ: ۲۳/۳۳۲؛ دراسات فقہیہ: ۴۵۳؛ مجموع الرسائل الفقہیہ: ۳۱۰؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۹/۸؛ الجواہر الفخریہ: ۱۵/۳۱؛ الروضۃ البہیہ: ۲/۲۹۷؛ رسائل فقہیہ سبحانی: ۵۸۶؛ فقہ الثقلین: ۳/۲۹۰؛ دلیل تحریر الوسیلۃ (المواریث): ۲۱؛ جامع المدارک: ۵/۲۹۲؛ مفتاح الکرامہ: ۲۴/۱۳۳؛ تنقیح مبانی الاحکام: ۴/۹۰۳؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/۳۱۴؛ المباحث الفقہیہ: ۲۵/۳۴۴؛ ایضاح الفوائد: ۴/۱۷۹؛ ہدایۃ الفقیہ: ۴/۲۵۲؛ ریاض المسائل: ۱۴/۲۳۸؛ الارث فی الفقہ الجعفری: ۱/۹۴؛ الحدائق الناضرۃ: ۱۵/۲۵۳؛ کفایۃ الفقہ: ۲/۷۹۹؛ دروس تمہیدیہ: ۳/۲۲۹؛ تنقیح الرائع: ۴/۱۴۰

{2904} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ خَالِدٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ ٱللَّهِ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ قَالَ: قَضَى أَمِيرُ ٱلْمُؤْمِنِينَ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ فِي دِيَةِ ٱلْمَقْتُولِ أَنَّهُ يَرِثُهَا ٱلْوَرَثَةُ عَلَى كِتَابِ ٱللَّهِ وَ سِهَامِهِمْ إِذَا لَمْ يَكُنْ عَلَى ٱلْمَقْتُولِ دَيْنٌ إِلاَّ ٱلْإِخْوَةَ وَ ٱلْأَخَوَاتِ مِنَ ٱلْأُمِّ فَإِنَّهُمْ لاَ يَرِثُونَ مِنْ دِيَتِهِ شَيْئاً.

✪ سلیمان بن خالد سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: امیرالمومنین علیہ السلام نے مقتول کی دیت کے بارے میں فیصلہ فرمایا کہ دیت کو ورثاء اللہ کی کتاب اور اس کے مقرر کردہ حصوں کے مطابق بطور وراثت لیں گے جبکہ مقتول پر کوئی قرض نہ ہو (ورنہ پہلے وہ ادا کیا جائے گا) سوائے مادری بہن بھائیوں کے کہ مادری بہن بھائی مقتول کی دیت سے کوئی چیز نہیں لے سکتے۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے[2]

{2905} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَحْيَى عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ جَمِيلٍ عَنْ أَحَدِهِمَا عَلَيْهِمَا ٱلسَّلاَمُ: فِي رَجُلٍ قَتَلَ أَبَاهُ قَالَ لاَ يَرِثُهُ وَإِنْ كَانَ لِلْقَاتِلِ ابْنٌ وَرِثَ الْجَدَّ الْمَقْتُولَ.

✪ جمیل سے روایت ہے کہ میں نے امامین علیہم السلام میں سے ایک امام علیہ السلام سے ایک ایسے شخص کے بارے میں پوچھا جس نے اپنے باپ کو قتل کرایا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: وہ (قاتل) وراثت نہیں پائے گا البتہ اگر اس قاتل کو کوئی بیٹا ہے تو وہ اپنے مقتول دادا کی میراث پائے گا[3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے[4] یا پھر حسن کالصحیح ہے[5] یا پھر حسن ہے[6]

---

[1] الکافی: ۷/۱۳۹ ح۲؛ تہذیب الاحکام: ۹/۳۷۵ ح۱۳۳۸؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/۳۱۸ ح۵۶۸۶؛ الوافی: ۲۵/۸۶۹ ح۲۵۱۷۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/۳۵ ح۳۲۴۳۲

[2] مرآۃ العقول: ۲۳/۲۰۶؛ ملاذ الاخیار: ۱۵/۴۰۷؛ روضۃ المتقین: ۱۱/۲۴۷؛ بلغۃ الفقیہ: ۴/۲۵۷؛ ریاض المسائل: ۱۴/۲۴۷؛ جواہر الکلام: ۱۳/۳۹۷؛ الارث فی الفقہ الجعفری: ۱/۳۱۳؛ آیات الاحکام: ۲/۳۱۷؛ انوار الفقاھۃ: ۲۳/۸۲؛ جامع المدارک: ۵/۳۲۰؛ مستند الشیعہ: ۱۹/۵۴؛ مفاتیح الشرائع: ۲/۳۰۸؛ الفرقان فی تفسیر القرآن تہرانی: ۶/۲۵۰؛ براھین الحج: ۱/۳۸۳؛ فقہ المعاملات: ۵۹۱؛ مفتاح الکرامہ: ۱۶/۲۱۸؛ الانظار التفسیریہ: ۲۵۹؛ المکاسب انصاری: ۳۰۳؛ المناھل: ۵۴۷؛ جامع الشتات: ۴/۲۷۳؛ الوصایا و المواریث انصاری: ۲۰۲؛ ینابیع الاحکام: ۴/۳۵۵

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/۳۱۷ ح۵۶۸۳؛ تہذیب الاحکام: ۹/۳۸۰ ح۱۳۶۱؛ الوافی: ۲۵/۸۷۶ ح۲۵۱۹۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/۳۹ ح۳۲۴۴۳

[4] فقہ الثقلین: ۳/۲۷۴؛ کتاب الارث صافی: ۲۷۴؛ دلیل تحریر الوسیلہ (المواریث): ۲۷۴؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۴/۹۴۳؛ فقہ الصادق: ۲۴/۳۴۳

[5] روضۃ المتقین: ۱۱/۳۴۴

[6] جامع المدارک: ۵/۳۹۳؛ مجمع الفائدہ: ۱۱/۵۰۹؛ مستند الشیعہ: ۱۹/۵۱

﴿پہلے گروہ کی میراث﴾

قول مؤلف:

”پہلا گروہ متوفی کا باپ، ماں اور اولاد ہیں اور اولاد کے نہ ہونے کی صورت میں اولاد کی اولاد ہے جہاں تک یہ سلسلہ نیچے چلا جائے ان میں سے جو کوئی متوفی سے زیادہ قریب ہو وہ ترکہ پاتا ہے اور جب تک اس گروہ میں سے ایک شخص بھی موجود ہو دوسرا گروہ ترکہ نہیں پاتا“ [1]

{2906} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ هِشَامٍ عَنِ الْأَحْوَلِ قَالَ: قَالَ لِي ابْنُ أَبِي الْعَوْجَاءِ مَا بَالُ الْمَرْأَةِ الْمِسْكِينَةِ الضَّعِيفَةِ تَأْخُذُ سَهْماً وَاحِداً وَ يَأْخُذُ الرَّجُلُ سَهْمَيْنِ قَالَ فَذَكَرَ بَعْضُ أَصْحَابِنَا لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَقَالَ إِنَّ الْمَرْأَةَ لَيْسَ عَلَيْهَا جِهَادٌ وَلَا نَفَقَةٌ وَلَا مَعْقُلَةٌ وَإِنَّمَا ذَلِكَ عَلَى الرِّجَالِ وَلِذَلِكَ جَعَلَ لِلْمَرْأَةِ سَهْماً وَاحِداً وَلِلرَّجُلِ سَهْمَيْنِ.

❁ احول سے روایت ہے کہ مجھے ابن ابی العوجا نے کہا کہ کس وجہ سے عورت مسکین و کمزور وراثت میں ایک حصہ لیتی ہے اور مرد دو حصے لیتا ہے؟ پس اس بات کا ذکر ہمارے کسی صحابی نے امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں کیا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: عورت پر جہاد نہیں ہوتا اور نہ کسی کو نفقہ دینا اس پر واجب ہوتا ہے اور نہ دیت کی ادائیگی اس پر واجب ہوتی بلکہ یہ چیزیں مردوں پر ہوتی ہیں اور یہی وجہ ہے کہ عورت کے لئے ایک حصہ مقرر رہا اور مرد کے لئے دو حصے مقرر ہوئے۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [3] یا پھر حسن ہے [4]

{2907} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ جَمِيلِ بْنِ دَرَّاجٍ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ سَمِعْتُهُ يَقُولُ : وَرِثَ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ عِلْمَهُ وَ وَرِثَتْ فَاطِمَةُ عَلَيْهَا السَّلَامُ تَرِكَتَهُ.

❁ زرارہ سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: حضرت علی علیہ السلام نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی میراث پائی اور سیدہ

---

[1] توضیح المسائل آغا سیستانی: ۴۱۹ ف ۲۶۸۶ رقم ۱

[2] الکافی: ۷/۸۵ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۹/۲۷۵ ح ۹۹۳؛ الوافی: ۲۵/۷۶۱ ح ۲۳۸۵۶؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/۹۳ ح ۳۲۵۵۹؛ تفسیر البرہان: ۲/۳۴

[3] فقہ الصادقؑ: ۲۴/۲۹ ؛ الانوار اللوامع: ۱۰/۱۰۴؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۹/۲۸۴؛ سند العروۃ (النکاح): ۳/۲۵۶؛ دراسات فقہیہ: ۲۶۷؛ مجموع الرسائل: ۲/۴۰۶؛ موسوعۃ الامام الخوئی: ۳۲/۵۴۴؛ رسالۃ القلم طلاب البحرین: ۱۰/۱۴۶؛ مہذب الاحکام: ۲۹/۳۴۴

[4] مرآۃ العقول: ۲۳/۱۳۰؛ ملاذ الاخیار: ۱۵/۲۳۴؛ مستند الشیعہ: ۱۹/۱۹۶

فاطمہ علیہا السلام نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے (کل) ترکہ کی میراث پائی [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [2] یا پھر حسن ہے [3]

{2908} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ وَ عِدَّةٌ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ جَمِيعاً عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنِ ابْنِ رِئَابٍ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي رَجُلٍ مَاتَ وَ تَرَكَ اِبْنَتَهُ وَ أُخْتَهُ لِأَبِيهِ وَ أُمِّهِ قَالَ اَلْمَالُ لِلاِبْنَةِ وَ لَيْسَ لِلْأُخْتِ مِنَ اَلْأَبِ وَ اَلْأُمِّ شَيْءٌ.

❁ زرارہ نے امام محمد باقر علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں روایت کی ہے جو مر گیا اور ایک بیٹی اور ایک پدری مادری بہن (یعنی سگی بہن) چھوڑی تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: مال بیٹی کا ہے اور پدری مادری) (یعنی سگی بہن) کے لئے کچھ نہیں ہے۔ [4]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [5]

{2909} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اَلْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَنِ اَلْبَزَنْطِيِّ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي جَعْفَرٍ اَلثَّانِي عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ جُعِلْتُ فِدَاكَ رَجُلٌ هَلَكَ وَ تَرَكَ اِبْنَتَهُ وَ عَمَّهُ فَقَالَ اَلْمَالُ لِلاِبْنَةِ قَالَ وَ قُلْتُ لَهُ رَجُلٌ مَاتَ وَ تَرَكَ اِبْنَةً لَهُ وَ أَخاً أَوْ قَالَ اِبْنَ أَخِيهِ قَالَ فَسَكَتَ طَوِيلاً ثُمَّ قَالَ اَلْمَالُ لِلاِبْنَةِ.

❁ البزنطی سے روایت ہے کہ میں نے امام ابوجعفر ثانی (حسن عسکری علیہ السلام) سے عرض کیا: میں آپ علیہ السلام پر فدا ہوں! ایک شخص مر گیا اور اس نے اپنی ایک لڑکی اور ایک چچا کو چھوڑا تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: مال اس کی لڑکی کا ہے۔

میں نے آپ علیہ السلام سے عرض کیا: ایک شخص مر گیا اور اس نے اپنی ایک لڑکی اور اپنا ایک بھائی یا کہا کہ اپنے بھائی کا بیٹا چھوڑا تو؟

---

[1] من لایحضرہ الفقیہ: ۴/ ۲۶۱ ح ۵۶۰۵؛ بصائر الدرجات: ۲۹۴ جزء ۶ باب ۱۱؛ الکافی: ۷/ ۸۶ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۲۷۷ ح ۱۰۰۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/ ۱۰۰ ح ۳۲۵۷۷؛ الوافی: ۲۵/ ۷۳۱ ح ۲۴۸۷۱؛ المناقب: ۳/ ۲۹؛ اثبات الھداۃ: ۳/ ۲۹؛ بحار الانوار: ۳۸/ ۳۵۴ و ۲۱۰/۴۰

[2] روضۃ المتقین: ۱۱/ ۲۱۶؛ آلاء الرحمن فی تفسیر القرآن: ۲/ ۶۳؛ موسوعۃ العلامۃ البلاغی ۲/ ۳۶۷؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۷/ ۴۶۶

[3] مرآۃ العقول: ۲۳/ ۱۳۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۵/ ۲۴۰

[4] الکافی: ۷/ ۸۷ ح ۵؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۲۷۸ ح ۱۰۰۵؛ من لایحضرہ الفقیہ: ۴/ ۲۶۱ ح ۵۶۰۹؛ الوافی: ۲۵/ ۷۳۳ ح ۲۴۸۷۶؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/ ۱۰۳ ح ۳۲۵۸۵

[5] ملاذ الاخیار: ۲۳/ ۱۳۳؛ روضۃ المتقین: ۱۱/ ۲۲۴؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/ ۲۳؛ دلیل تحریر الوسیلہ (المواریث): ۴۴۵

امام علیہ السلام دیر تک خاموش رہے اور پھر فرمایا: مال لڑکی کے لئے ہے۔ (۱)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (۲)

{2910} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٌ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ وَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ جَمِيعاً عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي خَلَفٍ عَنْ أَبِي الْحَسَنِ الْأَوَّلِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: بَنَاتُ الاِبْنَةِ يَقُمْنَ مَقَامَ الْبِنْتِ إِذَا لَمْ يَكُنْ لِلْمَيِّتِ بَنَاتٌ وَلاَ وَارِثٌ غَيْرُهُنَّ وَبَنَاتُ الاِبْنِ يَقُمْنَ مَقَامَ الاِبْنِ إِذَا لَمْ يَكُنْ لِلْمَيِّتِ بَنَاتٌ أَوْلاَدٌ وَلاَ وَارِثٌ غَيْرُهُنَّ.

❁ سعد بن ابی خلف سے روایت ہے کہ امام ابوالحسن اول (موسیٰ کاظم علیہ السلام) نے فرمایا: بیٹی کی بیٹیاں، بیٹی کی قائمقام ہوتی ہیں جبکہ میت کی بیٹیاں نہ ہوں اور ان کے سوا کوئی وارث نہ ہو اور بیٹے کی بیٹیاں بیٹے کی قائمقام ہوتی ہیں جبکہ میت کی اپنی بیٹیاں نہ ہوں اور ان کے سوا کوئی وارث نہ ہو۔ (۳)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے (۴)

{2911} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ حُمَيْدُ بْنُ زِيَادٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَمَاعَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُكَيْنٍ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: اِبْنُ الاِبْنِ يَقُومُ مَقَامَ أَبِيهِ.

❁ اسحاق بن عمار سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: بیٹے کا بیٹا اپنے باپ کا قائمقام ہوتا ہے (۵)

---

(۱) من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/ ۲۶۱ ح ۵۶۰۷؛ الوافی: ۲۵/ ۷۳۳ ح ۲۴۸۷۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/ ۱۰۷ ح ۳۲۵۹۵؛ عوالم العلوم: ۲۳/ ۵۰۱

(۲) روضۃ المتقین: ۱۱/ ۳۲۲؛ دلیل تحریر الوسیلہ (المواریث): ۴۶؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/ ۲۵۴

(۳) الکافی: ۷/ ۸۸ ح ۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/ ۲۶۸ ح ۵۶۱۸؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۳۱۶ ح ۱۱۳۷؛ الاستبصار: ۴/ ۱۶۶ ح ۶۲۹؛ الوافی: ۲۵/ ۷۹۰ ح ۲۵۰۰۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/ ۱۱۰ ح ۳۲۶۰۳؛ عوالی اللئالی: ۲/ ۳۳۵

(۴) مرآۃ العقول: ۲۳/ ۱۳۵؛ دروس تمہیدیہ: ۳/ ۲۴۳؛ مفتاح الکرامہ: ۸/ ۱۲۷؛ الروضۃ البہیہ: ۲/ ۳۱۰؛ کشف اللثام: ۹/ ۴۱۲؛ مختلف الشیعہ: ۹/ ۳۶؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۹/ ۸۷؛ التنقیح الرائع: ۴/ ۱۹۳؛ الانوار اللوامع: ۱۳/ ۲۹۴؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/ ۲۹۱؛ مسالک الافہام: ۱۳/ ۱۲۷؛ المباحث الفقہیہ: ۲۵/ ۲۶۷؛ الدرر النجفیہ: ۲/ ۱۵؛ ایضاح الفوائد: ۴/ ۲۱۳؛ روضۃ المتقین: ۱۱/ ۳۲۷؛ ملاذ الاخیار: ۱۵/ ۳۰۶

(۵) الکافی: ۷/ ۸۸ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۳۱۷ ح ۱۱۳۹؛ الاستبصار: ۴/ ۱۶۷ ح ۶۳۱؛ الوافی: ۲۵/ ۷۸۹ ح ۲۴۹۹۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/ ۱۱۰ ح ۳۲۶۰۲؛ عوالی اللئالی: ۲/ ۳۳۴ و ۳/ ۵۰۲؛ الفصول المہمہ: ۲/ ۴۸۳

تحقیق:

حدیث موثق ہے [1] یا پھر موثق کالصحیح ہے [2] یا پھر صحیح ہے [3]

{2912} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الصَّفَّارِ أَنَّهُ كَتَبَ إِلَى إِلَى أَبِي مُحَمَّدٍ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: رَجُلٌ مَاتَ وَ تَرَكَ اِبْنَةَ بِنْتِهِ وَ أَخَاهُ لِأَبِيهِ وَ أُمِّهِ لِمَنْ يَكُونُ الْمِيرَاثُ فَوَقَّعَ عَلَيْهِ السَّلاَمُ فِي ذَلِكَ الْمِيرَاثُ لِلْأَقْرَبِ إِنْ شَاءَ اللَّهُ.

❁ محمد بن حسن الصفار نے امام حسن عسکری علیہ السلام کو خط لکھا کہ ایک شخص مر گیا اور اس نے اپنی بیٹی کی بیٹی (یعنی نواسی) اور اپنے مادری و پدری بھائی (یعنی سگے بھائی) کو چھوڑا تو میراث کس کے لئے ہوگی؟

آپ علیہ السلام نے تحریر لکھی کہ میراث سب سے زیادہ قریبی کے لئے ہوگی ان شاء اللہ [4]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [5]

{2913} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٌ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ عَنِ اِبْنِ مَحْبُوبٍ وَ عِدَّةٌ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ وَ عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ جَمِيعاً عَنِ اِبْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رِئَابٍ وَ أَبِي أَيُّوبَ اَلْخَزَّازِ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي رَجُلٍ مَاتَ وَ تَرَكَ أَبَوَيْهِ قَالَ لِلْأَبِ سَهْمَانِ وَ لِلْأُمِّ سَهْمٌ.

❁ زرارہ نے امام محمد باقر علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں روایت کی ہے جو مر گیا اور (فقط) والدین کو چھوڑا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: والد کے لئے دو حصے (یعنی دو ثلث) اور والدہ کے لئے ایک حصہ (یعنی ایک ثلث) ہوگا۔ [6]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [7]

---

[1] مراۃ العقول: ۲۳/۳۰۵؛ ملاذ الاخیار: ۱۵/۳۰۶؛ جواہر الکلام: ۴۰/۲۰

[2] الارث فی الفقہ الجعفری: ۱/۲۱۱

[3] مہذب الاحکام: ۳۰/۸۷

[4] من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/۲۶۹ ح ۵۶۱۹؛ تہذیب الاحکام: ۹/۳۱۷ ح ۱۱۴۰؛ الاستبصار: ۴/۱۶۷ ح ۳۲؛ الوافی: ۲۵/۷۹۳ ح ۲۵۰۰۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/۱۱۴ ح ۳۲۶۱۱

[5] روضۃ المتقین: ۱۱/۳۲۸؛ ملاذ الاخیار: ۱۵/۳۰۶

[6] الکافی: ۷/۹۱ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۹/۲۷۰ ح ۹۸۰؛ الوافی: ۲۵/۷۳۹ ح ۲۴۸۹۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/۱۱۵ ح ۳۲۶۱۳؛ تفسیر البرہان: ۲/۳۵

[7] مراۃ العقول: ۲۳/۸۳؛ مستند الشیعہ: ۱۹/۹۳؛ المبسوط فی فقہ: ۲/۳۱۷؛ جامع المدارک: ۵/۳۱۰؛ مجمع الفائدہ: ۱۱/۳۵۱؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/۲۳۸؛ دلیل تحریر الوسیلہ (المواریث): ۲۲۷؛ ملاذ الاخیار: ۱۵/۲۲۵

{2914} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي خَلَفٍ عَنْ أَبِي الْعَبَّاسِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِذَا تَرَكَ الْمَيِّتُ أَخَوَيْنِ فَهُمْ إِخْوَةٌ مَعَ الْمَيِّتِ حَجَبَا الْأُمَّ عَنِ الثُّلُثِ وَإِنْ كَانَ وَاحِداً لَمْ يَحْجُبِ الْأُمَّ وَ قَالَ إِذَا كُنَّ أَرْبَعَ أَخَوَاتٍ حَجَبْنَ الْأُمَّ عَنِ الثُّلُثِ لِأَنَّهُنَّ بِمَنْزِلَةِ الْأَخَوَيْنِ وَإِنْ كُنَّ ثَلاَثاً لَمْ يَحْجُبْنَ.

❁ ابوالعباس سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جب متوفی کے پسماندگان میں دو بھائی ہوں تو وہ ماں کو ایک ثلث لینے سے مانع ہوں گے اور اگر ایک بھائی ہو تو وہ مانع نہیں ہوگا۔

نیز فرمایا: جب چار بہنیں ہوں تو ماں کو ایک ثلث لینے سے مانع ہوں گی کیونکہ بمنزلہ دو بھائیوں کے ہیں اور اگر تین ہوں تو یہ مانع نہیں ہوں گی۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [2] یا پھر حسن ہے [3]

{2915} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ وَ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ يُونُسَ جَمِيعاً عَنْ عُمَرَ بْنِ أُذَيْنَةَ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ وَ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِمَا السَّلاَمُ أَنَّهُمَا قَالاَ: إِنْ مَاتَ رَجُلٌ فَتَرَكَ أُمَّهُ وَ إِخْوَةً وَ أَخَوَاتٍ لِأَبٍ وَ أُمٍّ وَ إِخْوَةً وَ أَخَوَاتٍ لِأَبٍ وَ إِخْوَةً وَ أَخَوَاتٍ لِأُمٍّ وَ لَيْسَ الْأَبُ حَيّاً فَإِنَّهُمْ لاَ يَرِثُونَ وَ لاَ يَحْجُبُونَهَا لِأَنَّهُ لَمْ يُورَثْ كَلاَلَةً.

❁ زرارہ سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام اور امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: اگر کوئی شخص مرجائے اور پسماندگان میں اپنی ماں اور مادری و پدری بہن بھائیوں اور صرف پدری بہن بھائیوں اور صرف مادری بہن بھائیوں کو چھوڑے جبکہ باپ زندہ نہ ہو تو وہ نہ وارث ہوں اور نہ (وراثت لینے سے) مانع ہوں گے کیونکہ کلالہ [4] وارث نہیں ہوسکتا [5]

---

[1] الکافی: ۷/۹۲ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۹/۲۸۱ ح ۱۰۱۵؛ الاستبصار: ۴/۱۴۱ ح ۵۲۴؛ الوافی: ۵/۳۲ ح ۷۸۹۸ ۲۴؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/۱۲۰ ح ۳۲۶۲۵؛ تفسیر البرہان: ۲/۳۶

[2] دراسات فقہیہ: ۳۵۵؛ ایضاح الفامض: ۷۰؛ دروس تمہیدیہ: ۳/۲۳۲؛ مستند الشیعہ: ۱۹/۲۲؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۴/۳۰۳ و ۷/۴۵۳

[3] آیات الاحکام: ۲/۳۸۷؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/۲۸۰؛ مفتاح الکرامہ: ۸/۱۰۳؛ بلغۃ الفقیہ: ۴/۲۴۷؛ کشف اللثام: ۹/۳۹۹؛ مفاتیح الشرائع: ۲/۲۹۷؛ مفتاح الکرامہ: ۲۴/۳۰۸؛ جامع المدارک: ۵/۳۲۳؛ جواہر الکلام: ۲۰/۵۵؛ مرآۃ العقول: ۲۳/۱۳۱؛ ملاذ الاخیار: ۱۵/۲۴۷

[4] کلالہ کے ذکر میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "لوگ آپ سے (کلالہ کے بارے میں) دریافت کرتے ہیں، ان سے کہہ دیجئے: اللہ کلالہ کے بارے میں تمہیں یہ حکم دیتا ہے کہ اگر کوئی مرد مرجائے اور اس کی اولاد نہ ہو اور اس کی ایک بہن ہو تو اسے (بھائی کے) ترکہ سے نصف حصہ ملے گا اور اگر بہن (مرجائے اور اس) کی کوئی اولاد نہ ہو تو بھائی کو بہن کو پورا ترکہ ملے گا اور اگر بہنیں دو ہوں تو دونوں کو (بھائی کے) ترکے سے دو تہائی ملے گا اور اگر بہن بھائی دونوں ہیں تو مرد کا حصہ دو عورتوں کے حصہ کے برابر ہوگا، اللہ تمہارے لئے (احکام) بیان فرماتا ہے تا کہ تم گمراہ نہ ہو جاؤ اور اللہ ہر چیز کا پورا علم رکھتا ہے" (النساء: ۱۷۶)

[5] تہذیب الاحکام: ۹/۲۸۰ ح ۱۰۱۳؛ الاستبصار: ۴/۱۴۵ ح ۵۴۵؛ الکافی: ۷/۹۱ ورضمن ح ۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/۱۲۳ ح ۳۲۶۳۴؛ مستدرک الوسائل: ۱۷/۱۷۰ ح ۲۱۰۶۴؛ دعائم الاسلام: ۲/۳۷۷ ح ۱۳۳۹؛ الوافی: ۲۵/۷۳۱ ورضمن ح ۲۴۸۹۶؛ تفسیر البرہان: ۲/۳۶

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [1]

{2916} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ وَ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ يُونُسَ جَمِيعاً عَنْ عُمَرَ بْنِ أُذَيْنَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ: أَنَّ أَبَا جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَقْرَأَهُ صَحِيفَةَ الْفَرَائِضِ الَّتِي أَمْلاَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ وَ خَطَّ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلاَمُ بِيَدِهِ فَقَرَأْتُ فِيهَا امْرَأَةٌ تَرَكَتْ زَوْجَهَا وَ أَبَوَيْهَا فَلِلزَّوْجِ النِّصْفُ ثَلاَثَةُ أَسْهُمٍ وَ لِلْأُمِّ سَهْمَانِ الثُّلُثُ تَامّاً وَ لِلْأَبِ السُّدُسُ سَهْمٌ.

محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے مجھے وہ صحیفہ فرائض پڑھایا جسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے املا کروایا اور حضرت علی علیہ السلام نے اپنے ہاتھ سے لکھا تھا پس میں نے اس میں پڑھا کہ عورت پسماندگان میں اپنے خاوند اور والدین کو چھوڑے تو شوہر کے لئے نصف (یعنی 3/6) ترکہ ہوگا اور ماں کے لئے ایک ثلث (یعنی 2/6) ترکہ ہوگا اور باپ کے لئے ایک سدس (یعنی 1/6) ہوگا۔ [2]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [3]

{2917} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ وَ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ يُونُسَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ جَمِيعاً عَنْ صَفْوَانَ أَوْ قَالَ عَنْ عُمَرَ بْنِ أُذَيْنَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ: أَقْرَأَنِي أَبُو جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ صَحِيفَةَ كِتَابِ الْفَرَائِضِ الَّتِي هِيَ إِمْلاَءُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ وَ خَطُّ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلاَمُ بِيَدِهِ فَوَجَدْتُ فِيهَا رَجُلٌ تَرَكَ ابْنَتَهُ وَ أُمَّهُ لِلاِبْنَةِ النِّصْفُ ثَلاَثَةُ أَسْهُمٍ وَ لِلْأُمِّ السُّدُسُ سَهْمٌ يُقْسَمُ الْمَالُ عَلَى أَرْبَعَةِ أَسْهُمٍ فَمَا أَصَابَ ثَلاَثَةَ أَسْهُمٍ فَلِلاِبْنَةِ وَ مَا أَصَابَ سَهْماً فَهُوَ لِلْأُمِّ قَالَ وَ قَرَأْتُ فِيهَا رَجُلٌ تَرَكَ ابْنَتَهُ وَ أَبَاهُ فَلِلاِبْنَةِ النِّصْفُ ثَلاَثَةُ أَسْهُمٍ وَ لِلْأَبِ السُّدُسُ سَهْمٌ يُقْسَمُ

---

[1] مہذب الاحکام: ۳۰/۱۷؛ فقہ الثقلین: ۳/۳۲۵؛ باب الارث جامعی: ۲۵؛ الارث فی الفقہ الجعفری: ۲/۹۵؛ ریاض المسائل: ۱۴/۳۱۷؛ ایضاح الفوامض: ۲۸؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/۲۸۲؛ مستند الشیعہ: ۱۹/۱۲۷

[2] الکافی: ۷/۹۸ ح ۳؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/۲۶۸ ح ۵۶۱۲؛ تہذیب الاحکام: ۹/۲۸۸ ح ۱۰۳۰؛ الاستبصار: ۴/۱۴۲ ح ۵۳۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/۱۲۱ ح ۳۲۶۴۱؛ الوافی: ۲۵/۷۶۰ ح ۲۴۹۳۴؛ تفسیر البرہان: ۲/۴۹؛ تفسیر کنز الدقائق: ۳/۳۴۷؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/۴۵۳

[3] مرآۃ العقول: ۲۳/۸۴؛ مستند الشیعہ: ۱۹/۲۲۶؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/۲۵۰؛ المبسوط فی فقہ: ۲/۳۱۸؛ دلیل تحریر الوسیلہ (المواریث): ۲۳؛ مہذب الاحکام: ۳۰/۱۱۰؛ القواعد الفقہیہ: ۶/۳۴۷؛ رسائل الشیخ بہاء الدین: ۲۶۵؛ روضۃ المتقین: ۱۱/۲۴۵

اَلْمَالُ عَلَى أَرْبَعَةِ أَسْهُمٍ فَمَا أَصَابَ ثَلَاثَةَ أَسْهُمٍ فَلِلِابْنَةِ وَمَا أَصَابَ سَهْماً فَلِلْأُمِّ قَالَ مُحَمَّدٌ وَوَجَدْتُ فِيهَا رَجُلٌ تَرَكَ أَبَوَيْهِ وَ اِبْنَتَهُ فَلِلِابْنَةِ النِّصْفُ ثَلَاثَةُ أَسْهُمٍ وَ لِلْأَبَوَيْنِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا السُّدُسُ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا سَهْمٌ يُقْسَمُ الْمَالُ عَلَى خَمْسَةِ أَسْهُمٍ فَمَا أَصَابَ ثَلَاثَةً فَلِلِابْنَةِ وَمَا أَصَابَ سَهْمَيْنِ فَلِلْأَبَوَيْنِ.

۞ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے مجھے اس کتاب الفرائض کا صحیفہ پڑھوایا جسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے املا کروایا تھا اور حضرت علی علیہ السلام نے اپنے ہاتھ سے لکھا تھا پس میں نے اس میں پایا کہ آدمی کے پسماندگان میں ایک بیٹی اور ماں ہو تو بیٹی کے لئے آدھا اور ماں کے ایک سدس یعنی آدھا حصہ ہے [1] مال کو چار حصوں مین تقسیم کیا جائے گا پس تین حصوں کی مقدار کے برابر بیٹی کے لئے اور ایک حصے کی مقدار کے برابر ماں کے لئے ہوگا۔

راوی کا بیان ہے کہ میں نے اس میں یہ بھی پڑھا کہ اگر آدمی کے پسماندگان میں ایک بیٹی اور باپ ہو تو بیٹی کے لئے نصف یعنی تین حصے ہوں اور باپ کے لئے ایک سدس (یعنی چھٹا حصہ) ہوگا [2] مال کو چار حصوں میں تقسیم کیا جائے گا جو تین حصوں کی مقدار کے برابر ہو تو وہ بیٹی کے لئے ہوگا اور جو ایک حصے کے برابر ہو وہ باپ کے لئے ہوگا۔

محمد کا بیان ہے کہ میں اس میں یہ بھی پایا کہ اگر آدمی پسماندگان میں والدین اور ایک بیٹی چھوڑے تو بیٹی کے لئے آدھا یعنی تین حصے ہوں گے اور والدین میں سے ہر ایک کے لئے چھٹا حصہ ہوگا (یعنی ایک ایک سدس)۔ مال کو پانچ حصوں میں تقسیم کیا جائے گا پس تین حصوں کے برابر مقدار بیٹی کو دی جائے گی اور دو حصوں کے برابر مال والدین میں برابر تقسیم ہوگا [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [4] یا پھر حسن ہے [5]

{2918} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ مُوسَى بْنِ بَكْرٍ عَنْ

---

[1] اس طرح جو دو حصہ باقی بچے گا اس کے پانچ حصے کئے جائیں گے جن میں سے دو ماں کو بالرد اور تین بیٹی کو بالرد ملیں گے (واللہ اعلم)

[2] جو دو حصے باقی بچیں گے انہیں مذکورہ طریقے پر تقسیم کیا جائے گا (واللہ اعلم)

[3] الکافی: ۷/۹۳ ح ا؛ تہذیب الاحکام: ۹/۲۷۰ ح ۹۸۲؛ الوافی: ۲۵/۷۴۹ ح ۲۴۹۱۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/۱۲۸ ح ۳۲۶۵۰؛ المروی من کتاب علی: ۳۶۰

[4] مرآۃ العقول: ۲۳/۳۲؛ الارث فی الفقہ الجعفری: ۲/۸۹؛ دلیل تحریر الوسیلہ (المواریث): ۳۴۹؛ ریاض المسائل: ۱۴/۲۷۶؛ فقہ الصادق: ۲۴/۳۵۸؛ ذخیرہ الصالحین: ۷/۴۰۳؛ مستند الشیعہ: ۱۹/۱۸۰؛ معرفۃ الحدیث و تاریخ بہبودی: ۲۲؛ مہذب الاحکام: ۳۰/۱۰۷؛ مفاتیح الشرائع: ۲/۲۹۵؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۹/۶۴؛ جواہر الکلام: ۳۹/۱۱۴؛ الانوار اللوامع: ۱۴/۳۶۸؛ مفتاح الکرامہ: ۲۴/۳۶۲؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۷/۳۶۸؛ المبسوط فی فقہ: ۲/۳۱۸؛ جامع المدارک: ۵/۳۰۸؛ مجمع الفائدہ: ۱۱/۵۲۰؛ کتاب الارث صانعی: ۳۵۲؛ فقہ الثقلین: ۲/۳۵۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۵/۲۲۶؛ روضۃ المتقین: ۱۱/۲۳۵

[5] مجمع الفائدہ: ۱۱/۳۵۳؛ کفایۃ الفقہ: ۲/۸۲۳؛ انوار الفقاہۃ: ۲۲/۳۴؛ جامع المدارک: ۵/۳۱۱؛ مسالک الافہام: ۱۳/۱۱۹؛ مفتاح الکرامہ: ۲۴/۳۶۲

زُرَارَةَ عَنْ حُمْرَانَ بْنِ أَعْيَنَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ : فِي رَجُلٍ تَرَكَ اِبْنَتَهُ وَ أُمَّهُ أَنَّ اَلْفَرِيضَةَ مِنْ أَرْبَعَةِ أَسْهُمٍ لِأَنَّ لِلْبِنْتِ ثَلاَثَةَ أَسْهُمٍ وَ لِلْأُمِّ اَلسُّدُسَ سَهْمٌ وَ بَقِيَ سَهْمَانِ فَهُمَا أَحَقُّ بِهِمَا مِنَ اَلْعَمِّ وَ اِبْنِ اَلْأَخِ وَ اَلْعَصَبَةِ لِأَنَّ اَلْبِنْتَ وَ اَلْأُمَّ سُمِّيَ لَهُمَا وَ لَمْ يُسَمَّ لَهُمْ فَيُرَدُّ عَلَيْهِمَا بِقَدْرِ سِهَامِهِمَا .

✪ حمران بن اعین نے امام محمد باقر علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں روایت کیا ہے جو ایک بیٹی اور ماں چھوڑے تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: فریضہ چار حصوں میں ہے کیونکہ بیٹی کو تین حصے ( ) (یعنی آدھا) ملے گا اور ماں کو ایک سدس (یعنی ایک حصہ) ملے گا اور جو دو حصے باقی بچیں گے تو ان کے بھی یہی دونوں بہ نسبت چچا اور بھتیجا (وغیرہ) اور عصبہ کے زیادہ حقدار ہیں کیونکہ بیٹی اور ماں کا حصہ مقرر ہے اوران (چچا وغیرہ) کا مقرر نہیں ہے لہٰذا یہ دو حصے انہی کو بالرد دیئے جائیں گے [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [2] یا پھر حسن ہے [3]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کے نزدیک حدیث ضعیف کالموثق ہے [4]

{2919} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ اَلْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَمَاعَةَ عَنِ اَلْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ حَمَّادٍ ذِي اَلنَّابِ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ : فِي رَجُلٍ مَاتَ وَ تَرَكَ اِبْنَتَيْهِ وَ أَبَاهُ قَالَ لِلْأَبِ اَلسُّدُسُ وَ لِلاِبْنَتَيْنِ اَلْبَاقِي قَالَ وَ لَوْ تَرَكَ بَنَاتٍ وَ بَنِينَ لَمْ يُنْقِصِ اَلْأَبَ مِنَ اَلسُّدُسِ شَيْئاً قُلْتُ لَهُ فَإِنَّهُ تَرَكَ بَنَاتٍ وَ بَنِينَ وَ أُمّاً قَالَ لِلْأُمِّ اَلسُّدُسُ وَ اَلْبَاقِي يُقْسَمُ لَهُمْ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ اَلْأُنْثَيَيْنِ

✪ ابوبصیر نے جعفر صادق علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں روایت کی ہے جو دو بیٹیاں اور باپ چھوڑ کر مرا تھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: باپ کے ایک سدس اور باقی ترکہ بیٹیوں کا ہے۔

نیز فرمایا: اور اگر متوفی اپنے باپ کے ساتھ کئی بیٹیاں اور کئی بیٹے چھوڑ کر مرے تو بھی باپ کا حصہ ایک سدس سے کم نہیں ہوگا۔

میں نے عرض کیا: اگر متوفی کئی بیٹیاں، کئی بیٹے اور ماں کو چھوڑ کر مرے تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ماں کے لئے ایک سدس ہے اور باقی اولاد میں اس طرح تقسیم ہوگا کہ ایک لڑکے کو دو لڑکیوں کے

---

[1] تہذیب الاحکام: ۹/۲۷۲ ح ۹۸۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/۱۲۹ ح ۳۲۶۵۲؛ الوافی: ۲۵/۷۵۲ ح ۲۴۹۲۲

[2] التعلیقہ الاستدلالیہ: ۷/۲۹۷؛ مہذب الاحکام: ۳۰/۶۷

[3] جامع المدارک: ۵/۳۱۳؛ دلیل تحریر الوسیلہ (المواریث): ۲۵۰

[4] مرآۃ العقول: ۱۵/۲۳۰

برابر حصہ ملے گا۔ [1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے [2]

{2920} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ وَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ جَمِيعاً عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ رِئَابٍ وَ عَلَاءِ بْنِ رَزِينٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ: فِي امْرَأَةٍ مَاتَتْ وَ تَرَكَتْ زَوْجَهَا وَ أَبَوَيْهَا وَ ابْنَتَهَا قَالَ لِلزَّوْجِ الرُّبُعُ ثَلَاثَةُ أَسْهُمٍ مِنِ اثْنَيْ عَشَرَ سَهْماً وَ لِلْأَبَوَيْنِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا السُّدُسُ سَهْمَانِ مِنِ اثْنَيْ عَشَرَ سَهْماً وَ بَقِيَ خَمْسَةُ أَسْهُمٍ فَهِيَ لِلِابْنَةِ لِأَنَّهُ لَوْ كَانَ ذَكَراً لَمْ يَكُنْ لَهُ أَكْثَرُ مِنْ خَمْسَةِ أَسْهُمٍ مِنِ اثْنَيْ عَشَرَ سَهْماً لِأَنَّ الْأَبَوَيْنِ لَا يَنْقُصَانِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا مِنَ السُّدُسِ شَيْئاً وَ أَنَّ الزَّوْجَ لَا يَنْقُصُ مِنَ الرُّبُعِ شَيْئاً.

❂ محمد بن مسلم نے امام محمد باقر علیہ السلام سے اس عورت کے بارے میں روایت کیا ہے جو مر گئی اور اس نے پسماندگان میں شوہر، والدین اور اپنی ایک بیٹی چھوڑی تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: شوہر کے لئے ایک چوتھائی یعنی بارہ حصوں میں سے تین حصے ہوں گے اور والدین میں سے ہر ایک کے لئے ایک سدس یعنی بارہ حصوں میں سے تین حصے ہوں گے اور والدین میں سے ہر ایک کے لئے ایک سدس یعنی بارہ حصوں میں سے دو دو حصے ملیں گے اور باقی پانچ حصے بیٹی کو ملیں گے کیونکہ اگر وہ بیٹا ہوتا تو تب بھی اس کے لئے بارہ میں سے پانچ حصوں سے زیادہ کچھ نہ ہوتا اس لئے کہ والدین کے لئے ان میں سے ایک سدس مقرر ہے جس میں سے کوئی چیز کم نہ ہوگی اور شوہر کے لئے ایک چوتھائی میں سے کچھ کم نہ ہوگا [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [4]

{2921} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى الْعَطَّارِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ: كَتَبْتُ إِلَى أَبِي

---

[1] تہذیب الاحکام: ۹/ ۲۷۴ ح ۹۹۰؛ الوافی: ۲۵/ ۷۵۳ ح ۲۴۹۲۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/ ۱۳۰ ح ۳۲۶۵۶؛ تفسیر البرہان: ۲/ ۳۴

[2] ملاذ الاخیار: ۱۵/ ۲۳۲؛ مستند الشیعہ: ۱۹/ ۱۷۵؛ جواہر الکلام: ۳۹/ ۱۱۵؛ دلیل تحریر الوسیلہ (المواریث): ۲۵۲؛ الدلائل فی شرح منتخب المسائل: ۵/ ۱۱۷؛ ریاض المسائل: ۱۴/ ۲۸۳؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۹/ ۳۲؛ فقہ الصادق: ۲۴/ ۲۶۰؛ جواہر الکلام: ۱۷/ ۲۰۰؛ بدائع البحوث: ۹/ ۱۰۳

[3] الکافی: ۷/ ۹۶ ح ۲؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۲۸۸ ح ۱۰۴۲؛ الوافی: ۲۵/ ۷۵۶ ح ۲۴۹۲۸؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/ ۱۳۲ ح ۳۲۶۵۸؛ تفسیر البرہان: ۲/ ۳۹

[4] مرآۃ العقول: ۲۳/ ۱۴۶؛ مستند الشیعہ: ۱۹/ ۱۸۱؛ مسالک الافہام: ۱۳/ ۶۷؛ مجمع الفائدۃ: ۱۱/ ۴۰۷؛ دلیل تحریر الوسیلہ (المواریث): ۲۶۸؛ مطلع انوار: ۷/ ۴۲۳؛ القواعد الفقہیہ: ۶/ ۴۷۳؛ موسوعۃ الفقہ الاسلامی: ۹/ ۱۵۴؛ ریاض المسائل: ۱۴/ ۲۷۷؛ فقہ الصادق: ۲۴/ ۲۶۵؛ ایضاح الفوائد: ۱۳۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۵/ ۲۶۰

مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ اِمْرَأَةٌ مَاتَتْ وَ تَرَكَتْ زَوْجَهَا وَ أَبَوَيْهَا وَ جَدَّهَا أَوْ جَدَّتَهَا كَيْفَ يُقْسَمُ مِيرَاثُهَا فَوَقَّعَ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ لِلزَّوْجِ ٱلنِّصْفُ وَ مَا بَقِيَ فَلِلْأَبَوَيْنِ.

۞ عبداللہ بن جعفر سے روایت ہے کہ میں نے امام حسن عسکری علیہ السلام کو خط لکھا کہ ایک عورت مرگئی اور اپنے پیچھے شوہر، والدین، دادا اور دادی چھوڑ گئی تو اب اس کی وراثت کس طرح تقسیم ہوگی؟

آپ علیہ السلام نے جواب میں توقیع لکھی کہ نصف ترکہ اس کے شوہر کو ملے گا اور باقی اس کے والدین کو ملے گا۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے[2]

{2922} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ ٱلْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ ٱلْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ اِبْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ جَمِيلٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ ٱللَّهِ عَلَيْهِ ٱلسَّلاَمُ قَالَ: إِنَّ رَسُولَ ٱللَّهِ صَلَّى ٱللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ أَطْعَمَ ٱلْجَدَّةَ أُمَّ ٱلْأَبِ ٱلسُّدُسَ وَ اِبْنُهَا حَيٌّ وَ أَطْعَمَ ٱلْجَدَّةَ أُمَّ ٱلْأُمِّ ٱلسُّدُسَ وَ اِبْنَتُهَا حَيَّةٌ.

۞ جمیل سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دادی کو (ترکہ سے) سدس کھانے کو دلایا کرتے جبکہ دادی کا لڑکا زندہ ہوتا اور نانی کو بھی سدس کھانے کے لئے دلایا کرتے جبکہ نانی کی بیٹی زندہ ہوتی۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے[4] یا پھر حسن ہے[5]

{2923} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَمَّارٍ

---

[1] تہذیب الاحکام: ۹/۳۱۰ ح ۱۱۱۳؛ الاستبصار: ۴/۱۶۱ ح ۶۱۰؛ الکافی: ۷/۱۱۴ ح ۱۰؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/۱۳۵ ح ۳۲۶۹۴؛ الوافی: ۲۵/۷۶۲ ح ۲۴۹۴۱؛ مسند الامام العسکری: ۲۷۷

[2] ملاذ الاخیار: ۱۵/۲۹۷؛ جامع المدارک: ۵/۳۲۱؛ ریاض المسائل: ۱۴/۳۰۴؛ مستند الشیعہ: ۱۹/۵۹؛ فقہ الصادق: ۲۴/۲۶۸؛ کشف اللثام: ۹/۴۱۵؛ نظام الارث فی الشریعہ: ۲۰۵؛ الارث فی الفقہ الجعفری: ۲/۸۷؛ دلیل تحریر الوسیلہ (المواریث): ۳۰۵؛ مہذب الاحکام: ۳۰/۳۴؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۷/۲۷۴؛ مجمع الفائدہ: ۱۱/۳۷۶؛ جواہر الکلام: ۳۹/۸۸

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/۲۸۰ ح ۵۶۲۳؛ الکافی: ۷/۱۱۴ ح ۱۲؛ تہذیب الاحکام: ۹/۳۱۱ ح ۱۱۱۸؛ الاستبصار: ۴/۱۶۲ ح ۶۱۲؛ الوافی: ۲۵/۸۲۳ ح ۲۵۰۶۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/۱۳۹ ح ۳۲۶۷۵

[4] روضۃ المتقین: ۱۱/۲۸۴؛ ریاض المسائل: ۱۴/۳۰۷؛ فقہ الصادق: ۲۴/۲۷۱؛ کشف اللثام: ۹/۴۱۷؛ جواہر الکلام: ۳۹/۸۹؛ دلیل تحریر الوسیلہ (المواریث): ۳۰۷؛ نظام الارث فی الشریعہ: ۲۱۱؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۷/۲۷۴؛ جامع المدارک: ۵/۳۲۲

[5] مرآۃ العقول: ۲۳/۱۷۰؛ ملاذ الاخیار: ۱۵/۲۹۸؛ تنقیح الرائع: ۴/۱۷۲؛ مختلف الشیعہ: ۹/۳۰؛ مفاتیح الشرائع: ۳/۲۹۱

عَنْ أَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ فِي حَدِيثٍ قَالَ: إِنَّ اَللَّهَ فَرَضَ اَلْفَرَائِضَ فَلَمْ يَقْسِمْ لِلْجَدِّ شَيْئاً وَ إِنَّ رَسُولَ اَللَّهِ صَلَّى اَللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ أَطْعَمَهُ اَلسُّدُسَ فَأَجَازَ اَللَّهُ لَهُ ذَلِكَ.

۞ اسحاق بن عمار سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے (ایک حدیث کے ضمن میں) فرمایا: اللہ تعالیٰ نے فرایض (میراث) کو تقسیم کیا تو (باپ یا ماں کی موجودگی میں) جد (دادا یا نانا) کے لئے کوئی چیز تقسیم نہیں کی مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے کھانے کے لئے ایک سدس مقرر فرما دیا اور اسے اللہ نے اس کے لئے نافذ کر دیا[1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے[2]

قول مؤلف:

علامہ مجلسی کہتے ہیں کہ حدیث ضعیف علی المشہور ہے لیکن میرے نزدیک معتبر ہے[3]

﴿دوسرے گروہ کی میراث﴾

قول مؤلف:

"دوسرا گروہ دادا، دادی، نانا، نانی، بہن اور بھائی ہیں اور بھائی اور بہن نہ ہونے کی صورت میں ان کی اولاد ہے ان میں سے جو کوئی متوفی سے زیادہ قریب ہو وہ ترکہ پاتا ہے جب تک اس گروہ میں سے ایک شخص بھی موجود ہو تیسرا گروہ ترکہ نہیں پاتا۔"[4]

{2924} مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ اَلْعَزِيزِ اَلْكَشِّيُّ عَنْ حَمْدَوَيْهِ بْنِ نُصَيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَلْحُسَيْنِ بْنِ أَبِي اَلْخَطَّابِ عَنِ اَلْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ اَلسَّرَّادِ عَنِ اَلْعَلاَءِ بْنِ رَزِينٍ عَنْ يُونُسَ بْنِ عَمَّارٍ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ إِنَّ زُرَارَةَ قَدْ رَوَى عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ أَنَّهُ لاَ يَرِثُ مَعَ اَلْأُمِّ وَ اَلْأَبِ وَ اَلاِبْنِ وَ اَلْبِنْتِ أَحَدٌ مِنَ اَلنَّاسِ شَيْئاً إِلاَّ زَوْجٌ أَوْ زَوْجَةٌ فَقَالَ أَبُو عَبْدِ اَللَّهِ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ. أَمَّا مَا رَوَى زُرَارَةُ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ فَلاَ يَجُوزُ أَنْ تَرُدَّهُ وَ أَمَّا فِي اَلْكِتَابِ فِي سُورَةِ اَلنِّسَاءِ فَإِنَّ اَللَّهَ عَزَّ وَ جَلَّ يَقُولُ

---

[1] الکافی: ۳/۱۱۸ ح ۲؛ الوافی: ۳/۱۱۸ ح ۱۱۹۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/۱۳۷ ح ۳۲۶۷۱؛ تفسیر البرہان: ۵/۲۳۷؛ بحار الانوار: ۱۷/۵؛ تفسیر نور الثقلین: ۱/۴۴۶؛ تفسیر کنز الدقائق: ۱۱/۳۴۴؛ بصائر الدرجات: ۳۹۷؛ بحر المعارف: ۲/۵۹۷

[2] شرح تجرید الاصول نراقی: ۹/۳۸۷؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۷/۴۷۷

[3] مرآۃ العقول: ۳/۱۵۳

[4] توضیح المسائل آغا سیستانی: ۴۱۹ ف ۲۶۸۶ رقم ۲

يُوصِيكُمُ اللهُ فِي أَوْلَادِكُمْ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ فَإِنْ كُنَّ نِسَاءً فَوْقَ اثْنَتَيْنِ فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ وَ إِنْ كَانَتْ وَاحِدَةً فَلَهَا النِّصْفُ وَلِأَبَوَيْهِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا السُّدُسُ مِمَّا تَرَكَ إِنْ كَانَ لَهُ وَلَدٌ فَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ وَلَدٌ وَ وَرِثَهُ أَبَوَاهُ فَلِأُمِّهِ الثُّلُثُ فَإِنْ كَانَ لَهُ إِخْوَةٌ فَلِأُمِّهِ السُّدُسُ يَعْنِي إِخْوَةً لِأُمٍّ وَ أَبٍ وَإِخْوَةً لِأَبٍ وَ الْكِتَابُ يَا يُونُسُ قَدْ وَرَّثَ هَاهُنَا مَعَ الْأَبْنَاءِ فَلَا تُوَرِّثُ الْبَنَاتُ إِلَّا الثُّلُثَيْنِ.

❁ یونس بن عمار سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا: زرارہ نے امام محمد باقر علیہ السلام سے یہ روایت کی ہے کہ متوفی کی ماں، باپ، بیٹے اور بیٹی کی موجودگی میں زن وشوہر کے سوا اور کوئی وراثت حاصل نہیں کر سکتا؟

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: زرارہ نے امام محمد باقر علیہ السلام سے جو روایت کی ہے اس کو رد کرنا جائز نہیں ہے اور اللہ تعالیٰ اپنی کتاب کی سورۃ النساء میں فرمایا ہے: ''اللہ تمہاری اولاد کے بارے میں تمہیں ہدایت فرماتا ہے: ''ایک لڑکے کا حصہ دو لڑکیوں کے حصے کے برابر ہے پس اگر لڑکیاں دو سے زائد ہوں تو ترکے کا دو تہائی ان کا حق ہے اور اگر صرف ایک لڑکی ہے تو نصف (ترکا) اس کا ہے اور میت کی اولاد ہونے کی صورت میں والدین میں سے ہر ایک کو ترکے کا چھٹا حصہ ملے گا اور اگر میت کی اولاد نہ ہو بلکہ صرف ماں باپ اس کے وارث ہوں تو اس کی ماں کو تیسرا حصہ ملے گا، پس اگر میت کے بھائی ہوں تو ماں کو چھٹا حصہ ملے گا (النساء:11)'' یعنی بھائی مادری و پدری (سگے) ہوں گے یا صرف پدری بھائی ہوں گے۔

اے یونس! کتاب نے بیٹوں کے ساتھ اوروں کو بھی وارث بنایا ہے مگر لڑکیاں صرف دو ثلث کی وارث ہوتی ہیں۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [2]

{2925} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنِ ابْنِ سِنَانٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَنْ رَجُلٍ تَرَكَ أَخَاهُ لِأُمِّهِ لَمْ يَتْرُكْ وَارِثاً غَيْرَهُ قَالَ الْمَالُ لَهُ قُلْتُ فَإِنْ كَانَ مَعَ الْأَخِ لِلْأُمِّ جَدٌّ قَالَ يُعْطَى الْأَخُ لِلْأُمِّ السُّدُسَ وَ يُعْطَى الْجَدُّ الْبَاقِيَ قُلْتُ فَإِنْ كَانَ الْأَخُ لِأَبٍ وَ جَدٌّ قَالَ الْمَالُ بَيْنَهُمَا سَوَاءً.

❁ عبداللہ بن سنان سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا: ایک شخص مرا اور اس نے اپنے مادری بھائی کے علاوہ کوئی وارث نہیں چھوڑا تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ترکہ اسی بھائی کا ہے۔

[1] اختیار معرفۃ الرجال: 1/333 ح 211؛ وسائل الشیعہ: 26/148 ح 32691؛ بحار الانوار: 101/330

[2] تاریخ آل زرارہ موحد ابطحی: 50

میں نے عرض کیا: اگر مادری بھائی کے ساتھ دادا بھی ہو تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: مادری بھائی کو ایک سدس (چھٹا حصہ) اور باقی ترکہ دادا کو ملے گا۔

میں نے عرض کیا: اگر وہ بھائی پدری ہو تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ترکہ دونوں کے درمیان برابر تقسیم ہوگا۔[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے[2]

{2926} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَقْطِينٍ: أَنَّهُ سَأَلَ أَبَا الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ الرَّجُلِ يَمُوتُ وَيَدَعُ أُخْتَهُ وَمَوَالِيَهُ قَالَ الْمَالُ لِأُخْتِهِ.

✪ علی بن یقطین نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص اپنی بہن اور کچھ آقا چھوڑ کے مرجاتا ہے تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ترکہ اس کی بہن کو ملے گا۔[3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے[4]

{2927} عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنِ ابْنِ أُذَيْنَةَ عَنْ بُكَيْرٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِذَا مَاتَ الرَّجُلُ وَ لَهُ أُخْتٌ تَأْخُذُ نِصْفَ الْمِيرَاثِ بِالْآيَةِ كَمَا تَأْخُذُ الاِبْنَةُ لَوْ كَانَتْ وَ النِّصْفُ الْبَاقِي يُرَدُّ عَلَيْهَا بِالرَّحِمِ إِذَا لَمْ يَكُنْ لِلْمَيِّتِ وَارِثٌ أَقْرَبُ مِنْهَا فَإِنْ كَانَ مَوْضِعَ الْأُخْتِ أَخٌ أَخَذَ الْمِيرَاثَ كُلَّهُ بِالْآيَةِ لِقَوْلِ اللَّهِ وَ هُوَ يَرِثُهَا إِنْ لَمْ يَكُنْ لَهَا وَلَدٌ وَ إِنْ كَانَتَا أُخْتَيْنِ أَخَذَتَا الثُّلُثَيْنِ بِالْآيَةِ وَ الثُّلُثَ الْبَاقِيَ بِالرَّحِمِ وَ إِنْ كَانُوا إِخْوَةً رِجَالاً وَ نِسَاءً فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ وَ ذَلِكَ كُلُّهُ إِذَا لَمْ يَكُنْ لِلْمَيِّتِ

---

[1] الکافی: ۷/۱۱۱ ح ۱؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/۲۸۳ ح ۵۶۳۴؛ تہذیب الاحکام: ۹/۳۲۳ ح ۱۲۰۴؛ الاستبصار: ۴/۱۵۹؛ الوافی: ۲۵/۸۰۹ ح ۲۵۰۳۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/۱۷۲ ح ۳۲۷۰۰

[2] مرآۃ العقول: ۲۳/۱۶۵؛ جامع المدارک: ۵/۳۳۴؛ مہذب الاحکام: ۳۰/۱۰۱؛ مستند الشیعہ: ۱۹/۲۸۹؛ جواہر الکلام: ۳۹/۱۵۶؛ دلیل تحریر الوسیلہ (المواریث): ۲۳۲؛ مجمع الفائدہ: ۱۱/۳۹۹؛ القواعد الفقہیہ: ۶/۳۰۸؛ نظام الارث فی الشریعہ: ۲۱۳؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/۱۷۲؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۷/۲۸۰؛ کشف اللثام: ۹/۴۳۳؛ روضۃ المتقین: ۱۱/۲۸۸؛ ملاذ الاخیار: ۱۵/۲۹۲

[3] من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/۳۰۳ ح ۵۶۵۳؛ تہذیب الاحکام: ۹/۳۳۰ ح ۱۱۸۹؛ الاستبصار: ۴/۱۷۲ ح ۶۵۰؛ الوافی: ۲۵/۸۳۸ ح ۲۵۱۰۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/۱۵۳ ح ۳۲۷۰۳ و ۲۳۳ ح ۳۲۹۰۰

[4] روضۃ المتقین: ۱۱/۳۱۶؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/۱۳۹

وَلَدٌ وَأَبَوانِ أَوْ زَوْجَةٌ.

❁ بکیر سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: جب کوئی شخص ایک بہن چھوڑ کر مر جائے تو وہ آیت کے ذریعے سے آدھا ترکہ حاصل کرے گی جیسے بیٹی کرتی ہے اور باقی آدھا بالرد اسی کو مل جائے گا (یعنی وہ پورا ترکہ لے گی) جبکہ متوفی کا کوئی اور رشتہ دار موجود نہ ہو جو اس سے زیادہ قریبی ہو اور اگر بہن کی جگہ بھائی ہو تو آیت کے تحت پورا ترکہ حاصل کرے گا جس میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ''اور وہ (بھائی) میراث پائے گا اگر متوفی کی کوئی اولاد نہ ہو (النساء:۱۷۶)'' اور اگر متوفی کی دو بہنیں ہوں تو دو ثلث آیت کے تحت اور ایک ثلث رشتہ داری کے تحت (یعنی بالرد) حاصل کریں گی اور ''اگر متوفی کے بھائی اور بہن اکٹھے وارث ہوں تو ایک بھائی کو دو بہنوں کے برابر حصہ ملے گا (النساء:۱۷۶)'' اور یہ سب کچھ اس وقت ہے جبکہ متوفی کی اولاد، والدین یا بیوی موجود نہ ہو [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [2]

{2928} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ وَ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ يُونُسَ جَمِيعاً عَنْ عُمَرَ بْنِ أُذَيْنَةَ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ أَعْيَنَ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ اِمْرَأَةٌ تَرَكَتْ زَوْجَهَا وَ إِخْوَتَهَا لِأُمِّهَا وَ إِخْوَتَهَا وَ أَخَوَاتِهَا لِأَبِيهَا فَقَالَ لِلزَّوْجِ اَلنِّصْفُ ثَلاَثَةُ أَسْهُمٍ وَ لِلْإِخْوَةِ مِنَ اَلْأُمِّ اَلثُّلُثُ اَلذَّكَرُ وَ اَلْأُنْثَى فِيهِ سَوَاءٌ وَ بَقِيَ سَهْمٌ فَهُوَ لِلْإِخْوَةِ وَ اَلْأَخَوَاتِ مِنَ اَلْأَبِ (لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ اَلْأُنْثَيَيْنِ) لِأَنَّ اَلسِّهَامَ لاَ تَعُولُ وَ لاَ يُنْقَصُ اَلزَّوْجُ مِنَ اَلنِّصْفِ وَ لاَ اَلْإِخْوَةُ مِنَ اَلْأُمِّ مِنْ ثُلُثِهِمْ لِأَنَّ اَللَّهَ عَزَّ وَ جَلَّ يَقُولُ: (فَإِنْ كَانُوا أَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَهُمْ شُرَكَاءُ فِي اَلثُّلُثِ) وَ إِنْ كَانَتْ وَاحِدَةً فَلَهَا اَلسُّدُسُ وَ اَلَّذِي عَنَى اَللَّهُ تَبَارَكَ وَ تَعَالَى فِي قَوْلِهِ: (وَ إِنْ كَانَ رَجُلٌ يُورَثُ كَلاَلَةً أَوِ اِمْرَأَةٌ وَ لَهُ أَخٌ أَوْ أُخْتٌ فَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا اَلسُّدُسُ فَإِنْ كَانُوا أَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَهُمْ شُرَكَاءُ فِي اَلثُّلُثِ) إِنَّمَا عَنَى بِذَلِكَ اَلْإِخْوَةَ وَ اَلْأَخَوَاتِ مِنَ اَلْأُمِّ خَاصَّةً وَ قَالَ فِي آخِرِ سُورَةِ اَلنِّسَاءِ (يَسْتَفْتُونَكَ قُلِ اَللَّهُ يُفْتِيكُمْ فِي اَلْكَلاَلَةِ إِنِ اِمْرُؤٌ هَلَكَ لَيْسَ لَهُ وَلَدٌ وَ لَهُ أُخْتٌ) يَعْنِي أُخْتاً لِأُمٍّ وَ أَبٍ أَوْ أُخْتاً لِأَبٍ (فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ وَ هُوَ يَرِثُهَا إِنْ لَمْ يَكُنْ لَهَا وَلَدٌ)... (وَ إِنْ كَانُوا إِخْوَةً رِجَالاً وَ نِسَاءً فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ اَلْأُنْثَيَيْنِ) فَهُمُ اَلَّذِينَ يُزَادُونَ وَ يُنْقَصُونَ

[1] تفسیر القمی: ۱/۱۵۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/۱۵۳ ح ۳۲۷۰۴؛ تفسیر الصافی: ۱/۵۲۶؛ تفسیر البرہان: ۲/۲۰۵؛ بحارالانوار: ۱۰۱/۳۴۱؛ تفسیر نورالثقلین: ۱/۵۸۰؛ تفسیر کنز الدقائق: ۳/۲۰۰

[2] مہذب الاحکام: ۳۰/۱۳۸؛ دلیل تحریر الوسیلہ (المواریث): ۱۳۳؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/۱۷۳؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۷/۴۷۹

وَ كَذَلِكَ أَوْلَادُهُمُ ٱلَّذِينَ يُزَادُونَ وَ يُنْقَصُونَ وَ لَوْ أَنَّ إمْرَأَةً تَرَكَتْ زَوْجَهَا وَ إِخْوَتَهَا لِأُمِّهَا وَ أُخْتَيْهَا لِأَبِيهَا كَانَ لِلزَّوْجِ ٱلنِّصْفُ ثَلَاثَةُ أَسْهُمٍ وَ لِلْإِخْوَةِ مِنَ ٱلْأُمِّ سَهْمَانِ وَ بَقِيَ سَهْمٌ فَهُوَ لِلْأُخْتَيْنِ لِلْأَبِ وَ إِنْ كَانَتْ وَاحِدَةً فَهُوَ لَهَا لِأَنَّ ٱلْأُخْتَيْنِ لِأَبٍ لَوْ كَانَتَا أَخَوَيْنِ لِأَبٍ لَمْ يُزَادَا عَلَى مَا بَقِيَ وَ لَوْ كَانَتْ وَاحِدَةً أَوْ كَانَ مَكَانَ ٱلْوَاحِدَةِ أَخٌ لَمْ يُزَدْ عَلَى مَا بَقِيَ وَ لَا يُزَادُ أُنْثَى مِنَ ٱلْأَخَوَاتِ وَ لَا مِنَ ٱلْوَلَدِ عَلَى مَا لَوْ كَانَ ذَكَراً لَمْ يُزَدْ عَلَيْهِ.

۞ بکیر بن اعین سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے عرض کیا کہ ایک عورت نے پسماندگان میں شوہر، مادری و پدری بھائی اور پدری بہن بھائی چھوڑے تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: شوہر کے لئے آدھا ترکہ (یعنی 6/3) ہوگا اور مادری بہن بھائیوں کے لئے ایک ثلث (یعنی 6/2) ہوگا اور اس میں مرد وعورت برابر حصہ دار ہوں گے اور باقی جو ایک حصہ بچے گا وہ پدری بہن بھائیوں کے لئے ہوگا اس طرح کہ: ''مرد کے لئے دو عورتوں کے برابر حصہ ملے گا (النسآ:۱۱)'' کیونکہ حصوں میں عول نہیں ہوتا (یعنی حصے زیادہ نہیں ہوتے) اور شوہر کے نصف میں سے کمی نہیں ہوگی اور نہ ہی مادری بہن بھائیوں کے ثلث میں سے کچھ کم ہوگا کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ''پس اگر وہ اس سے زیادہ ہوں تو ایک ثلث میں ہی شریک ہوں گے (النسآ:۱۲)'' اور اگر ایک بہن ہو تو اس کے لئے ایک سدس (6/11) ہوگا جو کہ اللہ نے اس قول میں مراد لیا کہ: ''اور اگر آدمی کے وارث کلالہ ہو یا عورت ہو اور اس کا بھائی یا بہن ہو تو ان میں ہر ایک کے لئے ایک سدس (یعنی 6/1) ہوگا اور اگر وہ اس سے زائد ہوں تو وہ ایک ثلث میں شریک ہوں گے (النسآ:۱۲)'' اور اللہ نے اس سے فقط مادری بہن بھائیوں کو مراد لیا ہے اور سورۃ النسآ کے آخر میں فرمایا: ''یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فتویٰ چاہتے ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان سے کہہ دیجیے کہ اللہ تمہیں کلالہ کے بارے میں فتویٰ دیتا ہے کہ اگر کوئی شخص مر جائے تو اس کی اولاد نہ ہو اور اس کی بہن ہو (یعنی پدری و مادری بہن یا پدری بہن ہو) تو اس کے لئے میت کے ترکہ کا نصف ہوگا اور اگر بہن کی اولاد نہ ہو تو بھائی بھی اس کا وارث بنے گا اور اگر بھائیوں میں مرد اور عورتیں ہوں تو ایک مرد کے لئے دو عورتوں کے برابر حصہ ہوگا (النسآ:۱۷۶)'' پس یہی تو ہیں کہ جن کا حصہ بڑھ بھی سکتا ہے اور کم بھی ہو سکتا ہے اور اسی طرح ان کی اولادوں کا حصہ بھی بڑھتا اور کم ہوتا ہے اور اگر عورت پسماندگان میں شوہر اور مادری بہن بھائیوں اور پدری بہنوں کو چھوڑے تو شوہر کے لئے آدھا ترکہ (یعنی 6 / 3) ہوگا اور مادری بہن بھائیوں کے لئے دو حصے (یعنی 6/2) ہوں گے اور جو ایک باقی بچے گا وہ پدری بہنوں کے لئے ہوگا اور اگر وہ ایک ہو تو بھی اسی کے لئے ہوگا کیونکہ پدری بہنیں اگر پدری بھائی بھی ہوتے تب بھی ان کا حصہ باقی بچ جانے والے سے زائد نہ ہوگا اور اگر ایک بہن ہو یا اس کی جگہ پر ایک بھائی ہو تو اسے بھی باقی سے زیادہ نہ ملے گا اور بہنوں میں سے عورتوں کے لئے کچھ زیادہ نہ ہوگا اور نہ ہی اولاد کے لئے بڑھے گا چاہے وہ مرد ہی ہوں [1]

---

[1] الکافی: ۷/۱۰۱ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۹/۲۹۷ ح ۱۰۶۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/۱۵۴ ح ۳۲۷۹۶؛ الوافی: ۲۵/۷۹۷ ح ۲۵۰۱۱؛ تفسیر البرہان: ۲/۳۱

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [1] یا پھر حسن ہے [2]

{2929} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ فَضَّالٍ عَنْ أَيُّوبَ بْنِ نُوحٍ قَالَ: كَتَبْتُ إِلَى أَبِي الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ أَسْأَلُهُ هَلْ نَأْخُذُ فِي أَحْكَامِ الْمُخَالِفِينَ مَا يَأْخُذُونَ مِنَّا فِي أَحْكَامِهِمْ أَمْ لَا فَكَتَبَ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَجُوزُ لَكُمْ ذَلِكَ إِنْ كَانَ مَذْهَبُكُمْ فِيهِ التَّقِيَّةُ مِنْهُمْ وَ الْمُدَارَاةُ.

ایوب بن نوح سے روایت ہے کہ میں نے امام ابوالحسن علیہ السلام کی طرف خط لکھا اور یہ مسئلہ پوچھا کہ کیا ہم مخالفین (کے حکام) کے فیصلے کے مطابق لے سکتے ہیں جس طرح وہ اپنے فیصلوں کے ذریعے ہم سے لیتے ہیں؟

امام علیہ السلام نے جواب لکھا کہ یہ تمہارے لئے جائز ہے کیونکہ تمہارا تو مذہب ہی ان سے تقیہ اور مدارات میں ہے [3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [4] یا پھر موثق ہے [5]

{2930} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ: نَشَرَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ صَحِيفَةً فَأَوَّلُ مَا تَلَقَّانِي فِيهَا ابْنُ أَخٍ وَ جَدٌّ الْمَالُ بَيْنَهُمَا نِصْفَانِ فَقُلْتُ جُعِلْتُ فِدَاكَ إِنَّ الْقُضَاةَ عِنْدَنَا لَا يَقْضُونَ لِابْنِ الْأَخِ مَعَ الْجَدِّ بِشَيْءٍ فَقَالَ إِنَّ هَذَا الْكِتَابَ خَطُّ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ إِمْلَاءُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ.

محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے ایک صحیفہ (کتابچہ) نشر کیا پس سب سے پہلے جس بات پر میری نگاہ پڑی وہ اس میں یہ تھی کہ (متوفی کے) بھائی کا بیٹا اور دادا کے درمیان مال برابر تقسیم ہوگا۔

پس میں نے عرض کیا: میں آپ علیہ السلام پر فدا ہوں! ہمارے ہاں قاضی (جج) دادا کے ہمراہ بھائی کے بیٹے کے لئے کسی چیز کا بھی حصہ نہیں دیتے؟

---

[1] تفصیل الشریعہ: ۲۳/۴۷۳؛ مستند الشیعہ: ۹/۸۷۲؛ فقہ الصادق ": ۷۳/۳۵؛ دلیل تحریر الوسیلہ (المواریث): ۱۹۸؛ کتاب الارث عماثی: ۵۳۳؛ القواعد الفقہیہ: ۶/۳۰۳؛ جامع المدارک: ۵/۸۰۳؛ مجمع الفائدہ: ۱۱/۵۶۱؛ ریاض المسائل: ۱۴/۲۷۴؛ مہذب الاحکام: ۳۰/۱۵۵؛ فقہ الثقلین: ۲/۵۳۳

[2] کشف اللثام: ۹/۴۲۳؛ الجعہ: ۱۰/۳۳۶؛ مراۃ العقول: ۲۳/۱۵۲؛ ملاذ الاخیار: ۱۵/۲۶۶

[3] تہذیب الاحکام: ۹/۳۲۲ ح ۱۱۵۴؛ الاستبصار: ۴/۱۴۷ ح ۵۵۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/۱۵۸ ح ۳۲۷۱۰؛ الوافی: ۲۵/۷۷۳ ح ۲۴۸۸۷؛ الفصول المہمہ: ۲/۴۷۸

[4] الاجارۃ کرمشاہی: ۱۸۹

[5] مراۃ العقول: ۱۵/۳۱۳

آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ کتاب حضرت علی علیہ السلام کی لکھی ہوئی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی لکھوائی ہوئی ہے [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [2] یا پھر حسن ہے [3]

{2931} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ فَضَّالٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْخَزَّازِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنِ ابْنِ أُخْتٍ لِأَبٍ وَابْنِ أُخْتٍ لِأُمٍّ قَالَ لِابْنِ الْأُخْتِ مِنَ الْأُمِّ السُّدُسُ وَلِابْنِ الْأُخْتِ مِنَ الْأَبِ الْبَاقِي

محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ میں نے امام محمد باقر علیہ السلام سے پوچھا کہ پدری بہن کا بیٹا اور مادری بہن کا بیٹا موجود ہو تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: مادری بہن کے بیٹے کے لئے ایک سدس ہے اور باقی سب پدری بہن کے بیٹے کے لئے ہے [4]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [5] یا پھر موثق ہے [6]

{2932} مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ تَرَكَ إِخْوَةً وَأَخَوَاتٍ مِنْ أَبٍ وَأُمٍّ وَجَدّاً قَالَ الْجَدُّ كَوَاحِدٍ مِنَ الْإِخْوَةِ الْمَالُ بَيْنَهُمْ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ.

عبداللہ بن سنان سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ ایک شخص پدری و مادری (یعنی سگے) بھائی اور بہنیں اور جد کو چھوڑتا ہے تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: جد بھی بھائیوں کی مانند ایک (بھائی تصور ہوتا) ہے اور مال ان کے درمیان مرد کے لئے دو عورتوں کے برابر حصہ کے حساب سے تقسیم ہوتا ہے [7]

---

[1] الکافی: ۷/۱۱۲ ح ۱۱؛ الوافی: ۲۵/۸۱۷ ح ۲۵۰۵۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/۱۵۹ ح ۳۲۷۱۳

[2] دلیل تحریر الوسیلہ (المواریث): ۲۷۰؛ نظام الارث فی الشریعہ: ۲۵۵؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/۳۴۵؛ جامع المدارک: ۵/۳۳۹؛ مستند الشیعہ: ۱۹/۳۱۳

[3] مرآۃ العقول: ۲۳/۱۶۷

[4] تہذیب الاحکام: ۹/۳۲۲ ح ۱۱۵۷؛ الاستبصار: ۴/۱۶۸ ح ۶۳۷؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/۱۹۲ ح ۳۲۷۴۳؛ عوالی اللئالی: ۲/۳۳۵ و ۳/۵۰۴؛ الوافی: ۲۵/۸۲۱ ح ۲۵۰۶۴

[5] التعلیقہ الاستدلالیہ: ۷/۸۷۴؛ مہذب الاحکام: ۳۰/۹۱؛ الانوار اللوامع: ۱۳/۵۵۴؛ مستند الشیعہ: ۱۹/۲۹۲؛ القواعد الفقہیہ: ۶/۳۰۸؛ نظام الارث فی الشریعہ: ۲۵۱؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/۳۷۹؛ کفایۃ الفقہ: ۲/۸۳۳

[6] الفوائد الجعفریہ: ۱۳۱؛ مفاتیح الشرائع: ۳/۲۹۷؛ انوار الفقاہہ: ۲۲/۴۶؛ ریاض المسائل: ۱۳/۳۲۹؛ مستند الشیعہ: ۱۹/۲۷۵؛ الرسائل الاحمدیہ: ۳/۳۹؛ الانوار اللوامع: ۱۳/۴۷۴؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/۳۷۹؛ ملاذ الاخیار: ۱۵/۳۱۳

[7] من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/۲۸۵ ح ۵۶۳۵؛ الوافی: ۲۵/۸۰۷ ح ۲۵۰۲۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/۱۶۴ ح ۳۲۷۳۰

تحقیق:

حدیث صحیح ہے[1]

{2933} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ فَضَّالٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: قَالَ أَبُو جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: إِذَا لَمْ يَتْرُكِ الْمَيِّتُ إِلاَّ جَدَّهُ أَبَا أَبِيهِ وَ جَدَّتَهُ أُمَّ أُمِّهِ فَإِنَّ لِلْجَدَّةِ الثُّلُثَ وَ لِلْجَدِّ الْبَاقِيَ قَالَ وَ إِذَا تَرَكَ جَدَّهُ مِنْ قِبَلِ أَبِيهِ وَ جَدَّ أَبِيهِ وَ جَدَّتَهُ مِنْ قِبَلِ أُمِّهِ وَ جَدَّةَ أُمِّهِ كَانَ لِلْجَدَّةِ مِنْ قِبَلِ الْأُمِّ الثُّلُثُ وَ سَقَطَ جَدَّةُ الْأُمِّ وَ الْبَاقِي لِلْجَدِّ مِنْ قِبَلِ الْأَبِ وَ سَقَطَ جَدُّ الْأَبِ.

❁ محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: جب مرنے والا اپنا دادا اور نانی چھوڑے تو نانی کو ایک ثلث ملے گا اور باقی ترکہ دادا کو ملے گا۔ نیز فرمایا: اور جب مرنے والا اپنا دادا اور باپ کا دادا اور اپنی نانی اور ماں کی نانی چھوڑے تو ایک ثلث نانی کو ملے گا اور باقی ترکہ دادا کو ملے گا اور ماں کی نانی اور باپ کے دادا کو کچھ نہیں ملے گا[2]

تحقیق:

حدیث موثق ہے[3] یا پھر صحیح ہے[4]

{2934} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ شَاذَانَ عَنِ ابْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنْ جَمِيلِ بْنِ دَرَّاجٍ عَنْ بُكَيْرٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: سَأَلَهُ رَجُلٌ عَنْ أُخْتَيْنِ وَ زَوْجٍ فَقَالَ النِّصْفُ وَ النِّصْفُ فَقَالَ الرَّجُلُ أَصْلَحَكَ اللَّهُ قَدْ سَمَّى اللَّهُ لَهُمَا أَكْثَرَ مِنْ هَذَا لَهُمَا الثُّلُثَانِ فَقَالَ مَا تَقُولُ فِي أَخٍ وَ زَوْجٍ فَقَالَ النِّصْفُ وَ النِّصْفُ فَقَالَ أَلَيْسَ قَدْ سَمَّى اللَّهُ لَهُ الْمَالَ فَقَالَ (وَ هُوَ يَرِثُهَا إِنْ لَمْ يَكُنْ لَهَا وَلَدٌ).

❁ بکیر سے روایت ہے کہ ایک شخص نے امام محمد باقر علیہ السلام سے دو بہنوں اور شوہر (کی میراث) کے بارے میں پوچھا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: آدھا اور آدھا ہوگا۔ اس شخص نے عرض کیا: اللہ آپ علیہ السلام کا بھلا کرے! اللہ نے تو ان دونوں بہنوں کے

---

[1] دلیل تحریر الوسیلہ (المواریث): ۳۴۳؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۷/ ۳۸۳؛ مہذب الاحکام: ۳۰/ ۱۵۳؛ مستند الشیعہ: ۱۹/ ۲۹۹؛ کشف اللثام: ۹/ ۴۳۵؛ روضۃ المتقین: ۱۱/ ۲۹۱

[2] تہذیب الاحکام: ۹/ ۳۱۳ ح ۱۱۲۴؛ الاستبصار: ۴/ ۱۶۵ ح ۶۲۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/ ۱۷۶ ح ۳۲۷۶۷؛ الوافی: ۲۵/ ۸۱۴ ح ۲۵۰۴۷

[3] مراۃ العقول: ۱۵/ ۳۰۰؛ مفتاح الکرامہ: ۸/ ۱۴۷؛ ریاض المسائل: ۱۴/ ۳۳۴؛ مستند الشیعہ: ۱۹/ ۲۸۲؛ دروس تمہیدیہ فی الفقہ: ۳/ ۲۵۳؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۹/ ۹۴؛ موسوعہ الفقہ الاسلامی: ۴۳/ ۳۵۷؛ نظام الارث فی الشریعہ: ۲۲۸؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/ ۱۶۱؛ جامع المدارک: ۵/ ۳۳۵؛ جواہر الکلام: ۴۰/ ۹۵؛ دلیل تحریر الوسیلہ (المواریث): ۳۶۵؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ: ۷/ ۴۸۲

[4] دلیل تحریر الوسیلہ (المواریث): ۳۴۵؛ مہذب الاحکام: ۳۰/ ۱۴۷

لئے زیادہ مقرر کیا ہے کہ ان کے لئے دوثلث ہے؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: تم ایک بھائی اور شوہر کی میراث کے بارے میں کیا کہتے ہو؟

اس نے عرض کیا: آدھا اور آدھا ملے گا۔

آپ علیہ السلام نے فرمایا: کیا اللہ نے تو تمام مال مقرر نہیں کیا چنانچہ وہ فرماتا ہے: ''وہ (بھائی) اس (بہن) کا وارث ہوگا اگر اس کی بہن کی اولاد نہ ہو(النسا:۱۷۶)''[1]

تحقیق:

حدیث صحیح یا حسن ہے[2]

{2935} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ اِبْنِ مَحْبُوبٍ عَنِ اِبْنِ رِئَابٍ عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ : فِي رَجُلٍ مَاتَ وَ تَرَكَ اِمْرَأَتَهُ وَ أُخْتَهُ وَ جَدَّهُ قَالَ هَذِهِ مِنْ أَرْبَعَةِ أَسْهُمٍ لِلْمَرْأَةِ اَلرُّبُعُ وَلِلْأُخْتِ سَهْمٌ وَلِلْجَدِّ سَهْمَانِ.

۞ ابوعبید نے امام محمد باقر علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں روایت کی ہے جس نے پسماندگان میں اپنی بیوی اور اپنی بہن اور دادا کو چھوڑا تو آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ ترکہ چار حصوں میں تقسیم ہوگا: بیوی کے لئے چوتھائی، بہن کے لئے ایک حصہ اور دادا کے لئے دو حصے ہوں گے[3]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے[4]

{2936} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ يُونُسَ عَنْ أَبِي اَلْمِعْزَى عَنْ سَمَاعَةَ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ قَالَ : سَمِعْتُ رَجُلاً يَسْأَلُ أَبَا جَعْفَرٍ عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ وَ أَنَا عِنْدَهُ عَنْ زَوْجٍ وَ جَدٍّ قَالَ يُجْعَلُ اَلْمَالُ بَيْنَهُمَا نِصْفَيْنِ.

۞ ابوبصیر سے روایت ہے کہ میں نے ایک شخص کو امام محمد باقر علیہ السلام سے سوال کرتے ہوئے سنا جبکہ میں بھی آپ علیہ السلام کی خدمت میں حاضر رہا کہ شوہر اور جد کی پسماندگان ہوں تو؟

---

[1] تہذیب الاحکام:۹ /۲۹۳ح۱۰۴۸؛ الکافی:۷ /۱۰۳ح۶؛ الوافی:۲۵ /۸۰۰ح۲۵۰۱۴؛ وسائل الشیعہ:۲۶ /۱۵۴ح۳۲۷۰۵؛ تفسیر نورالثقلین:۵۸۱/۱؛ تفسیر کنزالدقائق:۲۰۲/۳

[2] مستندالشیعہ:۲۶۰/۱۹؛ کتاب الارث صانعی:۵۳؛ فقہ الثقلین:۵۳۶/۳؛ مجمع الفائدہ:۵۹۳/۱۱؛ ملاذ الاخیار:۲۶۹/۱۵

[3] الکافی:۷ /۱۱۰ح۴؛ من لا یحضرہ الفقیہ:۴ /۲۸۲ح۵۶۳۲؛ تہذیب الاحکام:۹ /۳۰۴ح۱۰۸۳؛ الاستبصار:۴ /۱۵۶ح۵۸۵؛ وسائل الشیعہ:۲۶ /۱۶۶ح۳۲۷۳۸؛ الوافی:۲۵ /۸۰۷ح۲۵۰۲۷

[4] مرآۃ العقول:۲۳ /۱۶۴؛ کشف اللثام:۹ /۵۴۳؛ مستندالشیعہ:۱۹ /۳۰۰؛ القواعد الفقہیہ:۶ /۳۷۵؛ جامع المدارک:۵ /۳۳۴؛ مجمع الفائدہ:۱۱ /۳۹۷؛ فقہ الصادقؑ:۲۴ /۳۷۴؛ مہذب الاحکام:۳۰ /۱۵۷؛ روضۃ المتقین:۱۱ /۲۸۷؛ ملاذ الاخیار:۲۸۸/۱۵

آپ علیہ السلام نے فرمایا: ترکہ دونوں کے درمیان آدھا آدھا تقسیم کیا جائے گا[1]

تحقیق:

حدیث موثق ہے[2]

﴿تیسرے گروہ کی میراث﴾

قول مؤلف:

”تیسرا گروہ چچا، پھوپھی، ماموں، خالہ اور ان کی اولاد یا ان کی اولاد کی اولاد نہ ہو تو اس کے باپ اور ماں کے چچا، پھوپھی اور ماموں اور خالہ ترکہ پاتے ہیں اور اگر وہ نہ ہوں تو ان کی اولاد ترکہ پاتی ہے اور اگر وہ بھی ہوں تو متوفی کے دادا، دادی اور نانا، نانی کے چچا، پھوپھی، ماموں اور خالہ ترکہ پاتے ہیں اور اگر وہ بھی نہ ہوں تو ان کی اولاد ترکہ پاتی ہے“[3]

{2937} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ يُونُسَ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: اَلْخَالُ وَ اَلْخَالَةُ يَرِثَانِ إِذَا لَمْ يَكُنْ مَعَهُمَا أَحَدٌ إِنَّ اَللَّهَ عَزَّ وَ جَلَّ يَقُولُ وَ أُولُوا اَلْأَرْحَامِ بَعْضُهُمْ أَوْلىٰ بِبَعْضٍ فِي كِتَابِ اَللَّهِ.

❂ ابو بصیر سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: ماموں اور خالہ تب میراث لیں گے کہ جب ان کے ساتھ میراث لینے والا کوئی اور موجود ہی نہ ہو چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ”اللہ کی کتاب میں رشتہ داروں میں سے بعض دوسرے بعض سے افضل ہیں (الاحزاب:٦)“[4]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے[5]

{2938} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ وَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ وَ عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ وَ حُمَيْدُ بْنُ زِيَادٍ عَنِ اَلْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدٍ كُلُّهُمْ عَنِ اَلْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ

---

[1] تہذیب الاحکام:٩/٣١٥ح١١٢٩؛ الوافی:٢٥/٨١٥ح٢٥٠٥٠؛ وسائل الشیعہ:٢٦/١٨٠ح٣٢٧٧٧

[2] مہذب الاحکام:٣٠/٥٦؛ ملاذ الاخیار:١٥/٣٠٣

[3] توضیح المسائل آغا سیستانی:٤١٩ف٢٧٨٦رقم٣

[4] الکافی:٧/١١٩ح٢؛ تہذیب الاحکام:٩/٣٢٥ح١١٦٧؛ الوافی:٢٥/٨٣١ح٢٥٠٨٥؛ وسائل الشیعہ:٢٦/١٨٠ح٣٢٧٧٨؛ تفسیر البرہان:٤/٢٠٧و٤/٤١٣؛ تفسیر نور الثقلین:٤/٢٧١؛ تفسیر کنز الدقائق:٥/٣٧٨

[5] مرآۃ العقول:٢٣/١٧٧؛ دلیل تحریر الوسیلہ (المواریث):٨١؛ دراسات فقہیہ:٢٢٦؛ دروس تمہیدیہ:٣/٢٥٣؛ ملاذ الاخیار:١٥/٣١٨

رِئَابٍ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ عَنْ شَيْءٍ مِنَ الْفَرَائِضِ فَقَالَ لِي أَلاَ أُخْرِجُ لَكَ كِتَابَ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلاَمُ فَقُلْتُ كِتَابُ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلاَمُ لَمْ يَدْرُسْ فَقَالَ يَا أَبَا مُحَمَّدٍ إِنَّ كِتَابَ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلاَمُ لَمْ يَدْرُسْ فَأَخْرَجَهُ فَإِذَا كِتَابٌ جَلِيلٌ وَإِذَا فِيهِ رَجُلٌ مَاتَ وَتَرَكَ عَمَّهُ وَخَالَهُ قَالَ لِلْعَمِّ الثُّلُثَانِ وَلِلْخَالِ الثُّلُثُ.

ابوبصیر سے روایت ہے کہ میں نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے فرائض کی کسی چیز کے بارے میں سوال کیا تو آپ علیہ السلام نے مجھ سے فرمایا: کیا میں تمہارے لئے حضرت علی علیہ السلام کی کتاب نہ نکالوں؟

میں نے عرض کیا: کیا حضرت علی علیہ السلام کی کتاب ابھی تک باقی ہے (وہ تو بوسیدہ نہیں ہوگئی)؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: اے ابومحمد! کتاب علی علیہ السلام بوسیدہ نہیں ہوئی (اور موجود ہے)۔ پس آپ علیہ السلام نے اسے نکالا تو وہ ایک جلیل القدر کتاب تھی اوراس میں لکھا تھا کہ ایک آدمی مرگیا اوراس نے پسماندگان میں اپنے چچا اور ماموں کو چھوڑا تو چچا کے لئے دو ثلث (یعنی 3/2) اور ماموں کے لئے ایک ثلث (یعنی 3/1) ہے [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [2]

{2939} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ زِيَادٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْمُثَنَّى عَنْ أَبَانٍ عَنْ أَبِي مَرْيَمَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي عَمَّةٍ وَخَالَةٍ قَالَ الثُّلُثُ وَالثُّلُثَانِ يَعْنِي لِلْعَمَّةِ الثُّلُثَانِ وَلِلْخَالَةِ الثُّلُثُ.

ابومریم سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے پھوپھی اور خالہ کے بارے میں فرمایا: ایک تہائی اور دو تہائی یعنی پھوپھی کے لئے دو تہائی (3/2) اور خالہ کے لئے ایک تہائی (3/1) ہے [3]

تحقیق:

حدیث حسن یا موثق ہے [4]

{2940} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَمَاعَةَ قَالَ حَدَّثَهُمُ الْحَسَنُ بْنُ مَحْبُوبٍ عَنْ أَبِي

---

[1] الکافی: ۷/۱۱۹ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۹/۳۲۴ ح ۱۳؛ الوافی: ۲۵/۸۲۹ ح ۷۵۰۲؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/۱۸۶ ح ۳۲۷۸۷؛ المروی من کتاب علی: ۳۶۹

[2] مرآۃ العقول: ۲۳/۲۷۶؛ دراسات فقہیہ: ۲۶۷؛ روضۃ البہیہ: ۲/۳۱۳؛ ریاض المسائل: ۱۴/۵۸۳؛ مجمع الفائدہ: ۱۱/۳۱۹؛ مختلف الشیعہ: ۹/۳۹؛ تہذیب الاحکام: ۱/۱۲۲؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۷/۴۹۳؛ مستند الشیعہ: ۱۹/۳۱۶؛ جامع المدارک: ۵/۳۴۳؛ الانوار اللوامع: ۱۴/۳۴۶؛ دلیل تحریر الوسیلہ (المواریث): ۴۰۲؛ ایضاح الفوائد: ۴/۲۸۳؛ مہذب الاحکام: ۳۰/۲۷۳؛ دروس تمہیدیہ: ۳/۲۵۵؛ ملاذ الاخیار: ۱۵/۳۱۶

[3] الکافی: ۷/۱۱۹ ح ۴؛ تہذیب الاحکام: ۹/۳۲۴ ح ۱۳؛ الوافی: ۲۵/۸۲۹؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/۱۸۷ ح ۳۲۷۸۸

[4] مرآۃ العقول: ۲۳/۲۷۷؛ دلیل تحریر الوسیلہ (المواریث): ۴۰۳

أَيُّوبَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: إِنَّ فِي كِتَابِ عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلاَمُ أَنَّ الْعَمَّةَ بِمَنْزِلَةِ الْأَبِ وَ الْخَالَةَ بِمَنْزِلَةِ الْأُمِّ وَ بِنْتَ الْأَخِ بِمَنْزِلَةِ الْأَخِ وَ كُلُّ ذِي رَحِمٍ بِمَنْزِلَةِ الرَّحِمِ الَّذِي يَجُرُّ بِهِ إِلاَّ أَنْ يَكُونَ وَارِثٌ أَقْرَبَ إِلَى الْمَيِّتِ مِنْهُ فَيَحْجُبَهُ.

❁ ابوایوب سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: حضرت علیہ السلام کی کتاب میں لکھا ہوا ہے کہ پھوپھی بمنزلہ باپ کے ہے اور خالہ بمنزلہ ماں کے ہے اور بھتیجی بمنزلہ بھائی کے ہے اور ہر رشتہ دار بمنزلہ اس رشتہ دار کے ہے جس کی وجہ سے تم سے رشتہ داری ہے مگر یہ کہ کوئی ایسا وارث موجود ہو جو اس سے زیادہ متوفی کے قریب ہو تو وہ اس کے لئے مانع بن جائے گا۔ [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [2] یا پھر موثق ہے [3]

{2941} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ النَّضْرِ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: اِخْتَلَفَ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلاَمُ وَ عُثْمَانُ فِي الرَّجُلِ يَمُوتُ وَ لَيْسَ لَهُ عَصَبَةٌ يَرِثُونَهُ وَلَهُ ذُو قَرَابَةٍ لاَ يَرِثُونَهُ فَقَالَ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلاَمُ مِيرَاثُهُ لَهُمْ يَقُولُ اللَّهُ (وَ أُولُوا الْأَرْحَامِ بَعْضُهُمْ أَوْلَى بِبَعْضٍ فِي كِتَابِ اللَّهِ) وَ كَانَ عُثْمَانُ يَقُولُ يُجْعَلُ فِي بَيْتِ مَالِ الْمُسْلِمِينَ.

❁ عبداللہ بن سنان سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: امیرالمومنین علیہ السلام اور عثمان بن عفان کے درمیان ایسے شخص کے بارے میں اختلاف ہو گیا جو فوت ہو امگر اس کا عصبہ (وارثان بازگشت) نہیں تھا جو میراث پاتا اور قرابتدار تھے وہ وارث نہیں ہو سکتے تھے۔ پس حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: کہ میراث انہی قرابتداروں کی ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ”اور اللہ کی کتاب میں رشتہ داروں کے بعض بعض کے قریب ہیں (الانفال:۷۵)“ اور عثمان نے کہا کہ اس کا ترکہ بیت المال میں داخل کیا جائے گا۔ [4]

---

[1] تہذیب الاحکام:۹/۳۲۵ح۱۱۷۰؛ الوافی:۲۵/۸۳۱ح۲۵۰۸۸؛ وسائل الشیعہ:۲۶/۱۸۸ح۳۲۷۹۲؛ الفصول المہمہ:۲/۸۹۴؛ المروی من کتاب علی:۳۷۰

[2] الفوائد الجعفریہ:۳۴؛ فقہ الصادق:۲۴/۳۳۱؛ التعلیقۃ الاستدلالیہ:۷/۴۸۷؛ مستند الشیعہ:۱۹/۱۹۱؛ نظام الارث فی الشریعہ:۲۶۲؛ دراسات فقہیہ: ۳۶۷

[3] دلیل تحریر الوسیلہ (المواریث):۲۰۴؛ ملاذ الاخیار:۱۵/۳۱۸

[4] تہذیب الاحکام:۹/۳۹۶ح۱۴۱۲؛ الوافی:۲۵/۸۳۳ح۲۵۰۹۴؛ وسائل الشیعہ:۲۶/۱۹۱ح۳۲۷۹۹؛ تفسیر البرہان:۴/۴۱۴؛ تفسیر العیاشی: ۲/۷۱؛ بحار الانوار:۱۰۱/۳۳۷؛ تفسیر نور الثقلین:۲/۱۷۵؛ تفسیر کنز الدقائق:۵/۳۸۳

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [1]

﴿بیوی اور شوہر کی میراث﴾

{2942} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى وَ عِدَّةٌ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ جَمِيعاً عَنِ ابْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْخَزَّازِ وَ غَيْرِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ يَرِثُ مَعَ الْأُمِّ وَ لاَ مَعَ الْأَبِ وَ لاَ مَعَ الاِبْنِ وَ لاَ مَعَ الاِبْنَةِ إِلاَّ الزَّوْجُ وَ الزَّوْجَةُ وَ إِنَّ الزَّوْجَ لاَ يُنْقَصُ مِنَ النِّصْفِ شَيْئاً إِذَا لَمْ يَكُنْ وَلَدٌ وَ لاَ تُنْقَصُ الزَّوْجَةُ مِنَ الرُّبُعِ شَيْئاً إِذَا لَمْ يَكُنْ وَلَدٌ فَإِذَا كَانَ مَعَهُمَا وَلَدٌ فَلِلزَّوْجِ الرُّبُعُ وَ لِلْمَرْأَةِ الثُّمُنُ.

محمد بن مسلم سے روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: وراثت میں نہ ماں کے ساتھ، نہ باپ کے ساتھ، نہ بیٹے کے ساتھ اور نہ ہی بیٹی کے ساتھ کوئی شریک ہوسکتا ہے سوائے شوہر اور بیوی کے (کہ وہ سب کے ساتھ شریک ہیں) اور شوہر کا حصہ نصف ترکہ سے کم نہیں ہوتا جب اولاد نہ ہو اور بیوی کا حصہ ایک چوتھائی سے کم نہیں جب اولاد نہ ہو پس جب اولاد ہو تو شوہر کے لئے چوتھائی اور عورت کے لئے آٹھواں حصہ ہے [2]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ [3]

{2943} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عَنْ عَلِيِّ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ يُونُسَ عَنْ يَحْيَى الْحَلَبِيِّ عَنْ أَيُّوبَ بْنِ الْحُرِّ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ فَدَعَا بِالْجَامِعَةِ فَنَظَرْنَا فِيهَا فَإِذَا فِيهَا امْرَأَةٌ هَلَكَتْ وَ تَرَكَتْ زَوْجَهَا لاَ وَارِثَ لَهَا غَيْرُهُ لَهُ الْمَالُ كُلُّهُ.

ابو بصیر سے روایت ہے کہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں موجود تھا کہ آپ علیہ السلام ایک جامعہ (کتاب) لے آئے پس جب ہم نے دیکھا تو اس میں لکھا تھا کہ جب عورت مرے اور اپنے شوہر کے علاوہ کوئی وارث نہ چھوڑے تو سارا مال

---

[1] ملاذ الاخیار: ۱۵/۱۴۱۳؛ مستند الشیعہ: ۱۹/۲۸؛ فقہ الصادقؑ: ۷/۳/۲۰۳

[2] الکافی: ۷/۸۲ ح ۱؛ تہذیب الاحکام: ۹/۲۵۱ ح ۹۶۹؛ الوافی: ۲۵/۷۱۱ ح ۲۳۸۳۵؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/۸۰ ح ۳۲۵۳۱؛ الفصول المہمہ: ۲/۲۷۹

[3] مرآۃ العقول: ۲۳/۱۲۶؛ ملاذ الاخیار: ۱۵/۱۹۹؛ دلیل تحریر الوسیلہ (المواریث): ۲۱۸؛ کفایۃ الفقہ: ۲/۸۲۱؛ مستند الشیعہ: ۱۹/۱۵۷؛ جامع المدارک: ۵/۳۰۹؛ فقہ الصادق: ۷/۳/۵۲؛ دروس تمہیدیہ: ۳/۲۵۷؛ التعلیقہ الاستدلالیہ: ۷/۴۶۵؛ مہذب الاحکام: ۳۰/۱۴۳

اسی شوہر کا ہوتا ہے[1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے[2]

{2944} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ عِدَّةٍ مِنْ أَصْحَابِنَا عَنْ سَهْلِ بْنِ زِيَادٍ وَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ جَمِيعاً عَنْ عَلِيِّ بْنِ مَهْزِيَارَ قَالَ كَتَبَ مُحَمَّدُ بْنُ حَمْزَةَ الْعَلَوِيُّ إِلَى أَبِي جَعْفَرٍ الثَّانِي عَلَيْهِ السَّلاَمُ: مَوْلًى لَكَ أَوْصَى إِلَيَّ بِمِائَةِ دِرْهَمٍ وَ كُنْتُ أَسْمَعُهُ يَقُولُ كُلُّ شَيْءٍ هُوَ لِي فَهُوَ لِمَوْلاَيَ فَمَاتَ وَ تَرَكَهَا وَ لَمْ يَأْمُرْ فِيهَا بِشَيْءٍ وَ لَهُ امْرَأَتَانِ أَمَّا إِحْدَاهُمَا فَبِبَغْدَادَ وَ لاَ أَعْرِفُ لَهَا مَوْضِعاً السَّاعَةَ وَ الْأُخْرَى بِقُمَّ فَمَا الَّذِي تَأْمُرُنِي فِي هَذِهِ الْمِائَةِ دِرْهَمٍ فَكَتَبَ إِلَيْهِ انْظُرْ أَنْ تَدْفَعَ مِنْ هَذِهِ الدَّرَاهِمِ إِلَى زَوْجَتَيِ الرَّجُلِ وَ حَقُّهُمَا مِنْ ذَلِكَ الثُّمُنُ إِنْ كَانَ لَهُ وَلَدٌ فَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ وَلَدٌ فَالرُّبُعُ وَ تَصَدَّقْ بِالْبَاقِي عَلَى مَنْ تَعْرِفُ أَنَّ لَهُ إِلَيْهِ حَاجَةً إِنْ شَاءَ اللَّهُ.

✪ علی بن مہزیار سے روایت ہے کہ محمد بن حمزہ علوی نے امام محمد تقی علیہ السلام کی طرف خط لکھا کہ آپ علیہ السلام کے ایک موالی نے مجھے سو درہم کی وصیت کی ہے اور میں نے سنا وہ کہہ رہا تھا کہ میری ہر چیز میرے مولا علیہ السلام کے لئے ہے۔ پس وہ مر گیا اور اس نے پسماندگان میں صرف بیوی کو چھوڑا ہے لیکن اس کے بارے میں کسی چیز کا نہیں کہا اور اس کی دو بیویاں تھیں جن میں سے ایک بغداد میں ہے جس کے بارے میں مجھے اب تک معلوم نہیں ہو سکا کہ وہ بغداد میں کس مقام پر رہتی ہے اور دوسری قم میں رہتی ہے تو آپ علیہ السلام اس سو درہم کے بارے میں کیا حکم فرماتے ہیں؟

امام علیہ السلام نے اس کی طرف جواب لکھا کہ دیکھو! ان درہموں میں سے تجھے اس شخص کی دونوں بیویوں کو بھیجنا ہوگا اور اگر اس کی اولاد تھی تو ان دونوں کا اس میں آٹھواں حصہ 8/1 حق ہے اور اگر اس کی اولاد نہیں ہے تو پھر چوتھا حصہ ہے اور باقی مال کو

---

[1] الکافی: ۷/ ۱۲۵ ح۲؛ تہذیب الاحکام: ۹/ ۲۹۴ ح۱۰۵۳؛ الوافی: ۲۵/ ۷۶۷ ح۲۴۹۵۱؛ الاستبصار: ۴/ ۱۴۹ ح۵۶۱؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/ ۱۹۷ ح۳۲۸۱۱؛ عوالی اللئالی: ۳/ ۲۹۲

[2] مرآۃ العقول: ۲۳/ ۱۸۳؛ ایضاح الفوائد: ۴/ ۲۳۷؛ مختلف الشیعہ: ۹/ ۶۰؛ جامع المدارک: ۵/ ۳۴۷؛ مجمع الفائدہ: ۱۱/ ۴۲۶؛ الزبدۃ الفقہیہ: ۹/ ۵۹؛ مستند الشیعہ: ۱۹/ ۳۹۴؛ آیات الاحکام: ۲/ ۴۰۹؛ رسائل ومقالات: ۴/ ۳۴۶؛ تہذیب المقال: ۱/ ۱۵۹؛ مسالک الافہام: ۱۳/ ۹۹؛ موسوعہ الفقہ الاسلامی: ۹/ ۲۶۳؛ ریاض المسائل: ۹/ ۳۶۸؛ غایۃ المراد: ۳/ ۵۷۵؛ المہذب البارع: ۴/ ۳۳۲؛ فقہ الصادق: ۲۴/ ۳۴۷؛ جواہر الکلام: ۲۰/ ۵۲؛ رسائل فقہیہ: ۴۰۳؛ ملاذ الاخیار: ۱۵/ ۲۷۰

حاجب مندوں میں تقسیم کردو کہ جن کی تمہیں معرفت ہو ان شاء اللہ۔ (1)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے (2)

{2945} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عُمَيْرٍ عَنِ ابْنِ مُسْكَانَ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: قُلْتُ لَهُ رَجُلٌ مَاتَ وَ تَرَكَ امْرَأَتَهُ قَالَ اَلْمَالُ لَهَا قُلْتُ امْرَأَةٌ مَاتَتْ وَ تَرَكَتْ زَوْجَهَا قَالَ اَلْمَالُ لَهُ.

❂ ابوبصیر سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے ایک شخص نے عرض کیا: ایک آدمی مر گیا اور اس نے پسماندگان میں صرف اپنی بیوی کو چھوڑا تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: مال اسی بیوی کا ہے

میں نے عرض کیا: عورت مر گئی اور اس نے صرف شوہر کو چھوڑا تو؟

آپ علیہ السلام نے فرمایا: مال اسی شوہر کا ہے (3)

تحقیق:

حدیث صحیح ہے۔ (4)

{2946} مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ زِيَادٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ وُهَيْبِ بْنِ حَفْصٍ عَنْ أَبِي بَصِيرٍ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلاَمُ: فِي رَجُلٍ تُوُفِّيَ وَ تَرَكَ امْرَأَتَهُ فَقَالَ لِلْمَرْأَةِ الرُّبُعُ وَ مَا بَقِيَ فَلِلْإِمَامِ.

---

(1) الکافی: ۷/۱۲۶ ح ۳؛ تہذیب الاحکام: ۹/۲۹۶ ح ۱۰۵۹؛ الاستبصار: ۴/۱۵۰ ح ۵۶۶؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/۲۰۱ ح ۳۲۸۲۳؛ الوافی: ۲۵/۷۷۱ ح ۲۴۹۶۵؛ عوالم العلوم: ۲۳/۵۰۳

(2) مرآۃ العقول: ۲۳/۱۸۷؛ کفایۃ الفقہ: ۲/۸۶۵؛ الانوار اللوامع: ۱۳/۳۲۴؛ مفتاح الکرامہ: ۲۴/۵۳۱؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/۳۷/۲۲۷؛ القواعد الفقہیہ: ۶/۲۸۸؛ رسائل فقہیہ: ۴/۹۱؛ مجمع الفائدہ: ۱۱/۴۳۱؛ ریاض المسائل: ۱۴/۳۹۹؛ دلیل تحریر الوسیلہ (المواریث): ۳۷؛ جامع المدارک: ۵/۳۴۹؛ غایۃ المراد: ۳/۵۷۷؛ موسوعہ الشہید الاول: ۳/۴۰۴؛ المحاسن النفسانیہ: ۶۱؛ رسالتان فی الارث ارا کی: ۹۲؛ مفتاح الکرامہ: ۸/۱۸۱؛ مہذب الاحکام: ۳۰/۱۰۰؛ رسائل ومقالات: ۴/۵۵؛ جواہر الکلام: ۳۹/۸۲؛ مختلف الشیعہ: ۹/۶۱؛ مسالک الافہام: ۱۳/۲۷؛ مستند الشیعہ: ۱۹/۳۹۹؛ ملاذ الاخیار: ۱۵/

(3) تہذیب الاحکام: ۹/۲۹۵ ح ۱۰۵۶؛ الاستبصار: ۴/۱۵۰ ح ۵۶۸؛ الوافی: ۲۵/۷۷۲ ح ۲۴۹۶۶؛ من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/۲۶۳ ح ۵۶۱۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/۲۰۳ ح ۳۲۸۲۹، ۲۶/۲۹۴ ح ۳۲۸۳۸

(4) ملاذ الاخیار: ۱۵/۲۷۱؛ جواہر الکلام: ۲۰/۵۳؛ بلغۃ الفقیہ: ۴/۲۷۳؛ مہذب الاحکام: ۳۰/۱۰۰؛ الروضۃ البہیہ: ۴/۱۸۱؛ کفایۃ الفقہ: ۲/۸۶۵؛ مستند الشیعہ: ۱۹/۳۹۴؛ بدائع البحوث: ۶/۳۹۳؛ ریاض المسائل: ۳/۱۷۳؛ مختلف الشیعہ: ۹/۶۲؛ غایۃ المراد: ۳/۵۷۸؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/۲۷۶؛ مسالک الافہام: ۱۳/۷۳؛ دلیل تحریر الوسیلہ (المواریث): ۳۹

۞ ابوبصیر نے امام محمد باقر علیہ السلام سے اس شخص کے بارے میں روایت کی ہے جو مر گیا اور اس نے پسماندگان میں صرف بیوی کو چھوڑا تو امام علیہ السلام نے فرمایا: عورت کے لئے ایک چوتھائی ہے اور باقی مال امام علیہ السلام کے لئے ہے [1]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [2] یا پھر موثق ہے [3]

قول مؤلف:

مذکورہ تین حدیثوں میں اختلاف کو حل کرنے کے لئے علماء نے کئی تاویلات کی ہیں جو اپنی جگہ درست ہوسکتی ہیں چنانچہ شیخ صدوق فرماتے ہیں کہ مال کا امام علیہ السلام کے لئے ہونا تو یہ حکم ظہور امام علیہ السلام کے وقت کا ہے لیکن زمانہ غیبت میں اگر شوہر صرف زوجہ چھوڑے تو سارا مال زوجہ کو ملے گا [4] لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ تینوں حکم حالات وواقعات کے تحت درست و قابل عمل ہو سکتے ہیں چنانچہ ایسا ممکن ہے کہ زمانہ غیبت میں شوہر اگر صرف بیوی چھوڑے تو ربع اس کو ملے اور باقی مال اسے اس صورت میں ملے گا کہ اگر وہ رشتہ دار بھی ہو اور اگر دوسری صورت ہو تو پھر صدقہ کر دیا جائے گا جبکہ اصل میں وہ مال امام علیہ السلام ہی کا ہوگا یا ممکن ہے کہ ان میں اختیار ہو (واللہ اعلم)

{2947} مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ فَضَّالٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ بِنْتِ إِلْيَاسَ عَنْ جَمِيلِ بْنِ دَرَّاجٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِ السَّلاَمُ قَالَ: لاَ يَكُونُ الرَّدُّ عَلَى زَوْجٍ وَلاَ زَوْجَةٍ.

۞ جمیل بن دراج سے روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: شوہر اور بیوی پر مال رد نہیں کیا جاسکتا [5]

تحقیق:

حدیث صحیح ہے [6] یا پھر موثق ہے [7]

قول مؤلف:

---

[1] الکافی: ۷/۱۲۶ ح ۳؛ الوافی: ۲۵/۷۷۰ ح ۲۳۹۹۳؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/۲۰۲ ح ۳۲۸۲۷

[2] من لا یحضرہ الفقیہ: ۴/۲۶۲ ح ۵۶۱۱۲

[3] دراسات فقہیہ: ۵۰۴؛ دروس تمہیدیہ: ۳/۲۲۴

[4] مرآۃ العقول: ۲۳/۸۶؛ رسائل فقہیہ: ۲/۱۶؛ رسائل ومقالات سبحانی: ۴/۵۷؛ فقہ الصادقؑ: ۲۴/۳۸؛ دلیل تحریر الوسیلہ (المواریث): ۷۳؛ المحاسن النفسانیہ: ۲۱

[5] تہذیب الاحکام: ۹/۲۹۶ ح ۱۰۵۶؛ الاستبصار: ۴/۱۵۰ ح ۵۶۸؛ الوافی: ۲۵/۷۷۳ ح ۲۳۹۹۶؛ وسائل الشیعہ: ۲۶/۲۰۳ ح ۳۲۸۳۳؛ عوالی اللئالی: ۲/۳۳۶ و ۳/۴۹۳

[6] دلیل تحریر الوسیلہ (المواریث): ۲۶۱

[7] ملاذ الاخیار: ۱۵/۲۷۳؛ ایضاح الفوائد: ۴/۲۳۷؛ دلیل تحریر الوسیلہ (المواریث): ۲۶۱

اس مسئلے میں بھی علما میں اختلاف واقع ہوا ہے چنانچہ علامہ مجلسی کہتے ہیں کہ اصحاب کے مابین مشہور یہ ہے کہ اگر صرف زوج وارث موجود ہو تمام مال تعین کے ذریعے اور رد کے ذریعے اسے ملے گا بلکہ اس سلسلے میں اصحاب نے اجماع کیا ہے جن میں شیخین اور سید مرتضیٰ بھی شامل ہیں لیکن اگر صرف زوجہ وارث موجود ہو تو اس میں اختلاف ہے کہ کیا اسے رد کے ذریعے مال ملے گا یا نہیں؟ اور مشہور یہ ہے کہ رد کے ذریعے نہیں ملے گا لیکن شیخ مفید اس طرف گئے ہیں کہ زوجہ کو رد کے ذریعے مال ملے گا اور یہ بات المقنعہ میں ان کی عبارت سے ظاہر ہوتی ہے مگر شیخ صدوق، شیخ طوسی اور علما کی ایک جماعت اس طرف گئی ہے کہ غیبت کے زمانہ میں زوجہ کو رد کے ذریعے مال ملے گا مگر حضور کے زمانے میں ایسا نہیں ہوسکتا اور میں سمجھتا ہوں کہ رد کے ذریعے زوجہ کو مال نہیں ملے گا البتہ وہ مال امام علیہ السلام کا ہوگا جو حضور کے زمانہ میں ممکن کی صورت میں امام علیہ السلام ہی کو ملے گا لیکن غیبت کے زمانہ میں وہ مال امام علیہ السلام ہی سے مخصوص رہے گا مگر مشہور معارف فقرا و مساکین میں تقسیم کیا جائے گا اور اگر زوجہ متوفی شوہر کی قرابتدار بھی ہو تو پھر سارا مال اسی کو ملے گا یعنی چوتھائی متعین ہے اور باقی رشتہ داری کی بنا پر اسے ملے گا جیسا کہ آگے حدیث میں وضاحت موجود ہے (واللہ اعلم)

{2948} مُحَمَّدُ بْنُ اَلْحَسَنِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنِ اَلْبَرْقِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَلْقَاسِمِ بْنِ اَلْفُضَيْلِ بْنِ يَسَارٍ اَلْبَصْرِيِّ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا اَلْحَسَنِ اَلرِّضَا عَلَيْهِ اَلسَّلاَمُ عَنْ رَجُلٍ مَاتَ وَ تَرَكَ اِمْرَأَةً قَرَابَةً لَيْسَ لَهُ قَرَابَةٌ غَيْرُهَا قَالَ يُدْفَعُ اَلْمَالُ كُلُّهُ إِلَيْهَا.

